فارسی - اُردُو

فیروزُ اللّغاتؔ

فارسی کے پچاس ہزار سے زائد الفاظ کے اُردُو مطالب پر مشتمل جامع فرہنگ

فارسی - اردو

فیروز اللغات

مرتب کردہ : مقبول بیگ بدخشانی

ایڈیٹر : ڈاکٹر وحید قریشی

فارسی کے پچاس ہزار سے زائد الفاظ کے اردو مطالب پر مشتمل جامع فرہنگ

فیروز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ
لاہور - راولپنڈی - کراچی

بسمہ اللہ الرحمن الرحیم

سخن ہائے گفتنی

برصغیر پاکستان و ہند کے ایران کے ساتھ قدیم زمانے سے کچھ سیاسی اور کچھ معاشرتی روابط چلے آئے تھے، قدیم ایرانی حکمرانوں نے توسیع سلطنت کی غرض سے برصغیر پر یلغاریں بھی کیں۔ ہخانشی بادشاہ داریوش کبیر نے ۵۱۲ ق م میں حملہ کرکے پنجاب اور سندھ پر تسلط قائم کیا جو کچھ عرصہ جاری بھی رہا۔ اشکانی دور میں انطیوکس نے ۲۰۳ق م میں چڑھائی کی درہ خیبر کے راستے پنجاب میں داخل ہوا- ساسانی دور میں بہرام گور(۴۲۰-۴۴۰) جو عظیم شکاری بھی تھا، سیرو سیاحت کے شوق میں ہندوستان آیا، مقصد دوستانہ روابط قائم کرنا تھا جس میں اسے کامیابی ہوئی۔ اس بنا پر لوگ ایک دوسرے کے ملک میں آنے جانے لگے اور یہ سلسلہ صدیوں تک قائم رہا۔

ایران کے دور سامانیہ (۹۰۰-۹۹۸) میں ایران و ہند میں لوگوں کے ارتباط میں کافی اضافہ ہوا۔ یہاں کے لوگ فارسی زبان سے آشنا ہوئے۔ دور غزنویہ (۹۶۲-۱۱۸۶ء) کے آغاز میں الپتگین خراسان کا سپہ سالار تھا، اسے دراصل خراسان کی حکومت ہی حاصل تھی۔ اس کے بعد اس کے داماد سبکتگین کو غزنی اور خراسان کی حکومت ملی۔ پشاور کے راجا جیپال کو شکست دے کر وہ پشاور پر بھی قابض ہوا اور دور غزنویہ کا آغاز ہوا۔ سبکتگین کی وفات کے بعد اس کا بیٹا سلطان محمود تخت نشین ہوا، اس نے ایران کے آخری صفاری حکمران کو شکست دی۔ کچھ عرصہ پہلے خراسان جو سلطنت غزنویہ سے نکل گیا تھا، سلطان محمود نے اسے فتح کرلیا۔ چند سال بعد بخارا اور سمرقند بھی فتح کرلیے۔ہند میں قنوج اور سومنات کو فتح کیا تو اس کی شہرت اطراف عالم میں پھیل گئی۔

ہند میں فارسی زبان کا باقاعدہ آغاز غزنوی دور میں ہوا۔ (۱۰۲۳-۱۰۲۵) میں پنجاب غزنوی سلطنت کا حصہ بنا، تو سلطان محمود نے غزنی میں وسیع پیمانے پر ایک دارالعلوم کی بنیاد ڈالی۔ اس میں عنصری، عسجدی جیسے شاعر ابوریحان البیرونی ایسے ماہر ہئیت و علم ریاضی شامل تھے۔ سلطان کی دعوت اور داد و دہش پر ابوالحسن طبیب، ابونصر عراق ماہر ریاضی ایسے جید عالم بھی غزنی آئے۔ عالمگیر شہرت کے شاعر فردوسی کو "شاہنامہ" لکھنے پر سلطان محمود نے مامور کیا تھا، یہ زندہ جاوید کارنامہ اسی عہد کی عظیم یادگار ہے۔

سلطان محمود خود بھی عالم شخص تھا، فقہ پر کتاب "تفریدالفروع" اس نے لکھی تھی۔ اس دور میں ایران اور ہند کے روابط مزید استوار ہوئے اور یہاں فارسی زبان کی ترویج ہوئی۔ غزنوی عہد کے دوران فارسی زبان کا بڑا مرکز لاہور تھا نامور شعرا مسعود سعد سلمان اور ابوالفرج رونی کا تعلق لاہور ہی سے تھا جو دربار غزنہ سے وابستہ تھا۔ یہاں فارسی زبان نے مقبولیت عام کی صورت اختیار کی، فارسی کو درباری زبان کا درجہ ملا اور دفتری زبان کی بھی حیثت حاصل ہوئی۔ اور/

اس کی درس و تدریس باقاعدہ ہونے لگی۔ علما نے بعض علوم پر تصنیفات کے لیے فارسی ہی کو ذریعہ بنایا۔ اس میں شک نہیں که جن علما نے یہ کام شروع کیا ان میں زیادہ تر وہ لوگ تھے جو ایران ہی سے آئے تھے، لیکن رفتہ رفتہ مقامی باشندوں نے بھی تصنیف و تالیف کا سلسلہ شروع کیا۔ اس عہد میں علی ہجویری داتا گنج بخش وارد لاہور ہوئے۔ تصوف کے موضوع پر جو کتابیں لکھی گئیں ان میں سرفہرست کشف المحجوب ہے، جو حضرت داتا گنج بخش کی تصنیف ہے۔ حضرت معین الدین چشتی کے مسلک تصوف و عرفان کا ذریعہ اظہار بھی فارسی تھا۔ بعض اور صوفیاے کرام نے فارسی ہی کو تبلیغ اسلام کا ذریعہ بنایا۔ ہندوستان میں جو فارسی پہنچی، وہ خراسان اور توران کے توسط سے ہی پہنچی۔

مغول سلطنت کے بانی چنگیز خاں نے ۱۲۲۰-۱۲۲۶ء کے دوران ایران فتح کیا۔ اس کے ظلم وستم کا ہاتھ دراز ہوا تو ایران کے متعدد خانوادے ترک وطن کرکے ہندوستان آئے اور یہاں کے شمالی علاقوں میں مستقل طور سے رس بس گئے۔ ایرانی علما کے ترک وطن کرنے کا یہ سلسلہ بعد میں بھی قائم رہا۔ ان کی وجہ سے تیرھویں صدی عیسوی میں فارسی زبان کے نشرونفوذ میں مزید ترقی ہوئی۔ فارسی زبان رفتہ رفتہ ہندوستان کے بعض حصوں میں سمجھی اور بولی جانے لگی، فارسی کے شوق تدریس میں بھی اضافہ ہوتا گیا۔

فارسی زبان کی تشویق و ترویج میں ہندوستان میں بعد کے مسلمان بادشاہوں اور امرا نے بھی نمایاں حصہ لیا۔ ہند کے تقریباً تمام مسلمان بادشاہ اس طریق پر کاربند رہے۔ فارسی زبان وادب کے مصنفین کی انھوں نے بڑی فیاضی سے حوصلہ افزائی کی۔ اکثر بادشاہوں کے درباروں سے شعرا و علما وابستہ ہوئے۔ جنھیں اکثر انعام و اکرام اور وظائف سے نوازا جاتا تھا۔ غیاث الدین بلبن (۱۲۶۵-۱۲۸۶ء) اور کیقباد (۱۲۸۶-۹۰) کے عہد میں اور ان کے بعد خلجی (۱۲۹۰-۱۳۲۰ء) اور تغلق دور (۱۳۲۰-۱۴۱۲ء) میں فارسی زبان کی بہت ترقی ہوئی اس دور میں اور بعد کے دور میں مشہور شاعر امیر خسرو اور حسن سجزی تھے۔ امیر خسرو نے پانچ دیوان اور دس مثنویاں لکھیں، جنکی شہرت ایران تک پہنچی نثر میں اعجاز خسروی اور خزائن فتوح تالیف کیں۔ علاءالدین خلجی کا عہد فارسی زبان و ادب کی ترقی کا زمانہ تھا۔ پھر غیاث الدین تغلق کے بیٹے محمد تغلق کے عہد میں فارسی زبان وادب نے ترقی کی مزید منزلیں طے کیں۔ خود حکمران کو بھی کئ علوم میں کامل دسترس حاصل تھی۔ وہ علماء و شعرا کا بڑا قدردان تھا۔ تغلق خاندان کے بعد سید خاندان کی حکومت قائم ہوئی، اس مختصر عہد میں تاریخ کی ایک قابل قدر کتاب "تاریخ مبارک شاہی" یحییٰ بن احمد سرہندی نے تألیف کی۔ لودھی خاندان برسر اقتدار ہوا (۱۴۱۳-۱۴۵۱ء) تو اس عہد میں فلسفه کا ارتقا ہوا۔ مکاتب میں فلسفے کی تدریس کا کام بھی فارسی میں ہونے لگا۔ سکندر لودھی کے زمانے میں علم طب کی کتابوں کا فارسی میں ترجمه ہوا۔ محمود بن شیخ ضیا نے ایک لغت "تحفةالسادات فی علم اللغات" کے نام سے تالیف کی جو بعد میں "فرہنگ سکندری" کے نام سے مشہور ہوئی۔ فیروز شاہ تغلق کے زمانے میں ضیا ءالدین برنی نے "فتاوای جہانداری" تصنیف کی۔ سکندر لودھی کا عہد فارسی ادبیات کی تاریخ میں بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ اس عہد کی یہ خصوصیت بھی ہے که ہندوؤں کی خاصی تعداد نے فارسی زبان میں دسترس حاصل کی اور بعض ان میں دفتروں میں منشیوں کے منصب پر فائز ہوئے۔ اس دور میں صوفیانه ادب کا بھی ارتقا ہوا۔ بعض صوفیاے کرام نے تبلیغ اسلام کے لیے فارسی کو ذریعہ اظہار بنایا۔ حضرت نظام لدین اولیا کے ملفوظات پر مشتمل کتابیں "انوار مجلس" مولفه خواجه محمد امام، فوائد الفواد"مولفه حسن سجزی" اور "افضل الفوائد" مولفه امیر خسرو کا ہدیه عقیدت ہیں۔ بعض اور فضلا نے بھی تصوف پر کتابیں اور رسائل لکھے۔ تصوف کے علاوہ ان حکمرانوں کے عہد میں شعرو شاعری کو بھی ترقی

حاصل ہوئی۔

مغلیہ دور کا آغاز ۱۵۲۶ء میں ہوا اس کا بانی ظہیرالدین بابر تھا۔ بابر خود شاعر تھا، صاحب دیوان تھا تزکِ بابری" اس نے ترکی زبان میں لکھی، جس کا ترجمہ " بابر نامہ" کے نام سے عبدالرحیم خانخانان نے کیا۔اس کے دربار سے بعض شعرا وابستہ تھے۔ ہمایوں کو شعرو ادب ورثے میں ملا تھا۔ وہ صاحب دیوان بھی تھا، اسے شیرشاہ سوری سے شکست کھا کر ایران جاناپڑا۔ پھر ایران سے کمک لے کر جب وہ واپس آیا تو اس کے ساتھ متعدد نامور علما بھی آئے۔ یہاں اسے تخت و تاج دوبارہ میسر آیا تو یہ علما اس کے دربار سے وابستہ ہوئے۔ اس کی ہمشیرہ گلبدن بیگم فارسی زبان میں کامل دسترس رکھتی تھی، اس نے فارسی میں "ہمایوں نامہ" تصنیف کیا۔

اکبراعظم کی درس و تدریس کا معقول انتظام ہمایوں کے عہد کی سیاسی افراتفری کی وجہ سے تو نہ ہو سکا لیکن وہ سخن شناس، علم نواز اور علما کا قدردان تھا، شعر کا ذوق بھی رکھتا تھا۔ اس کی شعر گوئی کا ذکر "تاریخ فرشتہ" اور ریاض الشعرا" میں آیا ہے اس کے دو شعر حسب ذیل ہیں۔

دوشینہ زکوی مے فروشاں یك کاسہ مے بزر خریدم

اکنون زخمار سرگرانم زردادم و دردسر خریدم

اکبر کے دور میں فارسی زبان نے جو ترقی کی وہ فیضی، ابوالفضل، عبدالقادر بدایونی، عبدالرحیم خانخاناں، عرفی، نظیری اور بعض دوسرے شعرا و علما کی علمی یادگاروں سے ظاہر ہے۔ "تاریخ الفی" اس دور کی گراں قدر علمی یادگار ہے۔ اکبر نے اپنے دربار میں شعرا، علما و مورخین کو معزز مقام دے کر سرفراز کیا جہانگیر کے علم فارسی کی شاہد اس کی کتاب "تزک جہانگیری" ہے۔ اس کی سخن پروری اور علم نوازی کی بدولت متعدد گراں قدر کتابیں منظر عام پر آئیں۔ یہاں کے دانشمندوں نے فارسی زبان کی ترویج میں جواب علم و ادب اور سیاست و حکومت کی زبان تھی، انتہائی کوشش کی۔ رفتہ رفتہ پاکستان ایران کے بعد فارسی کا دوسرا بڑا مرکز بن گیا۔ ایک خاص دور ایسا بھی آیا جب شعر و ادب میں فارسی کا رواج ایران سے زیادہ ہوگیا۔ عصر حاضر کے ایک ایرانی فاضل شاہ وحید مازندرانی اپنی تالیف "سر زمین مشرق" میں لکھتے ہیں (صفحہ۳۱)

"در دربار باشکوہِ اکبرو جہانگیر کانونِ ادبی گرمتر از دربار شاہان صفوی، شہر دہلی بیشتر از اصفہان مرکز ادبیات فارسی ، وہند۔ بہتر از خود ایران بانیء انتشارِ آثار "گراں بہای ادبی بود۔،

"اکبر اور جہانگیر کے پر شکوہ دربار میں ادبیات کا آتش دان صفوی بادشاہوں کے دربار سے گرم تر، شہر دہلی اصفہان سے زیادہ بڑا مرکز اور ہند گران بہا ادبی کارناموں کی نشر و اشاعت میں خود ایران سے اگے تھا"۔

دونوں ملکوں کے روشن فکر اصحاب کے روابط قائم تھے اور آثار فکری سے اہل علم آسانی سے مطلع ہوجاتے تھے۔ حالات کی تبدیلیوں کی وجہ سے جو اثرات زبان میں آتے تھے، اس ے دونوں کے اہل علم یکساں متاثر ہوتے تھے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ اکبر اعظم کے دور کے شعرو ادب،میں ایک خاص اسلوب تخلیق ہوا جسے «سبک ہندی» کا نام دیا گیا۔ اس سے ایران کے شاعر بھی متعارف اور متاثر ہوئے اور بعض شعرا نے کسی حد تک یہ سبک بھی اختیار کیا مغلیہ دور میں شاہجہان کی سخن پروری قدسی مشہدی اور ابوطالب کلیم کے شاعرانہ کارناموں سے واضح ہے۔ شاہجہان کے بیٹے داراشکوہ کی علمی یادگاریں سفینۃ الاولیا سکینۃ الاولیا اور مجمع بحرین ہیں۔ اورنگ زیب کے مراسلات اور اس کی انشا پر دازی اس کے علم

وفضل کے شاہد ہیں۔ عظیم شاعر بیدل نے فارسی زبان ہی کے ذریعے اپنے وسیع اور عمیق خیالات اہل ذوق تک پہنچایے۔

مغلیہ دور کے حکمرانوں کی دادو دہش لطف و کرم اور سخن پروری کا یہ نتیجہ تھا کہ اس دور کے ہر بادشاہ کے زمانے میں ارباب کمال نے تصانیف کے انبار لگا دیے، جو آج بھی مطبوعات و مخطوطات کی صورت میں دنیا بھر کے اہم کتابخانوں میں موجود ہیں۔اس دورکے بادشاہوں، وزرا اور امرا کی سرپرستی تو اہل علم کو حاصل رہی، لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ بعض اصناف ادب کے ارتقا میں جن کا تعلق عوام سے تھا، مثلاً طب، نجوم، لغت و انشا، ایسے علوم کا ایک بڑا محرک علما کا ذاتی علمی و ادبی ذوق تھا۔ ان موضوعات کے علاوہ مذہب، تصوف، فقہ، تاریخ، شعراو علما کے تذکرے، ملفوظات فلسفہ، اخلاق، علم ہیئت، ریاضی، موسیقی، خطاطی سنسکرت اور عربی سے فارسی تراجم، دیوان اشعار، مثنویاں، داستانیں وغیرہ دلکش انداز میں لکھی گئیں۔

علمی موضوعات پر لکھی ہوئ گرانقدر کتابوں کے مطالعہ میں آسانی پیدا کرنے کے لیے جن وسائل کی ضرورت تھی وہ تدریسی رہنمائ کے علاوہ لغات نویسی تھی، چنانچہ علمائے لسانیات نے اس طرف بھی توجہ دی اور لغاتیں لکھی جانے لگیں جن سے پڑھنے والوں کے لیے آسانی پیدا ہوگئ اور زبان و ادبیات کے شوق تدریس میں مزید اضافہ ہوا۔

میرا موضوع فرہنگ نویسی ہے اس لیے میں برصغیر کے مختلف ادوار کی فرہنگوں کا مختصر ذکر کرنا مناسب سمجھتا ہوں۔ فرہنگنویسی کے دور اول کا سلسلہ تیرھویں صدی سے پندھرویں صدی تک کا ہے۔ اس دور کی فرہنگیں یا لغاتیں حسب ذیل ہیں:

محمد فخرالدین مبارک شاہ غزنوی قواسی:فرہنگ قواسی

مولانا محمد رفیع دہلوی: دستور الا فاضل

فضل الدین محمد: بحر الفضائل فی منافع الافاضل

قاضی خوان بدر محمد دہلوی: ادات الفضلا

محمد بن داود: مفتاح الفضلا

شیخ ابراہیم قوام فاروقی: شرف نامہ منیری

فرہنگ ابراہیم شاہی: اسمیں مولف کا نام تو موجود نہیں البتہ یہ فرہنگ ابراہیم لودھی کے نام منسوب ہے۔

عاصم شعیب عبدوسی: مجمل العجم

محمد بن شیخ لاد دہلوی: موید الفضلا

مغلیہ دور کی فرہنگیں درج ذیل ہیں:

ابوالخیر بن سعد الانصاری:فتح الکتاب

شیر خاں سُور: فرہنگ شیر خانی

ابوالفضل:مجموع اللغات

عبدالکریم: انیس الشعرا

اللہ داد فیضی سرہندی:: مدارالا فاضل

عضدالدولہ میرجمال الدین: فرہنگ جہانگیری

علی یوسفی شیروانی: در دری

امان اللہ حسینی: چہار عنصر دانش

محمد حسین تبریزی: برہان قاطع

عبدالرشید ٹھٹھوی: فرہنگ رشیدی

بحرالفصاحت: اس کے مولف کا نام معلوم نہیں

غلام اللہ بھکن صدیقی الہانسوی: اشہراللغات

فاضل محمد دہلوی،لغات عالمگیر۔

عہد مغلیہ کے دور آخر کے لغت نویس:

سراج الدین علی خاں آرزو: سراج اللغات و چراغ ہدایت

ٹیک چند: بہار عجم

محمد پاشاہ شاد: فرہنگ انند راج مطبوعہ تہران (سات جلدیں)

اس دور میں فرہنگوں کی تحقیق و تنقید کی طرف توجہ ہوئی، بعض فرہنگوں پر تنقید ہوئی اور فرہنگ نویسی کے کچھ اصول مقرر ہوئے۔

یہاں ایران اور بیرون ایران طبع ہونے والی فرہنگوں اور ڈکشنریوں کا مختصر سا ذکر کر دینا بھی مناسب ہوگا جو امتیازی اہمیت کی حامل ہیں۔

ایف سٹین گاس نے پرشین انگلش ڈکشنری تالیف کی جو باراول ۱۸۹۲ء میں، باردوم ۱۹۳۰ء میں اور بارسوم ۱۹۴۷ء میں لندن میں طبع ہوئی؛ سلیمان حیئم کی نیو پرشین انگلش ڈکشنری جسے انھوں نے خود «فرہنگ جامع فارسی بہ انگلیسی» کا نام دیا ہے اس کی جلداول ۱۹۳۴ء اور جلد دوم ۱۹۳۶ میں تہران میں طبع ہوئی؛ حبیب اللہ آموز گار کی فرہنگ آموزگار ۱۹۵۳ء میں تہران میں طبع ہوئی۔ حسن عمید کی فرہنگ فارسی تہران میں ۱۳۶۲ شمسی میں شائع ہوئی۔

مغلیہ دور کے اختتام پر ہندوستان میں انگریزوں کی حکومت قائم ہوئی اور اس عہد میں ایران اور ہندوستان کا رابطہ کافی دیر کے لیے ختم ہوگیا۔ ہندوستان میں انگریزی کی طرف رفتہ رفتہ زیادہ توجہ ہونے لگی اور فارسی کی طرف توجہ کم ہوگئی۔

ایران میں حالات کچھ ایسے پیدا ہوئے جن کا فارسی زبان پر بھی اثر پڑا۔ مشروطیت کی تحریک آزادی کی لہر پورے ملک میں پھیل گئی۔ ایران میں انگریزوں کے تعاون سے جو کمپنی قائم ہوئی، اس کی وجہ سے انگریزوں کے ساتھ رابطہ بڑھا۔ فرانس کے ساتھ بھی تعلقات پیدا ہوئے۔ روس سے بھی میل جول ہوا۔ خارجہ سیاست ملکی سیاسیات میں دخل انداز ہونے لگی۔ طالب علم یورپ میں تعلیم حاصل کرنے لگے۔ ان حالات کا فارسی زبان و ادب پر بہت گہرا اثر پڑا اور زبان میں خاص انداز میں ترقی ہونے لگی، لیکن ہندوستان میں فارسی زبان کی حالت جوں کی توں رہی، اس لیے دونوں کی تحصیل فارسی میں تفاوت پیدا ہوگیا۔ ہمارے ہاں کے اہل علم ان تبدیلیوں سے نا آشنا رہے جو ایران کی زبان و ادب میں ہوئیں اب تو یہ عالم تھا کہ ایران وہند کے لوگ ایک دوسرے کی گفتگو آسانی سے نہیں سمجھ سکتے تھے جس میں کچھ حصہ ذخیرہ الفاظ، تلفظ اور انداز بیان کا بھی تھا۔ پاکستان کے عالم وجود میں آنے سے ایران و پاکستان کے رابطے استوار ہوئے، علم کے رابطوں

میں بھی اضافہ ہوا اور پاکستان کے اہل علم بڑے شوق سے ان تبدیلیوں کو اپنانے میں کوشاں رہے جو فارسی زبان میں آرہی تھیں۔ یہاں اب فارسی کی تعلیم و تدریس بھی اس انداز میں ہورہی ہے کہ زبان کی تبدیلیاں ہمارے لیے اجنبی نہیں رہیں۔ یہاں کے فارسی کے طالب علم ان سے نہ صرف آگاہ ہیں بلکہ انھیں بروی کار بھی لارہے ہیں۔

مجھے ۱۹۵۹ء میں ایران کے بعض پروفیسر صاحبان کی دعوت پر جب وہاں جانے کا موقع ملا تو وہاں میں زبان کی تبدیلیوں سے بہت متاثر ہوا، بعض الفاظ و تراکیب پر وہاں کے اساتذہ سے مذاکرہ بھی ہوتا رہا جس میں پروفیسر سعید نفیسی صاحب نے میری رہنمائی بھی کی۔ مجھے سیاحت ایران کے دوران «فرہنگ فارسی۔ اردو» مرتب کرنے کا خیال آیا لیکن واپس آکر میں «تاریخ ایران» لکھنے میں کچھ ایسا مصروف ہوا کہ اس کی تکمیل میں کئی سال صرف ہوئے جو بالآخر دو جلدوں میں مجلس ترقی ادب کے اہتمام میں طبع ہوئی اس کے بعد فرہنگ مرتب کرنے میں مصروف ہوگیا۔

کسی علمی زبان میں الفاظ کے تلفظ کا مسئلہ بڑا اہم ہوتا ہے۔ اس اہمیت کے پیش نظر راقم نے «فرہنگ فارسی - اردو» میں اکثر الفاظ کو مستند اسناد کے ذریعے اعراب کے ساتھ پیش کیا ہے۔ الفاظ کے لیے فتح یعنی زبر، کسرہ یعنی زیر، ضمہ یعنی پیش اور علامت سکون کو تلفظ کے لیے لازم سمجھا گیا ہے۔ لفظ کے حرف پر اگر زیر ہے تو اس پر زیر دی گئی ہے۔ اگر حرف اول پر زبر نہ بھی دی گئی ہو تو زبر ہی سمجھی جائے، «زبر» اور «پیش» کا اہتمام ہر صورت میں کیا گیا ہے سکون کی علامت جہاں ضروری سمجھی گئی ہے وہاں دی گئی ہے

تلفظ کے سلسلے میں ایک اختلافی مسئلہ یہ نمایاں ہوا کہ حسن عمید کی جدید فرہنگ میں ہم دیکھتے ہیں کہ اگر کسی لفظ کے آخر میں حرف «ہ» آیا ہے تو اس سے ملحقہ پہلے حرف پر زبر کی علامت ظاہر کی ہے اسی طرح نامور مستشرق ایف سٹین گاس نے اپنی «پرشین انگلش ڈکشنری» میں اسے علامت زبر ہی سے ظاہر کیا ہے، مثلا «کردَہ است، نوشتَہ است، خستَہ شد، وابستَہ شد۔ لیکن سلیمان حیئم نے اپنی «فرہنگ جامع فارسی بہ انگلیسی» میں اسی طرح کے افعال میں حرف «ہ» سے پہلے ملحقہ حرف کی علامت کو زبر کے بجائے زیر سے ظاہر کیا ہے، اس فرہنگ کی رو سے ان افعال کی صورت یہ ہے: کردِہ است، نوشتِہ است، خستِہ شد وابستِہ شد یہ اختلاف تلفظ کے سلسلے میں حائل تو ہوا لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ اہل علم ایرانی، بلکہ عام اہل زبان بھی گفتگو کے دوران کردِہ است، نوشتِہ است، خستِہ شد، وابستِہ شد وغیرہ ہی کہتے ہیں اس لیے ایسے الفاظ کے تلفظ کو مستند سمجھتے ہوئے «فرہنگ فارسی - اردو» میں سلیمان حیئم ہی کی پیروی کی گئی ہے۔

افعال کی صورت کے علاوہ اسمائے صفات جن کے آخر میں «ہ» آیا ہے، سٹین گاس اور حسن عمید کی فرہنگ میں «ہ» سے پہلے ملحقہ حرف پر زبر ہی کی علامت آئی ہے، تازَہ، شگفتَہ، مشردَہ، بردَہ، عاطفَہ وغیرہ اسی طرح صفاتی صورتوں میں حرف «ہ» سے پہلے حرف پر زبر ہی آتی ہے جیسے دانشمندانَہ ، حاکمانَہ، حکیمانَہ، درویشانَہ، ابلہانَہ، لیکن سلیمان حیئم میں«ہ» سے پہلے حرف کے نیچے زیر ہی کی علامت آئی ہے، یعنی تازِہ، شگفتِہ، مشردِہ، پردِہ، عاطفِہ اور دانشمندانِہ، حاکمانِہ، درویشانِہ، ابلہانِہ وغیرہ۔ اہل زبان اب ان کا تلفظ ایسا ہی کرتے ہیں یہی صورت «فرہنگ فارسی - اردو» میں اختیار کی گئی ہے۔

اسم فاعل کے آخر میں حرف «ہ» ہو، تو «ہ» سے پہلے ملحقہ حرف پر سٹین گاس اور حسن عمید نے زبر ہی دی ہے، مثلاً خوانندَہ، نویسندَہ لیکن فرہنگ حیئم نے اس صورت میں زیر ہی کی علامت دی ہے، یعنی خوانندِہ، نویسندِہ، بینندِہ۔ «فرہنگ فارسی - اردو» میں بھی یہی صورت اختیار کی گئی ہے۔ البتہ بعض کلمات جو حرف «میم» سے شروع ہوتے ہیں اور

مفاعلہ کے وزن کے مطابق ہیں اور مصدر کے معنی میں آتے ہیں، مثلاً مذاکرہ یعنی تبادلۂ خیال کرنا، مشاہدہ یعنی غور سے دیکھنا، مشافہہ یعنی روبرو بات چیت کرنا، ایسے الفاظ میں «ہ» سے پہلے حرف پر زبر ہی کی علامت ہے ایسے الفاظ کا تلفظ سب میں ایک سا ہے۔بعض اسمائے صوت بھی ایسے ہیں جن میں حرف «ہ» سے پہلے حرف پر زبر ہی کی علامت ہوتی ہے مثلاً چہچہَ، قہقہَ، وغیرہ ان کا تلفظ بھی سب میں ایک سا ہے۔ بعض اسم فاعل جن کی تانیث حرف «ہ» بڑھانے سے بنتی ہے، اس صورت میں سب کا تلفظ ایک سا ہے، مثلاًمعلم سے معلمَہ معصوم سے معصومَہ، مدعی سے مدعیہَ، مدیر سے مدیرہ، مُسلم سے مسلمہَ، بالغ سے بالغہَ وغیرہ۔

ایرانی تلفظ میں اگر حرف «واو» سےپہلے حرف پر کوئی علامت نہ ہو، یعنی واو مجہول ہو تو اس پر علامت «پیش» آتی ہے، مثلا تُوپ، تُوپخانہ، بوُسیدہ، بُوستان، بہلُول، دُوست، اُو۔ حرف واؤ سے پہلے حرف پر زبر ہو تو اس کا تلفظ البتہ زبر ہی سے کیا جاتا ہے، مثلا، تَوحید، سَو دا، ہوَیدا ۔

ایران میں یاے مجہول کے بجائے باے معروف ہی استعمال ہوتی ہے، اس لیے اگر «ی» سے پہلے حرف پر بظاہر کوئی علامت نہ ہو تو اس کے نیچے زیر آتی ہے مثلا پِیش، پِیشرفت، کیِش، آمِیختہ، شِیفتہ، بِی بصر، بی حاصل وغیرہ اگر یی سے پہلے حرف پر بظاہر زبر ہو تو اس لفظ کا تلفظ زبر ہی سے ہوتا ہے، مثلا طَیران، حَیران وغیرہ۔ اس صورت میں سب اہل فرہنگ متفق ہیں۔

فرہنگ میں الفاظ کے معنی عام طور سے لغوی اعتبار سے دیے جاتے ہیں، لیکن بعض فقرات میں ان کا استعمال کچھ مختلف صورت اختیار کر لیتا ہے جیساکہ فقرات ذیل سے ظاہر ہوتا ہے۔

«از» کا مطلب تو «سے» ہے لیکن بعض فقرات میں اس کا مطلب لغوی معنی سے مختلف ہو جاتا ہے، مثلا ازآنجائیکہ= چونکہ، یا اس بات کو ذہن میں رکھتے ہوئے۔

از برداشتن: زبانی یاد کرلینا

از پیش بُردن: مکمل کرنا، کامیابی سے انجام دینا

از جا رفتن: غصے میں آنا، غضب ناک ہونا

لفظ «پا» کا مطلب تو «پاؤں» ہے لیکن بعض فقرات و مرکبات کی صورت میں اس کے معنی کچھ مختلف ہوجاتے ہیں، مثلاً:

پا ازمیان کشیدن: کنارہ کرنا، الگ ہوجانا، دوری اختیارکرلینا

پازدن: دھوکا کرنا یا دینا۔ پاخوردن ۔ دھوکا کھانا

پا شو و بمدرسہ رو: اٹھ اور مدرسے جا

صبح چہ ساعت پا شدید؟: آپ صبح کس وقت اٹھے؟

عمارتی بر پاکرد: اس نے عمارت تعمیر کرائی

اس طرح لفظ «پس» کے لغوی معنی پیچھے، بعد ہیں، لیکن ان کے مفہوم ذیل میں دیکھیے

پس انداز: بچائی ہوئی رقم

پس دادن: واپس دے دینا

پسِ گوش انداختن: نظر انداز کر دینا

پس تشستن: پسپا ہونا، لوٹ جانا

ایسے الفاظ کے معانی کو واضح کرنے کے لیے انھیں مرکبات یا فقرات کی صورت میں «فرہنگ فارسی - اردو» میں ابجدی ترتیب سے لکھا گیا ہے۔ بعض الفاظ کے معنوں کی وضاحت اشعار سے بھی کی گئ ہے جن کا ترجمہ بھی دے دیا گیا ہے۔ بعض اور امور درج ذیل ہیں

فعل کی صورت میں جو الفاظ آئے ہیں، ان کے مصدر اور مصدر سے ان کی بناوٹ بھی بتا دی گئ ہے۔

اہل حرفہ کی ضروری اصطلاحات، بعض تکنیکی اور سائنسی اصطلاحات بھی اس میں آئ ہیں۔

روز مرہ اور محاورات بھی شامل فرہنگ ہیں۔

تاریخی واقعات کی طرف بھی اشارات کیے گئے ہیں۔

صرف ونحو کے بعض اصول بھی پیش نظر رکھے گئے ہیں۔

عربی، انگریزی اور بعض دوسری زبانوں کے الفاظ جواب فارسی میں استعمال ہوتے ہیں، وہ مفرس صورت میں پیش کیے گئے ہیں۔

«فرہنگ فارسی - اردو» مرتب کرتے ہوئے راقم کے پیش نظر ۔ ایف سٹین گاس کی پرشین انگلش ڈکشنری، سلیمان حیئم کی «فرہنگ جامع فارسی انگلیسی» ، حبیب اللہ آموز گار کی فرہنگ آموز گار، محمد پاشاہ شاد کی فرہنگ انندارج، غیاث اللغات، برہان قاطع اور نیک چند کی بہار عجم تھیں۔ ان سے میں نے استفادہ بھی کیا ، جس کے لیے میں ان شہرہ آفاق مولفین کا شکر گزار ہوں۔

مقبول بیگ بدخشانی

تشکرو امتنان

«فرہنگ فارسی - اردو» کی تالیف کے سلسلے میں کچھ پرانی باتیں یاد آرہی ہیں، ان کا یہاں ذکر کرنا، مناسب سمجھتا ہوں۔ میں جب گورنمنٹ کالج لاہور میں تھا تو تہران کے بعض پروفیسر خانہ فرہنگ ایران میں آیا کرتے تھے۔ اور پھر ہماری انجمن فارسی کی دعوت پر کالج میں تشریف لاکر ہمیں شرف بخشا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ سعید نفیسی صاحب تشریف لائے۔ اس وقت پروفیسر بدیع الزمان فروز انفر اور شاعر شیریں بیان صادق سرمد بھی ان کے ساتھ تھے۔ میری دعوت پر وہ کالج میں تشریف لائے اور اساتذہ اور طلبہ کو اپنے خیالات سے مستفید فرمایا۔ میں ان سے اپنی کتاب «ادب نامہ ایران» کی وجہ سے متعارف تھا، اس لیے کھل کر بات چیت بھی ہوئی۔ انہوں نے خدا حافظی کے موقعپر مجھے فرمایا «آپ کے ذمے کام تو اور بھی ہیں لیکن دو اہم کام یہ ہیں کہ جس محنت سے آپ نے «ادب نامہ ایران» اہل ذوق تک پہنچایا اسی طرح «تاریخ ایران» اور «فرہنگ فارسی بہ اردو» بھی مرتب کیجیے کہ یہ دو کتابیں بھی برادر ملکوں کی محبت کی علامت ہونگی۔ موقع ملے تو اس سلسلے میں ایران بھی آئیے: ان کی فرمائش اور دعوت سے مجھے خوشی ہوئی اور کچھ رہنمائی بھی ملی۔ زیادہ عرصہ نہیں گزرا تھا کہ مجھے ایران آنے کا دعوت نامہ ملا جس کے لیے میں ان کا تہ دل سے شکر گزار ہوا۔ فرصت ملتے ہی ۱۹۵۹ء میں میں تہران گیا۔ ایران میں تاریخ ایران کے سلسلے میں جو کام ہوئے تھے سعید نفیسی صاحب نے ان کی نشاندہی کی اور تاریخی مواد کے طور پر کچھ رسائل بھی مرحمت فرمائے خواجہ عبدالحمید عرفانی مرحوم اس وقت حکومت پاکستان کی طرف سے سفارت خانے میں ایک اہم منصب پر فائز تھے، ان کی وساطت سے تہران کے علما سے ملاقات کا شرف حاصل ہوا اور فارسی زبان میں لسانی تبدیلیوں کے اسباب پر بھی گفتگو ہوتی رہی۔ مجھے اصفہان، قم اور شیراز جانے کا بھی موقع ملا۔ ساسانی عہد کے قدیمی آثار بھی دیکھے جو میرے لیے تاریخ ایران کا ایک باب تھا۔ ایسے معلوم ہوا کہ علم کا ایک اور دروازہ میرے لیے کھلا ہے۔

مجھے حکومت ایران کا شکریہ ادا کرنا ہے کہ میری کتاب «ادب نامہ ایران» جب ایران پہنچی اور سربراہ مملکت کی نظر سے گزری تو مجھے پاکستان میں نشان سپاس کے اعزاز سے نوازا گیا۔ اس سے میری ہمت افزائی ہوئی اور تمناپیدا ہوئی کہ سر زمین ایران کی کچھ اور خدمت بجا لا کر اس کا ثمر ہم وطنوں تک پہنچاوں۔

میں سیاحت ایران سے واپس آیا تو تاریخ ایران لکھنے میں مصروف ہوگیا۔ چند سال اسی مصروفیت میں گزرے اس کی تکمیل ہونے پر «مجلس ترقی ادب» نے دو جلدوں میں یہ کتاب طبع فرما کر مجھ پر نوازش کی۔ اب اور کام جو میرے ذمے تھا وہ «فرہنگ فارسی - اردو» کی تالیف تھی جس کی راہ پر ایران کے کرمفرماؤں نے مجھے ڈالا تھا۔ چند سال میں اس کام میں مصروف رہا۔ کافی حد تک کام ہوچکا تھا کہ مجھے ایک کرمنانہ آقای ڈاکٹر سید احمد حسینی رای زن فرہنگی ایران، اسلام آباد کی طرف سے موصول ہوا جس میں انہوں نے فرمایا تھا آپ فارسی کے کسی علمی موضوع پر کوئی کتاب تصنیف کریں تو ہمارے لیے بھی خوشی کا موجب ہوگا۔ اس سے مجھے دلی خوشی ہوئی میں نے شکریے کے ساتھ اپنے کام کی تفصیل ان کی خدمت میں عرض کردی۔ اس مراسلے سے میرے کام کی رفتار کچھ بڑھ گئی اور میں اس قابل ہوگیا کہ جلد اس کی تکمیل کرسکوں۔

اس فرہنگ کے طبع ہونے کا موقع شاید جلد نہ ملتا اگر مغربی پاکستان اردو اکیڈمی کے جنرل سیکریٹری، آقای ڈاکٹر وحید قریشی اس کی طباعت کے سلسلے میں نوازش نہ فرماتے۔ ان کا میں صمیمیت قلب سے شکر گزار ہوں۔ مجھے کوثر مشہدی پروفیسر انگریزی نے جن کی مادری زبان فارسی اور اکتسابی زبان انگریزی ہے فرہنگ کی نظم و ترییب میں مدد دی جس کے لیے شکریہ ادا کرنا اپنا فرض سمجھتا ہوں۔

بعض اور ذرائع سے تالیف فرہنگ کے سلسلے میں تعاون حاصل ہوا جس کے لیے:

ہر مُو میرے بدن پہ زبان سپاس ہے۔

بدخشانی

* * * * *

آ

آ:آمدن= آنا سے فعل امر، حرف آ فارسی میں تنہا نہیں آتا اس سے پہلے حرف "ب" کا اضافہ کیا جاتا ہے یعنی بیا بمعنی آ، مثال:

در بن بہار چو گل از سفر تو باز بیا
بین چہ می کند این چشم خونفشان بی تو

اس موسم بہار میں جس طرح پھول خزاں کے بعد پھر نکل آئے ہیں تو بھی سفر سے لوٹ آ اور دیکھ کہ خون برساتی ہوئی آنکھوں نے تیرے بغیر میرا کیا حال کیا ہے

آب:پانی، رس، دھات کی چمک، جیسے آب تیغ، شمشیر کی چمک، آب و تاب

آبِ آتشگون:آگ کے سے رنگ کا پانی، کنایہ ہے شراب کا

آب ارغوان:کنایہ ہے شراب سرخ کا

آب ازپئی رفتن:کسی کے پیچھے پانی چھڑکنا، اہل ایران کی یہ پرانی رسم تھی کہ نیک شگو ن کے طور سے کسی کو وداع کرتے ہوئے پانی چھڑکتے تھے

آب از دیدہ پاک کردن:دلاسا دینا، دلجوئی کرنا

آب از سرگذشتن:پانی سر سے گزر جانا، بے تدبیر ہو جانا

آب آسیا:پانی کے بہاؤ سے چلنے والی چکی

آب افتادن:پانی گرنا، منہ میں پانی آنا

آب انبار:پانی کا ذخیرہ، بڑا حوض جو پانی ذخیرہ کرنے کے لیے پختہ اینٹوں سے تیار کیا جاتا ہے

آب انداختن:پیشاب کرنا، عام طور سے جانوروں کے لیے آتا ہے

آب انگور:انگوروں کا شیرہ نیز شراب

آب بستہ:برف، یخ، ٹھنڈ سے جما ہوا پانی

آب بہا:آبیانہ، آبپاشی کا لگان

آب پا:آبپاشی کا مہتمم، پانی کا نگران

آب تاختن:پیشاب کرنا

آبِ تلخ:کنایہ ہے شراب کا

آب تنی:غسل کرنا، پانی میں غوطہ لگانا

آبِ چشم گرفتن:کسی کی دلجوی کرنا

آب چشیدن:پانی پینا

آب چکیدن از چیزی:کسی چیز کی لطافت اور تازگی کا کنایہ ہے

آب چیزی بُردن:کسی چیز کے خوار اور بے اعتبار ہونے کا کنایہ

آب چین:تولیا جس سے ہاتھ یا بدن پونچھا جاتا ہے

آبِ حیات:پانی جس کے پینے سے دائمی زندگی حاصل ہو، مثال:

ماہمہ تشنہ لبانیم تُوی آب حیات
رحم فرما کہ ز حد گذرد تشنہ لبی

ہم تشنہ لبوں کےلیے تیرا وجود دائمی زندگی بخشنے والے پانی کی حیثیت رکھتا ہے رحم فرما کہ ہماری تشنہ لبی حد سے بڑھ گئی ہے

آبِ حَیوان:آبِ حیات

آبِ خزان:موسم خزاں کی بارش

آب خضر:آب حیات

آب خُوردَن: پانی پینا، اپنی کسی کوشش میں بہرہ یاب ہونا

آب دادَن: پینے کے لیے پانی دینا

آب درجامہ کسی رِیختَن: کسی کے کپڑوں پر پانی گرانا، کسی کو سراسیمہ یا مضطرب کرنا

آب در چیزی کردن: ملاوٹ کرنا

آب در غِربال: چھلنی میں پانی، فضول کام، بے حاصل کام، بے نتیجہ کام، عبث بات

آب رفتَن: دھونے کے بعد نئے کپڑے کا سکڑ جانا

آب رَو: آبراھہ، پانی کی گزرگاہ

آبِ روان: بہتا پانی، مثال:

زندانی جِسمم بِرہانم زسَمای
آزاد کُن این تِیرہ گِل از آبِ روان را

اس جسم کے وجود میں قید ہوں، آسمان کی سیل روان سے اس وجود کو جو بد نصیب مٹی کی حیثیت رکھتا ہے، نجات دلا دے

آب زدن: پانی چھڑکنا

آبِ زِیرِ کاہ: کسی کے ہوشیار اور مکار ہونے کا کنایہ ہے

آب شدن: پسیجنا، پگھلنا، حل ہو جانا، گھل جانا، متاثر ہونا

آبِ طِلا: مُلمع

آب و تاب: چمک دمک، تیزی، روشنی، رونق

آب و دانہ: دانہ پانی، روزی، معاش،

آب و رنگ: چہرے کی سفیدی و سرخی، زیبائی، رعنائی

آب و ہوا: پانی اور ہوا، وہ اجزا جو انسان اور حیوان کی صحت یا زمین کی پیداوار سے تعلق رکھتے ہوں

آبا: (ع) اب کی جمع، باپ، باپ دادا، اسلاف

آباد: خوب بسا ہوا، معمور، گنجان، (ویران کی ضد)

آبادان: آباد، پر رونق

آبادانیدن: تحسین و آفرین کرنا

آباد بُوم: آباد جگہ

آبار: (ع) کنویں

آبان: ایران کے شمسی سال کا آٹھواں مہینہ جس کے تیس دن ہوتے ہیں

آبپاش: پانی چھڑکنے والا، کھیتوں کو پانی دینے والا، پانی چھڑکنے کی مشین

آبپاشی: کھیت یا باغ وغیرہ کو پانی دینا

آبتابہ: آفتابہ، لوٹا

آبپز: پانی میں ابالے ہوئے انڈے وغیرہ

آبجَو: ہلکی شراب کی قسم جو جَو سے تیار کی جاتی ہے، بئیر (انگ)

آبجَو سازی: جَو سے شراب تیار کرنا، بیئر تیار کرنا

آبجی: (ت) آغا باجی (ترکی)، خواہر، بہن

آبجُوش: ابلتا ہوا پانی

آبخانہ: پیشاب گاہ، ٹٹی

آبخَست: پکا ہوا پھل جس میں سے عرق نکل رہا ہو، پھل جو گل سڑ چکا ہو

آبخُو: دیکھیے آبخوست

آبخُور، آبخورد: (۱) بہرہ، نصیب، روزی، معاش (۲) دریا کا ساحل یا تالاب کا کنارہ، یا وہ جگہ جہاں سے پانی حاصل کرتے ہیں

آبخوری: شیشے یا دھات کا بنا ہوا جگ نما برتن جس سے پانی پیتے ہیں

آبخوست: جزیرہ، بہت مرطوب جزیرہ جہاں کے پانی میں بدبو پیدا ہو گئی ہو

آبخُون: آبخُوست

آبخیز: پُر آب زمین، ایسی زمین کہ جہاں سے بھی اسے کھودیں اس میں سے پانی نکل آئے نیز بمعنی موج اور پانی کا سیلاب، رس دار

آبدار: سیراب، شاداب، جہاں طراوت ہو، وہ چیز جس میں چمک اور آب و تاب ہو

آبدادہ: جوہردار، تیز کی ہوئی، صفت شمشیر

آبدارخانہ: وہ کمرہ یا خاص جگہ جہاں چائے، شربت خصوصی طور سے تیار کیے جاتے ہیں

آبدان: حوض وغیرہ جہاں پانی جمع رکھا جاتا ہے، مثانہ

آبدانک: انسان یا حیوان کے جسم کا وہ حصہ جس میں پیشاب جمع ہو جاتا ہے، مثانہ

آبدُزدک: ٹیکا لگانے کا آلہ، سَرِنج

آبدَست: وضو کےلیے ہاتھ منہ وغیرہ دھونا، طہارت

آبدَستان: آفتابہ، لوٹا، کُوزہ

آبدُوغ: لسّی جو دہی سے تیار کی جاتی ہے

آبِ دہان: پانی جو منہ سے نکلتا ہے، تھوک

آبدیدہ: وہ شخص جس کی آنکھوں میں آنسو ہوں، غمگین، ستم رسیدہ، نیز بھیگا ہوا

آبرو: (آب رُو) چہرے کا نور، چہرے کی تابندگی، عزت، حُرمت، بزرگی

آبرُود: ارغوانی، آسمانی اور بعض دوسرے رنگوں کے گلدار درخت

آبرُودار: عزت والا، معزز، اچھی شہرت والا

آبرومند: معزز، باوقار

آبریز: پیشاب کرنے کی جگہ

آبزَن: نہانے کا برتن حمام وغیرہ، برتن جس میں غسل کرنے کے لیے دوائی ملائی جاتی ہے

آبِ زندگی: آبِ حیات

آبسال: باغ، بوستان، چمن زار

آبِست: آبستن سے ماضی مطلق

آبستن: عورت کا حاملہ ہونا،

آبِستنی: حمل

آبِستہ: وہ زمین جس میں ہل جوتا گیا ہو

آب سوار: (۱) حباب، بلبلا (۲) خیالی منصوبے بنانے والا شخص

آب سیر: سہل رفتار، آہستہ چلنے والا

آبشار: قدرتی بہتا ہوا پانی جو کسی اونچی جگہ سے گرے

آبِشغَن: مخفی کرنا، پنہان کرنا، پوشیدہ کرنا، چھپانا

آبِشخُور: قسمت، نصیب، روزی، معاش

آب شدن: پانی پانی ہو جانا، شرمسار ہونا

آب شِناس: سمندر میں جہازوں اورکشتیوں کی رہنمائی کرنے والا

آبشَنگ: دھات یا چینی کا ٹب جس میں بیٹھ کر نہاتے ہیں

آب شنگرفی: کنایہ ہے شراب سرخ کا

آبشِیب: آبشار

آبغُورہ: تُرش رس، تُرش عرق

آب فِشان: چشمہ، گرم پانی کا چشمہ، سوراخ جس سے

گرم پانی نکلتا ہے

آبک: سیماب، پارہ

آبکار: مے فروش، شراب کا تاجر، شراب کشید کرنے والا، سقہ جو پانی گھر میں لے جاتا ہے

آب کشیدن: کنوئیں سے پانی نکالنا

آبکند: پہاڑی نالہ، تیز بہنے والی ندی، تالاب

آبکی: رقیق، پانی کی طرح، پُر آب

آبگاہ: حوض، تالاب

آبگذر: نالہ

آب گردان: تانبے کا دستہ دار بڑا برتن جس سے پانی دوسرے برتن میں ڈالا جاتا ہے

آبگوشت: یخنی، شوربا

آبگون: پانی ایسی چمک والا، چمکدار، صاف، روشن

آبگونہ: رقیق، پتلا

آبگیر: تالاب، جوہڑ جس میں بارش کا پانی جمع ہو جاتا ہے

آبگیرہ: پانی کا بند، خصوصاً وہ بند جس کے ذریعے پانی کسی اور طرف لایا جاتا ہے یا پانی کسی اور طرف کو نکالا جاتا ہے

آبگینہ: آئینہ، شیشہ

آبلوج: قند، چینی، سفید شکر

آبلمبو: انار کی طرح کا، رس بھرا

آبلہ: چھالا، چیچک، پھنسی

مثال:

من از قدم سعی بمقصود رسیدم
ہر آبلہ پای مرا قبلہ نماشد

میں جدوجہد کا اقدام کرکے منزل مراد کو پہنچا ہوں صحرا میں چلتے ہوئے پاؤں میں جو چھالے پڑے انھوں نے ہی مجھے قبلہ کی راہ دکھائی

آبلہِ خوردہ یا زدہ: چیچک زدہ

آبلہ دار، آبلہ رُو، آبلہ زار: جس کے چہرے پر چیچک کے داغ ہوں

آبلہ فرنگ: آتشک، آتشک کی قسم کا مرض

آبلہ کُوب: ٹیکا لگانے والا، ویکسینیٹر

آبلہ کوبی: ٹیکا لگانا

آبِ لیموں: لیموں کا رس جس سے شکنجبین تیار کرتے ہیں

آب مروارید: آنکھوں کی بیماری جسے موتیا بند کہتے ہیں

آبناک: رس دار

آبِ نبات: شیرینی کی ایک قسم جو چینی کے شیرے سے تیار کی جاتی ہے

آب نُما: حوض، وہ جگہ جہاں چشمے کا پانی بہ کر آتا ہو، جہاں پانی نمایاں ہو، سُراب

آبنُوس: درخت جس کی لکڑی سیاہی مائل اور وزنی ہوتی ہے اس کا پھل انگوروں کی طرح زرد اور پتے صنوبر کے پتوں جیسے ہوتے ہیں

آبو: نیلوفر کا پھول

آب ورنگ: رونق، طراوت، تازگی، چمک دمک

آب و گل: انسان کی سرشت

آبوند: پانی کا برتن، کوزہ، پیالہ

آبیار: آبپاشی کرنے والا، گھروں میں پانی پہنچانے والا، باغوں اور کھیتوں میں پانی دینے والا

آبیاری: آبپاشی

آپارتمان: (انگ) اپارٹمنٹ، کمرہ، عمارت کا وہ حصہ جس

میں چند کمرے ہوں

آپاردی: بہت بیشرم، دھوکے باز، فریبی

آتاہائی: بزرگ مالدار شخص (ت)

آتاشہ: سفارت کار، رکن عملہ سفارت، (مفرس اتاچی)

آتریاد: سپاہیوں کا دستہ

آتَش: آگ

آتش خاموش کردن: آگ بجھانا

آتش افزاِ: آتشبازی کی ایک قسم

آتش افرُوز: کوئی چیز جس سے آگ جلاتے ہیں، دیاسلائی وغیرہ

آتش انداز: آگ جلانے یا لگانے والا

آتش انگیز: آگ جلانے والا، آگ بھڑکانے والا، دھماکا کرنے والا

آتشبار: آگ برسانے والا

آتشباز: بارود سے چیزیں بنانے والا، آگ سے کھیلنے والا

آتشبازی: مراسم جشن پر بارود سے بنی ہوئی چیزوں کو جلانا

آتشِ پارسی: چھالا جو ہونٹ پر نکل آتا ہے

آتش پارِہ: (۱) چنگاری (۲) فتنہ انگیز

آتشِ پَرست: آگ کی پرستش کرنے والا، آگ کو مقدس سمجھنے والے لوگ، زرتشت کے پیرو، پارسی آتش پرستوں کا معبد آتشکدہ ہوتا ہے

آتش تاب: انگیٹھی، سٹوو (انگ)

آتشخانہ: آتشکدہ، پیروان زرتشت کا معبد

آتش خوار: آگ کھانے والا پرندہ، ظالم، ستمگار

آتشدان: جس میں آگ جلائی جاتی ہے، چولہا، انگیٹھی

آتش روشن کردن: آگ جلانا

آتش زدن: آگ لگانا

آتش سُوزی: آگ لگنے کا حادثہ

آتش فام: آگ جیسا سرخ

آتش فِشان: پہاڑ جس سے آگ یا لاوا نکلتا ہے

آتِشک: پیشاب کا خطر ناک مرض

آتشکار: آگ سے کام لینے والا، آگ کے ذریعے چیزیں تیار کرنے والا

آتشکدِہ: آتش پرستوں کا مقدس مقام جہاں آگ جلائی جاتی ہے جو ہمیشہ جلتی رہتی ہے

آتش کردن: غصہ دلانا، بھڑکانا، اِشتعال دلانا

آتش نشاندن: آگ بجھانا

آتش گرفتن: آگ پکڑنا، آگ سے متاثر ہونا، آگ سے جلنا

آتش مِزاج: گرم مزاج، تند مزاج، جلد ہی غصے میں آ جانے والا، غصیل

آتش موسیٰ: آتِش طُور، جس کی تجلی حضرت موسیٰ (ع) پر ہوئی

آتش نِشان: آگ بجھانے والا

آتش نشاندن: آگ بجھانا

آتش نشانی: آگ بجھانے کا عمل

آتشِین: آتشی، جلا دینے والا، سوزان جیسے آہ آتشین

آتشِین پنجہ: کنایہ ہے ماہر صنعت گر کا

آتُون: لڑکیوں کو پڑھانے سکھانے والی خاتون

آتی: (ع) آیندہ

آتِیہ: (ع) آیندہ

در آتیہ نزدیک: مستقبل قریب میں

آثار: (ع) اثر کی جمع، نشانیاں، علامتیں، یادگاریں، علمی یادگاریں، صورت، وضع، ڈھنگ، افعال، کارنامے/

احوال و آثار غالب:غالب کے حالات زندگی اور ان کے علمی کارنامے

آثام:(ع) اِثم کی جمع، گناہ

آجُر:پختہ اینٹ، بھٹے میں پکائی گئی اینٹ

آجُر پُزی:بھٹے میں اینٹیں بنانے کا کام

آجُر کاشی:کاشی کاری کی اینٹیں

آجُری:اینٹوں کی بنی ہوئی

ساختمانِ آجُری:اینٹوں کی بنی ہوئی عمارت

آجِل:(ع) آیندہ، آخری

آجُل:ڈکار

آجِلا:(ع) بالآخر، مستقبل کی زندگی سے متعلق

آجُودان:(انگ) ایجوٹنٹ، فوجی نائب افسر

آجیدَن: ٹانکے لگانا، سینا پرونا

آجیدِہ:سینے پرونے سے جس کپڑے پر سجاوٹ کی گئی ہو

آجیل:خشک میوہ

آچار:اچار

آچار:(ترکی) پیچ کھولنے کا آلہ، کلید، چابی

آحاد:(ع) احد کی جمع، اکائیاں

آخ:کلمہ افسوس، آہ، افسوس، مثال:

چنان رسید جراحت بدل کہ دیدہ ندید
ز زخمِ حادِثہ زد ناگہاں نظیری آخ

دل کو ایسا زخم آیا جو کبھی آنکھوں نے نہ دیکھا تھا، اس زخم کے حادثے سے نظیری کے منہ سے آہ نکلی

آخ واخ کردن:ہائے وائے کرنا، آہ و زاری کرنا

آخال:بیکار چیز، بچی کھچی چیزوں کا انبار، کوڑا کرکٹ

آختَن:کھینچنا (تلوار)

آخِذ:(ع) اخذ کرنے والا، اختیار کرنے والا، حاصل کرنے والا

آخِر:(ع) پچھلا، انجام، انتہا، نتیجہ، (اول کی ضد)

آخِر کار:انجام کار، آخر کو، قصہ کوتاہ، القصہ

آخِر الأمر:آخر کار، بالاخر، انجام کار

آخِربین: دُوربین، دور کی بات سوچنے والا، مآل، اندیش، عاقبت اندیش

آخِرَت:(ع) عاقبت، دوسرا جہاں، دارالبقا، قیامت، عقبیٰ، انجام

آخِرالزّمان:(ع) آخر زمانے تک

آخِری:پچھلا، آخر کا

آخِرِیان:مال و اسباب، ساز و سامان

آخِرین:آخری

آخشُمَہ:شراب جو چاولوں سے تیار کی جاتی ہے

آخشِیج:(۱)ضد، مخالف (۲)عناصرِ اربعہ، پانی، آگ، ہوا، خاک

آخُور:جانوروں کو چارہ مہیا کرنے کی جگہ

آخور سالار:میر آخور، جانوروں کے چارے وغیرہ کا انتظام کرنے والا

آخُوری:جانوروں کے چارہ وغیرہ کا انتظام کرنا

آخُوند:معلم، مُلاّ، واعظ

آداب:ادب کی جمع، احترام کرنے کے موقع پر بولا جاتا ہے، طور طریقے، روشن، دستور

آداش:دو ہم نام آدمیوں میں سے ایک

آداک:سمندر کا خشک حصہ، جزیرہ

آدَغ:خوب، اچھا، مبارک، کلمہ تحسین

آذَر:نشتر

آدریس:(انگ) ایڈریس، پتا

آدَرم:زین پوش، گھوڑے کی زین پر ڈالنے کا پردہ

آدرَنگ:رنج و اندوہ، محنت، مشقت

آدَم:(ع) حضرت آدم (ع) جن سے انسانوں کی نسل چلی، ابوالبشر، انسان

بنی آدم:بنی نوع انسان، نسلِ انسانی

آدَم خوار:آدم خور، مردم خور، وحشی

آدم رَو:جہاں آدمی داخل ہو سکے

آدم زاد:بنی نوع انسان کا فرد، انسان، آدمی زادہ

آدمک:(۱) حقیر آدمی، (۲)گڑیا، کھلونا

آدم کردن:تہذیب سکھانا، تربیت کرنا، آدمیت سکھانا

آدَم کُش:آدمیوں کو ہلاک کرنے والا۔

آدم وار:آدمیوں کی طرح۔

آدَمی:انسان۔

آدَمی زاد:حضرت آدم (ع) کی اولاد، انسان۔

آدَمیَّت:انسانیت، تمیز، تہذیب، اہلیّت۔

آدِیش:آگ، آتش۔

آدیَنَدَہ:قوس قزح

آدیِنَہ:جمعہ کا دن۔

آذَار:آذر،یہودی کیلنڈر کا بارھواں مہینہ (فروری، مارچ)۔

آذاری:آذر مہینے سے متعلق۔

آذان:اُذن کی جمع، کان۔

آذَر:ایران کے شمسی کیلنڈر کا نواں مہینہ جو تیس دن کا ہوتا ہے، ہر ماہ کے نویں دن کو بھی آذر کہا جاتا تھا مثال:

ابر آذاری بر آمد بادِ نوروزی وزید
دَورِمے می خواہم و مطرب کہ می گوید رسید

آذر کے مہینے کا بادل آیا اور نو رُوز (مارچ کے مہینہ کے اوکیں دن) کی ہوا چلی میرے دل میں دوَر مے کی خواہش اور مُطرب کی تمنا ہے کون کہے کہ وہ پہنچ گیا ہے۔

آذَر آباد:آتشکدہ۔

آذر آبادگان:آذر بائیجان کے ایک آتشکدے کا نام، آذر بائیجان میں آتشکدے بہت تھے اس لیے اس خاص آتشکدے کا نام آذر آبادگان ہوا۔

آذر بر زِین:ایک آتشکدے کا نام جو بلخ یا نیشاپور میں تھا۔

آذَر پرَست:آتش پرست۔

آذرَ پیرا:آتشکدے کا خادم۔

آذَرَ خش:بجلی، رعد، برق۔

آذَر کدِہ:آتشکدہ۔

آذر گُون:آگ کی طرح سرخ۔

آذَ رَنگ:رنج و غم، محنت۔

آذر نُوش:پارسیوں کے آٹھ بڑے آتشکدوں میں سے ایک کا نام۔

آذَری:آذَر سے متعلق۔

آذَرِین:آتشی، آگ کا کرہ آتش فشاں۔

آذُوقَہ:بہم رسانی، رسد رسانی، خوراک کی بہم رسانی۔

آذِیش:آتش، آگ۔

آذِین:زیب و زینت، آرائش، چراغاں، جشن و شادمانی کے دن۔

آر: آور کی مختصر صورت، لا (بیارا)۔

آرا:آراستہ کرنے والا، بناؤ سنگار کرنے والا، مثال:

روی بنماو بزم را آرا

چوں توپی آفتاب بزم آرا

اپنا چہرہ دکھا اور بزم کو آراستہ کر چونکہ تو ہی بزم کو آراستہ کرنے والا آفتاب ہے۔

آراستگی:زیب و زینت، بناؤ سنگار۔

آراستن:آراستہ کرنا، سجانا،

آراستہ:سجا ہوا، سجایا ہوا۔

آرام:آرامیدن سے، تسکین، سکون، قرار، ٹھہراؤ۔

آرام دہ:سکون بہم پہنچانے والا، جس سے کسی کو تسکین حاصل ہو۔

آرامانیدَن:آرام کرنا۔

آرامَش:سکون، اطمینان، راحت، آرام۔

آرامگاہ:(۱)آرام کرنے کی جگہ (۲)آرام کی آخری جگہ، لحد، قبر۔

آرام گرفتن:آرام پانا، سکون حاصل ہونا۔

آرامی:سکون، آرام، راحت، اطمینان۔

آرامیدَن:آرام کرنا۔

آرایش:سج دھج، بناؤ سنگار۔ سجاوٹ۔

آرایش دادن، آرائش کردن:سجانا، بناؤ سنگار کرنا۔

آرایشگر:آرائش کرنے والا، بناو سنگار کرنے والا، حجام

آرد:آٹا

آردبیز:چھلنی، غربال۔

آرد کردن:آٹا پیسنا۔

آردَن:کفگیر، بڑا چمچہ۔

آردینہ:آٹے سے متعلق۔

آرزُو:فریدون کے بیٹے سلم کی بیوی کا نام تھا۔

آرزُو:خواہش، تمنا۔

آرزو بردن:خواہش کرنا۔

آرزو پُختَن:آرزو کیے جانا، خواہش پر قائم رہنا۔

آرزو بگور بردَن:حسرت دل میں لیے ہوئے دنیا سے رخصت ہوجانا۔

آرزوانہ:جس کی آرزو ہو۔

آرزو مند:خواہش مند۔

آرزو مندی:خواہش، تمنا۔

آرزُو مندانہ:دلی تمنا سے، بڑے شوق سے۔

آرزِہ:لیپ پوت۔

آرسَتن:آراستن، آراستہ کرنا، بناؤ سنگار کرنا۔

آرِش:معنی، مفہوم، اہمیت۔

آرَش:منو چہر کے زمانے کے ایک پہلوان کا نام۔

آرغدَن:غصے میں آنا، خشمگین ہونا۔

آرُغدہ:(۱) خشمناک، برآشفتہ۔

آرمان:آرزو، حسرت، خواہش، تمنا، حاملہ عورت کی تمنا

آرمان سرای:سرائے حسرت، مراد دنیا۔

آرمِہ:عورت کی تمنا جو امید سے ہو۔

آرمیدِگی:آرام، امن و سکون۔

آرمِیدَن:آرام پانا، آسودگی حاصل ہونا۔

آرَن:آرَنج کا مخفف

آرَنج:کُہنی

آرَندہ:اوَرندہ، لانے والا۔

آرَنگ:(۱)کہنی (۲)طور طریقہ (۳)بے چینی، مصیبت،

آفت، (۳) مہارت ۔

آرواره: جبڑا ، جبڑے کی ہڈی ۔

آرُوغ: ڈکار ۔

آرُوغیدَن: ڈکار لینا ۔

آرُوَند: شہرت، شان و شوکت، فخرو ناز، تعریف و توصیف ۔

آروِین: آزمائش ۔

آرِه: آری، بڑھئ کا لکڑی کاٹنے کا دندانہ دار آلہ

آری: کلمہ جواب ، جی ہاں ۔

آرِید بَرِید: پیاز کی طرح کی ایک سبزی کی جڑ جو طب قدیم میں بواسیر کے علاج کے لیے استعمال ہوتی تھی ۔

آرِیغ: نفرت، کینہ ۔

آرِیَن: آریائی نسل ۔

آریه: ایک ایرانی سردار جو کوروش صغیر کا حامی تھا ۔

آز: حرص، لالچ، مثال:

انعامِ تو بردوختِه چشم و دہن آز
احسان تو بشگافتہِ ہر قطرہ یم را

تیری عطا و بخشش سے جو نعمتیں حاصل ہوئیں انھوں نے لالچ کا دہن اور حرص کی آنکھ بند کردی ہے، تیرے احسان نے تو سمندر کے ہر قطرے کا منہ کھول دیا ہے (تاکہ اس سے موتی نکلے) ۔

آزاد: جو کسی بات کا پابند نہ ہو، کسی کا غلام نہ ہو، کسی کی اطاعت پر مجبور نہ ہو ۔

درهوای آزاد: کھلی فضا میں۔ آزادانہ آزادی کے ساتھ

آزادِگی: آزاد ہونے کی کیفیت، وارستگی، نجات ۔

آزادی: پابندی کی ضد، بغیر کسی قسم کی پابندی کے اپنی خوشی سے کوئی کام کرنا ، کسی کی اطاعت سے بے نیاز ہو جانا۔

آزادی خواه: کسی کی محکومیت سے آزاد ہونے کا خواہش مند، آزادی طلب، آزادی پسند ۔

آزار: اذیت، تکلیف، رنج، بیماری ۔

آزار: آزُردن=ستانا سے فعل امر، بیازار کا مخفف، ستالو ۔

آزارَخش: طوفانِ برق و باد ۔

آزارمَند: علیل، بیمار، جسے کوئی رنج یا تکلیف ہو۔

آزارَنده: ستانے والا ، تکلیف پہنچانے والا ، اذیت رسان ۔

آزارِ یدَن: ستانا ، تکلیف دینا ، پریشان کرنا ۔

آزپیشِه: حریص، لالچی ۔

آزر: حضرت ابراہیم کے والد یا چچا کا نام، ایک بت تراش کا نام

آزُردِگی: ملال، افسردگی، رنجیدگی، ناراضی ۔

آزُردِه خاطِر: پریشان ۔

آزردن: ستانا ، تکلیف پہنچانا ، آزار دینا ۔

آزَرم: شرم، حیا ۔

آزَرم خُوی: صلح جوئ ۔

آزَرمگِیَن: باحیا ، حیادار، شرم و حیا والا ۔

آزرمی: حیادار ۔

آزرمی دُخت: خسرو پرویز کی بیٹی جس نے چار ماہ ایران میں حکومت کی ۔

آزَرمیدن: عزت کرنا ، احترام کرنا ۔

آز رَنگ: بد بختی، مصیبت، تکلیف ۔

آزَغ:شاخ، درخت کی کاٹ چھانٹ ۔

آزُغدان:قوس قزح ۔

آزما:آزمُودن= آزمانا سے فعل امر، آزمالو ۔

آزمان:ندامت، پشیمانی، تاسف ۔

آزمانِیدن:آزمانا ۔

آزمایش:جانچ پڑتال، امتحان، تجربہ ۔

آزمایش کردن:آزمانا، جانچ پڑتال کرنا ۔

آزمایشگاہ:تجربہ گاہ، لیبارٹری ۔

آزمایش گر:آزمانے والا، جانچ پڑتال کرنے والا ۔

آزمَند:حریص، لالچی ۔

آزمَندی:حرص، لالچ ۔

آزمُودِگی:تجربہ، جانچ پڑتال، آزمایش ۔

آزمودن:آزمانا ۔

آزمُون:آزمایش، امتحان ۔

آزمُودہ:آزمایا ہوا ۔

آزناک:حریص، لالچی ۔

آزوَر:حریص، لالچی، آزمند ۔

آزُوغہ:آذوقہ، بہم رسانی، رسد رسانی، خوراک رسانی ۔

آزِیدَن:ستانا، دق کرنا ۔

آزِیر:آزار، رنج ۔

آژان:کارگزار، پولیس کا ملازم، نمایندہ ۔

آژانس:نمایندگی، کارگزاری ۔

آژانگ:جھُری، شکن،

آژور:(۱)بھلا کام (۲) کڑھائی سلائی کا کام ۔

آژِیانہ:پتھر یا اینٹوں کا فرش ۔

آژِیدَن:آجیدن، بخیہ کرنا

آژیر:صاف دل، ہوشیار، نیک کردار، خاموش، محتاط، مثال:

سپہ را نگہدار و آژیر باش
شب و روز با سرکش و تیر باش

فوج کی نگہداشت کرو، محتاط اور ہوشیار رہو ۔
دن رات تیرو ترکش تمہارے پاس رہنے چاہیئں ۔

آژِیراک:نالہ و فریاد ۔

آژِیرِدَن:آگاہ کرنا ۔

آژِینہ:ایک آلہ جس سے چکی کو دندانہ دار بناتے ہیں ۔

آس:(۱)چکی پیسنے کا عمل (۲)مہندی، حنا

آس:تاش کا کھیل ۔

آسا:انگڑائی ۔

آسا:لاحقے کے طور پر آتا ہے جس کا مطلب ہے ، کی مانند ۔

برق آسا: بجلی کی مانند ۔

آسارِہ: شُمار، گنتی، اجزا اور حصص کی بناوٹ ۔

آسال: بنیاد، اساس ۔

آسان: مشکل کی ضد، سہل ۔

آسان کار: مہارت رکھنے والا ۔

آسان گُزار: آسانی سے گزر اوقات کرنے والا ۔

آسان گوار: جلدی ہضم ہونے والا ۔

آسان گِیر: سہل انگار، تن آسان، کاہل، سُست ۔

آسانی: سہولت، سہل، آرام، راحت ۔

آسانِیدَن: آسایش بہم پہنچانا ۔

آسایش: راحت، آرام، امن چین، مثال:

چشم آسایش کہ دارد از سپہر تیز رو

ساقیا جامی بمن دہ تا بیا سایم دمی

اس تیز رفتار آسمان سے راحت و آرام کی امید کس کو ہے۔ اے ساقی ایک جام مجھے دے تاکہ میں کچھ وقت آرام کر سکوں۔

آسایشِ خاطر: دلی راحت، دلی سکون۔

آسایش دادن: آرام بہم پہنچانا، سکون پہنچانا۔

آسایش گاہ: جہاں امن و سکون میسر آ سکے۔

آسپا: اسپ، گھوڑا۔

آستان: دہلیز، چوکھٹ، دروازہ۔

آستان بوس: دہلیز چومنے والا، عقیدت مند۔

آستانہ: مسکن، گھر، مکان۔

آستَر: استر، لباس کے نیچے لگانے والا کپڑا۔

آستر دوزی: استر لگانا۔

آستی: قمیص کا بازو۔

آستیم: آماس، سوجن، زخم، جراحت۔

آستین: کرتے یا قبا کے بازو کا کپڑا، مثال:

اگر خواہی بگو تا آستین از دیدہ بردارم

کہ مژگانِ مرا از گریہ شاخِ ارغوان بینی

اگر چاہتے ہو تو بتادو کہ میں اپنی آنکھوں سے بازو کا کپڑا ہٹالوں تاکہ میری پلکیں جو خون کے آنسووں سے ارغوانی شاخوں کی صورت اختیار کیے ہوئے ہیں انھیں دیکھ لو۔

آستین بر افشاندن:(۱)سخاوت کرنا، نوازش کرنا، (۲)ترک و انکار کا کنایہ (۳)رقص کرنا۔

آستین بالازدن:آستین چڑھانا، کسی کام کے لیے مستعد ہونا، غصہ کرنا، لڑائی پر آمادہ ہونا

آستینہ:انڈا۔

آسریس:گھوڑ دوڑ

آسکون:بحیرہ خزر، کیسپئین سی۔

آسم:دمہ، استھما۔

آسمان:فلک، چرخ، سپہر۔

آسمان پایہ:انتہائی بلند درجہ۔ عالی مرتبہ۔

آسمان پیما:ہوائی جہاز، غبارہ، ہواباز

آسمان جاہ:بہت بلند مرتبے والا۔

آسمان جُوی:پودے جن پر ارغوانی یا آسمانی رنگ کے پھول آتے ہیں۔

آسمان خراش:بہت بلند۔

آسمان دَرّہ:کہکشاں۔

آسمان قُر قُرہ:بادل کی گرج، رعد۔

آسمانوریسمان:ضرب المثل ہے۔ معقول سوال کا نامعقول جواب۔

آسمانہ:(۱) سماوی، نیلگوں، آبی (۲) چھت۔

آسمَند:دروغ گو، جھوٹا، فریب دینے والا

آسودگی:امن و امان، آرام و راحت۔

آسُودن:آرام پانا، تسکین حاصل ہونا، ذہنی سکون ملنا، آسائش حاصل ہونا۔

آسُودہ:امن چین سے زندگی گزارنے والا۔

آسودہ حال:فارغ البال۔

مُرفّہ الحال:جو آرام و راحت سے زندگی گزارتا ہو۔

آسُودہِ دل:آسُودہ خاطر، جس کے دل میں کوئی اضطراب نہ ہو، جس کا وقت بے فکری میں گزرتا ہو۔

آسہ: زمین جس میں ہل چلاہو ۔

آسی: سوکن، شوہر کی دوسری بیوی ۔

آسیا: چکی ۔

آسیا: براعظم ایشیا ۔

آسیائی: ایشیائی ۔

آسیاب: پانی کے بہاؤ سے چلنے والی چکی ۔

آسیابان: پانی کے بہاؤ سے چکی چلانے والا۔

آسیا سنگ: پتھر جس سے چکی بنائی جاتی ہے ۔

آسیب: صدمہ ، تکلیف دہ حادثہ ، بدبختی ۔

آسیب دیدن: تکلیف میں مبتلا ہونا ۔

آسیب رَساندَن: کسی کو تکلیف پہنچانا، پریشان کرنا

آسیمہ: حیران، پریشان ۔

آسیمہ سرَ: سراسیمہ ، حیران، پریشان ۔

آسیوَن: سرگرداں، سرگشتہ ، پریشان ۔

آسیہَ: فرعون کی بیوی جس نے پوشیدہ طور سے حضرت موسی(ع) کی پرورش کی ۔

آش: یخنی، دم پخت، شوربا، سوُپ (انگ) ۔

آشِ ہرکاسہ بودن: ہر بات میں بیجا مداخلت کرنا

آشام: آشامیدن= پینا سے فعل امر، پی لو ۔

آشامَندہ: پینے والا ، شراب نوش ۔

آشامیدہ: نوشیدہ، پی لیا ۔

آشانہ: آشیانہ، گھونسلا ۔

آش پُز: باورچی ۔

آشپزُ خانہ: باورچی خانہ ۔

آشپُزی: باورچی کا کام ۔

آشتی: صلح، مصالحت ۔

آشتی دادن . . . آشتی کردن: مصالحت کرنا۔

آشخال: آشغال ، کوڑا کرکٹ، کاٹھ کباڑ ۔

آشغال برچین: خاکروب، غلاظت اٹھانے والا

آشُفتِگی: پریشانی، پراگندگی، سراسیمگی ۔

آشُفتَن: پریشان ہونا ، سراسیمہ ہونا ۔

آشُفتہ: پریشان حال، سراسیمہ ، حیران، مثال:

خطا بردم دیوانہ کس نمی گیرد
جنون نداری و آشفتہ ای خطا اینجاست

دیوانے کو کوئی غلطی کا ذمے دار نہیں ٹھہراتا مشکل تو یہ ہے کہ تم دیوانے نہیں ہو پریشان حال ہو اس لیے سب تمہیں خطا کار سمجھتے ہیں ۔

آشفتہ حال: پریشان حال، پراگندہ خیال ۔

آشُفتہ خاطر: پریشان دل ۔

آشُفتہ رُوز گار: مفلس، پریشان حال وہ شخص جس کے دن پریشانی میں گزرتے ہوں ۔

آشفتہ مُو: جس کے بال بکھرے ہوں ۔

آشکار: ظاہر، صاف، واضح، نمودار، عیاں ۔

آشکار شدن: عیاں ہو جانا ، ظاہر ہو جانا ۔

آشکوب: چھت، عمارت کی ہرمنزل ۔

آشگوخ: تھر تھراہٹ ۔

آشگوخیدن: تھر تھرانا، لرزنا ، گرنا

آشمال: چاپلوس، خوشامدی ۔

آشمالی: چاپلوسی، خوشامد ۔

آشنا: واقف، شناسا ، آگاہ، باخبر ۔

آشناب: تیراک، شناور ۔

آشناور: شناور ، تیراک ۔

آشنای: جان پہچان، دوستی، محبت۔

آشنایٔ دادَن ۔ ۔ ۔ آشنایٔ کردَن: دوستانہ مراسم ہونا۔

آشوب: آشو بیدَن یا آشُفتَن= پریشان ہونا سے حاصل مصدر، پریشانی۔

شہر آشُوب: وہ نظم جس میں شہر بھر کی پریشانیوں کا حال درج ہو۔

آشوب انگیز: فتنہ پیدا کرنے والا۔

آشوب طلب: فتنہ جُو۔

آشوبگاہ: فتنہ سازی کا مرکز۔

آشُور: سریا، ملک شام۔

آشوردَن: (۱) ملانا، آمیزش کرنا، خمیر کرنا۔ (۲) برہم کرنا، درہم کرنا۔

آشُوغ: غریب، بیگانہ، گمنام، غیر معروف۔

آش و لاش: متلاشی۔

آشیان: گھونسلا۔

آشیانہ: قیامگاہ، گھر، مسکن۔

آصال: اصل کی جمع۔

آصَف: حضرت سلیمان (ع) کے دانشمند وزیر کا نام

آطریلال: ایک جنگلی پودا۔

آغا: مُخنَّث، مُخنَّث کا لقب، فارسی آقا، ترکی میں آغا بمعنی صاحب، مالک۔

آغا باشی: مخنثوں کے سردار کا لقب۔

آغاج: درخت، لکڑی، فرسنگ کے معنی میں بھی آتا ہے

آغار: زمین کی نمی، رطوبت۔

آغار کردن: تر کرنا، ملانا، آمیزش کرنا۔

آغاریدن: گوندھنا، تر کرنا، سیلاکرنا۔

آغاز: شروع، ابتدا، مثال:

ماز آغازو ز انجام جہان بی خبریم
اول و آخر این کہنہ کتاب افتاد است

ہم اس بات سے بے خبر ہیں کہ دنیا شروع کب ہوئی اور اس کا انجام کیا ہوگا دنیا کو اگر ایک قدیمی کتاب سمجھا جائے تو یہ کہیں گے کہ اس کے پہلے اور آخری صفحات ناپید ہیں۔

آغاز کردن: آغاز نہادن۔ شروع کرنا۔

آغاز گر: شروع کرنے والا۔

آغازَندہ: آغاز کرنے والا، خالق، خالق کائنات، خداوند تعالی۔

آغازَہ: کفش دوزی کا آلہ۔

آغازیدَن: شروع کرنا، ابتدا کرنا۔

آغازیدہ: جس کا آغاز ہوا ہو۔

آغالیدَن: اُکسانا، اشتعال دلانا۔

آغالیدہ: برآشفتہ، بر انگیختہ، غصے میں آیا ہوا

آغر: ندی جو خشک ہوگئی ہو، یا وہ جگہ جہاں خشک ندی میں کہیں پانی رہ گیا ہو

آغردَن: کھانا پینا۔

آغشتگی: ملانا، مرطوب کرنا، آلودہ کرنا۔

آغشتَن: پُر کرنا، ملانا، آلودہ کرنا، تر کرنا۔

آغشتہ: پُر کیا ہوا، تر کیا ہوا، آلودہ کیا ہوا۔

آغل: بھیڑ بکریوں کو رکھنے کی جگہ جو کسی پہاڑ یا گھر میں بنائی جاتی ہے، بھیڑوں کا باڑا۔

آغندَن: بھرنا، پُر کرنا، زورسے دبا کر پُر کرنا۔

آغوز: گائے بھینس کے بچہ پیدا ہونے کے بعد کا دودھ جس کی بوہلی بناتے ہیں۔

آغوش: گود، بغل، کنار، نیز غلام و کنیز۔

در آغوش کردن . . . در آغوش کشیدن در آغوش گرفتن: سینے سے لگانا، بغل گیر ہونا، معانقہ کرنا۔

آغوشیدن: گلے ملنا، بغل گیر ہونا، معانقہ کرنا۔

آغیل: خشم آمیز جیسے خشم آغیل، خشم آمیز نگاہ

آف: آفتاب کا مخفف، سورج۔

آفات: آفت کی جمع، مصیبتیں، تکلیفیں۔

آفاق: افق کی جمع، دنیا۔ جہاں، مثال:

عدل نوراست کزو ملک منور گردد

از نسیمش ہمہ آفاق معطر گردد

عدل ایسا نور ہے جس سے ملک روشن ہو جاتا ہے عدل ایسی بادنسیم ہے جو دنیا کو اپنی خوشبو سے مہکادیتی ہے
۔

آفت: دکھ درد، مصیبت، تکلیف۔

آفت رَسیدہ: مصیبت زدہ۔

آفتاب: (آف-تاب) سورج کی چمک، دھوپ، روشنی، سورج

آفتاب پَرَست: سورج کی پرستش کرنے والا۔

آفتاب پرستی: سورج کی پرستش۔

آفتاب خوردَن: لُو لگنا۔

آفتاب خوردِہ: جسے لُو لگی ہو۔

آفتاب زَدِگی: لُو لگنا

آفتاب شد: آفتاب کرد، سورج طلوع ہوا۔

آفتاب گرِفتِگی: سورج گرہن، کسوف۔

آفتاب گیر: چتر، چھاتا۔

آفتمُون: آفتِیمُون۔ بغیر پتوں کے بیل جو درختوں پر چڑھ جاتی ہے، آکاس بیل۔

آفرازَہ: آگ کا شعلہ۔

آفرُوزَہ: چراغ کا فتیلہ۔

آفرِید: پیدا کیا۔

آفریدن: خلق کرنا، پیدا کرنا۔

آفریدون: فریدون ایران قدیم کا بادشاہ۔

آفرِیدِہ: پیدا کیا گیا، مخلوق

آفرین، آفرِیدَن: مصدر سے اسم فاعل، پیدا کرنے والا۔

جہان آفرین: دنیا کو پیدا کرنے والا، خداوند تعالی

آفرِیَنش: خلق، خلق کرنے کا عمل، مخلُوق۔

آفرِیَنندِہ: خالقِ کائنات۔

آفگانہ: مردہ بچہ جو ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہو۔

آفند: نزاع، تنازعہ، لڑائی، دشمنی، جنگ، پیکار۔

آفنداک: قوس قزح۔

آفندِیدَن: لڑنا، جنگ کرنا، دشمنی کرنا، خصومت اختیار کرنا

آق: سفید۔

آق قُویُو نلو: سفید پرچم والی ایک قوم۔

آقا: شریف آدمی، صاحب

آقای: شریف انسان کا کردار، بزرگی۔

آقای کردن: آقا کا سا سلوک کرنا۔

آقبانو: باریک گلدار سوتی کپڑا، جس سے خواتین جسم ڈھانپتی ہیں ۔

آک: نقص، خرابی، عیب ۔

آکام: ٹیلے، پشتے ۔

آکپ: دہن، منہ کے اندر کا حصہ ۔

آکٹر: (انگ) ایکٹر، فن کار ۔

آکٹرس: ایکٹریس سے مفرس ۔

آکج: ہُک، کانٹا، آنکڑا

آکِل: (ع) کھانے والا ۔

آکِلہ: بہت کھانے والا ۔

آکندَن: پر کرنا، بھرنا ۔

آگاہ: واقف، مطلع، باخبر

آگاہی: واقفیت، خبر، اطلاع، علم ۔

آگر: چُوتڑ، سُرین

آگشتن: آغشتن، گیلا کرنا، تر کرنا ۔

آگِفت: آزار، آفت، رنج ۔

آگندَن: بھرنا، پُر کرنا ۔

آگندِہ: بھرا ہوا ۔

آگندہ پر: جو پرندوں کے پروں سے بھرا ہوا ہو

آگون: سرنگوں

آگہ: آگاہ کا مخفف، واقف، باخبر، مطلع ۔

آگہی: آگاہی کا مخفف، واقفیت، اطلاع ۔

آگِین: بھرا ہوا، بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے ۔

شرم آگیں: بہت زیادہ شرمسار ۔

زہر آگیں: زہر آلود ۔

آل: (ع) اولاد، خاندان، خانوادہ، اہل خانہ ۔

آل: سُرخ ۔

لالہ آل: سرخ رنگ کا گل لالہ

آل: (ع) سُراب

آلا: گیلا، تر، نم، نیز آل، سرخ ۔

آلاء: (ع) الی کی جمع، نعمتیں ۔

آلات: آلت کی جمع، اوزار ۔

آلاچِق: آلاچیق، لکڑی کا بنا ہوا گھر اور سائبان جو باغ یا صحرا کے وسط میں بنایا گیا ہو ۔

آلاس: کوئلہ، زُغال ۔

آلاف: الف کی جمع، ہزارہا ۔

آلالِہ: گل لالہ، پیالہ نما پھول والا پودا، پوست کا پودا

آلام: (ع) الم کی جمع، درد و غم، رنج ۔

آلانَہ: لانہ، آشیانہ، گھونسلا ۔

آلاؤ: الاؤ، آگ کا انبار، وہ جگہ جہاں لوگ آگ تاپتے ہیں ۔

آلاِیش: آلودگی، غلاظت، میل کچیل، کثافت ۔

آلاییدَن: آلودہ کرنا، گندہ کرنا ۔

آلت: اوزار، ہتھیار (آلات جمع) ۔

آل تمغا: شاہی مہر، مغل بادشاہوں کی مہر جو سرخ روشنائی سے لگاتے تھے ۔

آلچیق: دیکھیے الاچق،

آلر: سُرین، چوتڑ ۔

آلش: سفیدے کی قسم کا لمبا درخت جس کی چھال چکنی ہوتی ہے ۔

آلِ عبا: حضرت رسول کریم (ع) کا خاندان ۔

آلفتن: آشُفتن، ستانا، پریشان ہونا ۔

آلفتِہ: آشُفتہ، جسے پریشان کیا گیا ہو ۔

آلفدَن: غصے میں آنا، خشمگیں ہونا ۔

آلفدہ: خشمناک ۔

آلگونِہ: سُرخاب، غازہ ۔

آلمان: جرمنی ملک ۔

آلمانی: جرمنی کا باشندہ ۔

آلنگ:مداخلت بیجا کرنا ۔

آلو:آلوچہ کا درخت ۔

آل و آجیل:خشک و لذیذ میوے ۔

آلو بالو:سرخ رنگ کی چیری ، میٹھا اور ترش پھل ۔

آلوُچه:پھل کا نام ۔

آلوُدگی:آلایش، گندگی، کثافت، ناپاکی ۔

آلودَن:گندہ کرنا ، ناپاک کرنا ۔

آلوِده:گندہ، لتھڑا ہوا ، مُلوّث ۔

خون آلوده:خون میں لت پت، خون میں لتھڑا ہوا.

آلوده دامن:تردامن، ناپاک ۔

آلوزرد:زرد آلو ، آلوچہ کی طرح کا پھل

آلیز:جانوروں کی جَست و خیز ۔

آلیز زدن:جَست و خیز کرنا ، دولتی لگانا ۔

آما:آمادَن اور آموُدن بمعنی آمادہ کرنا سے فعل امر، آمادہ کرو ۔

آماج:نشانہ ، ہدف ۔

آماجگاه:وہ جگہ جہاں نشانہ لگایا جائے ۔

آمادِگی:تیاری، آراستگی ۔

آمادَن:تیار ہونا ، تیار کرنا ، مہیا ہونا ۔

آماده:تیار ۔

آماده کردن:آمادہ ساختن، آمادہ کرنا ۔

آمار:شماریات ۔

آمارشناس:ماہر شماریات ۔

آمارگر:شماریات کے کام پر مامور ۔

آمارِیدَن:شمار کرنا ۔

آماس:سوجن ۔

آماسِیدَن:سوُج جانا ۔

آمال:(ع)اَمَل کی جمع امیدیں، تمنائیں، مثال:

ای خاکِ درت قبلهء آمال دو عالم

گردی برسان چشمِ حزینِ نگران را

حضور(ص)کے دروازے کی خاک دو جہانوں کے لوگوں کی امیدوں کا قبلہ ہے ۔ دروازے کی کچھ خاک اس منتظر حزین کی آنکھوں تک بھی پہنچا دیجیے۔

آمپر: (انگ) برقی رو کی اکائی ۔

آمپِر سنج: ایک آلہ جو برق کی شدت کا اندازہ کرتا ہے۔

آمَد:آمدن سے ماضی مطلق بمعنی (وہ) آیا یا (وہ)آئی ۔

آمد کردن:نیک نصیب ہونا ۔

آمدورفت:آیا گیا ، آنا جانا ۔

آمدو شد:آیا گیا ، آنا جانا ۔

باہم آمدورفت داریم:ہمارا ایک دوسرے کے ہاں آنا جانا ہے، ایک دوسرے سے ہماری آشنائی ہے۔

بحال آمدَن:ہوش میں آنا ، صحت مند ہوجانا ،

بدآمد:بُرا ہونا ۔

بکار آمدَن:مفید ہونا ، کام آنا ۔

بوجود آمدَن:پیدا ہونا ، خلق ہونا

سرآمدن:آگے بڑھ جانا ، ترجیح پانا مثال:

از همگنان خود سرآمد:اپنے ساتھیوں سے وہ آگے بڑھ گیا ۔

آمدَن گاه:وعدے کے مطابق ملاقات کی جگہ ۔

آمَده:آیا ہوا ۔

آمِر:حکم دینے والا ۔

آمِرانه:تحکمانہ لہجے میں ۔ تحکمانہ طور سے ۔

آمُرز:آمُر زِیدَہ=معاف کرنا سے فعل امر معافی دے دو، بیامرز

آمُرزِش:معافی ۔

آمرزشِ گناہان:گناہوں کی معافی ۔

آمُرز گار:معافی دینے والا ، بخشنے والا ، پروردگار ۔

امُرزَندگان:بخشنے والے

آمُرزَ ندگی: رحم و کرم کا وصف ۔

آمُرزَندَن: بخشنا ، معافی دے دینا ۔

آمُرزَندہ: آمرزگار ۔

آمُرغ: (۱)مایہ ، مقدار ، ذخیرہ ، (۲)قدر و قیمت (۳)خلاصہ کسی چیز کا ، تھوڑا حصہ ۔

آمَلج: آملہ ۔

آمِن: (ع)امن و امان میں ، بے خوف ، محفوظ ،ایمن

آمَنّا: (ع)بیشک ، واقعی ۔

آمَنّا و صَدَّقنا: ہم ایمان لائے اور تصدیق کی ۔

آمِنَہ: حضرت رسول کریم(ص) کی والدہ کا نام ۔

آمَنَہ: ٹوٹی ہوئ لکڑیوں کا گٹھا ، لکڑیوں کا انبار

آمو: ایک دریا کا نام ۔

آموت: پرندوں کا گھونسلا ۔

آموختگی: سکھائ ، پڑھائ ، عادت ہونا ۔

آموختَن: سکھانا ، پڑھانا ۔

آموختہ: سکھایا ہوا ، پڑھایا ہوا ، عادت ہونا ۔

آمودگی: بھرا ہوا ، تیار ، آرائش ۔

آمودَن: بھرنا ، آراستہ کرنا ، تیار ہونا ۔

آمودہ: بھرا ہوا ، آراستہ ، تیار ۔

آموز: آموختن سے فعل امر ، پڑھو ، سیکھو ۔

آموز انندہ: معلم ، استاد ۔

آموز انیدَن: سکھانا ، پڑھانا ۔

آموزِش: پڑھانے سکھانے کا عمل ۔

آموزِش گاہ: سکول ، مکتب ، مدرسہ ۔

آموز گار: استاد ، معلم ۔

آموز گاری: تعلیم دینا ، سکھانا ۔

آموزَندہ: طالب علم ۔

آموزِیدَن: سیکھنا ۔

آمِہ: دوات ۔

آمیختگی: آمیزش ، ملانا ، ملنا ۔

آمیختَن: ملانا ، مخلوط کرنا ۔

آمیختہ: ملا ہوا ، مخلوط ۔

آمیزانَدن: آمیزانیدَن ، ملانا ، مخلوط کرنا ۔

آمیزدادَن: آمیز کردن ، ملانا ، آمیزش کرنا

آمیزش: ملنا ، ربط قائم ہونا ، راہ و رسم ہونا ۔

آمیزگار: ملنسار ، آشنا مزاج ، بے تکلف ، کُھل کر بات چیت کرنے والا ۔

آمیزہ: ملی ہوئ چیز ، مرکب ، آمیختہ ، مخلوط

آمیغ: ملنا ، ۔

آمین: (ع) (مادہ امن) لغوی معنی ہیں ، اے خداقبول فرما ، ایک کلمہ ہے جو اجابت دعا کی تمنا کے لیے استعمال ہوتا ہے

آمین گفتن: آمین کہنا ۔

آن: (اسم اشارہ) وہ ۔

آن: ملکیت ۔

آن: وقت ، لمحہ ، لحظ ، کمترین وقت ۔

آن: لاحقے کے طور سے بصورت جمع استعمال ہوتا ہے ۔ مثلاً مردان ، مرد کی جمع ۔

آناف: (ع)انف کی جمع ، ناک ۔

آنام: (ع)خلق ، مخلوق ۔

آنان: آن کی جمع ، وہ بصورت جمع ۔

آنتیک: (انگ) بہت پرانا ، عتیق ۔

آنجا: اس جگہ ۔

آنچ: آنچہ کا مخفف ، جو کچھ ۔

آنچنان: اس طرح سے ۔

آنچہ: جو کچھ ۔

آندون: وہاں ، اس وقت ، مقابل ایدون

آنِس: جسے اُنس ہو

آنسہ:(ع)پاکیزہ خو عورت، نیز دختر خانم
آنگاہ:اُس وقت، جس وقت۔
آنہ:بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے مثلاً دلیرانہ، دلیری سے
آنہمہ:وہ سب، تمام۔
آنہا:آن کی جمع، اشارے کے طور بصورت جمع "وہ"
آنی:وقتی، عارضی، لمحےبھر کا، لمحہ بھر کے لیے
آنین:دہی سے لسی بنانے کا برتن۔
آوا:آواز کا مخفف
آوار:آوارہ۔
آوارجہ:نقدی کا رجسٹر، کھاتا
آوارگی:کوچہ گردی، سرگردانی، سراسیمگی۔
آوارہ:کوچہ گرد، سرگرداں، پریشان، اوباش، خراب خستہ حال، بے سروسامان۔
آواز:صدا، نوا، بول، پُکار۔
آوازدادن:صدا دینا، بُلانا۔
آواز خواندن:گانا، الاپنا۔
آوازہ:شُہرت، شُہرہ، ناموری، دھوم، مثال:

اے نغمہ توحید تو جاری بزبانہا
آوازہ تسبیح تو پُر کردہ جہان را

پروردگار! تیری وحدت کا نغمہ زبانو ں پر جاری و ساری ہے تیری حمدو ثنا کی آواز جو دلوں سے نکلتی ہے وہ دنیا بھر میں پھیل جاتی ہے۔
آوازہ خواں:مغنیٔ مُطرب،گویا۔
آوازیدن:آواز دینا۔
آوان:آن کی جمع، اوقات، لمحات، موسم۔
آوانس:(۱)پہلے سے جو اُجرت دی جائے، بیعانہ
آوخ:آہ، افسوس، مثال:

کس را زِ غم من آگھی نیست
آوخ کہ جہان نہ پائدار است

رنج و غم سے کوئی واقف نہیں افسوس ہے کہ جہان پائدار نہیں ورنہ کبھی تو میرے حال زار سے آگہی ہوتی۔
آوخ آوردن، آوخ کشیدن:ہائے وائے کرنا۔
آور:(۱)آوردن سے فعل امر، لا، لاؤ، (۲)یقین، ایمان، بیشک
آورتا ... آورت:پیٹ کی بڑی شریان، ام الشرائین
آورد:آوردن سے ماضی مطلق، لایا۔
آورجہ:نقدی کا رجسٹر، کھاتا، روکڑ۔
آورد گاہ:میدان کارزار۔
آوردن:لانا۔
باز آوردن:واپس لانا۔
بجا آوردن:کام بجا لانا، فرض انجام دینا
بدست آوردن:حاصل کرنا۔
بر آوردن:اوپر اٹھانا، پورا کرنا۔
خواہش اورابرآوردم:میں نے اس کی خواہش پوری کردی۔
آوردنی:جس چیز کے لانے کی توقع ہو۔
آوردہ:لائی ہوئی چیز۔
آورسر:سیارہ، وہ جرم فلکی جو حرکت کرتا ہے مثلاً مشتری
آورندہ:لانے والا۔
آورد گاہ:رزمگاہ، میدان کارزار۔
آوریدن:لانا۔
آوند:برتن، کوزہ، جام
آوندی:پینے کا برتن، کوزہ، جام
آونگ:(۱)کھرل، ہاون (۲) رسی جس پر سوکھنے کے لیے کپڑے لٹکائے جاتے ہیں۔
آونگان:لٹکا ہوا کپڑا۔
آوہ:آوخ۔

آویختگی: لٹکنا، زیر غور ہونا، التوا۔
آویختن: لٹکانا، ملتوی کرنا۔
آویختہ: لٹکا ہوا، ملتوی کیا ہوا۔
آویز: التوا میں رکھا ہوا۔
آویزان: لٹکا ہوا، ملتوی کیا ہوا۔
آویزاندن: آویزانیدن، لٹکانا۔
آویزش: آویختگی، لٹکنا۔
آویزہ: (۱)لٹکتی ہوئی چیز، گوشوارہ (۲)خواتین کے کانوں کا ایک زیور (۳)ضمیمہ۔
آہ: کلمہ افسوس، حیف۔
آہ کشیدن: آہ بھرنا، افسوس کا اظہار ہونا۔
آہار: میدے وغیرہ کی لیئ جو پکا کر کاغذ اور وصلیوں پر پھیرتے ہیں، کلف جو کپڑوں کو لگاتے ہیں
آہاردار . . . آہار زدہ: کپڑا جس پر کلف لگی ہو۔
آہختن: آہیختن، کھینچنا، باہر نکالنا۔
آہختہ: آہیختہ، باہر نکالا ہوا، کھینچا ہوا
آہرمن: آہرمن، شیطان۔
آہستگی: آہستہ سے، ہولے ہولے، دھیما پن، ملائمت، نرمی، نرم خوئ
آہستہ: سہج سے، نرمی سے، ملائمت سے
آہک: چونا۔
سنگِ آہک: چونے کا پتھر۔
آہک پز: چونے کو پکانے والا۔
آہک پزی: چونے کو پکانے کا عمل۔
آہکش: آہیں بھرنے والا۔
آہمند: جھوٹا، گناہگار، عیب دار۔
آہن: لوہا، حدید۔
آہن دلی: سخت دلی۔
آہن ذوب کن: لوہے کو پگھلانے والا۔

آہن ربا: مقناطیس، چمبک، چمبک پتھر۔ مثال:

جاذبہ در دلم نہ کہ کم ازسنگ نیست
ای کہ بسنگی دھی جذبہء آہن ربا

میرے دل میں بھی کھینچنے کی قوت عطا فرما دیجیے۔ آپ نے تو پتھر کو بھی ایسی قوت بخشی ہے جو لوہے کو اپنی طرف کھینچ لیتی ہے۔
آہنجہ: پارچہ بافی کا آلہ۔
آہن ریز: لوہے کو ڈھالنے والا۔
آہن ریزی: لوہے کی فاؤنڈری کا کام۔
آہن ساز: لوہے کا کام کرنے والا۔
آہن سازی: لوہے کا کام کرنا۔
آہنِ سرد کوبیدن: قوت اور وقت کو ضائع کرنا۔
آہنگ: نغمہ، الاپ، نوا، آواز، سر، مثال:

ندانم گرچہ آہنگِ عرب را
شریکِ نغمہ ہائ سار بانم

میں نوائے عرب کا شناسا تو نہیں ہوں لیکن ساربان جو مجھے ساتھ لیے جارہا ہے۔ اس کے نغموں میں شریک ہوں۔
آہنگ: ارادہ، قصد۔
آہنگ راہ کن: چلنے کا ارادہ کرو۔
چوآہنگ رفتن کند جان پاک: جب جان پاک بدن کو چھوڑنے کا ارداہ کرتی ہے۔
آہنگر: لوہار۔
آہنگر خانہ: جہاں لوہے کا کام کیا جاتا ہے۔
آہنگی: موسیقی کی سر کے متعلق۔
آہنگیدن: آواز لگانا، گانا۔
آہنی: آہنیں، لوہے کا بنا ہوا۔
آہنین پنجہ: زوردار پنجہ۔
آہنیں جگر: ظالم، ستمگار۔
آہنین کرسی: (۱)سندان، اہرن جس پر لوہار لوہا

کوٹتے ہیں

آھُو: غزال، ہرن ۔

آھُو: (۱) غلطی، عیب، بُرای، نقص (۲) بلند آواز، چیخ

آھوبرَہ: ہرنی کا بچہ ۔

آھو پا(ی): تیز قدم، تیز رفتار ۔

آھوُ دل: نرم دل ۔

آھوُ دلی: نرم دلی ۔

آھوُری: رایٔ، خردل ۔

آھوُ فخَند: جو ہرن کی طرح جست وخیز کرے ۔

آھومَند: عیب دار، ناقص ۔

آھُون: نقب، زیر زمینی راستہ، غار، رخنہ ۔

آھُون بر: نقب زن

آھِیانہ: کاسہ سر، کھوپڑی ۔

آئت: (ع) علامت، نشان، وہ گول نشان جو قرآن مجید کے جملے ختم ہونے پر لگے ہوتے ہیں ۔

آئت الله: (ع) الله تعالی کی نشانی، الله تعالی کا ثبوت، مظہرحق ۔

آئنَہ: آئینہ ۔

آئنہ وار: آئینے کی طرح صاف بیانی

آئنہ زدا: آئینہ پرداز، آئینے کو پالش کرنیوالا ۔

آئنہ سکندری: کہا جاتا ہے کہ ارسطو نے سکندر کے لیے ایک ایسا آئینہ بنایا تھا جس میں دنیا بھر کے حالات نظر آتے تھے۔

آئنہ سنگ بلور: شفاف آئینہ ۔

آئنہ کار: آئینوں سے سجاوٹ کرنے والا ۔

آئیِن: قانون، قاعدہ، ضابطہ، دستوارالعمل ۔ مثال:

ھزار آفرین برمن و دینِ من
کہ مُنعم پرستیست آئینِ من

ہزار آفرین مجھ پر اور میرے دین پر یعنی میں اور میرا دین ہزار آفرینوں کے مستحق ہیں کیونکہ نعمتیں کرنے والے (پروردگار) ہی کی پرستش میرا فرض عین ہے

آئین نامہ: ضابطہ، دستوار العمل ۔

آئینہ: آئنہ ۔

آی: آمدن= آنا سے فعل امر، آؤ ۔

آی: آہ، کلمہ تاسف ۔

آیا: حرف استفہام، کیا، شاید، مگر نمی دانم آیا رفت یا نرفت ۔ مجھے معلوم نہیں وہ گیا ہے یا نہیں

آید: آمدن مصدر سے فعل حال

می آید: وہ آتا ہے یا وہ آتی ہے ۔

آیات: (ع) آیت کی جمع ۔ قران مجید کے پوزے جملے (۲) نشان، علامتیں ۔

آیزنَہ: بہنوی

آیِس: (ع) آنس، نا امید ۔

آیِش: مزروعہ زمین، درختوں پر پھل آنا ۔

آیشنَہ: جاسوس ۔

آیفت: حاجت، خواہش ، درخواست ۔

آیندہ: آنے والا وقت، مستقبل کا وقت ۔

زمانِ آیندہ: آنے والا زمانہ ۔

ا

ا: حروف تہجی کا پہلا حرف ۔ ابجد کے حساب سے اسکا ایک عدد ہے ۔ "الف" کسی اسم صفت میں شامل ہوکر اس کی لفظی اور معنوی حیثیت بڑھا دیتا ہے مثلاً خوشاکسیک ، خوش نصیب ہے وہ شخص کہ جو- «الف» کسی اسم کے آخر میں آئے تو وہ حرف ندا کے معنی دیتا ہے مثلاً «شاہا، کریما» اے شاہ، اے کریم- «الف» لفظ کے آخر میں فاعل کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے مثلاً دانا، بینا، جوُیا۔ لفظ کے آخر کا الف کبھی لیاقت کے معنی

دیتا ہے مثلاً خواندان سے خوانا (بہت پڑھا لکھا) لفظ کے آخر کا الف کبھی قسم کے معنوں میں آتا ہے مثلاً حقا، ربّا (حق تعالی کی قسم، رب کی قسم) عربی لفظ کے آخر میں کبھی تنوین کی صورت میں آتا ہے مثلاً یقیناً، قطعاً اصلاً وغیرہ- الف شعری ضرورت کی وجہ سے زائد کے طور پر آتا ہے مثلاً اُشتر بمعنی شتر مثال:

برتوکلْ زانوی اُشتر ببند

حضرت رسول کریم(ص) نے فرمایا تھا اللہ پر توکل کرو اور اونٹ کا گھٹنا باندھ دو ۔ اسکندر (سکندر)- الف بعض اوقات کسی لفظ کے درمیان آئے تو جمع کی صورت دے دیتا ہے مثلاً (تدابیر، تدبیر کی جمع)، تراکیب (ترکیب کی جمع) عناصر (عنصر کی جمع)وغیرہ

ا

اَب:(ع)والد (آباء جمع) ۔

آبا:شوربا، دم پخت شوربا ۔

اِباء:(ع)انکار، نامنظوری، صاف جواب

اِباء کردن:انکار کرنا، نا منظور کرنا ۔

از رفتن ابا کرد:جانے سے انکار کیا ۔

ابابیل:(ع)(۱) کلمہ جمع بغیر مفرد گروہ یا (۲) سیاہ رنگ کا ایک چھوٹا سا پرندہ جس کے سینے کے پر سفید ہوتے ہیں۔ ابرھہ جب اصحاب فیل کے ساتھ کعبہ پر حملہ کرنے کے لیے آیا تو ابھی وہ کچھ فاصلے پر ہی تھے کہ ابابیلوں نے سنگ ریزے مار مار کر اصحاب فیل کو وہاں سے بھگا دیا ۔

اَباحی:آزاد خیال لوگوں کے فرقہ کا فرد (ابا حیون جمع) ۔

اِباحَت:(ع)جائز قرار دینا

اَباریق:(ع)جام، پیالے، (ابریق کی جمع)

اَبازِیر:(ع)بزر کی جمع الجمع، وہ چیزیں جو غذا میں ڈالی جاتی ہیں، مثلاً کالی مرچ، دارچینی، زیرہ وغیرہ ۔

اِبارَۃ:(ع)ضائع ہونا، نیست و نابود ہونا

اَباشَۃ:(ع)لوگوں کا گروہ

اباض:(ع)رسی جس سے اونٹ کا گھٹنا باندھتے ہیں ۔

اَباضِیہ:خارجیوں کا گروہ جو عبداللہ بن اباض کے نام سے منسوب ہے ۔

اباطِیل:(ع)باطل کی جمع، بیہودہ باتیں، یاوہ گوئی

اَباعِد:(ع)ابعَد کی جمع، اقرب کا متضاد، دُور، بعید

اَباعَن جَدّ:(ع)نسلاً بعد نسلاً، آباؤ اجداد ، پشت در پشت ۔

اِباق:(ع)فرار اختیار کرنا، بھاگ جانا ۔

اَبالیس:(ع)جمع ابلیس ۔

آبام:قرض ۔

آبان:آبان، ایرانی سال کا آٹھواں مہینہ

اِبانَت:(ع) وضاحت، صفائی ۔

اَبت:(ع) گرمی، اُمس ۔

اِبتار:(ع)کاٹنا، قطع کرنا، کم کرنا، کوتاہ کرنا، کاٹ چھانٹ، قطع و برید

اِبتِداء:(ع)شروع ، آغاز

ابتدا کردن:آغاز کرنا، شروع کرنا ۔

اِبتِداع:(ع)ایجاد، تخلیق ۔

اِبتِداع کردن:کوئی نئی چیز تخلیق کرنا، ایجاد کرنا

اِبتدائی:شروع کی کوئی چیز ۔

اِبتِذال:(ع)بیہودہ خرچ کرنا، کھو دینا، مجازاً بے اختیاری، بے قدری، ہلکا پن، پستی

اِبتر:(ع)خراب خستہ ۔

اِبتِسام:(ع)تبسّم، ہنسی

اِبتِعاد:(ع)دوری اختیار کرنا ۔

اِبتِغا:(ع)خواہش، کسی چیز کی جستجو کرنا ۔

ابتکار:(ع)کوئی چیز بنانا، تخلیق کرنا، ایجاد کرنا

ابتلا:(ع)مصیبت، تکلیف

ابتلای سرما خوردگی:زکام کی تکلیف۔

ابتلاع:(ع)نگلنا۔

ابتناء:(ع)بنا ڈالنا، بنیاد قائم کرنا۔

ابتہاج:(ع) مسرت، خوشی، راحت، بہجت۔

ابتہال:(ع) آہ و زاری کرنا، کسی کو مدد کے لیے پکارنا۔

ابتیاع:(ع) خریدنا، خریداری کرنا۔

ابجد:حروف تہجی۔ مثلاً ا، ب ج، د۔

ابجد خوان:جس نے ابھی پڑھنے کی ابتدا ہی کی ہو۔

ابحاث:(ع)بحث کی جمع۔

ابحار:(ع)بحر کی جمع، دیکھیے بحر۔

ابخرہ:(ع)بخار کی جمع بخارات، بھاپ۔

ابخل:(ع)بخیل کی جمع، کنجوس۔

ابد:(ع)وہ زمانہ جس کی انتہا نہ ہو، دوام، ہمیشگی، ہمیشہ کے لیے۔

الی الابد:ہمیشہ کے لیے۔

ابداً:(ع)ہمیشگی، ہمیشہ کے لیے، ابدتک

ابداء:(ع) (۱)تخلیق (۲)آغاز، شروع۔

ابداع:(ع)تخلیق، ایجاد۔

ابداع کردن:تخلیق کرنا، ایجاد کرنا۔

ابدال:(ع)تبدیل کرنا، کسی چیز کو کسی دوسری چیز کے عوض لینا دینا۔

ابدال:(ع)بدل اور بدیل کی جمع، شریف، صالح نیکوکار لوگ، مردان خدا۔

ابدالاباد:(ع)ہمیشہ، جاویدان۔

ابدالدہر:(ع)ہمیشہ، جاویدان۔

ابدام: اندام، جسم۔

ابدان:(ع)(۱)بدن کی جمع (۲) خاندان، (۳)سزاوار، لائق

علم الابدان: جسمانیات کا علم، فزیالوجی۔(انگ)

ابدمدت:غیر فانی، ہمیشہ قائم رہنا، جاودانی۔

ابدی:(ع)دائمی، جاو دانی۔

ابدیت:(ع)ہمیشگی۔

ابر:بادل، اسفنج۔

ہوا ابراست:مطلع ابر آلود ہے، فضا پر بادل چھائے ہیں۔

ابراء:(ع)بری کرنا، نجات حاصل ہونا، بیماری سے نجات حاصل ہونا، قرض ادا کرنا، ذمہ داری سے عہدہ برآ ہونا۔

ابراج:برج کی جمع۔

ابرار:(ع)بَر کی جمع، نیک، معصوم، نیکو کار لوگ

ابرار:(ع)حق بجانب بات کرنا، معقول وجہ۔

ابراز:(ع)واضح کرنا، ظاہر کرنا، آشکار کرنا۔

ابرام:(ع)اصرار کرنا، استحکام، تصدیق، توثیق

ابراہیم:(ع)حضرت ابراہیم (ع) خلیل اللہ پیغمبر

ابرد:بہت زیادہ سردی

ابردست:سخی، فیاض۔

ابرش:(ع)داغدار، جس پر دھبے پڑے ہوں، سرخ رنگ کا گھوڑا جس پر سفید داغ ہوں

ابرشم:ابریشم، سلک۔

ابرص:(ع)جسے جذام یا برص کا مرض ہو۔

ابرکار:حیران، ششدر۔

ابرکا کیا:مکڑی کا جالا، تار عنکبوت۔

ابرکہن:ابرمردہ، اسفنج۔

ابرناک:چھایا ہوا بادل۔

ابر نجن: کنگن، چوڑی ، پہنچی، پائل، پازیب

اَبرُو: بھوں، بھوئیں بصورت جمع، پیشانی مثال:

ہمیشہ رہ لطف نتواں گرفت

بر ابرو فگن چین بہ ھنگام خویش

ہر حالت میں لطف و کرم کا راستہ اختیار نہیں کیا جاسکتا، کسی وقت پیشانی پر بل بھی آجانے چاہییں۔

ابرُو تراش کردن: ابرو درہم کشیدن: غصے میں آنا

ابرُوزدن: آنکھ جھپکنا، اشارہ کرنا، رضامندی ظاہر کرنا۔

ابرو صنام: بے روح۔

ابرو فراخی: کشادہ روی۔

ابرو کُشادن: خوشی کا اظہار کرنا۔

ابروگن: موچنا۔

ابرُون: سدا بہار پھول۔

ابرَھہ: ابرھہ بن صباح حبشی، اصحاب فیل کا سر کردہ جس نے خانہ کعبہ کے خلاف لشکر کشی کی تھی اور جسے ابابیلوں کی سنگ باری سے شکست ہوئی۔

اُبرِہ: آہو برہ، ہرنی کا بچہ، ہو نوتا۔

ابرہام: سرشت، طبیعت، فطرت۔

ابری: (۱) چھایا ہوا بادل (۲) کاغذ ابری۔

ابریز: خالص سونا۔

ابریشم: ریشم۔

ابریق: پانی پینے کا پیالہ، جام، قدح، جگ (اباریق جمع)

ابزار: آلہ۔

اَبسال: (ع) کسی چیز کو حرام قرار دینا۔

اَبصار: (ع) (۱) بصر کی جمع، (۲) آنکھیں (۳) دور اندیشی، ذکاوت۔

اَبصَر: (ع) صاحب بصیرت۔

اِبطا: (ع) دیر کرنا، تاخیر، کُندی، سستی۔

اَبطال: (ع) جمع بطل، دلیر۔ بہادر۔

اِبطال: باطل قرار دینا، بیفائدہ ہونا

اِبطال کردن: بیکار کر دینا، مٹا دینا۔

ابطَح: (ع) فراخ ندی۔ سیلاب کی گزر گاہ، مکہ معظمہ اور منیٰ کے درمیان ایک جگہ کا نام۔

ابطی: (ع) مددگار، سُود مند۔

اِبعاد: (ع) دور کرنا۔

اَبعاد: (ع) بُعد کی جمع، دور۔

ابعادِ ثلاثہ: (ع) علم ہندسہ میں طول، عرض اور گہرائی

ابغاض: (ع) بغض یا دشمنی رکھنا۔

ابغَض: مکروہ تر، شدید دشمن۔

اِبکا: (ع) رونا رلانا۔

اِبکار: (ع) صبح کرنا، صبح سویرے اٹھنا۔

اَبکار: (ع) بِکر کی جمع، دوشیزگان۔

اَبکَم: (ع) گونگا، زبان بستہ (بکم جمع)۔

اِبِل: (ع) اونٹ۔

اِبلاس: نا امید ہونا، مایوس ہونا، غمگین ہونا

اِبلاغ: (ع) اطلاع پہنچانا، سرکاری حکم بھیجنا۔

ابلاغی: جو اطلاع بہم پہنچائی جائے۔

اِبلاغیہ: سرکاری اطلاع یا نوٹس۔

اَبلَق: (ع) چتکبرا، سفید و سیاہ رنگ کی ہر چیز۔

ابلُوج: آبلُوج، سفید شکر، چینی، قند۔

ابلوگ: منافق، دوغلا۔

ابلہؔ: (ع)بے وقوف، احمق۔

ابلہانہ: حماقت کرتے ہوئے، بے وقوفی سے

ابلہی: بے وقوفی، حماقت۔

ابلیس: (ع)شیطان کا نام، رحمت خداوندی سے جو نا امید ہوا

ابلیسانہ: شیطنت سے، ابلیسی، شیطانی۔

ابن: (ع)بن، بیٹا۔

ابنُ السَّبِیل: مسافر، تہی دست، بیابان میں سے گزرنے والا۔

ابنُ الوقت: مطلبی، خود غرض، مقتضائے وقت پر عمل کرنے والا

ابنا: (ع) ابن کی جمع، بیٹے، اولاد۔

ابنای جہان: دنیا کے رہنے والے، افراد انسانی۔

ابنای زمان: ابنای عصر: معاصرین، ہم عصر۔

ابنا خون: قلعہ، حصار۔

ابنۃ: (ع)ابن کی مونث، بیٹی۔

ابن یامین: (ع)حضرت یعقوب(ع) کا فرزند، حضرت یوسف(ع) کا بھائی۔

ابنیہ: (ع)بنا کی جمع، عمارتیں۔

ابو: باپ۔

ابواب: (ع)باب کی جمع، دروازے۔

ابوابِ جمعی: جائیداد جو کسی کی نگرانی میں ہو، مالی ذمے داری۔

ابُوالبَشر: (ع)آدمیوں کا باپ، حضرت آدم (ع)۔

ابو بکر: (رض)حضرت رسول کریم (ص) کے خلیفہ اول۔

ابوالہَول: مصر کا ایک قدیم بہت بڑا مجسمہ۔

ابوان: (ع)ابَوین، ماں باپ۔

ابو تُراب: حضرت علی (رض) کی کنیت۔

ابَہ: اوبہ: خیموں میں رہنے والے۔

اِبہام: (ع)غیر واضح، پوشیدہ طور سے کہنا، کھول کر بیان نہ کرنا۔

ابہام: (ع)انگوٹھا۔

ابہّت: (ع)وقار، شان و شوکت، جاہ و جلال، بزرگی۔

ابہَر: بڑی شریان جو قلب کے بائیں طرف سے نکلتی ہے۔

ابہَل: (ع)ایک قسم کی نباتات جس سے تیل نکالا جاتا ہے، پہاڑی سرو

ابہی: (ع)روشن تر۔

ابی: (ع)میرا والد۔

ابیات: (ع)بیت کی جمع، اشعار۔

ابیاری: ایک قسم کا نازک کپڑا۔

ابیز: چنگاری نکلنا، برقی شرارہ نکلنا۔

ابیز: چنگاری، شرارہ۔

ابیَض: (ع)سفید، سفید رنگ۔

بحرابیض: سفید سمندر۔

نژاد ابیض: سفید فام نسل۔

ابیَن: (ع)واضح تر، روشن تر، آشکار تر۔

اپرا: غنائیہ۔

اپرا ہام: حضرت ابراہیم (ع)۔

اپرَ خیدہ: صاف، واضح، آشکار۔

اپشک: شبنم۔

اتا: (ت) باپ، والد۔

اتا بک: (ت)مُعزز باپ، مربّی۔

اتابکان: (۱)اتا بک کی جمع (۲) فارس کا ایک حکمران

خاندان۔ اور اس کے جانشین۔

آتان: (ع)گدھی۔

اتباع: (جمع تبع)، پیروکار، خدم و حشم، نوکر چاکر۔

اِتباع: (ع)پیروی، فرمان برداری۔

اِتحاد: (ع)اتفاق، دوستی، محبت، یگانگی۔

اِتحادی: جو باہمی اتحاد میں شامل ہو۔

اِتحادیہ: یونین، لیگ۔

اِتحاف: (ع)تحفہ تیار کرنا، تحفہ پیش کرنا۔

اِتّخاذ: (ع)قبول، اختیار، انتخاب۔

اِتْر: ایتھر، ایک رقیق بے رنگ شے جو الکلی اور تیزاب کی ترکیب سے پیدا ہوتی ہے۔

اِترار: زر شک، ایک قسم کا پودا جس میں زرد رنگ کے پھول اور چھوٹے چھوٹے سرخ رنگ کے پھل آتے ہیں۔

اُتراق: اوتراق، راستے میں مسافر کی شب بسری کا قیام

اُترج: تُرنج، چکوترا۔

اِتّساع: (ع)وسیع، کشادگی، پھیلاؤ۔

اِتّصاف: (ع)کسی صفت سے موصوف ہونا، کوئی صفت متعین کرنا، استعداد یا صفات بیان کرنا۔

اِتّصال: (ع)ملنا، پیوستہ ہونا، پیوستگی، ربطہ و تعلق۔

اِتّصال پیدا کردن: تعلق پیدا کردن۔

اِتصال دادن: ملانا۔

دستگاہِ اتصال: سوچ کا بورڈ۔

اِتصالاً: متواتر، مسلسل، لگاتار۔

اِتصالی: ملانے والا، جوڑ ملانے والا، ربط پیدا کرنیوالا۔

اِتعاب: (ع) تعب کی جمع کسی کو تکلیف میں مبتلا کرنا، رنجیدہ کرنا۔

اِتّفاق: (ع)ساز گاری، باہم موافقت، یک دلی، اتحاد۔

اتفاق آرا: متفقہ طور سے، بالاتفاق، اتفاق کرنا۔

اتفاق افتادن: پیش آنا۔

چہ اتفاق افتاد: کیا واقعہ پیش آیا، حسب اتفاق، اتفاقاً۔

اتفاقاً: اتفاق سے۔

اتفاقات: اتفاق کی جمع۔

اِتّقا: پرہیزگاری۔

اِتقان: (ع)یقین محکم کرنا، استوار کرنا۔

اتقیا: تقی کی جمع، پرہیز گار لوگ۔

اِتّکا: (ع)اعتماد، بھروسا، توکل، مثال۔

در شبِ تاریک غم کردہ بدر ماندگی
خاک نشیناں جُرم بر کرمت اِتّکا

غم کی اندھیری رات میں گنہگار خاک نشیں پریشانی کے عالم میں تیرے لطف و کرم پر بھروسا کیے ہوئے ہیں۔

اِتّکال: (ع)اعتماد، بھروسا، توکل کرنا۔

اتلاف: (ع)تلف ہونا، ضائع ہونا۔

اَتلال: (ع)تَل کی جمع، خاک کے بڑے بڑے تودے، ٹیلے۔

اتلس: اٹلس۔

اتم: ایٹم، ذرہ۔

اَتم: (ع)تمامتر، کامل تر۔

اِتمام: (ع)مکمل کرنے کا عمل، تکمیل۔

با تمام رساندن: مکمل کرنا، پایہ تکمیل تک پہنچانا۔

با تمام رسیدن: مکمل ہونا۔

تمی: ایٹم سے متعلق، اٹامک۔

اتو: استری۔

اتو بیو گرافی: خود نوشت سوانح حیات

اتو بوس: بس، لاری وغیرہ۔

اتو موبیل: موٹر کار

اِتّہام: (ع) تُہمت لگانا۔

اِتّہاماً: تُہمت کے طور سے

اتہامی: تُہمت پر مبنی۔

اِتیان: (ع) لانا، انجام دینا۔

اثاث: (ع) سازو سامان، اسباب خانہ۔

آثاثُ البَیت- اثاثیہ: گھر کا سازو سامان۔

اثبات: (ع) ثابت کرنا، ثبوت۔

اثبات کردن: ثابت کرنا۔

اثر: (ع) نشان، پتا، کھوج۔

اثرپا: پاؤں کا نشان۔

اثرپذیر: اثر خیز، اثر قبول کرنے والا۔

اثقال: (ع) ثقل کی جمع، بوجھ، بار، بار گراں۔

اِثم: (ع) گناہ۔

أثما: (ع) اثیم کی جمع، گناہگار بصورت جمع۔

أثمار: (ع) ثمر کی جمع، پھل، میوہ۔

اثمان: ہشتم، آٹھواں۔

اثمَہ: (ع) گناہگاران، آثیم جمع

اِثنا: (ع) درمیان، بیچ۔

اِثنا عَشَر: (ع) بارہ۔

اِثنا عشَری: (ع) بارہ اماموں کو ماننے والے، اہل تشیع

اِثنَین: (ع) دو۔

اثنیہ: (ع) مدح، ستایش۔

اثواب: (ع) ثوب کی جمع، کپڑے۔

اثیر: (ع) عالی، بلند، برگزیدہ، مکرم، نیز ہوا و فضا۔

اثیم: (ع) گناہگار (اثما جمع)

اِجابت: (ع) منظوری، گذارش کی منظوری، مثال:

بترس از آہِ مظلوماں کہ ہنگام دعا کردن
اجابت از در حق بہر استقبال می آید

ستم رسیدہ آدمیوں کی آہ سے ڈرو کہ حق تعالی کی بارگاہ سے دعا کی قبولیت اس کا استقبال کرتی ہے۔

اِجابت کردن: التجا سننا، گزارش کو منظور کرنا۔

اِجارت: اجارہ، ذمّہ، کرایہ، ٹھیکہ۔

اِجارہ: (ع) کرایہ، ٹھیکہ۔

اِجارہ دادن: ٹھیکے پر دینا۔

اجارہ کردن: کرائے پر یا ٹھیکے پر دینا۔

اجارہ دار: ٹھیکہ دار۔

اجازت: اجازہ: (ع) منظوری، رخصت۔

اجازہ نامہ: لائسنس، سرٹیفکیٹ۔

أجاق: (ت) آتشدان

اجاہر: غوغا طلب اوباشوں کا گروہ۔

اجانب: (ع) اجنبی کی جمع، غیر ملکی، بیگانگان۔

اِجبار: (ع) جبر، دباؤ، مجبوری سے - بہ اجبار، مجبوراً۔

اِجباراً: (ع) مجبوراً۔

اِجباری: لازمی، ضروری۔

نظام اجباری: لازمی فوجی ملازمت۔

اِجتِبا: (ع) انتخاب کا عمل۔

اِجترا: (ع) جرات، شجاعت، دلیری۔

اِجتِذاب: (ع) جذب کرنا۔

اِجتِماع: (ع) مجلس، اکٹھ، ہجوم

اجتماعاً: سب مل کر، مجموعی طور سے۔

أجتماعی: معاشرتی۔

اجتِنا: (ع) پھل چننا، درخت سے پھل توڑنا

اِجتِناب: (ع) پرہیز، دُوری اختیار کرنا

اِجتِہاد: (ع) کوشش، نئی بات پیدا کرنے کی کوشش، کسی

مذہبی امر میں تاویلات و تحقیقات سے کام لینا۔

اجتہاداً: اجتہاد کے طور سے۔

اجتیاز: (ع)عبور کرنا، گزرنا۔

اجحاف: (ع)غیر منصفانہ، ظلم و جبر، ستم کرنا، حد اعتدال سے تجاوز۔

اجحاف کردن: غیر منصفانہ سلوک کرنا، ظالمانہ روش اختیار کرنا۔

اجداد: (ع)جد کی جمع، دادا، پردادا، اسلاف۔

اجدادی: (ع)آباؤ اجداد سے نسبت۔

اجدّع: (ع)جس کی ناک کٹی ہو۔

اجرا: (ع)جاری کرنا، دستور کو عمل میں لانا۔

اجرای قانونی: قانون کو عمل میں لانا۔

مامور اجرا: قانون کو عمل میں لانے کا حکم دینے والا۔

اجراس: جرس کی جمع، گھنٹیاں۔

اَجرام: (ع)جرم کی جمع، ستارے سیارے۔

اجرام فلکی: آسمان کے ستارے سیارے۔

اُجرت: کام کی مزدوری،

اجزا: (ع)جزو کی جمع، حصّے۔

اجساد: (ع)جَسَد کی جمع، اجسام۔

اجسام: (ع)جسم کی جمع۔

اجفان: (ع)جفن کی جمع، آنکھوں کی پلکیں۔

اجَل: (ع)موت، اختتام زندگی کا مقررہ وقت۔

اجَل رسیدہ: جسے موت آگئی۔

اجل معلّق: ناگہانی موت۔

اجلّ: (ع)جلیل کی تفضیل کل، جلیل ترین۔ بہت بڑا، بہت معزز۔

اجلّ علمای عصر بود: وہ اپنے وقت کا بہت بڑا عالم تھا۔

اِجلا: (ع)ملک بدر، وطن سے دور ہوجانا۔

اجلاد: (ع)جلد کی جمع۔

اِجلاس: (ع)جلسہ، جلسہ کرنا، مل بیٹھنا، تبادلہ خیال کے لیے اجتماع

اجلاسیہ: اجلاس سے متعلق۔

اجلاف: (ع)جلف کی جمع، فرومایہ لوگ۔

اجِلّہ: (ع)بزرگ لوگ، نامور، اچھی شہرت والے، جمع جلیل۔

اجماع: (ع)جمع ہونا، یک رائے ہونا، ہم آواز ہونا۔

بالاجماع: جمعیت کے طور پر۔

اِجمال: (ع)اختصار۔

بالاجمال: مختصر طور سے۔

اجمالاً: (ع)مختصراً

اجمالی: (ع)مختصر

أجمَعِین: (ع)جمع الجمع، سب، تمام۔

رحمۃ اللّٰہ علیہم اجمعین: خدا اُن سب پر رحم کرے۔

اجمَل: (ع) جمیل کی تفضیل کل، خوبصوت ترین، زیبا ترین۔

اجناس: جنس کی جمع۔

اجنَب: (ع) اجنبی۔

اجنبی: بیگانہ، غیر، غیر ملکی، جس کی کسی کو جان پہچان نہ ہو۔

اجنبیت: بیگانگت، غیریت۔

اجنحہ: (ع) جمع جناح، دست و بازو۔

اجواد: (ع) جواد کی جمع، سعادت مند لوگ، سخی لوگ۔

اجُوبہ: (ع) جمع جواب۔

اجُور: (ع) جمع آجر، پختہ اینٹیں۔

اجوَف: (ع) جوف دار، بیچ میں سے خالی، کھوکھلا

اجہار: (ع) آواز بلند کرنا، اونچی آواز میں پڑھنا۔

اجہَل: (ع) بہت بڑا جاہل، جاہل کی تفضیل کل۔

اجیر: (ع) مزدور، کارکُن۔

اجیرانہ: مزدوری پر۔

اجیری: مزدوری

احادیث: (ع) حدیث کی جمع، حضرت رسول کریم(ص) کے اقوال۔

اِحاطہ: (ع) گھیرا، چار دیواری، حاوی۔

بر این علم احاطہ دارد: اس علم پر وہ حاوی ہے۔

احاطہ کردن: گھیرنا، محاصرہ کرنا۔

اِحالہ: سپرد کرنا، کسی دوسرے کو دینا

احِبّا - احباب: (ع) حبیب کی جمع، دوست، رفیق۔

احبار: (ع) دانشمند لوگ، یہودیوں کے روحانی پیشوا۔

احبال: (ع) حبل کی جمع، رسیاں۔

اِحتِباس: (ع) حبس میں، قید میں، زندان میں ہونا۔

احتجاج: (ع) حجت لانا، دلیل پیش کرنا، کسي امر کے خلاف آواز اٹھانا۔

اِحتِذار: (ع) عذر کرنا، بچاؤ، احتیاط کرنا۔

اِحتِراز: (ع) پرہیز۔

از این کار باید احتراز کرد: اس کام سے پرہیز کرنا چاہیے

اِحتِراس: (ع) اپنے آپ کو محفوظ کرنا، چیزوں کی نگہداشت کرنا

اِحتراق: (ع) جلنا، آتش زنی

قابِل احتراق: آتش پذیر، بھڑک اٹھنے والا مادہ۔

اِحتِرام: (ع) عزت، حرمت، ادب۔

با کمال احترام معروض می دارد: نہایت ادب سے گذارش کرتا ہوں۔

احترامِ کسی را نگہداشتن: کسی کے احترام کو ملحوظ رکھنا۔

احترام فائقہ را تقدیم میدارد: ادب و احترام کے ساتھ آپ کا مخلص (کسی خط یا تحریر کے خاتمے پر لکھا جاتا ہے)۔

احتراماً: (ع) احترام کے ساتھ۔

اِحتِساب: (ع) حساب لگانا، اندازہ لگانا، تخمینہ لگانا۔

مامورِ احتساب: میونسپل ایجنٹ جو مالیات کا حساب لگاتا ہے

اِحتِشام: (ع) عزت، حشمت۔

اِحتِضار: (ع) حاضر ہونا، دم مرگ ہونا، وقت نزع ہونا۔

اِحتِقار: (ع) حقیر سمجھنا۔

اِحتِقان: (ع) حقنہ کرنا

اِحتِکار: (ع) ذخیرہ کرنا، زیادہ منافع حاصل کرنے کے لیے چیزوں کو جمع رکھنا، ذخیرہ اندوزی

احتکاری: ذخیرہ اندوزی سے گران نرخ پر چیزیں فروخت کرنا۔

اِحتِکاک: (ع) رگڑنا، ملنا۔

اِحتِلام: (ع) بد خوابی ہونا، نیند کی حالت میں انزال ہونا۔

اِحتِماء: (ع) پر ہیز کرنا، ضرررساں چیزوں سے پرہیز کرنا۔

اِحتِمال: (ع) شک، گمان، امکان۔

احتمالاً: (ع) ممکن، شاید۔

اِحتِوا: (ع) شامل کرنا، شمار کرنا، مشتمل ہونا۔

اِحتِیاج: (ع) ضرورت، حاجت۔

احتیاج آنی: فوری ضرورت۔

احتیاج بہ آمدن او نیست: اس کے آنے کی ضرورت نہیں

اِحتیاط: (ع) دیکھ بھال، پرہیز، دور بینی، پیش بینی۔

احتیاط کار: احتیاط کرنے والا۔

احتیاط کاری: احتیاط کرنا۔

اِحتِیال:(ع) حیلہ، فریب، مکر

اَحجار:(ع) حجر کی جمع، پتھر، چٹانیں۔

اِحجام:(ع) کام چھوڑ دینا، بد دل ہو جانا۔

اَحَد:(ع) ایک، یکتا، یگانہ (جمع احاد)۔

اِحداث:(ع) تخلیق، ایجاد، مثال۔

جامی چو در تلاطم بحر قدم فتاد

فارغ شد از تموّج احداث کائنات

جامی جب سے بحر ازل کے تلاطم میں گرا ہے اس وقت سے کائنات میں ہونے والے نئے حادثات سے وہ بے نیاز ہو گیا ہے۔

احداث کردن:ایجاد کرنا

احداث:(ع) حادثہ کی جمع، مصائب۔

احداث الدہر:مصائب زمانہ۔

احدَب:(ع) کبڑا، قوز پُشت۔

احدوثہ:(ع) کہانی، بیان، خبر۔

احدیّت:(ع) یک جہتی، اتفاق و اتحاد، یکتائی، یگانگی۔

اِحراز:(ع) حاصل کرنا، حفاظت کرنا۔

مقام ار جمندی احراز کرد:اس نے اپنے بلند مقام کی حفاظت کی۔

اِحراق:(ع) جلتا ہوا۔

اِحرام:(ع) حج کے موقع پر باندھنے والا کھلا سفید لباس۔

احرام بند:احرام باندھے ہوئے۔

اَحزاب:(ع) حِزب کی جمع، جماعتیں، پارٹیاں (۲) کتاب کے ابواب۔

احزان:(ع) حُزن کی جمع، غم و اندوہ، مصیبتیں۔ مثال:

کلبہ احزان شود روزی گلستان غم مخور

یوسف گم گشتہ باز آید بہ کنعان غم مخور

غم و الم کا یہ مسکن ایک دن چمن زار بن جائیگا غم نہ کر یوسف جو وطن چھوڑ کر گیا تھا وہ واپس آ جائیگا غم نہ کر۔

بیت الاحزان:مصیبتوں اور آفتوں کا مقام۔

اِحزان:(ع)حُزن کی جمع، غم و اندوہ۔

احزَم:(ع) بہت دانا، دور اندیش۔

اِحساس:(ع) محسوس کرنا، جذبہ۔

احساس سرما خوردگی می کنم:مجھے زکام محسوس ہو رہا ہے۔

احساس کردن:محسوس کرنا۔

احساساتی:جذباتی۔

اِحسان:(ع) نیکی، مروّت۔

احسان کردن:نیکی کرنا، مروت کرنا۔

الاحسان بالا تمام:جب کسی پر احسان کرو تو پوری طرح کرو۔

احسن:(ع) بہترین، بے حد خوبصورت۔

بوجہ احسن:بہترین طریقے سے۔

احسَنت:(ع) کلمہ تحسین، شاباش۔

احسَنتا:(ع) وراثت۔

اَحشاء:(ع) حشا کی جمع، جسم کے اندرونی حصے، دل، جگر وغیرہ۔

اِحصائیہ:(ع) آمار، شماریات، مردم شماری

مامور احصائیہ:شماریات کے کام پر مامور۔

اِحصان:(ع) (۱) استوار کرنا، نظر رکھنا، (۲) شادی کرنا (۳) پرہیزگاری، پاکدامنی

احضار:(ع) بلانا۔

احضار کردن:حاضر ہونے کےلئے بلانا۔

احضاریہ:حاضر ہونے کا حکم۔

احفاد:(ع) حفید کی جمع، پوتے، نواسے وغیرہ، اولاد۔

احَق:(ع) زیادہ حق دار، شایستہ تر۔

احقاد:(ع) کینہ، رکھنا۔

اِحقاق: حق ہونا، حق جاننا، کسی معاملے کی سچائی کے لیے جستجو کرنا، حق کا مطالبہ کرنا۔

اِحقاق کردن: سچائی معلوم کرنا۔

احقَر: (ع) حقیر تر، عاجز تر۔

احکام: (ع) حکم کی جمع، فرامین

احکَم: بہت زیادہ دانشمند۔

احلا: بہت میٹھا

اِحلاف: (ع) حلف لینا، قسم دینا

اِحلاف: عہد، پیمان۔

اَحلاف: (ع) حلال کرنا، حلال قرار دینا۔

احلام: (ع) حلم کی جمع، خواب، شیطانی خواب۔

احلی: (ع) زیادہ میٹھا۔

اِحلیل: (ع) مخرج پیشاب، منفذ پیشاب۔

اِحماض: (ع) ترش مزہ۔

اِحمال: (ع) بوجھ، جمع حمل۔

احمد: (ع) حمید کی تفضیل بعض یعنی پسندیدہ تر۔ بہت نیک، قابل تحسین، حضرت رسول کریم (ص) کا اسم مبارک۔

شرح احمدی- شرح محمدی: حضرت رسول کریم(ص) کی شریعت

احمَر: (ع) سُرخ۔

بحیرہ احمر: ریڈ سی (انگ)۔

اِحمرار: (ع) جو سرخ ہو رہا ہو، سرخی۔

احمَض: (ع) ترش مزہ۔

احمق: (ع) بے وقوف، بے عقل، بے شعور۔

احمقانہ: بے وقوفی سے۔

احمقانہ رفتار کرد: اس نے بے عقلی کا طریقہ اختیار کیا۔

احمقی: حماقت۔

احنَف: (ع) جس کا پاؤں ٹیڑھا ہو، کج پا۔

احوال: (ع) حال کی جمع،

احوال شماچه طور است: آپ کے مزاج کیسے ہیں۔

احوال پُرسی: کسی کے حالات پوچھنا، مزاج پرسی کرنا

احوَر: (ع) خوبصورت آنکھوں والا۔

احوَط: (ع) با احتیاط، محتاط۔

احوَل: (ع) بھینگا، کج چشم۔

اِحیاء: (ع) زندہ ہونا، حیات تازہ ملنا۔

احیا کردن: صحت یاب ہونا۔

اَحیان: (ع) حین کی جمع، زمانے، اوقات۔

اَحیاناً: (ع) اتفاقاً، گاہے بگاہے، اتفاقی، کبھی کبھار، وقتاً فوقتاً۔

احیَل: (ع) بڑا حیلہ گر، فریب کار۔

اخ: (ع) بھائی (اخوان جمع)۔

اخ: کلمہ افسوس، آہ، کبھی کلمہ تحسین کے طور پر بھی اخ بولنے میں آتا ہے

اِخاء: (ع) اخوت، بھائی چارہ کرنا، برادری کرنا۔

اَخاذ: (ع) سخت گیر۔

اخاذی: دباؤ ڈال کر رقم وصول کرنا، رشوت۔

اِخافہ: (ع) (خوف سے) ڈرانا، تنبیہ کرنا۔

اخباث: (ع) خبیث کی جمع۔

اخبار: مطلع کرنے کا عمل۔

اخبار کردن: مطلع کرنا۔

اخبار: (ع) خبر کی جمع، روز نامہ۔

راویان اخبار: خبریں پہنچانیوالے، کہانیاں سنانے والے، تاریخ دان۔

اخبار نویس: اخبار میں خبریں لکھنے والے۔

اخباری: اخبار سے متعلق۔

اخبث:(ع) بڑا خبیث۔

اُخت:بہن، ہمشیرہ، خواہر (اخوات جمع)۔

اِختبار:تجربہ، کسی چیز کا اچھی طرح علم ہونا۔

اِختتام:(ع) خاتمہ، کسی چیز کا ختم ہونا۔

اختتام پذیرفتن:ختم ہونا۔

اِختتان:(ع) ختنہ کرنا۔

اختر:ستارہ۔

نیک اختر:اچھے ستارے یا نصیب والا

اختر شمردن:تارے گننا، رات بھر جاگنا۔

اختر شناس:منجّم۔

اختر شناسی:نجوم، علم ہئیت کا جاننا۔

اخترکاویان:دِرَفش کا ویان، علم جو کاوہ لوہار سے منسوب ہے جس نے یہ علَم ضحاک کے خلاف اٹھایا تھا۔

اِختراع:(ع) ایجاد۔

اِختراق:(ع) (خرق سے) پھٹنا، ٹکڑے ہونا۔

اِخترام:کاٹنا، جڑ سے اکھیڑنا۔

اختر ستان:علم ہئیت کی کتاب۔

اختر ضمیر:ذہین، زیرک، دانا۔

اختری:ستارے سے متعلق۔

اِختزاع:(ع) الگ کرنا، پھاڑ دینا۔

اِختزال:(ع) (۱) کاٹ دینا، الگ کرنا (۲) رائے کے اظہار میں تنہا ہونا۔

اِختصار:(ع) بات کا مختصر کرنا۔

اختِصار کردن:مختصر کرنا۔

اختصاراً:(ع) مختصر طور سے۔

اِختِصاص:(ع) کسی کے لیے مخصوص ہونا۔

اختِصاص دادن:خصوصیت دینا

اختصاصاً:(ع) خصوصیت سے۔

اِختِصام:(ع) دشمنی، خصومت۔

اِختِطاف:لے جانا۔

اِختِفا:(ع) چھپانا، مخفی کرنا، پوشیدہ کرنا۔

اِختِلاج:(ع) دھڑکن، تحرک جیسے اختلاج قلب، دل کا دھڑکنا۔

اِختِلاس:(ع) روپیہ یا مال لینا، رشوت لینا، غبن۔

اختلاس کردن:رشوت لینا، غبن کرنا۔

اِختِلاط:(ع) میل جول۔

اختلاط کردن:میل جول کرنا۔

اِختِلاف:(ع) فرق، مختلف ہونا۔

باہم اختلاف می کنند:اُن کا خیال ایک دوسرے سے مختلف ہے۔

عقیدہ او با عقیدہ من اختلاف دارد:اس کا عقیدہ میرے عقیدے سے مختلف ہے

اِختِلال:(ع) عدم توازن، خلل واقع ہونا، تباہ ہونا، درہم برہم ہونا۔

اِختِناق:گلے کی تکلیف، خناق ہونا، گلا گھٹنا۔

اختہ: خسّی:جس کے خصیے نکالے گئے ہوں۔

اختیار:(ع) آزادانہ روش، دخل، طاقت، حق، (اختیارات جمع)

اختیار تام باو دادند:اسے تمام حقوق دے دیے گئے۔

اختیاراتِ رئیس مالیہ:مالیات کے صدر کے حقوق و اختیارات۔

اختیاری:انتخابی جو لازمی نہ ہو۔

اخثَم:(ع) چوڑی ناک والا، جس کی ناک چوڑی اور موٹی ہو۔

اخجَستہ:آستان، درگاہ۔

اخجَہ:سونے یا چاندی کا سکہ۔

اخدر: (۱) شب تاریک، اندھیری رات (۲) برادر زادہ، خواہر زادہ

اخدَع: (ع) بہت زیادہ مکر و فریب کرنے والا

اخذ: (ع) لے لینا، اقتباس کرنا۔

اخذِ تماس: قریب ہونا، ربط پیدا ہونا

اِخراج: (ع) نکال دینا۔

اخرَب: (ع) خراب تر

اخرَس: (ع) گونگا، بے زبان۔

اخرُوش: شور و غوغا۔

اُخروی: (ع) عالم آخرت سے متعلق۔

اخریان: چیزیں، ساز و سامان، متاع۔

اخَس: (ع) خسیس کی تفضیل کل، نہایت خسیس۔ فرومایہ تر، پست تر، خوارتر،

اخش: قیمت۔

اخشاب: خشب کی جمع لکڑیاں۔

اخشَم: چوڑی ناک والا، جس کی قوت شامہ کمزور ہو۔

اخشِیج: مخالف، ضد ہونا، بر عکس ہونا، (اخشیجان جمع)۔

اخَص: (ع) خاص کی تفضیل کل۔

اِخصا: (ع) خصّی کرنا۔

اخضَر: (ع) سبز۔

اخطار: (ع) خطرے۔

اخطار: (ع) آگاہ کرنا، خبردار کرنا۔

اخطارِیہ: آگاہی کا حکم۔

اخَف: (ع) خفیف تر، سبک تر۔

اِخفا: (ع) چھپانا، مخفی کرنا، پوشیدہ رکھنا۔

اِخفاف: (ع) خفیف ہونا، شرمسار ہونا۔

اخفَش: (ع) جس کی آنکھوں میں بینائی کم ہو، کم نُور۔

اخفَض: (ع) پست تر، فرو تر۔

اخفیَہ: (ع) خفا کی جمع، پوشیدہ۔

اخگُوک: کچا پھل، نا رسیدہ پھل۔

اخگر: چنگاری۔

اخگل: جو یا گندم کے باریک خار جو سِٹوں پر ہوتے ہیں۔

اِخلا: (ع) خلوت

اِخلاص: (ع) خلوص، وفاداری، مثال:

دستِ امیدِما و آن سرِ زلف
روی اخلاص ما و آن کف پا

امید کا ہاتھ اور ان کی زلف تک، یہ کیسے ممکن ہے۔ ہمارے خلوص کا رخ اس کے کف پا کی طرف ہے۔

اخلاط: (ع) ملی ہوئی چیزیں، عناصر۔

اخلاطِ اربعہ: چار عناصر، صفرا، بلغم، سودا، خون۔

اخلاف: (ع) خلف کی جمع، اولاد، جانشین۔ (مخالف اسلاف)۔

اخلاق: (ع) جمع خلق، عادات واطوار۔

خوش اخلاق: جس کے عادات واطوار پسندیدہ ہوں۔

اخلاقاً: اخلاقی طور سے۔

اخلاقِیات: اخلاق سے متعلق۔

اخلال: (ع) (خلل سے) بے ترتیبی، خلل پیدا ہونا، نقصان پہنچنا۔

اخلَص: (ع) بہت زیادہ خالص۔

اخَم: (ع) ترش روی، منہ پھیر لینا، پیشانی پر بل آنا۔

اخمُو: ترش روی۔

اخمِہ: اخم۔

اخمہ رو: ترش رو۔

اخنَس: (ع) جس کے نتھنے نیچے کو دھنسے ہوں اور ناک اوپر کو اٹھی ہو۔

اخوات:(ع) اُخت کی جمع، بہینیں، ہمشیرگان۔

اخوال:(ع) خال کی جمع، تل بصورت جمع۔

اِخوان:(ع) حقیقی بھائی، مثال:

از حاجتِ اخوان نسزد تحفه یوسف

اینجا نرسد عرض تجمّل ہمه کس را

حضرت یوسف(ع) کے پاس لے جانے کے لیے تحفہ بھائیوں کی حاجت کے سوا کچھ نہیں یہاں ہر ایک کیلئے اپنی شان و شوکت کا اظہار کرنا زیبا نہیں (انھوں نے تو عجز و انکسار کا ذکر کیا تھا یہ نہیں کہ وہ حضرت یعقوب(ع) کے بیٹے پیغمبر کی اولاد ہیں)

اِخوان الزّماں:ہم عصر لوگ۔

اُخُوّت:(ع) برادری، بھائی چارا۔

اخوِی:(ع) برادری، اخوت۔

اخوَین:(ع) دو بھائی۔

اخی:(ع) میرا بھائی۔

اخیار:(ع) خیر کی جمع، نیکو کار لوگ۔

اخیاط:(ع) دھاگے۔

اخیر:(ع) آخر، آخری۔

اخیراً:آخر میں، آخر الذکر، جس کا ذکر بعد میں آیا ہے۔

ادا:ناز، کرشمه

اداء:(ع) دینا، انجام دینا۔

ادای دَین:قرض واپس دینا، تلافی کرنا۔

ادات:(ع) آلہ۔

اِدارت: کسی شعبے کا منتظم ہونا۔

اِدارہ:شعبہ، محکمہ۔

ادارہ شهر داری:بلدیه۔

ادارہ کردن:محکمے کا انتظام کرنا۔

آداک:جزیرہ۔

آدام:(ع) مدت میں اضافه۔

ادام اللہ:اللہ عمر دراز کرے۔ زندہ و پاینده رکھے۔

اِدامہ:(ع) طول دینا، مدت بڑھانا۔

ادانی:(ع) ادنی کی جمع، پست درجے کے لوگ۔

ادَب:(ع) (۱) تہذیب، طریقه، دستور۔ آداب جمع (۲) لٹریچر، نظم و نثر کی پہچان۔

ادب آموز:طالب علم، شاگرد، تعلیم و تہذیب سیکھنے والا۔

اُدَبا:(ع) ادیب کی جمع، اہل قلم۔

اِدبار:(ع) بد بختی، بد نصیبی (مقابل اقبال)۔

ادَبستان:دبستاں، پرائمری سکول۔

ادَبیّات:لٹریچر، علم ادب سے متعلق۔

اِد خال:(ع) داخل کرنا، اندرلے جانا۔

ادخِنه:(ع) دخان کی جمع، دھواں بصورت جمع۔

اِدرار:(ع) پیشاب۔

ادار کردن:پیشاب کرنا۔

اِدراک:(ع) عقل، فہم، سمجھ، شعور۔

اِدرام:پیوند لگانے والی سوئی۔

ادرَنگ:تکلیف، غم، تباہی، بربادی۔

اُدرہ:(ع) نزول، نزول الما۔

اِدِّعا:(ع) دعوی۔

ادِّعا کردن:دعوی کرنا۔

ادعا نامه:تحریری استغاثه

ادعِیہ:(ع) جمع دعا۔

اِدغام:(ع) شامل کرنا یا ہونا، کسی حرف کو مشدّد کرنا۔

ادَقّ:(ع) بہت مشکل، بہت دقیق۔

ادقه:دقیق کی جمع۔

ادَلّ:(ع) بہت منتیں کرنے والا۔

ادله:(ع) دلیل کی جمع۔

ادمان:(ع)کام ہمیشہ کرنا، لگاتار کام کرنا۔

ادمہ:جلد یا کھال سے متعلق۔

ادنا:نزدیک ہونا، آدنا دنٰی کی جمع، ادنی، خسیس، بخیل۔

ادنی:(ع) کم تر، پست تر۔

ادوات:(ع) جمع ادات، اوزار، ہتھیار۔

ادوار:(ع) دور کی جمع، عہد، زمانہ، وقت۔

ادویہ:(ع) دوا کی جمع۔

ادویہ فروش:دوائیں بیچنے والا۔

ادہان:(ع) دہن کی جمع۔

ادھان:(ع) خوشامد، چاپلوسی، ضرورت سے زیادہ تعریف کرنے والا۔

ادھم:(ع) سیاہ، سیاہ رنگ کا گھوڑا۔

ادیب:(ع) علم ادب میں دسترس رکھنے والا، اہل قلم۔

ادیبانہ:ادیبوں کے طریقے پر۔

ادیبہ:(ع) ادیب کی مونث۔

ادیم:(ع) کمایا ہوا چمڑا۔

اذابت: اذابۃ:(ع) پگھلانے کا عمل، حل کرنے کا عمل۔

اذاعت:(ع) ظاہر کرنا، فاش کرنا، راز ظاہر کر دینا، آشکار کرنا۔

اذاقت:(ع) کسی چیز کا مزہ چکھنا۔

أذان:(ع) آگاہ کرنا، نماز کی بانگ۔

اذخار:(ع) ذخیرہ کرنا، جمع کرنا۔

اذعان:(ع) اقرار کرنا، اعتراف کرنا، فرمان برداری

اذعان داشتن:مان لینا۔

اذغان کردن:اعتراف کرنا

اذفر(ع) بہت زیادہ خوشبودار۔

اذکار:(ع) یاد دہانی۔

اذکار:(ع) جمع ذکر۔

اذکیا:(ع) ذکی کی جمع، دانا، دانشمند، زیرک۔

اذلّ:(ع) ذلیل ترین۔ ذلیل کی تفضیل کل۔

اذلال:(ع) ذلیل کرنا، خوارکرنا۔

اذلہ:(ع) ذلیل کی جمع۔

اذن:(ع) اجازت، رخصت۔

اُذُن:(ع) کان کی جمع، آذان۔

اذناب:(ع) جمع ذنب، دُمیں۔

اذہان:(ع) ذہن کی جمع۔

اذیال:(ع) ذیل کی جمع۔

اذیّت:(ع) تکلیف، عذاب، آزار، رنج۔

اذیت کردن:تکلیف دینا۔

ار:اگر کا مختصر۔ مثال:

از دست تو شربت شیرین بچشیدم
یک شربت تلخ ار بچشم باک نیاید

میں نے آپ کے دیے ہوئے شیریں مشروب پئیے ہیں اگر ایک تلخ مشروب بھی پی لوں تو مضائقہ نہیں۔

ارابہ:چھکڑا، گاڑی۔

اراجیف:ارجاف کی جمع، افواہیں، غلط اطلاعیں۔

ارادت:(ع) عقیدت، دوستانہ تعلق، وفاداری، خلوص۔

با ارادت:عقیدت کے ساتھ۔

ارادتمند:مخلص، عقیدت مند، وفادار۔

ارادہ:قصد۔

اَرادہ:پہیہ۔

ارادی:ارادے کی رو سے۔

اراذل:(ع) ارذل کی جمع، ذلیل، کمینے، اوباش۔

اراضی:(ع) جمع ارض، زمینیں۔

اراضی بائیر:بنجر زمینیں۔

اراضی خالصہ:حکومت کی زمینیں۔

اراضیِ مُستَحدثہ: وہ زمینیں جو دریا کے پانی کے بہ جانے کے بعد خشک ہو جاتی ہیں۔

اراقہ: (ع) خون نکلنا، پانی یا کسی اور مائع چیز کا بہنا۔

ارامِل: (ع) ارمل کی جمع، بیوہ عورتیں، بیکس اور بینوا لوگ۔

ارامنہ: ارمنی، آرمینیہ کے باشندے۔

ارامونی: آر مینیہ کے رہنے والے۔

ارائہ: دکھانا، پیش کرنا۔

ارائہ: طریق، راستہ دکھانا۔

ارَب: (ع) حاجت، مقصود، غرض و غایت۔

ارباب: (ع) رب کی جمع، آقایان، صاحبان، مثال:

چو ارباب غرض لب راکشایند

نکوی را بزشتی می نمایند

غرض مند لوگ بات کرتے ہیں تو اس طرح کہ نیکی بدی کی صورت میں نظر آتی ہے۔

اربابِ بصیرت: عقل مند، ہنر مند۔

اربابِ سخن: سخنران، شعرا۔

ارباب فضل: دانشمند لوگ۔

ارباب قلم: مصنفین، اہل قلم۔

اربابی: کسی مالک سے متعلق۔

سہم اربابی: مالک کا حصہ

ارباح: (ع) رُبح کی جمع، سود۔

اربعہ: (ع) چار۔

اربعین: (ع) چالیس۔

اربو: امرود۔

اربودار: امرود کا درخت۔

اربیان: سمندری ٹڈیاں۔

آرتا: ملک، زمین۔

ارتِباط: (ع) تعلق، وابستگی، میل جول، ربطہ و تعلق۔

ارتباط دادن: میل جول پیدا کرنا، ربط و تعلق قائم کرنا۔

ارتِجاء: (ع) امید رکھنا، امید وار ہونا۔

ارتِجاع: (ع) اپنے حال پر واپس آ جانا، رجوع کرنا، رد عمل، رجعت پسندی، قدامت پسند ہونا، قدیمی حالات کی طرف مائل ہونا۔

ارتجاعی: (ع) قدامت پسند جو تبدیلی اوضاع کو پسند نہ کرے۔

ارتِجال: (ع) بغیر غور کیے شعر کہنا، فی البدیہہ شعر کہنا۔

ارتجالاً: (ع) فی البدیہہ، فوراً بغیر غور کیے کہنا۔

ارتَجَک: بجلی، رعد وبرق۔

ارتِحال: (ع) رحلت کرنا، کوچ کرنا، فوت ہو جانا۔

ارتِداد: (ع) مرتد ہو جانا، دین سے منحرف ہونا۔ گمراہ ہو جانا۔

ارتِداع: (ع) لوٹنا، واپس آنا، کام سے رک جانا۔

ارتِزاق: (ع) (رزق سے) روزی حاصل کرنا، اپنی کمائی سے گزر بسر کرنا۔

ارتِسام: (ع) رسم و آداب بجا لانا، حکم بجا لانا، امتیازی نشان پانا۔

ارتِش: فوج، لشکر، قشون۔

ارتِشا: (ع) رشوت۔

ارتِشا کردن: رشوت لینا۔

ارتشاً: رشوت کے طور سے

ارتِشاف: پینا، گھونٹ گھونٹ پینا۔

ارتشاران: فوج کا سالار۔

اِرتضا: خوش ہونا، پسند کرنا۔

اِرتضاع: (ع) دودھ پینا، بچے کا ماں کا دودھ پینا۔

ارتضاع کردن: بچے کو دودھ دینا۔

اِرتعاش: (ع) کانپنا، کپکپی ہونا۔

اِرتفاع: (ع) (۱) بلندی، (۲) حاصل زراعت۔

اِرتفاع کردن: بلندی معلوم کرنا۔

اِرتفاعاً: (ع) بلندی کے طور سے۔

ارتفاع سنج: بلندی ناپنے والا۔

اِرتفاق: (ع) (۱) دوستی کرنا، رفیق ہونا، خدمت کرنا (۲) کہنی کے بل لیٹنا۔

اِرتقا: (ع) ترقی، ترقی حاصل کرنا، اوج، صعود۔

اِرتقاب: (ع) نگہداشت، نگرانی، دیکھ بھال۔

اِرتکاب: (ع) انجام دینا، عمل کرنا، مرتکب ہونا۔

اِرتکاب کردن: مرتکب ہونا، کسی کام کے کرنے کا ذمے دار ہونا۔

اِرتکاذ: (ع) ذہن میں محفوظ رکھنا، قائم رکھنا، مرکوز کرنا ثبات و برقراری۔

اِرتماس: (ع) پانی میں غوطہ لگانا۔

اِرتہان: (ع) رہن کرنا، گروی کرنا، کچھ چیز حاصل کرنے کے لیے یا قرض لینے کےلیے قرض کی ادائیگی تک اپنا مال کسی کے سپرد کرنا۔

اِرتیاب: (ع) شک کرنا، کسی پر بدگمانی کرنا، تہمت لگانا۔

اِرتیاباً: شک کی نظر سے۔

اِرتیاح: (ع) آرام ہونا، راحت پانا، خوش ہونا۔

اِرتیشدار: فوج کا سپاہی، سوار فوجی۔

اِرث: (ع) وراثت، ترکہ۔

ارث بردن: وراثت ملنا۔

ارثاً: (ع) وراثت کے طور سے۔

ارج: قیمت، قدر و قیمت۔

ارّج: کہنی سے لے کر انگلی کے سرے تک کا فاصلہ

اِرجاع: (ع) رجوع کرنا، واپس آنا، لوٹنا، پھر کسی کے سپرد کام کرنا۔

اِرجاف: (ع) غلط افواہ پر غور خوض کرنا، جھوٹی خبر جو لوگوں میں اضطراب پیدا کردے۔

أرجَح: (ع) بہتر، خوبتر، برتر، مستحسن۔

ارجُل: (ع) بزرگ شخص۔

ارجمند: ذی مرتبہ، اقبال مند، عزیز و گرامی۔

دوست ارجمند: عزیز دوست۔

ارجمندی: سعادت مندی، اقبال مندی۔

ارجن: ارزن، باجرا۔

ارجوان: (ع) ارغوان، گلابی رنگ۔

ارجنگ: ارژنگ، مانی کی مصوری کی کتاب جو اس نے معجزے کے طور پر پیش کی۔

أر جُوزہ: بحر رجز میں کہا ہوا قصیدہ، میدان جنگ میں خود ستائی۔

ارچہ: اگرچہ۔ مثال،

تکیہ چو بر منعم خود کردہ ایم
غم نخوریم ار چہ کہ بد کردہ ایم

گو کہ ہم گنہگار ہیں لیکن ہمیں کوئی پریشانی نہیں کیونکہ ہم نے نعمتیں عطا کرنے والے پر بھروسا کیا ہے۔

أرحام: (ع) نزدیکی رشتے دار، جمع رَحِم۔

أرحم: (ع) رحم کی تفضیل کل۔

اَرحم الراحمین: انتہائی رحم کرنے والا، باری تعالی۔

اِرخا: (ع) نرم کرنا، ڈھیلا کرنا۔

ارد: (۱) غصہ، غضب (۲) تونگری، توانائی۔

اِرد: شمسی سال کے ہر مہینے کا پچیسواں دن۔

اَرداد: فریبی، مکار، حیلہ گر

اردب: جنگ و جدال۔

اردج: ایک قسم کا سدابہار صنوبری پودا جس کا تیل دوا کا کام دیتا ہے۔

اردشیر: ایران کے ایک قدیمی بادشاہ کا نام، لغوی معنی غضب ناک شیر۔

اردک: (ت) بطخ۔

اردَم: زرتشتوں کی کتاب زند کا ہر باب، نیز بمعنی پیشہ و ہنر، اچھا کام۔

اُردن: دریاے اردن

اُردن: ایک عرب ملک کا نام۔

اردنگ: پاؤں کی ٹھوکر مارنا،

اُردو: (۱) لشکر، کیمپ (۲) پاکستان کی قومی زبان۔

اردو بازار: فوجی کنٹین۔

اردو زدن: فوجی کیمپ لگانا۔

اردو گاہ: فوجی کیمپ۔

اردِہ: تل۔

اُردی بہشت: ایران کے شمسی سال کا دوسرا مہینہ، اس کے ۳۱ دن ہوتے ہیں ۔

اِرذال: (ع) پست تر لوگ، ذلیل لوگ، فرومایگان۔

ارز: قیمت، بہا، مبادلہ زر۔

ارز: (۱) ارزیدن سے فعل امر، قیمت لے لو۔ (۲) صنوبر کی قسم کا درخت۔

اُرُز: (ع) چاول، برنج۔

ارزاق: (ع) رزق کی جمع، روزی۔

ارزان: سستا۔

ارزان کردن: سستا کر دینا۔

ارزانی: سستا ہونا۔

ارزانی داشتن: منظور کرنا بخشنا، عطا کرنا۔

ارزانی فرمودن: بخش دینا۔

خداوند طفلی باو ارزانی فرمود: اللہ تعالی نے اسے بیٹا عطا کیا۔

ارزانی کردن: دے دینا۔

ارزِش: قیمت، اہمیّت۔

چندان ارزش ندارد: (اس کی) کوئی اہمیت نہیں۔

ارزن: باجرا

ارزَندِہ: جس کی اہمیت ہو۔

ارزندِگی: قدر و قیمت، اہمیّت۔

ارزنی: با جرے کا بنا ہوا (نان)

ارزنین: باجرے کی روٹی۔

ارزَہ: گچ، کاہگل۔

ارزہ گیر: عمارتوں میں گچ سے کام کرنیوالا۔

ارزیاب: تشخیص کرنے والا، قیمت معلوم کرنے والا۔

ارزیابی: تشخیص، قیمت معلوم کرنا۔

ارزیدن: قیمت پانا۔

این فرہنگ چند می ارزد؟: اس لغات کی کیا قیمت ہے؟

ارزِیز: سکہ، سرب، قلعی۔

ارژن: بادام کو ہی کا درخت جس کا پھل تلخ ہوتا ہے۔

ارژنگ: مانی کی بنی ہوئی تصویروں کا مجموعہ جو اس نے پیغمبر ہونے کے ثبوت میں بطور معجزہ پیش کیا تھا۔

ارس: آنسو۔

اُرس: روس، روسی

اِرساء: مضبوط کرنا، مستحکم کرنا۔

ارساء لنگر: جہاں جہاز۔ لنگر ڈالتے ہیں۔

اِرساغ: کلائی، ساعد، نیز نخنہ۔

اِرسال: (ع) بھیجنا۔

ارسال داشتن: بھیجنا۔

ارسالی: جو چیز بھیجنی ہو۔

ارسانیفُون: زر نیخ زرد، ایک قسم کی زہریلی چیز

ارسطاطالیس: حکیم ارسطو۔

ارسطو: حکیم ارسطو، سکندر اعظم کے نامور وزیر کا نام۔

ارسَلان: (ت) شیر، مجازاً شُجاع، دلیر۔

ارسَن: مجلس، انجمن، بزم، محفل۔

ارسَنگ: ارژنگ مانی، مانی کی مصوّری کا مجموعہ۔

ارسی: (۱) جوتا (۲) کھڑکی جس کا دروازہ احاطے میں کھلتا ہو۔

ارش: (ع) تاوان قصاص۔

اِرشاء: (ع) رشوت دینا۔

اِرشاد: (ع) رہنمائی کرنا، رہبری کرنا۔

ارشاد عوام: عوام کی رہبری کرنا۔

ارشد: (ع) رشید کی تفضیل کل، بہت ہدایت یافتہ، بہت فیض یافتہ، بلند منصب والا۔

صاحبِ منصبِ ارشد: منصب میں بلند تر۔

پسر ارشد: بڑا بیٹا۔

ارشدِیت: بزرگی بڑائی۔

حق ارشدیت: پیدائشی اہم حق۔

ارَشک: رشک، غیرت۔

ارَشکِین: رشک و حسد کرنے والا۔

ارشِیا: تخت۔

ارشمِیدش: مشہور یونانی ریاضی دان۔

اِرصاد: (ع) نگاہ رکھنا، کسی چیز پر نظر رکھنا، بیت دانی

ارض: (ع) زمین، خاک، وطن، مرز بوم۔

ارض روم: رومیوں کا ملک۔

اِرضا: (ع) راضی کرنا۔

اِرضاع: (ع) ماں کا بچے کو دودھ دینا۔

ارطِمیسا: ایک قسم کی تلخ جڑی بوٹی جو دوا کے طور سے استعمال ہوتی ہے۔

ارطی: بید کا درخت۔

اِرعا: (ع) جانوروں کو گھاس چرانا، مہربانی کرنا، رعایت کرنا۔

اِرعاف: (ع) دبا کر خون نکالنا۔

ارغا: ارغاب، چھوٹا نالہ، ندی

اَرغاب: (ع) راغب کرنا، رغبت دلانا۔

ارغَدَہ: خشمناک۔

ارغُشنَگ: جَست و خیز، رقص، وہ آواز جو رقص کے وقت سنائی دیتی ہے۔

ارغن: ارغنوں، موسیقی کا ساز

ارغندہ: خشمگین، غصے میں بھرا ہوا۔

ارغنُون: ایک خاص ساز موسیقی کا نام۔

ارغنون زن: ارغنون ساز بجانے والا۔

ارغوان: ایک درخت جس کی کونپلوں سے سرخ پھول نکلتے ہیں:

ارغوان تن: سیارہ مریخ۔

ارغواني: گلابی رنگ کا۔

ارغه: (۱) زیرک (۲) رند، مکار۔

ارغیدن: لڑائی کرنا، غصے میں آنا، جھگڑا کرنا، فتنہ پیدا کرنا۔

ارغیده: جو غصے میں ہو۔

اَرفاق: (ع) نرمی، ملائمت، امداد، رفق و مدارا۔

اِرفاق کردن: نرمی کرنا۔

اِرفاقاً: (ع) نرمی سے، امداد کے طور پر۔

اِرفاقی: مدد یا نرمی کے طور پر۔

اِرفاه: (ع) آسودگی سے زندگی بسر کرنا، تن آسانی

اِرفع: (ع) بلند، بلند تر یا بلند ترین۔ رفیع کی تفضیل کل۔

ارَقام: (ع) رقم کی جمع۔

ارقَم: (ع) سیاہ رنگ کا سانپ جس پر سفید نشان ہوں۔

ارکان: (ع) رکن کی جمع، ستون بصورت جمع، ممبران۔

ارکان دولت: حکومت کے معزز رکن۔

ارگ: (۱)چھوٹا قلعہ، حصار، گڑھی، جائے پناہ (۲)ایک قسم کا ساز

اِرَم: (ع) ارضی جنت۔

ارمال: ایک درخت کی زرد رنگ کی چھال ہے۔

ارمان: آرزو، حسرت و رنج، افسوس ہونا۔

ارمچی: شریر لڑکا، چنچل لڑکا۔

ارمُزد: سیارہ مشتری، ہر شمسی مہینے کے پہلے دن کو بھی ارمزد کہتے ہیں۔

ارمُغان: تحفہ، سوغات۔

ارمَک: خاکستری رنگ کا سوتی کپڑا۔

ارمَل: (۱)جس کی بیوی فوت ہو چکی ہو۔ (۲)مسکین، بیچارہ، محتاج (ارامل جمع)۔

ارمَله: ارمل کی تانیث، بیوہ (ارامل جمع)۔

ارمن:ارمنستان: ملک آر مینیہ۔

ارمند: جس نے آرام پالیا ہو۔

ارمنی: ملک آرمینیہ کا باشندہ۔

ارمُون: اجرت جو مزدور کے کام کرنے سے پہلے اسے دی جائے۔

ارنَب: (ع) خرگوش۔

ارنَبتَین: ناک کے نتھنے۔

ارن بیژ: ایک قسم کا درخت جو ایشیا کے گرم علاقوں میں پایا جاتا ہے۔

ارَندان: انکار، حاشاً، کلمہ انکار۔

ارواح: (ع)روح کی جمع۔

ارواحِنا فداه: ہماری روحیں اس پر نثار، کلمہ دعا

اروپا: یورپ۔

ارُوس: ساز و سامان۔

اروَند: (۱)الوند، ہمدان کے قریب کا پہاڑ (۲) جاہ و جلال، شان و شکوہ۔

اروَند: تجربہ، امتحان، آزمائش۔

اروِین: تجربہ، آزمائش، امتحان

ارَه: آرا۔

اره زبان: مفتری، افترا پرداز، بدگو، بہتان لگانے والا، غیبت کرنے والا۔

اره کش خانه: جہاں آراکشی کا کارخانہ ہو۔

اره کشی: آرا چلانا۔

اره کشیدن: آرا چلانا۔

اره ماہی: ایک قسم کی مچھلی، شارک۔

ارياح: ریح، دم، نفس، ہوا، خوشبو، نسیم۔

اریب: (ع) عاقل ہنر مند، دانا۔

اُریب: ٹیڑھا، خمیدہ، کج۔

اریش: زیرک، دانا، ہوشیار۔

اریکہ: تخت بادشاہی، سریر، ارائک جمع

از: سے۔

از آب درآمدن: درست ہونا

این کو دک خوب از آب درآمد: اس بچے کی خوب پرورش ہوئی ہے۔

از آنجاکہ: چونکہ۔

از برکردن: زبانی یاد کرنا۔

از بوتہ امتحان خوب یا بد درآمدن: امتحان ہونا، آزمایش ہونا کہ اچھا نتیجہ ہو یا بُرا۔

از بہر چہ: کس وجہ سے۔

از پا در آمدن: خستہ ہو جانا، گر پڑنا، بیحال ہو جانا

از پردہ بیرون شدن: فاش ہو جانا۔ بے نقاب ہو جانا۔

از پوست بیرون آمدن: اپنا آپ ظاہر کرنا۔

ازتہ دل گفتن: دلی رضامندی سے کہنا۔

از جادر رفتن: غصے میں آنا، غضب ناک ہونا۔

از جان سیر شدن: نا امید ہو جانا۔

از جان گذشتن: مر جانا۔

از چاہ درآمدن و بچاہ افتادن: ایک مصیبت سے نجات پا کر دوسری مصیبت میں گرفتار ہونا۔

از چیزی صرفِ نظر کردن: کسی چیز کو نظر انداز کر دینا۔

از خاک بلند کردن: کسی کا رتبہ بلند کرنا:

از خود بیخود شدن: مدہوش ہو جانا، فریفتہ ہو جانا۔

از دست دادن و از پاکشیدن: ظاہر میں مدد کرنا لیکن باطن میں مخالفت کرنا، اپنا جھوٹا تعارف کرانا۔

از دست رفتن: گم ہو جانا۔

از دور دست بر آتش داشتن: بے خبر ہونا، حقیقت سے آگاہ نہ ہونا۔

از راہ بدر بردن: فریب دینا، راہ راست سے بھٹکا دینا۔

از راہ رفتن: بھٹک جانا۔

از رُو رفتن: شرمندہ ہونا۔

از زبان اُفتادن: خاموش ہو جانا، مر جانا۔

از سر بدر کردن: بھلا دینا۔

از سر زبانہا افتادن: فراموش ہو جانا۔

از سر واکردن: کسی کو فریب دینا، جھوٹی امید دلا دینا۔

از عُہدِہ برآمدن: ذمے داری انجام دینا، اپنا فرض ادا کرنا۔

از کار افتادن: نا تواں ہو جانا۔

از کسی بُریدن: جدا ہو جانا، میل جول ختم کر دینا۔

از کف دادن: مفت میں کچھ دے دینا۔

از کف رفتن: ہاتھ سے کوئی چیز چلی جانا، کھو جانا۔

از ماست کہ بر ماست: جو کچھ ہوا ہم خود اس کے ذمے دار ہیں۔

ازمیان بر داشتن: نا بود کر دینا، پوشیدہ طور سے ہلاک کر دینا، چھپا دینا۔

از نفس اُفتادن: خستہ ہو جانا۔

از ہم در رفتن: ناتواں ہو جانا، خستہ حال ہو جانا۔

از ہم گذشتن: بھول جانا، ایک دوسرے کو معاف

کر دینا۔

از ہم گسستن و گسیختن: دوستی دشمنی میں بدل جانا۔

اِزاء: بجائے، عوض، مقابل، برابر، عوض میں۔

درازاء: بدلے میں، عوض میں، روبرو۔

اِزار، ازارہ: (۱) دیوار کی کرسی، ستون کی مربع کرسی یا چوکی۔ (۲) پوشاک، زیر جامہ، شلوار۔

اِزالت، اِزالہ: (ع) مٹا دینا، دور کرنا، پاک صاف کر دینا۔

ازبر: زبانی یاد ہونا۔

ازبس: زیادہ سے زیادہ۔

اِز دحام: (ع) ہجوم، انبوہ، بھیڑ۔

اِزدحام کردن: ہجوم ہو جانا۔

ازدَر: مناسب، لائق، سزاوار، شایستہ۔

اُز دُو: بادام کے درخت کی گوند۔

اِز دِواج: (ع) شادی بیاہ۔

از دواج: (ع) علم بدیع کی اصطلاح میں شاعر ایک شعر میں دو ایسے الفاظ لاتا ہے جن کا تلفظ ایک ہی ہوتا ہے لیکن معنی مختلف ہوتے ہیں۔

اِزدواجی: بیاہ شادی سے متعلق۔

اِزدِیاد: (ع) بڑھنا، زیادہ ہونا، اضافہ۔

ازرق: (ع) نیلا، جس کی آنکھیں نیلی ہوں۔

اِز عاج: (ع) پریشان کرنا، بے آرام کرنا، جڑ سے اکھاڑنا

ازغ: درخت کی شاخیں جو کٹی ہوں۔

ازغَج: عشق پیچاں۔

ازکیا: (ع) زکی کی جمع، نیک، پاکباز۔

از گات: بدکار، بد کردار، ۔

ازگیل: ایک خاردار درخت جس کے پھول سفید اور پھل چھوٹے چھوٹے زرد رنگ کے ہوتے ہیں

ازَل: (ع) وہ زمانہ جسی کی کوئی ابتدا یا انتہا نہیں، ہمیشگی۔

اِزلال: (ع) کسی کو گمراہ کرنا، کسی کو گناہ پر اکسانا۔

ازَلی: (ع) زمانے کی ابتدا سے۔

ازلیّت: شروع سے۔

ازمان: (ع) زمانہ کی جمع، اوقات۔

ازمِنہ: (ع) زمان کی جمع، زمانے۔

ازمنہ قدیم: قدیم زمانے۔

اِزمّہ: (ع) مہاریں، لگامیں۔

اِزمِیر: سمرنا، سمرنا کا باشندہ۔

ازواج: (ع) زوج کی جمع، بیویاں، شادی شدہ جوڑے۔

ازہار: (ع) زہر کی جمع، پھول، شگوفے۔

ازہاق: منسوخ کرنا، رد کرنا، نیست و نابود کرنا۔

ازہَد: (ع) بڑا زاہد، بہت پار سا شخص۔

ازہر: (ع) بہت زیادہ روشن۔

از ہران: چاند سورج

ازیَب: (ع) جنوب مشرقی ہوا۔

اژدر: (۱) بڑا سانپ (۲) تارپیڈو، جنگی آلہ جس سے جہاز غرق کرتے ہیں۔

اژدر افگن: جہاز جس سے میزائل دشمن پر پھینکا جاتا ہے۔

اژدھا: افعی، بڑا سانپ۔

اژکہان: (۱) کاہل، سست، بیکار (۲) بہت بڑا پتھر

اژیَر: ذہین، لائق، فرزانہ۔

اژِیر: ذہین، عاقل۔

اُس: (ع) بنیاد، اساس، اصول، ہر چیز کی اصل (اساس جمع)۔

اِسار: (ع) پکڑنا، اسیر کرنا۔

اسابیع: (ع) اسبوع کی جمع، ہفتے۔

اساتِید: (ع) استاد کی جمع۔

اسارت:(ع) گرفتاری، اسیری۔

اساس:(ع) بنیاد، اصول۔ مثال:

ساقی دم عیش است بنازی به تغافل
بر آب اساس است جہان گذران را

اے ساقی تجھے عیش و عشرت کی گھڑی میسّر ہے تو اسے ضائع کرکے اپنی غفلت پر ناز کرتا ہے لیکن یہ یاد رکھ کہ اس فانی دنیا کی بنیاد پانی پر ہے جو ہر چیز کو بہائے لیے جا رہا ہے:

اساساً:بنیادی طور سے۔

اساس نامہ:ضابطہ قوانین، دستور اساسی۔

اساسی:بنیادی، لازمی۔

اساطیر:(ع) اسطورہ کی جمع، روایات، فرضی قصے۔

اساطیر الاوّلین:یاد رفتگان، قدیم الایام کے لوگوں کی یادیں، قصے کہانیاں۔

اساطین:(ع) اسطوانہ کی جمع، ستون۔

اسافل:(ع) اسفل کی جمع، ادنی، پست، ادنیٰ درجے کا

اسالیب:(ع) اسلوب کی جمع، طور طریقے۔

اسامی:(ع) جمع اسم

اسانسور:برقی سیڑھی۔

اسائہ:(ع) برا سلوک کرنا، ستانا۔

اسائہ ادب:بے ادبی، بے احترامی، غیر مہذبانہ سلوک۔

اسب:اسپ، گھوڑا۔

اسب آبی:دریائی گھوڑا۔

اسب تازی:عربی گھوڑا۔

اسب چوبی:لکڑی کا گھوڑا۔

یک راس اسب:ایک عدد گھوڑا۔
(راس بصورت عدد گھوڑے کےلیے آتا ہے)۔

اسباب:(ع) سبب کی جمع۔

حرف شما اسباب رنجش او شد:تمہاری بات اسے رنج پہنچانے کا موجب ہوئی۔

اسباب چائے:چائے تیار کرنے کا ضروری سامان۔

اسباب چینی:منصوبہ بنانا۔

اسباب چینی کردن:منصوبہ بنانا۔ نقشہ بنانا، ساز باز کرنا۔

اسبابِ کار:(۱) کام کے اسباب۔ (۲) اوزار، ہتھیار۔

اسباب کشی:گھر سے کسی نئے گھر میں منتقل ہونا۔

اسباط:(ع) سبط کی جمع، اسرائیل کے بارہ قبیلے۔

اسب افگن:دلیر، شجاع، بہادر

اسب انگیز:لوہے کی مہمیز جو جوتے کے ساتھ باندھی جاتی ہے، اس کے دباؤ سے گھوڑا تیز رفتار ہو جاتا ہے۔

اسب دوانی:گھوڑ دوڑ۔

اسبَق:(ع) (سابق کی تفضیل کل) بہت پہلے کا قدیمی۔

اسبُوع:(ع) ہفتہ، اسابیع جمع۔

اسپ:اسب، گھوڑا۔

اِسپاس:سپاس، شکریہ۔

اسپانیہ:ہسپانیہ ملک۔

اِسپغُول:پرندوں کی بیٹھیں۔

اسپرا نتو:ایک مصنوعی جگت بولی۔

اِسپُرز:تلی۔

اُسپَرز:اسپرس، گھوڑ دوڑ کا میدان

اِسپرِس:فرانسیسی گھاس۔

اِسپرغم:پھول، سبزہ، ریحان، معطر گھاس

اِسپَرک:زرد رنگ کی گھاس جس سے بعض چیزوں کو رنگ دیا جاتا ہے۔

اِسپری:آخر تک پہنچنا، انجام پذیر ہونا۔

اسپریس:(انگ) گھوڑ دوڑ، گھوڑ دوڑ کا میدان۔

اِسپناخ، اسفناخ:ایک سبزی جسے پکا کر کھاتے ہیں، اور جس سے یخنی یا شوربا بھی تیار کرتے ہیں، پالک

وغیرہ۔
اسپند: ایک پودے کے بیج جو آنکھ کی تکلیف دور کرنے کے لیے آگ میں جلاتے ہیں
اسپندار: سفیدے کا درخت،
اسپندان: رائی، خردل۔
اسپید: سفید۔
اسپہبُد: سپہ سالار۔
اسپیل: گھوڑوں کا چور۔
است: فعل ناقص، ہے۔
است: (ع) اصل، بنیاد، اساس۔
اُستا: استاد کا مخفف۔
اُستاخ: گستاخ۔
اُستاد: معلم، تعلیم دینے والا، پروفیسر۔
استاد بودن: ماہر ہونا، چالاک ہونا۔
استادن: کھڑا ہونا۔
اُستادی: ہوشیاری، چالاکی۔
اُستاذ: استاد
اُستار: (ع) ستر کی جمع، پردے۔
استام: گھوڑے کی لگام اور زین وغیرہ۔
اُستان: (۱) کھڑے ہونے کی جگہ، محل اقامت، (۲) صوبہ
استاندار: صوبے کا حاکم اعلی، گورنر۔
استانبول: استنبول: ترکی کا مشہور شہر جس کا قدیمی نام قسطنطنیہ تھا۔
استانیدن: کھڑا کرنا۔
استبداد: (ع) خودرای، خودسری
استبدادی: ظالمانہ، آمرانہ، جابرانہ۔
استبدادی حکومت: آمرانہ حکومت
ستبدال: (ع) تبدیل کرنا، کسی چیز کا عوض لینا۔
ابتبر: موٹا۔

استبراء: پاک صاف کرنا۔
استبرق: (ع) سلک، دیبا، مخمل۔
استبرگ: استبرق۔
استبشار: (ع) بشارت ملنا، خوش خبری ملنا۔
استبصار: (ع) بڑی توجہ کے ساتھ جائزہ لینا۔
استعجال: (ع) عجلت سے، جلدی۔
استبعاد: (ع) نا ممکن سمجھنا۔
استبقا: (ع) (بقا سے) قائم رہنا۔
استتار: (ع) چھپانا، پوشیدہ کرنا، مخفی رکھنا۔
استثمار: (ع) فائدہ اٹھانا، کام نکالنا۔
استثناء: (ع) سوا، ما سوا، مستثنیٰ کرنا۔
قانون استثنا ندارد: قانون سے کوئی مستثنیٰ نہیں۔
استثنائی: غیر معمولی، خصوصی۔
استجابت: (ع) قبول کرنا، جواب قبول کرنا۔
استجارہ: (ع) کرائے پر دینا۔
استجازہ: (ع) اجازت چاہنا، رخصت مانگنا،
استجازہ کردن: اجازت مانگنا۔
استجہال: (ع) جاہل سمجھنا۔
استحاضہ: (ع) مستورات کے ایام حیض میں خون نکلنا۔
استحالہ: (ع) حالت بدلنا، تبدیلی آنا، محال ہونا۔
استحداث: (ع) کوئی نئی چیز بنانا جو اس سے پہلے وجود میں نہ آئی ہو۔
استحسان: (ع) تعریف و توصیف کرنا، تحسین۔
استحصال: (ع) حاصل کرنا۔
استحصان: (ع) پناہ لینا (کسی قلعے میں)۔
استحضار: (ع) اطلاع، حاضر ہونے کا نوٹس
استحفاظ: (ع) محافظت، نگہداری۔
استحقار: (ع) حقارت، نفرت، حقیر سمجھنا۔

اِستِحقاق:(ع) حق، مستحق ہونا۔
استحقاق داشتن:حق حاصل ہونا۔
اِستِحکام:(ع) پختگی، مضبوطی، محکم۔
استحکامات:استحکام کی جمع۔
اِستِحلاف:(ع) (حلف سے) حلف لینے کےلیے کہنا
اِستِحلال:(ع) شرعی یا قانونی طور پر جائز سمجھنا۔
اِستِحمام:(ع) حمام میں غسل کرنا۔
اِستِحیا:(ع) شرم آنا، شرمندگی کا احساس۔
اِستِخارہ:(ع) طلب خیر کرنا، اشارہ غیبی چاہنا۔

بعزم توبہ سحر گفتم استخارہ کنم
بہار توبہ شکن می رسد چہ چارہ کنم

صبح کے وقت میں نے چاہا تھا کہ اشارہ غیبی پاکر توبہ کا ارادہ کرونگا لیکن توبہ شکن بہار آپہنچی ہے تو اب کیا چارہ کروں۔
اِستِخبار:(ع) خبر حاصل کرنے کےلیے کہنا، کسی سے خبر پوچھنا۔
اِستِخدام:(ع) خدمت، کام پر لگانا۔
استخدام کردن:ملازم رکھنا۔
قانون استخدام کِشوَری:سول سروس لا۔
اِستَخر:ندی، تالاب۔
اِستِخراج:(ع) خارج کرنا، باہر نکالنا۔
استخراج آرا:ووٹ نکال کر گنتی کرنا۔
اِستِخفاف:(ع) توہین، حقارت، سبکی، خفیف کرنا
اِستِخلاص:(ع) خلاصی پانا، رہائی ملنا، آزادی ملنا
استخلاص کردن:رہائی دینا۔
اِستِخلاف:(ع) جانشینی کےلیے تقرری یا نامزدگی
اُستخوان:ہڈی۔
استخوان بند:چفتی جو ٹوٹی ہوئی ہڈی کے اوپر باندھی جاتی ہے۔

استخوان در گلو داشتن:تکلیف میں مبتلا ہونا۔
اِستِدارہ:(ع) دائرے کی شکل کا ہونا۔
اِستِدامہ:(ع) مسلسل، مستقل ہونا، دوام چاہنا۔
تلخ: کڑوا، ناگوار، نا امید، تند اور بد خو شخص
اوقات کسی را تلخ کردن: کسی کو نا امید کرکے اس کے لیے پریشانی پیدا کرنا
تلخک: خاص قسم کی جڑی بوٹیاں جو گندم کے کھیت میں اگ آتی ہیں اور بیج ان کے کڑوے ہوتے ہیں
تلخ کام: نا امید، جس کی گذران اچھی نہ ہو
تلخ کامی: نا امیدی، ناکامی، بدبختی
تلخ گفتار: تلخ گو، درشتی یا تندی سے گفتگو کرنے والا
تلخ مزاج: بدخو
تلخ مزاجی: بد خوئی
تلخناک: تند مزاج، بد خو
تلخی: کڑواہٹ، تندی، درشتی

تلخیص:(ع) خلاصہ کرنا
تلذّذ:(ع) لذت حاصل کرنا، لطف لینا
تِلِسک:انگوروں کا چھوٹا گچھا، ایک خوشہ جو بڑے خوشے کا جزو ہو
تلطّف:(ع) مہربانی، شفقت، اظہار لطف و کرم
تلطفاً:(ع) از راہ مہربانی
تلطیف:(ع) مہربانی، شفقت، کسی پر لطف و کرم کرنا
تلعّب:(ع) لہو و لعب میں مشغول ہونا، کھیل میں سرگرم ہونا
تِلغراف:(مفرس) ٹیلیگراف، تار
تلف:(ع) ضائع ہونا
تلفات:نقصانات
تلفّظ:(ع) اعراب کے ساتھ الفاظ کا لکھنا بولنا
تلف کار:بے دریغ خرچ کرنے والا، ضائع کرنےوالا
تلف کاری:فضول خرچی
تلفون، تلفن:(مفرس) ٹیلیفون
تلفن چی:ٹیلیفون ملانے والا
تلفیف:(ع) لپیٹنا، ڈھانپنا، تہ کرنا
تلفیق:(ع) ترتیب دینا، ساتھ ملانا، اکٹھا کرنا، لفظوں میں امتزاج پیدا کرنا، ترتیب الفاظ
تِلق تلق:تانگے بگھی کا ہچکولے کھاتے ہوئے چلنا، مشین کے چلنے کی آواز، جانوروں کے اکٹھے چرنے کی آواز
تلقا:(ع) دیدار، ملاقات، ملاقات کی جگہ
تلقّب:(ع) لقب پانا، نام کے ساتھ لقب کا شامل ہونا
تلقّف:(ع) جلدی سے کوئی بات سمجھ لینا اوراسے یاد رکھنا
تلقّن:(ع) کسی کے مطلب یا کلام کو سمجھنا
تلقّی:(ع) ملاقات کے وقت مہمان کا استقبال، خیر مقدم، خاطر مدارات، میزبانی
تلقیب:لقب دینا، ملقب کرنا
تلقیح:(ع) بارور کرنا، ثمرور کرنا، زرخیزکرنا، پیوند لگانا، ٹیکا لگانا
تلقین:(ع) سمجھانا، تعلیم دینا، آگاہ کرنا، ضروری باتیں بتانا، ہدایت کرنا
تلکہ:کسی سے رقم یا کوئی چیز مکروفریب سے لینا
تلگراف:ٹیلیگراف کا مفرس، تار
تلگرافچی:جو تار کسی کی طرف سے دیتا ہے، محکمہ تارکا ملازم
تلگرافخانہ:جہاں سے تاریں دی جاتی ہیں، تار گھر
تِلمبار:مخصوص جگہ جو ریشم کے کیڑوں کی پرورش کے لیے تیار کی جاتی ہے
تُلمبہ:پمپ، چرخی یا نلکا جس سے پانی کنوئیں یا زمین سے نکالتے ہیں یا ایسی چرخی جس سے پانی اوپر کی منزل میں لے جاتے ہیں
تلمبہ اِطفائی:آگ بجھانے کا پمپ
تلمّذ:(ع) شاگردی کرنا، معلم سے درس لینا
تلمّع:(ع) چمکنا، روشن ہونا، بجلی کا چمکنا
تلمود:(ع) یہودیوں کی مذہبی کتاب
تلمیح:(ع) اشارہ کرنا، علم بیان کی اصطلاح میں کسی قصے یا تاریخی واقعے کی طرف اشارہ کرنا
تلمیذ:شاگرد، طالب علم، دانش آموز
تلندہ:بات کرتے ہوئے جس کی زبان رکتی ہے
تلنگ:خواہش، آرزو، تمنا، حاجت، مانگنا
تلنگر:انگلی کا سرا
تلنگی:غریب، نادار، مفلس، حریص، طامع
تلو:کانٹا

تلو: پیرو، اونٹنی کا بچہ جو اس کے پیچھے چلتا جاتا ہے

تلو: نتیجہ، پاؤں کا نشان، سراغ، کھوج

تلواً: ساتھ ہی

سواد اطلاع نامہ تلواً برای شما ارسال می شود: رپورٹ کی نقل ساتھ ہی تمہارے لیے ارسال کی جاتی ہے

تلوارہ: مچان، بلند چبوترا جہاں بیٹھ سکیں یا جہاں چیزیں رکھی جا سکیں

تلواسہ: (۱) ہاتھ پیر مارنا، سخت کوشش کرنا، جدوجہد (۲) بیکلی، بے چینی، اضطراب

تلو تلو: ڈگمگاہٹ، لڑکھڑانا، بدمست آدمی کی طرح لڑکھڑانا، بے ارادہ حرکت

تلو تلو خوردن: مستی کی حالت میں لڑکھڑاتے ہوے چلنا

تلوُّث: (ع) آلودگی، ناپاکی، داغدار ہونا

تلوزیون: مفرس ٹیلی ویزن

تلوک: ہدف، تیر کا نشانہ

تلوُّن: (ع) رنگ بدلنا، جدا جدا رنگ ہونا، طرز روش بدلنا

تلویث: (ع) آلودگی، ناپاکی

تلویح: (ع) اشارہ کرنا، مطلب کو اشارے سے سمجھانا

تلویم: (ع) ملامت کرنا، سخت سرزنش کرنا

تلوین: (ع) رنگ دینا، رنگ برنگ کرنا، گوناگون صورت دینا

تلہ: دام، جال جس سے پرندوں یا دوسرے جانوروں کو پکڑتے ہیں

تلہ انداختن، تلہ گذاشتن: دام بچھانا

تلہُّب: (ع) غصے میں آنا، برافروختہ ہونا

تلہ بست: لکڑی کی گو، یا ڈھانچا جو دیوار یا چھت بنانے کےلیے معمار بناتے ہیں

تلہ پاتی: انتقال فکر، رابطہ معنوی، دوری کی حالت میں ایک دوسرے سے فکری ارتباط رکھنا، ٹیلی پیتھی(انگ)

تلہ پسی شی: (انگ) دلوں اور ذہنوں کا رابطہ، ذہنی تلقین، فکری رابطہ، انتقال فکر

تلہ موش: چوہے پکڑنے کا پنجرہ

تلہُّف: (ع) افسوس ہونا

تُلی: (۱) حجام کے آلات، (۲) کیسہ جس میں سینے پرونے کا سامان یعنی سوئی دھاگا، انگشتانہ وغیرہ رکھا جاتا ہے

تلیہار: تلیوار، ٹیلا، پشتہ، انبار

تلیہار: (۱) ریشم کے کیڑوں کی پرورش گاہ

تلیُّن: (ع) نرم ہونا، ملیّن کرنا

تُم: آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جانا، پردہ جو آنکھوں میں آجاتا ہے

تِم: (مفرس تھیم) موضوع، بحث، موضوع انشاء

تماثُل: (ع) ایک جیسا ہونا، ایک دوسرے کی مانند ہونا

تماثیل: (ع) دیکھیے تمثیل

تماخرہ: تمسخر کرنا، شوخی، مزاح، خوش طبعی

تمدُّح: (ع) ایک دوسرے کی مدح کرنا، تعریف و توصیف

تمادی: (ع) طول دینا، مہلت دینا، مدت زیادہ ہونا، طویل عرصے تک جاری رہنا

تمّار: (ع) کھجوریں بیچنے والا

تمارُض: (ع) اپنے آپ کو بیمار ظاہر کرنا

تمازُح: (ع) ہنسی، مذاق، باہمی ہنسی مذاق کرنا

تَماس: (ع) چھونا، مس کرنا، قریب ہونا، متصل ہونا، ربط، قریبی تعلق، قرب، اتصال

تماس داشتن:میل جول ہونا

ہرگز با او تماس نکردہ ایم:ہمارا اس سے کبھی میل جول نہیں ہوا

تماسُخ:(ع) مسخ ہو جانا، بالکل بدل جانا

تماسُك:(ع) خودداری کرنا

تماسِیح:(ع) تمساح کی جمع، مگر مچھ

تماشا:کھیل، نمائش، نظارہ، منظر وہ چیز جس پر سب کی نظر پڑے

تماشاچی:کھیل تماشا دیکھنے والے

تماشاخانہ:تماشا گاہ، تھیٹیر، وہ خاص جگہ جو کھیل تماشے کے لیے مخصوص ہو

تماشائی:تماشا دیکھنے والے

تماشی:(ع) باہم مل کر چلنا

تمالُك:(ع) اپنے آپ پر قابو رکھنا، خود داری کرنا، اپنے آپ پر نگاہ رکھنا

تمام:(ع) سب، مکمل

تمام و کمال:سب کا سب

کارم را تمام کردم:اپنا کام میں نے مکمل کر لیا ہے

تمام:(ع) اختتام، ضائع کرنا، خرچ کر ڈالنا

او مال پدر را تمام کرد:اس نے باپ کی دولت کو ضائع کر دیا

تمام اندام:پورے قد کا، لمبائی کے لحاظ سے موزوں

تمام شدن:ختم ہونا

تماماً:(ع) سب کا سب

تمامة:مکمل کرنا

تمام رسمی:پورا (لباس) یونیفارم

تمام شدن:ناتوان ہو جانا، انجام کو پہنچنا، فوت ہو جانا

تمام عَیار:پوری قیمت کا، معیاری

تمام قد:پوری قد و قامت، پوری لمبائی

تمامی:سب کا سب

تمامِیّت:کلیت، سب کا سب

تمائل:(ع) مائل ہونا، جھکاؤ، میلان، خواہش، خواہش کا اظہار کرنا، کسی چیز کی طرف مائل ہونا

تمایم:(ع) تمیمہ کی جمع، تعویذ جو نظر بد سے بچانے کےلیے بچوں کی گردن میں باندھتے ہیں

تمبر:ٹکٹ

آن پاکت چند تمبر خورد؟ اس پیکٹ پر کتنے کے ٹکٹ لگے؟

تمبرِ پُست:ڈاک کا ٹکٹ

تمبرزدن:تمبر چسپاندن، ٹکٹ چسپاں کرنا

تمبر خوردن:ٹکٹ لگ جانا

تمبردار:جس پر ٹکٹ چسپاں ہو گیا ہو

تمبر شِناس، تمبر جمع کن:ٹکٹوں کو ملک وار اور سن وار جمع کرنے کا شوق رکھنے والا

تمتُّع:(ع) فائدہ، بہرہ مند ہونا، فائدہ حاصل ہونا

از تموّل خود تمتُّع نیافت:اس نے اپنی دولت سے فائدہ نہیں اٹھایا

تَمتُّع یافتن:فائدہ اٹھانا

تَمثال:(ع) مثال دینا، کسی چیز کو کسی چیز سے تشبیہ دینا

تِمثال:(ع) تصویر، عکس، فوٹو

تمثال گر:مصور، فوٹو گرافر

تمثُّل:(ع) مثال دینا، کوئی شعر یا محاورہ مثال کے طور سے پیش کرنا

تمثِیل:(ع) کسی موضوع کا بیان کسی دوسرے مضمون

کے پردے میں، کنائے کے طور سے بیان کرنا
برسبیلِ تمثیل:تمثیل کے طور سے
تمثیل نمودن:کنائے میں کچھ بیان کرنا
تمجُّس:مجوسی، آتش پرستوں کا مذہب قبول کرنا
تمجمُج:(ع) انتہائی خوشی، جامے میں پھولا نہ سمانا (فرہنگ حیئم) ایسی بات کہنا جس کا مطلب واضح نہ ہو یا جس کا مفہوم نا پید ہو (فرہنگ عمید) جواب میں کوتاہی کرنا، چپ ہو جانا، (فرہنگ آموز گار)
تمجید:(ع) تعریف و توصیف
تمجید خدا:مدح باری تعالی
شایان تمجید:مدح و ثنا کے قابل
تمحُّل:(ع) فریب کاری، ریاکاری، حیلہ، مکر و فریب
تمدُّح:(ع) خود ستائی، اپنی تعریف آپ کرنا
تمدُّد:(ع) اپنے آپ کو پھیلانا، دراز ہونا، تناؤ
تمددِ عُضلاتی:اعصاب کا مقوی ہونا
تمدن:(ع) تہذیب، شہریت کے آداب حاصل ہونا، شہر آشنا ہونا، اجتماعی طور پر مسائل زندگی میں حصہ لینا، اپنی ترقی اور آسانش کے وسائل تہذیب کے دائرے میں رہتے ہوئے فراہم کرنا
تمدیح:(ع) مدح کرنا، تعریف کرنا
تمدید:(ع) اپنے آپ کو پھیلانا، دراز ہونا
تمر:کجھوریں،
تمر:آنکھوں کی بیماری موتیا بند، اسے آب مروارید بھی کہتے ہیں
تمر:ایک قسم کا درخت جس کے پتے لمبے اور پھول زرد رنگ کے ہوتے ہیں، بعض کے پھول سرخ رنگ کے بھی ہوتے ہیں، اس کی لکڑی بہت سخت اور سنگین ہوتی ہے، اس کے پھل کے اردگرد چھلکا ہوتا ہے، اس کا رنگ سرخ اور مزہ ترش ہوتا ہے، اسے خشک کرکے بعض لوگ اس کا کچھ حصہ سالن میں ڈالتے ہیں، املی
تمر ہندی:املی کا درخت اور اس کا پھل
تمرُّد:(ع) سرکشی، بغاوت، نافرمانی، گردن کشی
تمرد کردن:نافرمانی کرنا
تمرُّض:(ع) اپنے کام میں سست ہونا، ناتوان ہونا
تمرُّغ:(ع) خاک میں لوٹنا، درد سے کراہنا
تمرکز:(ع) مرکزیت دینا، مرکز سے وابستہ ہونا، مرکز کے تابع ہونا
تمرمر:کانپنا، تھرتھرانا
تمریخ:(ع) چپڑنا، مالش کرنا، مرہم لگانا
تمرین:(ع) مشق، عادت بنانا، کسی کو کام سے آشنا کرانا
تمرین نمودن یا کردن:مشق کرنا
تمساح:(ع) مگر مچھ
تمسُّخ:(ع) مسخ کرنا، حرفوں کو تبدیل کرنا، تحریف کرنا
تمسخُر:(ع) مضحکہ اڑانا
تمسُّک:(ع) بانڈ، رسید، سند، کسی چیز میں ہاتھ ڈالنا، گرفت، پکڑ، مضبوطی سے پکڑنا، اقرار نامہ، وہ اقرار نامہ جو مقروض قرضخواہ کو لکھ کر دیتا ہے
تمسکُن:(ع) مفلسی، بیچارگی
تمشا:جانا، قدم بڑھانا، چل پڑنا
تمشلک:قدرے ترش پھل جس کا رنگ زرد یا سرخ مائل بہ سیاہی ہوتا ہے، یہ پھل شہتوت کی طرح ہوتا ہے اس کا خود رو پودا گرم اور مرطوب جگہ ہوتا ہے
تمشی:(ع) چہل قدمی، چلنا، پیادہ پا چلنا
تمشیت:(ع) راستے پر ڈالنا، کسی کا درجہ بڑھانا، تقویت دینا، فروغ دینا

تمضمُض: کلی کرنے کےلیے منہ میں پانی پھرانا

تمطی: دراز ہونا، زیادہ مدت ملنا، ٹہلنا

تمغ: (ع) مہر، علامت، نشان، مہر جو فرمانوں پر لگائی جاتی ہے، خاص علامت جو کسی چیز پر لگائی جاتی ہے

تمغا: (ت) نشان، داغ، مہر

تمغاچی: (ت) باج و خراج وصول کرنے والا، چیزوں کا محصول لینے والا، رسید پر مہر لگانے والا

تمکُّن: (ع) کسی جگہ قیام کرنا، جاہ و مقام پانا، توانائی اور اختیار حاصل کرنا

تمکِین: (ع) طاقت، قدرت، بل، برداشت کی قوت، عزت، شان و شوکت، دبدبہ

تملُّق: (ع) چاپلوسی، چرب زبانی، فروتنی اور محبت کا اظہار کرنا

تملُّك: (ع) مالک ہونا

تملِیت: (ع) گدھے یا خچر پر سامان لاد کر ساتھ ہی خود بھی سوار ہو جانا

تملِیح: (ع) نمک ڈالنا، نمکین کرنا، کلام ملیح

تملِیك: (ع) مالک بن جانا

تمنا: خواہش، آرزو

تمندِہ: کج زبان، جس کی زبان بات کرتے ہوئے رک جاتی ہے اور وہ لفظوں کو اچھی طرح ادا نہیں کر سکتا

تمنُّع: قوی ہونا، طاقت پکڑنا

تمنّی: (ع) آرزو کرنا

تموُّج: (ع) موج دارہونا، لہریں

تمُوز: موسم گرما، یہودی کیلنڈر کا چوتھا مہینہ جو جولائی میں ہوتا ہے

تموُك: ہدف، نشانہ، تیر جس کا پیکان چوڑا ہوتا ہے

تموُّل: (ع) مالدارہونا، دولت مندی

تموِیہ: (ع) ملمّع کرنا، سونے چاندی کی تہ جمانا

تمہُّد: (ع) جگہ پانا، مہیا ہونا، کسی چیز پر قادر ہونا، کوئی کام آسان ہو جانا

تمہُّل: (ع) کام میں دیر کرنا، کام بے دلی سے کرنا

تمہید: پھیلانا، ہموار کرنا، آسان بنانا، تقریر یا تحریر میں ابتدائی بیان، ترتیب دینا، تیاری، نظم و ترتیب دیباچہ

تمہِیل: (ع) مہلت دینا، فرصت دینا، نرمی اختیار کرنا

تمِیز: ادراک، دریافت، بصیرت، فرق و امتیاز، امتیاز کرنا

تمیز: (ع) صاف، پاک

تمیز کردن: صاف کرنا

لباس تمیزنبود: لباس صاف نہ تھا

تمیز: (ع) جدا ہونا، فرق اور جدائی ہونا

تمیزی: صفائی

تمِیم: (۱) مضبوط، مستحکم، ایک عرب قبیلے کا نام

تمِیمہ: تعویذ جو بد نظری سے بچانے کے لیے بچوں کے گلے میں ڈالا جاتا ہے

تمییز: تمیز

تن: جسم، بدن، شخص، اشخاص کی گنتی ظاہر کرنے کےلیے بھی تن آتا ہے مثلاً

چند تن مرد مان این جا آمدند؟ یہاں کتنے لوگ آئے؟

تن آسان: راحت طلب جو یہ نہیں چاہتا کہ اسے محنت کا کوئی کام کرنا پڑے

تن آسُودن: آرام سے زندگی بسر کرنا

تن دادن، تن دردادن: سر تسلیم خم کرنا

تن کردن: لباس پہننا

تن: (انگ) ٹن، (وزن)

تناد: (ع) جدا ہونا، الگ الگ ہونا، پراگندگی، انتشار

تنادی:(ع) ایک ایک کرکے بلانا

یوم التّناد: روز قیامت

تنازُع:(ع) لڑائی جھگڑا

تنازُل:(ع) اترنا، نزول، جھکنا، فروتنی، انکسار، تواضع

تناسُب:(ع) نسبت، رابطہ، جوڑ میل، دو اشخاص یا دو چیزوں میں ربط ہونا، علم بدیع کی رو سے یہ ایک صنعت ہے جسے مراعات النظیر کہتے ہیں

تناسب اندام: جسم کے اعضا میں صحیح نسبت ہونا وہ حسن جو تناسب اعضا سے پیدا ہو

تناسُخ:(ع) ایک صورت سے دوسری صورت میں جنم لینا، روح کا ایک قالب سے نکل کر دوسرے قالب میں آنا، اواگون (یہ عقیدہ قوم ہنود کا ہے)

تناسخی:(ع) تناسخ کا عقیدہ رکھنے والا

تناسُل:(ع) بچے پیدا کرنا، نسل بڑھانا، زیادہ اولاد پیدا کرنا

تَناصُح:(ع) ایک دوسرے کو نصیحت کرنا۔

تَناصُر:(ع) ایک دوسرے کو مدد دینا۔

تَناصُف:(ع) باہم نصف کرنا، نصف، نصف کرلینا۔

تَناظُر:(ع) ایک دوسرے پر نظر ڈالنا، کسی امر کو زیر نظر رکھ کر باہم گفتگو کرنا۔

تَنافُر:(ع) ایک دوسرے سے نفرت کرنا، نفرت انگیز۔

تَنافُس:(ع) ایک دوسرے کا رقابت کی بنا بر کسی امر میں مبالغہ کرنا، خودنمائی کرنا۔

تَنافی:(ع) ایک دوسرے کی ضد ہونا، مخالفت ہونا۔

تَناقُض:(ع) اختلاف، ایک دوسرے کے مخالف ہونا۔

حرف اول با حرف دوم تناقض دارد: پہلا بیان دوسرے بیان سے مختلف ہے۔

تناقُض گوی: خلاف کہنا، مخالفت میں خیال ظاہر کرنا۔

تَنانِین:(ع) تنین کی جمع، بڑے سانپ، اژد ہے۔

تناوُب:(ع) باری بای کام انجام دینا۔

تناوَر:(ع تنومند جسم، لحیم شحیم، فربہ۔

تناوری: تنومندی، فربہی

تناوُل: پکڑنا، اٹھانا، کھانا کھانا۔

تناوُم: سونا، دکھاوے کی نیند۔

تناهی:(ع) انجام دینا، انجام تک پہنچانا، انتہا تک پہنچانا۔

تنباکو: تمباکو، ایک قسم کا پودا جس کے پتوں سے تمباکو بناتے ہیں، بعض تمباکوں کے پتے پان میں بھی کھاتے ہیں۔

تنبان: شلوار، کھلا پاجامہ، زیر جامہ۔

تَنَبسَه: فرش، دری، قالین۔

تنبَک: موسیقی کا ساز، دف، نقارہ۔

تَنبَل: سست، بیکار، جو کام کرنے بر مائل نہ ہو کاھل الوجود، آرام طلب۔

تُنبَل:(۱) مکر، حیلہ، فریب، ریا کاری (۲) نیرنگ جادو، افسوں، سحر،

تَنبُلانہ: کاہلی سے

تَنبَلی: سستی، کاہلی۔

تَنبوُر: طنبورہ، ساز کی ایک قسم۔

تنبوشہ: مٹی کی بنی ہوئی نالی جس کے ذریعے پانی بہایا جاتا ہے۔

تنبوُل: پان، سپاری، چھالیا۔

تَنَبُّہ: تنبیہ کرنا، آگاہی، نوٹس، باضابطہ اطلاع۔

تن بہا: رقم جو کسی کو قید سے رہائی دلانے کے لیے ادا کی جاتی ہے۔

تنبیہ: آگاہ کرنا، باقاعدہ اطلاع دینا، سرزنش کرنا۔

تن پرست: خود پرست۔

تن پرَستی: خود پرستی۔

تن پرور: جو صرف اپنا مفاد پیش نظر رکھتا ہے، اور

صرف اپنی پر ورش پر توجہ دیتا ہے۔

تن پیمای: جسم کا ناپ لینا یا دینا۔

تَنتَہ: تار عنکبوت، مکڑی کا جالا۔

تنج: تنجیدن مصدر=نچوڑنا، کچلنا، ملنا، بھینچنا سے فعل امر نچوز دو وغیر

تنجامہ: لباس۔

تَنَجُّس: ناپاکی، پلیدی، آلودگی۔ نجاست، کثافت۔

تنجیز: تکمیل، انجام دہی، حاصل، کامیابی، کامرانی۔

تَنجِیس: (ع) ناپاکی، نجس، ناپاک ہونا۔

تنجیم: (ع) علم ہئیت سے معلوم کرنا، ستارہ شناسی

تنجیہ: (ع) نجات دینا۔

تَنَحنُح: (ع): گلاصاف کرنا، اخ اخ کرنا، تاکہ آواز صحیح طور سے آئے۔

تنخواہ: اسباب، اثاثہ، مال و متاع، سرمایہ، نقد روپیہ، زروسیم، رقم جو ملازمین کوماہانہ ملتی ہے۔ (اردو)۔

تُند: تیز، چست و چالاک، تیز طبیعت، تیز مزاج۔

تندآب: تیزاب۔

تُند باد: طوفان باد، تیز آندھی۔

تُندبار: نقصان رسان، تکلیف دہ، خطرناک، درندہ جانور۔

تُند پرواز: تیز پرواز، بہت تیز اڑنے والا پرندہ۔

تُند خُو: بد مزاج، آتش مزاج۔

تُند خُوی: بد مزاجی، آتش مزاجی۔

تُندَر: رعد، کڑک، گرج، شور۔

تن دردادن: دل و جان سے راضی ہونا، کام کے لیے حاضر ہو جانا۔

تَندُرُست: بیماری سے صحت یاب ہونا۔

تُندرَو: بہت تیز چلنے والا۔

تُندرُو: ترش رُو، بد مزاج۔

تُند رُوی: ترش روی، بد مزاجی۔

تُند رَوی: بے باکی۔

تُند زبان: کرخت، درشت، کھردرا، جس کی گفتار نا پسندیدہ ہو۔

تَندَس: جسم، پیکر، تمثال، عکس، تصویر، نفس، مجسمہ۔

تُندعنان: تیزرو

تَنَدُّم: (ع) پشیمان ہونا، نادم ہونا، توبہ و پشیمانی۔

تُندنویسی: فن مختصر نویسی۔

تندُو: مکڑی کا جالا، مجازاً سست، کاہل۔

تندو خَند: تارومار، زیر وزبر۔

تندُور: رعد، کڑک۔

تَندُور: تنور۔

تُند وکُند: تیز اور آہستہ۔

تَندہ: (۱) بند کرنا۔

راہ آب را تندہ کردند: پانی کا راستہ بند کر دیا (۲) تیز چلنے والی ندی۔

تندہ: نشیب دار ڈھلان

تُندی: تیزی

تُندی کردن: تیزی کرنا، تلخ کلامی کرنا۔

تُندیَدن: تیزی کرنا۔

تَندِیس: جسم کی مانند، مجسمہ، پیکر، تصویر۔

تنزُّل: (ع) زوال، اترنا، نیچے آنا، درجہ توتنا۔

تنزل قیمت: قیمت کم ہونا، بھاؤ اترنا، نرخ کم ہونا۔

تنزُّہ: (ع) (۱) پاک ہونا، بے آلائش ہونا، عیب سے پاک و منزہ ہونا، پاکدامن (۲) تفریح، کھیل، دل بہلاوا، تفنُن۔

تَنزِیب: (ع) نفیس کپڑا، سفید نازک سوتی کپڑا، زینت تن۔

تنزِیل: (ع) (۱) نیچے اتارنا، نیچے لانا، نازل ہونا وحی (۲) سُود۔

تنزیل خور: سود خوار۔

تنزیل خوریی: سود خواری۔

تنزیل دادن: سود پر قرض دینا۔

تَنزِیہ: (ع)پاک صاف کرنا، کسی کو عیب اور آلائش سے پاک کر دینا۔

تَنسُخ: (ع)نفیس، کمیاب چیز۔

تنسک: (ع)پاکیزگی،صفائ پرہیزگاری، دینداری زاہد عابد ہونا۔

تَنسُل: (ع)حسب نسب، نسلی امتیاز۔

تَنسِیخ: (ع)منسوخ کرنا۔

تنسیق: (ع)نظم و نسق قائم کرنا، نظم و ترتیب دینا۔

تنشوی: نہانے کی جگہ، حوض، تالاب۔

تنشیط: (ع)نشاط آور، راحت بخش، حوصلہ افزا۔

تنشیف: (ع)خشک کرنا۔

تَنصُّر: (ع)نصرانی بننا، عیسائ بننا،دین نصاری کو قبول کرنا۔

تَنصِیر: (ع)مسیحیت اختیار کرنا،نصرانی ہونا۔

تَنصِیص: (ع)آشکار کرنا، ظاہر کرنا،کلام کے معنی کو واضح کرنا۔

تَنصِیف: (ع)نصف کرنا۔

تنضید: (ع)ہموار کرنا، برابر کرنا، مرتب کرنا۔

تَنطُّق: (ع)بولنا، بات کرنا، تکلم۔

تَنظِیف: (ع)پاک ہونا۔ پاک نگاہ رکھنا، پاکیزگی، شہر داری کی اصطلاع میں رفت و رُوب۔

تنظیم: (ع)نظم و تربیت، نظم کہنا۔

قصیدہ مطوّلی تنظیم کردہ بود: اس نے بہت طویل قصیدہ کہا تھا۔

تنظیمات: (ع)تنظیم کی جمع۔

تَنعُم: (ع)خوشگوار زندگی،خوشی،راحت۔

تَنغُّض: (ع)مکدر ہونا، عیش و راحت کا ختم ہونا، تیرہ بختی۔

تَنغِیض: (ع)کسی کی خو شحالی کو تباہ کرنا، کسی کے عیش و نشاط کو ختم کردینا۔

تنَفُّخ: (ع)نفخ ہو جانا، پیٹ میں ہوا بھر جانا۔

تنفُّر: (ع)نفرت، کرنا، مخالفت، بیزاری، خاموشی، ناپسندیدگی۔

تنفُّر آمیز۔۔۔تنفُّر آور: نفرت انگیز، کراہت آمیز۔

تنفُّس: (ع)سانس لینا، دم لینا۔

تنفِیذ: (ع)اجرا کرنا، موافقت کرنا، نافذ کرنا۔

تَنفِیر: (ع)ڈرانا، وہمی اور خیالی چیزوں کے ذکر سے ڈرانا، پرندوں کو اڑانا۔

تَنقُّل: (۱)تفریح،دل بہلاوا (۲)ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔

تَنقِیح: (ع)پاک کرنا، قابل اعتراض باتوں سے کتاب کو پاک کرنا۔

تنقید: (ع)جانچ پرکھ، عیوب و محاسن ظاہر کرنا۔

تنقِیص: (ع)کم کرنا، گھٹانا، نقص بیان کرنا۔

تَنقِیل: (ع)نقل کرنا، ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔

تنقِیہ: (ع)پاک صاف کرنا، معدہ صاف کرنا، حقُنہ کرنا، اینیما کرنا۔

تُنک: پتلا، نازک، چوڑا، مثل۔

خدا بین شو کہ پیش اہل بینش
تنک باشد حجاب آفرینش

خدا کی قدرت سے تو خدا کو دیکھ،دانش و بینش رکھنے والے لوگوں کے نزدیک آفرینش کا حجاب جو سامنے ہے وہ پتلا ہے اس میں سے سب کچھ دیکھا جا سکتا ہے دیکھنے کی صلاحیت ہونی چاہیے۔

تنک کردن: فرش بچھانا،

تنک آب: پایاب،کم گہرا پانی۔

تنکار: سہاگا، بورق۔

تنکر: (ع)اپنے آپ کو اجنبی ظاہر کرنا، ناشناس ہونا،

تُنک روزی: معاش کی کمی۔

تُنک ریش: جس کی ڈاڑھی میں کم بال ہوں۔

تُنگہ: عورتوں کے نیچے پہننے کا تنگ زیر جامہ۔

تُنگہ: دھات کی پتلی پلیٹ۔

تُنگہ کار: دھات کی پلیٹ بنانے والا۔

تنکیر: (ع)حُلیے میں تبدیلی کر کے اپنے آپ کو اجنبی ظاہر کرنا۔

تنکیس: (ع)سرنگوں کرنا۔

تنکیل: (ع)سرکوبی کرنا، دوسروں کے لیے باعث عبرت بنانا۔

تُنگ: کوزہ، جام، قدح۔

تَنگ: مضبوط نوار جس سے گھوڑے کا سینہ باندھتے ہیں۔

تنگ: کم جگہ، گھٹنا ہوا، کسا ہوا، جگہ جہاں مشکل ہی سے کوئی چیز سما سکے، جہاں دباؤ پڑے۔

اورا تنگ درآغوش گرفت: اس سے زور سے معانقہ کیا۔

دیدہ تنگ: سیر نہ ہونے والی آنکھ۔

سال تنگ ،خشک سالی: جس سال بارش نہ ہوئی ہو جس سال پیداوار کی قلت ہو۔

تنگ آب: کم گہرا پانی، پایاب۔

تنگاتنگ: تنگ تنگ۔

تنگان: لکڑی کا طبق۔

تنگ بار: جہاں آسانی سے باریابی نہ ہو سکے۔

تنگ بخت: بدنصیب۔

تنگبیز: وہ برتن جس میں آٹا گوندھنے کے لیے چھلنی سے چھانا جائے۔

تنگ چشم: جس کی آنکھ سیر نہ ہو، حریص لالچی۔

تنگ چشمی: حرص، لالچ، ہوس و آز۔

تنگ حوصلہ: بے صبر، بے ہمت۔

تنگ دست: غریب، مفلس، نادار۔

تنگ دستی: غربت، افلاس، ناداری۔

تنگ دل: زود رنج، مایوس، نااُمید، شکستہ دل، پریشان، اُفسردہ، غمگین، مثال:

از فلک تنگ دل مشو جامی
گر فراوان ترا بیازارد

اے جامی فلک کج رفتار خواہ تمھیں کتنا ہی زیادہ آزار پہنچائے، مایوس نہ ہونا۔

تنگ دلی: مایوسی، ناامیدی، دل شکستگی۔

تنگ دہن: چھوٹے منہ والا، غنچہ دہن۔

تنگ سال: خشک سال، جس سال بارش نہ ہونے کی وجہ سے پیداوار زیادہ نہ ہو۔

تنگ سالی: خشک سالی۔

تنگ شدن قافیہ: شعر گوئی میں مزید قافیہ نہ سوجھنا، قافیہ تنگ ہونا، لاجواب ہونا، مجبور ہونا، حیران و پریشان ہونا۔

تنگ گیر: (۱)سختی سے دبانے والا (۲)محتاط (۳)کفایت شعار، جزرس، کم خرچ۔

تنگ معاش: تنگ روز، جس کی معاش کے وسائل کم ہوں۔

تنگنا...تنگ گرزگاہ: مشکل، تنگی، سختی، دباؤ۔

تنگ نفس: جسے رک رک کر سانس آئے، دمے کی کیفیت، ضیق النفس۔

تنگ نظر: مشکل سے حاصل ہونے والا، کمیاب۔

تنمّر: (ع)تند خُوئی، غضب و غصہ۔

تنمیق: (ع)خوبصورتی سے لکھنا، زینت دینا،

تنحِیَہ: (۱)نشو ونما کرنا، ترقی دینا (۲)آگ روشن کرنا

تندُو:مکڑی کا جالا ، جلاہے کی نال۔

تنَنده:کپڑا بُننے والا ، جولاہا ، عنکبوت۔

تنُو:قوت، طاقت، توانائی۔

تنُودن:کاتنا ، بُننا ۔

تنُور: (ع)روشن کرنا ، روشنی، روشن فکر ہونا ، تنور۔

تنوره: (۱)چمنی جس سے کارخانے کا دھواں خارج ہوتا ہے (۲)انگیٹھی(۳)حلقہ ۔

تنوره زدن:حلقہ باندھنا۔

تنُوری:تنور میں پکا ہوا ، تنور جیسا ۔

تنُوز:تنوزہ، دراز، شگاف۔

تنوّع: (ع)قسم قسم کا ہونا ، گونا گوں، مختلف قسم کا۔

تنُو مَند:توانا ، طاقتور، موٹا ، فربہ۔

تنویر: (ع)نورانی، روشنی دینا ، ضیاباری۔

تنویر الیکٹریکی:بجلی کی روشنی۔

تنویر کردن:روشن کرنا۔

تنویم: (ع)سُلانا، بچے کو لوری دے کر سُلانا۔ سونا۔

تنوین: (ع)نون کی آواز کی دہری علامت مثلاًمخصوصاً۔

تنوّه: (ع)بلند پایہ ہونا ، ارفع مقام پر پہنچنا۔

تنویه: (ع)تعریف کرنا ، عزت و احترام سے کسی کا ذکر کرنا۔

تنه: (۱)درخت کا تنا (۲)جسم کا دھڑ، بالاتنہ ، جسم کے اوپر کا حصہ (۳)مکڑی کا جالا ۔

تنها:اکیلا ، بے یارومددگار، محض، صرف، یک و تنہا ، بالکل اکیلا۔

تنهائی:اکیلا پن۔

تنه دار۔**تنه گنده**:موٹا ، فربہ۔

تنه لش: (۱)موٹا ، بھدا (۲)بے وقوف، سست۔

تنی:اپنا۔

برادرتنی:اپنا بھائی۔

تنیدَن:بُننا ، تننا ۔

عنکبوت تارمی تنَد:مکڑی جالا بنتی ہے

تنیده:تنا ہوا ،بُنا ہوا

تنِیس: (انگ)ٹینس۔

تنِین: (ع)اژدہا ، افعی

تُو:صیغہ واحد حاضر، تو:

تُو۔اندر، اندرون۔

ازتو مراصدازدند:اندر سے مجھے آواز دی

رفت تُوی خانه:گھر کے اندر گیا۔

تو آمدن:اندر آنا ۔

تُورفتن:اندر جانا ۔

تَو:تاب۔

تَو برتَو:درہم برہم۔

تَو:حوض، تالاب۔

توّاب:توبہ قبول کرنے والا، پروردگار کا صفاتی نام۔

توابِع: (ع)تابع کی جمع، فرمان بر، فرمان پذیر، ماتحت، اطاعت گزار۔

توابِل: (ع)سالن کے لیے مسالے میں ڈالنے والی چیزیں، مثلاً زیرہ مرچ، دارچینی وغیرہ۔

توابیت: (ع)تابوت کی جمع۔

تواتُر: (ع)مسلسل، لگاتار، متواتر، پیاپے ،پے درپے۔

توارُث: (ع)ورثہ ، ورثہ ملنا یا دینا۔

توارُد: (ع)باہم وارد ہونا ، ایک خیال کسی کو سوجھنا اور کسی دوسرے کو بھی ویسا خیال ہی سوجھنا اور دونوں کا ایک ہی طرح نثر میں یا شعر میں خیال پیش کرنا۔

تُواره:گھاس پھوس کا بنا ہوا جھونپڑا ، وہ جگہ جہاں گوبر اور اوپلے وغیرہ رکھتے ہیں۔

تُواره: (ع)کانٹے دار باڑ جو باغ کے گرد لگائی جاتی ہے۔

تواری: (ع)پنہاں ہونا ، چھپ جانا ، دربدر ہو جانا۔

تَواریخ: ع(تاریخ کی جمع:
توازُن: (ع)متوازی ہونا۔
تَواسی: منقش فرش:
تواَصُل: (ع)ایک دوسرے سے مل جانا، وابستہ ہونا پیوستہ ہونا۔
تواطو: (ع)ایک دوسرے کے موافق ہونا، کسی ایک کام میں موافقت کرنا۔
تواعِد: (ع)باہم وعدہ کرنا، عہد و پیمان کرنا
توافِر: (ع)وافر ہونا، فراواں ہونا، فراوانی۔
توافُق: (ع)ایک دوسرے سے موافقت ہونا، اتفاق، توافُق راے، اتفاق راے۔
توافق حاصل کردن: موافقت حاصل کرنا، معاہدہ کرنا۔
توافي: (ع)ایفاے عہد:
تواقِيع: توقیع کی جمع، چیزوں پر نشان لگانا، نامہ و فرمان پر دستخط کرنا۔
توالُد: (ع)ولادت۔
توالي: تسلسل، تواتر، یکے بعد دیگر، پے بہ پے، پے در پے ہونا، سلسلہ قائم ہونا۔
تَوام: (ع)جڑواں۔
برادر توام: جڑویں بھائی
توامان: دو بچے جو بیک وقت ماں کے پیٹ سے پیدا ہوں
توان: طاقت،قابلیت، اہلیت۔
صاحب توان: توانا۔
توان گفت يامي توانگفت: کہا جا سکتا ہے
توانا: طاقتور،قابل،توانائی، قابلیت، اہلیت۔
توانِست: توانستن مصدر=کرسکنا سے ماضی مطلق، کرسکا
تنوانست كه ايشان را دستگيری كند: وہ ان کی دستگیری نہ کر سکا۔

توانست: طاقت، قابلیت، اہلیت۔
توانستن: کر سکنا۔
توانِش: توانائی۔
توانگر: دولت مند، امیر۔
تواني: سست ہونا، کام میں کوتاہی کرنا۔
تواهه: خوراک جو گوشت اور بینگنوں سے تیار کی جاتی ہے۔
تُواہی: تباہی۔
تُوب: توپ۔
تُوب: (۱)واپس آنا(۲)توبہ کرنا۔
تُوبال: وہ ریزے جو لوہا وغیرہ کو رگڑنے سے گرتے ہیں۔
تُوبان: تنبان، لنگوٹا جو پہلوان کُشتی کرنے کے وقت پہنتے ہیں۔
تُوبت: توبہ، گناہ سے پشیمانی۔
تُوبَرہ: تھیلا جو گھوڑے کے منہ پر چڑھاتے ہیں۔
تُوبَک: دیکھیے تُو تک۔
تَوبَہ: (ع)گناہوں کی معافی مانگنا، استغفار پشیمانی، ندامت، انفعال۔
توبه شكن: توبہ کرکے اسے توڑ دینے والا
توبه كار: توبہ کرنے والا۔
تَوبِيخ: (ع)تنبیہ کرنا ،سرزنش کرنا ،ملامت، ڈانٹ،ڈپٹ۔
توبيخ آميز: دھمکی آمیز۔
توپ: جس سے جنگ میں گولے چلاے جاتے ہیں
شلیک تُوپ: (ع)توپ کا گولہ چلنا۔
تُوپ: گیند، فٹ بال، توپ۔
تُوپ بازی: گیند سے کھیلنا۔
تُوپ انداز۔تُوپچی: توپ چلانے والا۔
تُوپخانه: جہاں توپیں رکھی جاتی ہیں، آرٹلری۔
تُوپُر: ٹھوس، جامد۔

تُوپرَس: توپ کا فائر۔

تُوپک: سٹور، گودام۔

تُوپک: تفنگ، بندوق۔

تُوپک: ایک چھوٹی گیند۔

تُوپ مسلسل: مشین گن۔

تُوپوز: پھاوڑا، بیلچہ، اس قسم کا کوئی اوزار۔

تُوپوزی: بیلچے سے کام کرنا۔

تُوپی: ٹھوس نکڑے۔

تُوپی: پلگ، چھوٹی میخ یا ڈاٹ جس سے سوراخ بند کرتے ہیں۔

تُوت: شہتوت کا درخت۔

تُوتستان: جہاں شہتوت کے درخت لگے ہوں۔

تُوتِ سیاہ: شاہ توت، سیاہی مائل سرخ رنگ کے شہتوت۔

تُوتک: (۱) طوطا (۲) مُرلی چوپان کی۔

تُوتکی: گنجینہ، خزانہ، مخزن۔

تُوتُونچی: تمباکو فروش۔

تُوتیا: سُرمہ۔

تَوثُّق: (۱) قابلِ اعتماد (۲) مضبوط کرنا۔

توثِیق: (ع) (۱) مستحکم کرنا، استحکام (۲) کسی کو ثقہ یا قابلِ اعتبار سمجھنا۔

تُوج: (ت) دھوپ کی وجہ سے رنگ سانولا ہو جانا، کانسی کا سا رنگ۔

توجَبَہ: (۱) سیلاب، سیل (۲) فرشتہ۔

توَجُّع: (ع) (۱) درد کا اظہار کرنا (۲) کسی سے ہمدردی کا اظہار کرنا۔

توَجُّہ: (ع) دھیان دینا، خیال، رغبت، شفقت۔

توَجُّہات: توجہ کی جمع، موافقت، عاطفت، حمایت، عنایات، زیر سایہ، زیر سرپرستی۔

توجِیہ: (ع) وجہ بتانا، وضاحت کرنا، بیان کرنا، متوجہ کرنا

توچال: یخ چال-پہاڑوں یا بلند مقامات پر جہاں ہر وقت برف ہوتی ہے وہاں ایسی نشیب جگہیں بنائی جاتی ہیں جنھیں اوپر سے ڈھانپ کر وہاں چیزیں رکھی جاتی ہیں۔

توَحُّد: (ع) اکیلے رہ جانا، اکیلا، تنہا۔

توَحُّش: (ع) وحشت، وحشیانہ سلوک ڈر، خوف۔

توحِید: (ع) وحدانیت، واحد قرار دینا۔

توحید کردن: ایک ہو جانا۔

توحید گو: خدا کی وحدانیت کا اقرار کرنے والا۔

توَحِیش: (ع) وحشیانہ طبیعت یا مزاج، خوفزدہ ہونا۔

تُوخ: ایک پودا جس کی پتیاں خاردار ہوتی ہیں۔

تُوختَن: (۱) چاہنا، خواہش کرنا، حاصل کرنا، واپس دینا

تُود: تُوت۔

تُودار: محتاط، محفوظ، جو خاص مقصد کے لیے محفوظ ہو۔

توَدُّد: (ع) محبت کا اظہار کرنا، پیار، محبت، دوستی۔

تُودرتو: (۱) تہ درتہ (۲) کسی کو آنے جانے کی آزادی دینا۔

تودرہ: کبکِ دری۔

تُودستی: مدد۔

تُودماغی: جس کی آواز ناک میں سے نکلے۔

تُودہ: انبار، ڈھیر۔

تُودہشناسی: عام لوگوں کے متداول عقائد اور روایات کا علمی مطالعہ۔

تودہ کردن: انبار لگانا۔

تودِیع: ایک دوسرے کو وداع کرنا۔ خدا حافظ کہنا۔

مراسم تو دیع بعمل آوردن: ایک دوسرے کی روانگی کے مراسم ادا کرنا۔

تودِیعی: (ع) وداعی۔

تُور: جال پردہ۔

تُورصورت: چہرے کا پردہ۔
تُور ماہی گیری: مچھلیاں پکڑنے کا جال۔
تُور: فریدوں کا بیٹا جسے توران کی حکومت دی گئ تھی۔
تورات۔۔توریت: (ع)یہودیوں کی مقدس کتاب۔
تُوران: ترکستان کا قدیمی نام۔
توران دُخت: خسرو پرویز کی بیٹی کا نام ،جس نے کچھ عرصہ ایران کی حکومت کی۔
توَرُّب: (ع)کجی، ترچھاپن، عدم استقامت۔
تورُّع: (ع)پارسائی، پرہیزگاری، پاکدامنی۔
تورَفتگی: (۱)جس میں دندانے ہوں (۲)گہری دراڑ یا شگاف
تَورفتہ: جس میں دندانے ہوں، دندانے دار
توَرُّق: (ع)(۱)ورق سازی (۲)دھات سے کوئی چیز بنانا (۳)محراب وغیرہ کی پتوں سے آراستگی (۴)اونٹ یا ہرن کا پتے کھانا
تورُّم: (ع)جس پر ورم آیا ہو، سُوجا ہوا
تورنگ: صحرائی مرغ
تُورہ: گیدڑ
توری: تور کی اولاد جو فریدوں کا بیٹا تھا
تُوری: ڈوری، فیتہ، تسمہ، پردہ
تُوریَت: حقیقت کو پوشیدہ کرنا، کسی امر کو خلاف حقیقت ظاہر کرنا
تَوریث: ورثے میں کوئی چیز دینا، میراث چھوڑنا کسی کو اپنا وارث بنانا
تُورید: (۱)درخت پر پھول آنا (۲)رخسار کا گلگون ہونا
تُوریدَن: شرمندہ ہونا، ایک طرف کو چلے جانا
توَزُّع: (ع)الگ الگ ہونا، متفرق ہونا
توزِیع: (ع)الگ الگ کرنا، تقسیم کرنا بانٹنا
توزِیعی: (ع)تقسیم سے متعلق
تَوزِین: (ع)اپنے تئیں کسی کام کو قبول کرنے پر آمادہ کرنا، وزن کرنا

تُوس: (ع)قدرت، فطرت
توَسُّخ: (ع)گندگی، غلاظت، کثافت
توسَد: تکیے سے ٹیک لگانا
تُوسُرخ: سنگترے کی قسم کا پھل جس میں مٹھاس کے ساتھ قدرے ترشی بھی ہوتی ہے
تُوسَری: ٹکر، دھکا، چوٹ
تُوسُّط: (ع)وساطت، ذریعہ
توسُّط کردن: وسیلہ بننا
بتوسطِ کسی وصول کردن: کسی کے ذریعے سے وصول کرنا
توَسُّع: (ع)توسیع، وسعت، پھیلاؤ، کشادگی، فراخی
توسِعہ: (ع)پھیلاؤ، کشادگی، بسط، فراخی
توسِعہ دادن: وسعت دینا، پھیلانا، ترقی دینا
توسِعہ یافتن: ترقی پانا
توسکا: دیکھیے توُسہ
تَوسُّل: (ع)وسیلہ، ذریعہ، وسیلہ بنانا، کسی کا دامن تھامنا، متوسل ہونا
توسل بخدا: خداوند تعالی کا وسیلہ
تَوَسُّم: (ع)فراست سے دریافت کرلینا
توَسَن: سرکش گھوڑا جس پر قابو نہ پایا جاسکے
تَوسَنک: قناعت
تَوسَنی: اڑیل پن، سرکشی
توسِہ: بید کی قسم کا درخت
تَوسِیخ: (ع)گندا کرنا، میلا کرنا
تَوسِید: (ع)تکیے سے ٹیک لگانا
تَوسِیط: (ع)وسط میں رکھنا، درمیان میں رکھنا درمیان سے کاٹنا
توسِیع: وسعت دینا، پھیلانا، بڑھانا، ترقی دینا
تُوش: طاقت، توانائی، تن، بدن
تُوشدان: توشہ دان
تُوشَک: بستر میں نیچے بچھانے والا روئی دار گدا

تُوشکان: حمام کا آتشدان

تُوشمال: حمام میں مالش کرنے والا

تُوشمال: بڑا باورچی

تُوشہ: سفر کا سامان، زادراہ، کھانے پینے کا سامان

تُوشہ دان: جس میں کھانے پینے کا سامان رکھا جائے

تُوشی: مہمانی جس میں ہر شخص کچھ نہ کچھ کھانے کے لیے ساتھ لاتا ہے

تَوشیح: (ع)(۱)تحریر پر دستخط کرنا، مہر لگانا (۲)گردن میں حمائل ڈالنا (۳)آراستہ کرنا، (۴)علم بیان میں اشعار کے پہلے پہلے حرف کے جمع کرنے سے ممدوح کا نام سامنے لانا

تُوشِیم: (ع)سوئ سے جلد پر نقش و نگار کرنا

تَوصّل: (ع)ملنا، ملاپ، کسی چیز سے وابستہ ہو جانا

توصِیف: (ع)بیان، ذکر، وصف، کیفیت، وصف بیان کرنا، تعریف کرنا

توصیف نَمُودن: تعریف کرنا

توصِیہ: (ع)وصیت کرنا، سفارش، تقرر، وارث مقرر کرنا، امین، ٹرسٹی

توصِیہ نامہ: وصیت نامہ، سفارش نامہ

توضِیح: (ع)وضاحت کرنا، شرح و بیان

توضِیح دادن: وضاحت کرنا

تَوضیحات: وضاحت کی جمع

تَوضِیحی: وضاحت کے طور پر

تَوضیع: (ع)تواضع، عجز و انکسار کا اظہار

توطّن: (ع)وطن بنا لینا، مستقل طور سے مقیم ہونا

بعضی از بهار در پاکستان توطن کردند:
بعض بہاریوں نے پاکستان کو اپنا وطن بنا لیا ہے

تَوطِئہ: (ع)منصوبہ، سکیم، تمہید، ابتدائی وضاحت، قرار داد، سمجھوتا، مفاہمت، آپس کا تصفیہ

توطئہ کردن۔۔۔توطئہ چیدن: منصوبہ بنانا، ایکا کرنا

توظِیف: (ع)فریضہ سپرد کرنا، وظیفہ دینا

تَوَعُّد: ڈرانا

تُوغ: (ع)جلانے والی لکڑی جو دیر تک جلتی ہے نیز علم، پرچم

تَوغُّل: (ع)تعمّق: کسی امر میں گہری سوچ بچار، گہرا مطالعہ

تُوف: فریاد و غوغا

توفان: طوفان

توفُّر: (ع)وافر ہونا، زیادتی، کثرت

توفُّق: (ع)موافق ہونا، کسی کام میں کامیاب ہونا، توفیق ہونا

توَفّی: (ع) (۱)اپنی ساری رقم حاصل ہو جانا، اپنا سب حق لے لینا (۲)وفات پانا

توفِیدَن: شور غوغا کرنا، داد و فریاد کرنا

توفِیر: (۱)وافر ہونا، زیادتی، کثرت، (۲)فرق

توفِیق: نظر عنایت، رعایت، احسان، مدد، امداد، کامیابی حاصل ہونا

تُوق: (ع)تُوغ دیکھیے

تَوَقّد: (ع)جلنا، بھڑکنا، روشن ہونا، آگ جلانا

تَوَقّر: (ع)وقار، عظمت، حرمت، قدروقیمت، شان مرتبہ

تَوَقُّع: (ع)امید، خواہش، گزارش

توقع کردن: امید کرنا، گزارش کرنا

تَوَقُّف: (ع)ٹھہرنا، وقفہ

توقف کردن: ٹھہرنا

تَوَقّی: (ع)پرہیز کرنا، اپنی نگہداشت کرنا

تَوقِیت: (ع)وقت مقرر کرنا، کسی کام کے لیے وقت معین کرنا

تَوقِیر: (ع)عزت، احترام

تَوقیراً: عزت و احترام کے ساتھ

کلمات توقیر: عزت و احترام کے کلمات

تَوقِیع: (ع)دستخط کرنا، مہرثبت کرنا

تَوقِیف: (ع)کسی کی آزادی سلب کرنا، قید، روکنا، حراست

توقیف گاہ: قید یا نظر بندی کا مقام

تَوَکُّل: (ع)بھروسا، آسرا

ہمیشہ توکل بخدا کنید: ہمیشہ خدا پر بھروسا کرو

توکِید: (ع)محکم کرنا، اپنے عہد یا اپنی بات پر قائم رہنا

تَوکِیل: (ع)وکالت، کسی کو اپنی طرف سے وکیل مقرر کرنا، کسی کو اپنا نمایندہ بنانا

توگوشی: کسی کے کان میں آہستہ بات کہنا

تَوَلاَّ: (ع)دوستی کرنا، مراسم دوستی، محبت مثال:

بہ تولای تو درآتش محنت چون خلیل(ع)
گوئیا در چمن لالہ و ریحان بُودم

تری محبّت میں حضرت ابراہیم (ع)کی طرح رنج ومحن کی آگ میں ہوتے ہوے گویا میں ایسے چمن زار میں تھا جہاں لالہ وریحان کھلے تھے

تُول بند: عمامہ، پگڑی

تولُّد: (ع)پیدائش

تُولک: پرندہ جس کے پر جھڑ گئے ہوں

تُولہ: بچہ سگ یا بچہ شغال

تَولّی: (ع)دوست ہونا، دوست سمجھنا، میل ملاپ

تُولِیّت: (ع)کسی کام پر متعین ہونا، کوئ کام سپرد ہونا، کسی کام کو اپنے ذمے لینا، کسی کو جانشین قرار دینا، وقف شدہ املاک کے امور کی عہدہ داری

تولِید: (ع)ولادت، تخلیق کرنا، پیدا کرنا، کسی چیز سے کوی دوسری چیز وجود میں لانا

تولیدِ مثل: نسل پیدا کرنا، اولاد پیدا کرنا

تُومار: طُومار

تُومان: (۱)دس ہزار (۲)ایک ایرانی سکہ جس کے دس ریال ہوتے ہیں

امیر تومان: دس ہزار کے فوجی دستے کا کمانڈر

تُون: گرم جگہ، حمام کا سٹوو، بھٹّی، آتشدان

تُون: خراسان کا ایک شہر

تُون تاب: حمام گرم کرنے والا، بھٹی جھوکنے والا

تُون تابی: حمام گرم کرنے کا کام

تُونِس: (ع)ملک کا نام

تُونَل: (انگ)ٹنل

تُونی: خراسان کے شہرتون کا رہنے والا

تَوَهُّم: (ع)وہم، خیال، وہم میں ڈالنا، شک و گمان، بے بنیاد خوف

توہم کردن: خیال کرنا، شک ہونا

توہِیم: (ع)وہم و خیال میں ڈالنا

توہِین: بے عزتی، اہانت، ذلیل و خوار کرنا، مضحکہ اڑانا، طعن و تشنیع کرنا

تُوی: اندرون، اندر کی طرف

توی: توبستی، توبے

تَویدَن: گرم کرنا، پگھلانا

تویِل: جس کے سر پر بال نہ ہوں یا سر کے بال گر چکے ہوں

تَہ: گہرای، نچلا حصہ آخر

از تہِ دل: دل کی گہرای سے، صدق دل سے

تہ این بالا آمد: یہ مکمل ہو گیا

تہِ بساط: بقایا چیز جو موجود ہو، بکاؤ مال جو ابھی بکا نہ ہو

تہ پیالہ: دُرد، شراب جو جام کی تہ میں ہو

تہ چیزی را بالا آوردن: کام ختم کرنا، کھا پی لینا

تہ رفتن: گہرائی میں اترنا، ڈوبنا

تہ سوزن: سوئ کا سوراخ

تہ صندلی: کرسی پر بیٹھنے کی جگہ

تہ فندق: بندوق کا نچلا حصہ

تہ و تُوی چیزی را در آوردن: کسی چیز کا گہرا جائزہ لینا

سَروتہ: اوپر نیچے، اُلٹنا

تہ: خالی

تہاجُم: (ع)ہجوم کرنا، حملہ، یورش، جارحانہ اقدام، پیش دستی

اتفاق تہاجمی: حملے کے لیے اتحاد، جارحانہ اتحاد

تہادی: (ع)ایک دوسرے کو ہدیہ یا تحفہ دینا

تہانی: (ع)باہم مبارک باد کہنا، تہنیت

تہاوُن: (ع)کسی کو ذلیل و خوار سمجھنا، سستی کرنا، کوتاہی کرنا، پروانہ کرنا

تہاوِیل: (ع) زینت تصویر کے لیے مختلف رنگ بھرنا، نقش و نگار

تہاویل الربیع: رنگا رنگ پھول جو موسم بہار میں کھلتے ہیں

تَہبُّج: (ع)آماس، سوجن، کسی تکلیف کی وجہ سے جسم کے کسی حصے میں آماس پیدا ہونا

تہتُّک: (ع)پھاڑنا، تکڑے کرنا، توہین کرنا، بے عزت کرنا، ہتک کرنا، رسوا کرنا، رسوائی

تہجُّد: (ع)رات کو بیدار ہونا، شب زندہ داری، نماز شب جو آدھی رات کے بعد ادا کی جائے

تَہجّی: (ع)لفظوں کا جوڑ، ابجد، حروف تہجی

تہجی کردن: لفظوں کا جوڑ کرنا، تلفظ کرنا

تہجِیَہ: (ع)لفظ کے حروف گننا اور انھیں الگ الگ کرنا

تہ چک: چیک کا باقی حصہ، چیک کا مثنی

تہ چین: پلاؤ کی ایک قسم

تَہدُّد: (ع)دھمکی دینا، تہدید کرنا

تہ دُوزی: کتاب کے حصوں کو نیچے سے سینا

تہدید: دھمکی، ڈرانا، دھمکانا

تہِ دیگ: دیگ یا دیگچے میں نیچے لگے ہوئے چاول «کُھرچن»

تَہذِیب: (ع)شائستگی تمیز، آداب شائستگی

تہذیب اخلاق: اخلاق کی تربیت

تہذیب یافتہ: مہذب جو آداب شائستگی پر عمل پیرا ہو

تہران: ایران کا دارالسلطنت

تہرانی: تہران کا رہنے والا، تہران سے متعلق

تہزّل: (ع)مذاق، ٹھٹھول، دل لگی، تضحیک، مضحکہ اڑانا، ہزل گوئی

تہزِیل: (ع)دُبلا کرنا، سُکھانا، کمزور کرنا

تہ سُفرِہ: بچا ہوا کھانا جو دستر خوان پر باقی بچ جائے

تَہک: برہنہ، عریاں

تہکُّم: (ع)(۱)غصے میں آنا (۲)مضحکہ اڑانا، استہزا کرنا

تَہلکَہ: (ع)تباہی، بربادی، خوف و ہراس، ہلاک ہونا

تہلُّل: (ع)خوشی میں پھولے نہ سمانا، چہرے پر شگفتگی کے آثار نمایاں ہونا

تہلِیک: (ع)تباہی، بربادی

تہلیل: (ع)خدا کی مدح کرنا، تسبیح کرنا، لا الہ الا اللہ کہنا

تہَم: بہت دلیر، دلیری میں لاثانی

تہمتَن: بڑے جثے والا، بے نظیر بہادر، رستم کا لقب

تہماندہ: بچا ہوا، بچا کچھا

تُہمَت: الزام، بہتان، کسی پر شک ظاہر کرنا

تہمَت بستن: کسی پر الزام لگانا

تہمت درُوغ: جھوٹا الزام، بہتان

تُہمَت زدہ۔۔۔تُہمت آلودہ: جس پر الزام لگایا گیا ہو
تُہمت زن: الزام عاید کرنے والا
تَہموُرث: پیشدادی خاندان کا تیسرا شہنشاہ ایران
تہ نشان: کھدائ کرکے ثبت کرنا
تہ نِشَست: دُرد، تلچھٹ
تہنشِین: دُرد، تلچھٹ، گاد
تہنِیَت: (ع)مبارک، تبریک
تہنیت کردن۔۔۔تہنیت گفتن: مبارک باد کہنا
تہنِیت آمیز: مبارک مندانہ
تہنیت نامہ: مبارک باد کا خط
تَہَوُّد: یہودی مذہب اختیار کرنا
تَہوُّر: (ع)دلیری، بے باکی، جانبازی، بہت دلیر ہونا
تہوُر بخرج دادن: بے باکی اختیار کرنا، جلد بازی کرنا، بے پروائ کی وجہ سے مشکل میں پڑنا
تَہوُرُ آمیز: پُرجوش، تندخو، تیز مزاج
تَہَوُّع: (ع)معدے کی خرابی، اُبکائ آنا، قے آنا
حال تہوع: معدے کی خرابی کی حالت
آن غذا حال تہوع باو دست داد: اس غذا کی وجہ سے وہ معدے کی خرابی میں مبتلا ہوا
تَہوع آوَر: معدے میں خرابی پیدا کرنے والی
تہوِیل: (ع)ڈرانا، خوف و ہراس سے دوچار کرنا
تہوِیہ: (ع)ہوا کے آنے جانے کا روشندان
تہی: خالی
تہی دست: خالی ہاتھ والا، مفلس، غریب جس کے پاس روپے، پیسے نہ ہوں
تہی پا: ننگے پاؤں، جس کے پاس پہننے کو جوتے نہ ہوں
تَہیِیج: غصے میں آنا، ہیجان پیدا ہونا
تہی چشم: نابینا، جو دیکھ نہ سکے
تُہیگاہ: پیٹ کے نیچے دائیں بائیں جانب کا حصہ

تَہی مغز: خالی الذہن، بے وقوف، احمق، ابلہ
تی: ایک پودا جس کی پتیاں خار دار ہوتی ہیں
تی: تہی، خالی
تیاتَر: تھیئٹر کا مفرس ہے
تیّار: کمربستہ، مستعد، آمادہ، رضامند، مائل
تَیاسُر: بائیں جانب ہونا
تَیامُن: (ع)دائیں جانب، دائیں طرف ہونا، تیاسُر کی ضد
تِیان: دیگ، کڑاہ
تِیب: سرگشتہ، حیران، بیقرار، مدہوش
تیباش: (۱)عشوہ، ناز و غمزہ (۲)فریب
تِیپ: گروہ، دستہ، بریگیڈ
تیپ سوارِہ: گھوڑ سوار لشکر، رسالہ
سرتیپ: بریگیڈیئر
تَیپا: تہَ پا، پاؤں کے نیچے، پاؤں کی ٹھوکر
تیتال: مکر و فریب، چاپلوسی
تیتالی: مکر و فریب، خوشامد
تی تی: شیر خوار بچہ سے بچے کی زبان میں بات کرنا، اس کے لیے جانور کی شکل کا کھلونا بنانا
تیج: خام ریشم
تِیر: جو کمان میں رکھ کر چلایا جاتا ہے
تِیر: ستارہ عطارد، ایران کے شمسی سال کا چوتھا مہینہ
تِیر: چھت کا بیم
تِیر: بہترین قسم کا
تیر کردن: بہترین چیز کا انتخاب کرنا
تیر: تیرہ و تار، سیاہ، اندھیرا، تاریکی
تیرازِہ: کمانِ رستم، قوس قزح، رنگین کمان
تیر باران: تیروں کی بوچھاڑ
تیر پرتاب: بندوق کا فائر، کمان سے تیر چلانا
تیر خوردِہ: جسے تیر لگا ہو

تیررس: ہدَف، نشانہ، وہ فاصلہ جہاں تیر پہنچ سکتا ہے

تیرزَدَن: تیر سے زخمی کرنا

تیرزَن: تیر انداز

تیرساز: تیر بنانے والا

تیرَست: تین سو (عدد)

تیرک: (۱)چھوٹا تیر (۲)خیمے کا ستون، چھت ڈالنے والا بالا

تیر کش: تیردان، جس میں تیر رکھے جاتے ہیں

تیر گان: ایران کے شمسی سال کے تیر ماہ کا تیرھواں دن، اس دن پارسی یا زرتشتی جشن مناتے ہیں

تیرگی: تاریکی، اندھیرا

تیرگیٔ ذہن: جس کا ذہن صاف نہ ہو

تیرگیٔ روابط: تعلقات کی کشیدگی

تیرم: بادشاہ کے حرم کی خاتون بزرگ، ملکہ

تیرمار: افعی، سانپ

تیرماہ: ایرانی سال کا چوتھا مہینہ

تیرہ: اندھیرا، تاریک، دُھند

ہوا تیرہ است: بہت دھند چھائی ہوئی ہے

تیرہ: گندا، غلیظ، میلا، مجازاً پریشان، الجھا ہوا

تیرہ شدن: اندھیرا ہو جانا

تیرہ کردن: پریشان کرنا

تیرہ: گروہ، فریق، فرقہ، خاندان، ایک حسب نسب یا قبیلے کے لوگ

تیرہ بخت: بدنصیب

تیرہ پُشت: ریڑھ، ریڑھ کی ہڈیاں

تیرہ حال: پریشان

تیرہ دل: جاہل

تیرہ رنگ: جس کی رنگت سیاہ ہو

تیرہ رُوز...تیرہ روزگار: بدنصیب

تیرہ مغز: خالی الذہن، بے وقوف

تیز: (۱)دھاردار، آبدار، نوکدار (۲)کاٹنے والا (۳)جلدی میں

تیزاب: نائٹرک ایسڈ (انگ) ایک قسم کا کیمیائی مرکب جس میں جلا دینے کی خاصیت ہوتی ہے

تیزانک: غبارہ جس میں ہوا بھری جاتی ہے، زیادہ ہوا بھری جائے تو آواز سے پھٹتا ہے

تیزبال: تیز اڑنے والا پرندہ

تیزبصَر: تیز بین، گھری نظر ڈالنے والا

تیز پا: تیز دوڑنے والا

تیز چنگ: تیز پنجے والا

تیز دست: چالاک، ہوشیار

تیز دَو: تیزرو، تیز بھاگنے والا

تیز دہان: چرب زبان، خوشامدی، چاپلوس

تیز طبع: تیز مزاج، تند مزاج

تیز فہم: جو فوراً بات سمجھ جائے

تیز قلم: تیز لکھنے والا

تیز گام: تیز رفتار

تیزگر: چاقو چھریاں تیز کرنے والا

تیز گوش: جس کی قوت سامع تیز ہو

تیز ویر: تیز ہوش

تیز ہوش: ہوشیار

تیسَر: (ع)آسان کرنا، آسان ہو جانا

تیشہ: بڑھئی کا آلہ جس سے وہ لکڑی کو خاص شکل دینے کے لیے کاٹتے تراشتے ہیں

تیشہ بریشہ خود زدن: اپنی تباہی کا سامان پیدا کرنا

تیشہ رُو بخود بودن: خود غرض ہونا

تیغ: تلوار، اُسترا، نیزہ، کرن، خار

تیغ دلاکی: استرا

تیغِ آفتاب: آفتاب کی کرن

تیغ آفشاندن...برآوردن: تلوار کو تیز کرنا، چمکانا

تیغ کشیدن: تلوار میان سے نکالنا

تیغال: جانوروں کے آرام کرنے کی جگہ، پرندوں کا گھونسلا، آشیانہ

تیغ دار: خاردار

تیغہ: (۱)چاقو، تلوار کا پھل (۲)نازک دیوار جو دو گھروں کے درمیان ہو (۳)پہاڑ کی چوٹی، دو ڈھلوان سطحوں کا خط اتصال

تیغہ کشیدن: ایک دیوار کی وجہ سے جدا ہونا

تیفُوس: (انگ)ٹائیفائڈ کا مفرس

تیفوبید: ٹائیفائڈ ہونا

تَیَقُّظ: چوکسی، ہوشیاری، خبرداری، بیداری، ہوشیار ہونا

تیَقظ: نیند سے بیدار ہونا

تیقُّن: (ع)یقین ہونا

تیک: ٹک ٹک کی آواز

تیکہ: ٹکڑا، پارہ

تیکہ تیکہ کردن: پارہ پارہ کرنا

تیل: نُقطہَ، نشان، وقف، خال، عمدہ ترکیب

تیلمبار: تلمبار، ریشم کا کپڑا

تیلہَ: پتھر یا شیشے کی گولی جس سے بچے کھیلتے ہیں، مُہرہ

مایہ و تیلہ...مایہ تیلہ: چھوٹا صدر مقام، بچت

تِیم: کاروانسرائے، ٹیم (انگ)ورزش کاروں کا دستہ

تیما: دشت، بیابان

تیماج: بکرے کا چمڑا جسے رنگ دیا گیا ہو

تیمار: بیمار کی احوال پُرسی، اعتنا، خبرداری، عیادت، حاضری، غمخواری، دلسوزی فکر واندیشہ

تیمار داری: بیمار پرسی، عیادت

تیمار خانہ: بیمارستان، شفاخانہ، ہسپتال

تیمارِ ستان: دارالمجانین، پاگل خانہ

تیمارگاہ: بیمارستان، امدادی ہسپتال

تیماس: جنگل، درختوں کا جھنڈ

تیمچہ: چھوٹی کا روانسرائے

تیمسار: کلمہ احترام جیسے جناب، حضرت (خصوصاً فوجی افسران کے لیے)

تیَمُّم: (ع)پانی میسر نہ آنے یا بیمار ہونے کی صورت میں وضو کے لیے مٹی سے ہاتھ منہ کا مسح کرنا

تَیمُّن: (ع)مبارک ہونا، اچھی فال نکلنا، بخشش، رحمت، فیض، تبریک

تیمُوک: ترشرو، عبوس

تِین: انجیر

تیُو: تاب و تواں، طاقت، توانائی

تیوا: تیوای: تہور، بے باکی، بے پروائی

تُیُول: جاگیر، جو فوجی خدمات کے صلے میں ملتی ہے

تیہ: ویران، اجاڑ، دشت، بیابان، گمراہی، سرگردانی

تیہُو: چکور

ث

ث: فارسی کا پانچواں حرف، اردو کا چھٹا اور عربی کا چوتھا حرف، ابجد کے حساب سے ث کے ۵۰۰ عدد ہیں۔

ثابِت: (ع)پابرجا، پائیدار، مقررشدہ، مستحکم، ناقابل تغییر، اپنی جگہ قائم، راسخ

عقیدہ ثابت: راسخ عقیدہ جس کی درستی واضح ہو

رنگ این قالی ثابت است: اس قالین کا رنگ پکا ہے

جُرم اورا ثابت کردند: اس کا جرم انھوں نے واضح کردیا

ثابت ماندن: اپنی جگہ قائم رہنا

عزم ثابت: راسخ ارادہ

ثابت قَدَم: مستقل مزاج، (قوی الارادہ) اولو العزم، باہمت، دلیر

ثابت قَدَمی: دلیری، مستقل، مزاجی، استقلال

ثابِتہ: ستارہ جو اپنی جگہ قائم ہے، ثوابت جمع

ثار: تلافی، بدلہ، انتقام

اخذثار کردند: انھوں نے انتقام لے لیا

ثاقِب: (ع)درخشان، تابناک، کسی چیز کا زور سے باہر نکلنا، پھوٹنا، سوراخ کرنے والا

ثاقِل: (ع)ثقیل، ثواقل جمع

ثالِث: (ع)(۱)تیسرا (۲)پنچ، فیصلہ کرنے والا

ثالثاً: (ع)تیسرا موضوع

ثالِث ثلاثہ: (ع)تین کو ماننے والا، یعنی خدا حضرت عیسی (ع) اور حضرت مریم کو ماننے والا عیسائی

ثالُوث: (ع)تثلیث، عیسائیوں کا مقدس تین، یعنی خدا، حضرت عیسی (ع) اور حضرت مریم

ثالِثہ: (ع)فیصلہ کرنے والی خاتون

ثالِیل: (ع)ثولول کی جمع، سخت دانے جو بدن پر نکل آتے ہیں، گومڑے

ثامِن: (ع)عدد آٹھواں

ثامِناً: (ع)اٹھواں موضوع یا مسئلہ

ثانوی: دوسرے درجے کا

ثانی: (ع)دوسرا

ثانِیاً: (ع)دوسرا موضوع یا مطلب

ثانی اثنین: (ع)برابر کا، دو میں سے دوسرا

ثانِیہ: (ع)سیکنڈ، منٹ کا ساٹھواں حصہ

ثانِیہ شمار: سیکنڈ بتانے والی سوئی

ثائر: (ع)کینہ پرور، انتقام جُو

ثَبات: (ع)استقلال، ثابت قدمی، استحکام، مضبوطی، پختگی، استواری، پائیداری

ثبات رای: پختہ رائے

ثَباتِ قدم: ثابت قدمی، استواری، اپنے ارادے پر قائم رہنا

بے ثبات: فانی، اپنی حالت پر قائم نہ رہنے والا

ثَبّات: (ع)رجسٹرار، ریکارڈ رکھنے والا، نقل نویس، فرد نویس

ثبت: (ع)تحریر ہونا، یاد داشت تیار کرنا، نقش کرنا، دفتر میں درج کرنا، رجسٹر ہونا، ریکارڈ، اندراج

ثبتِ آن درینجانیست: اس کا ریکارڈ یہاں نہیں

ثبتِ شعر بہ دیوار: دیوار پر لکھا ہوا یا نقش کیا ہوا شعر

ثَبت: (ع)ثبوت، قابل اعتماد

ثبت کردن: کتاب یا رجسٹر میں درج کرنا

دفتر ثبت: رجسٹر، ریکارڈ کی کتاب، مامُور (یا متصدی) ثبت، رجسٹرار جس کے پاس ریکارڈ محفوظ رہتا ہے

ثبت برداری: فہرست بنانا، ریکارڈ رکھنا

ثبت برداشتن از چیزی: فہرست تیار کرنا کسی چیز کی، اشیائے مندرجہ کی فہرست

ثُبُوت: (ع)کسی چیز کا ثابت ہونا، پختگی، استحکام، جس کے متعلق کوئی شک و گمان باقی نہ رہے

ثبوت رساندن: ثابت کرنا، ثبوت بہم پہنچانا

ثبوت رسیدن: ثابت ہو جانا

ثُبُور: (ع)ہلاک ہو جانا

ثخانَت: (ع)موٹاپا، ٹھوس ہونا

ثخن: (ع)ضخامت، موٹاپا

ثخنا: ثخین جمع، دیکھیے ثخین

ثخونہ: (ع)ضخیم، موٹا

ثخین: موٹاپا

ثدی: (ع)پستان

ثرا: (ع)ثری، خاک، مٹی، زمین، گیلی زمین

ثراء: (ع)ثروت، تونگری

ثرب: پیڑو کے پردے کی تہ

ثروت: (ع)دولت، مال و دولت

ثروت مند۔۔۔با ثروت: امیر، دولتمند

اہل ثروت: دولتمند لوگ

علم ثروت: علم اقتصادیات

ثریا: (ع)پروین ستارہ، سبعہ سیارہ

ثعابین: (ع)ثعبان کی جمع، اژدہے، افعی

ثعالب: (ع)ثعلب کی جمع، لومڑیاں

ثعبان: (ع)اژدہا، (ثعابین جمع)

ثعلب: (ع)لومڑی

ثغور: (ع)سرحدیں، ثغر کی جمع

ثفل: (ع)دُرد، بچا کھچا، بے فائدہ چیز، تہ نشین چیز

ثفل دان: تف دان، اگالدان، پیکدان

ثفن: (ع)جلد کی صلابت، سختی، موٹائی

ثقات: (ع)ثقہ کی جمع، قابل اعتماد، معتمد، قابل اعتماد، دوست ساتھی

ثقافت: تہذیب

ثقال: (ع)جمع ثقل، گراں، سنگین

ثقالت: (ع)سنگینی، بھاری پن

ثقب: (ع)سوراخ

ثقبۃ۔۔۔ثقبہ: (ع)ثقب کی جمع، سوراخ

ثقبہ گوش: کان کا سوراخ

ثقفی: (ع)قبیلہ ثقیف سے منسوب

ثِقل: (ع)(۱)وزن، بوجھ (۲)پرخوری سے معدے کی خرابی

مرکز ثقل: کسی جسم کا وہ نقطہ جس پر اس جسم کے سب اجزا برابر تلے رہیں اور وہ گرنے نہ پائے

ثَقل: (ع)(۱)مسافر کا سازوسامان، مال و متاع، ہر نفیس چیز، اثقال جمع

ثقلات: ثقیل کی جمع

ثقلت: (ع)وزن، بھاری پن

ثقلین: (ع)جن و انس، انسان اور جن پری

ثقوب: (ع)ثقب کی جمع، سوراخ

ثقہ: (ع)قابل اعتماد، معتبر، پرہیزگار، معتمد

ثقیف: (ع)ذہین، صاحب فراست، قابل، لائق

ثقیل: (ع)بھاری، سنگین، درشت

غذای ثقیل: (ع)ہضم نہ ہونے والی غذا

(این) کلمہ بگوش ثقیل می آید: یہ بات کانوں کے لیے بہت درشت ہے

ثکل: (ع)بیٹے کی وفات، بے فرزند ہونا

ثکلی: (ع)مردہ بیٹے کی غمزدہ ماں

ثلاث۔۔۔ثلاثہ: (ع)تین

ثلاثون: (ع)تیس (عدد)

ثلاثی: (ع)تین حرفوں کا لفظ مثلاً ثلث

ثلث: (ع)تیسرا حصہ

ثلم: (ع)توڑنا، سوراخ کرنا

ثلمہ: (ع)شگاف، سوراخ

ثلوج: (ع)جمع ثلج، برف

ثم: (ع)تب، بعد میں

ثمار: (ع)ثمر کی جمع، پھل

ثمانُون:(ع)اسی عدد

ثمانی:(ع)آٹھواں

ثمانیہ:(ع)آٹھ عدد

ثمَر:(ع)پھل

ثمَر بخش:(ع)ثمرور، باردار، میوہ دار، زرخیز

ثمَرہ:(۱)پھل، نتیجہ، انجام، حاصل (۲)اولاد

ثمن:(ع)آٹھواں، ہشتم

ثمَن:(ع)قدرو قیمت، قیمت، اثمان جمع

ثمُود:(ع)ایک قدیمی عرب قبیلہ

ثمِین:(ع)قیمتی، گرانقدر، گراں بہا

ثنا:(ع)حمد، تعریف و توصیف

ثنا کردن۔۔۔ثنا گفتن:تعریف و توصیف کرنا، حمد و ثنا کرنا

ثنا خوان:حمد و ثنا کرنے والا، مدح خوان

من ثنا خوانِ توام:میں تمہارا مدح خواں ہوں

ثنا خوانی:تعریف و توصیف

ثناکار:(ع)ثنا خواں، مدح خواں

ثنا کاری:مدح و ثنا، تعریف و توصیف

ثناگر۔۔۔ثناگو۔۔۔ثناور:مدح خواں، تعریف و توصیف کرنے والا

ثنائی:دو حرفی لفظ مثلاً تو، من وغیرہ

ثنایا:(ع)سامنے کے دانت، دو اوپر کے اور دو نیچے کے

ثنَوی:(ع)تثنیہ جو دو خداؤں کو مانتے ہیں

ثواب:(ع)نیک صلہ، صلہ نیک اعمال

دستگیری فُقرا ثواب است:فقیروں کی مدد کرنا نیکی کا کام ہے

ثوابِت:(ع)ثابت کی جمع، ستارے جو اپنی جگہ قائم ہیں، حرکت نہیں کرتے

ثواقِب:(ع)درخشان ستارے

ثواقِل:(ع)ثاقل کی جمع، بھاری، سنگین

ثوانی:(ع)ثانیہ کی جمع، سیکنڈ

ثُوب:(ع)پہننے کا کپڑا، لباس، جامہ، سوٹ

ثُور:(ع)بیل، دوسرے برج کا نام

ثُوران:(ع)ہیجان، برانگیختہ ہونا، گردو غبار اٹھنا، فتنہ برپا ہونا

ثُورَہ:(ع)مونث ثُور-گائے نیز مال اور لوگوں کی کثرت، ہیجان و شورش

ثُول:(ع)دانہ جو جسم پر نمودار ہوتا ہے، مسًا

ثِیاب:(ع)ثوب کی جمع، لباس، جامہ

ثِیار:(ع)ثُور کی جمع، لباس، جامہ

ثِیار:(ع)ثُور کی جمع، بیل

ثِیب:(ع)بیوہ، طلاق یافتہ

ثیران:(ع)ثور کی جمع

ج

ج-فارسی ابجد کا چھٹا حرف، اردو کا ساتواں اور عربی کا پانچواں حرف، ابجد کے اعتبار سے حرف ج کے عدد ۳ ہیں

جا-جای:(ع)جگہ، مقام، نشان، وجہ

آنجا این جا:اس جگہ اس جگہ، وہاں یہاں

از آنجاکہ:چونکہ، اس وجہ سے

از جادر رفتن:پریشان ہونا، ذہنی انتشار ہونا، عارضی دیوانگی

از جا انداختن:بدن کا جو جوڑ اپنی جگہ سے ہل گیا ہو اسے استوار کرنا

جابجا:جگہ جگہ

جاخالی کردن:کسی کے لیے جگہ خالی کرنا

جاگرم کردن:اپنی جگہ پر برقرار رہنا، مستحکم

ہو جانا

جای باور کردن است که: یقین کرنے کی وجہ یہ ہے کہ

جای شمادیشب در مجلس خالی بود: کل رات آپ کی صحبت سے ہم محروم رہے

آنچه گفتید بجا آورم: جو کچھ آپ نے کہا ہے میں اس پر عمل کرونگا

بجای: عوض

حواسش بجا آمد: اس کے ہوش و حواس درست ہو گئے

مدرسه جائی تحصیل است: سکول علم حاصل کرنے کی جگہ ہے

هیچ جائے شکایت نیست: شکایت کی کوئی وجہ نہیں

جاافتادہ: میٹھا، رسیلا، پختہ، پکا ہوا (پھل)

هندوانه این موسم جا افتاده است: اس موسم کا تربوز پک گیا ہے

جا انگشتی: ساز کے پردوں کا تختہ، کی بورڈ (انگ)

جابر: (ع) زبردست، ظالم

جابر: (ع) شکستہ ہڈی جوڑنے والا، استخوان بند

جابرانه: (ع) زبردستی سے

جابُر سا: جابلسا مغرب یا مغرب کے خیالی شہر کا کنایہ ہے

جابُلقا: (ع) مشرق یا مشرق کے خیالی شہر کا کنایہ ہے

جاپا: پاؤں کانشان

جات: جمع بنانے کا لاحقہ جیسے درجہ سے درجات

جات: جائے تو، حرف «ت» ضمیر واحد حاضر ہے بمعنی تیری جگہ

جاتاغ: (ع) کپڑا جس سے خیمہ بناتے ہیں

جاثلیق: (ع) عیسائیوں کا پیشوا

جاثم: (ع) سینے کے بل لیٹنا ہوا

جاجم: (ع) اون کی بنی ہوئی دری یا قالین

جاحد: (ع) مخالف، منکر، انکار کرنے والا

جا خالی: کمی، خسارہ، کسر

جاخسوک: درانتی

جاد: حضرت یعقوب (ع) کے بیٹے کا نام

جادار: کھلا، وسیع، جس عمارت کے کئی کمرے ہوں

جاداری: وسعت

جادل: جدل کرنے والا، لڑنے جھگڑنے والا

جادَنگوی: آتشکدے کا خادم

جادُو: سحر، افسون، شعبدہ، عجیب و غریب کام

جادو بیان: فصیح البیان، جس کا بیان موثر و فصیح ہو

جادوزن: جادوگر

جادوگر: شُعبدہ باز، افسون گر، ساحر، جادو کرنیوالا

جادوگری: سحر، افسون، شعبدہ

جادہ: (ع) راستہ

جادہ صاف کن: سٹیم رولر جس سے راستہ صاف اور ہموار کرتے ہیں

جادی: زعفران، عربی میں بھی اسے جادی ہی کہتے ہیں

جاذب: (ع) جذب کرنے والا، کشش کرنے والا، دلربا، دلکش

جاذبانه: (ع) کشش کے طور پر

جاذبه: (ع) کشش

جاذبه زمین: کششِ زمین، کششِ ثقل

جاذبیّت: (ع) کشش، دلکشی، دلربائی

جار: (ع) فریاد، آواز (دینا)، اعلان، ڈھنڈورا

جارزدن۔۔جارکشیدن: منادی کرنا، ڈھنڈورا پیٹنا

جار: ہمسایہ

جار: کھینچنے والا

جار: چلچراغ بلور کا چراغ اور اس کی چند شاخیں اسے چھت سے آویزاں کیا جاتا ہے

جار: حرف اضافہ مثلاً در، بر وغیرہ

در اطاق: کمرے میں، در «حرف جار» ہے اور اطاق «مجرور»

جارچی: مُنادی کرنے والا، مشتہر کرنے والا، آگاہ کرنے والا، قاصد

جارچی باشی: نقیب، نقیب شاہی

جارِح: (ع)جراحت کرنے والا، زخم لگانے والا

جارِحہ: (ع)(۱)انسان کا عضو بدن مثلاً ہاتھ (۲)شکار کرنے والا پرندہ یا حیوان

جارزَن: جارچی، منادی کرنے والا

جارِف: (ع)طاعون، پلیگ

جارُوب: جھاڑو

جارُوب کش: جھاڑو سے صاف کرنے والا

جارُوب کشی: جھاڑو دینا، جھاڑو سے صاف کرنا

جاری: (ع)روان

جاری: شوہر کے بھائی کی بیوی، درانی یا جٹھانی

جاریہ: (ع)(۱)جاری، روان، سن جاریہ= سال روان (۲)چھوٹی بچی، خادمہ

جازَدَن: فریب دینا، بدلی ہوئی چیز کو اصل کے طور پر دینا

جازدہ: نقلی، جس میں ملاوٹ ہو

جازِم: فیصلہ کن، دوٹوک، قطعی

جاسَت: وہ جگہ جہاں انگوروں کا رس نکالتے ہیں

جاسِر: گستاخ، بیباک

جاسُوس: وہ شخص جو کسی کے راز معلوم کرکے کسی دوسرے کو بتائے، خفیہ کام کرنے والا، خبر چین

جاسوسی: کسی کے لیے خفیہ کام کرنا اور اسے بتانا، خبر چینی

جاش: گندم کا صاف شدہ انبار

جاشدان: غلہ رکھنے کی جگہ

جاشو: کشتی بنانے والا، کشتی میں کام کرنے والا

جاعِل: (ع)بنانے والا، وضع کرنے والا، تخلیق کرنے والا

جاغِر: پرندوں کا چینہ دان، پوٹا

جاغُوک: درانتی

جاف: بدکار عورت، فاحشہ

جافی: (ع)جفا کرنے والا، جفا پیشہ، ظلم کرنے والا

جاکت: جیکٹ کا مفرس ہے

جاکردن: پاؤں جمانا

جاکش: بھڑوا، قرم ساق، دلال، کٹنی، قطامہ

جاکشی: قرم ساقی کرنا، عورتوں کی دلالی کرنا۔

جاگزِین: کسی جگہ قیام کرنا۔

جاگیر: وہ زمین جو ملکی خدمات کے صلے میں حکومت کی طرف سے ملتی ہے۔

جال: دام جس سے شکاری جانوروں کو پکڑتے ہیں۔

جالِب: (ع) کشش کرنے والی، دلکش دلربا۔

جالِب توجہ: دلچسپ۔

جالب نظر: کسی کی توجہ کو اپنی طرف مبذول کرنے والا۔

جالِش: جماع۔

جالوُت: جن،دیو۔

جالِہ: بیڑا، لٹھوں کا ٹھاٹھ جو کشتی کا کام دیتا ہے۔

جالی: جلی، واضح، صاف ،نمایاں۔

جالیز: تربوزوں، خربوزوں کا کھیت۔

جالیزبان: تربوزوں وغیرہ کی فصل کی نگہداشت کرنے والا

جالینوس: یُونان کے ایک نامور حکیم کا نام۔

جام: پیالہ، ساغر ،قدح۔

جام پنجرہ: کھڑکی کا شیشہ۔

جام ریختن: جام کو بھرنا۔

جام زدَن: ایک دوسرے کی صحت کے جام پینا۔

جام شیشہ: شیشے کا گلاس۔

جام: خراسان کا ایک شہر۔

جاماس: **جاماسپ**–ایک طبیب کا نام۔

جامِد: (ع)ٹھوس۔

جامد: ایسا اسم جس سے کوئی دوسرا اسم ترکیب نہ پاسکے(مشتق کی ضد)۔

جامدار: (ع) ساقی۔

جامِع: (ع) وسیع، بسیط،ہمہ گیر۔

جامِعُ العَلُوُم: بحرالعلوم، جس نے متعدد علوم کی تحصیل کی ہو۔

جامع: (ع) جہاں لوگ جمع ہوں، معبد بزرگ

جامِع: (ع) جمع کرنے والا۔

جا مِعُ المنقول والمعقول: جس نے منقول اور معقول دونوں علوم میں دسترس حاصل کی ہو۔

جامِعَہ: (ع) دانشگاہ، یونیورسٹی۔

جامِعیّت: ہمہ گیری ،وسعت:

جامغولؔ: حرامزدہ، شریر وتیہ کار۔

جامگی: الاؤنس،وظیفہ ،تنخواہ۔

جامگی خوار: پنشن خوار، وظیفہ خوار۔

جامُوس: (ع) بھینس،جوامیس جمع۔

جامِہ: کپڑا، لباس، پیرہن۔

جامِہ بُر: قینچی۔

جامِہ خانِہ: الماری جس میں کپڑے رکھے جاتے ہیں، وارڈ روب(انگ)۔

جامِہ خواب: سوتے وقت کا لباس۔

جامہ دان: ٹرنک ،صندوق، سوٹ کیس جس میں کپڑے رکھے جاتے ہیں۔

جامہ شُو: دھوبی

جامہ گاہ: توشہ خانہ، کپڑے رکھنے کی جگہ

جامہ وار: پھولوں والی شال

جامی: نامور شاعر عبدالرحمن جامی(۱۴۱۳- ۱۴۹۲ء) خراسان کے شہر جام کے رہنے والے تھے

جان: (۱)زندگی، روح (۲)طاقت (۳)بنیادی نکتہ، قسم

بجان خودم: اپنی زندگی کی قسم

جان بدر بُردن: کسی کی جان بچا لینا

جان تافتن: جان ضائع کر دینا

جان در کف نہادن: جان ہتھیلی پر رکھنا، جان کو خطرے میں ڈالنا

جان سپردن: فوت ہو جانا

جانش بلب رسید: اس کی جان لبوں پر آ گئی

جان کندن: موت کی کشمکش میں مبتلا ہونا، حالت نزع

جان گرفتن: روح تازہ حاصل ہونا، حیات تازہ حاصل ہونا

جان: جن کی جمع

انس و جان: انسان اور جن

جان آزار: زندگی کو تکلیف پہنچانے والا

جان آزاری: ایذا رسانی، آزار رسانی، ظلم و ستم

جان آفرین: زندگی تخلیق کرنے والا، زندگی بخشنے والا، خداوند تعالی

جانان: محبوب جو جان کی طرح عزیز ہے

جانانہ: پیارا، محبوب، زیبا دلبر

جانب: طرف، سمت، حصہ

از جانب من: میری طرف سے

اینجانب: این جانب، بندہ

بجانب من می آید: میری طرف آ رہا ہے

جانب کسی را گرفتن: کسی کی طرف سے حصہ لینا، کسی کی حمایت کرنا

جانباز: جان کو خطرے میں ڈالنے والا، جان پر کھیلنے والا

جانبازی: جان پر کھیلنا

جان بخش: جان آفرین، خداوند تعالی

جانبداری: طرفداری

جان بر: زندگی بچانا

جانب گیر: کسی ایک کی حمایت کرنے والا، طرفدار

جان پرور: زندگی کی پرورش کرنے والا

جانخراش: تکلیف پہنچانے والا

جاندار: جان رکھنے والا، زندہ

جان دارو: تریاق، زہر کا اثر دور کرنے والی دوا

جان در بردن: نجات حاصل کرنا، خطرے کے موقع سے بچ جانا

جانسپار: وفادار، جان نثار

جانسپاری: جان نثاری

جانستان: جان لیوا

جانسوز: جان جلانے والا، اذیت دینے والا

جان شکر: جان لینے والا

جانشین: جو شخص کسی کی قائمقامی کرے، جسے کسی کی جگہ ملے، وارث

جانشین کردن: کسی کو اپنا قائمقام بنانا، کسی کو اپنا وارث بنانا

جانشینی: وراثت، قائمقامی، کسی کا منصب کسی دوسرے کو ملنا

جانفرسا: زندگی کو آزار پہنچانے والا، پریشان کن

جانفزا: روح افزا، جان کو تقویت پہنچانے والا

جانفشان: جان قربان کرنے والا، وفادار، جان نثار

جانفشانی: جان نثاری

جانکاہ: جانفرسا، زندگی کو اذیت دینے والا

جان کندن: جان کا عذاب ہونا، موت کی کشمکش میں مبتلا ہونا، دم مرگ ہونا

جان کنی: موت کی کشمکش، حالت نزع

جان گداز: دل و جان کو افسردہ کرنے والا

جان گدار: دل شکن، جانسوز، سخت تکلیف دہ

جان گزا: دل کو سخت آزار پہنچانے والا

جان گسل: جو جان لینے کا موجب ہو

جان گیر: موت کا فرشتہ، حضرت عزرائیل

جانماز: مُصلاً جس پر ناز ادا کیجاتی ہے، سجادہ

جان نثار: وفادار، جو دوست کے لیے جان بھی قربان کرنے کو تیار ہو

جان نثاری: انتہائی وفاداری، جان قربان کرنے کے لیے آمادہ ہونا

جان نوازی: زندگی کے لیے فرحت کا باعث ہونا

جانور: جاندار، حیوان

جانوران آب زی: پانی میں رہنے والے جانور
جانور شِناسی: حیوانات کا علم
جانِہ: (۱)جان، روح، زندگی، حیات
جانِہ: سامان جنگ، اسلحہ، زرہ، جوشن
جانی: پیارا، محبوب، وفادار، مخلص، دوست پیارا دوست
دشمن جانی: جان کا دشمن
جانی: گنہگار، جفاپیشہ، تباہ کار
جاودان: ہمیشہ، دائمی، ابدی، غیر فانی
جاوِدان سرای: دوسرا جہان
جاوِدانِہ: ہمیشہ ہمیشہ کے لیے
جاوِدانی: ازلی، ابدی، دائمی، سرمدی
جاوَر: صاحب خانہ
جاوَرد: خار، کانٹا
جاورَس: ایک قسم کی گھاس
جاوشِیر: ایک قسم کا درخت جس سے بدبودار گوند نکلتی ہے
جاوُش، چاووُش، چاوش: نقیب، لشکر کا پیشرو، کاروان کا رہبر، زائرین کا رہنما
جاوَہ: ملک جاوہ
جاوِید: دائمی، ازلی، ابدی، غیر فانی
حیاتِ جاوید: ابدی زندگی
جاویدان: جاوید، دائمی
جاوِیَدن: چبانا
جاہ: مرتبہ، درجہ، اعزاز، سرفرازی، وقار، قدر و شرف، فروشکوہ
جاہ و جلال: مرتبہ اور عظمت، شان و شکوہ
جاہ طلب: اونچے مرتبے کا متمنی
جاہ طلبی: اونچے مرتبے کی تمنا
جاہِد: (ع) جدوجہد کرنے والا

جاہدانِہ: سعی و کوشش سے
جاہِل: (ع) بے علم، بے عقل، نادان، ناواقف
جاہلانِہ: بے وقوفی سے
جاہلی: بے وقوفی
جاہِلیَت: (ع) اسلام سے پہلے عربوں کا زمانہ جہالت
جائر: (ع) جور کرنے والا، ظلم کرنے والا، جفاپیشہ
جائز: (ع) جس امر کی اجازت ہو، قانون یا شریعت کی رو سے جس امر کی اجازت ہو
جائزالخطا: جس سے خطا کاری ممکن ہو، جس سے گناہ سرزد ہو سکتا ہے، انسان
جائزِہ: (ع) انعام، صلہ
کہ در اسپ دوانی جائزہ گرفت؟: گھوڑ دوڑ میں کسے انعام ملا؟
شاعر جائزہ دار: ملک الشعرا
جای: جگہ، مقام
جائیگاہ: مقام، تھہرنے کی جگہ، گھر، مکان، منزل
جایگیر: (۱)جگہ لے لینا، جاگزیں ہونا
آن کلمات در ذھنش جایگیرشد: وہ باتیں اس کے ذہن میں جاگزیں ہو گئیں
جایگیر: جاگیر
جای نشین: جانشین
جاییدن: چبانا
جب: (ع)قطع کرنا، کاٹنا، غالب ہونا
جب: (ع) گہرا کنواں، (اجباب جمع)
جباب: جب کی جمع
جبا خانہ: جبہ خانہ، جہاں زرہ بکتر رکھے جاتے ہیں، اسلحہ خانہ، میگزین
جبّار: (ع) اللہ تعالی کا صفاتی نام نیز متکبر، قاہر، قادر
جبّار: (ع) شکستہ ہڈی کو جوڑنے والا، استخوان بند

جبّارانہ: جبروظلم سے

جبّاری: ظلم و ستم

جِبال: (ع) جبل کی جمع، پہاڑ

سلسلہ جبال: پہاڑی سلسلہ، کوہستان

جَبان: (ع) بزدل، ڈرپوک

جبانَت: (ع) بزدلی، کم دلی

جباہ: (ع) دیکھیے جبّہ

جبائر: (ع) جبیرہ کی جمع

جبایَت: باج و خراج جمع کرنا

جبر: (ع) مجبوری، دباؤ، ظلم، طاقت کا استعمال

جَبر: (ع) مسلک جبر یعنی یہ عقیدہ رکھنا کہ انسان مجبور محض ہے۔ مثال:

جبر نعمت از کفت بیرون کند

شُکرِ اُوبس نعمتت افزون کند

جب تم اپنے آپ کو مجبور محض سمجھو گے تو جو نعمت تمھیں میّسر ہے وہ بھی تمھارے ہاتھ سے جاتی رہیگی اور اگر اس نعمت پر شکر گزار ہو گے تو تمھاری نعمت میں اضافہ ہوگا

جبر: (ع) شکستہ ہڈی کو باندھنا، ریاضی کی اصطلاح میں تحویل، مختصر کرنا، جبرو مقابلہ، الجبرا

جبراً: دباؤ ڈال کر

جُبران: (ع)صلہ، بدلہ، بحالی، تلافی، تاوان، معاوضہ

جُبران کردن: تلافی کرنا، اصلاح کرنا، معاوضہ دینا

خساراتِ اُو را جبران کردند: اس کے نقصانات کی انھوں نے تلافی کردی

جُبران پذیر: جس کی تلافی ہوسکے

جُبران نا پذیر: جس کی تلافی نہ ہوسکے

جبرائیل: (ع) حضرت جبرئیل، ایک فرشتے کا نام

جَبرُوت: (ع) بزرگی، قدرت، عظمت، عالم قدرت، عظمت الٰہی، اللہ تعالی کی صفت

عالِم جَبرُوت: سماوی دنیا، دنیاے ملکوت

جبَروز: خارپشت

جبرو مقابلہ: الجبرا

جبری: (۱)دباؤ میں (۲)عقیدہ جبر کے قائل جو سمجھتے ہیں کہ انسان مجبور محض ہے جو کچھ ہوتا ہے وہ تقدیر ہی کی رو سے ہوتا ہے (قدری کی ضد)

جبری: الجبرا سے متعلق

جبریُون: عقیدہ جبر کے قائل

جبریّہ: عقیدہ جبر کے قائل جنھیں اس بات کا یقین ہے کہ انسان مجبور محض ہیں

جبریل: حضرت جبرئیل

جَبسِین: گچ چونا جس سے دیواروں پر سفیدی کی جاتی ہے

جبغوت: روئی جو لحاف وغیرہ میں بھری جاتی ہے

جَبَل: (ع) پہاڑ

جبلاج: بخیل، کنجوس، خسیس، دون ہمت

جبِلّت: (ع) فطرت، عادت

جَبلقُوم: ارغوانی یا بنفشیٔ رنگ کا قیمتی پتھر، یاقوت، نیلم

جَبَلی: (ع) پہاڑوں میں رہنے والا

جبِلّی: فطری، قدرتی

این خُوی جبلّی است: یہ فطری عادت ہے

جُبن: (ع) بزدلی، ڈر، خوف، ضعف قلب

جُبن: (ع)پنیر

جَبُون: بزدلی

جُبّہ: (ع) لمباچغہ، لبادہ، گاؤن

جُنّہ: (ع) زرہ

جبّہ: (ع) پیشانی کی چوڑای اور خوبصورتی

جبہ: (ع) پیشانی کا سامنے کا حصہ

جَبہ جنگ: میدان جنگ میں فوج کا سامنے کا حصہ

جَبہ خانہ: جہاں زرہ یا اسلحہ رکھا جاتا ہے

جبہ سا: جبین سا، ماتھا رگڑنے والا، اظہار عجز کرنے والا

جبُھوی۔۔جبھی: سامنے کا حصہ، پیشانی، پیشانی کی ہڈی

جبیرہ: پٹی، لکڑی کی کھپچی جو ٹوٹی ہوئی ہڈی پر رکھ کر باندھی جاتی ہے

جبین: پیشانی، ماتھا، جبہ

جبین درھم کشیدن: بھوئیں سکوڑنا، ناراضگی کا اظہار، ماتھے پر بل آنا

جبین سا: ناصیہ فرسای کرنے والا

جبین سائی: عاجزی کا اظہار کرنا

جبین کشادن: پیشانی کا بل جاتے رہنا، خوشی کا اظہار کرنا

جبین گرفتہ: غصے کی حالت میں

جثالقہ: (ع) جاثلیق کی جمع، مسیحی پیشوایان

جُثمان: (ع) جسیم شخص

جُثہ: تن، جسم

جثہ دار: لحیم شحیم، موٹے جسم والا، فربہ جسم

جُحاف: (ع)(۱)تیز دھارا، تیز بہنے والا (۲)اسہال

جَحد: (ع)انکار، اختلاف

جُحر: (ع) حیوانات رکھنے کی جگہ

جُحر: (ع) عمیق غار

جَحر: (ع) آنکھوں میں نیند بھر آنا

جحف: (ع)(۱)کوئی چیز مہیا کرنا، کسی چیز کی طرف مائل ہونا، (۲)چھلکا اتارنا

جحُود: (ع) انکار کرنا

جحیم: (ع) دوزخ کی آگ، دوزخ

جخ: جخش، دیکھیے نیچے

جخش: غدُود جو گلے کے نیچے ابھر آتی ہے

جَد: (ع)آباء، دادا

جدِّپدری: دادا

جدّ مادری: نانا

جدّ: (ع) کوشش

جُدا: الگ، علیحدہ

جَداء: (ع) عطا، بخشش

جُدا جدا: الگ الگ، تنہا

جدار: (ع) دیوار، بیچ کی دیوار، درمیانی دیوار

جُدا شدنی: جدا ہونے والا

جداگانہ: علیحدہ

جدال: (ع)(۱)لڑائی کرنا (۲)مذاکرہ، مقابلہ

جدال کردن: مذاکرہ کرنا، لڑنا جھگڑنا

جدالی: متنازعہ فیہ، مباحثہ انگیز، نزاعی

جُدانشُدنی: جو جُدا نہ ہو

جَداوِل: (ع) جَدول کی جمع، دیکھیے جدول

جُدائی: مفارقت

جدائی بین دو نفرانداختن: دو آدمیوں کو ایک دوسرے سے جدا کر دینا

جَدب: (ع) خشک سالی، قحط

جَدَر: دانہ جو جسم پر پیدا ہو جاتا ہے، گومزی

جدَر: دیوار

جُدران: جدَر کی جمع

جُدری: آبلہ

جَدع: (۱)قطع کرنا، کاٹنا، (۲)روکنا (۳)حبس میں ڈالنا

جدکارہ: مختلف رائیں، مختلف تدبیریں، مختلف روشیں

جَدَل: (ع) نزاع، خصومت، لڑائی جھگڑا، مقابلہ مباحثہ کرنا

جَدَلی: مختلف فیہ، متنازع

جَدوار: ادرک کی سی خوشبو دار چیز جو مشرقی ہندوستان کے ایک پودے کی جڑ سے نکالی جاتی ہے اور دواؤں، اور رنگوں کے بنانے میں استعمال ہوتی ہے

جَدوَل: (ع) کاغذ جس پر افقی اور عمودی خط کھینچے گئے ہوں

جَدوَلی: خطوط جو کاغذ کے صفحے پر کھینچے گئے ہوں

جَدی: (ع) آسمانی برجوں میں سے ایک کا نام، قطب تارہ

جدی: بکری کا بچہ، بزغالہ

جَدی: (ع) ایرانی کیلنڈر کے سردیوں کے ایک مہینے کا نام تھا جسے اب بدل کر «دی» کر دیا گیا ہے

جِدّی: (ع) کوشش کرنے والا، صاحب عمل، سرگرم، سنجیدہ متین، پرقوت

جدی گرفتن: سنجیدگی سے غور کرنا

شخص جدی: سرگرم عمل رہنے والا شخص

موضوع جدی: سنجیدہ موضوع

جَدّی: (ع) آبای

جِدیّت: (ع) سعی و کوشش، سنجیدگی، فرض شناسي

جِدیّت کردن: جدوجہد کرنا

منتهای جدیت را بعمل آورد: اس نے انتہائی کوشش کی

جَدید: (ع) نیا، تازہ، نوَ

جَدید الأحداث: جس کی تشکیل نئی ہو

جدیدُالبِنا: نئی بنی ہوئی عمارت

جدیدُ الوُرود: تازہ وارد

بطرز جدید در آوردن: جدید صورت دینا

دستگاهای جدید: زمانہ جدید کی مشینیں

جدیداً: (ع) نئی صورت میں، تازہ

جَدیدان: (۱) دن رات (۲) دو نئی چیزیں

جدیر: (ع) سزاوار، شائستہ، اہل

جَذّ: کاٹنا، توڑنا

جَذّاب: (ع) جذب کرنے والا، کشش کرنے والا

جَذّابیّت: کشش، دلکشی، دلربائی

جُذام: (ع) برص، بیماری جس میں جسم پر سفید داغ پڑ جاتے ہیں

جُذامی: (ع) جسے برص کا مرض ہو

جَذب: (ع) کشش، تسخیر

جذبِ قلوب کردن: دلوں کی تسخیر کرنا

جذب کردن: کشش کرنا

آہن رُبا آہن را جذب می کند: مقناطیس لوہے کو اپنی طرف کھینچتا ہے

جَذبہ: (ع) دلی احساس، دل کا جوش، کشش

جَذر: (ع) سکوئر روٹ 3=<9

جَذری: جڑ سے متعلق، اصلی، بنیادی، اساسی، فطری

جِذع: (ع) کھجور کا تنہ

جَذل: اصل، ریشہ، جڑ

جذَل: خوش ہونا، خوشی منانا

جَذم: (ع) (۱) قطع کرنا، کاٹنا (۲) اہل و قبیلہ

جذُور: جذر کی جمع

جذوَہ: (ع) جلتا ہوا کوئلہ، اخگر

جَر: (۱) شگاف، رخنہ، چاک، پھاڑنے کی آواز، چھوٹی نہر

جردادن: پھاڑنا، ٹکڑے کرنا

جَرّ: کھینچنا، لفظ کے نیچے زیر کی حرکت دینا

جَرِّ ثقیل...جَرِّ اثقال: بھاری بوجھ کھینچنا، مشین جس سے بھاری بوجھ ادھر ادھر لے جاتے ہیں

جِر: ساتھ چھوڑ دینا، فریب دینا

جرزدن: پہلوتہی کرنا

جرم گرفتہ بود: مجھے اتنا غصہ تھا کہ میں آپے

میں نہ رہا

جُرأت:(ع) دلیری

جرأت دادن:حوصلہ دلانا، ہمت بندھانا

جرات بخرج دادن:ہمت کو بروے کار لانا

جَرّاح:علاج کی غرض سے نشتر وغیرہ سے چیرنے والا، جراحت کرنے والا

جراحَت:(ع) علاج کی غرض سے زخم لگانا

تَولید جراحت:زخم وغیرہ میں پیپ پڑنا

جَراحَت بند:زخم کی پٹی

جراحی:علاج کی غرض سے نشتر کو بروے کار لانا، سرجری

جراحی پیوندی:پلاسٹک سرجری

عمل جراحی:اپریشن

جراد:فصلوں کو خراب کرنے والے کیڑے، ٹڈی وغیرہ

جراد البحر:سمندری ٹڈیاں

جرادِہ:ٹڈی، مکڑی

جرّار:(ع)(۱)طاقتور، جنگجو، (۲)مکمل طور سے تیار

لشکرِ جرّار:طاقتور لشکر جس میں بہت سے لشکری شامل ہوں

جرّارِہ:(ع)(۱)لشکر جرار (۲)ایک قسم کا بچھو

جرامیز:(ع) جانداروں کے دست و پا، اعضا

جرائد:(ع) جریدہ کی جمع، رسالے، اخبارات وغیرہ

جرائم:(ع) جریمہ کی جمع، خطائیں، گناہ، جرم، بصورت جمع

جَرَب:(۱)خشک (۲)کھرنڈ (۳)زخم کا داغ، نشان (۳)جلدی بیماری جس سے سوزش اور خارش ہوتی ہے

جَرب رُطب:جلدی بیماری مثلاً داد

جُرب:دراج، تیتر

جُربُزِہ:(۱)لیاقت، قابلیت، صلاحیت، اہلیت، توانائی (۲)عیاری، مکاری

جَرَبناک...جربی:خارش میں مبتلا، خارشی

جَرّ ثقیل:بھاری بوجھ اٹھانا، ایک آلہ جس سے بھاری بوجھ اوپر اٹھایا جاتا ہے

جَرثُومہ:چھوٹا سا جرم یا کیڑا جو ہر چیز میں موجود ہوتا ہے اور بیماری کا موجب بنتا ہے، جراثیم جمع

جِرجِیز:(ع) سلاد آبی، دریائی پودا جو سلاد کے طور استعمال کیا جاتا ہے

جرجیس:سینٹ جارج، انگلستان کا سرپرست پادری

جَرح:(ع)زخم، ایذارسانی

جَرح و تعدیل کردن:کمی بیشی کرکے اصلاح کرنا، برابر کرنا، تصحیح کرنا

جَرد:(ع) ہموار زمین جس میں گھاس نہ ہو، پرانا کپڑا

جَرَد:زخمی، مجروح، زخمدار

جَرد:بادشاہوں کا تخت، اورنگ

جردَت:(ع) برہنگی، عریانی

جردِہ:خصی گھوڑا، نیز زرد رنگ کا گھوڑا

جُرز:چوہا، موش

جِرز:دیوار، عمارت کی بنیاد جو پتھر یا اینٹوں سے بنائی گئی ہو

جِرزن:پہلو تہی کرنے والا، ساتھ چھوڑ جانے والا، فریب کار

جَرَس:(ع)گھنٹی

جَرَس:(ع) بُرجِ ناقوس، جہاں سے مقررہ اوقات پر گھنٹی بجتی ہے

جَرسام:(ع) ذاتُ الجنب، پلوریسی (انگ)

جَرشَفت:ہجو، ذم

جُرعِہ:گھونٹ

جُرعہ جُرعہ نُوشیدن:گھونٹ بھر بھر کر پینا

جُرعہ ریز۔۔۔جُرعہ دان: پینے کا برتن
جُرعہ نُوش: گھونٹ گھونٹ پینے والا، مے نوش، بلا نوش
جرقہ: آگ کی چنگاری، جلتا ہوا کوئلہ
جُرگ: صحرا، بیابان، دشت، کشتی گیروں کا معرکہ، حلقہ، مجلس
جَرگہ: دائرہ، حلقہ، صف، آدمیوں کا حلقہ
اوهم در جرگہ ما آمد: وہ بھی ہمارے حلقے میں آ گیا
جرگہ زدن: حلقہ بنانا
جُرم: (ع) گناہ، خطا، قصور
جُرم دادن: خطاواری کا جرمانہ ادا کرنا
چہ جرمی تعقیب شد؟: کس جرم میں وہ اسیر ہوا؟
جِرم: جسم، دھڑ، اس لفظ کا اطلاق فلکیات پر ہوتا ہے مثلاً جرمِ قمر، جرم شمس، اجرام فلکی میں سے ہر ایک ستارہ
جُرمانہ: جو کچھ سزا کے طور ادا کرنا پڑے، جریمہ
جرُمناک: قصوروار، خطا کار
جَرمُزہ: سفر، مسافرت
جرمُوز: چھوٹا حوض
جَرنغار: لشکر کا بایاں بازو
جرِنگ۔۔۔جرنگی: تن تن کی آواز، دھات کے برتنوں کے ٹکرانے کی آواز، جھنکار
جُرواسک: ٹڈی کی طرح کا جانور جس کا رنگ سبز ہوتا ہے۔ اس کی آواز کافی بلند ہوتی ہے
جَرُور: (ع) (۱) سرکش گھوڑا، (۲) گہرا کنواں
جُرّہ: (۱) درمیانے سائز کا، نہ بہت بڑا نہ بہت چھوٹا، نر پرندہ یا چرندہ
جَری: بہادر، دلیر، شجاع
جَرَیان: (ع) جاری کرنا، رفتار، روش، طریق، راستہ

جریانِ اسکناس: نقدی کے نوٹوں کا جاری ہونا
جریانِ حوادث: حادثات کا رونما ہونا
جریان رُود خانہ: دریا کے بہنے کی رفتار
جریب: زمین کی پیمائش کا پیمانہ
جَریبانہ: جریب کی پیمائش کے حساب سے مالیہ
جریب کش: زمین کی پیمائش کرنے والا، مسّاح
جَریح: (ع) زخمی، مجروح
جَریحہ: (ع) زخم
جَرید: (ع) (۱) نیزہ (۲) درخت کی شاخ (۳) یک و تنہا
جَرید بازی: نیزہ بازی
جَریدہ: رسالہ، اخبار
جَریدہ نگار: صحافی
جَریرہ: (ع) گناہ
جَریم: (ع) (۱) گنہکار (۲) لحیم شحیم، فربہ، موٹا
جَریمہ دار: جسے جُرمانہ ہونے والا ہے
جَرِیّہ: (ع) کسی چیز کو کھینچنا
جُز: سوا، علاوہ
جُز اینکہ: اس کے سوا
ہمہ رفتند جز محمود: محمود کے سوا سب گئے
جزّ: آگ پر یا گرم لوہے پر پانی گرنے کی آواز
جز: صدائے درد، چیخ پکار کی آواز
جَزء: صلہ، انعام، نیکی کا بدلہ
جُزء: حصہ، (اجزا جمع)
جزء جزء کردن: حصوں کا جدا جدا کرنا
جُزء لایتجزیٰ: جس کا تجزیہ نہ ہو سکے
جُزء لایَنفک: جس کا کوئی حصہ الگ نہ ہو سکے
جَزا: (ع) صلہ، انعام، نیکی کا بدلہ، پاداش نیکی و بدی
روز جزا: روز محشر۔

جزّار:(ع) اونٹ ذبح کرنے والا۔
جزاف:(ع) بغیر وزن کیے یا گنے خریدو فروخت کرنا۔
جزاف:صیاد، شکاری۔
جزاک الله:(ع) الله تجھے نیک صلہ دے۔
جزالت:(ع) (۱) بزرگی، خوبی (۲) استواری مضبوطی، کلام میں وضاحت و روانی۔
جزائر:(ع) جزیرہ کی جمع، جزیرے۔
جزایی۔(ع) سزا کے متعلق،
جُزبندی:کتاب کے حصوں کو یکجا کرکے جلد باندھنا۔
جزِیہ کردن:غصہ دلانا۔
جز جز:کڑاہی میں کسی چیز کے تلنے کی آواز۔
جُزدان:چمڑے کا تھیلا جو کاغذات رکھنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔
جَزر:اتار۔
مَدّو جَزر:دریا یا سمندر کا اتار چڑھاؤ۔
جَزَر:گاجر:
جُزرسی:فہم کی رسائی، تیز فہمی، فراست۔
جَزع:(ع) بیتابی، آہ و زاری، اظہار حُزن و ملال۔
جَزع:(ع) قیمتی پتھر، عقیق۔
جَزع و فزع:(ع) داد و فریاد، آہ و فغان و گریہ و زاری،۔
جزِغال:گھی میں تلی ہوئی چیز، باقی جو کچھ بچ رہتا ہے اسے جزغال یا جزغالہ کہتے ہیں۔
جَزل:(ع) عظیم، کثیر، فراواں، فصیح کلام (جزال جمع)
جَزم:(ع)(۱)علامت سکون(۲)یقین، پختہ (۳)قطع کرنا
عزم جزم کردن:پکا ارادہ کرنا۔
عزم خُودرا جزم کردن:اپنے ارادے کو پختہ کرنا۔
جُزو:کسی چیز کا حصہ۔
جُزو بندی:کتاب کے حصوں کو یکجا کر کے جلد باندھنا، مجلد کرنا۔

جُزوَع:بے صبری، ناشکیبائی، نالہ و زاری، دلتنگی کا اظہار۔
جُزوہ:کسی کتاب کا ایک حصہ۔
جُزوی:جزئی۔
جُزویان:جزئیات۔
جُزئ:معمولی سا، تھوڑا سا۔
جِزِیدَن:التماس کرنا، عاجزی سے گزارش کرنا۔
جزیرہ:(ع) خشکی کا وہ حصہ جس کے چاروں طرف سمندر ہو۔
جزیرۃ العرَب:جزیرہ عرب۔
جزیرہ نشین:جزیرے کے رہنے والے۔
جزیل:(ع) زیادہ، فراواں، سخن فصیح۔
اجر جَزیل:بہت زیادہ صلہ۔
جُزی:تھوڑا حصہ، معمولی سا۔
جُزی فروش:خوردہ فروش۔
جزِیہ:وہ ٹیکس جو غیر مسلموں کے تحفظ کی ذمے داری کی صورت میں لیا جاتا تھا۔
جُسّار:(ع)جاسر کی جمع، گستاخ، بے باک لوگ دلیر۔
جَسارت:(ع)دلیری، پردلی بے باکی، بے پروای گستاخی
جسارَت آمیز:دلیرانہ، پردلی سے ،گستاخانہ۔
جَسّاس:(ع)جستجو کرنے والا۔
جُسَام:(ع) بڑے تن و توش والا، جسیم، لحیم شحیم۔
جَسامَت:(ع) جسمانی حالت، تنو مند ہونا۔
جَساوَت:(ع) سختی، کڑا پن، بے حسی، سخت دلی۔
جَست:کودنا، کودنے کا عمل ، نیز ارتفاع و بلندی۔
جُست:جستن مصدر=ڈھونڈنا سے ماضی مطلق ڈھونڈ لیا
جُستجُو:تلاش، تفتیش، تحقیق۔
هرچه جستجو کردم، او را پیدانکردم:میں نے جتنی بھی اس کی تلاش کی، اسے نہ پایا۔

جَستَن: کُودنا، فرار کرنا، بچ نکلنا۔

جُستہ: تلاش کیا ہوا۔

جَستہ جَستہ: کہیں کہیں، کوئی کوئی، کم کم۔

جَسَد: (ع) جسم، تن، بدن۔

جَسر: (ع) پُل۔

جسک: رنج، آزار، آفت، مصیبت۔

جِسم: (ع) تن، بدن۔

جسماً: جسمانی طور سے۔

جِسمانیت: جسمانی حالت۔

جسمی: مادی، جسمانی۔

جسُور: دلیر، بہادر، شجاع، گستاخ، بیباک۔

جَسُورانہ: دلیری سے، پُردلی سے۔

جَسیم: (ع) بڑے تن و توش والا، تنومند۔

جَش: نیلے رنگ کے شیشے کا دانہ، مانند فیروزہ۔

جَشن: کسی تقریب کا میلہ، خوشی، عید، مسرت انگیز تقریب۔

جَشنِ افتِتاح: کسی تقریب کے آغاز کا جشن کسی نئی چیز کے آغاز پر پُر مسرت تقریب۔

جشنِ عروسی: شادی کا جشن۔

جشن نَو روز: ایران میں ماہ مارچ میں منایا جانے والا جشن، عید نو روز۔

جشن گرفتَن: جشن منانا۔

جَشَن: جسم کی حرارت کا بڑھنا، نبض تیز ہونا، بخار ہو جانا۔

جَشَہ: لباس کی آستین قبا کی آستین۔

جَص: (ع) گچ، چونا گچ۔

جَغ: جُوا جو بیلوں کی گردن پر رکھا جاتا ہے۔

جَعابِیب: جعبوب کی جمع، کوتاہ قد، اشخاص پست، فطرت۔

جعاشِیش: (ع) جعشوش کی جمع، دبلے پتلے بدصورت اشخاص۔

جَعال :جعالہ: (ع) کارگر کی اجرت، رقم جو سپاہیوں کو جنگ میں دیجاتی ہے،

جُعبُوب: (ع) دیکھیے جعابیب۔

جعبہ: (ع) صندوقچہ۔

جعبہ آئینہ: شو کیس ،ڈھانچا جس میں آئنہ نصب ہوتا ہے۔

جَعد: (ع) گھنگریالے بالوں کا حلقہ۔

جَعد آسا: گھنگریالے بالوں کی طرح۔

جعفَر: (ع) (۱) نہر، ندی (۲) حضرت امام جعفر صادق۔

جعفَری: ایک سبزی جس کی شاخیں لمبی اور نازک ہوتی ہیں، پتیاں کچھ کٹی ہوئی سی معلوم ہوتی ہیں، پھول چھوٹے چھوٹے سفید رنگ کے ہوتے ہیں اس کے بیج خوشبو دار ہوتے ہیں، یہ گرمیوں کے موسم کی سبزی ہے، اس سے لذیذ سالن تیار ہوتا ہے۔

جعفَری: (ع) حضرت امام جعفر سے منسوب، مذہب جعفری، شیعہ مسلک کے لوگ جو اپنے فقہ کو حضرت جعفر سے منسوب کرتے ہیں۔

جعفری: خالص ترین سونے کی قسم۔

جعفریہ: جعفری مسلک۔

جعُبل: (ع) مزدوری۔

جَعل: (ع) فریب، ریارکاری۔

جعل کردن: فریب کاری ، ریاکاری۔

جُعلق: (ع) سُبک سر، ہرزہ سرا، بیہودہ۔

جعلقی: کمینہ ،سفلہ۔

جعلی: بناوٹی۔

جُغ: یُوغ، جُوا جو بیلوں کی گردن پر رکھا جاتا ہے۔

جَغازہ: غازہ، اُبٹن جو مستورات زینت کے لیے استعمال کرتی ہیں۔

جغالہ: پرندوں کا گروہ۔

جغتای: وسط ایشیا کی قدیمی زبان، مغلوں کی ایک شاخ

جغجغہ: بچوں کے ایک کھیل کا سازوسامان۔

جُغد: اُلو۔

جَغر: مینڈک۔

جُغرات: دہی۔

جُغرفی: جغرافیہ، احوال و اوضاع کرہ زمین۔

جغرافیہ دان: علم جغرافیہ کے جاننے والے

جغلہ: سادہ روُ، لڑکا جس کے ابھی ڈاڑھی نہ آئ ہو۔

جَغہ: تاج نما کوئ چیز جو سر پر رکھی جائے

جَف: (ع) خشک، پژ مردہ۔

جفا: (ع) ظلم، ستم، زیادتی۔

جفاپیشہ: ستم شعار، ظالم۔

جفاکشیدن: ستم برداشت کرنا۔

جفاف: (ع) خشک ہونا، پژمردگی۔

جفاکاری: ظلم و ستم، بیرحمی۔

جفاکش: ستم کش، بینوا۔

جفا کیش: جفا پیشہ۔

جَفّ القَلَم: (ع) قلم خشک ہو گیا ہے، نوشتہ تقدیر بدل نہیں سکتا۔

جُفت: (ع) جوڑا، ملا ہوا، شادی شدہ مرد اور عورت۔

جُفت شدن: ملنا، مل جانا، واصل ہونا۔

جفت کردن: جوڑا بنانا، ملانا، واصل کرنا۔

جُفت گیری: حیوانات کو آپس میں ملانا، نر اور مادہ کو ملانا۔

یک جُفت گاؤ: ایک جوڑا گاوں کا۔

جُفت: **کوزپشت:** خمیدہ کمر، کبڑا۔

جُفت: جوڑا، جوڑا۔

شاگرداں جُفت جُفت آمدند: دو دو شاگرد آئے۔

جُفتَک: ٹھوکر، دُلتّی۔

جَفتَن: جھکنا۔

جَفتہ: جفتک، دُلتی۔

جَفتہ زدن: دلتّی مارنا۔

جَفتہ: جھکا ہوا، خمیدہ۔

جُفتی: جوڑا جوڑا، دودو۔

جَفرَ: (۱) ایک علم جس سے احوال غیب دریافت کرتے ہیں (۲) فراخ کنواں۔

جَفری: (ع) علم جفر جاننے والا۔

جفن: (ع) آنکھ کی پلک۔

جَفنک: لغویات، مہمل باتیں۔

حرف جفنک: لغویات۔

جفنک گفتن: لغویاتیں کرنا، بیہودہ گوئ، ہرزہ سرائ۔

جفنکیات: فضول باتیں، لغویات، پوچ گفتگو، ہزرہ سرائ، یا وہ گوئ۔

جَفنی: آنکھ کے پپوٹے سے متعلق۔

جَفیف: خشک، پژ مردہ۔

جَقہ: حکومت کی طرف سے ملا ہوا کوئ نشان جو اوپر کے لباس پر لگایا جاتا ہے۔

جَک: مدھانی۔

جکاشہ: خارپشت۔

جِگر: اعضائ رئیسہ میں سے ایک عضو کا نام، کلیجہ، مجازاً بیٹا۔

جگر آور: پُردل، جگر دار۔

جگر پارہ: جگر گوشہ بیٹا۔

جگر تافتہ: محبت سے جس کے دل میں سوز پیدا ہو، بے چین، مضطرب۔

جگر خراش: تکلیف دہ۔

جگر خوارہ: دلی صدمہ، جو دلی رنج و اندوہ کا باعث ہو

جگرسفید: پھیپھڑا۔

جگر سُوز: کلیجہ جلانے والی، دل کو اندوہگیں کرنے والی۔

جگر سیاہ: کلیجی۔

جگرک: خوراک جو بکری یا مینڈھے کے جگر کو گھی میں بریاں کر کے تیار کی جائے۔

جگرکی: مینڈے اور بکرے کے جگر بیچنے والا۔

جگر گاہ: جسم کا وہ حصہ جہاں جگر ہوتا ہے۔

جگر گوشہ: کنایہ ہے فرزند عزیزکا۔

جگری: جگر سے متعلق۔

جگن: (۱) ایک قسم کی گھاس جسے بُن کر پردوں کا کام لیا جاتا ہے (۲) بید جس کے چھلکے سے کرسیاں بنی جاتی ہیں۔

جُل: پالان جو گھوڑے پر ڈالا جاتا ہے۔

جَل: سب کا سب، کل، بہترین حصہ۔

جُل: گلاب، چنبیلی کا پھول۔

جَلّ: (ع) خدا اُسے بڑا بنائے، ترقی دے، خدا افتخار بخشے۔

عزّوَجلّ: با عظمت اور بزرگی والا اللہ تعالیٰ۔

جَلا: چمک، روشنی، ضیا، مثال:

دل کجا مظہر انوار جمال تو بود

گرنہ این آئینہ را از تو جلائی برسد

دل آپ کے حُسن و جمال کے انوار کا مظہر کیسے ہو سکتا ہے اگر اس دل کے آئینے میں آپ کی طرف سے روشنی عطا نہ ہو

جلا دار: چمکیلا، تابناک

جِلا: سُرمہ، کُحل

جلا: دوری، وطن اور خاندان سے دور ہو جانا

جَلا وطن: وطن سے دوری، دیس نکالا

جُلّاب: (ع) گلاب، عرق گلاب، شربت جو عرق گل سے تیار کیا جاتا ہے

جَلّاب: (ع) کشش رکھنے والا، دلکش، دلربا

جلاب: پرندوں کا غول جو ہوا میں پرواز کر رہا ہو

جَلاب: آویزہ

جِلاب: (ع) گندا پانی، میلا پانی

جَلّاب: (ع) مویشی چرانے والا ملازم

جلا جل: گھنٹی جو جانوروں کی گردن میں باندھی جاتی ہے

جَلّاد: گردن مارنے والا، پھانسی دینے والا

جَلا دادہ: جسے چمکایا گیا ہو

جَلادار: چمکدار، روشن، تابان، درخشاں

جَلادت: (ع) دلیری، بہادری، استحکام

جلادی: جلاد کا کام

جلاقت: (ع) بیج میں سے خالی ہونا، بے مغزی، سبکی، حماقت

جَلاکار: جلاگر، چمکانے والا، پالش کرنے والا

جَلال: (ع) عظمت، بزرگی، افتخار، مرتبہ اعلیٰ، شان کبریائی، شان و شوکت

جَلالت:(ع)بزرگی، عظمت، شوکت

جلالت مآب:صاحب جلال، با عظمت، صاحب جاہ و حشمت

جلالی:پر عظمت

تاریخ جلالی:تقویم جو جلال الدین ملک شاہ کے لیے علمائے نجوم نے تیار کی تھی (۱۰۷۹ء)

جلاہق:(ع)کمان

جلب:(ع)کشش، کھچاؤ، کھینچنا

جلب کردن:متوجہ کرنا، کشش کرنا

جَلَب:(ع) (۱)جھوٹ، دھوکا بازی (۲)فاحشہ، طوائف۔

جَلَب:(ع)شور، غل، غوغا، چیخ و پکار، فتنہ و آشوب

جلباب:پردہ، خواتین کی پوشاک، کھلا لباس، عورتوں کی چادر

جلبو:ایک قسم کی سبزی

جُلت:کمینہ، گھٹیا، پست فطرت

جَلجلان:(ع)(۱)دھنیا، تل

جَلد:(ع)جلدی، سُرعت

جِلد:(ع)جسم کا بیرونی حصہ، پوست

جِلدی:کتاب بندی

جِلد بند:جلد ساز، جلد باندھنے والا، صحاف

جِلد گر:جلد ساز

جَلد مزاج:تند مزاج

جلدی:تیزی، پھرتی، عجلت

جُلسا:(ع)جلیس کی جمع، ہم نشین، ساتھی

جلسہ:(ع)نشست، محفل، مجلس، مجمع، مجلس کا انعقاد، کسی کام کو انجام دینے کے لیے لوگوں کا اجتماع

جَلغُوزہ:چلغوزہ، ایک میوہ جس کا مغز مقوی دماغ ہوتا ہے

جِلف:خالی الذہن، بے وقوف، سبک سر

این آدم خیلی جلفی است:یہ شخص بہت بے وقوف ہے

جَلَق:مُشت زنی

جُلکا۔۔۔۔جلکہ:صاف ہموار زمین، مرتفع زمین، اونچی جگہ کی ہموار زمین ہے

جلمُود:سنگِ خارہ

جُلنار:(ع)گلنار، گل انار

جلنگ:ضخیم ریشمی کپڑا جس پر زردوزی کا کام ہوتا ہے

جلو:سامنے، آگے آگے، روبرو

جلوافتادن:آگے نکلنا

جلوانداختن:آگے کو دھکیلنا

جلو بردن:آگے بڑھنا، ترقی پانا

جلو درخت استادہ است:وہ درخت کے سامنے کھڑا ہے

جلو رفتن:آگے آگے جانا

جلو کسی گرفتن:کسی کو روکنا، کسی پر قابو رکھنا

او ازین جلو است:وہ اس سے آگے ہے

پُول جلو:پیشگی رقم جو دی جائے، بیعانہ

جلواز:(ع)پاسبان

جلوخان: مکان کے سامنے کی کھلی زمین، احاطہ، پیشگہ
جُلُود: (ع) جلد کی جمع
جلوزہ: چلغوزہ
جُلُوس: تخت نشینی، بیٹھنا
جُلُوس کردن: تخت نشین ہونا
جلو گرفتن: کسی کا راستہ روکنا، منع کرنا
جلو گیری: براستہ روکنا، حائل ہونا، روک تھام
از ہوا و ہوسِ خود جلو گیری کردن: حرص و ہوا سے اپنے آپ کو روکنا
جلوند: چراغ، قندیل
جَلوہ: دیدار، آب و تاب سے اپنے آپ کو ظاہر کرنا، نمودار ہونا، تجلی، مثال:

دل تنگ تر از غنچہ زگلزار گذشتم
تا جلوہ بنظارہ دہم لالہ ستان را

میرا دل غنچے سے بھی زیادہ سمٹا سکڑا ہوا تھا، اس صورت میں میں چمن زار سے گزرا کہ لالہ زار میں آکر اپنی صورت حال کا منظر پیش کروں
جلوہ: رُونُمائی، ہدیہ جو شادی کے موقع پر داماد عروس کو دیتا ہے، حاضرین میں سے دوسرے لوگ جو عروس کو رونمائی کے طور پر ہدیہ دیتے ہیں
جلوہ دادن: نمودار ہونا، سامنے آنا
جلوہ ساز: جلوہ گر
جلوہ فُروش: آب و تاب سے اپنی نمائش کرنے والا، نخرے باز، نازو انداز دکھانے والا
جلوہ گاہ: وہ مقام جہاں حسن و جمال کی نمائش ہو
جلوہ گر: حسن کی نمود و نمائش کرنے والا
جلوہ گری: نمائشِ حسن
جلوہ نما: جلوہ فروش، آب و تاب سے اپنی نمائش کرنے والا
جَلَوی: جو سامنے جاگزیں ہو، آگے کا

جَلویز: (۱) کمند (۲) مفسد، غماز
جُلّہ: گرہ، رسی کی گرہ، رسی کا لپٹا ہوا گولہ
جَلی: (ع) واضح، صاف، روشن، موٹا خط (خفی کی ضد)
جلیب: جس چیز کو ایک شہر سے دوسرے شہر میں لے جائیں فروخت کی غرض سے
جلیتقہ: واسکٹ، بنیان جو لباس کے نیچے پہنی جاتی ہے
جَلید: (ع) سخت، قوی، طاقتور، بردبار، نیز بمعنی یخ
جلیس: (ع) ہم نشین، ساتھی، ہمدم
جَلیف: (ع) درشت خُو، احمق
جَلیق: (ع) بزرگ، بزگوار، محترم
جلیل: (ع) با عظمت، صاحب جلال، بزرگ
رب جلیل: بزرگ و برتر خدا
جلیل القدر: بڑے مرتبے والا، معزز
جَلیلہ: مونث جلیل، معزز خاتون
جلیۂ: کسی امر کی حقیقت، آشکار اور واضح امر
جَم: جمشید، ایران کا قدیمی بادشاہ
جَمّ: انبوہ، ہجوم، کثیر، فراوان
جَمّ غفیر: بہت بڑا ہجوم یا اجتماع
جماح: (ع) سرکشی، گھوڑے کی سرکشی
جماد: (ع) وہ چیز جو جاندار نہ ہو، عام طور اس کا اطلاق پتھر اور معدنی اشیا پر ہوتا ہے (جمادات جمع)
جمادُالکف: جامِد الکف، تنگ مٹھی والا، بخیل، کنجوس
جمادی: (ع) ہجری سن کا پانچواں اور چھٹا مہینہ جمادی الاول، جمادی الثانی۔
جمادی: جماد سے متعلق۔ مثال:

از جمادی مُردم و نامی شدم
از نُما مردم بحیوان سرزدم

میں پہلے بے جان پتھر تھا، پتھر کی حالت سے میں نے

نباتات کی صورت میں نشوونما پائی اس نشوو نما کے بعد باروح حیوان یعنی انسان کی شکل اختیار کی۔

جَمار:(ع) لوگوں کا گروہ جو ایک جگہ جمع ہو،جماعت۔

جمّار:(ع)کھجور کا درخت۔

جمّاز:(ع) تیز رفتار، تند رو شتر۔

جَماش:شوخ، مست، بازیگر، آرایشگر۔

جماع:(ع) مرد اور عورت کے ازدواجی تعلق کا عمل۔

جماعت:(ع) گروہ، فرقہ، مجلس، انجمن جماعات جمع۔

جَمال:(ع) حسن و زیبائی،خوبصورتی۔

جمال:(ع)جمل کی جمع، اونٹ

جمّال:اونٹ رکھنے والا، ساربان

جِمام:جمع جم، قبیلے

جَمام:آسودگی، آسائش

جمان:گوہر، لُو لُو، جواہر

جماهِیر:جمہور کی جمع، جمہوریتیں

جمایع:جمعیت کی جمع

جمة:ہر چیز کا اہم حصہ

جمجاہ:جمشید کے مرتبے والا، عالی مرتبہ

جُمجم...جُمجُمه:کھوپڑی، کاسۂ سر

جُمجِمه شناس:کاسۂ سر کا علم جاننے والا

جُمجُمه شناسی:کرینیولوجی انگ)

جَمد:(ع)یخ، برف

جَمدَر:(ع)کٹار جو تلوار کی طرح ہوتی ہے

جَمَرت:(ع)اخگر، جلتا ہوا کوئلہ نیز بمعنی قوم یا جماعت جو پوری طرح متفق اور متحد ہو

جمَری:سفلہ، کمینہ، بے اصل

جمزیُور:گھوڑا جس کی پیشانی پیٹ اور ہاتھ پاؤں سفید ہوں

جمشاک:جوتا، کفش

جَمشید:ایران کے ایک قدیمی بادشاہ کا نام، جشن نوروز ایران اس کے عہد سے ابتک منایا جارہا ہے

جَمَع:(ع)(۱)اکٹھا ہونا، اجتماع، انبوہ، جماعت، کچھ لوگ (۲)آمدنی

جمعی در آنجابودند:بہت سے لوگ وہاں جمع تھے

جمعی از تجّار:چند تاجر

جمع و خرج:آمدنی اور خرج

خاطرش جمع نیست:اسے یقین نہیں

رفقاهمه جمع بودند:رُفقا سب اکٹھے تھے

روزالجمع:روز محشر

جمعاً:کل، سب کے سب

جَمع آوری:جمع کرنا، اکٹھا کرنا

جَمع بندی:جمع کرنا، میزان کرنا

جمعدان:لباس رکھنے کی جگہ، جامہ دان

جُمعگی:ہفتہ وار الاؤنس، جو جمعہ کو دیا جاتا ہے

جُمعه:آدینہ، یوم ہفتہ سے پہلے کا دن

جُمعه بازار:مارکیٹ جو خصوصیت کے ساتھ جمعہ کے دن لگتی ہے وہاں چیزیں سستی ملتی ہیں

جَمعی:مجموعہ، اکٹھا، متحدہ

اقدامِ جمعی:کسی کے کام کے لیے متحدہ عمل

جَمعی:(۱)کچھ لوگ (۲)ہجوم

جمعی از رُفقا:کچھ رفقا، کچھ دوست ساتھی

جَمعیت:انبوہ، ہجوم، آبادی

جمعیت زیاد درچمن دیدم:میں نے لوگوں کا ہجوم باغ میں دیکھا

جمعیت پاکستان چه قدر است؟:پاکستان کی آبادی کتنی ہے

جمعیّت گاہ:جمع ہونے کی جگہ

جَمل:(ع)اونٹ، شتر
جُمل:(ع)جملہ کی جمع، سب چیزیں
جُمّل:جہاز کا رسّا، لنگر کی زنجیر
جُملہ:(۱)فقرہ، (۲)تمام سب
جملہ بندی:جملوں کی بندش و ترتیب
جملہ خریدن:بہت کچھ خریدنا
جُملہ فروشی:تھوک فروشی
جملہ لشکر:تمام لشکر
ازآن جملہ:ان میں سے
فی الجملہ:حاصل کلام، مختصر یہ کہ
جمند:سست گھوڑا
جَمُوح:(ع)گھوڑے کا سرکشی کرنا
جَمود:(ع)جامد ہونا، خشک ہونا، جم جانا، انجماد، خشکی، منجمد ہونا، افسردگی
جَموع:(ع)جمع ہونا
جمُہور:(ع)عوام، عموم، عوام الناس، قومی جمہوری حکومت
رئیس جمہور:جمہوری حکومت کا صدر
جمُہور طلب:عوامی حکومت کے خواہاں
جمہوری:عوامی
جمُہوریت:(ع)عوامی حکومت
جُمّیز:(ع)ایک قسم کی انجیر، تازہ انجیر
جَمیعاً:(ع)سب کے سب
جمِیل:(ع)حسین، خوبصورت، عمدہ، اعلی
ذکر جمیل:اوصاف حسنہ کا ذکر
جمیلِہ:(ع)جمیل کی مونث، حسین خاتون
اوصافِ جمیلہ:اعلی اوصاف
جَن:جانب، طرف، سمت
جِنّ:آگ کی آفریدہ مخلوق، جن میں شیطان بھی شامل ہے، یہ مخلوق دکھائی نہیں دیتی (اجنّہ جمع)
جناب:کلمہ احترام، کلمہ خطاب، احترام کا عنوان
جناب:.(۱)طرف (۲)کورٹ یارڈ، آستانہ، درگاہ
جَنابت:ناپاک ہونا، ناپاکی جب غسل واجب ہو
جنابت کار:مُجرم
جناب عالی:جناب آقا، حضور، حضور والا، کلمہ تعظیم
جُنابہ:جڑواں بچے پیدا ہونا، توام
جِناح:(ع)بازو
جناح یمین:لشکر کا دائیاں بازو، جناح یسار لشکر کا بائیاں بازو
جناحی:لشکر کے بازو سے متعلق
جُناح:(ع)گناہ، جُرم، بدکاری
جَنازہ:(ع)مُردے کو دفن کے لیے لے جانا
جِناس:ہم جنس ہونا، دو لفظ جو ایک طرح کے ہوں اور فقرے یا مصرعے میں استعمال ہوں، لیکن معنی مختلف ہوں
جَناغ:(۱)دو شاخوں والی ہڈی، مرغ کے سینے کی ہڈی
جَناغی:پُرپیچ، ٹیڑھا، پیچ و خم کھاتا ہوا
جِنان:(ع)جنت کی جمع
جَنان:(۱)دل، قلب (۲)کوئی پوشیدہ امر (۳)رات، رات کی تاریکی
جِنایت:(ع)گناہ، خطا کاری، جرم (جنایات جمع)
جِنایَت آمیز:مجرمانہ حرکت
جِنایت کار:گنہگار، خطاکار، بدکردار
جَنب:(ع)پہلو، طرف، سمت، مثال:

اقتدار توبہ و اشک سحر گاہیش دہ
تاکند در جَنب ہم مستغفرین جاساختہ

مجھے توبہ کی قدرت عطا فرما اور توفیق بخش کہ

آنکھیں صبح کے وقت آنسو برسائیں تاکہ ان لوگوں کے پہلو میں مجھے بھی جگہ نصیب ہو جائے جن کی مغفرت ہو چکی ہے

در جنب: پاس، نزدیک ساتھ ہی، پہلو میں

خانہ من جنبِ پُست خانہ واقع شدہ است: میرا گھر ڈاکخانے کے ساتھ ہی ہے

ذات الجنب: غشاء الریہ کا آماس، ذات الصدر پلوریسی (انگ)

جُنب: اجنبی، بیگانہ، غریب

جُنبان: ہلنا، ہلانا، ہلتا ہوا

جُنبان: جنباندن مصدر=ہلانا سے فعل امر ہلا

جُنباندَن: جنبانیدَن، ہلانا

سرا جنباند: اس نے سر کو ہلایا

سگ دُمش رامی جنباند: کُتا دم ہلاتا ہے

جنبَتین: دواطرف، دونوں اطراف

جُنبش: حرکت، ہلنا

جُنبش دادن: ہلانا

جُنبشِ زمین: زمین کی حرکت، زمین لرزہ، زلزلہ

جُنبَندگان: جنُبندہ کی جمع، رینگنے والا، پیٹ کے بل چلنے والا جانور

جُنبَندہ: (۱)رینگتا ہوا (۲)ہلتا ہوا

جَنبِہ: (۱)طرف، حصہ، پہلو (۲)فطرت، نظر، عنوان

جنبہ عینی: معروضی، خارجی، مطلوب ذہنی

از جنبِہ معنوی: معنوی لحاظ سے، معنوی پہلو سے

جَنبی: پہلو کا، پہلو کی طرف

جُنبیدَن: ہلنا، آگے پیچھے ہلنا، تحریک ہونا

مِہرش جُنبید: اس کی محبت کو تحریک ہوئی

زود بجنُب: جلدی کرو، ہلو

بجُنب ازجا: اٹھو، ہلو، چلو

جَنبَین: (ع)جنب کی جمع، دونوں طرف

جَنّت: (ع) (۱)بہشت (۲)باغ، جنات جمع

جِنّت: (ع)خبط، دیوانگی، جنون، پاگل پن (۲)جن کے خصائص

جُنّت: سپر، ڈھال

جَنّت مکان: جس کا بسیرا جنت میں ہو، مرحوم

جَنّتی: بہشتی

جَنج: دادو فریاد

جنجال: شور و غل، ہنگامہ، چیخ پکار، بے چینی، اضطراب، آشوب

جنغ: شب بیداری، چوکسی، چوکیداری، نگاہ رکھنا، نگہداشت کرنا

جنح: (ع)طرف، آڑ، بچاؤ کی جگہ، روک، حفاظت

جَنحہ: (ع)گناہ، جرم، مجرمانہ اقدام، خلاف قانون فعل، بدعنوانی، لغزش

جُند: (ع)لشکر، جنود جمع

جندار: نگہبان، محافظت پر مامور

جَندال: (ع)بے ترتیب مجمع، بھیڑ، انبوہ (۲)کمینوں کی ٹولی، رزیلوں کا طبقہ

جَندَر: رخت، سامان، پوشاک

جَندَرہ: ناہموار، ناصاف چیز، ناتر اشیدہ

جِندگی: عصمت فروشی، عزت فروشی

جَندل: بہت بڑا پتھر

جِندِہ: آوارہ عورت، قحبہ، فاحشہ، عصمت فروش

جندِہ باز: عصمت فروشوں سے تعلق رکھنے والا، عیاش، تماش بین، آوارہ، بھکانے اکسانے والا

جندہ بازی: عصمت فُروشی

جُندی: سپاہی، لشکری، سرباز

جنرال: مفرس جنرل

جِنس: (ع)قسم، اصل، صفت

چه جنس حیوانی است؟: کسی قسم کا جانور ہے؟

جِنسِ لطیف: خوبصورت وصف والی، مجازاً عورت

جِنس: سامان، مال و اسباب، اجناس جمع

اجناس خودرا از گمرک خارج کردیم: اپنا سازوسامان چنگی خانہ سے ہم محصول ادا کرکے لے آئے ہیں

جِنس: تذکیر و تانیث

جِنسِ ذکور: مذکر

جنسِ اُناث: مونث

جِنساً: (ع)جنس کے لحاظ سے، فطرۃً

جنساً مجرم است: وہ فطرۃً مجرم ہے

جِنسِتان: جنوں پریوں کا وطن

جنسی: جنس سے متعلق

مالیات جنسی: مال و دولت، روپیے، پیسے کی صورت میں

جِنسیّت: اصل، بنیاد، قومیت، نسل کے لحاظ سے

جنفج: باز جھاڑیوں کی

جَنگ: لڑائی

جنگِ داخلی: خانہ جنگی، سول وار

جنگِ مُشتی: مشت بازی، باکسنگ

جنگِ زرگری: بناوٹی لڑائی، دو آدمیوں کی بناوٹی لڑائی کسی اور کو دھوکا دینے کیلیے

جنگ مُشتی: مشت بازی، باکسنگ

جُنگ: (ہ)رسالوں کا مجموعہ، مجموعہ مضامین

جُنگ ادبی: ادبی رسائل یا مضامین کا مجموعہ، قسم قسم کے مضامین اور اشعار کی کتاب

جنگار: جنگجو

جنگ آزمودہ: جسے لڑائی کا تجربہ ہو

جنگانیدن: لڑانا

جنگ آور: جنگ آزمودہ جوان، سُورما بہادر، مردِ میدان، دلیر

جَنگ آوری: جنگی اقدام کرنا

جنگ بازی: بناوٹی جنگ

جنگجو: جنگ کی تمنا رکھنے والا، سورما، شجاع

جنگ دیدہ: جنگ آزمودہ، دلیر، سپاہی

جنگ ساز: لڑائی پر آمادہ

جَنگل: دشت، وہ جگہ جہاں بہت سے درخت اُگے ہوں، بن، نخلستان

اِحداثِ جنگل: جنگلوں کے انتظام کرنے کا فن

جنگل بان۔۔۔جنگل نشین: جنگل میں رہنے والا

جنگل بُری: جنگل کاٹنا

جنگل دار: جہاں جنگل ہی جنگل ہوں

جنگلاھی: چیل

جنگلی: جنگل سے متعلق، جنگل کے درخت، جنگل میں رہنے والے

جنگلیان: جنگل کے محافظ

جنگی: جنگجو، دلیر، سُورما، شُجاع، لشکری

جنگیدن: جنگ کرنا

دہ سال باهم جنگیدند: متواتر دس سال تک لڑتے رہے

جَنم: سرشت، جنس، شکل، صورت، ہیکل، قیافہ

جُنُوب: (ع)شمال کی ضد، دکھن

جنوباً: (ع)جنوب کی طرف

جُنوبی: جنوب سے متعلق

جُنُوُد: جُند کی جمع، لشکر، سپاہ

جُنُوس: (ع)جنس کی جمع، قسم، اصل

جُنون: (ع)دیوانگی، خبط، پاگل پن

جُنونی: خبطی، دیوانہ، پاگل، بے تاب

جنوَہ: جینیوا، سوئٹزرلینڈ کے ایک بڑے شہر کا نام

جِنّی: جس پر جن کا سایہ ہو، جن کی قسم کا

جَنِین: رحمِ مادر، بچہ جو رحم مادر میں ہو

سقطِ جَنِین: اسقاط حمل

جَو: (۱)ایک قسم کا غلہ (۲)بہت کم مقدار

یک جو حقیقت ندارد: اس میں ذرہ بھر حقیقت نہیں

جُو: نَدی

جُو: **جُستن مصدر**=ڈھونڈنا سے فعل امر، ڈھونڈو، جستجو کرو

جُست و جو: جستجو، تلاش، دیکھ بھال

جَوّ: فضا، ہوا، آسمان و زمین کے مابین، اجوا جمع

جواب: (ع)سوال کا متضاد، سوال کے متعلق کچھ کہنا

جواب با صواب: مناسب اور خاطر خواہ جواب حسب مراد جواب

جواب: ردو تردید، انکار

جواب صاف: صاف انکار

جواباً: (ع)جواب کے طور سے، جواب میں

جوابدار: ذمے دار، مسؤل

جوابداری: ذمے داری، مسؤلیت

جوابدِہ: ذمے دار، جس پر جواب دینے کی ذمے داری ہو

جوابی: جواب میں

جواد: (۱)سخی، فیاض

جَواد: تیز رفتار گھوڑا

جواذِب: (ع)جاذب کی جمع، کشش کی قوتیں

جوار: (ع)ہمسایہ، پڑوسی، حمایت، سایہ عاطفت

در جوارِ ایشان بودیم: ہم ان کے ہمسائے میں تھے

جوارِح: (ع)جارحہ کی جمع، جوڑ، اعضاےبدن،شکاری پرندہ

جوارِش: ہاضمے کے عمل کو درست کرنے کی دوا

جواری: (ع)جاریہ کی جمع، کنیزیں

جواری: (ع)مکئ کا بُھٹہ

جَواز: (ع)اجازت نامہ، رخصت، گزرنامہ، پروانہ، پرمٹ، لائسنس

جوازِ مشروبات: مشروبات کا لائسنس

جواسِیس: (ع)جاسوس کی جمع، دیکھیے جاسوس

جوال: بہت بڑا تھیلا، بورا، خُرجین

جوالدُوز: تھیلا سینے کا سُوا

جوال دُوزی: تھیلا سینا

جوالِق: (ع)جوال، خُرجین

جَوامِد: (ع)جامد کی جمع

جوامِع: (ع)جامع کی جمع

جوامِیس: (ع)جامیس کی جمع، بھینسیں

جوان: پیر کی ضد، نوعمر، مضبوط، قوی، دلیر، بہادر

دورہ جوان: نئی نسل کا

جوانانِہ: مردانہ، جوانمردانہ

جوانِب: (ع)جانب کی جمع، اطراف ۱

جواں بخت: خوش نصیب، اقبال مند

جوانک: نوعمر

جوانمرد: دلیر، شجاع، عالی ہمت، سخی

جوانمردی: شجاعت، عالی ہمتی، سخاوت

جوانمرگ: جوانی کی موت مرنے والا

جَوان نُما: دیکھنے میں جوان

جَوانہ: (۱)جوان شخص (۲)درخت کی تازہ شاخیں

جوانی: عالم شباب

جواهِر: (ع)جوہر کی جمع، قیمتی پتھر، جواہر میں لعل،

مروارید، الماس، زمرد، یاقوت، فیروزہ وغیرہ شامل ہیں
جواهرات: جواہر کی جمع اور جوہر کی جمع الجمع
جواهر تراش: جواہر کو تراش کر خاص شکل دینے والا
جواهردار: جس میں جواہر جڑے ہوں
جواهر ساز: جواہر کو خاص شکل دینے والا
جواهر فُروش: جواہر بیچنے والا
جواهر نِشان: جواہرات سے آراستہ، مرصع
جواهرنگار: موتیوں جیسی تحریر
جواهری: جوہری، جواہر بیچنے والا، جواہر کو خاص شکل دینے والا
جَو بجو: تھوڑا تھوڑا، رفتہ رفتہ
جُوبِہ: میدان جہاں لوگ خرید و فروخت کا سامان لاتے ہیں اور خرید و فروخت ہوتی ہے
جوتَرہ: منارہ، بلند بُرج
جُوج: مرغ کی کلغی
جُوجِہ: چُوزہ
جُوجِہ گرفتن: انڈوں سے بچے نکلوانا
جُوخِہ: دستہ، گروہ
جُود: سخاوت، بخشش، مثال:

تواَبرِ جُودی ومن کشتِ تشنہ لب ہے تو
بیا بیا کہ کنم باتو شرح تشنہ لبی

تو سخاوت کا بادل ہے میں تیرے بغیر اس کھیتی کی طرح ہوں، جو پانی کے بغیر سوکھ رہی ہو آکہ میں اپنی پیاس کی کیفیت بیان کروں
جُودَت: (ع)ہوشیاری، زیرکی، دانائی، نیکی، فضیلت، شرف، تفوق، برتری
جَودِرَو: جو کی فصل کے پکنے اور کاٹنے کا موسم
جُور: قسم، طور، مانند
این چہ جُور چیزی است؟: یہ کس قسم کی چیز ہے؟
جُور: (۱)ایک جیسے (۲)بلندی
این دوکفش باهم یک جُور نیستند: یہ دونوں جوتے ایک جیسے ہیں
جُورآمدن: موزوں ہونا
جُورشدن: ایک جیسا ہونا
جُورکردن: جنس وار کرنا، درجہ بندی کرنا
همہ جور بمن کمک می کردند: ہر قسم کی مدد انہوں نے مجھے دی
همہ جُور کتاب: ہر قسم کی کتاب
همین جُور: اسی طرح کا
جَور: (ع)ظلم و ستم
جَوراب: پاؤں میں پہننے والے موزے
جُوراب باف: موزے بننے والا
جوراب فُروشی: جرابیں بیچنا، جرابیں بیچنے کا کام
جُور بجُور: سب اقسام، گونا گوں، متنوّع
قلم های جور بجور: سب اقسام کے قلم
جَور پیشہ: جفاپیشہ، جفاکار، ظالم
جُور بُور: تذرو، چکور
جَورِہ: جور، ظلم و ستم
جُوری: ایک جیسا
جَوز: گری دار میوہ
جَوزرومی: اخروٹ کا درخت
جَوزهندی: ناریل
جوزا:دو پیکر: یہ ایرانی کیلنڈر کا تیسرا مہینہ تھا جس کا نام اب بدل کر خرداد رکھ دیا گیا ہے، بارہ برجوں میں سے برج سوم کا نام جو، دو جڑواں لڑکوں کی شکل ہے، منطقة البروج
جوزا القی: نیکسوامیکا (دوائی)

جَوزاک: (۱)غم و غصہ (۲)رنج و اندوہ

جوزبن: اخروٹ کا درخت

جوزبوا: ایک درخت جو جاوہ اور ہندوستان کے بعض شہروں میں پایا جاتا ہے، اس کا پھل بعض دواؤں کے کام آتا ہے

جَوزغہ: جوزَق

جوزَق: کپاس کا پوست، غلاف جس میں کپاس ہوتی ہے

جوزِہ: اخروٹ

جوزینہ: حلوا جو بادام اخروٹ وغیرہ سے تیار کیا جاتا ہو

جَوسق: (ع)بہت اونچی عمارت، بالاخانہ
(جواسق جمع)

جوسک: تُکمہ

جوسنگ: ایک جو کے وزن کے برابر

جوَسہ: محل، بلندو بالا عمارت، بالاخانہ

جوش: اُبال، کھولتا ہوا، ابلتا ہوا، اضطراب، تحریک، ہلچل، شورش، ولولہ، مثال:

این جوش بہاراست کہ چوں شور قیامت
از خاک برانگیخت شہیدان خزان را

یہ موسم بہار کی آمد پر شور قیامت کا سا ہیجان سنائی دیتا ہے اس کا نتیجہ ہے کہ موسم خزاں کے شہید پھر خاک سے اٹھنے لگے ہیں

جُوش: چھوٹے دانے جو بدن پر نکل آتے ہیں

جُوشان: ابلتا ہوا، کھولتا ہوا، مضطرب، بے چین

جُوشاندَن: ابلنا، کھولنا

چایٔ را نباید جوشاند: چائے کو بہت زیادہ ابالنا نہیں چاہیے

جُوشاندہ: جوش دے کر نکالا ہوا عرق، پانی میں جوش دی ہوئی دوا

جوش خُور: (۱)صلح پذیر، مصالحت پذیر (۲)گرم ہو کر پیوستہ ہو جانے والا

جُوشش: اُبال، پر جوش

جَوشَن: زرہ بکتر

جُوشیدن: اُبلنا، کھولنا

جُوشیدہ: اُبلا ہوا

جُوع: (ع)بھوک، گرسنگی

جوعُ البقر: ایک بیماری جس کی وجہ سے بہت بھوک لگتی ہے

جوعُ الکلب: معدے کی ایک بیماری ہے جس کی وجہ سے مریض جتنی بھی غذا کھائے اس کی بھوک نہیں منتی

جُوعان: (ع)بھوکا، جو بھوک سے انتہائی بے بس ہو۔

جُوغ: (ع)یُوغ، جوآ جو بیلوں کی گردن پر رکھا جاتا ہے

جوغن: پتھر کا ہاون دستہ

جُوف: (ع)(۱)اندر سے خالی، دہن کا اندرونی حصہ (۳)کسی چیز کا اندرونی حصہ

اسکناس را بگذار در جوف پاکت: نوٹوں کو جیب کے اندر رکھ لو

جَو فُروش: جو بیچنے والا

جو فروش و گندم نما: گندم دکھا کر جو بیچنے والا، دھوکا دینے والا، دغاباز

جُوق: دستہ، گروہ، انبوہ

جَوقہ: (ع)ہجوم، حزب، فریق بننا، دستہ

جَوقہ بندی: فریق بنانا، پارٹی بنانا، گروہ بندی

جُوک: خِسّت، دون ہمتی، پست ہمتی

جُوکی: بخیل، کنجوس، دون ہمت، پست ہمت

جُوکیدَن: بخیلی کرنا، خست کرنا

جَو گندم: جو گندمی، سیاہ و سفید، یہ کنایہ ہے اس شخص کا جس کے سر ڈاڑھی کے بال سیاہ بھی ہوں اور سفید بھی ہوں

جوگی: یوگی، ہندو درویشوں کا مسلک رکھنے والا

جُولا: جُولاہ، جولاہا، بافندہ

جولان: گردش کرنا، ادھر اُدھر گھومنا، دوڑنا، دوڑدھوپ، ترقی، نشوونما

جولان دادن۔۔۔جولان کردن: نشو و نما کرنا، دوڑ لگانا

جَولانگاہ: دوڑنے کا میدان، ریس کورس

جُولاہ: جلاہا، بافندہ

جُولاھگی: کپڑا بننا، جلاہے کا کام

جُولخ: موٹی پشم جس سے خُرجین بنائی جاتی ہے

جولخی: پشمینہ

جُولقی: پشمینہ پوش قلندر

جُولہ: (۱)جولاہ کا مخفف (۲)ترکش

جُولیدَن: ژولیدن، چبانا

جَوَن: (۱)خرمن (۲)جوآ جو ہل جوتنے کے لیے بیلوں کی گردن پر رکھا جاتا ہے

جَوندگان: جَوندہ کی جمع، چبانے والے

جُونہ: کلی، نئ پھوٹنے والی شاخ

جَوھر: (ع)گوہر، عنصر، مادہ، ہستی، ماہیت، حقیقت، فطرت، صلاحیت، سب سے اہم وصف

جوھر آبی: نیلی روشنائی

جوھر بید: مادہ جو بید کی چھال سے نکالا جاتا ہے اور دوا کے طور پر استعمال ہوتا ہے، سالِسن

جوھر تمر: املی کا عرق

جوھر حسن لبۂ: بنزائق ایسڈ

جوھر درمنہ: عرق سنتونیکا، یہ عرق کرم معدہ کی دوا ہے

جوھر سرکہ: ایسٹک ایسڈ

جوھر عصیر معدہ: جوہر ہضم

جوھر علوی: بہشت، روح

جوھر قِرمز: سرخ روشنائی

جوھر و عرض: مادہ اور ہئیت

جوھر آگین: جواہر نشان، جواہر سے آراستہ، مرصع

جوھردار: باہنر، شائستہ، چمکدار، تابناک

جوھر داشتن: ہنر مند ہونا، کارآمد ہونا

جوھر فرد: جزولا یتجزی، وہ ذرہ =جس کے اجزا نہ ہوں، جس کا تجزیہ نہ ہو، (لیکن ایٹم کی تحقیق نے ثابت کیا ہے کہ اس کا تجزیہ ہو سکتا ہے)

جوَھری: ذاتی، اصلی، حقیقی

جوی: ندی، نہر

جَوّی: (ع)فضا

کیفیات جَوّی: فضائی کوائف

جُویا: جستجو کرنا، دریافت کرنا، جستجو کرنیوالا

حال شمارا از دوست شما جویا شدم: میں نے آپ کی صحت کا حال آپ کے دوست سے دریافت کیا

جُویان: جُویا

جُویاندن: جستجو کرنا، دریافت کرنا

جُویبار: ندی

جُویچہ: چھوٹی ندی

جویدن: چبانا، جگالی کرنا

جوین۔۔۔جوینہ: جوکا بنا ہوا، جس مشروب یا ماکول میں جو کا عنصر شامل ہو

جُویَندہ: جستجو کرنے والا

جوینده یابنده است: جستجو کرنے والا آخر پالیتا ہے،

کوشش کرنے والا کامیاب ہو جاتا ہے
جُویِیدَن: جُستن، ڈھونڈنا، جستجو کرنا
جَہ: جاہ، مرتبہ
جِہ: بدکار عورت، فاحشہ
جِہات: (ع) جہت کی جمع، اطراف، سطحیں، نقاط
جہاتِ اربعہ: چاروں اطراف
جَہاد: (ع) کوشش کرنا، مقدس جنگ، مسلمانوں کی وہ لڑائی جو اجتماعی تحفظ کے لیے لڑی جائے وہ لڑائی جو دین کی حفاظت کے لیے لڑی جائے
جہادی: (ع) جہاد کی صورت، جہاد سے متعلق
جِہار: (ع) (۱) تشہیر، اشاعت (۲) رُوبرو، آشکار (۳) کسی کو بے حجاب دیکھ لینا (۴) بلند آواز میں کچھ کہنا
جِہاراً: (ع) تشہیر کے طور سے، آشکار طور پر، بلند آواز میں
جہاز: (ع) (۱) مشینی آلات والی بہت بڑی کشتی (۲) اونٹ کا کجاوہ، جہاز شُتر (۳) جہیز جو بیٹی کو دیا جائے مثال:
ہیچ جہاز بد خترش نداد: اس نے کوئی جہیز اپنی بیٹی کو نہیں دیا (۴) اپریٹس، آلات، (۵) اعضا جو باہم مل کر جسم میں معین عمل کو انجام دیتے ہیں مثلاً جہاز نفس، جہاز ہضم
جہازی: (ع) جہاز سے متعلق، بحری
جُہّال: (ع) جاہل کی جمع، نادان، بے علم لوگ
جہالت: (ع) نادانی، بے علمی، بے وقوفی
جہان: دُنیا، گیتی، عالم
جہانِ گزران: دنیائے فانی
جہان آرا: جہان کو سجانے والا، سورج، چاند، ستارے
جہان آزمُودہ: جس نے دنیا دیکھی بھالی ہو، جہاں دیدہ
جہان آفرین: جہاں کو پیدا کرنے والا، خالق عالم، خداوند تعالی
جہان افرُوز: دنیا کو روشن کرنے والا
جہان بان: جہان کو قائم رکھنے والا، خداوند تعالی
جہانبانی: دنیا کی حکومت
جہان بین: آنکھ کی صفت، جہان کو دیکھنے پرکھنے والا، دنیا کے نشیب و فراز کو جاننے والا
جہان پناہ: جس سے دنیا کو سہارا ملے
جہان پَیما: سیّاح، جہان بھر میں گھومنے پھرنے والا
جہانتاب: دنیا کو روشن کرنے والا
آفتاب جہانتاب: جہان کو روشن کرنے والا سورج
جہاندار: دنیا کی حکومت جسے حاصل ہو، بادشاہ
جہانداری: حکومت، بادشاہت
جہاندِیدہ: جس نے دنیا دیکھی بھالی ہو، تجربہ کار، آزمودہ کار
جہاندیدہ بسیار گوید دروُغ: جہان میں گھومنے پھرنے والا بہت گپیں ہانکتا ہے
جہانروای: حکومت
جہان سالار: بادشاہ یا جرنیل کا لقب
جہانِستان: دنیا کا فاتح
جہانسُوز: آتش زن، ظالم، طاقتور بادشاہ
جہانکشا: ممالک کو فتح کرنے والا
جہانگرد: سیاح
جہانگردی: سیاحت
جہانگیر: جہاں کو فتح کرنے والا، جس کی شہرت اطراف جہاں میں پہنچی ہو، مغل بادشاہ نورالدین کا لقب

جہانگیری: دنیا کی فتح، دنیا بھر کو متاثر کرنا

جہاں مُطاع: جس کی دنیا اطاعت کرے

جہان نُما: ایک آلہ جس سے دنیا کے منظر ایک ہی تصویر میں اتار لیے جاتے ہیں، سیر بین، نقشہ دنیا

جہان نوَرد: جہاں پیما، سیاح

جہانی: دنیائی، دنیا کا باشندہ، ہمہ دیسی، فانی

جہانیان: اہل عالم، دنیا کے لوگ

جہانیدَن: کودنا، اچھلنا، بھگانا، حرکت دینا

جہَت: (ع)وجہ، سبب، طرف، لحاظ

از کدام جهت بادی وِزَد: ہوا کس طرف سے آرہی ہے

ازیک جهت او حق دارد: ایک وجہ سے اسے حق حاصل ہے

چه جهت دارید که بامن نمی روید؟: کیا وجہ ہے کہ تم میرے ساتھ نہیں جاتے ہو؟

جہت: واسطے، لیے، برائے

این قلم خود نویس جهت شما خریدم: یہ پن میں نے تمہارے لیے خریدا ہے

جهت خاطر او: اس کی خاطر سے، اس کے لیے

جَہد: کوشش، سعی، تاب و تواں، قابلیت صلاحیت

جهد کن که بآن درجه برسی: کوشش کر کہ تو اس مرتبے کو پہنچ جائے

جدّو جَہد: سعی و کوشش۔

جُہد: طاقت، قابلیت

جَہر: (ع)مشتہر کرنا، جو چیز مشتہر کی جائے۔ آواز بلند کرنا، ظاہر کرنا۔

جَہر: (ع) بیماری جس کی وجہ سے دن کے وقت کسی کو نظر نہ آئے۔

جہراً: (ع) کھلم کھلا، علانیہ۔

جہرم: ایران کے صوبہ فارس کے ایک شہر کا نام۔

جہرہ: چرخی، چکلی، ریل، گولہ، بیلن، پھرکی، لٹو۔

جہش: کُود پھلانگ، چھلانگ، جست وخیز۔

جہل: (ع)نادانی، ناواقفیت،۔ حماقت۔

جہل مرکّب: انتہائی نادان۔

جہل بسیط: جو شخص جانتا ہے کہ وہ نہیں جانتا۔

جُہَلا: (ع)جُہال، جاہل کی جمع، نادان لوگ۔

جُہلاً: جہالت سے، بے وقوفی سے۔

جہمَرزی: زناکاری۔

جِہندگی: لچک، اُبھرنے کی طاقت، اچھل کُود۔

جِہَندہ: کوشش کرنے والا۔ کودنے والا، چمکدار۔

جہنّم: (ع)دوزخ۔

جہنّمی: دوزخی، خدانا شناس، کافر۔

جَہوُد: یہودی۔

جہوُدانہ: یہودیوں کی طرح۔

جہوُدی: یہودی۔

جَہُول: (ع)بہت نادان، بے وقوف، احمق۔

جہیدَن: کودنا، اچھلنا، خطرے سے نکل آنا، ایک جگہ سے دوسرے جگہ جانا۔

جہیز: (ع)وہ سازو سامان جو عروس کو دیا جاتا ہے۔

جَیاد: جَیِّد کی جمع، نیک، نیکو کار۔

جیاع: (ع)جائع کی جمع، بھوکے۔

جَیب: (ع)کیسہ جو قمیص یا کوٹ وغیرہ کے ساتھ سیا جاتا ہے۔

جیبا: خشک لکڑی۔

جیب بُر: جیب کتا۔

جیب بُری: کسی کی جیب کاٹنا۔

جیپال: ہندوستان کا ایک راجا جس کو سلطان محمود غزنوی نے شکست دی۔

جیحُون: دریا کا نام، دریائے آمو۔

جید: گردن، پتلی نازک گردن ۔

جیِّد: بہت ہی اچھا، نفیس، ممتاز ، نیکو کار، اعلی، افضل۔

جیر: چمڑا جسے رنگدیا گیا ہو۔

جیر: (۱)دھیمی نازک آواز (۲)چڑیوں کی چوں چوں۔

جیران: (ت) ہمسائے۔

جیر جیر: چڑیوں کا چیں چیں کرنا، جھینگر کی آواز۔

جیر جیرك: جھینگر۔

جیرُفت: کرمان کا ایک شہر۔

جیرُو: تصدیق، قبولیت۔

جیرو کردن: تصدیق کرنا، قبولیت کی تحریر ۔

جیرو ویر: چڑیوں وغیرہ کے چوں چوں کرنے کی آواز۔

جیرہ: راشن۔

جیرہ خُور: جیرہ خوار، جسے راشن یا وظیفہ ملتا ہے پنشنر۔

جیز: رقم جو قرض لی گئی ہو، رقم جو کھلاڑیوں کو کھیل کے وقت دی جاتی ہے۔

جیزگر: جو کھیل کے وقت کھیلنے والوں کو قرض دیتا ہے۔

جیستن: جستن، ڈھونڈنا۔

جَیش: (ع)لشکر (جیوش جمع)۔

جیغ: دردناک چیخ، فریاد، غوغا۔

جیغ زدن: چیخنا، دھاڑیں مارنا۔

جیف: (ع)جیفہ۔

جیفہ: (ع)مُردار۔

جیك: جُنبش، پرندوں کی آواز۔

جیك جیك کردن: پرندوں کا چوں چوں کی آوازیں پیدا کرنا۔

جیل: (ع)ایک قبیلہ۔

جیم: ابجد کا حرف ج۔

جیم شُدن: کھسک جانا۔

جیواد: دوام، ہمیشگی۔

جُیُوش: جیش کی جمع، لشکر، عساکر۔

جیوہ: پارہ، سیماب۔

چ

فارسی: ابجد کا ساتواں، اردو کا آٹھواں حرف عربی میں یہ حرف نہیں، حرف چ کو «جیم فارسی» یا «جیم عجمی» بھی کہتے ہیں، چ کو اہل ایران ج سے بدل بھی دیتے ہیں اور کبھی چ کو حرف ش سے بھی بدل دیا جاتا ہے ابجد کے حساب سے چ کے بجائے ج کے تین عدد ہیں۔

چا: چائی۔

چابُك: چست و چالاک، تیز، پھرتیلا، ہمہ گیر۔

چابُك پا- چابك خرام: تیز رفتار۔

چابُك دست: سبک دست، ماہر، منجھا ہوا، کاریگر، ہنر مند۔

چابُك دستی: سبک دستی،مہارت، ہنر مندی۔

چابك سُخن: (۱)فصیح، خوش بیان (۲)چرب زبان۔

چابك سوار: گھوڑ دوڑ میں سواری کرنے والا۔

چابُك قدم: تیز رفتار۔

چابکی: تیزی، چستی، مستعدی۔

چاپ: چھاپ، چھپائی، طباعت۔

چاپ خانہ: مطبع، چھاپا خانہ، پریس۔

چاپ کردن ... چاپ زدن: چھاپنا، طبع کرنا۔

چاپِ سنگی: پتھر کی سلوں کو چھاپنے میں استعمال کرنا، لتھو گرافی۔

چاپ شدن: طبع ہونا، چھپنا۔

کتاب را چاپ کردم: کتاب میں نے طبع کردی ہے۔

ماشین چاپ: چھپائی کی مشین۔

چاپاتی: چپاتی، روٹی جو توے پر پکائی جاتی ہے۔

چاپار: (ت) قاصد، نامہ بر، ہرکارہ، ڈاکیا۔

چاپار خانہ: ڈاکخانہ، پوسٹ آفس۔

چاپاری: ڈاک سے متعلق۔

چاپچی: چھاپا خانے میں کام کرنے والا۔

چاپخانہ: چھاپا خانہ، پریس۔

چاپلُوس: خوشامدی، خوشامد کرنے والا۔

چاپلُوسانہ: خوشامدانہ، بے جا تعریف و توصیف۔

چاپُول: چپاول، غارت گری، لوٹ مار۔

چاپیدن: غارت کرنا، تاخت و تاراج کرنا، لوٹ مار کرنا۔

چاتمِہ: (ت) چند بندوقیں جو ساتھ ساتھ زمین پر کھڑی کر دی جاتی ہیں اور ان کے سرے اوپر سے باندھ دیے جاتے ہیں۔

چاتمہ زدن: چاتمہ کردن تفنگ۔ بندوقوں کا چاتمہ کی صورت میں باندھنا

چاچ: چاپلوسی، تملق۔

چاچ: ترکستان کا ایک شہر جو تیر کمانوں کی وجہ سے مشہور رہا ہے۔

چاچگر: چاپلوس، خوشامدی۔

چاچُول: مکرو فریب۔

چاچُول باز: (ع) (۱) مکار، فریبی (۲) نیم حکیم، عطائی

چاچول بازی: (۱) ڈھونگ، اناڑی پن (۲) مکاری۔

چاچی: چاچ سے متعلق، جہاں کبھی تیرکمان بہت عمدہ بنتے تھے چاچ تاشقند یا کاشغر کا قدیم نام تھا۔

چاچی کمان: چاچ کی بنی ہوئی کمان۔

چاخان: چاپلوس، خوشامدی۔

چاخچُور: زنانہ کھلی شلوار۔

چادر: خیمہ، چادر جو خواتین پردہ کرنے کے لیے اوڑھتی ہیں۔

چادر برسرکشیدن-چادرسرکشیدن: سرکو چادر سے ڈھانپنا۔

چادرِشب: بڑا کپڑا یا دری جس میں بستر لپیٹا جاتا ہے، پلنگ پوش۔

چادر نشین: خیموں میں بسیرا کرنے والے، بیابان گرد، بادیہ نشین۔

چادر نشینی: خیموں میں سکونت کرنا۔

چادر نماز: چادر جو خواتین نازک اور رنگین کپڑے سے نماز پڑھنے کے لیے بناتی ہیں۔

چادری: پردے کے لیے مناسب کپڑا۔

چار: چار عدد۔

چار آئینہ: جنگی پوشاک جو قدیم زمانے میں جوان میدان جنگ میں جانے کے لیے زیب تن کرتے تھے، اور آئینے کی طرح تابناک آہنی تختیاں سینے اور پشت پر لگالیتے تھے۔

چاربالش: چارتکیے جو بیٹھتے ہوئے سر اور پاؤں کے نیچے اور دائیں بائیں رکھتے تھے۔

چاربند: چھاربند، دوجوڑ ہاتھوں کے اور دو جوڑ گھٹنوں

کے، کنایہ ہے چار عناصر کا۔

چارپا: چوپایہ۔

چارپایہ: سٹول، کرسی، سٹینڈ۔

چارچخ: چاروں طرف سے کاٹا ہوا، مستطیل۔

چارپہلُو: (۱) جس کے چار کونے ہوں (۲) کنایہ ہے بڑے پیٹ اور جسم والے کا، تنومند، فربہ۔

چارتار: چارتارہ، چار تاروں والا ساز۔

چار ترک: مستطیل، چار ضلعوں والی شکل۔

چارتکبیر: نماز جنازہ کی چار تکبیریں

چارتکبیرزدن: کنایہ ہے ترک دنیا کا۔

چار چار: آمنے سامنے ہونا، روبرو ہونا، برابری ہم چشمی، مقابلہ، گفتگو، لڑائی۔

چارچار: وسط سرما یا وسط گرما کے آٹھ دن۔

چار چرخہ: چار پہیوں والا چھکڑا۔

چار چُوب: چار چوبہ-: فریم، ڈھانچا۔

چار خایہ: نفس پرست، خواہش کا بندہ۔

چار دوال: آنکس، اُکسانے والی چیز، مہمیز۔

چارراہ: سڑکوں کا چوک۔

چارزانو: آلتی پالتی مارکر بیٹھنا۔

چارسُو: سڑکوں کا چوک، چاروں طرف۔

چارسُوق: چوک جہاں چاروں طرف دکانیں ہوں۔

چارشاخ: چار شاخوں والا آلہ جس سے بھوسا اڑا کر گندم الگ کرتے ہیں۔

چار شانہ: چوڑے شانوں والا، موٹا، فربہ چھوٹے قد کا۔

چارشنبہ: چہارشنبہ، بدھ کا دن۔

چار ضرب: (۱) نماز بجانے کا انداز (۲) کنایہ ہے ڈاڑھی، موچھیں اور ابرو ترشوانے کا جو دستور تھا بعض قلندروں کا۔

چار طاق: چھت یا گنبد جو چار ستونوں پر بنایا گیا ہو اور چاروں طرف سے کھلا ہو۔

چار عنُصر: اربعہ عناصر، زمین ہوا۔ پانی اور آگ۔

چارُغ: (ت) **چارُق**- اونچی نوکوں اور تسموں والا جوتا۔

چارقب: قدیم زمانے کے وہ لباس جو ایران اور توران کے بادشاہ پہنتے تھے۔

چارقد: سر پر اوڑھنے والی شال، جس سے خواتین سر اور جسم ڈھانپتی ہیں۔

چارك: چھاریک، چوتھا حصہ، ایک چوتھائی۔

چارگاہ: ایرانی موسیقی کی ایک سُر۔

چار گوش- چار گوشہ: چار کونوں والا، چوکور شکل، مربّع، مستطیل۔

چارَم: چھارم، چوتھا۔

چارمیخ: سزا دینے کا شکنجہ۔

چارمیخ کردن: چارمیخ کشیدن: شکنجے میں چڑھانا۔

چار ناچار: ناگزیر۔

چار نعل: کوُدنا۔

چارو: (۱) کھرل، باون،، کونڈی (۲) چھوٹی توپ جس سے گول بہت اونچا جاتا ہے۔

چاروا: حیوان جس پر بوجھ لادا جاتا ہے۔

چاروادار: جانور پر سامان لاد کرلے جانے والا۔

چارُوغ: چارُوق- جوتا، جو عام طور پر دیہاتی پہنتے ہیں

چاروناچار: ناگزیر۔

چارہِ: علاج، تدبیر، مدد، مثال:

چو مرھم خستہ را راحت رسان باش
بسختی چارہ بیچارگان باش

جس طرح مرہم زخم کو راحت پہنچاتی ہے اسی طرح تو بھی

پریشان حال لوگوں کی مصیبت میں ان کی مدد کر۔

چاره آن این است:اس کی تدبیر یہ ہے۔

چاره کردن۔ ۔ چاره ساختن:علاج کرنا، فلاح و بہبود کے لیے تدبیر کرنا۔

چاره پذیر:علاج کے قابل۔

چاره پرداز:چارہ ساز، مدد کرنے والا، بہتری کی تدبیر کرنے والا۔

چاره جُو:علاج یا تدبیر چاہنے والا، پناہ کا خواہشمند۔

چاره ساز:علاج یا بہتری کی تدبیر کرنیوالا، مدد دینے والا، معالج، طبیب۔

چاره سازی:علاج کرنا، مدد کرنا، مدد، حمایت۔

چاره گر:چارہ ساز۔

چاشت:(۱) صبح کا وقت، طلوع آفتاب کے ایک گھنٹہ بعد (۲)غذا جو چاشت کے وقت کھائی جاتی ہے۔

چاشت دان:برتن جس میں چاشت یا ناشتے کی غذا رکھی جاتی ہے۔

چاشت گاه:صبح کے ناشتے کا وقت۔

چاشن:چٹنی یا کوئی اور ترش سی چیز جو کھانے کے ساتھ رکھی جاتی ہے، ساس (انگ)۔

چاشنی:مزہ، ، جو چیز صرف چکھنے کے لیے ہو، سر کہ یا انار کارس جو غذا میں ڈالا جاتا ہے۔

چاشنی دان:برتن جس میں چاشنی کے لیے کوئی چیز رکھی جاتی ہے۔

چاشنی گیر:جو سالن وغیرہ کے ذائقے کا اندازہ کرنے کے لیے ذرا سا چکھ لیتا ہے قدیم زمانے میں ایک شخص بادشاہ کے دستر خوان کی ہر غذا کو چکھتا تھا تاکہ پتا چل سکے کہ یہ غذائیں زیر وغیرہ کے اثر سے محفوظ ہیں۔

چاق:تنومند، موٹا تازہ ہونا، ہوشیار ہونا۔

چاقماق:دیکھیے چقماق

چاقو:آلہ جس سے قلم بناتے یا اور چیزیں کاتتے ہیں۔

چاقو تیز کن:چاقو تیز کرنے والا۔

چاقو کش:چاقو چلانے والا، چاقو سے حملہ کرنے والا۔

چاقی:موٹاپا، فربہی۔

چاك:شگاف، درز، زخم، مثال:

نتوان دُوخت جز برشته وصل
جگری کز فراق گردد چاك

ہجریار سے جب جگر میں زخم لگ جائے تو اسے وصال یار کے بغیر نہیں سیا جاسکتا۔

اُو پیراهن خود را چاك كرد:اس نے خود اپنا پیرہن پھاڑدیا۔

چاك:پوَ پھٹنا، نمُودار ہونا۔

چاك چاك:جو جگہ جگہ سے پھٹا ہو، پارہ پارہ۔

چاکر:فرماں بردار، جان نثار، نوکر، بندہ، خادم۔

چاکرانه:نوکروں کی طرح۔

چاکری:نوکری، اطاعت، فرمان برداری۔

چاکوج -چکش -چاکوُش:لوہے کا اوزار جس پر رکھ کر لوہار لوہا کوٹتے ہیں، سندان۔

چال:خلا، سوراخ، گڑھا، کھوکھلا۔

چال افتادن:گڑھے میں گرنا، ڈوبنا۔

چال کردن:دبا دینا۔

چال:مرغابی۔

چالاقان:پتنگ۔

چالاك:ہوشیار، چُست، دلاور۔

چالاکی:ہوشیاری، چُستی ، دلاوری۔

چال حوض:حوض جو گھروں میں تیرنے کے لیے بناتے ہیں۔

چالش: (۱)حسین، دلربا طرز خرام (۲)متکبرانہ انداز رفتار (۳)جنگ و جدال۔

چالش گری: **جنگجری**- حریف کے مقابلے میں خود نمائی۔

چاله: گڑھا۔

ازچاله بچاله در آمدن از چاله درآمدن و بچاله افتادن: ایک مصیبت سے بچنا تو دوسری مصیبت میں جا پھنسنا۔

چام: نازو عشوہ۔

چام چام: پُرپیچ وخم راستہ۔

چامِه: نظم، غزل، موزوں اور رواں کلام۔

چامه سرا: سخن سرا، غزل سرا، شاعر غزلخواں۔

چامین: چمین، پیشاب، بول۔

چانِه: (۱) ٹھوڑی، جبڑے کا نچلا حصہ (۲)معاملہ، سودا۔

چانه زدن: تکرار کرنا، مول تول کرنا، معاملہ کرنا، جھگڑا کرنا، تکرار کرنا، حجت کرنا،بہت زیادہ باتیں کرنا (۲)خریدو فروخت کرتے ہوئے قیمت کم کرنے یا قیمت زیادہ کرنے کے لیے بہت باتیں کرنا۔

چانه زنی: فضول باتیں کرتے جانا، سودا کرتے ہوئے مول تول کا جھگڑا کرتے رہنا۔

چاؤ: کاغذی نقدی، نوٹ، اسکناس نوٹوں کا سلسلہ ایران کے مغل بادشاہ گیخاتون نے ۶۹۳ء میں رائج کیا۔

چاو چاه: آہ و زاری، چھوٹے پرندوں کی چوں چوں۔

چاؤ دار: (ت)ایک قسم کا غلہ۔

مرض چاو دار: ایک بیماری جو غلّے کو کیڑا لگنے کی وجہ سے ہوجاتی ہے، اناج روگ۔

چاؤش: **چاؤوش:** کارواں کا پیشرو جو کاروان کےآگے آگے نغمہ سرائی کرتا ہے جس سے دلوں میں تازگی پیدا ہوتی ہے۔

چاؤشی: چاؤش کا فریضہ۔

چاؤشی خواندن: مقدس مقامات کا شوق تازہ تر کرنے کے لیے سخن سرائیٔ کرنا۔

چاوله: (۱)گل صد برگ، پھول جس کی بہت سی پتیاں ہوتی ہیں۔

چاوله: تیڑھا، کج، خمدار، ناہموار۔

چاوِیدن: پرندوں کا چوں چوں کی آوازیں نکالنا۔

چاه: کنواں۔

چاه زنخدان: ٹھوڑی کے درمیان قدرے گھری جگہ۔

چاه بُن: کنوئیں کی تہ۔

چاه خُو: جسکا پیشہ کنوئیں کھودنا ہو۔

چاهسار: جہاں بہت سےکنوئیں ہوں۔

چاهك: چھوٹا کنواں۔

چاه کن: کنواں کھودنے والا۔

چاك کن را چاه درپیش: جو کسی کے گرانے کے لیے کنواں کھودتا ہے، اسکے آگے بھی کبھی کنواں آجاتا ہے، جو، اسکی تباہی کا موجب بنتا ہے اسے بھی تباہی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

چاهه: چاہک، چھوٹا کنواں۔

چاهیُوز: خمدار آہنیں کانٹا جس سے کنوئیں میں گری ہوئیٔ چیز کو نکالا جاتا ہے۔

چای: چائے۔

چای دم کردن: چاے کو دم پر رکھنا۔

چای صرف کردن: چائے پینا۔

یك فنجان چای میل کنید: چاے کی پیالی کا شوق کیجئے۔

چایچی: چائے فروخت کرنے والا۔

چای خوری: چائے کی پیالی۔

چای دان: چائے دانی۔

چاییدن: سردی لگنا، سردی سے بیمار ہو جانا، زکام لگ جانا۔

چبان: پھنسی جس سے پیپ یا خون نکلے۔

چبُون: چوبون۔پائپ جس میں تمباکو بھر کر کش لگاتے ہیں۔

چبوُق کشیدن: پائپ کے کش لگانا۔

چَپ: بائیاں، بائیں طرف۔

آدم چپ: بائیں طرف والا شخص۔

ازچپ و راست: دائیں بائیں طرف سے، ہر طرف سے۔

ازطرف چپ: بائیں طرف سے۔

بطرف چپ برو: بائیں ہاتھ چلو۔

چپ اُفتادَن: منہ پھیرلینا، اچھے تعلقات قائم نہ رہنا۔

چَپ انداز: بائیں ہاتھ سے کھیلنے والا، مکار، حیلہ گر۔

چپ چپ نگاہ کردن: خشمناک ہونا۔

چپ چشم: بھینگا۔

چپ شدن: منحرف ہوجانا۔

چپ یکی را دوتامی بیند: بھینگے کو ایک کے بجائے دو نظر آتے ہیں۔

چپات: طمانچہ، تھپڑ، سیلی۔

چپاتی: توے پر پکی ہوئی روٹی، پھلکا۔

چپان: کہنہ لباس، پُرانی پوشاک۔

چپانی: کہنہ پوش، پرانے کپڑے پہننے والا۔

چپاندن: چپانیدن، کسی چیز کو بھرنا، پُر کرنا، کھچا کھچ بھرنا، ٹھونسنا۔

کاہ را بر جوال بچپان: گھاس کو بوری میں بھر دو۔

چپاوَل: لوٹ مار، غارتگری۔

اموال او را چپاول کردند: اس کے سازو سامان کو لوٹ لیا۔

چَپاوَلچی: غارت گر، یغماگر۔

چپچاپ: بوسوں کی پے بہ پے آواز۔

چَپچَله: مرطوب زمین، زمین جس پر پاؤں پھسلتا ہے۔

چپر: چاپار،قاصد، نامہ بر، برکارہ، ڈاکیا۔

چپر: جنگلا یا باڑ، لوگوں کا حلقہ، وہ رکاوٹیں جو گھوڑ دوڑ میں نصب کی جاتی ہیں،نیز پارچہ بافی کا ایک آلہ۔

چپراس: بکسوا، بکسوا لگانا، سلک یا چاندی کا بٹن جو لباس کے سامنے لگایا جاتا ہے۔

چپراست: بے اصولی۔

چپَرباف: فیتہ یا کور بنانے والا۔

چپش: بکری کا ایک سالہ بچہ۔

چُپُق: چپوق، پائپ جس سے تمباکو کے کش لگاتے ہیں۔

چَپکن: (ت)ایک قسم کا چھوٹا کوٹ۔

چپلك: آلودہ، پلید۔

چپُو: لوٹ مار، غارت، یغما۔

چپوچی: غارت گر۔

چَپه: تالی۔

چپه زدن: تالیاں بجانا۔

بعد از نطقِ او مردم چپه زدن: اس کی تقریر کے بعد لوگوں نے تالیاں بجائیں۔

چپی: شال جو عرب سر سے نیچے تک پہنتے ہیں۔

چپیدن: بھرنا، ٹھونسنا۔

ہمہ در آن اطاق کوچلك چپهدند: سب کچھ انهوں نے چھوٹے سے کمرے میں بھر دیا۔

چپیدہ: بھرا ہوا۔

چپیرہ: جمعیت، لوگ جو کسی کام کے لیے یکجا جمع ہونے ہوں۔

چتر: (۱) چھتری، دھوپ سے بچنے کا سایہ (۲) پیراشوٹ (۳) گھنگھریالے بالوں کی لٹ۔

چترِ آبگون: کنایہ ہے آسمان کا۔

چتر آفتاب: دھوپ سے بچنے کی چھتری۔

چترباراني: چھتری جو بارش میں استعمال کی جاتی ہے۔

چترزرّین: کنایہ ہے آفتاب کا۔

چترسیمین: چاند کا کنایہ۔

چترعنبرین: تاریکی شب کا کنایہ۔

چترکُحلی: آسمان یا کالی گھٹا کا کنایہ۔

چترباز: پیراشوٹ کے ذریعے نیچے اترنے والا۔

چترزنانه: زنانہ چھتری۔

چترزدن - چترکشیدن: چھتری کو دھوپ یا بارش سے بچنے کا ذریعہ بنانا۔

چتر ہوایٔ: پیراشوٹ۔

چتری: چھتری۔

چَتوَر: شراب کا چھوٹا سا پیمانہ، پوا، چوتھا حصہ بوتل کا۔

چچ: لکڑی کا بنا ہوا چارشاخہ جس سے بھوسے کو اڑا کر گندم کے دانے الگ کرتے ہیں۔

چچك: تِل، خال، سیاہ نقطہ جو انسان کی جلد پر پیدا ہوتا ہے۔

چچُو: پستان زن، گائے، بھینس بکری وغیرہ کے تھن۔

چخ: تلوار یا چُھری وغیرہ کا نیام، نیز جنگ و ستیز۔

چخت: مکان کی چھت۔

چَخماق: چقماق، پتھر جس کو فولاد کے ساتھ رگڑنے سے آگ پیدا ہوتی ہے

چخیدن: (۱) کوشش کرنا (۲) لڑنا، لڑائ کی تیاری کرنا۔

چَخیدہ: جس نے کوششُ کی ہو، لڑائ کی ہو۔

چَخین: غلیظ، آلودہ، گندہ۔

چدار: گھوڑے کا پالنگ، پیکڑا، جولان، رسی جس سے گھوڑے کے پاؤں باندھتے ہیں۔

چدَر: علاج، چارہ۔

چدَن: ایک دھات ہے جو لوہے اور معدنی کوئلے سے مرکب ہوتی ہے۔

چَر: چریدن **مصدر**= جانوروں کا گھاس وغیرہ چرنا کا فعل امر۔

چُر: آلہ تناسل۔

چَر: گیت، موسیقی۔

چَرا: حیوانوں کے گھاس وغیرہ چرنے کا عمل۔

چرا: چہ را، کیوں۔

آیانمی آئید؟ چرا: کیا آپ نہیں آرہے ہیں؟ (لیکن) کیوں نہیں۔

بی چون وچرا: ردوکد کے بغیر۔

چراکہ: چونکہ

چون و چرا: جھگڑے کا انداز۔

چَرا: چراگاہ۔

چراکردن: چرنا (گھاس)۔

چَرابہ: دُودھ پر آنے والی بالایٔ۔

چَراجا: چراگاہ۔

چراخُور: چراگاہ۔

چرازن:گھاس چرنے والا جانور۔

چَراسك:جھینگر۔

چراغ:بتّی، لیمپ، شمع، لالٹین، فانوس۔

چراغ از چشمش پرید:اس نے ستارے دیکھے، اس کی آنکھ سے ایک چمک سی نکلی۔

چراغ امیدش خاموش شد:وہ نا امید ہوگیا۔

چَراغ بادی:ہری کین، لالٹین۔

چَراغ برق:بجلی کا بلب۔

چراغ خاموش کردن:چراغ بجھانا۔

چراغ روشن کردن:چراغ جلانا۔

چراغ گاز:گیس سے جلنے والا چراغ، مثال:

چراغی را که ایزد بر فروزد
هر آنکس پُف زندریشش بسوزد

جو چراغ اللہ تعالی نے جلا یا ہے اسے جو بجھانے کے لیے پھونک مارتا ہے، اس کی ذازھی جل جاتی ہے، تقدیر کے خلاف جو کوئ عمل کرتا ہے نقصان اٹھاتا ہے۔

چراغ ہیچ کس تاصبح نمی سوزد:کسی کا چراغ طلوع سحر تک نہیں جلتا، مکمل خوشی کا حاصل ہونا ممکن نہیں۔

دُودُہ چراغ:چراغ کا دھواں جو موم بتی یا دیے کے بجھتے وقت نظرآتا ہے۔

چراغان:روشنیوں کی تابناکی، درخشانی، کسی خوشی یا کسی بزرگ کی یاد میں جوبکثرت چراغ روشن کیے جاتے ہیں۔

چراغان کردن:بہت سے چراغ جلانا، جگہ کو روشن کرنا

چراغ الکلی:سپرٹ لیمپ۔

چراغ گاز:گیس کا لیمپ۔

چراغ پا:ٹیبل لیمپ، لیمپ کا سٹینڈ جس پر لیمپ رکھا جائے۔

چراغ پایه:چراغ پا، چراغ دان۔

چراغ پَرہ:پروانہ، جو شمع یا چراغ کےگرد چکر لگاتا ہے۔

چراغ پرہیز:فانوس، قندیل۔

چراغچی:چراغ روشن کرنے والا۔

چراغدان:چراغ رکھنے کی جگہ، لیمپ سٹینڈ۔

چراغك:جگنو، کرمک شب تاب۔

چراغ کُش:چراغ بجھانے والا۔

چراغلِہ:جگنو، کرمک شب تاب۔

چراغوارِہ:قندیل، فانوس۔

چراغِینِہ:کرم شب تاب، جگنو۔

چراکردن:چرنا (حیوانات کا)۔

چراگاہ:جانوروں کے گھاس چرنے کی جگہ۔

چراگر:گھاس چرنے والا جانور۔

چرام:گھاس چارہ، سبزہ زار۔ چراگاہ۔

چَرامین:چراگاہ، علف زار۔

چراندن:چرانیدن- گھاس چرانا۔

چرانَندَہ:جانوروں کو گھاس چرانے والا۔

چرانی:خوراک کی رقم جو روزانہ یا ماہانہ کسی کو دی جاتی ہے۔

چرب:چربی۔

غذای چرب:مرغّن غذا۔

چرَب آخُور:جسے فراخی عیش و نعمت حاصل ہو، جو نازو نعمت کی زندگی بسر کررہا ہو۔

چرباندن:وزن بڑھانے کی اجازت دینا۔

چربتَر:زیادہ موٹا۔

چرب دست: ماہر، ہنرمند، مشاق۔

چرب دستی: مہارت، ہنرمندی، مشاقی۔

چرب زبان: خوشامدی، چاپلوس، زبان باز۔

چرب زبانی: خوشامد، خوشامد کے طور سے میٹھی میٹھی باتیں کرنا۔

چرب سُخن: میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا، چاپلوس، خوشامدی۔

چرب گفتار: شیریں سخن، نکتہ سنج۔

چربِش: چربی۔

چربَک: چرب کی اسم تصغیر، روغنی نان، پراٹھا۔

چربَہ: ٹریس پیپر، وہ کاغذ جس پر لکھنے سے نچلے کاغذ پر الفاظ ثبت ہوتے ہیں۔

چربی: چکنائی، روغن۔

این غذا چربی ندارد: اس غذا میں روغن یا گھی نہیں۔

چربی دار: جس میں چربی ہو۔

چربیدَن: موٹاپے کی وجہ سے وزن بڑھنا۔

چُرت: ہلکی سی نیند، جھپکی، آنکھ جھپکنا، آنکھوں میں نیند بھر آنا، خواب آور، بیداری کی درمیانی حالت

چُرت زدن: بیداری کی حالت میں نیند آنا، آنکھ لگنا۔

چرتی: جسے نیند آرہی ہو۔

چَرخ: (۱)پہیہ، (۲)آسمان (۳)گھومنا۔

چرخاب: پہیہ جو پانی کے بہاؤ سے گھومتا ہے۔

چرخِ آبنوس: آسمان کا کنایہ ہے۔

چرخِ آسیاب: چکی کا گھومنا۔

چرخِ چنبری: آسمانی فضا۔

چرخاب: پانی کے بہاؤ سے چلنے والی چکی۔

چرخ خوردن: گھومنا۔

چرخِ کبوُد: آسمان کا کنایہ ہے۔

چرخِ کوزہ گری: کمہار کا چکر جس کے ذریعے پیالے بنائے جاتے ہیں۔

چرخ: باز کی قسم کا شکاری پرندہ۔

چَرخ انداز: تیر انداز۔

چَرخاندن: چکر دینا، گھمانا۔

چَرخانِندہ: چکر دینے یا گھمانے والا۔

چرخباد: طوفانی ہوا۔

چرخ ریسك: (۱)ایک پرندہ جو چڑیوں کے برابر ہوتا ہے، اس کی آواز چرخہ کاتنے کی آواز سے ملتی ہے۔

چرخ زَدَن: اپنے ارد گرد گھومنا، محور کے گرد گھومنا۔

چرخ زن: رقّاص۔

چرخُشت: میوے کا رس نکالنے کا آلہ۔

چرخَك: چرخی، چکلی، پھرکی۔

چرخِہ: چرخ، پہیہ، سوت کاتنے کا چرخا۔

چرخیدن: گھومنا، چکر لگانا۔

چرد: آستانہ، درگاہ۔

چرَدہ: چہرہ، چہرے کا رنگ۔

سیاہ چردہ: جس کا رنگ کالا ہو، سیاہی مائل رنگ والا

چَرز: پرندہ جو مرغ سے کچھ بڑا ہوتا ہے گوشت اس کا حلال ہوتا ہے۔

چَرَس: قید و بند، زندان، جیل خانہ، شکنجہ۔

چَرس: ایک خاص قسم کا پودا جس کے بیج نشہ آور ہوتے ہیں۔ ان کا سفوف بعض لوگ تمباکو کی صورت میں استعمال کرتے ہیں۔

چَرَسدان: کچکول جسے درویش چلتے ہوئے کندھے پر ڈال لیتے ہیں۔

چرسی: چرس کے کش لگانے والا۔

چرش: چراگاہ۔

چرغ: باز کی طرح کا شکاری پرندہ، چرخ۔

چَرغان: شاہی مہُر۔

چَرغَند: بکرے کے رودے جن میں گوشت اور کلیجی کے ٹکڑے اور چربی بھرکر بریاں کرتے ہیں۔

چرِک: پیپ، غلاظت، کثافت۔

تولید چرک: پیپ پیدا ہونا۔

چرک آھن: لوہے کا زنگ۔

چرک گرفتن: گندہ ہو جانا۔

چرِک نشستن: پیپ پڑنا۔

چرکاب: گندہ پانی، میلا پانی۔

چرک آلود: گندا، غلیظ، پیپ بھرا۔

چرک تاب: خاکستری یا قھوے کے رنگ کا کپڑا جس میں میل ظاہر ہو۔

چرکدار: گندا، غلیظ، بیپ بھرا۔

چرکن: غلیظ، گندا۔

چرکناک-چرکیں: ناپاک، غلیظ، کثیف، جس پر زخم کی پیپ لگی ہو، زخم جس میں پیپ ہو۔

چَرگر: گانے والا، گویا، مُغنّی۔

چَرم: چمڑا۔

چرَمدان: چمڑے کا بیگ۔

چرمسار: چمڑا کمانے اور رنگنے والا، دباغ، کھٹیک۔

چرَمسازی: چمڑا کمانا یا رنگنا، دباغی کرنا۔

چرمَ گر: چرمساز۔

چرَمی: چرمین، چمڑے کا بنا ہوا۔

کفش چرمی: چمڑے کا جوتا۔

چرَند: غیر اہم باتیں، یا وہ گوئی، لاف و گراف، گھاس چرنے والا جانور۔

چرند پرند: لاف و گراف،پوچ، بے معنی گفتگو۔

چرَن: چوں چوں کی سی آواز۔

چُروک: پیشانی کی جُھری، شکن۔

چروك خوردن: شکن پڑجانا۔

چُروکِیدن: پیشانی پر شکنیں ڈالنا۔

چُروکیدِہ: جس کی پیشانی پر بل ہوں۔

چَروِیدن: چارہ جوئ کرنا۔

چروَندِہ: جس نے چارہ جوئ کی ہو۔

چرِیدن: چرنا (گھاس)۔

چَرندِہ: گھاس چرنے والا۔

چَریك: بے قاعدہ فوج۔، جس نے باقاعدہ فوجی تربیت حاصل نہ کی ہو۔

قوای چریك: معاون یا امدادی فوج۔

چَز: بندر، میمون۔

چزك: خارپشت، ایک جانور جس کی کھال کانٹوں سے پُر ہوتی ہے۔

چسان: کس طرح، کیسا، مثال:

چسان از لعل میگون تومستم
کہ فارغ از مے گلگونم اے دوست

میرے دوست میں آپ کے لب لعل سے ایسا سرمست و سرمشار ہوا ہوں کہ اب شراب سرخ کی تمنا سے فارغ ہو گیا ہوں۔

چسپ: چسپیدن مصدر= چمٹ جانا، ساتھ لگ جانا سے فعل امر، آملو، ساتھ لگ جاؤ۔

چسپاں: چپکا ہوا، ساتھ لگا ہوا۔

چسپاندن: ساتھ چپکانا۔

چسپانیدِہ: چپکا ہوا۔

چَسپناك: جو چپک جائے۔

چسپناکی: چپکنے کی خاصیت، جو چپک جاے۔ لیس، چپچپاہٹ۔

چسپندِگی: چپچپاہٹ۔

چسپیدن: چپکنا، ساتھ مل جانا۔

چسپیِدہ: چپکا ہوا، ساتھ ملا ہوا۔

چُست: چالاک، ہوشیار۔

چُستك: چمڑے کی نرم اور سادہ جوتی۔

چَستِہ: نغمہ، آہنگ۔

چشایٔ: مزہ چکھنے کی حس۔

چشاندن: کسی چیز کا مزہ چکھنا۔

چشانندِہ: جو کسی چیز کا مزہ چکھائے۔

چَشتہِ: (١)چاشت کے وقت کی غذا، طلوع سحر سے گھنٹہ بھر بعد کی غذا، کم خوراک (٢)کسی شخص سے کھل کر ایسی ہمدردی کرنا، جس سے وہ بگڑ جائے۔

چشتہ خُو: جو کسی کی ہمدردی کی بنا پر اس سے متواتر مدد چاہے، طماع، لالچی۔

چشِش: چکھنا۔

چَشغَر: پاؤں کا نشان، جانور کے پاؤں کا نشان۔

چَشم: (١) آنکھ (٢)امید۔

او از خطای من چشم پوشید: اس نے میری غلطی کو نظر انداز کردیا۔

چشم بچشم: بسر و چشم، رضامندی سے، بڑی خوشی سے بہت اچھا۔

چشم آرُو: بدنظری کو دور کرنے کی دعا یا تعویذ۔

چشم آغِیل: غضب آلود نگاہ۔

چشم آلُوس: چشم آغیل۔

چشم انداز: نظارہ، منظر، آثار، متوقع حالات۔

چشم انداختن: نظر ڈالنا، ایک نظر دیکھنا۔

چشم باز کردن: آنکھیں کھولنا۔

چشمِ بدُور: خدا بُری نظر سے بچائے۔

چشم بدست اُوست: میں اس پر بھروسا کرتا ہوں۔

چشم براہ: منتظر

چشم براهی: انتظار

چشم بند: گرویدہ کرنیوالا، دلکش، مسحور کن، شعبدہ باز

چشم بند: پردہ، اندھیاری جو گھوڑے کی آنکھوں پر ڈالتے ہیں

چشم بندی: حیران کرنے کے لیے کسی کی آنکھیں ہاتھوں سے بند کرنا، شعبدہ بازی

چشم بی آب: بے حیائی، بے شرمی

چشم بیمار: نیم وا آنکھ یا آنکھیں

چشم بینا: آنکھ جو خوب اچھی طرح عیب و ثواب دیکھ سکے

چشم پزِشك: آنکھوں کا ڈاکٹر

چشم پُوش: نظر انداز کر دینے والا

چشم پوشی: نظر اندازی

چشم پوشیدن: چشم پوشی کرنا، نظر اندازی کرنا

چشم پیش: شرمسار ہونے کا کنایہ

چشم تر: آنسوؤں بھری آنکھ، اشک آلود آنکھ

چشم تنگ: بخیل، خسیس، کنجوس کا کنایہ

چشم چران: جو ہوس کی بناپر لڑکیوں کے چہروں پر نظر ڈالتا ہے

چشم چیدن: دفعیہ یا توڑ کرنا

چشم خانہ: خانہ چشم جہاں آنکھ ہے

چشم خوردہ: جسے نظر لگی ہو

چشم داشت: کسی چیز کو حاصل کرنے کا منتظر ہونا، امیدوار ہونا، خواہش، انتظار

چشم داشتن: کسی چیز کے حصول کا منتظر ہونا

چشم درراہ داشتم: میں نے انتظار کیا

چشم دریدہ: بے حیا، بے شرم، بے ادب

چشم دل: بصیرت

چشم دُوختن برچیزی: کسی چیز پر آنکھ جمالینا

چشم رس: منشا، مدنظر

چشم رسیدہ: جسے بُری نظر لگی ہو

چشم رُوز: آفتاب، خورشید

چشم روشن شدن: کسی کو دیکھ کر خوشی حاصل ہونا

چشم روشنی: ہدیہ، تحفہ جو عروس اور داماد کو دیا جاتا ہے

چشم زاغ: نیلی آنکھ

چشم زخم: نظر لگنا

چشم زد: سفید و سیاہ مہرہ جو نظر بد کو روکنے کے لیے بچوں کے گلے میں باندھتے ہیں

چشم زدن: کنایہ ہے بہت تھوڑے وقت کا

چشم زدہ: جسے کسی کی نظر لگی ہو

چشم سفید: شوخ، ڈھیٹ، بے حیا

چشم سیاہ شدن: دنیا کا نظر میں تاریک ہو جانا

چشم شما روشن: میں آپکو مبارک باد پیش کرتا ہوں

چشم شُور: آنکھ جو کسی چیز کو پسند کرے اور وہ دوسرے کے لیے پریشانی کا موجب ہو جس سے نظر لگے

چشم شیطان کُور: بد کردار اندھا ہو جائے، بُرای کرنے کے قابل نہ رہے

چشمِ ظاہری: ظاہر کی چیزیں دیکھنے والی آنکھ

چشم فسای: بد نظری کا مداوا کرنے والا

چشمَک: آنکھ کا اشارہ، عینک

چشم کردہ: چشم رسیدہ، جسے بُری نظر لگی ہو

چشمِ کسی را بروشنای انداختن: لبھانا پھسلانا، ورغلانا

چشم کُشادن: ہوش میں آنا، غور و فکر کرنا

چشم کُشی: بُری نظر کا توڑ معلوم کرنا

چشم گشتہ: بھینگا

چشم گُفتن: قبول کر لینا

چشم و چراغ: بہت عزیز، بہت پیارا، محبوب زیبا

چشم و دل سیر: آنکھ اور دل کا اطمینان

چشم و گوش باز است: بُرے بھلے کی پہچان ہے

چشم و دل گرسنہ: لالچی، حریص، طماع

چشم ہمراہی ازو داشتم: میں اس سے مدد کی توقع رکھتا تھا

بالای چشم: ہم غور کرینگے۔

بچشم خود: اپنی آنکھوں سے۔

بیک چشم برہم زدن: آنکھ جھپکتے ہیں۔

دی شب چشم: (یامژگان)۔بہم نزدم:کل رات میں سو نہ سکا، آنکھ نہ لگی۔

مردمکِ چشم: آنکھ کی پُتلی۔

نور چشم: آنکھ کا نور، بیٹا بیٹی۔

چَشمہ: سوتا، وہ جگہ جہاں پانی زمین سے باہرنکلتا ہے اور رواں رہتا ہے۔

چشمہ آفتاب: خورشید کا کنایہ ہے، چشمہ آتش فشان، چشمہ خاوری، چشمہ روشن، چشمہ گرم اور چشمہ نور بھی انھیں معنوں میں آتے ہیں۔

چشمہ حیوان: آب حیات اسے چشمہ خضر بھی کہتے ہیں۔

چشمہ سار: جس زمین میں بہت چشمے ہوں۔

چشمیزک: ایک پودے کا سیاہ اور چمکدار پھل جو بہدانے کے برابر ہوتا ہے، یہ پودا سوڈان اور حجاز میں پایا جاتا ہے قدیمی طب میں اس سے آنکھوں کی دوائ تیار ہوتی تھی۔

چشیدن: چکھنا۔

چشندہ: چکھنے والا۔

چشیندہ: چکھا ہوا۔

چطور: چہ طور، کسی طرح۔

چغ: پرندوں کا گھونسلا، چھت پر جو کابک یا چھتری کبوتروں کے لیے بنائ جاتی ہے، تیلیوں سے بنا ہوا پردہ۔

چُغ: جوا جو بیلوں کی گردن پر ڈالا جاتا ہے۔

چَغ: مدھانی۔

چغار: ساز کی سُریلی آواز لڑائی کا شور۔

چغاز: بے حیا عورت، بدزبان۔

چَغالہ: پھل جو ابھی پکا نہ ہو ، نارسیدہ پھل، بادام اور زرد آلو کے نارسیدہ پھل کے متعلق کہتے ہیں۔

چَغانہ: (۱)موسیقی کا ایک ساز جس کی شکل قاشق کی سی ہوتی ہے اس کے ساتھ گھنگرو بندھے ہوتے ہیں، ہاتھ سے اسے حرکت دیتے ہیں

چُغد: اُلو، بوُم

چَغداول: لوگوں کا انبوہ جو لشکر کشی کے وقت لشکر کے پیچھے پیچھے چلتے ہیں، اسے چغدل اور چغدول بھی کہتے ہیں

چُغر: مینڈک

چغرشتہ: دھاگے کا بنا ہوا گولا

چغر یدَن: (۱)توجہ کرنا، التفات کرنا (۲)ڈرنا خوف کھانا، وہم کرنا

چغریدہ: ڈرا ہوا، جسے کوئی وہم ہو گیا ہو

چَغز: مینڈک

چُغُک: چڑیا، کنجشک

چُغُل: سخن چین، اِدھر کی بات اُدھر لے جانے والا، چغل خُور

چَغَل: (۱)شکن

چُغَل: ہر سخت چیز

چُغلی: چغل خوری، ادھر کی بات ادھر لے جانا

چُغلی کردن: ادھر کی بات ادھر لے جانا، چغلی کرنا

چَغندرَ: چقندر، شلغم کی طرح کی ایک سبزی جو پک کر گہری سرخ ہو جاتی ہے

چُغو: چڑیا

چَغیدَن: کوشش کرنا، جھگڑا کرنا، بات کرتے ہوئے کسی خوف سے رک جانا

چَفت: جعفری جو لکڑی کی چفتیوں سے بنائی جاتی ہے اس پر انگور وغیرہ کی بیلیں پھیلتی ہیں

چفت: ایک طرح کا قفل، دروازے کی زنجیر

چُفت: (۱)تنگ لباس (۲)ستون جس سے عمارت کو سہارا دیا جاتا ہے

چَفتَک: کلنگ، کونج، لق لق

چفتہ: (۱)خم، کجی، خمیدہ (۲)طاق، گھر کی چھت،

محرابی چھت (۳)دروغ، بہتان

چفسیدن: چسپیدن، ملنا، پیوست ہو جانا

چقاچاق: دیکھیے چکا چاک

چقدر: چہ قدر، کس قدر

چقدر پُول لازم دارید: تمہیں کتنے روپے چاہیں

ہرقدر: جس قدر بھی ہو

چقرمِہ: (۱)سخت (۲)جفاکش، مضبوط (۳)مشکل، کٹھن

چقماق: ایک خاص پتھر جس کے ساتھ فولاد ٹکرائے تو اس میں سے آگ نکلتی ہے

چقماقی: چقماق کی بنی ہوئی

چقندر: شلغم کی طرح کی سبزی جو پک کر گہرے سرخ رنگ کی ہو جاتی ہے

چُک: لکڑی کا دستہ دار چار شاخہ جس سے بھوسہ اور دانے الگ کرتے ہیں

چَک: طمانچہ، تھپڑ

چک زدن: تھپڑ مارنا، طمانچہ رسید کرنا

چک: قطرہ، بوند جو کسی جگہ یا چیز سے گرتی ہے

چَک: چیک جس کے ذریعے بنک سے رقم حاصل کی جاتی ہے

چَک: ٹھوڑی

چکا چاک: تلواروں کے ٹکرانے کی آواز، جھنجھناہٹ

چاد: (۱)سر کی چوٹی، پیشانی سے اوپر کا حصہ (۲)پہاڑی کی چوٹی

چَکامہِ: غزل، نظم، قصیدہ

چکامہ سرا: غزل سرا، غزل گا کر سنانے والا، شاعر، قصیدہ گو

چَکان: قطرہ قطرہ کرنا

چکاندن: چکانیدن، قطرہ قطرہ ٹپکانا

چکانَندہِ: قطرہ قطرہ ٹپکانے والا

چکاوک: ایک خوش آواز پرندہ، جس کے سر پر چھوٹی سی کلغی ہوتی ہے، ایک راگ کا نام

چکاوہ: چنڈول، خوش آواز پرندہ

چکچک: قطرہ قطرہ پانی ٹپکنے کی آواز

چکرنہ: کوُنج، لق لق، لمبی چونچ والا مرغابی کی طرح کا پرندہ

چِگرہ: قطرہ

چَگس: باز اور اس قسم کے شکاری پرندوں کا گھونسلا

چکسہٗ: (۱)کاغذ کا ٹکڑا جس میں عطار مشک و عنبریا کوئی اور دوا لپیٹ کر دیتا ہے (۲)باز یا اسی طرح کے اور شکاری پرندوں کا گھونسلا

چکسیدن: شرمسار ہونا، نادم ہونا

چکُش: لوہار کا ہتھوڑا

چُکک: (۱)چڑیا، کنجشک (۲)ایرانی موسیقی کی ایک راگنی کا نام

چکمہِ: فل بوٹ، بوٹ جو پنڈلی تک لمبا ہوتا ہے،

چکمہ دُوز: فل بوٹ بنانے والا

چکمیزک: ایک بیماری ہے جس میں انسان پیشاب پر قابو نہیں رکھ سکتا، قطرہ قطرہ پیشاب کا گرنا

چِکن: ایک قسم کا کپڑا جس پر بیل بوٹے کاڑھے گئے ہوں، جس پر زردوزی کا کام ہوا ہو، جامہ زربفت

چکوُج: دیکھیے چکش

چکُنم: چہ کنم کا مختصر، میں کیا کروں

چک و چانہ: چیز لیتے وقت قیمت میں کمی کے لیے کہنا، مول تول کرنا

چکوک: چڑیا

چکہ: (۱)چھوٹا سا، کوچک، حقیر (۲)شوخ، مسخرہ

چکہ: پانی کا قطرہ، بوند

چکیدن: قطرہ قطرہ ٹپکنا

چکیدہ: قطرہ قطرہ ٹپکا ہوا

چکال: سخت اور سنگین چیز

چگل: ترکوں کا ایک قبیلہ جو شعرا کے نزدیک زیبائی اور خوش اندامی کے لیے مشہور تھا

چگندر: چقندر

چگور: دوتار کا ساز جو صحرا نشین یا دیہاتی بجاتے ہیں

چگونہ: چہ گونہ، کس طرح

چگونگی: کس طرح، کسی قسم کا

چل: کم عقل، بے وقوف، احمق

چل: چہل، چالیس

چل: ڈیم، بند

چُل: آلہ تناسل

چلاخ: سیلاب

چلاس: وہ شخص جو پستی اور تنگ چشمی کی وجہ سے لوگوں کی خوراک سے لقمہ اٹھا لیتا ہے

چُلاغ۔۔چُلاق: لنگڑا

چلاق کردن: لنگڑا کرنا

چلاندن: چلانیدن، نچوڑنا، کچلنا، ملنا، بھینچنا

چلاؤ: پلاؤ کی ایک قسم جو اہل ایران کی پسندیدہ غذا ہے

چلب: (۱) موسیقی کا ایک ساز (۲) آشوب و غوغا، فریاد

چُلبُلہ: اضطراب، بے چینی

چلپاسہ: چھوٹی چھپکلی

چلپان: عناب جو دواؤں میں استعمال ہوتا ہے

چلپک: روٹی جو گھی ڈال کر پکائی جائے

چلتوک: دہان، منجی

چلچراغ: (۱) چالیس بتیوں کی روشنی جو آرائش کی غرض سے جلائی جاتی ہیں (۲) ایک قسم کا بلور کا چراغ جس کی کئی شاخیں ہوتی ہیں ہر شاخ پر بتی رکھنے کی جگہ ہوتی ہے یہ چراغ فانوس کی شکل میں چھت کے نیچے لٹکایا جاتا ہے

چلچلہ: ابابیل، پرستو

چلر: ایک بلند و بالا جنگلی درخت جس کی لمبائی ۲۵ میٹر تک ہوتی ہے، اس کی لکڑی سخت ہوتی ہیں اور رنگ اس کا سرخ ہوتا ہے، ۲۰۰ سال تک قائم رہتا ہے

چلغوز: پرندوں کی بیٹھ

چلغوزہ: درخت صنوبر کا پھل

چلک: چھڑی

چَلم: فرنگی توت

چَلملہ: مفت

چُلمن: بے وقوف، احمق، ابلہ

چَلمع: بھیڑ بکری کی مینگنیاں

چلنگر: قفل اور چابیاں بنانے والا، قفل ساز

چلو: چلاؤ، پلاؤ کی ایک قسم جو اہل ایران کی پسندیدہ غذا ہے، ابلے ہوئے چاول جن میں بعض چیزیں ملائی جاتی ہیں

چلو صافی: چھلنی، صافی

چلوکباب: چاول جو کباب اور مکھن کے ساتھ کھاتے ہیں

چلوار: سفید سوتی کپڑا، جس پر کلف لگی ہوتی ہے

چُلوزہ: انگوروں کا چھوٹا گچھا

چلو صافی کن: سوراخ دار برتن جس سے چاولوں کی پیچھ نکالتے ہیں

چلہ: چالیس روزہ، کسی کی وفات کا چالیسواں دن چالیس دن کا عرصہ، برائے اعتکاف

چلہ بزرگ: گرمیوں اور سردیوں کے پہلے چالیس دن

چلہ کوچک: گرمیوں کے چلے کے بعد بیس بیس روز

چلہ: کمان

چلہ: کنارہ، کنی، کور

چلہ خانہ: جہاں چالیس دن کے لیے اعتکاف میں بیٹھتے

ہیں
چلہ نشین: چلے میں بیٹھنے والا
چلیپا: (۱)صلیب (۲)بالوں کا حلقہ (۳)خمیدہ چیز، خم، پیچ، کنایہ ہے زلف محبوب کا
چلیدن: نچوڑنا
چلیدہ: نچوڑا ہوا
چلیک: ٹین کا برتن جس میں تیل وغیرہ رکھتے ہیں، پیپا
چلیم: حقے کی چلم
چم: نازک خرامی، پیچ و خم، نظم و ترتیب، آراستگی، مثال:

دعوی کنی کہ شاعرِ دہرم ولیک نیست
در شعر تو نہ حکمت و نہ لذت و نہ چم

تو دعوی تو کرتا ہے کہ میں شاعر دوران ہوں لیکن تمہارے شعر میں نہ فلسفہ ہے نہ لطف ہے اور نہ نظم و ترتیب
چماق: (ت)ہاتھ میں لے کر چلنے والی موٹی چھڑی
چماق دار: ہاتھ میں چھڑی لے کر چلنے والا
چماق نقرہ: موٹی چھڑی جس کا دستہ چاندی کا ہو
چمانہ: فخر و ناز سے خراماں خراماں چلنا، خرامِ ناز
چمانہ: جام، ساغر، جام شراب، قدح
چمانی: جام پیش کرنے والا، ساقی
چمانیدن: نازو نخوت سے چلنا
چمباتمہ: گھٹنوں کے بل بیٹھنا
چمچاخ: جھکا ہوا، خمیدہ، کمزور
چمچم: (۱)ایک خاص قسم کا جوتا (۲)گھوڑے گدھے کا سُم (۳)خرام، رفتار
چمچمہ: چلتے ہوئے انسان کے پاؤں کی آواز یا جانوروں کے چلنے کی پاؤں کی آواز
چمچہ: کسی رقیق شے وغیرہ کے نکالنے کا آلہ، کفگیر، بڑا چمچ

چمدان: سوٹ کیس
چمش: چشم، آنکھ
چمشاق: جوتا
چمشاگر: موچی، جوتے بنانے والا
چمک: طاقت، قدرت، شان، شوکت، پیش دستی
چمن: باغ، گلزار، گلستان
چمن آرا: باغ کو سجانے والا، باغ کی دیکھ بھال اور آبیاری کرنے والا جس سے رنگا رنگ پھول کھلتے اور باغ آراستہ ہوتا ہے، باغبان
چمن افروز: باغ کو خوبصورت پھولوں سے آراستہ کرنے والا
چمن پیرا: چمن آرا
چمن زار: جہاں باغوں کی فراوانی ہو
چمن ساز: مالی، باغبان
چمن طراز: چمن ساز
چمنا: خچر، استر
چمند: سست گھوڑا نیز سُست اور بیکار انسان
چمنستان: مرغزار، جہاں باغ ہی باغ کھلے ہوں
چمنی: چمن کی سرسبزی کا سارنگ، سبز رنگ
چموش: سرکش گھوڑا یا خچر
چمیدن: نازوا دا سے چلنا
چمین: پیشاب، بول
چناب: خیمہ لگانے کا سامان
چناچن: تیراندازی کی لگاتار آوازیں
چنار: ایک درخت جس کی لکڑی بہت سخت ہوتی ہے، یہ درخت بہت طویل ہوتا ہے اس کی لمبائی ۳۰ میٹر تک ہوتی ہے
چنارستان: جہاں چنار ہی چنار ہوں
چنان: اس طرح سے، مانند

چُنانچه: پس

چنانکه: مثل، مانند

چنباقمہ: گھٹنوں کے بل بیٹھنا

چنبَر: حلقہ، دائرہ، محیط دائرہ

چنبرزدن: اپنے ارد گرد حلقہ بنانا

چنبرِ مینا: آسمان

چنبری: گول، مدوّر، چکردار، دائرے میں حرکت کرنے والا

چَنبوُر: لگام، کمند، رسی جو گھوڑے کی لگام سے باندھتے ہیں

چنبَہ: موٹی لکڑی، ہر موٹی اور کھردری چیز، فربہ اور تنو مند شخص

چنپا: چمپا جس کے پھول سفید اور خوشبودار ہوتے ہیں، چمپاکلی

چنتِہ: توشہ دان جس میں سفر کے لیے خوراک رکھتے ہیں

چند: کچھ مقدار یا تعداد

چندان: ایسا، اس قدر

او چندان بدنیست که شمامی گوئید: وہ اتنا بُرا نہیں جتنا تم کہتے ہو

او چندان پول نداشت که از حساب بیرونست: اس کے پاس اتنی رقم نہ تھی جو حساب سے بالا ہو

چندانک: جتنا کہ

چندال: ماخوذ از ھندی: چنڈال، فرومایہ شخص، پست فطرت، گھٹیا

چند برابر: بہت، کئی دفعہ

چندَر: گوشت کے اوپر کی جھلی جو قدرے سخت ہوتی ہے

چُندک: آلتی پالتی مارکر بیٹھنا، زمین پر دوزانو ہو کر بیٹھنا

چندَل: صندل، صندل کی لکڑی

چندَش: بیزاری کی حالت میں کسی چیز کو دیکھتے ہی اسے نا پسند کر دینے کا اظہار

چند ضلعی: کثیرالاضلاع، شکل جس کے کئی ضلعے ہوں

چَند۔۔۔چندَن: صندل، ایک تناور درخت جو ہندوستان میں پایا جاتا ہے، اس کی لکڑی خوشبودار ہوتی ہے اور اس کا بُورا بعض دواؤں میں کام آتا ہے، اور اس کا شربت بھی بناتے ہیں

چندھجائی: لفظ جس کے کئی اجزا ہوں

چَندی: کچھ وقت، کچھ دیر، تھوڑی دیر

چندی فکر کرد: کچھ دیر اس نے سوچا

بعد از چندی: کچھ وقت بعد

چَندین: بہت سے، اتنا زیادہ

بچندیِں دلیل: بہت دلائل کی بنا پر

چَنگ: ایک ساز کا نام، بربط، مثال:

به نغمه دگرم زنده ساز ای مطرب
چه معجز است که در پرده نیست چنگ ترا

اے مطرب کسی اور نغمے سے مجھ میں حیات تازہ پیدا کر کونسا اعجاز ہے جو ترے ساز کی سروں میں نہیں

چنگ زدن: ساز بجانا، بربط بجانا

چنگ: پنجہ، گرفت

در چنگ شُدن: دشمن کی گرفت میں آنا

چنگ: خمیدہ پشت، کُوز (قوز) پشت، کبڑا

چنگ پشت: کبڑا

چنگ زن: بربط نواز، ساز بجانے والا

چنگار: ایک بیماری ہے جس میں جسم پر ورم اور زخم آجاتا ہے، سرطان

چنگال: تین چار دندانوں والا کانٹا

چنگال: پنجہ، گرفت، انسان کے ہاتھ کا پنجہ، درندوں اور پرندوں کا پنجہ

درچنگال دشمن: دشمن کی گرفت میں

چنگالی: خاص قسم کی غذا جو گرم گھی میں شکر یا شیرہ اور نان سے تیار کی جاتی ہے

چنگک: ہُک جو دیوار یا چھت میں لگاتے ہیں اور ضرورت کے وقت اس پر کچھ لٹکا لیتے ہیں

چنگل: چنگال کا مخفف، پنجہ، گرفت

چنگلوک: انسان جس کے ہاتھ پاؤں کی انگلیاں ٹیڑھی ہوتی ہیں، جو شخص ضعف اور سستی کے باعث حرکت کرتے ہوئے دیوار پر ہاتھ رکھ لیتا ہے یا کسی شخص یا چیز کا سہارا لیتا ہے

چنگلہ: (۱)پرندوں یا درندوں کا پنجہ (۲)چنگ (ساز) (۳)پیچ دار بال

چنگ مریم: ایک پودا، قدیم زمانے میں اس بات پر اعتقاد کیا جاتا تھا کہ اگر با اُمید عورت اسے پانی میں ڈالدے تو بچے کی پیدائش سے جلد فارغ ہو جاتی ہے

چنگول: پنجے کی گرفت

چنگی: بربط نواز

چنگیز: چنگیز خان منگول بادشاہ جس نے ایران فتح کرکے وہاں حکومت قائم کی

چنگیزیان: چنگیز خان کی اولاد و اخلاف

چُنو: کلمہ ربط ہے جو چوں اُو کا مخفف ہے، اس جیسا

چُنُور: زور، توانائی، قوت

چَنہ: چانہ کا مخفف ہے، ٹھوڑی

چنہ: چینہ کا مخفف ہے، دانے دُنکے جو پرندے زمین سے چگتے ہیں

چُنیدَن: چُننا، چگنا

چُنین: چوں این کا مخفف، اس جیسا

چَنبور: صراط، پلِ صراط، قیامت

چُو: افواہ، بے اصل بات، جھوٹ

چُوانداختن: جھوٹی خبریں پھیلانا

چواک: ٹین جس میں مٹی کا تیل یا گھی ڈالتے ہیں

چُوب: لکڑی جو چیزیں بنانے یا جلانے کے کام آتی ہے

چُوب اُستاد: استاد کی چھڑی، مجازاً نصیحت، تنبیہ، تادیب

چُوب استاد به زمہرِ پدَر: استاد کی تنبیہ باپ کی مہر و محبت سے بہتر ہے

چوب بست: گو جو معمار دیوار یا چھت تعمیر کرنے کے لیے افقی اور عمودی لکڑیوں سے تیار کرتے ہیں

چُوبِ پا: بیساکھی جو معذور بغل میں لے کر چلتے ہیں

چُوبِ پنبہ: کارک جس سے بوتل بند کرتے ہیں

چُوب تعلیم: استاد کی چھڑی

چُوب حاکم: سختی، تشدد، بیداد، حکم حاکم، زور، طاقت

چُوب حاکم صدانداشتن: حاکم کی سختی برداشت کرنا اور دم نہ مارنا

چُوب دستی: ہاتھ میں لے کر چلنے والی چھڑی

چُوب شِحنہ: پولیس کا ڈنڈا

مثل چوب شدن: سخت کڑا یا بے اثر ہو جانا

چُوب باز: گتکا کھیلنے والا

چُوب بازی: گتکا کھیلنا

چُوبان: چوپان، گڈریا

چُوب پارہ: لکڑی کا ٹکڑا

چُوب پَر: لمبے دستے والا جھاڑو

چُوبدار: گلہ بان، گڈریا، جس کا کام بھیڑوں بکریوں کی خرید و فروخت ہو

چُوب رخت: کپڑے لٹکانے والی کھونٹی

چُوب سا :بڑھیوں کا رندہ جس سے لکڑی چھیل کر ہموار کرتے ہیں
چوب شکن:لکڑی کاٹنے والا
چوب شگاف:پچر، پھانا، جس سے لکڑی کو چیرنا آسان ہو جاتا ہے
چوب فروش:لکڑی بیچنے والا
چُوبک:باریک چھڑی جس سے ڈھول بجاتے ہیں، چوب کی تصغیر
چُوبکاری:کسی کو چھڑی سے مارنا
چُوبکین:لکڑی کا چارشاخہ جس سے بھوسہ ازاکر دانے الگ کرتے ہیں
چُوب گز:پیمانہ جس سے کپڑا ناپتے ہیں
چُوبِہ:بیلن جس سے گندھے ہوئے آٹے کو روٹی کی شکل میں پھیلاتے ہیں
چُوبین:کوئی چیز جو لکڑی سے بنائی جائے، ایران کے بادشاہ ہرمز چہارم کے نامور سپہ سالار کا لقب، بہرام چوبین
چوبینہ:لمبی چونچ والا پرندہ، کُونج، لق لق
چُوپان:گلہ بان، گڈریا، بھیڑیں بکریاں چرانے والا
چوپانی کردن:بھیڑ بکریاں چرانا، گلہ بانی کرنا
چُوچُو نچہ:سفید لطیف اور نازک کپڑا جس سے موسم گرما کا لباس تیار کرتے ہیں
چُوخا:موٹے کپڑے کا لباس جو گڈریے یا دہقان پہنتے ہیں یا زیادہ محنتی لوگ پہنتے ہیں
چُوخیدَن:لڑ کھڑانا، لڑکھراتے ہوئے گرنا
چُور:چُوز، چکور، تذرو
چُوری:خوبصورت لڑکی یا لڑکا
چُوزہ:مرغی کا چھوتا بچہ
چُوغ، یوغ:جوآ جو بیلوں کی گردن پر ڈالتے ہیں
چوشیدن:کسی کھانے والی چیز کو منہ میں چبانا

چُوک:(۱)ایک پرندہ جو اپنے آپ کو درخت کی شاخ سے لٹکاتا ہے اور پے بہ پے فریاد کرتا ہے، اسے مرغ شب آویز بھی کہتے ہیں (۲)آلہ تناسل (۳)اونٹ کا زمین پر گھٹنے ٹیکنا
چوگان:ایک کھیل جو گھوڑوں پر سوار ہو کر کھیلتے ہیں (انگ)گالف
چوگان بازی:چوگان کھیلنا
چوگانی:جسے چوگان بازی کے لیے سدھایا گیا ہو
چُوگک:(۱)چُوزہ (۲)اُلّو
چُوگُور:چکور کا بچہ، چکور
چُول:(۱)دشت، صحرا، بے آب و گیاہ جگہ
چُول:چولہ، خمیدہ، کج، تیزھا، ناہموار
چُون:(۱)مانند، مثل (۲)کس طرح، کیوں (۳)جب، (یہ کلمہ ربط و تشبیہ ہے)
اُوچون و چراکرد:وہ معترض ہوا، بحث تکرار کی
چُونان:چُون آن، اس کی مانند
چُونانک:چنانکہ، اس طرح کہ
چُوناہ:ہم چنان، اس کی مانند
چُونِہ:گندھے ہوے آٹے کا پیڑا
چُونی:کیفیت
چُونین:چون این، چنین، اس طرح
چہ:کلمہ استفہام، کیا، کس طرح، کس قدر؟
چِہ:کلمہ تعجب، چہ خوب، واہ کیا خوب بات ہے!
چِہ:بصورت تصغیر لاحقے کی صورت میں آتا ہے، مثلاً باغیچہ، چھوتا باغ
چَہ:چاہ کا مخفف، کنواں
چَہار:چار
چَہار آخشِیج:چار عناصر، آگ، پانی، ہوا اور خاک

چہار آئینہ: دیکھیے چار آئینہ

چہارپا: حیوان، مویشی

چہاردِہ: چودہ

چہار دہ سالہ: چودہ سال کی عمر کا

چہارد ہُم: چودھواں

چہاردہ معصُوم: اہل تشیع کے عقیدے کے مطابق حضرت رسول کریم(ص) حضرت بی بی فاطمہ (رض) اور بارہ امام

چہار راہ: چوک، جہاں چار راستے ملتے ہوں

چہارسُو: چاروں طرف

چہار شنبِہ: بدھوار

چہار صدم: چار سواں

چہار ضربہ: جس میں چار حصے شامل ہوں

چہار عُنصر: اربعہ عناصر، آگ پانی، ہوا اور خاک

چہار گوش۔۔۔ چہار گوشہ: جس کے چار کونے یا چار زاویے ہوں، مُستطیل، مربع وغیرہ

چہارلا: چار تہیں

چہاریک: چوتھا حصہ

چہچَہ۔چہچہَہ: خوش آواز پرندوں کی صدا، بلبل کی نغمگیں آواز

چہر۔۔۔ چہرہ: رُو، رُخ، منہ کے سامنے کا حصہ، رخسار

چہرہ برافروختن: چہرہ چمک اٹھنا

چہرہ پرداز: صورتگر، مصور، نقاش

چہرہ پردازی: نقاشی، تصویر بنانا

چہرہ کشادن: چہرے سے پردہ اٹھانا، اپنا آپ دکھانا

چہرہ نما: آئینہ

چہ وقت: کس وقت، کس وقت تک

چہل: چالیس

چی: (ت) لاحقے کے طور استعمال ہوتا ہے مثلاً قہوہ سے قہوہ چی، قہوہ بنانے والا

چی: چہ چیز کا اختصار، کیا چیز؟

چیت: سوتی کپڑا جس کے مختلف رنگ ہوتے ہیں اور اس پر پھولوں کے نقش و نگار بھی ہوتے ہیں

چیچک: آبلہ، ماتا

چیخ: جس کی آنکھوں سے ہمیشہ پانی بہتا ہو یا آنکھوں میں گد آتی ہو

چیدَن: چننا، ترتیب دینا

حروف چیدَن: ٹائپ میں حروف ترتیب دینا

چیدِہ: چنا ہوا، ترتیب دیا ہوا، ترتیب میں رکھا ہوا

چیر: غالب، غلبہ پانا، مسلط ہونا نیز حصہ، قسمت

چیرگی: دلیری، گستاخی، فتحمندی، غلبہ

چیرِہ: دلاور، غالب، مستولی، گستاخ

چیرَہ دست: ماہر، زبردست، زورآور، ہنر مند

چیرہ دستی: مہارت، ہنر مدی، زبردستی

چیز: شے، دولت

این آدم صاحب چیز است: یہ شخص دولتمند ہے

خیلی خوب چیزی ہست: بہت عمدہ چیز ہے

ناچیز: کم، فرومایہ، پست

ہیچ چیز: کچھ بھی نہیں

چیز دار: دولت مند

چیزک: معمولی چیز

چیزُو۔۔۔: خارپشت

چیست: کیا ہے؟

چیستان: معمَہ

چیغ: دیکھیے چغ

چیلان: (۱)عناب (۲)لوہے کی بنائی ہوئی چیزیں مثلاً زنجیر، ہتھیار، تلوار، چاقو

چیلِہ: لکڑی کی چھڑی

چین: شکن

چین برجبین افگندن: غصے میں آنا

چین خوردن: شکن پڑنا

چین دادن: چہرے پر شکن آنا

چین: ملک چین

چین: چیدن مصدر= چُننا سے فعل امر، چُنو

چین به جبین: ماتھے کی شکن

چین خوردگی... چین دار: جس کی پیشانی پر بل آئے ہوں

چینُو: پل صراط، قیامت، چینور

چینه: دانے جو پرندے زمین پر سے چن کر کھاتے ہیں

چینه دان: پرندوں کا پوٹا

چینی: چین کا رہنے والا، چین کی بنی ہوئی چیز

چینی سازی: چین کی ساختہ چیزیں

چینی فروش: چینی کی چیزیں بیچنے والا

ح

ح – فارسی ابجد کا آٹھواں حرف، اردو کا نواں اور عربی کا چھٹا حرف ہے، ابجد کے حساب سے اس کے آٹھ عدد ہیں

حا: عربی میں ح کا تلفظ "حا" ہے

حابِل: (ع)(۱)شکاری، دام پھیلانے والا، (۲)جادوگر، ساحر

حاتِم: (ع)عرب قبیلہ طے کا فرد جس کی نسبت سے وہ حاتم طائی کہلاتا تھا، سخاوت میں اس کا نام ضرب المثل کی حیثیت رکھتا ہے

حاتِم: (ع) قانونی فیصلہ دینے والا، جج

حاج: (ع) حاجی، جنھوں نے حج کی سعادت حاصل کی ہو

حاجُ الحَرَمین: (ع) جو شخص مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے حج کی سعادت حاصل کر آیا ہو

حاجات: (ع) حاجت کی جمع، ضرورتیں

حاجِب: (ع) ابرو، پردہ دار، دربان، حواجب جمع

حاجب ماوراء: (۱)دھندلا (۲)مبہم، غیر واضح، ماند، بے آب، اندھیرا، تاریکی

حاجبی: دربان کا کام

حاجت: (ع) ضرورت، نیاز مندی

حاجت بگفتن نیست: کہنے کی ضرورت نہیں

حاجت پیش خدابردن: اللہ کی بارگاہ میں ضرورت یا تمنا کے لیے دعا کرنا

حاجت خواستن: اپنی ضرورت کے لیے درخواست کرنا

حاجت داشتن: ضرورت مند ہونا، نیاز مند ہونا

قضای حاجت: رفع حاجت

حاجت خانه: پاخانہ

حاجت روا: حاجتیں پوری کرنیوالا، پروردگار

حاجتی: حاجت مند، ضرورت مند

حاجِر: (ع) زمین کا حصہ جس کے اطراف بلند ہوں لیکن وسط میں نشیب ہو

حاجِز: (ع)روکنے والا، مداخلت کرنے والا، مانع، حائل

حجابِ حاجز: پردہ جس سے رکاوٹ ہو

حاجِه: (ع) خاتون جس کو حج کی سعادت حاصل ہوئی ہو

حاجی: (ع)حاج، جس نے فریضہ حج ادا کیا ہو

حاجیه: خاتون جسے حج کی سعادت حاصل ہوئی ہو

حاد: (ع) تند، تیز، سخت، قطع کرنیوالا

حادُالزّاویه: زاویہ جو نوے درجے سے کم ہو

حادِث: (ع) تازہ، نیا، جو چیز تازہ وجود میں آئی ہو، نئی تخلیق، ظہور، نمایاں

حادثْ شُدن: ظاہر ہونا، نمودار ہونا وجود میں آنا، تخلیق ہونا

چه قضیه حادث شده است؟: کیا مسئلہ پیدا ہوا ہے؟

حادثات:(ع) حادثہ کی جمع

حادِثہ:(ع) واقعہ، ناگہانی واقع

حادثہ جُو:(۱)جانباز، مہم جُو (۲)سٹے باز، زمانہ ساز، عیار

حاذِق:(ع) ماہر، لائق، دانشمند

حار:(ع)گرم، سوزاں، سخت، سخت محنت

حارِث:(ع) کاشتکاری، دہقان

حارِس:(ع)محافظ، سرپرست، مربّی، نگہبان، پاسبان

حارِص:(ع) حریص، لالچی

حارِصہ:(ع) زخم، چوٹ

حارہ:(ع) سخت گرم، سوزان

حازِم:(ع)ثابت قدم، مستقل مزاج، قوی الارادہ، دانا، ہشیار، جو اپنا کام نظم و ضبط سے انجام دیتا ہے، (احزام جمع)

حاس:(ع) احساس رکھنے والا، قابل ادراک، محسوس، معلوم، تاثیر، احساس کنندہ

حاسِب:حساب کا علم جاننے والا، حساب دان، محاسب

حاسِد:(ع)(۱)حسد کرنے والا (۲)دشمن، حسّاد جمع

حاسِر:(ع) جو مسلّح نہ ہو

حاسّہ:(ع)احساس، ادراک، قوت مدرکہ، حواس پنجگانہ میں سے ہر ایک، سامعہ، باصرہ، شامہ، لامسہ، ذائقہ

حاش:(ع)(۱)حاشا، خدا نہ کرے، کبھی نہیں (۲)سوائے

حاشا:(ع) کلمہ استثنا، مگر، سوائے، کلمہ انکار بمعنی ہرگز نہیں

حاشازدن، حاشا کردن:انکار کرنا

حاشاللہ:معاذ اللہ

حاشاوکلاّ:کبھی نہیں، خدا نہ کرے

حاشِیہ:(ع)کتاب کا حاشیہ، صفحے کے نیچے جو وضاحت کی گئی ہو، صفحے کے اردگرد کی لکیریں

حاشِیہ گُذاری:حاشیہ چھوڑنا، حاشیے کے لیے جگہ چھوڑنا

حاشِیہ نشین:طفیلی، کسی دوسرے کا دست نگر

حاصِد:فصل پکنے پر فصل کاٹنے والا

حاصِل:نتیجہ، درآمد، پیداوار، فصل

حاصِل خیز:زرخیز، زمین جس سے زیادہ پیداوار حاصل ہو

حاصل آمدن- حاصل افتادن:حاصل ہونا، مہیا ہونا

حاصل خیز کردن:زرخیز بنانا

حاضِر:(ع)موجود، تیار

من حاضِر رفتن ہستم:میں جانے کو تیار ہوں

حاضرباش:جو ہر وقت حاضر ہو

حاضر جواب:جو موقع کے مطابق فوراً جواب دینے کا اہل ہو، چُست جواب دینے والا، بدیہہ گو، برجستہ بات کرنیوالا

حاضر جوابی:برجستگی، بدیہہ گوئی، برجستہ جواب دینا

حاضر خدمت:جو خدمت کے لیے حاضر ہو

حاضر الذہن:زُود فہم، بات یا مسئلے کو فوراً سمجھنے والا

حاضری:ماحضر، خوراک جو موجود ہو

حاضِرِین:(ع) جو لوگ موجود ہوں

حافِد:(ع)(۱)تابع، فرماں بردار (۲)پوتا، فرزند زادہ حفدہ جمع

حافِر:(ع) زمین کھودنے والا

حافِظ:(ع) حفاظت کرنے والا، نگہبان، محافظ

حافظ اسرار:بھیدوں کی حفاظت کرنے والا

حافظ:جس نے قرآن کریم حفظ کیا ہو

خدا حافظ:رخصت کے کلمات، خدا تمہارا حافظ ہو

حافظ:ایران (شیراز) کے عظیم غزل گو شاعر، شمس

الدین کا تخلص (۲۶ےھ - ۹۱ےھ)

حافظ کتب: کتابدار، لائبریرین

خیرالمحافظین: سب سے بہتر اور بڑھ کر حفاظت کرنے والا

حافِظہ: (ع) یاد داشت، یاد رکھنے کی قوت

حافی: (ع) پابرہنہ، جو پاؤں سے ننگا ہو

حاقِد: (ع) کینہ پرور، بداندیش، بدخواہ، حقدہ جمع

حاکِم: (ع) حکم دینے والا، صاحب اختیار، گورنر

حاکمِ عُرف: سول مجسٹریٹ

حاکمِ شرع: مذہبی معاملات کا منصف، قاضی

حاکمِ مطلق: خود مختار، فرمانروا، مطلق العنان

حاکم: (ع)غالب، برسراقتدار، سربر آوردہ، ذی اثر

حاکِمانہ: حکم دینے کے انداز میں

حاکم نشین: صوبائی گورنر کا دارالقیام

حاکم نشینِ ملوکات: دارالسلطنت

حاکمِیت: عدل گستری، دادرسی، عدل کا نظم و نسق، عدالتی اختیارات

حاکی: (ع) حکایت بیان کرنے والا، محرک خیال، ظاہر کرنے والا، روایت کرنے والا

مُراسلہ حاکی از عزیمتِ اُوست: خط سے اس کی روانگی کا پتا چلتا ہے

حال: (ع)حالت، طبیعت، صورت حال، واقعہ، تفصیل موقع

اوضاع درچہ حال است؟: واقعات کی صورت حال کیا ہے؟

حال اینکہ آنکار را بکنم، ندارم: اس کام کے کرنے کے لیے طبیعت نہیں چاہتی

حال: (۱)موجودہ صورت (۲)وجد کی کیفیت

حال آمدن: ہوش میں آنا، اپنے آپ میں آنا

حال کردن: خوشی میں وقت گذارنا

حال و گذشتہ: موجودہ اور گزرا ہوا وقت

اہل حال: راحت و مسرت کے متمنی، خوش رہنے والے، مست و سرشار رہنے والے

درحال: ابھی، اسی وقت

درہرحال: ہر حالت میں، بہر حال

زبان حال: چہرے سے حال معلوم ہونا

عرضِ حال: درخواست، التماس

حالا: ابھی، اسی وقت

حالاچہ طور اید؟: آپ کی طبیعت اب کیسی ہے؟

حالاکہ او را شناختید باید طور دیگر با او رفتار کنید: اب کہ آپ نے اسے جان لیا ہے اب چاہیے کہ اس کے ساتھ بہتر سلوک کریں

حالات: حالت کی جمع

حالِب: (ع) دودھ دُہنے والا

حالت: (ع)حال، صورت حال، طبیعت، مزاج، صحت

راہ آہن در چہ حالت است؟: ریل گاڑی کی صورت حال اب کیسی ہے

حالتِ ندا: جو ندا کے طور سے استعمال ہو۔

حالِف: (ع)حلف اٹھانے والا۔

حالی: (ع)موجودہ، زمانہ حال سے متعلق، اصلی، حقیقی

صورت حال سے متعلق، آگاہ، باخبر۔

حالی که سخن باینجارسید:اب کہ بات یہاں تک پہنچی ہے۔

حالی شدن:سمجھ لینا۔

حالی شدید که چه می گویم؟:کیا سمجھ لیا کہ میں کیا کہ رہا ہوں؟۔

حالی کردن:واضح کر دینا۔

حالیا:اس وقت، حقیقتاً۔

حام:(ع)حضرت نوح(ع) کا بیٹا، حبشیوں کا مورث اعلی

حامِد:(ع)حمد کرنے والا، تعریف کرنے والا۔

حامِض:(ع)ترش، ترش مزہ، تیزاب۔

حامِضِ کبریت:گندھک کا تیزاب، سلفیورک ایسڈ۔

حامِضیّت:تیزابیّت۔

حامِل:(ع)اٹھانے والا، اٹھا کر لانے والا۔

بحامل کاغذ را بپردازید:اس خط کے لانے والے کو انعام دو۔

شعاعِ حامل:وہ شعاع یا فرضی خط جس کا طول اور سمت معین ہو لیکن مقام غیر معین ہو۔

حامِلگی:حمل ہونا، جو عورت امید سے ہو۔

حامِله:(ع)جسے حمل ہو، عورت جو امید سے ہو۔

حامی:(ع)حمایت کرنے والا، مددگار، مربی، نگہبان۔

حامی:(ع)حضرت نوح (ع)کے بیٹے حام سے منسوب۔

حامِیه:حمایت کرنے والی خاتون۔

حانِث:(ع)دروغ حلفی کرنے والا، جھوٹی قسم کھانیوالا۔

حانُوت:دکان، مغازہ، مے فروشی کی دکان، میکدہ۔

حاوی:(ع)گھیرنا، احاطے میں لینا، مُشتمل ہونا۔

این مقاله حاوی نصایح سودمنداست:یہ مقالہ مفید نصیحتوں پر مشتمل ہے۔

حاوِیه:(ع)جھلّی کی ایک تہ جو آنتوں کے کسی حصے کو معدے کے بیرونی حصے سے ملحق کرتی ہے۔

حائر:(ع)گڑھے یا نشیب میں پانی جمع ہوجانا۔

حائر:(ع)متحیّر، سرگشتہ، سرگرداں۔

حائز:(ع)حامل، رکھنے والا، فراہم کرنے والا۔

این حائز بسی اہمیت است:یہ بڑی اہمیت رکھتا ہے۔

حائض:(ع)حائضہ، عورت جسے حیض آتا ہو۔

حائط:(ع)احاطہ کرنے والی چیز، دیوار، باڑ۔

حائل:(ع)رکاوٹ پیدا کرنے والا، رکاوٹ۔

بین آن دو نفر حائل شد:ان دو آدمیوں کے درمیان رکاوٹ بنی۔

دیوارِ حائل:جو دیوار روکنے کے لیے بنائی جائے، حوائل جمع۔

حَبّ:(ع)دانہ، بیج، گولی۔

حَب کردن:گولیاں بنانا۔

قُوطیِ حب:گولیوں کی ڈبیا۔

حُبّ:(ع)محبت، عشق، دوستی۔

حُبّ:(ع)منی کا بڑا برتن۔

حُبِ ذات۔۔۔حُبِ نفس: اپنی ذات سے محبت ، صرف اپنے مفاد سے محبت۔
حُبِّ مال: مال و دولت کی محبت۔
حُبِ وطن: وطن سے محبت۔
حِبا: (ع)تحفہ ، ہدیہ۔
حُباب: (ع)(۱)بُلبلا (۲)سایہ ، عکس۔
حُبابِ لامپا: لیمپ کا عکس۔
حُبابی: حباب جیسا ، بلبلے کی شکل جیسا۔
حُباحب: (ع)کرم شب تاب، جگنو۔
حُباری: تیتر کی شکل کا لیکن اس سے بڑا پرندہ اس کی گردن اور ٹانگیں لمبی ہوتی ہے اور یہ حلال پرندہ ہے۔
حَبِّ الاثل: ماجُو، ایک مشہور دوا۔
حز الاس: مہندی کے پودے کے بیج۔
حَبِّ البانہ: تارپین کے بیج، روح تارپین یا روغن تارپین، روغنی رال جو تارپین کے درخت سے نکلتی ہے۔
حَبِّ السّلاطین: جمال گوٹے کی گولیاں۔
حِبال: رسیاں، حبل کی جمع۔
حِبالہ: دام، جال،قید و بند، رشتہ ربط و تعلق، بندھن، حبائل جمع۔
حبالہ نکاح در آوردن: شادی ہونا
حَبَب: (ع)حباب، بلبلا۔
حَبَّذا: (ع)کلمہ تحسین، شاباش، واہ واہ کیا خوب۔
حِبر: (ع)سیاہی، روشنائی جس سے لکھا جاتا ہے، احبار جمع۔
حِبر: (ع)دانشمند، نیکوکار، عیسائیوں کا روحانی پیشوا، نیز بمعنی سرور و شادمانی۔
کعبُ الحبر: علمائے تابعین میں سے ایک یہودی جو حلقہ بگوش اسلام ہوا۔
حَبس: (ع)قید ، قیدخانہ ، زندان۔
دُزد را درحبس انداختند: چور کو زندان میں ڈال دیا گیا۔
حبسِ ابد: عمر قید۔
حبس با اعمال شاقہ: قید بامشقت۔
حبسُ البَول: پیشاب کا رک جانا۔
حبسِ تادیبی: اصلاح کرنے کی غرض سے قید۔
حبسِ نظر: نظر بندی، خانہ بندی۔
حبسِ نفس۔۔۔حبسِ دم: سانس کا رکنا۔
حَبس خانہ: زندان، قیدخانہ ، جیل۔
حَبسی: قیدی۔
حَبَش: (ع)ملک حبشہ ، حبشہ کا رہنے والا۔
حبَشہ: ملک کا نام، ایبی سینیا۔
حبَشی: حبشہ کا رہنے والا۔
حَبط: (ع)بے فائدہ کام، رائگان محنت۔
حَبَق: (ع)پودینہ۔
حَبل: (ع)رسی۔
حبلُ المتین: محکم رسی ، مضبوط رسی:مثال:

نیستہ، جُز گیسوی تُو پیش حَسَن حبل المتین
بس دراز است این سخن،بہ کین سخن کوتاہ کنم

ان گے گیسو ، کے سوا حسن سجزی کے پیش نظر اور کوئی مضبوط رشتہ نہیں، یہ بات بہت طویل ہے بہتر ہے کہ اسی پر اسے ختم کروں۔
حَبل الوَرِید: رگ گردن،۔ لق کی رگ، شاہرگ
حَبَل: (ع)(۱)بچہ جو ابھی ماں کے پیٹ میں ہے۔ (۲)انگور کا درخت یہ اس کی شاخ۔
حبِل: (ع)عقل مند، دانا زیرک، دانشمند۔ حبوُل (جمع)۔

حبلی:(ع)حاملہ عورت۔

حَبن:(ع)(۱)خرزہرہ، ایک پودا جس کی شاخیں پتلی پھول سرخ و سفید، پتے لمبے اور بہت تلخ اور زہریلے ہوتے ہیں (۲)جبین، پیشانی۔

حُبوُب:(ع)حَبّ کی جمع، گولیاں، دانے، بیج۔

حُبوُبات:حب کی جمع الجمع۔

حَبّہ:دانہ، بیج۔

حبّۃُ السّودا:سیاہ دانہ۔

حبیب:(ع)دوست، محبت کرنے والا (احبّا اور احبّہ جمع)۔

حبیبَہ:(ع)محبوبہ۔

حبیکہ:ریگزار کا راستہ، ستاروں یا مدار کے بیچ کا راستہ۔

حَتف:(ع)موت، طبعی موت، (حتوف جمع)۔

حَتم:(ع)قطعی حکم، یقین، واجب، حکم جس کا بجا لانا واجب ہو۔

حَتماً:(ع)یقینی طور سے۔

حَتمی:(ع)یقینی، یقیناً، لازمی۔

حتمی الاجرا:(ع)جس کا اجرا یقینی ہو۔

حَتمی الوُقوُع:(ع)جس کا واقع ہونا یقینی ہو۔

حَتمیّت:تیقن، یقینی۔

حُتوُف:(ع)اموات۔ حتف کی جمع

حتّی:(ع)یہاں تک کہ۔

حتی درشب ہم کارمی کند:یہاں تک کہ وہ رات کو بھی کام کرتا ہے۔

حتیّ الباب:دروازے تک۔

حتی الباب ایشان را مُشایعَت کردم:میں انھیں دروازے تک چھوڑنے کے لیے گیا۔

حتی القُوۃ:اپنی طاقت یا استطاعت کے مطابق۔

حتی الامکان:جہاں تک ممکن ہو۔

حَتّی الوَسع:جہاں تک ہوسکا۔

حَثّ:(ع)برانگیختہ کرنا، کام کا شوق دلانا، تشویق کرنا۔

حجّ:قصد کرنا، ارادہ کرنا، خانہ خدا کا دس ماہ ذی الحجہ کو طواف اور دوسرے مذہبی رسوم ادا کرنا، زیارت بیت اللہ کرنا۔

حِجاب:(ع)پردہ، نقاب، روپوش۔

بعض زنہا حجاب رابرداشتہِ اند:بعض خواتین نے پردہ کرنا چھوڑدیا ہے۔

حُجّاب:(ع)(بصورت جمع)دربان، پاسبان۔

حِجابَت:پردہ داری

حجّاج:حاج کی جمع، جنھیں حج کی سعادت حاصل ہوئی ہو

حجاج:(ع)پیشانی کی ہڈی۔

حَجّاج:(ع)جس نے بہت حج کیے ہوں۔

حَجّاج:(ع)عرب فرمانروا عبدالملک بن مروان جو ستمگری اور تشدد کی وجہ سے مشہور ہوا۔

حَجّار:(ع پتھر کاٹنے تراشنے والا، سنگ تراش مجسمہ ساز۔

حِجار:حَجر کی جمع، پتھر۔

حِجاز:(ع)سعودی عرب کا علاقہ جس میں مکہ اور مدینہ ہیں۔

حِجاز:(ع)ایک خاص مترنّم انداز جس میں قرآن مجید کی تلاوت ہوتی ہے۔

حجازی:حجاز سے متعلق، حجازی لَے۔

حِجال:(ع)حُجلہ کی جمع، دیکھیے حُجلہ۔

حَجّام:(ع)حجامت بنانے والا، فصد کرنے والا۔

حجامت چی: حجام، فصد کرنے والا۔

حجامی: حجام کا کام، فصد لینا۔

حَجَب: (ع)پردہ کرنا، پردہ پوشی، نقاب پوشی، روپوشی، شرم و حیا۔

حُجُب: (ع)حجاب کی جمع۔

حُجَت: (ع)دلیل، ثبوت، برہان، دستاویز، احتجاج۔

حُجت آوردن: دلیل پیش کرنا۔

حجت کردن: جھگڑنا، بحث کرنا۔

اتمام حجت: دلیل کو اختتام تک پہنچانا، کسی امر میں آخر مرتبہ سمجھانے اور معاملہ طے ہونے کی کوشش کرنا۔

بلاحجت: مسلّمہ، ناقابل تردید۔

حجت الاِسلام: (ع مسلمانوں کا رہنما، مجتہد بزرگ کا لقب۔

حُجت الله: (ع)امام، پیشوا۔

حُجَتی: (ع)حُجَت کرنے والا، دلیل باز۔

حُجج: (ع)حجَت کی جمع، دلائل۔

حَجَر: (ع)پتھر، سنگ، (احجار جمع)۔

حَجر: (ع)چھاتی، سینہ۔

حَجر: (ع)منع کرنا، روکنا۔

حُجر: (ع)کنار، دامان، آغوش، پناہ۔

حُجرات: (ع)حجرہ کی جمع۔

حجرُالاسوَد: (ع)سیاہ پتھر جو کعبہ میں نصب ہے، اسے حضرت ابراہیم (ع)نے لگایا تھا۔

حُجرَہ: (ع)زاویہ، تکیہ، کمرہ، مدرسہ، یا کاروانسراکا کمرہ۔

حَجری: (ع)پتھر کا بنا ہوا۔

حَجَل: (ع)چکور۔

حَجلہ: عروس کے لیے مزین اور آراستہ کمرہ جو شب عروسی کے لیے مخصوص ہوتا ہے۔

حَجم: (ع)ضخامت، طول، عرض و عمق کسی چیز کا۔

حَجم: (ع)جسامت، تن و توش۔

حَجماً: (ع)جسامت کے لحاظ سے۔

حجمی: (ع)بڑی جسامت والا۔

حَجَہ: (ع)حج۔

ذوالحجہ-ذی الحجہ: سن ہجری کا بارھواں مہینہ۔

حَدّ: (ع)آخری سرا، انتہا، سرحد۔

حدّ اقل: کم سے کم۔

حداکثر: زیادہ سے زیادہ۔

حدِّبلوُغ: بالغ ہونے کی حد یا عمر۔

حَدّخوردن: شرعی سزا پانا۔

حَدّ زدن: شرعی سزا دینا۔

حَدّشرعی: شرعی تعزیر، کوڑوں کی سزا۔

حَدّ فاصل: الگ کرنے والی دیوار۔

حد مُتَوسّط: درمیانہ درجہ۔

از حدگذشتن: حد سے بڑھ جانا۔

بیرون ازحد: حد سے باہر، حد سے بڑھ کر۔

تابحدّیکہ امکان دارد: جہاں تک ممکن ہو۔

تاچہ حد: کس حد تک۔

حُدا: (ع)ساربان کی مترنم صدا جس سے اونٹ تیز چلنے لگتے ہیں اور اہل کارواں بھی محظوظ ہوتے ہیں۔

حَداثت: (ع)کام کا آغاز ہونا، نیاپن، تازگی۔

حِداجَت: (ع)کجاوہ، پالکی جو خواتین کی سواری کے لیے اونٹ پر رکھی جاتی ہے۔

حداجہ: (ع)کجاوہ۔

حَدّاد: (ع)لوہار، آہنگر۔

حِداد: (ع)سوگواری، عزاداری، لباس عزا۔

حدائج: (ع)حداجہ کی جمع، کجاوے۔

حدائد: (ع)حدیدہ کی جمع۔دیکھیے حدیدہ۔

حدائق: (ع)حدیقہ کی جمع، باغات۔

حَدَب: (ع)(۱)کُبڑا پن (۲)بلند زمین (۳)پانی کی موج۔

حدباء: (ع)(۱)مونث احدب، کُوزپشت، کبڑی (۲)دشوار کام، سخت سال۔

حَدَبَت: (ع)خمیدگی جو کمر میں پیدا ہو جاتی ہے، کُوزپشتی۔

حِدّت: (ع)تیزی، تندی، غضب و غصہ، حرارت۔

حَدَث: (ع)نیاپن، جدّت، اختراع، ایجاد، واقعہ، تخلیق۔

حدثان: (ع)نیاپن، آغاز، کسی کام یا امر کی ابتدا۔

حدثان الدہر: حادثات زمانہ۔

حَدس: (ع)قیاس، فراست سے کوئی بات معلوم کرلینا، کسی بات کو جلد معلوم کرلینا۔

حَدس زدن: قیاس کرنا ،فراست سے کوئی بات معلوم کرلینا۔

حَدساً: (ع)قیاساً۔

حَدسی: (ع)قیاسی۔

حدسیّات: (ع)اسرار جو قیاس یا فراست سے سمجھ لیے جائیں۔

حد شکن: حد توڑنے والا، مداخلت کرنے والا۔

حدشکنی: مداخلت کرنا۔

حدَق: (ع)آنکھ کی پتلی، مردم چشم۔

حَدَقات: (ع)حدقہ کی جمع۔

حَدَقہ: (ع)آنکھ کی پتلی۔

حدُوث: (ع)واقع ہونا، کسی نئی چیز کا ظہورپذیر ہونا۔

حَدُوث کردن: واقع ہونا۔

حَدُوثت: (ع)تازگی، نئی تخلیق۔

حُدُود: (ع)حد کی جمع، حدیں، سرحدیں۔

چہ حدُود: کس حد تک۔

حَدیث: (ع)جو کچھ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زبان سے فرمایا یا خود حضور نے عمل کیا۔

حَدید: (ع)لوہا، آہن۔

حَدیدالمزاج: (ع)گرم مزاج، تند مزاج۔

حدیدِہ: (ع)لوہے کا ٹکڑا، لوہے کا اوزار۔

حدِیدی: (ع)لوہے کا بنا ہوا۔

حدیقِہ: (ع)باغ، باغیچہ۔

حِذا: (ع)برابر، روبرو، نیز بمعنی پاپوش، چارپاوں کاسُم۔

حَذاقت: (ع)دانای، دانشمندی، زیرکی، مہارت، حاذق ہونا، دیکھیے حاذق۔

حَذَر: (ع)پرہیزکرنا، ڈرنا، احتیاط، تنبیہ، آگاہی۔

زیر حذربُودن: آگاہ رہنا۔

حذف: (ع)کسی حرف کو چھوڑ دینا۔ اصطلاح ادب میں نظم یا نثر میں کسی حرف کو چھوڑدینا۔

حِذق: (ع)زیرکی، دانائی، دانشمندی، مہارت۔

حَذم: (ع)کاٹنا، قطع کرنا۔

حذْو: (ع)برابر کرنا، دو چیزوں کو باہم کرنا، مقابل، روبرو۔

حذیم: (ع)تیز کاٹنے والا۔

حَرّ: (ع)حرارت، گرمی۔

حُرّ: (ع)آزاد، جو کسی کا غلام نہ ہو، بے آلائش، دلیر۔

حِراب: (ع)محاربہ، جنگ۔

حَرّاث: (ع)حارث کی جمع، کاشتکار، کسان، دہقان۔

حَراج: (ع)(۱)نیلامی، فروخت عام، (۲)کپڑوں کو سوکھنے کے لیے رسی پر لٹکانا۔

حَراج چی: نیلامی کرنے والا۔
حِرار: (ع)حُرکی جمع، آزاد لوگ۔
حَرارت: (ع)گرمی۔
حرارت غریزی: طبعی حرارت، حرارت جس پر انسان کی زندگی کا دارو مدار ہے۔
حرارت مزاج: خون میں حرارت پیدا ہونا، گرم مزاجی۔
حرارت نما۔۔۔حرارت سنج: تھرما میٹر۔
سنجش حرارت: تھرمامیٹر سے حرارت دیکھنا۔
مقیاس حرارت: حرارت پیما، تھرما میٹر۔
حُرّاس: حارس کی جمع، محافظ، نگہبان۔
حِراسَت: (ع)حفاظت کرنا، محفوظ رکھنا، نگہبانی، محافظت، سپردگی، تحویل۔
حراست کردن: حفاظت کرنا۔
حِراص: (ع)حریص کی جمع، لالچی لوگ۔
حَرّاف: (ع)زیادہ باتیں کرنے والا، باتونی، پُرگو، چالاک، تیز طبع۔
حَرّافت: (ع)تندزبانی تیز طبعی۔
حَرّافی: (ع)زیادہ باتیں کرنا، چالاکی، تیز طبعی، پُرگوی۔
حُراق: (ع)(۱)بہت نمکین پانی (۲)تیز رفتار گھوڑا۔
حرّاقہ: (ع)ایک قسم کی جنگی کشتی جس کے ذریعے قدیم زمانے میں دشمن پر آتش زنی کی جاتی تھی (حراقات جمع)۔
حَراک: (ع)جُنبش ، حرکت۔
حرام: (ع)ناجائز، خلاف شریعت، حلال کی ضد۔
حَرام: (ع)بزرگ، پاک، مقدس۔
بلدالحرام: مقدس شہر، مکہ مکرمہ۔
شہرالحرام: ماہ محرم
مسجدالحرام: مسجد جس میں خانہ کعبہ واقع ہے۔
حَرامخوار: حرام خور، حرام کھانے والا، رشوت خور، نمک حرام،بی مروت،بے وفا۔
حرام خوری: نمک حرامی، بے مروتی بے وفای۔
حرام زادہ: ولد الزّنا۔
حرامکار: بددیانت، بدکار۔
حرام کاری: بددیانتی، بدکاری۔
حرامی: ولدالزنا، نیز بمعنی ڈاکو، رہزن۔
حرامی: غیر قانونی ہونا، ناجائز ، حرام۔
حرّان: (ع)بہت پیاسا شخص۔
حَرب: (ع)جنگ، کارزار۔
اعلان حرب: اعلان جنگ۔
دیوان حرب: مارشل کورٹ۔
حَرَب: (ع)ہلاک، بدبختی۔
حِرباء: (ع)(۱)گرگٹ جس کا رنگ دھوپ میں بدل جاتا ہے (۲)آفتاب پرست (حرابی جمع)۔
حُرباء: (ع)حریب کی جمع۔ جن کا مال و متاع غارت کردیا گیا ہو۔
حَرباً: (ع)طاقت کے ذریعے، جنگ کے ذریعے۔
حَربگاہ: میدان کارزار۔
حَربِہ: (ع)اسلحہ ، سامان جنگ۔
حَربہ ناریہ: بارودی سامان جنگ۔
حَربی: (ع)جنگ سے متعلق۔
تدابیر حربِیہ: جنگی تدابیر۔
حَرث: (ع)زمین میں ہل چلانا۔
حِرَج: (ع)گناہ، غلطی، نقصان، ضرر
حَرَج: (ع)تنگ جگہ، تنگ مکان، تنگی، دباؤ۔

حِرج: (ع)دام جو جانوروں کو پکڑنے کے لیے بچھاتے ہیں

حِرز: محفوظ جگہ جہاں کسی چیز کو حفاظت سے رکھا جائے، بہرہ، نصیب، تعویذ، دعا جو کاغذ پر تحریر کی جاتی ہے (احراز جمع)۔

حَرَس: (ع)حفاظت، محافظت، نگہبانی۔

حَرَس: (ع)نگہبانان، جمع حارس

حِرص: (ع)لالچ۔

حرص جاہ: جاہ و مرتبت کی تمنا۔

حرص زدن: لالچ کرنا۔

حُرَصاء: (ع)حریص کی جمع، لالچی لوگ۔

حَرَض: فساد، تباہی، جسم یا عقل کا فساد۔

حرف: ابجد کا حرف جس کے ملنے سے لفظ بنتا ہے (حروف جمع)۔

این کلمہ چند حرف دارد؟: اس لفظ میں کتنے حرف ہیں؟۔

حرف: بات، اعتراض۔

حرف از دہن کسی گرفتن: بات کسی کے منہ سے اُچک لینا۔

حرف اندازی: گفتار میں چالاکی، لفظوں کی ہیر پھیر۔

حرف پادر ہوا: بے بنیاد بات۔

حرف جُزو ہوا است: ہوائی بات ہے۔

حرف چین: حرف گیر، نکتہ چین، خوردہ گیر، عیب جُو۔

حرف حسابی: معقول بات۔

حرف زدن: بات کرنا۔

حرف زن: نمایندہ، آزادی سے بات کرنیوالا، بولنے والا۔

حرف شِنَو...حرف گوش کن: تربیت پذیر، اطاعت شعار۔

حرف گوش کردن: بات سننا، بات پر عمل کرنا۔

حرف مفت: بیکار بات، ، یا وہ گوئی۔

حرفِ مفت زدن: بیکار بات کرنا، یاوہ گوئی۔

حرف داشتن: اعتراض ہونا۔

باہم حرف نمی زنند: وہ آپس میں بات چیت نہیں کرتے۔

من کہ حرفی ندارم: مجھے کوئی اعتراض نہیں۔

حَرفاً: (ع)حرف بحرف۔

حُرَفا: (ع)حریف کی جمع۔

حِرفہ: (ع)حرفت، پیشہ، ہنُر۔

اہل حرفہ: پیشہ ور۔

حرفی: (ع)باتیں کرنے والا۔

باہم حرفی نیستند: وہ باہم بات نہیں کرتے۔

حَرَق: (ع)جلنا جلانا ،ملنا ، دانت پیسنا۔

حَرقت: (ع)گرمی، حرارت، جلن، بھڑکنا ، اشتعال سوزش۔

حَرَکات: حرکت کی جمع، جُنبش۔

حَرَکَت: جنبش، ہلنا ،

حرکت زمین: زمین کی گردش۔

حَرَکت: (۱)جنبش، عمل، سلوک (۲)ناپسندبات اشتعال۔

حرکت ارادی: (ع)اختیاری حرکت۔

حرکت غیر ارادی: بے اختیاری حرکت۔

حرکتِ قشون: فوج کی حرکت۔

حرکتِ نظامی: فوج کی نقل و حرکت۔

این چہ حرکت است: یہ کیا ناپسند بات ہے۔

بد حرکت کرد: بُرا عمل کیا۔

چرا صندلی را حرکت می دہید؟: کرسی کو کیوں ہلاتے ہو؟

حَرَم: (ع) خواتین کا کمرہ، اہل خانہ، اہل و عیال کا مقام۔

حَرَم: (ع) احاطہ جو گردا گرد خانہ کعبہ ہے، کعبہ کی چار دیواری۔

حُرمات: حُرمت کی جمع۔

حِرمان: حسرت، ناامیدی، بدنصیبی

حُرمت: عزت، احترام، تقدس، آبرو۔

حرمتِ اُو را نگہداشتند: اس کی عزت کی پاسداری کرتے تھے۔

حُرمت کردن: عزت کرنا۔

حِرمَت: نا امیدی، مایوسی، بدنصیبی۔

حرَمخانہ: (۱) عورتوں کا کمرہ (۲) حرم سرا۔

حرمَل: اسپند، کالادانہ۔

حرَمَین: (ع) دو مقدس مقامات، مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ۔

حُروب: (ع) حرب کی جمع، لڑائیاں۔

حَرور: (ع) گرمی، حرارت، حدّت، آفتاب یا آگ کی گرمی، گرم ہوا۔

حَروُری: (ع) حروریہ سے منسوب۔

حَروُریہ: خارجیوں کا گروہ جن کا قیام کوفہ کے نزدیک تھا۔

حُروف: (ع) حرف کی جمع۔

حُروف: (ع) سیسے کے حروف جو چھاپنے میں استعمال ہوتے ہیں۔

حُروف چین: چھاپہ خانے کا کارگر جو کتاب یا اخبار کی طباعت کے لیے حروف جوڑتا ہے۔

حروف الفباء: اسے ی تک کے حروف۔

حروف بزرگ: بڑے حروف، کیپٹل لیٹرز (انگ)۔

حروف چیدن: حروف جوڑنا، حروف کمپوز کرنا۔

حروفِ کوچک: بڑے حروف کے مقابلے میں چھوٹے حروف، خفی حروف (فارسی، عربی، اردو میں کوئی ایسے حروف نہیں جو بڑے چھوٹے ہوں دونوں ایک سے ہوتے ہیں)۔

حروف مُصمتہ: (ع) ایسے حروف جو دوسرے حروف علت سے مل کر آواز دیں۔

حروف مُصوّت: (ع) حروف عطف ا، و، ي۔

حروف مُعجَم: (ع) حروف ہجائیہ، نقطوں والے حروف۔

حروف ہجا: (ع) حروف ابجد۔

حَرُون: (ع) سرکش، اڑیل، بے قابو گھوڑا۔

حَرُونی: (ع) سرکشی۔

حُرّہ: (ع) آزاد خاندان کی عورت۔

حَری: سزاوار، لائق، شائستہ، مناسب۔

حَریب: (ع) جس کا سازو سامان تباہ ہوگیاہو (حربا جمع)۔

حُرّیت: (ع) آزادی، آزادمنشی۔

حُرّیت خواہ: آزادی خواہ، آزادی طلب، آزادی منش۔

حرید: (ع) تنہا، الگ تھلگ۔

حَریر: (ع) سلک، ریشمی کپڑا۔

حریر گلدار: پھولوں والا ریشمی کپڑا۔

حریرہ: (ع) خوراک جو مریض کے لیے پانی، نشاستہ اور چینی سے تیار کی جاتی ہے۔

حریری: (ع) (۱) سلک کا بنا ہوا (۲) حریر باف (۳) حریر فروش

کاغذ حریری: پتلے نرم کاغذ کی قسم۔

حریسہ: (ع) دیوار جو بھیڑ بکریوں کی حفاظت کے لیے بنائی جاتی ہے (حرائس جمع)۔

حرِیش:(ع)ہزار پا (۲)سفید و سیاہ رنگ کا سانپ۔

حرِیص:(ع)لالچی، کسی چیز کا انتہائی مشتاق۔

حریصانہ:(ع)لالچ سے۔

حریصانہ آنرا میخورد:وہ اسے بھوکوں کی طرح کھاتا ہے۔

نگاہ حریصانہ:لالچی نظر۔

حریصی:حرص، لالچ۔

حرِیف:(ع)ہم کار، ہم معاملہ، ہم پیشہ، کھیل کا شریک، مد مقابل، حرفا جمع۔

حریفِ خود را پیدا کرد:اس نے اپنا مد مقابل ڈھونڈ لیا۔

حریف حریفِ خود را می شناسد:مد مقابل ایک دوسرے کو پہچانتے ہیں۔

حریف:(ع)رقیب، مخالف۔

حرِیق:(ع)آگ، آتش، آتش سوزی، آتش زدگی۔

اخطار حریق:آگ لگنے کا الارم۔

بیمہ حریق:آگ سے حفاظت کا بیمہ۔

عذابِ حریف:عذاب جہنّم۔

فریادالحریق:آگ آگ کی صدائیں۔

حریق زدہ:آتش زدہ، جسے آگ لگی ہو۔

حریق واقع شدن:آگ لگ جانا۔

حرِیم:(ع)جو، چیز حرام کی گئ ہو۔

حریم:(ع)خواتین کا مخصوص کمرہ، گھر کا احاطہ۔ عمارت اور مکان جس کا دفاع لازم ہو۔

حزّار:(ع)اندازہ کرنے والا، جو زراعت یا درختوں کے پھلوں کے حاصل کا اندازہ کرتا ہے۔

حزّاری:قیاس کرنا، اندازہ کرنا۔

حزاز:(ع)ایک قسم کا پودا جس کے پتے جگر کی بیماری کے لیے مفید ہوتے ہیں۔

حزام:(ع)گھوڑے کی زین جس کے ساتھ کوئ چیز باندھی جائے۔

حزامت:(ع)راسخ عقیدہ، پکا ارادہ، دیکھیے حزم۔

حزان:(ع)حزیں کی جمع، غمزدہ، اندوہگین بصورت جمع۔

حِزب:(ع)فریق،گروہ، جماعت، احزاب جمع۔

حزبِ سیاسی:سیاسی جماعت۔

حزبِ وطن:نیشنل پارٹی۔

عضوِ حزب:جماعت کا رکن ۔

حزبی:(۱)جماعت سے متعلق، جس کا کوئ خاص عقیدہ یا مسلک ہو (۲)حصہ، نصیب۔

حَزر:(ع)انداز لگانا، پیداوار کے حاصل وغیرہ کا تخمینہ لگانا۔

حزقل:(۱)تنگ خوی، بدخوئ (۲)حزقل یا حزقیل، ایک پیغمبر کا نام تھا (فرہنگ عمید)۔

حزم:(ع)پختہ، دور اندیشی، احتیاط،ثابت قدمی، استقلال، ارادہ، عزم، پختگی، زیرکی، دانائ ، آگاہی، دوراندیشی۔

حُزَما:(ع)حزیم کی جمع، دانشمندان۔

حُزن:(ع)رنج و غم۔

بیتُ الحزن:رنج و غم کا مقام۔

حُزَنا:(ع)حزین کی جمع۔

حزیران:(ع)یہودیوں کے کیلنڈر کا تیسرا مہینہ۔

حزِیم:(ع)دانا، دانشمند، دوراندیش، کام میں محتاط۔

حزِین:(ع)غمگین، غمزدہ، اندو ہگیں، حُزنا جمع۔

حِسّ:(ع)فہم کی قوت شعور، ادراک، احساس حرکت، نرم آواز۔

حِسِ باصرہ:دیکھنے کی قوت۔

حِسِّ ذائقه: چکھنے کی حس۔

حِس سامِعه: سننے کی قوت۔

حِسِّ شامه: سونگھنے کی حِس۔

حِس قبل از وقوع: واقعہ پیش آنے سے پہلے کا احساس ہونا۔

حِس کردم که او رنجیده است: میں نے محسوس کیا کہ وہ رنجیدہ ہے۔

حِس کردن: محسوس کرنا۔

حِسِّ لامِسه: چھونے کی حس۔

حِس وظیفه شناس: احساس فرض۔

حِساب: (۱)شمار کرنا، گننا، (۲)کسی کے نام کی رقم جو بنک وغیرہ میں جمع ہو۔

حساب آوردن: حساب میں شمار کرنا۔

حساب از کسی خواستن: کسی سے حساب مانگنا۔

حساب باز کردن: رقم کے لیے حساب کھولنا۔

حساب بستن: حساب بند کرنا۔

حسابِ جاری: کرنٹ اکاونٹ، حساب جس سے اپنی جتنی رقم جب چاہو لے سکتے ہو۔

حساب رمَل: علم رمل کے رُموز۔

حساب کشیدن: (ازکسی)کسی کو حساب دینے کے لیے طلب کرنا۔

یوم حساب: روز قیامت۔

حساب دار: خزانچی، خزانہ دار۔

حساب داری: رقوم کے حساب کی منظم نگہداشت۔

حساب دان: علم حساب میں دسترس رکھنے والا۔

حساب ده: حساب کا ذمے دار، جوابدہ۔

حساب گر: حساب دان۔

حساب گری: حساب دانی۔

حساب نویس: خزانچی، خزانہ دار۔

حسابی: معقول، مناسب، حسب توقع۔

حُسّاد: (ع)حاسد کی جمع۔

حسّاد: بہت زیادہ حسد کرنے والا۔

حسادَت: (ع)حسد، بدخواہی، کسی کی نعمت کا زوال چاہنا، کینہ، بُغض۔

حسادت آمیز: جس میں حسد پایا جاتا ہے۔

حسّاس: (ع)بہت زیادہ محسوس کرنے والا۔

حساسِیت: زود حسی، سرعت احساس۔

حُسام: (ع)تیز تلوار۔

حِسان: (ع)حَسَن کی جمع، خوبیاں، اچھے اوصاف، نیکیاں، اوصاف حسنہ۔

حِسان: (ع)حَسن کی جمع، بہت خوب، بہت نیک، نیکو کار۔

حُسّان: (ع)بہت حسین، نہایت نیک۔

حَسب: (ع)جانچ، شمار، مقدار، پیمائش،مطابق، کا فی ہونا، کفایت۔

حسب اوامر: احکام کے مطابق۔

حسب حال: حال کے مطابق۔

حسب موقع: موقع محل کے مطابق۔

حَسَب: (ع)نسل، نسب، ذاتی استعداد۔

حسب و نسب: ماں باپ کا خاندانی سلسلہ۔

حسبان: (ع)رائے، تصور، خیال، اندازہ، شمار کرنا، گمان کرنا۔

حَسبَة: (ع)اجر، ثواب۔

حَسبةً لله: (ع)خدا کے لیے۔

حَسَد: (ع)بدخواہی، کینہ، کسی کی نعمت کا زوال چاہنا۔

ازروی حسد:حسد کی بنا پر۔

حسدبردن:حسد کرنا۔

حَسد پیشه:جسے دوسروں کے متعلق بدخواہی کی عادت ہو، جو دوسروں کی نعمتوں کا زوال چاہتا ہو۔

حسَرات:حسرت کی جمع۔

حَسرَت:(ع)افسوس، تاسف، کسی چیز سے محروم رہنے کا احساس یا رنج، آرزو، شوق، تمنا۔

حسرت (چیزی را)خوردن:کسی چیز کے حاصل نہ ہونے کا افسوس ہونا۔

حسرتا:وائے افسوس۔

حسرت خور:جسے دوسروں کی خوشحالی اچھی نہ لگتی ہو۔

حَسرَت زدہ:جس کی قسمت میں محرومی ہو، ناکامی ہو۔

حسَک:(ع)خارخسک، غصہ، غضب، کینہ، دشمنی۔

حسم:کاٹنا، قطع کرنا، کٹی ہوئی رگ کو لوہے سے داغنا تاکہ خون بند ہو جائے۔

حُسن:جمال، زیبائی، خوبروی، نیکی۔

حُسنِ اتفاق:خوش نصیبی۔

حُسن اخلاق:اچھا اخلاق ہونا، اچھی عادات صفات کا ہونا۔

حُسنِ ادب:اچھا طور طریقہ۔

حُسن انتخاب:اچھا چناؤ۔

حُسن تعلیل:بدیع کی اصطلاح میں شاعر اپنے شعر میں ادائے مطلب کے لیے کوئی دلیل پیش کرتا ہے۔

حُسن خداداد:قدرتی حسن، زیبائی اور رعنائی کے طور پر عطیہ خداوندی۔

حُسن سلوک:خوش سلوکی، اچھا سلوک کرنا۔

حُسنش این است که خوب کارمی کند:اس کی خوبی یہ ہے کہ وہ خوب کام کرتا ہے۔

حُسن طلب:نہایت خوبی اور پُر لطف انداز میں کسی چیز کی طلب ظاہر کرنا۔

حسن تلّقی:محبت سے ملنا، پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھنا۔

حُسن ظن:اچھا خیال، اچھی رائے۔

حسن معاشرت:اچھا میل ملاپ۔

حَسَن:اچھا، نیک۔

حَسَنا:(۱)بہت خوب (۲)خوبصورت عورت (حسان جمع)۔

حسَنات:(ع)جمع حسنہ (ع)اچھے عمل، اوصاف

حسنات کردن:اچھے عمل کرنا، نیکیاں کرنا۔

حَسن لبہ:گوند، لوبان۔

حُسن مطلع:غزل یا قصیدے کا پہلا شعر جس میں شاعرانہ خوبیاں ہوں۔

حَسَنِہ:(ع)نیک عمل، فیاضانہ کام، ثواب، نیک صلہ، کار نیک، پسندیدہ۔

حسَنی:(ع)بہتر یا بہترین، خوبی، اچھی عاقبت کامیابی، حضرت امام حسن سے قرابت۔

حُسنی:(ع)حُسن سے متعلق۔

حَسنیات:(ع)حَسنی کی جمع۔

حُسنیان:(ع)فتح، فتح اور شہادت۔

حسُود:حسد کرنے والا

آدم خیلی حَسوُدی است:وہ شخص بہت حاسد ہے۔

حسُودانِہ:حسد سے، بطور حسد۔

حَسُودی: حسد۔

حِسّی: (ع) صاحب احساس، تاثیر پذیر، حَساس، احساس کرنے والا، جس کا ادراک ظاہری حس سے ہو مقابل عقلی۔

حِسّیات: حسّی کی جمع

حَسِیب: (ع) (۱) محاسب، حساب کرنے والا، (۲) بزرگوار، اچھے حسب و نسب والا، ذاتی اوصاف کی بنا پر نمایاں (۲) انتقام لینے والا۔

حُسَین: (ع) حضرت امام حسین (رض)، حضرت علی (ض کے فرزند۔

حَسِین: (ع) خوبصورت، زیبا، رعنا۔

حُسینی: حضرت حسین کے قرابتدار یا عقیدت مند۔

حُسینیہ: مقام جہاں حضرت امام حسین کی شہادت کا ماتم کیا جاتا ہے۔

حَشاء: (ع) جسم کے ہر بڑے جوف (دماغ، جگر، دل، بطن وغیرہ) کے اندر کے اعضا، خصوصاً آنتیں۔

حشّاش: (ع) حشیش پینے والا، بھنگ کا عادی۔

حُشاش: (ع) بیمار شخص کی زندگی کے آخری سانس۔

حَشر: (ع) (۱) ایک جگہ جمع ہونا، اٹھنا، قیامت، روز حساب (۲) شور و غل، غوغا، فتنہ، آفت۔

یوم الحَشر: (ع) روز محشر، روز قیامت۔

حَشر: (ع) گروہ، انبوہ، فوج، سپاہ۔

حَشَرات: (ع) حشرہ کی جمع، وہ چھوٹے چھوٹے کیڑے جو اکثر سوراخ کرکے زمین ہی میں رہتے ہیں۔

حشرات الارض: (ع) کیڑے مکوڑے، کیڑے زمین کے، نقصان رساں کیڑے۔

حشرگاہ: جمع ہونے کا مقام، محشر۔

حَشرِہ: (ع) کیڑا مکوڑا، مور و ملخ کی قسم کا جانور جو زمین میں سوراخ کرکے اس کے اندر رہتا ہے۔

حشرہ شناس: کیڑوں کا علم رکھنے والا اینٹو مالوجسٹ۔

حشری: انتہائی خواہش کا بندہ۔

حشف: (ع) گھٹیا قسم کی کھجوریں۔

حَشفَہ: (۱) گھاس وغیرہ کی جڑیں جو گھاس کاٹنے کے بعد زمین میں باقی رہ جاتی ہیں، (۲) بوڑھی عورت (۳) آلہ تناسل۔

حَشَم: اعزا و اقربا، خدمت گاراں۔

خدم و حشم: خدمت گاراں اعزا و اقربا، خانوادہ۔

حشَمت: بزرگی، جاہ و جلال، عظمت، تزک و احتشام، کّروفر۔

حشَمت: (ع) شرم و حیا۔

حشو: (ع) زائد، نقص کلام، نثریا شاعرانہ کلام میں حشو کی تین قسمیں ہیں۔

حشو قبیح: شاعر یا نثر نگار ایک شعر یا جملے میں دو لفظ ایسے لاتا ہے جس کے ایک ہی معنی ہوں، یہ کلام کا عیب ہے۔

حَشو متُوسّط: شاعر یا نثر نگار ایسا کلمہ لاتا ہے جس کا ہونا نہ ہونا یکساں ہوتا ہے، یعنی نہ اچھا نہ بُرا۔

حَشو ملیح: شاعر یانثر نگار کا ایسے کلمات لاناجو زینت کلام کا باعث ہوں اور ان کے معنی بھی پسندیدہ ہوں۔

حَشوی: (ع) کلام میں بہت حشو لانے والا۔

حشیَش: (ع) نشہ آور پودا، بھنگ، چرس حشائش جمع۔

حَشیشہ: (ع) حشیش کا پودا، خشک پودا۔

حَصات: مثانے کی پتھری، سنگریزہ۔

حَصات البول: (ع) پیشاب میں پتھریلے اجزا کا ہونا۔

حَصاد: (ع)تیار فصل کا زمانہ، فصل کے کاٹنے کا موسم۔

حَصّار: (ع)فصل کاٹنے والا۔

حِصار: (ع)احاطہ، گھیرا، چاردیواری، فصیل، شہر پناہ، قلعے کے ارد گرد کی دیوار۔

حصار شدن: کسی محفوظ جگہ میں پناہ لینا۔

حصار کردن: گھیرنا، محاصرہ کرنا۔

حصار کشیدن: ارد گرد دیوار بنانا یا باڑ لگانا۔

حصاری: (ع)(۱)حصار سے نسبت، محاصرے سے متعلق (۲)محاصرے میں آیا ہوا (۳)قلعے کا سپاہی۔

حصافت: (ع)اچھی رائے رکھنا، روشن فکر ہونا، فراست، دانائی، صحیح بے لاگ فیصلہ۔

حَصان: (ع)پاکدامن عورت۔

حِصان: (ع)اصیل گھوڑا۔

حَصانت: (ع)(۱)پاکدامنی (۲)جہاں کسی کی رسائی نہ ہو، محفوظ و مصون حالت۔

حصباء: (ع)سنگ ریزہ، کنکر۔

حصبہ: ایک بیماری جس میں سخت بخار آتا ہو، ٹائیفائڈ جو خاص مدت تک جاری رہتا ہے۔

حَصد: (ع)فصل کاٹنا۔

حَصر: (ع)بندش، حد، روک تھام، پابندی۔

حصر نمودن: حد مقرر کرنا۔

حَصر: (ع)احاطہ کرنا، ارد گرد دیوار بنانا، حصار میں لانا۔

حُصر: (ع)(۱)قبض (۲)پیشاب کی رکاوٹ۔

حُصرُالبول: پیشاب کا رک رک کر آنا۔

حُصرُم: (ع)پھل جو ابھی پکا نہ ہو، انگور یا کھجوریں جو ابھی پکی نہ ہوں۔

حِصَص: (ع)حصہ کی جمع۔

حصَف: (ع)جلد کی بیماری۔

حِصن: (ع)قلعہ، حصار، محفوظ جگہ۔

حِصن حصین: ناقابل تسخیر قلعہ۔

حُصُن: (ع)پاکدامن عورت، حصان جمع۔

حصناء: (ع)پارسا عورت و شوہر دار۔

حَصُور: (ع)جُز رس، کفایت شعار، تنگدل بخیل، جو شخص عورتوں سے میل جول رکھنے سے پرہیز کرتا ہو۔

حُصُول: (ع)حاصل ہونا، میسّر آنا، حاصل کرنا۔

از حُصوُل نتیجه محروم ماند: نتیجہ حاصل کرنے سے محروم رہا۔

حُصوُل پذیر: جو چیز حاصل ہوسکے۔

حُصوُل مُرام: مراد حاصل کرنا۔

حصول ناپذیر: ناقابل حصول۔

حَصوُن: (ع)حصن کی جمع۔

حِصّہ: (ع)(۱)بہرہ، بخش، بانٹ، تقسیم (۲)جزو۔

حِصّہ بخش: تقسیم کرنے والا۔

حصہ دار: شریک۔

حصی: سنگریزہ، کنکر۔

حصید: (ع)کٹی ہوئی فصل، جس فصل کی کٹائی ہوئی ہو۔

حَصیر: (ع)بوریا، چٹائی، دری، چٹائی جو کھجور کے پتوں سے تیار کی جاتی ہے۔

حَصیرباف: چٹائی یا دری بننے والا۔

حَصری: چٹائی کی طرح۔

حَصیف: (ع) بے لاگ فیصلہ ہونا۔

حَصین: (ع) مضبوط قلعہ، قلعہ جو ناقابل تسخیر ہو۔

مُلک حصین است و حِصن ملک حصین است: ملک: محفوظ ہے اور ملک کا قلعہ ناقابل تسخیر ہے۔

حُضّار: (ع) حاضر کی جمع، حاضرین مجلس۔

حَضارت: (ع) شہر میں زندگی بسر کرنا، شہر نشینی۔

حِضا نت: (ع) پرورش کرنا، تعلیم و تربیت دینا، سینے سے لگانا۔

حَضَر: (ع) شہر کی اقامت گاہ، گھر پر قیام ہونا

حِضر: (ع) جو شخص لوگوں کو کھانا کھاتے دیکھے اور ان کے دستر خوان پر حاضر ہو جائے، مفت خور۔

حَضُر: (ع) خوش بیان، حاضر حواب شخص۔

حَضَرات: حضرت کی جمع، حاضرین کِرام، مجلس میں خطاب کرنے کے موقع پر کہا جاتا ہے۔

حضرَت: (ع) کلمہ تعظیم، جناب، جضور، تعظیم اور حرمت کا لقب، بادشاہ کے لیے اعلی حضرت اور ملک کے لیے علیہ حضرت۔

حَضرمی: (ع) جنوبی عرب کا شہر، حضرموت سے منسوب۔

حضَری: (ع) شہر یا شہری آبادی سے متعلق، شہری۔

حُضُض: (ع) حضیض جمع۔

حُضور: حاضری، موجودگی، جناب۔

حُضورِدل: دلی توجہ۔

حضُورذہن: حاضر دماغی۔

حضُوریافتن: حاضری دینا۔

درحُضورمن اوراتنبیہ کردند: میری موجودگی میں اسے انہوں نے تنبیہ کی۔

شما درانجمن حضور نداشتید: آپ مجلس میں حاضر نہیں تھے۔

حضوراً: (ع) (آپ کی یا ان کی) حاضری میں، مطلب باقی حضوراً عرض۔ **خواہم کرد:** باقی بات میں حاضر ہو کر عرض کرونگا۔

حضوُری: (ع) موجودگی۔

حَضیرت: (ع) لوگوں کی جماعت، فوج کا ہراول دستہ۔

حَضِیض: (ع) پستی، نشیب، گڑھا۔

از اوج عزت بحضیضِ پستی افتاد: وہ عزت کی بلندی سے ذلت کی پستی میں آگرا۔

حطّ: نیچے آجانا، قیمت کم ہونا۔

حطّاب: (ع) لکڑیاں کاٹنے والا۔

حطاطِہ: (ع) پھنسی پھوڑا، مہاسا۔

حُطام: (ع) ریزہ، ٹوٹی ہوئی چیز، چھوٹی چھوٹی چیزیں۔

حُطام دنیوی: ادنی قسم کی دنیاوی چیزیں، مال دُنیا کیا کم کیا زیادہ۔

حَطب: (ع) لکڑی،جلانے کی لکڑی نیز سخن چینی۔

حُطمہ: (ع) بھڑکتی آگ، آتش جھنم۔

حَطیم: (ع) مکہ میں کعبہ کی دیوار۔

حظّ: (ع) لطف، لذت، مسرت۔

حَظائر: (ع) حظیرہ کی جمع، چاردیواریاں۔

حَظوُظ: (ع)حظ کی جمع، مسرتیں، خوشیاں، شادمانیاں۔

حظیرِہ: احاطہ، چاردیواری۔

حَظیظ: (ع)خوش نصیب، بہرہ مند، کامیاب۔

حَفا: (ع)نرسل کی قسم کا درخت جو پانی میں اگتا ہے، پیپرس کے بنے ہوئے اوراق جن پر قدیم مصری لکھا کرتے تھے، اوراق پیپرس۔

حَفّار: (ع)زمین کھودنے والا، چاہ کن، گورکن۔

حفاری: زمین کھودنا۔

حِفاظ: (ع)(۱)نگہداری، دیکھ بھال، محافظت کرنا، تحفظ (۲)مانع ہونا۔

حُفّاظ: (ع)حافظ کی جمع، جنھوں نے قرآن شریف حفظ کیا ہے۔

حِفاظت: (ع)محافظت، بچاؤ، نگرانی، سلامتی۔

حَفاوَت: (ع)مہربانی کرنا، احوال پرسی۔

حفائر: (ع)حفیرہ کی جمع، گڑھے، کنوئیں۔

حَفَد: (ع)یار دوست، احباب۔

حَفدِہ: (ع)(۱)حافد کی جمع۔ خادمان، خدمتگاراں، یاردوست پوتا۔

حُفر: (ع)زمین کھودنا، کھدائی۔

حُفرِہ: (ع)گڑھا، کھودی ہوئی جگہ، سوراخ۔

حُفرہ دندان: دانتوں کے بیچ کا خلا۔

حُفریات: گڑھے، جن جن جگھوں میں کھدائی ہوئی ہے۔

حفص: (ع)شیر کا بچہ۔

حِفظ: (ع)ازبر، زبانی یاد، حفاظت۔

حِفظُ الصحت: (ع)صحت جسمانی کا علم، ہائی جین (انگ)۔

حِفظُ الغَیب: (ع)غیر موجود شخص کی حفاظت۔

حفظ نَظافت: (ع)صفائی رکھنا۔

حفظی: تحت اللفظ پڑھنا، سبق دہرانا، خوش خوانی۔

حَفلة: (ع)جمعیت، انجمن۔

حَفی: بہت نوازشات کرنے والا، پرسش احوال کرنیوالا۔

حَفید: (ع)فرزندزادہ، پوتا۔

حَفیرہ: (ع)گڑھا، نشیب۔

حَفیظ: (ع)حفاظت کرنے والا، باری تعالی۔

حقّ: (ع)(۱)راستی، صدق، درست، بجا، ٹھیک، واسطے، حقیقت، (۲)حصہ، دعوی، اختیار۔

حقّ ندارید که اندرون بیاید: تمھیں کوئی اختیار حاصل نہیں کہ اندرآو۔

دعای درحقّ من کنید: میرے واسطے دعا کیجیے۔

حقّ تقدیم: ترجیح، ترجیح کا حق۔

حق داریدآقا: جناب آپ درست فرما رہے ہیں۔

حق داشتن: درست ہونا۔

حق راباید مراعات کنید: راستی کو ملحوظ خاطر رکھنا چاہیے۔

حق شُفعه: کسی دوسرے کا مال خرید نے میں ترجیحی حق۔

حق شِناسی: کسی کی نیکی کا پاس رکھنے والا۔

حق کسی را اداکردن: کسی کا حق ادا کرنا۔

حق گو: سچی بات کہنے والا۔

حق گُوی: سچی بات کہنا۔

حق النّاس: لوگوں کا مالی یا اخلاقی حق جو ایک کو دوسرے پر ہوتا ہے۔

حق ناشناس: نمک حرام، کسی کا احسان نہ ماننے والا۔

حق والدین را اداکن: اپنے والدین کا حق ادا

کرو، والدین کی طرف سے جو تم پر ذمے داری ہے، اسے پورا کرو۔

از حق گذشتن: انصاف یا راستی کو نظر انداز کردینا۔

اویم درین مسئله حق میبرد: اس مقابلے میں اس کا بھی حق ہے۔

این دلیل حق است: یہ سچی دلیل ہے۔

کماحقّه: جیسا کہ چاہیے۔

من او را کماحقّه نشناختم: میں اسے ٹھیک طرح نہ پہچان سکا۔

ماعرفناک حق معرفتک: ہم نے تمہیں ایسا نہیں جانا جیسا جانا چاہیے تھا۔

حقًا: (ع) صحیح طور سے، حق بات یہ ہے۔

حُقار: (ع) بگلا۔

حَقارت: (ع) پستی، ذلت و خواری، نفرت۔

حَقّ الاِرتِفاق: (ع) حق آسائش، رفاقت کا حق خدمت گذاری کا حق۔

حقُّ الارض: (ع) زمین کا حق۔

حقُّ الامتیاز: (ع) رائلٹی (انگ)۔

حق التالیف: تالیف و طباعت کا حق، کاپی رائٹ۔

حق الثَّبت: (ع) رجسٹر کرانے کی فیس۔

حقُّ الجُعالِه: (ع) کمیشن، حق العمل۔

حقُّ الحفاظه: (ع) نگہداشت کی فیس۔

حقُّ الزَّحمَة: (ع) کسی کے کام کرنے کا صلہ، کسی کی محنت کا حق۔

حَقّ السَّعی: کمیشن، حق العمل۔

حق السُّکوُت: (ع) کسی کے خاموش رہنے کا صلہ۔

حقُّ الشُّرب: (ع) پانی کی مقررہ حد استعمال کرنے کا اختیار۔

حقُّ الضَّرب: (ع) سکہ سازی۔

حقُّ العُبوُر: کسی خاص جگہ سے گزرنے کی فیس وغیرہ۔

حقُّ العمَل: (ع) کمیشن، محنت مزدوری۔

حق العمل کار: (ع) کمیشن ایجنٹ کا منصب۔

حق القَدَم: (ع) قاصد کا انعام، ڈاکٹر کے گھر آنے کی فیس

حق المارِه: (ع) مقررہ حد تک پھل وغیرہ کسی جگہ سے گزارنے کا حق۔

حق النّاس: (ع) لوگوں کا مالی یا اخلاقی حق جو ایک کو دوسرے پر ہے۔

حق الوُرُور: (ع) کہیں داخل ہونے کی فیس۔

حق الوکالة: (ع) وکیل کی فیس۔

حقّانی: (ع) درست، صحیح، حقیقی۔

حقّانِیَت: (ع) سچائی، راستی، درستی، حقیقت۔

حقائق: (ع) حقیقت کی جمع۔

حُقب: (ع) اسّی سال کا عرصہ۔

حق بجانب: جس کا حق ہو۔

حق بِیں: حق دیکھنے پرکھنے والا، حقیقت شناس۔

حق پرَست: خدا کی عبادت کرنے والا۔

حق پرَستی: خدا پرستی، دینداری، پرہیزگاری، سچ کا ساتھ دینا۔

حق تعالی: الله تعالی۔

حق جُو: حق کا متلاشی، حقیقت معلوم کرنے کی کوشش کرنے والا۔

حق جُوی: حقیقت کی جستجو۔

حِقد: (ع) کینہ، و عناد، عدوات، بُغض۔

حقدار: حق رکھنے والا، مستحق۔

حق رسی: حق حاصل کرنا، حق حاصل کرنے میں مدد دینا۔

حق شِناش: حق جاننے والا، حقیقت پہنچاننے والا، اپنے فرائض کو پہنچاننے والا۔

حق شناسی: حق کو پہچاننا۔

حق گُذار: عادل، انصاف کرنیوالا۔

حق گُذاری: عدل، انصاف۔

حق گُزین: انصاف اختیار کرنے والا۔

حق گوی: سچ بات کہنا۔

حق ناشناس: نمک حرام، احسان فراموش، ناشکرگزار۔

حُقنه: (ع)معدے کو صاف کرنے کا آلہ جس کے ذریعے گندگی خارج ہو کر معدہ صاف ہو جاتا ہے۔

حق نیوش: حق کی بات سننے والا۔

حقُود: (ع)کینہ ور۔

حُقُوق: حق کی جمع۔

حُقُوق دان: وکیل۔

حقوُقی: قانونی۔

دعوی حقوقی: قانونی دعوی۔

حُقّه: (ع)(۱)چھوتی ڈبیا، ہیروں کا ڈبا، چینی یامٹی کا چھوٹا برتن جس میں کھانے کی چیزیں رکھتے ہیں (۲)جھلی دار غلاف یعنی کیپسُول جس میں دوا رکھی جاتی ہے، نیز چال، فریب

حَقّه: سچا، درست، جائز، قانونی، شرعی، باضابطہ

حُقّه باز: نٹ، مداری، بازیگر، شعبدہ باز، عیار چالاک، فریبی۔

حُقه بازی: شعبدہ بازی، بازیگری، فریب۔

حُقه زدن: دھوکا دینا۔

حُقّه کار: حقہ باز۔

حَقیر: (ع)ناچیز، عاجز، پست، فرومایہ۔

حقیرانه: عاجزی کے ساتھ۔

حقیری: عاجزی، پستی، فرومائیگی، حقارت۔

حقیقت: (ع)اصلیت، سچ، درست، راستی، اخلاص، اصل بات۔

حقیقت بین: سچ جاننے پرکھنے والا۔

حقیقت راہگو: اصل بات بیان کر۔

درحقیقت: اصل میں، واقعاً۔

حقیقت شِناس: حق بات پہچاننے والا۔

حقیقی: اصلی، واقعی۔

حَک: (ع)تراشنا، رگڑنا، گھسنا، متانا، چمکانا کندہ کرنا، نقش کرنا۔

حک کردن: رگڑ کر متا دینا کندہ کرنا۔

حک واصلاح کردن: درست کرنا، ترمیم کرنا، جزوی تغیرو تبدل کرنا۔

حکّاک: (ع)نقش کرنے والا، کندہ کرنے والا، نقش اتارنے والا، موتیوں کو چمکانے والا۔

حکّاکی: نقش اتارنا، موتیوں کو چمکانا، کندہ کرنا۔

حُکّام: (ع)حاکم کی جمع

حکایات: حکایت کی جمع، کہانیاں، داستانیں، قصے۔

حِکایت: (ع)کہانی، داستان، شرح حال، فسانہ

بادشاہی را حکایت کنند: ایک بادشاہ کا حال بیان کرتے ہیں۔

چه حکایتی است: کیا معاملہ ہے۔

حکایت کردن: شرح حال بیان کرنا۔

سرگذست خود راحکایت کرد: اس نے اپنی شرح حال بیان کی۔

عجب حکایتی است: عجیب داستان ہے۔

حکایت گوُ: داستان گو۔

حکایت نویس: افسانہ نگار، ناول نگار۔

حکایه: (ع)حکایت۔

حکک: (ع)(۱)سفید پتھر (۲)کوتاہ قد عورت جو چلتے ہوئے کندھے ہلاتی ہے۔

حُکم: (ع)فرمان، ارشاد

حُکم اعدام: سزای موت۔

حکم صادر کردن: حکم جاری کرنا۔

حکم نظامی: فوجی فرمان۔

حَکَم: (ع)ثالث۔

حِکَم: (ع)جمع حکمت۔

حُکَما: (ع)حکیم کی جمع، دانشمند، فلسفی۔

حکم بردار: حکم پر تعمیل کرنے والا، مخلص اطاعت گزار۔

حکم برداری: حکم پر عمل کرنا، اطاعت گزاری فرمانبرداری۔

حِکمَت: (ع)دانائی، دانشوری، فلسفہ، حق کے مطابق کام، کسی امر کا صحیح اور درست ہونا، علمای اسلام کی اصطلاح میں حقائق اشیا کے علم سے عبارت ہے اس کی دو قسمیں بتائی گئی ہیں حکمت علمی اسے حکمت نظری بھی کہتے ہیں اس میں حسب ذیل علوم شامل ہیں۔

علوم مابعدالطبیعیات: علم الهی، فلسفہ، علم ریاضی، علم موسیقی، علم طبیعی، علم جمادات، نباتات، حیوانات، طب اور نجوم۔

حکمت عملی: میں علم سیاست، تدبیر خانہ داری، تہذیب الاخلاق شامل ہیں۔

کسی نکشود و نکشاید بحکمت این معمارا: اس معمے کو کوئی علمی یا عملی دانائی سے حل نہ کرسکا، نہ حل کرتا ہے۔

حکمت آمِیز: جس میں دانائی ہو۔

گفتار حکمت آمیز: دانشمندی کی باتیں۔

حُکمران: فرمانروا، حاکم، گورنر۔

حُکمرانی: حکومت۔

حکم فرما: حکمران، حکم دینےوالا۔

حُکمنامه: لکھا ہوا فرمان۔

حُکمی: یقینی۔

حَکَمِیّت: ثالثی۔

حکمیت کردن: فیصلہ کرنا۔

حُکُومت: (ع)فرمانروای، حکمرانی۔

حکومتِ جمهوری: عوام کی منتخب حکومت۔

حکومت محلّی: لوکل گورنمنٹ، مقامی حکومت

حکومت مشروُطِه: آئینی حکومت۔

حکومت مُطلقه: خود مختار حکومت۔

حکومت نظامی: فوجی حکومت، مارشل لا۔

دارُالحکومت: دارالسلطنت۔

حکّهٔ: (ع)خارشِ بدن۔

حکِیم: (ع)فلسفی، دانا، دانشمند، طبیب۔

حکیم دندان: دندان ساز، دانتوں کا معالج۔

حکیم طبیعی: طبیب۔

حکیم **علی الاطلاق**...**حکیم مطلق:** خداوند تعالی۔

حکیمانِه: دانائی سے، دانشمندی سے۔

حکیم باشی: سربراہ طبیبان۔

حکیم خانم: لیڈی ڈاکٹر۔

حکیمی: طبابت کا کام یا پیشہ۔

حکیمی: حکمت یا دانای سے متعلق۔

حَل: (ع)کھولنا، واضح کرنا، مشکل امر کو آسان کرنا، ملنا، مخلوط ہو جانا۔

حل شدن: کسی چیز میں مل جانا، مخلوط ہوجانا۔

حل مشکلاتِ شمامشکل است: تمہارے مسائل کو سلجھانا مشکل ہے۔

حِلّ: (ع)بریت، برأت، چھٹکارا، نجات، اعلان نجات، عفوگناہ۔

حِل کردن: معاف کردینا۔

حلّاج: (ع)پنبہ زن، دُھنیا، روی دھننے والا۔

حلاجت: (ع)پنبہ زنی، روئ دُھننے کا پیشہ۔

حلاجی: روئ دھننے کا کام یا پیشہ۔

حُلاحِل: قوم کا سردار، دلاور بزرگ۔

حلاف: (ع)بہت قسمیں کھانے والا۔

حلاق: (ع)حجام، سلمانی، آرائش گر۔

حلاقہ: (ع)حجام کا پیشہ۔

حلال: (ع)(۱)جائز، روا، مباح، شرعی نظر سے جو چیز جائز ہو، (۲)معاف۔

حق خود را باو حلال کردم: میں نے اپنا حق اسے دے دیا۔

حلّال: حل کرنے والا۔

حلال مشکلات: مشکلات کا حل کرنے والا۔

حلال زادگی: جائز اولاد۔

حل المسائل: (ع)مسائل کی کلید، مسائل کا حل۔

حلال وار: شرعی نقطہ نظر سے۔

حلاوَت: (ع)منھاس، شیرینی، مسرت، خوشی۔

حلائل: (ع))حلیلہ کی جمع، ازواج، بیویاں۔

حَلب: (ع) شیر، دُودھ۔

حَلَب: (ع)ملک شام کا مشہور شہر جو شیشے کے کام کے لیے مشہور ہے۔

حلبی: (ع)شہر حلب سے منسوب، اہل حلب، حلب کی بنی ہوئ چیز۔

حلبی: (ع)سفید رنگ کی دھات کی تھالی جو لوہے اور قلعی سے تیار کی جاتی ہے، ٹین کی چادر۔

حلبی ساز: ٹین کے برتن بنانے والا، لوہے کی تھالیوں کو قلعی کرنے والا، تانبے یا لوہے کے پتلے برتن بنانے والا۔

حلزُون: (ع)گھونگا، سفید مہرہ۔

حلزون گوش: (ع)کن گھونگا، کان کے اندر کا پیچ در پیچ جوف۔

حَلزُون الاذن: (ع)کان کے اندر کا پیچ در پیچ جوف۔

حلف: (ع) قسم، عہدو پیمان، معاہدہ۔

حَلفاً: (ع)قسمیہ۔

حُلفا: (ع)حلیف جنھوں نے قسم اٹھائ ہو اور باہم معاہدہ کیا ہو۔

حلف نامہ: قسم نامہ، حلف اٹھانے کی تحریر۔

حلق: (ع)گلا۔

حَلق افشاری: گلا گھونٹنا۔

حَلقوُم: (ع)گلا، گلے کی نالی۔

حَلقہ: (ع)(۱)چھلا، انگوٹھی (۲)مہر (۳)گھیرا، دائرہ (۴)احاطہ (۵)بک (۶)کانٹا مچھلیاں پکڑنے کا (۷)گھنگریالے بالوں کی زلف۔

حلقہ زلف راباز کرد: اس نے گھنگریالے بالوں والی زلف کھولی۔

حَلقہ بگوُش: اطاعت گزار، غلام، بندہ، کسی زمانے میں غلاموں کے کانوں میں حلقہ یا چھلا ڈال دیتے تھے۔

حلقہ بگوُشی: غلامی، اطاعت گزاری۔

حلقی: حلق سے نکلنے والے الفاظ کی آواز۔

حلَل: (ع)گلیاں محلے، مجلس، لوگوں کے جمع ہونے کے مقامات۔

حُلَل:(ع)حُلہ کی جمع، کپڑے نیز اسلحہ دیکھیے حُلہ۔
حِلم:(ع)عجزو انکسار، نرمی، ملائمت، بردباری، صبر (حلوم جمع)۔
حُلم:(ع)نیند، خواب، احلام جمع۔
حَلمَہ:(ع)سرپستاں، دودھ کی بوتل کی چُسنی (۲)کِرم۔
حَلو:(ع)شیریں، لذیز۔
حَلوا:(ع)شیریں غذا جو آٹے، گھی اور چینی سے تیار کی جاتی ہے۔
از حلوا حلوا گفتن دہن شیریں نمی شود:زبانی حلوا حلوا کہنے سے منہ میٹھا نہیں ہوتا۔
گُل حلوا:مرغ کی کلغی کی طرح کا پھول۔
حلواگر:حلوائی۔
حلوا ماہی:ایک قسم کی مچھلی۔
حُلوان:(ع)عطا و بخشش جو کسی کی خدمت کے صلے میں کی جائے۔
حلوائی:حلوا بنانے والا، حلوا فروش۔
حُلوُل:(ع)ظاہر ہونا، نمایاں ہونا، داخل ہونا، وارد ہونا، پہنچنا۔
حلوُل-کردن:داخل ہونا۔
حُلہ:(ع)چُغہ، لباس، عبا، قبا، خلعت، لباس جو کسی خاص منصب کے لیے مخصوص ہو۔
حِلی:زیورات، زینت۔
حلیب:(ع)(۱)تازہ دودھ (۲)کھجور کی شراب۔
حِلیّت:(ع)حلال ہونا، روا ہوا۔
حِلّیت:(ع)(۱)خلاصی، آزادی (۲)بخشش، نجات، معافی، رخصت۔
حِلّیت خواستن:معافی چاہنا، رخصت چاہنا۔
حِلیت:(ع)زیور، زینت، صورت ظاہر۔

حلیف:(ع)باہم معاہدہ کرنے والے ایک دوسرے کے حلیف ہوتے ہیں، ہم پیمان (حُلفا جمع)۔
حَلیل:(ع)شوہر (احلّا جمع)۔
حَلیل:(ع)حلال، روا۔
حَلیلہ:(ع)بیوی، زوجہ (حلائل جمع)۔
حَلیم:(ع)بردبار، متحمل مزاج۔
حَلیم:(ع)خوراک جو گوشت اور گندم وغیرہ سے تیار کی جاتی ہے۔
حلیمہ:(ع)بردبار عورت، وہ خاتون جس نے حضرت رسول کریم(ص)کو دودھ پلایا تھا۔
حَلیہ:(ع)زیور، زینت، زینت زنان و مرداں۔
حُمّا:(ع)حمی، تپ، بخار> حمیات جمع۔
حِما:(ع)نگہداری، دفاع کرنا۔
حمّاد:(ع) بہت حمد کرنیوالا۔ بہت زیادہ تعریف و توصیف کرنے والا۔
حِمار:(ع)گدھا۔
حماری:گدھے سے متعلق، بے وقوف، گدھا، احمق۔
حَماسَت:(ع)دلیری، شجاعت، توانائی، جوش، ولولہ۔
حماسہ:(ع)رزمیہ نظم۔
حماسہ سرا:رجز خواں، رزمیہ نظم پڑھنے والا۔
حماسہ سرائی:رزمیہ شاعری۔
حُمّاض:(ع)سرخی مائل بادامی رنگ۔
حَماقت:(ع)بے وقوفی، نادانی، بے عقلی۔
حَماقت آمیز:احمقانہ۔
کلمات حماقت آمیز:احمقانہ باتیں۔
حمال:(ع)حمل کی جمع، بوجھ۔
حمّال:(ع)باربردار، مزدور، قلی۔
حمّال:(ع)شہتیر، چھت یا پل کی ڈاٹ، گرڈر۔

حمّالی: بار برداری، بارکشی۔

حمّالی مفت: دوسروں کے لیے بے فائدہ محنت کرنا۔

حمام: (ع) غسل خانہ، نہانے کا مقام۔

حمام کردن: نہانا، غسل کرنا

چند وقت می روید بحمام: آپ کتنے بجے نہانے کے لیے حمام جاتے ہیں۔

حَمام: (ع) کبوتر، حمائم و حمامۃ، جمع۔

حِمام: (ع) موت، مرگ۔

حمام: (ع) گھوڑے اور اونٹ کا بخار۔

حمامچی: حمام قائم کرنے والا۔

حمامہ: کبوتر۔

حمامی: حمام کا مالک۔

حمایَت: (ع) مدد، نگہبانی، محافظت۔

حمایت گر: حامی، حمایت کرنے والا۔

حمایل: (ع) حمائل، تلوار لٹکانے والی پیٹی، کندھے پر لگانے والی پیٹی۔

حمایہ: (ع) حمایت۔

حمایٔ: بخار سے متعلق۔

حمد: (ع) تعریف، مدح، ثنا، خداوند تعالی کی عظمت بیان کرنا۔

حَمدان۔۔۔حَمدُون: آلۂ تناسل۔

حمَدُونہ: (ع) بندر، میمون۔

حُمر: (ع) احمر کی جمع، سرخ۔

حُمُر: (ع) حمار کی جمع، گدھے۔

حَمرا: (ع) (۱) احمر کی مونث، سرخ روُ خاتون (۲) سخت سال قحط اور شدت گرما۔

حُمرہ: (ع) سرخی، سرخ رنگ، باد سرخ کی بیماری۔

حَمز: (ع) حدِت، تیزی، تندی۔

حمزَہ: (ع) حضرت رسول کریم (ص) کے چچا کا نام۔

حمزَہ: (ع) درندہ شیر۔

حَمَس: (ع) ثابت قدمی، استواری، پختگی۔

حِمص: (ع) ملک شام کا شہر۔

حَمص: (ع) اتر جانا، زورکم ہونا، فرو ہو جانا، تہ نشین ہو جانا۔

حَمض: (ع) تیزابیت، کھٹاس، ترشی۔

حُمق: (ع) بے وقوفی، نادانی، حماقت۔

حُمَقا: (ع) احمق کی جمع، بے وقوف، جاہل لوگ۔

حَمل: (ع) بوجھ لادنا۔

حَمل: (ع) عورت کا بارور ہونا، امید سے ہونا، حاملہ ہونا۔

حَمل گرفتن- حمل داشتن: حاملہ ہونا۔

حمل و نقل: جہاز یا ریل گاڑی سے چیزیں لانا یا لے جانا

وسائل حمل و نقل: سامان لانے جانے کے ذرائع۔

حَمَل: (ع) بھیڑ کا بچہ، میمنا، برّہ۔

حمَل: (ع) ایران کے شمسی سال کا موسم بہار کا پہلا مہینہ، حمل کو اب بدل کر اس کا نام فرور دین رکھ دیا گیا ہے۔

حَمَل: (ع) بارہ آسمانی برجوں میں سے برج اول منطقۃ البروج۔

حَملہ: (ع) دھاوا، چڑھایٔ، یورش۔

فرمان حملہ دادہ شد: چڑھایٔ کا حکم دے دیا گیا۔

حملہ آوردن۔۔۔حملہ بُردن: حملہ کرنا۔

حملہ دم: حبس دم، اشتداد، بھیڑ بھاڑ

حُمُوضَت: (ع) تیزابیت، ترشی، متھاس۔

حُمُول: (ع) حمل کی جمع، ڈولیاں، اونٹ جس پر ڈولی رکھی گیٔ ہو۔

حَمولؔ: (ع)بُرد باد شخص، صبر آزما، صابر، شکیبا۔

حُمولہ: (ع)بارکش جانور، جانور جس پر بوجھ لادا جاتا ہے۔

حَمَوی: (ع)بخار سے متعلق۔

حَمی: (ع)بخار، تپ۔

حمیات: (ع)حمی کی جمع۔

حَمیّت: (ع)مروت، غیرت، مردانگی، گرمجوشی، پرجوش جذبہ، ننگ وعار۔

باحَمیّت: باغیرت، با مروت، گرم جوش۔

بے حمیّت: بے غیرت، بے مروّت۔

حِمیّت: (ع)اس چیز سے پرہیز جو مریض کے لیے نقصان رساں ہوں۔

حَمید: (ع)قابل تعریف، اچھے اوصاف و اخلاق والا۔

حَمیدالخصال: (ع)اچھے اوصاف و عادات والا۔

حَمیدہ: (ع)مونث حمید، قابل تعریف، اچھے اوصاف والی خاتون۔

حَمیر: (ع)حمار کی جمع۔

حمیَر: (ع)عربوں کا ایک قبیلہ۔

حَمیرا: (ع)سرخ رُو عورت۔

حمیل: (ع)اٹھا لی گئ چیز، کوڑا کرکٹ، کاٹھ کباڑ جسے ندی بہا کر لے جاتی ہے۔

حَمیم: (ع)(۱)عزیز دوست، صدیق (۲)گرم پانی (احما جمع)۔

حِنا: (ع)مہندی۔

حنا بستن۔۔۔حنا گذاشتن۔۔۔حِنا نہادن: مہندی لگانا، حنا بندی کرنا۔

دست کسی را در حنا گذاشتن: کسی کو مشکل میں ڈالنا، کسی کو پریشان کرنا۔

گل حنا: مہندی کے پھول۔

حنابلہ: (ع)حنبلی مسلک کے لوگ۔

حنا بندان: شادی کی تقریب میں عروس کی حنا بندی۔

حَنا جِر: (ع)جنجرہ کی جمع، گلے، حلق، حلقوم، وہ نالی جس سے سانس آتا جاتا ہے۔

حِناط: (ع)حنوط، لاش کو مسالہ لگا کر محفوظ کردینا۔

حنّاطی: (ع)گندم بیچنے والا۔

حَنان: (ع)رحمت، مہربانی، نرم دلی، رحم و کرم۔

حَنّان: (ع)ہمدرد، رحم دل، بہت مہربان، خداوند تعالی کا ایک صفاتی نام۔

حنّانہ: (ع)بہت آہ و زاری کرنے والا۔

استن حنّانہ: وہ ستون جس پر رسول کریم وعظ وخطبہ کے دوران سہارا لے لیا کرتے تھے وہاں حضور کے لیے منبر تعمیر کیا گیا، حضور کی مفارقت میں اس منبر نے بھی آہ و زاری کی۔

استنِ حنّانہ از ہجر رسول(ص)
نالہ می زد ہمچو اربابِ عقول

(مولوی روم)

حضور(ص)اس جہان فانی سے رخصت ہوئے تو وہ منبر جہاں حضور(ص)سہارا لیا کرتے تھے عقل مند لوگوں کی طرح حضور کی مفارقت میں رو دیا

حنبل: اہل سنت کے چار اماموں میں سے ایک ابو عبداللہ احمد بن محمد بن حنبل تھے جو ۲۴۱ھ میں فوت ہوئے، ان کے پیرو حنبلی کہلاتے ہیں۔

حنبل: پست قد شخص جس کا پیٹ بڑا ہو۔

حَنبلی: (ع)حضرت امام حنبل کے پیرو۔

حِنث: (ع)گناہ، سوگند کھا کر منکر ہو جانا۔

حنث قَسم: (ع)عہدو پیمان کرکے رُو گردانی کرنا اپنی قسم کو توڑ دینا۔

حَنجر۔۔حنجرہَ: (ع)گلا، حلق، نالی جو منہ کے آخر میں ہے اور آوازیں جس سے باہر نکلتی ہیں۔

حَند قوُق: (ع)(۱)درازقد (۲)مضطرب، احمق (۳)ایک بوٹی کا نام۔

حنطۃ: (ع)گندم۔

حَنظَل: (ع)نہایت تلخ پھل، اسے ہندوانہ بو جہل بھی کہتے ہیں۔

حُنفا: (ع)حنیف کی جمع، دین کی راہ میں ثابت قدم اور مستحکم۔

حَنفی: (ع)حضرت ابو حنیف کے پیرو، حنفی مسلک رکھنے والے۔

حَنق: (ع)غیظ و غضب کی شدت، کینہ ، دشمنی۔

حَنَک: (ع)ٹھوڑی کے نیچے کا حصہ۔

حنوط: (ع)مسالہ لگا کر لاش کو محفوظ کرلینا ، جس سے لاش اپنی اصلی حالت میں رہتی ہے۔

حَنوُن: مہربان، دلنواز، مشفق۔

حنیف: (ع)راسنح العقیدہ مسلم۔

حَنیفہ: ابو حنیفہ، چار مسلمان اماموں میں سے ایک جن کے پیرو حنفی کہلاتے ہیں۔

حَنین: (ع)(۱)نالہ وزاری (۲)مہرو شفقت، دلی اشتیاق، آرزو، تمنا۔

حُنَین: (ع)مکّہ مکرمہ اور طائف کے درمیان ایک شہر۔

حَوّا: (۱)حضرت آدم کی زوجہ (۲)سبزی مائل سیاہ یا سیاہی مائل سرخ رنگ، حضرت حَوا ہابیل اور قابیل کی والدہ تھیں۔

حواجِب۔۔حواجیب: (ع)حاجب کی جمع،ابرو۔

حوادِث: (ع)حادثہ کی جمع، ناگہانی واقعات، سانحات، مثال:

زتند باد حوادث نمی توان دیدن
درین چمن کہ گلی بودہ است یاسمنی

حادثات کی اتنی شدید باد مخالف چلی کہ پھلے پھولے چمن تباہ ہوگئے حالت بہ ہوگئ کہ معلوم نہیں گلاب کے پھول کہاں تھے اور چنبلی کے پھول کہاں تھے، حافظ شیرازی نے امیر تیمور کے حملے سے متاثر ہو کر یہ شعر کہا تھا۔

حواری: (ع)مخلص دوست، حضرت عیسی کے دوستان مخلص۔

حواریوں: حواری کی جمع۔

حواس: (ع)حاسہ کی جمع، حِسّیں۔

حواس خمسہ: پانچ حسّیں یا پانچ قوتیں، قوت باصرہ، دیکھنے کی قوت، **قوت سامعہ:** سننے کی قوت، **قوت ناطقہ:** بولنے کی قوت، **قوت شامہ:** سونگھنے کی قوت، **قوت لامسہ:** چھونے کی قوت۔

حواس پَرَت: پریشان حال، حواس باختہ۔

حواس پَرَتی: حواس باختگی، پریشان حالی۔

حواشی: (ع)حاشیہ کی جمع، صفحے کے نیچے خالی جگہ جہاں بعض اضافی باتیں لکھی جاتی ہیں۔

حواصِل: (ع)بگلا۔

حوافِر: حافر کی جمع، زمین کھودنے والے۔

حوالہ: (ع)سپردگی،کسی کے سپرد کی گئ چیز۔

حوالِہ: (ع)منی آڈر، چیک، ہنڈی، کاروبار کی گفتگو مندوب، نمائندہ، (حوالجات جمع)۔

حوالت بخدا کردیم و رفتیم: تمہیں خدا کے سپرد کرتے ہیں اور رخصت ہوتے ہیں۔

حوالہ کردن: چیک دینا وصولی کے لیے۔

حوالی: (ع)اطراف و جوانب، اردگرد۔

حوائج:(ع)حاجت کی جمع، ضرورتیں۔

حوائل:حائل کی جمع، رکاوٹیں۔

حُوت:(ع)ایک بڑی مچھلی، ایک برج آسمانی کا نام۔

حُوت:(ع)ایران قدیم کے کیلنڈر کے سال شمسی کا آخری مہینہ جسے اب اسفند کا نام دیا گیا ہے۔

حُوتُ الاَحمر:طلائی رنگ کی مچھلی۔

حوجَن:(ع)سرخ پھول۔

حُور:(ع) سیاہ آنکھوں والی خوبصورت خاتون، خوبصورت بہشتی خاتون (حورا جمع)۔

حَوراء:(ع)سیاہ چشم خوبصورت خاتون۔

حُورالعَین:سیاہ آنکھوں والی خوبصورت خاتون حُور جنت۔

حُور پیکر:حور جیسے جسم والی خاتون، زیبا و رعنا

حُور سَرِشت:حور جیسی فطرت والی۔

حَوزِہ:(ع)گردونواح، اطراف، وسط علاقہ، تعلقہ، حد، رقبہ، پھیلاؤ، بسط دائرہ عمل، حلقہ رسوخ نیز بمعنی طبیعت۔

حَوزہ:(ع)انجمن، گروہ۔

حَوزہ انتخابیہ:انتخاب کرنے والوں کی جماعت۔

حَوش:(ع)گرداگرد، احاطہ، چاردیواری، اطراف خانہ، چاردیواری۔

حَوصِلہ:(ع)صبرو استقلال، ہمت، استقامت، باحوصلہ: باہمت، باتحمل۔

حوصِلہ:(ع)پرندوں کا پوٹا،۔ چینہ دان۔

حوصلہ دار:باہمت، صاحب استقلال۔

حَوض:(ع)چھوٹا تالاب۔

حوض کوثر:جنت کا چشمہ۔

حوض خانہ:گھر کے ایک حصے میں بنا ہوا چھوٹا تالاب۔

حوضہ:نشیبی زمین۔

حَوقَلہ:لاحَول َولا قُوۃَ الاَّ باللّٰہ کہنا۔

حَول:(ع)طاقت، توانای، قدرت، نظر کی تیز حرکت، احوال جمع۔

حَوَل:بھینگا پن، کج بینی۔

حَول و حَوش:نواح شہر،گرد و نواح۔

حَولِہ:(ع)تولیا۔

حولہ ای:تولیا بنانے کے لیے موزوں۔

پارچہ حولہ ای:تولیا بنانے کے لیے موزوں کپڑا

حولی:(ع)احاطہ، کورٹ یارڈ

حومِہ:(ع)وسعت، فراخی، کشادگی، نواح شہر شہر کے ارد گرد کا علاقہ۔

حَومِہ:(ع)کسی چیز کا اہم حصہ۔

حومِہ نشین:نواح شہر میں رہنے بسنے والے۔

حَی:(ع)(۱)زندہ (۲)محلہ، قوم، قبیلہ، احیا جمع۔

الحیُ:خداوند تعالی۔

حي لایَموُت:غیر فانی۔

حَی:(ع)آؤ، پہنچو۔

حَیَّ علی الصَّلوۃ:آؤ یا جلدی کرو نماز کے لیے۔

حیا:(ع)شرم، حجاب، غیرت، کم روئ۔

حَیات:(ع)زندگی۔

حیات ابدی:غیر فانی زندگی، ہمیشہ رہنے والی زندگی

حیات داشتن...درحیات بودن: زندہ ہونا۔

حیاتش وفا نکرد: اس کی زندگی نے وفا نہ کی

حیات و ممات: زندگی اور موت۔

مادام الحیات: جب تک زندگی ہے۔

حیاتی: قوت حیات، جو زندگی کے لیے ناگزیر ہو جو قوت حیات کا مرکز ہو۔

حیادار: باحیا۔

حِیازت: (ع)حاصل ہونا، مالک ہونا، فراہم کرنا۔

حِیاض: (ع)حوض کی جمع۔

حِیاط: (ع)احاطہ، دیوار دارفضا، کورٹ یارڈ۔

خانہ او حیاط بزرگی دارد: اس کے گھر کا احاطہ وسیع ہے۔

حِیاکت...حیاکہ: (ع)بافندگی، کپڑا بننے کا کام۔

حِیتان: (ع)حوت کی جمع، مچھلیاں۔

حَیث: (ع)لحاظ، پاس،، طرف۔ جہت، مکان، جگہ۔

ازہر حیث کامل بود: وہ ہر لحاظ سے مکمل تھا

من حیثُ القَوم: قومی لحاظ سے۔

من حیثُ المجموع: مجموعی طور سے۔

حیثیّت: (ع)(۱)وضع، اسلوب، طورطریق، ڈھنگ (۲)لیاقت، اہلیت، صلاحیت، استعداد، ناموری، اثر ونفوذ، شہرت، سطوت، وقار۔

حیدَر: (ع)شیر، حضرت علی(رض)کا لقب۔

حیران: (ع)پریشان، دنگ، سرگشتہ، سرگردان، متعجب۔

حیرانی: پریشانی، سرگردانی، تعجب۔

حَیرت: (ع)سرگردانی، حیرانی، تعجب۔

از شنیدن آن حَیرت کردم: یہ سن کر مجھے حیرانی ہوئی۔

حَیرَت افزا: حیران کن، تعجب خیز۔

حیَرت زدہ: حیران، پریشان، متحیّر، متعجب۔

حیِّز: (ع)جگہ، رسائی، حد، جہت، مقام۔

این از حَیّزِامکان بیرونست: یہ بات ناممکن ہے، یہ امکان کی حد سے باہر ہے۔

حَیزُوم: (ع)سینے کے درمیان، گھوڑے کے سینے کے درمیان وہ حصہ جہاں تنگ باندھتے ہیں۔

حَیص: (ع)رخ بدلنا، ایک طرف کو ہو جانا برگشتہ ہونا۔

حَیص بیَص: (ع)الجھن، حیرت، تحیّر، الجھاؤ، پیچیدگی، دقت، تشویش، اضطراب، مخمصہ، پریشانی۔

در حیص و بیص گیر کردہ ام: مجھے الجھن درپیش ہے۔

حَیض: (ع)عورتوں کی ماہواری۔

حِیطان: (ع)دیواریں، جمع حائط۔

حِیطہ: (ع)(۱)احاطہ (۲)رسائی (۳)حلقہ اثر، دخل۔

بحیطۂ تصرف آوردن: اپنے قابو میں لے لینا۔

حَیف: (ع)(۱)افسوس، مقام افسوس، ناانصافی (۲)ظلم و ستم، جور و تعدی۔

حیف ومیل کردن: خورد بُرد کرنا، غبن کرنا، خیانت کرنا۔

حِیَل: (ع)حیلہ کی جمع، تدابیر، چارہ گری۔

حِیلہ: (ع)تدبیر، تصرف، قدرت، توانائی۔

حیلہ: (۱)مکرو فریب، چالاکی، دھوکا، عیاری، مکاری۔

او حیلہ ای کرد کہ از دست ایشان خلاص شوم: اس نے تدبیر کی کہ ان کے ہاتھ سے نجات پاؤں۔

حیلہ ساز:حیلہ گر۔

حِین:(ع)وقت، عرصہ، اثنا، دوران۔

درحین گفتگو:گفتگو کے دوران، (احیان جمع)

حِینا بعد حِین:(ع)وقت وقت سے۔

حَیوان:(ع)جانور۔

حَیوانِ ناطق:سوچ کے مطابق بولنے والا، انسان۔

حیوان غیر ناطق:جانور۔

حیوانات اہلی:پالتو جانور۔

حیوانات خزندہ:رینگنے والے جانور۔

حَیوان پرَست:حیوانوں کی پوجا کرنے والے۔

حیوان شِناس:جانوروں کا علم رکھنے والے، ذوآلوجسٹ (انگ)۔

حیوان شناسی:جانوروں کا علم، ذوآلوجی۔

حَیوانی:حیوان کے متعلق۔

حیات حیوانی:(۱)حیوانوں کی زندگی(۲)وحشت و درندگی۔

حیَوانیّت:حیوانوں کی فطرت، حیوانوں کی سی عادت رکھنا، وحشت ، درندگی، ہوس پرستی۔

حیِوی:(ع)حیّی سے متعلق، زندہ۔

حَیّہ:سانپ، مار۔

حَیِیّ:(ع)باشرم، باحیا۔

(خ)

خ-فارسی ابجد کا نواں، اردو کا دسواں اور عربی کا ساتواں حرف ہے ابجد کے لحاظ اس کے ۶۰۰ عدد ہیں۔

خا:عربی میں حرف "خ" کا تلفظ۔

خا:خائیدن = چبانا سے فعل امر چباؤ۔

خا:(۱)شانہ، کندھا (۲)برتن یا گڑھا جس میں گندا پانی جمع ہو جاتا ہے۔

خابِط:(ع)بے سوچے سمجھے چل پڑنے والا۔

خاتام:انگشتری، انگوٹھی خواتیم جمع

خاتِل:(ع)فریب دینے والا، دغاباز، دھوکے باز۔

خاتِم:(ع)مُہر، ڈبیا، لکڑی کی اشیا جن کو ہاتھی دانت کی اشیا سے مزّین کیا ہو۔

خاتِم:آخری، انجام ہر چیز کا، کسی سلسلے کو ختم کرنے والا۔

خاتِم الأنبیا: آخری بنی جن پر نبوت کا سلسلہ ختم ہوا، حضرت رسول کریم(ص)۔

خاتمُ النّبِیین:(ع) خاتِم الانبیا، حضرت رسول کریم(ص)

خاتم کار: پچی کاری کرنے والا۔

خاتِمہ: (ع) انجام، اخیر، عاقبت، آخری حصہ، انتہا۔

ازخاتِمہ معروض میدارد: آخر میں میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں۔

خاتمہ دادن: ختم کرنا، انجام کو پہنچانا۔

خاتِمہ: (ع) التوا، ملتوی کرنا، ختم کرنا۔

جلسہ را خاتمہ دادند: جلسہ ملتوی ہو گیا۔

خاتمہ کلام: کلام کا آخری حصہ۔

خاتمہ نمائش: ڈرامے کا آخری حصہ۔

خاتمہ یافتن یا پذیرفتن: نتیجے پر پہنچنا، خاتمہ ہونا۔
نطقش را خاتمہ داد: اس نے اپنی تقریر ختم کردی۔
خاتولہ: مکر، فریب۔
خاتون: عورت، معزز عورت، خواتین جمع۔
خاج: صلیب، دار جس پر حضرت عیسی(ع) کو لٹکایا گیا تھا، چلیپا۔
خاج پَرَست: مسیحیان، عیسائی۔
خاج شوران۔۔خاج شویان: کرسمس، مسیحیوں کی تقریب جس میں وہ حضرت عیسی(ع) کی صلیب کو پانی میں دھوتے ہیں، حضرت عیسی(ع) کی عید تجلی۔
خاخام: یہودیوں کا عالم، حبر۔
خاد: مادہ کوا، کوّی۔
خادِر: (ع) سست، کاہل۔
خادِع: (ع) دھوکے باز، فریبی۔
خادِم: (ع) خدمت گزار، ملازم، فرمان بردار۔
خادِمہ: (ع) مونث خادم، ملازمہ۔
خادِمیّت: خدمت گزاری، ملازمت، فرماں برداری۔
خادہ: سفیدے کی سیدھی لمبی لکڑی جو کافی سالوں کی کٹی ہوئی ہو اس سے بنی ہوئی چیز کو خادہ کہتے ہیں،
خاذِل: (ع) جو دوستوں کی مدد کرنے سے گریز کرتا ہے۔
خار: کانٹا، نیش، اضطراب، بے چینی۔
خار در جگر داشتن: بہت مضطرب ہونا۔
خاروخرم: تکلیف و راحت، خوش بختی و بدنصیبی
خار: **خاریدن مصدر**=کھجلانا سے فعل امر کھجلاؤ۔
خارکردن: الجھا دینا، بکھیر دینا۔
خارا: (۱)بہت سخت (۲)خاص قسم کا موج دار ریشمی کپڑا (۳)فن موسیقی کی ایک راگنی۔
سنگ خارا: سخت پتھر۔
خاراتراش: سنگ تراش۔
خارا گوش: ایک خود رو پودا ہے جس کے پھول زرد رنگ کے ہوتے ہیں، اس کی بو بہت تیز ہوتی ہے۔
خاراندن: خارانیدن، کھجلانا۔
اوعادتاً سرش را می خاراند: اس کی عادت ہے کہ وہ سر کھجلاتا رہتا ہے۔
خارآور: کانٹے پیدا کرنے والا، الجھن میں ڈالنے والا۔
خارای: سختی، چقماق یا سنگ مرمر کی خصوصیت۔
خاربار: خاروخس کا انبار۔
خاربَست: کانٹوں کی باڑ جو کھیتی یا کسی اور جگہ حفاظت کی غرض سے لگائی جائے۔
خاربُن: خاردار جھاڑی۔
خاربند: خاربست۔
خارپُشت: ایک چھوٹا سا جنگلی جانور جس کی جلد پر لمبے لمبےکانٹے ہوتے ہیں۔
خارِ پیراہن: وہ چیز جو آسائش میں رکاوٹ بن جائے۔
خارِ ترازُو: ترازو کی نوک جو صحیح یا غیر صحیح وزن کو ظاہر کرتی ہے۔
خارِج: (ع) باہر، الگ، بیرونی، خارجی، عجیب و غریب۔
اطوارِ خارج: عجیب و غریب طورطریقے۔
آنہادر خارج ایستادند: وہ باہر کھڑے ہو گئے۔
خارج ازقاعدہ: بے ترتیب۔
خارج از موضوع: موضوع سے الگ یا باہر۔
خارج شدن: باہر نکل جانا۔
خارج مذہب: مذہب کو چھوڑ دینے والا۔
خارِجاً: (ع) بیرونی صورت میں۔

خارج آہنگ: بے سُرا ہو جانا۔

خارِجہ: (ع) غیر ملکی (خوارج جمع)۔

وزیر خارجہ: بیرونی ممالک میں اپنے ملک کی نمایندگی کرنے والا وزیر۔

اودرخارجہ تحصیل کردہ است: اس نے غیر ملک میں تعلیم پائی ہے۔

دول خارجہ: غیر ملکی حکومتیں۔

خارِجہ: (ع) نظر گیر، لفظ جو کسی ایسی جگہ لکھا گیا ہو جو دیکھنے والے کی نظر کو اپنی طرف کشش کرے۔

خارجی: (ع) غیر ملکی، بیرونی، اجنبی۔

خارجی: (ع) مسلمانوں کی ایک جماعت کے لوگ جو حضرت علی(رض) کی خلافت کے مخالف تھے۔

خارچنگ: (۱) خرچنگ، کیکڑا (۲) مرض سرطان (۳) کانٹا، وزن اٹھانے کی کل۔

خارچین: خاربست، کانٹوں کی باڑ۔

خارچینہ: موچنا جس سے زائد بال نوچے جاتے ہیں۔

خارخار: خارش، کھجلی، بے چینی، اضطراب، پریشانی۔

خارخار: مشکلات سے اٹا ہوا ہونا، لڑائی پر تلنا، تاؤ میں آنا، غصہ کرنا، رونگٹے کھڑے ہونا۔

خارخسك: گوکھرو، خاص قسم کا خاردار کانٹا۔

خارزار۔۔۔خارستان: خارستان وہ جگہ جہاں کانٹے ہی کانٹے ہوں۔

خارساں: خارستان: مثال:

ہمہ خارساں این سرای سپنج
کہ ہم نازو گنج است وہم درد و رنج

یہ عارضی قیامگاہ، خارستان ہے یہاں نازو انداز اور نعمت و گنج بھی ہے اور رنج واندوہ بھی۔

خارسر راہ: مانع، مزاحم، رکاوٹ پیدا کرنے والا۔

خارسُو: شوہر کی ہمشیرہ، نند۔

خارش: کھجلی کی بیماری۔

خارش دار: جسے کھجلی کی بیماری ہو۔

خارشتر: کانٹے یا کانٹے دار جھاڑیاں جنھیں اونٹ کھاتے ہیں۔

خارِق: (ع) ٹکڑے کرنے والا، پھاڑنے والا، توڑنے والا، خلاف، بالاتر۔

خارقِ طبیعت: فوق الفطرت، جو فطری قوتوں سے بالاتر قوت کا نتیجہ ہو۔

خارِقُ العادہ: (ع) فوق الفطرت، معجزہ، کرامت۔

عملیات خارق العادہ: عجیب و غریب کام، غیر عادی کام۔

خارَك: (۱) چھوٹا کانٹا (۲) ایک قسم کی زرد رنگ کی کھجور جسے نرم ہونے سے پہلے توڑ کر خشک کرلیا جاتا ہو۔

خارکَش: کانٹے دار جھاڑیاں اٹھانے والا۔

خارکَن: کانٹے دار جھاڑیاں اٹھا کر لانے اور بیچنے والا مثال:

سرودِ خارکن از عندلیب نیست عجیب
کہ مدتی سروکارش نبودہ جز با خار
(فردوسی)

کانٹے دار جھاڑیاں لانے اور بیچنے والے کا سرود و نغمہ بلبل کے لیے تعجب خیز نہیں کیونکہ ایک مدت سے اس کا کاروبار بھی کانٹوں کے سوا اور کچھ نہ تھا، پھولوں کی عاشق زار بلبل کا بھی تو کانٹوں سے سابقہ رہتا ہے، کانٹوں سے سابقہ دونوں کی قدر مشترک ہے۔

خارماہی: مچھلی کا کانٹا۔

خارمہك: ایک قسم کا کانٹے دار پودا جو سنگلاخ زمین

میں اگتا ہے۔

خارناک:کانٹوں بھرا۔

خارو:مچھلی کا کانٹا۔

خارہ:خارا، سخت، پتھر، سنگلاخ پہاڑ۔

خارہ:چھالا، آبلہ، گومڑا۔

خاریدن:کھجلانا، خارش کرنا۔

خاز:غلاظت، گندگی، کثافت، میل، گندہ جسم، گندے کپڑے۔

خاز:ایک قسم کا پتھر۔

خازف:(ع) بپھرا ہوا، سخت، متشدد، زبردست۔

خازق:(ع)(۱)ہدف پر جالگنا، نشانے پر لگنا، (۲)نیزے کی انی۔

خازن:(ع) خزانہ دار، خزانچی۔

خازنہ:(ع) بیوی کی بہن، سالی۔

خازوق:(ع) بلی، کھونٹا جو حد بندی کے لیے گاڑا جاتا ہے، کھمبا جس کے ساتھ کسی شخص کو سزا کے طور پر باندھا جاتا ہے۔

خاست:**خواستن مصدر**= اٹھنا سے ماضی مطلق اُٹھا۔

خاستن:اٹھنا۔

خاستہ:اٹھا ہوا۔

خاسر:(ع)ہارا ہوا، جسے نقصان اٹھانا پڑا ہو، زیاں کار۔

خاسف:(۱)چشمہ جس کا پانی تہ نشین ہو گیا ہو (۲)کمزور جسم والا، مریض۔

خاش:(۱)پتلی قاش کسی چیز کی، کاغذ کا ٹکڑا (۲)عاشق شوریدہ (۳)بیوی یا شوہر کی والدہ، خوش دامن۔

خاشاک:کوڑا کرکٹ، ملبا۔

خاشع:(ع) عاجز، منکسرمزاج، اطاعت اور فروتنی کا اظہار کرنے والا۔

خاشک:خاشاک۔

خاشہ:خاشاک۔

خاشی:(ع) ڈرپوک، بودا، جھینپنے والا، شرماؤ شرمیلا۔

خاص:(ع) مخصوص، منفرد ،برگزیدہ، عام کی ضد۔

چایٔ طعمی خاص دارد:چائے کا مخصوص یا منفرد مزہ ہے۔

خاص کردن:مخصوص کردینا۔

خاص و عام:بڑا چھوٹا، ہر قسم کے لوگ۔

خاصان:(ع) خاص کی جمع، بلند مرتبہ لوگ۔

خاصۃً:خاص طور سے۔

خاصرہ:(ع) انسان یا حیوان کے جسم میں کوکھ، کمر، پہلو، طرف۔

خاص کتان:عمدہ سنیٔ کا کپڑا۔

خاصگان:خاصہ کی جمع، خاصان، ذی مرتبہ لوگ۔

خاصگی:خصوصیت، شرافت۔

خاصہ:(ع)(۱)شریف، طبقہ امرا کارکن، افسر، (۲)ساز و سامان۔

خاصہ:(ع) خاص طور سے۔

خاصہ:(ع) خاص قوت یا اثر جو کسی چیز میں ہو، مخصوص چیز، کسی کے خویش و اقارب (خواص جمع)۔

خاصہ:(ع) خاصہ ململ۔

خاصہ تراش:خاص حجام، بڑا حجام۔

خاصیّت:(ع)خصوصیت، خاص بات، امتیازی بات (خصائص جمع)۔

خاضع:(ع) عاجز، منکسر مزاج، اطاعت گزار، فرماں بردار، فروتن۔

خاطب:(ع)مانگنے والا، خواستگار۔

خاطِر:(ع) دل، دماغ، یاد، لیے، واسطے، وجہ۔

خاطر آمدن:یاد آنا۔

خاطر آوردن:ذہن میں لانا، یاد کرنا۔

خاطر جمع است:تسلی ہے، اطمینان ہے۔

خاطر داشتن:یاد رکھنا۔

آسودگی خاطر:امن و آسائش۔

آنرادر خاطر داشته باش:اسے دل میں جگہ دے۔

خاطر من او را بخشیدند:میری وجہ سے اسے معاف کردیا گیا۔

خاطر آزار:دل کو تکلیف دینے والا۔

خاطِر آزاری:دلی تکلیف دینا۔

خاطِر آزُردہ:آزردہ خاطر، پریشان، پریشان حال۔

خاطِر آشُفتہ:آشفتہ خاطر، پریشان حال۔

خاطِر پدید:پسندیدہ، دل خوش کن۔

خاطر جمع:یقین۔

خاطر جمع ہستم که او در لاہور است:مجھے یقین ہے کہ وہ لاہور میں ہے۔

خاطر جمع شدن:یقین ہونا۔

خاطِر جمعی:تسکین۔

خاطِر خواہ:محبت کرنے والا، مشتاق۔

خاطِر خواہی:عشق، محبت، اشتیاق۔

خاطر داری:تسکین، تسلی، آرام، تسلی دینا، آرام پہنچانا، غمخواری ، دلداری۔

خاطِرنشان:دل نشین ہونا، آگاہی۔

خاطرنشان کردم که این کار خوب نیست:میں نے اسے آگاہ کردیا کہ یہ کام اچھا نہیں۔

خاطر نشین:دل نشین۔

خاطر نواز:دلنواز، مہربان، شفیق۔

خاطر نوازی:دلنوازی، شفقت،مہربانی۔

خاطِرہ:(ع) یاد، یاد آوری، یاد تازہ کرنا، گزرے ہوئے واقع کی یاد، عہد شباب کے گزرے ہوئے واقعات کی یاد

خاطِف:(ع)(۱)چھین لینے والا، لے جانے والا، جھپٹنے والا(۲)ایسی چمک دمک جو نگاہ کو خیرہ کردے، خواطف جمع۔

برقِ خاطف:چندھیا دینے والی بجلی۔

خاطی:(ع) خطاکار، گنہگار، مجرم۔

خاف:(ع) خراسان کے ایک شہر کا نام۔

خافِض:(ع) غرور توڑنے والا، نیچا دکھانے والا، جھکانے والا، پست کردینے والا، خوار کرنیوالا۔

خافِق:(ع) (۱)لرزنے والا، ڈگمگانے والا (۲)افق، آفاقی، دائرہ نظر۔

خافقان۔۔خافقین:(ع) مشرق و مغرب، خاور و باختر۔

خافی:(ع)مخفی کیا ہوا، پوشیدہ، چھپایا ہوا، (خوافی جمع)۔

خاقانی:(۱)مشہور قصیدہ گو شاعر (وفات ۱۱۸۰) (۲)خاقان سے منسوب۔

خاک:(۱)مٹی، زمین، علاقہ، مُلک، (۲)عاجزی (۳)قبر۔

خاك حاصل خیز:زرخیز زمین۔

خاك در ترازوی کسی افگندن:کسی کو برا بھلا کہنا، سخت سُست کہنا، بد زبانی کرنا، طعن و تشنیع کرنا، تضحیک کرنا، مذاق اڑانا۔

خاك زُغال:راکھ کوئلوں کی۔

خاك ضعیف:انسان۔

خاك عالم برسرم:افسوس ہے مجھ پر۔

خاكم بدہن:میرے منہ میں خاک، بے ادبی کے

کلمات پر مجھے معاف کر دیجیے۔

بخاک آمدن: پیٹھ لگنا (پہلوان)۔

بخاک سیاہ نشاندن: تباہ کردینا۔

بخاک مذلت نشاندن: ذلیل و رسوا کرنا۔

بخاک یکسان کردن: خاک میں ملادینا، تباہ کردینا۔

خاک آلود: مٹی سے بھرا ہوا۔

خاک انداز: بیلچہ، کڑچھا۔

خاک بازی: بچوں کا کھیل جو وہ مٹی سے کھیلتے ہیں۔

خاک برسر: اذیت میں مبتلا، عاجز ہو جانا، تشویش میں پڑنا، مغموم ہونا۔

خاک برلبَ: خاموش، خاموشی۔

خاک بیز: (۱) گلیاں وغیرہ صاف کرنے والا (۲) چھلنی، غربال۔

خاکپا: پاؤں تلے روندی ہوئی مٹی، نہایت مسکین عاجز، خاکسار، ناچیز۔

خاکدان: کوڑا کرکٹ پھینکنے کی جگہ۔

خاک رَند: گردو غبار۔

خاکُروب: جھاڑو دینے والا۔

خاکُروبی: جھاڑو دینے کا کام۔

خاکریز: بند، پُشتہ، جہاں خاک گرائی گئی ہے۔

خاکریزی: مٹی کا کام، مٹی سے بھرنا۔

خاکزاد: انسان جو خاک سے پیدا ہوا ہے۔

خاکسار: بندہ، ناچیز، عاجز۔

خاکساری: عاجزی، عجز و انکسار۔

خاکسان: مٹی کی مانند، عاجز، فرومایہ۔

خاکِستَر: راکھ۔

خاکِستری: راکھ کی مانند۔

خاکستری رنگ: راکھ کا سا رنگ۔

خاکشُور: (۱) وہ شخص جو سونے یا چاندی کے ذرات حاصل کرنے کے لیے اس راکھ کو دھوتا ہے جہاں سونے چاندی کو پگھلایا گیا ہو (۲) کسان، کاشتکار۔

خاک صِفت: عاجز، منکسر مزاج شخص۔

خاک کش: مزدور جسے مٹی اٹھانے کے کام پر لگایا گیا ہو۔

خاک مال: مٹی یا ریت سے صاف کیا ہوا۔

خاک مال کردن: مٹی یا ریت سے صاف کرنا۔

خاک نشین: زمین پر بیٹھنے والا، عاجز، مسکین۔

خاک نہاد: جس کی بنیاد خاک پر ہے، انسان، عاجز۔

خاکہ: کوئلوں کی راکھ، ہر نرم اور خاک کی مانند چیز۔

خاکہ: ڈھانچا

خاکی: خاک سے منسوب، مٹی کا بنا ہوا، جو چیز مٹی کے رنگ کی ہو، کنایہ ہے عاجز و فرومایہ کا۔

خاک نہاد: خاک زاد، انسان۔

خاگ: انڈا، تخم مرغ۔

خاگِینہ: گھی میں تلا ہوا انڈا، آملیٹ وغیرہ اسے خایگینہ بھی کہتے ہیں۔

خال: تل جو خوبصورتی کا نشان ہوتا ہے سیاہ نقطہ مثال۔

گرہمہ مردم و ملک خال شوند بردرت
دامن عزت ترا گرد زوال کی رسد

اگر سب انسان اور فرشتے آپ کے در پر نقطوں کی طرح جمع ہو جائیں تو آپ کی عزت کے دامن پر زوال کا غبار نہیں پڑسکتا۔

خال: (ع) ماموں، خالو۔

خال اُقلی: خالقلی (ت)، ماموں کا بیٹا۔

خالِب: فریبی، مکار۔

خال خال:نقطہ دار، جس پر چھوٹے چھوٹے داغ پڑے ہوں۔
خالِد:(ع) جاوید، ہمیشہ، دائم، جاودانی۔
خالدار:جس کے چہرے پر تل کی صورت میں خوبصورتی کا نشان ہو، جس پر چھوٹے چھوٹے داغ ہوں۔
خالِص:پاک صاف، جس میں کسی قسم کی آلائش یا ملاوٹ نہ ہو۔
خالصاً:(ع) مخلصانہ، خلوص سے۔
خالصانہ:خلوص کے ساتھ۔
ادعیہ خالصانہ:مخلصانہ دعائیں۔
خالِصجات:حکومت کی ملکیت۔
خالِصہ:(ع) خالص، خالص کی تانیث، حکومت کی ملکیت۔
خالِف:(ع) بیکار، فضول (۲) سیدھا سادہ، سادہ لوح، بے وقوف، نادان، ناعاقبت اندیش، ضعیف العقل۔
خالِق:(ع) پیدا کرنے والا، پروردگار، آفریدگار، خداوند تعالیٰ۔
خالقیّت:تخلیقی قوت، الوہیت، خدائی
خالِقین:خالق کی جمع، تخلیق کرنے والے، بنانے والے۔
تبارک اللہ احسنُ الخالِقین:تعریف ہے اس خدا کی جو سب سے زیادہ بہتر خالق ہے۔
خالقزی:(ت)ماموں کی بیٹی۔
خال کوُب:جسم پر گدائی کرنے والا۔
خال کُوبی:گدائی۔
خالم:سانپ، افعی۔
خالو:ماموں۔
خالو لنجان:خولنجان، ہندوستان میں اُگنے والے ایک درخت تنبُول کی جڑ جس سے دوا تیار کی جاتی ہے۔
خالی:(ع) تہی، جس میں کچھ نہ ہو۔

خالی از معنی:جس سے کچھ معنی نہ نکلتے ہوں جس میں کوئی حسن نہ ہو۔
درظرفِ دو روز شہررا خالی کردند:دو دن کے عرصے میں انھوں نے شہر خالی کردیا۔
ظروف خالی:خالی برتن۔
خالی دماغ:تہی مغز، خالی الذہن۔
خام:کچا، ناخالص، ناصاف، ناتجربہ کار۔
خام پُخت:جو اچھی طرح پکانہ ہو۔
اُو جوان خام است:وہ ناتجربہ کار جوان ہے۔
خیالات خام:فضول خیالات۔
خیالات خام پختن:ہوائی قلعے بنانا، ہوائی گھوڑے دوڑانا، فضول امیدیں لگانا۔
طمع خام:بے بنیاد خواہش، بے حقیقت تمنا۔
کارخام:نامکمل کام، کام جو ناتجربہ کاری کا نتیجہ ہو۔
خام:قلم، نے، نرسل۔
خامِد:(ع) خاموش، ساکت، بے حرکت۔
خامدَست:ناتجربہ کار، تازہ کار جسے اپنے کام میں مہارت نہ ہو۔
خام رائے:ناپختہ خیال یا رائے۔
خام ریش:احمق، بے وقوف۔
خامِس:(ع) پانچواں۔
خامِسِ آل عبا:حضرت امام حسینؓ کا لقب۔
خامساً:(ع) پانچواں۔
خامسُوز:گوشت کا ٹکڑا جو آگ پر رکھنے سے جل گیا ہو یا سیاہ ہو گیا ہو۔
خامُش:خاموش۔
خامُشی:خاموشی۔

خام طبع:نادان۔

خام طبعی:نادانی۔

خام طمع:بے بنیاد خواہشات رکھنے والا۔

خام طمعی:بے بنیاد خواہشات رکھنا۔

خامکار:ناتجربہ کار، خام دست۔

خامِل:**خامِن**(ع) گمنام، بے نام و نشان، فرومایہ، بے قدر۔

خامُوش:چُپ، ساکت، بجھ جانا۔

آتش خاموش است:آگ بجھ گئی ہے۔

او حرف زد خاموش ماندیم:اس نے بات کی ہم خاموش رہے۔

چراغ امیدش خاموش شد:اس کی امیدوں کا چراغ گُل ہوگیا ، وہ ناامید ہوگیا۔

عَطشِ مرا خاموش کرد:اس نے میری پیاس بجھادی۔

خامُوشان:خاموش کی جمع، چپ چاپ لوگ۔

وادی خاموشان:قبرستان۔

خامُوشاندن۔۔خاموشانیدن:چُپ کرانا۔

خامُوشیدَن:چپ ہو جانا۔

خامِہ:(۱)قلم، نے، نرسل (۲)انداز۔

خامِہ:کچی ریشم۔

خامہ:بالائی جو دودھ کے اوپر آتی ہے۔

خامہ:ریت کا انبار۔

خامہ دان:قلمدان۔

خامہ ران:مصنف،لکھنے والا.

خامی:ناپختگی، ناتجربہ کاری۔

خامی کردن:بے تدبیری کرنا۔

خامیازِہ:خمیازہ، انگڑائی۔

خان:منگول بادشاہوں کا لقب تھا ، مثلاً چنگیز خان، قبیلے خوانین جمع۔ کے سردار کا لقب

خان:(۱)کاروانسرائے (۲)خانہ (۳)رائفل (۴)شہد کی مکھیوں کا چھتا.

خاندان:خانوادہ، کنبہ ، گھربار۔

خانزادہ:خان کا بیٹا ، معزز شخص کا فرزند۔

خانفرد:سردیوں کاموسم گزارنے کا گھر، تابستانی گھر۔

خانِع:اوباش، عیاش، مشتبہ ، مشکوک۔

خانِق:(ع) (۱)گلاگھونٹ کر مار دینے والا (۲)تنگ راستہ ، تنگ کوچہ۔

خانِقُ الذِّئب:(ع) ایک پودا جس کی شاخیں باریک اور لمبی اور پتّے اس کے چنار کے پتوں جیسے ہوتے ہیں، اس کو قاتل الذئب بھی کہتے ہیں۔

خانقاہ:درویشوں کی جگہ ، صومعہ۔

خانگاہ:خانقاہ، جہاں مشائخ اور درویش جمع ہوتے ہیں اور عبادت کرتے ہیں۔

خانگی:گھریلو، گھر سے متعلق۔

خانم:خان کی مونث، معزز خاتون، عورتوں کا لقب احترام، بیوی۔

خانُمان:گھر، کنبہ ، خاندان، اہل و عیال۔

بی خانُمان:بے گھر، جس کا کوئی پُرسان حال نہ ہو۔

خانُمان سُوز:گھر کو برباد کرنے والا، **گھر** کو تباہ کر دینے والی چیز۔

خانُمان نگون کن:گھر برباد کرنے والا۔

خانُم رئیس:لیڈی پرنسپل یا ہیڈ مسٹرس۔

خانُم کوچولُو:محبت، مذاق یا حقارت سے کسی نوجوان عورت کو کہنا۔

خانوادِگی:خاندان، کنبہ ، گھر۔

طبیب خانوادگی: خاندانی ڈاکٹر۔

خانوادہ: خاندان، کنبہ، گھر، اہل و عیال۔

خانوار: خاندان، کنبہ، جو ایک گھر میں زندگی بسر کرتے ہیں، جگہ، مقام، منزل، نشیمن۔

خانہ: گھر

خانہِ برانداز: مُسرف، فضول خرچ۔

خانہِ پرداز: خانہ دار۔

خانہ پردازی: خانہ داری۔

خانہ ساختن: گھر بنانا، گھر تعمیر کرنا۔

خانہ شما کجا است: آپ کا گھر کہاں ہے، آپ کہاں رہتے ہیں۔

خانہ شطرنج: شطرنج میں مربع شکل کا خانہ۔

خانہ عنکبوت: مکڑی کا جالا۔

کتابخانہ: لائبریری۔

مریض خانہ: جہاں مریض علاج کے لیے رکھے جاتے ہیں، بیمارستان، شفاخانہ۔

خانہ آبادان: کلمہ دعا، خدا گھر آباد اور خوشحال رکھے۔

خانہ بدُوش: بے گھر، بدّو، وہ لوگ جو اپنے گھر یعنی خیموں کو لیے ہوئے پھرتے ہیں اور جہاں ٹھہرنا چاہیں ٹھہر جاتے ہیں۔

خانہِ برہم زن: خانہ برانداز۔

خانہ بیزار: گھر سے تنگ آنے والا، گھر کی پروا نہ کرنے والا۔

خانہ پروَرد: جس کی پرورش گھر میں ہوئی ہو۔

خانہ خدا: بیّت الحرام

خانہ خراب: (۱) تباہ حال، ستم زدہ (۲) نکما، بیہودہ۔

خانہ خراب کن: گھر تباہ کرنے والا۔

خانہ خرابی: تباہی، بربادی، مصیبت، بدنصیبی۔

خانہ خواہ: شناسا، واقف، بے تکلف، قریبی تعلق رکھنے والا، گھر میں آزادی سے آنے جانے والا۔

خانہ دار: گھر کی نگہداشت کرنے کی صلاحیت رکھنے والا۔

خانہ داری: گھر کی نگہداشت، امور خانہ داری انجام دینا۔

خانہ زاد: جو کسی کے گھر میں پیدا ہوا ہو۔

خانہ داماد: داماد جو بیوی کے خاندان ہی میں رہے۔

خانہ سالار: خاندان کا بزرگ۔

خانہ کَن: خانہ برانداز۔

خانہ نشِیں: گھر بیٹھنے والا، بے حس و حرکت بیٹھا رہنے والا، جسے کوئی کام نہ ملا ہو۔

خانہ یکی: ایک ہی گھر میں رہنے والے۔

خانی: (۱) مرتبہ، درجہ، منسوب بہ خان (۲) زر خالص، سکہ جو قدیم زمانے میں ماوراء النہر میں رائج تھا۔

خانی: چشمہ، حوض۔

خانیچہ: چھوٹا حوض۔

خاؤ: اونگھ۔

خاور: مشرق، شرق۔

خاوران: سابقاً ایران کے صوبہ خراسان کا نام تھا جس میں مہنہ، ابیورد، نسا اور درگز شامل تھے، مشرق و مغرب۔

خاور دُور: مشرق بعید۔

خاورِ میانہ: مشرق وسطی، مشرق کے درمیانی ممالک، مثلاً ایران، پاکستان، افغانستان۔

خاورشِناس: مستشرق

خاور نزدیک: مشرقی۔

خاوش: ایک قسم کا بڑا کھیرا جس کے بیج بونے کے لیے رکھے جاتے ہیں

خاوند:خداوند۔

خاوند گار:خداوندگار۔

خاوی:خالی۔

خاوی البطن:خالی پیٹ۔

خاویہ:زمین جس کا مالک نہ ہو۔

خائب:ناکام، ناامید، محروم، مایوس۔

خاِیستن:خاییدن، کسی چیز کو دانتوں میں نرم کرنا، چبانا۔

خائف:خوفزدہ۔

خائگینہ:خاگینہ، تلے ہوئے انڈے، آملیٹ، انڈوں کا حلوا۔

خائن:(ع) خیانت کرنے والا، بددیانت۔

او **خائن مملکت است**:وہ ملک سے خیانت کرنے والا ہے۔

خائنانہ:خیانت کارانہ۔

خائنی:خیانت۔

خاینٖدہ:(خاییدن مصدر سے) چبانے والا۔

خایہ:خُصیہ۔

خایہ کسی را دستمال کردن:بیجا خوشامد کرنا۔

خایہ بردار:خوشامدی، چاپلوس۔

خایہ دیس:کُھمب، سماروُغ۔

خایہ کشیدہ۔۔خایہ کندہ:خصّی، اختہ۔

خایہ گز:خایہ گزک:مکڑی، عنکبوت۔

خایہ مالی:خوشامد، چاپلوس۔

خاییدگی:چبانے کا عمل۔

خاییدن:چبانا۔

خاییدہ:چبایا ہوا۔

خَب:(ع) مکرو فریب، فریب دینے والا، نیز بمعنی ریگستان کا راستہ، خُبوب جمع۔

خُب:(ع) مدینہ منورہ کی ایک وادی۔

خِباء:(ع) اخفا، پوشیدگی۔

خباثت:(ع) کمینگی، کمینہ پن، بُغض، بدنیتی، پلیدی۔

خُبارہ:(ع) تیز فہم، ذہین، چست و چالاک۔

خُباز:(ع) ایک جنگلی پودا جس کی پتیاں اور تنا روئیں دار ہوتا ہے اور پھول ارغوانی ہوتے ہیں۔

خَبّاز:(ع) نانبائی۔

خباز خانہ:جہاں نانبائی روٹیاں وغیرہ پکاتا ہے۔

خَبّازی:نانبائی کا کام یا پیشہ۔

خُباط:(ع) دیوانگی کی حالت۔

خباك:احاطہ جس میں بھیڑیں یا بکریاں رکھی جاتی ہیں۔

خُبال:(۱)تباہی، نقصان (۲)جس نے زہر کھایا ہے۔

خبائث:(ع) خباثتیں، کمینگیاں۔

خُبث:(ع) کینہ، بغض، کمینگی۔

خُبَثا:(ع) خبیث کی جمع۔

خَبر:(ع) اطلاع، آگاہ، روایت۔

خبربُردن:خبر پہنچانا۔

چہ خبر است:کیا اطلاع ہے۔

خبردادن:اطلاع دینا، آگاہ کرنا۔

من ہیچ ازین موضوع خبر ندارم:اس موضوع کے متعلق مجھے کوئی اطلاع نہیں۔

خبرآ: جمع خبیر۔

خبر آور:اطلاع لانے والا۔

خبرَت:آگاہی، علم، تجربہ۔

خبرَجُو:مُتجسس، جستجو کرنے والا، راز معلوم کرنے والا۔

خبرَچِین:پیشہ ور مخبر، خبر جوئی کرکے اطلاع دینے والا، جاسوس، خبررسان، خبر دہندہ۔

خبرچینی:جاسوسی۔

خبر دار:آگاہ، باخبر۔

خبر دار:دیکھو، آگاہ رہو۔

خبر دہندہ:جاسوسی کرنے والا۔

خبر گذاری:خبروں کی ایجنسی۔

خبرگیر:اطلاعیں حاصل کرنے والا۔

خبرنگار:خبر نویس، خبریں لکھنے والا۔

خبرویت: (ع)اہلیت، لیاقت، استعداد، تجربہ علم، کارشناسی

خبرہ:(ع) خبر، علم، اگاہی۔

خبز:(ع) نان، روٹی۔

خبط:(ع) جنون، برگشتگی، دیوانگی۔ اندھا دُھند کام کرنے کا جنون، سہوو اشتباہ کرنا۔

خبط دماغ:دماغی برگشتگی، خلل دماغ، پاگل پن جنون۔

خبط کردن:غلطی کرنا۔

خبك:گلا گھٹنا۔

خبکال:(۱)تیرکا نشانہ (۲)سوراخ، شگاف۔

خبل:(ع) پاگل پن، ذہنی ابتری، بعض اعضا کا ضائع ہونا (خُبول جمع)۔

خبن:(ع) چھوٹا کرنے کے لیے کپڑا قطع کرنا، عروض کی اصطلاح میں دوسرے حرف کا حذف ہو جانا، مثلا فاعلاتن سے فعلاتن یا مستفعلن سے متفعلن۔

خبورہ:استوار، محکم۔

خبہ:خفہ، گلا گھٹنا

خبی:مخفی، پنہاں، بوشیدہ۔

خبیث:(ع) کمینہ، بدباطن، بدخو،بدکردار۔

خبیثات:کمینگی کی باتیں، بُرے افعال۔

خبیثہ:(ع) بُرائی، بد باطنی، خباثت۔

اُمُّ الخبائث:برائیوں کی ماں، مثلا شراب۔

خبیر:باخبر، آگاہ، دانشمند۔

خبیرہ:(ع)تیار، مسلّح۔

خبیص:کرمان، کا ایک شہر (۲)حلوہ جو کھجوروں سے تیار کیا جاتا ہے۔

خپ:خاموش ہو جاؤ۔

خپچہ:درخت کی نازک شاخ۔

خپہ:جس کا گلا گھونٹا گیا ہو۔

خپیدن:جھکنا، گلا گھٹنا۔ خاموش ہو جانا۔

خپیدہ:جھُکا ہوا، کبڑا، جس کا گلا گھونٹا گیا ہو۔

ختا:چین کا ایک شمالی شہر۔

ختّار:(ع) غدار، سرکشی کرنے والا، فریب کرنے والا۔

خُتار:کھیتوں کو نقصان رسان جڑی بوٹیوں سے پاک کرنا۔

ختام:(ع) آخر، خاتمہ، انجام، نتیجہ، پایان کار، انجام کار۔

حُسنِ ختام:اچھا انجام۔

ختان:(ع) ختنہ۔

ختّان:(ع) ختنہ کرنے والا۔

ختانت:(ع) ختنہ۔

ختائی:(۱)شہر ختا سے متعلق، اہل ختا (۲)خاص سائز کی ایک قسم کی اینٹ۔

ختر:(ع) غداری، بے وفائی، خیانت، نمک حرامی، دھوکا بازی، فریب کاری، دغا بازی۔

خَتل:(ع) دھوکا دینا، فریب سے کوئی چیز حاصل کرنا۔

خَتم:(ع) انجام، تکمیل، آخر۔

پس از ختمِ عمل:عمل کے خاتمے پر۔

خَتم:(ع) تعزیت کے موقع پر قرآن خوانی۔

خُتَن:مشرقی ترکستان کا شہر جو آہوانِ مشک کے لیے مشہور تھا۔

ختن:ختنہ۔

ختنبَر:مفلس و تہیدست جو تونگری کی لاف مارتا ہے یا تونگر جو اپنے آپ کو غریب ظاہر کرتا ہے۔

خَتنہ:سُنت کرانا۔

ختنہ سُوران:ختنہ ہونے کی تقریب۔

خُتُو:ہڈی یا جانوروں کے سینگ جس سے چھری یا شمشیر کے دستے بناتے ہیں۔

خَثم:(ع) جس کی ناک چوڑی ہو۔

خجارہ یا خُجارہ:تھوڑا سا، کم

خِجالت:(ع) ندامت، شرمساری۔

خجالت آور:شرمناک۔

خِجالت بکشید:شرم کیجے۔

خجالت دادن:شرمندہ کرنا۔

خجالت زدہ:نادم، شرمسار۔

خُجَستگی:تبریک، مبارک ہونا

خُجَستہ:مبارک۔

خُجستہ اختر:خوش نصیب۔

خُجستہ پی:مبارک قدم۔

خُجستہ طالع:خوش نصیب۔

خُجستہ فرجام:کامیاب، جس کا انجام اچھا ہو۔

خجك:داغ، نشان، خال، نقطہ، سفید نشان جو آنکھوں میں پیدا ہو جاتا ہے۔

خجگول:کشکول۔

خَجِل:شرمندہ، نادم۔

خجلان:شرمگین، شرمسار۔

خِجلت:خجالت، شرمندگی، ندامت۔

خَجند:خوش نصیب۔

خُجند:ترکستان کا ایک شہر۔

خَجُول:شرمسار، خجالت کش، بزدل۔

خجیدَن:جمع ہونا۔

خجیر:خوبصورت، خوبرو، زیبا، نیک نثراد، خوب، پسندیدہ۔

خَدّ:رخسار۔

خدا:پروردگار

بخدا:خدا کی قسم۔

چُوب خدا صدا ندارد:خدا کی لاٹھی کی کوئی صدا نہیں۔

خدارا:خدا کے لیے۔

خدا کند:خدا کرے کہ۔

خدا دیر گیرد و سخت گیرد:خدا کی گرفت دیر سے لیکن سخت ہوتی ہے۔

خدا بین:پارسا، جس کی نگاہ ہمیشہ خدا کی طرف رہتی ہے، جس کا دھیان خدا کی قدرت کی طرف رہتا ہے۔

خدا پَرَست:خدا کی عبادت کرنے والا، عابد، زاہد۔

خدا پَرَستی:عبادت الٰہی۔

خداترس: خدا سے ڈرنے والا، متقی، پارسا۔

خدا حافظ: الوداع کے وقت کہا جاتا ہے، خدا تمہارا حافظ ہو۔

غزل خدا حافظی را خواندن: الوداع کرتے وقت خدا حافظ کہنا، الوداعی گیت گانا۔

خداداد: خدا کا دیا ہوا۔

خِدارَت: (ع) عصمت، عفت، پاکدامنی، شرم و حیا۔

خُدا ساز: خدا کا بنایا ہوا، پروردگار کی تخلیق۔

خدا شِناس: خدا کو پہنچاننے والا، خدا پرست، پارسا، خدا پر یقین رکھنے والا، موحُد۔

خُدا شِناسی: توحید پر یقین رکھنا، پارسائی، عبادت۔

خِداع: (ع) دھوکا، فریب۔

خِدّاع: فریبی، مکار، دھوکے باز۔

خدا گِیر: وہ شخص جو غضب الٰہی کی وجہ سے آفت یا مصیبت میں مبتلا ہو۔

خُدّام: (ع) خادم کی جمع، خدمت گاراں، ملازمان۔

خُدامشرِب: زاہد، عابد، متّقی۔

خدا نشِناس: جو شخص خدا پر یقین نہیں رکھتا، بے دین، بے ایمان۔

خداوند: خدا، سرکار، بزرگ خانہ، مالک۔

خداوند گاری: عظیم بزرگی۔

حدائع: خَدیعہ کی جمع، فریب کاراں، دھوکے بازاں۔

خُدائی: خدا کی قدرت، اللہ تعالی سے متعلق۔

خدایگان: خداوند، پروردگار۔

خَدِب: لمبا، بے وقوف، احمق۔

خَدَب: بے وقوفی، حماقت۔

خِدر: پردہ، نقاب، (اخدار و خدور جمع)۔

خَدَر: (۱)سستی، اعصاب کا تشنج، سُن ہو جانا، فتور (۲)تاریکی، تاریک جگہ۔

خُدرت: (ع) (۱) شدید تاریکی، (۲)کسی چیز کا ٹکڑا یا ریزہ (۳) آگ کا شرارہ۔

خَدش: نشان جو زخم کے اچھا ہونے کے بعد بھی باقی رہ جاتا ہے، (خداش جمع)۔

خَدشہ: (ع) خراش، خرچنا، نوچنا، چینی، اضطراب، پریشانی، فکر، تشویش، تردد۔

خدشہ خاطر: دلی فکر مندی۔

خُدعِہ: مکرو فریب۔

خُدعہ آمِیز: جس میں دھوکا ہو، چکر میں ڈالنے والی۔

سُخنان خُدعہ آمیز: فریب میں ڈالنے والی باتیں۔

خَدَک: پُل جو دریا یانہر پر بنایا جاتا ہے۔

خَدَم: خادم کی جمع، ملازمان، خدمت گزاراں۔

خَدم وحشَم: نوکر چاکر۔

خدِمات: خدمت کی جمع۔

خدِمت: کسی کے لیے کوئی کام کرنا، ملازمت، موجود ہونا، حضور، حاضر۔

خدمت رسیدم تشریف نداشتید: میں حاضر ہوا لیکن آپ تشریف نہیں رکھتے تھے۔

خدمتِ لشکری: فوجی ملازمت۔

خدماتش رضایت بخش است: اس کی خدمات میرے لیے تسلی بخش ہیں۔

درخدمتِ شما ہستم: میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوں۔

خدمتانِہ: انعام، ٹپ۔

خِدمتگار: خادم، ملازم۔

خِدمت گذار: خدمت بجا لانے والا، فرماں بردار، مُخلِص، خدمت کے لیے تیار۔

خِدمت گذاری: خدمت، رضامندانہ خدمت، فرماں برداری۔

خدمتی: پیشکش، نذرانہ، تحفہ۔

خِدن: (ع) رفیق، دوست، ساتھی۔

خدَنگ: تیر، سخت اورمضبوط لکڑی جس سے تیر، نیزہ اورگھوڑے کی زین بناتے ہیں۔

خُدُو: لعاب دہن۔

خُدُود: (ع) خد کی جمع، رخسار۔

خُدُور: (ع) خدر کی جمع، پردے، نقاب۔

خدُوش: (ع) خدش کی جمع دیکھیے خدش۔

خدُوک: آشفتہ، پریشان، آزردہ، افسردہ، کوئی شخص جو رشک وحسد کے باعث اندوہگیں ہو۔

خدیجہ: حضرت رسول کریم(ص) کی خانم اول۔

خدِیش: گھر کا بزرگ۔

خدِیعہ: دھوکا، فریب۔

خَدیو: بادشاہ، مصر کے سابق بادشاہ کا لقب۔

خدیو مصر: مصر کا بادشاہ۔

خَذف: (ع) پتھر پھینکنا، کھجوروں کی گٹھلیاں پھینکنا۔

خَذل: (ع) فراموش کردینا، ترک کرنا، نظر انداز کرنا۔

خِذلان: (ع)مدد نہ کرنا، درماندگی۔

خذُول: (ع) درماندہ، پریشان۔

خر: گدھا، بے عقل، بےوقوف، بے شعور، بے ادب۔

خر چہ داند قیمت قندو نبات: گدھا چینی اور مصری کی قیمت کیا جانے۔

خرِخودرا ازپُل گذراندن: مشکلات پر قابو پانے کے لیے جدوجہد کرنا۔

خرخود راندن: اپنے کاموں کا خود خیال رکھنا

خرِ خود سوارشدن: اپنا مقصد خود حاصل کرنا۔

خرشدن: بیوقوف بننا۔

خرکردن: کسی کو بیوقوف بنانا۔

بقدر خرخوردن: گدھے کی طرح کھانا۔

کسی را بخر خود نشاندن: کسی کو اس کی جگہ پر بحال کرنا۔

خُر: خریدن مصدر= خریدنا سے فعل امر، خریدلو۔

خُر: (ع)سیاہ رنگ کا کیچڑ جو جوہڑ وغیرہ کی تہ میں بیٹھ جاتا ہے۔

خراب: (ع) تباہ، ضائع، ویران۔

آں راہ خراب است: وہ سڑک بگڑی ہوئی ہے۔

قمار بازی اورا خراب کرد: جُوے بازی نے اسے تباہ کیا۔

خراب آباد: ویرانہ، کھنڈرات۔ خراب آباد مجازاً دنیا کو بھی کہتے ہیں۔

خرابات: میخانہ، جاے آزادگاں، ویرانہ۔

خراباتی: میخوار، شرابی، شراب کا عادی۔

خرابِہ: ویرانہ۔

خَرابی: تباہ شدہ حالت، بگاڑ، نقص، بُری حالت۔

خراتین: **خراطین**-سرخ رنگ کے کیڑے جو نمدار زمین میں رہتے ہیں حشرات الارض۔

خَراج: (ع) باج، محصول۔

خُراج: پھنسیاں جو جسم پر نکل آتی ہیں، (جمع خراجات)۔

خراج: ، فضول خرچ۔

خراج گذار: خراج ادا کرنے والا۔

خَراجی: خراج ادا کرنے والا۔

خراخو: خراٹے لینا۔

خرادمہر: ساسانی عہد کے ایک آتشکدے کا نام۔

خراز: چمار، موچی۔

خراز: موتی، مہرے ، آئینے، گردن بند وغیرہ بیچنے والا۔

خرازی: موتی مہرے وغیرہ بیچنے کا کام۔

خراس: (ع)چکی جو گدھے کو جوت کر چلائی جاتی ہے۔

خُراسان: ایران کا مشرقی صوبہ۔

خُراسانی: خراسان کا رہنے والا، خراسان سے متعلق۔

خراس بان: خراس چلانے والا۔

خراش: معمولی سا زخم۔

خراشاندن: خراش لگانا۔

خراشندہ: خراش لگانے والا۔

خراشہ: کاٹ،کٹائ، قطع، تراش، ضرب، خراش۔

خراشیدہ: جس کے خراشیں آئ ہوں۔

پہلویم بدیوار خراشیدہ شد: دیوار کی رگڑ سے میرےبدن پر خراشیں آئیں۔

خرّاص: (ع) دروغ گو، جھوٹا۔

خراط: خراد ، لکڑی کو تراشنا، چوب تراشی۔

خَرّاط: (ع) چوب تراش، لکڑی تراش کر صاف کرنے والا۔

خَراطی: خراد پر چڑھانا۔

خراطین: دیکھیے خراتین۔

خُرافات: خرافہ کی جمع، فضول باتیں۔

خُرافت: (ع) فضول بات کرنا ، بیہودہ گفتگو، یاوہ گوئ۔

خِرام: (۱)خوش رفتاری، کرشمہ وناز سے چلنا ، اٹھلا کر چلنا (۲)نوید، مژدہ: مثال:

یکی نامہ فرمود نزدیک سام
سراسر درُود و نوید و خِرام

ایک مراسلہ سام کو بھیجا جو سراسر سلام، خوش خبری اور مژدہ جانفرا پر مشتمل تھا۔

خِرامان: خوش رفتاری۔

سروخرامان: سروجیسا طویل القامت شخص جو نازو انداز سے چل رہا ہے، خوش خرام محبوب۔

خراماندن: چلانا۔

خَرامَش: نازو انداز سے چلنا۔

خرامین: چراگاہ، سبزہ زار، علفزار۔

خرَب: (ع) ویران جگہ، ویرانہ۔

خَرِب: ویران کرنا۔

خربان: گدھے چلانے والا۔

خَربز: خربوزہ۔

خربُزہ: موسم گرما کا شیریں پھل۔

خربُزہ روباہ: حنظل، کڑوا کھیرا۔

خربَط: مسخرہ۔

خربَطہ: قاز، لمبی ٹانگوں والا پرندہ۔

خَربَق: ان درختوں یا پودوں کا قدیمی نام جو دافع جنون سمجھے جاتے ہیں (نباتات)۔

خربندہ: مکار فریب کار۔

خربیواز: چمگادڑ، خفاش۔

خرپا: موٹی لکڑی، آہنی سیخ جو سہارا دینے

کے لیے نیچے رکھی جاتی ہے۔

خرَپشت: محدّب، کروی۔

پُشتہ: ٹیلا۔

خرتال: چمڑے کی تھیلی جس میں سونے چاندی کے سکے ڈالتے ہیں۔

خرج: خرچ، لاگت۔

خرجش زیاد است: اس کا خرچ زیادہ ہے۔

خرجہای دگرہم دارد: اس کے کچھ اور بھی اخراجات ہیں۔

خَرج: خُرجین، تھیلا جو بیچ میں کھلا ہوتا ہے اس کے دونوں طرف لباس، خوراک اور دوسرا سازو سامان رکھتے ہیں۔

خرج: قبولیت۔

نصائح من بہ خرجش نرفت: اس نے میری نصیحتیں قبول نہیں کیں۔

خرج بیار: خرچ مہیا کرنے والا۔

خرج دررفتہ: خرچ سے جو رقم بچ گئی ہو۔

خرج و دخل: خرچ اورآمدنی۔

خرجی: وسائل معاش، کفاف، روزی۔

خرجی راہ: سفر خرچ۔

خرجی خود در آوردن: اپنی معاش کا خود انتظام کرنا۔

خرَجی: اخراجات سے متعلق۔

خُرجین: سواری پر سامان لادنے والا تھیلا، چمڑے کا تھیلا۔

خرچال: بڑی مرغابی، غاز۔

خرچنگ: ایک آبی جانور جس کے لمبے ہاتھ پاؤں ہوتے ہیں، کیکڑا، سرطان۔

خرچنگال: خرچنگ۔

خرچہ: مقدمے وغیرہ کے اخراجات۔

خرحمالی: سخت محنت، گدھے کی طرح جتا رہنا، غلامانہ خدمت۔

خرخانہ: اصطبل، گدھوں کے رکھنے کی جگہ۔

خُرخر: خراٹے لینا۔

خُرخُری: خراٹے کی آواز۔

خرخری کردن: احمقانہ کام کرنا۔

خرخستہ خدا ناراضی: سخت مشکل کام بھی کرنا لیکن صاحب خانہ کا ناراض ہی ہونا (ضرب المثل)۔

خرخشہ: پریشانی، خلل، شورش، ہنگامہ۔

این کار بدون خرخشہ انجام گرفت: یہ کام بغیر کسی پریشانی کے انجام دیا گیا۔

خرخیار: بڑا کھیرا۔

خِرَد: عقل، ذہانت، فہم و شعور۔

خُرد: چھوٹا۔

خُرد سال: چھوٹی عمر کا۔

خُرد کردن: توڑنا۔

خُرد و بزرگ: چھوٹے بڑے۔

خُرداد: ایرانی کیلنڈر کا تیسرا مہینہ (خرداد ماہ)۔

خُرد انگارش: تنگ چشم، کوتاہ نظر۔

خِرَد پروَر: ذہنی نشو ونما میں مدد دینے والا۔

خِرَد پیشہ: داناو دانشمند۔

خُرد سالی: بچپن۔

خِرَد کیش: خرد پیشہ، دانا، دانشمند۔

خُردگی: چھوٹا ہونا، بچپن۔

خردل: رائی۔

خردماغ: بیوقوف، احمق، ضدی۔

خردماغی: بیوقوفی، حماقت، ضد۔

خِرَدمند: عاقل، فرزانہ، دانشمند۔ دانا، زیرک۔

خردمندان: دانشمند لوگ۔

خرد مندی: عقل و فہم، ذہانت۔

خُردنِگرَش: باریک بین۔

خِرَدوَر: خردمند، دانشمند۔

خُردہ: ٹکڑا، چھوٹی سی چیز، حصہ کسی چیز کا کوئی حصہ۔

خُردہ سماط: فرش پر گرے ہوئے ٹکڑے۔

خُردہ گرفتن: نکتہ چینی کرنا۔

خردہ نان: روٹی کا ٹکڑا۔

خُردہ قند: مصری کا ٹکڑا، ذرا سی چینی۔

خُردہ اُوِستا: زردشتیوں کی مقدس کتاب، اوستا کا ایک حصہ جس میں خاص خاص دعائیں ہیں، جو جشن یا مذہبی تقریبات میں پڑھی جاتی ہیں۔

خُردہ بین: باریک بین، عاقل، فرزانہ، چھوٹی چھوٹی باتوں سے بھی آگاہ، دقیقہ رس۔

خردہ بینی: باریک بینی، دانشمندی۔

خُردہ خُردہ: ٹکڑے ٹکڑے۔

خردہِ دان: باریک بین۔

خردہِ شِناس: خردہ بین، باریک بین، چھوٹی چھوٹی چیزوں سے آگاہی رکھنے والا۔

خردہ فُرُوش: تھوڑی تھوڑی چیزیں بیچنے والا، تھوک فروش کی ضد۔

خُردہ کاری: نازک اورنفیس کام۔

خردہ گیری: نکتہ چینی۔

خُردی: بچپن۔

خرزن: وہ موٹی چھڑی جس سے گدھا ہانکتے ہیں۔

خُرز: مصنوعی موتی، شیشے کے دانے۔

خُرز: کفش دوزی، جوتے سینا، گانٹھنا، پیوند لگانا۔

خُرزہ: (۱) شیشے کے گول دانے (۲)آلہ تناسل۔

خرزہرِہ: ایک قسم کا زہریلا پودا جو موسم گرما میں ہوتا ہے۔

خِرس: ریچھ۔

مُوی از خرس کندن غنیمت است: (محاورہ) بخیل سے پیسہ بھی مل جانا غنیمت ہے۔

خرس در کوہ بوعلی سینا است: جہاں کوئی عقلمند شخص نہ ہو وہاں ایک بے وقوف ہی کافی ہوتا ہے۔

خُرَس: گونگا پن، گونگا، بے صدا۔

خِرس بان: ریچھ والا۔

خرسا: گونگی عورت۔

خِرسک: ریچھ کا چھوٹا بچہ۔

خُرسند: خوش، قانع، مطمئن، راضی۔

از دیدن شما خرُسندم: آپ کو دیکھ کر یا ملاقات کرکے مجھے خوشی ہوئی ہے۔

خُرسندی: خوشی، اطمینان، تسلی۔

خرسَنگ: ناہموار، ناتراشیدہ بڑا پتھر۔

خُرَش: خروش، شور و غوغا۔

خُرشاد: آفتاب، سورج۔

خُرشہ: خرخشہ۔

خُرشید: خورشید، آفتاب۔

خَرشِین: ٹہلنا، خرام کرنا۔

خَرص: (ع) جھوٹ بولنا۔

خرطبع: بیوقوف، احمق، گدھے کی سی طبیعت والا۔

خرط: خراد، لکڑی تراشنا۔

خُرطُوم: ناک،ہاتھی کی سونڈ۔

خَرَع: کمزوری۔

خَرف: میوہ چننا۔

خَرَف: کم عقل، کم حافظہ شخص، سادہ لوح، پیرفرتوت۔

خرف کردن: بے حس کردینا ، بدحواس کر دینا۔

خُرفہ: باقلا، لوبیا۔

خرفہم کردن: کسی کم فہم شخص کو وضاحت سے سمجھانا۔

خِرفی: کم حافظہ ، سادہ لوحی، کورا پن۔

خرق: پھاڑنا ، توڑنا ، کسی چیز کا رابطہ ختم کرنا۔

خرقِ عادَت: خلاف عادت، غیر معمولی، فوق العادہ۔

خِرَق: جمع خرقہ۔

خرق: ضعف رائے ، نادانی، حماقت۔

خَرِق: ناتجربہ کار، جاہل، احمق۔

خِرقہ: قبا ، عبا ، گلیم، درویشوں کی قبا۔

خرقہ انداختن: سپرد کرنا ، حوالے کرنا ، دست بردار ہو جانا ، اطاعت قبول کرلینا۔

خِرقہ پُوش: درویش، گلیم پوش۔

خِرقہ تہی کردن: کنایہ ہے، دنیا سے رخصت ہونا۔

خِرَک: چار ٹانگوں والا گدھے کی ہئیت کا چوبی ڈھانچہ جس پر سے ورزش کے دوران کودتے ہیں۔

خرک چی: گدھے والا۔

خرکمان: بڑی کمان۔

خرکی: گدھے کی مانند۔

خرگاہ: بڑا خیمہ ، سراپردہ۔

خرگاہ زدن: خیمہ لگانا۔

خرگاہ ماہ: چاند کے ارد گرد کا ہالہ۔

خرگر: خرمن۔

خرگوُر: گورخر۔

خرگوُش: لمبے کانوں والا ، سَیہ۔

خرگوشِہ: خرگوش کی طرح۔

حافظہ خرگوشی: کم حافظہ۔

خواب خرگوشی دادن: (محاورہ) جھوٹے وعدوں سے کسی کو مطمئن کرنا۔

خرگہ: خرگاہ۔

خُرَّم: (ع) خوش، شگفتہ، تازہ، پھلتا پھولتا۔

درختاں کہ آب می خورند خرّم می شوند: درخت جن کی آبیاری ہوتی ہے وہ پھلتے پھولتے ہیں۔

خرُما: کھجور۔

ہم خرما وہم ثواب: (ضرب المثل)دونوں، خوشی بھی اور فرض کی ادائیگی۔

خرُمابُن: کھجور کا درخت۔

خُرمالوُ: امریکی کھجور، سیب کی طرح کا پھل۔

خُرما خَرَک: خشک کھجوریں۔

خُرماوند: آبنوس۔

خُرّم دل: مسرور، شگفتہ۔

خُرّم دلی: راحت، مسرت، خوشی۔

خُرّم دینان: بابک خُرّمی کے پیرو جو عباسی خلیفہ مامون الرشید اور معتصم باللہ کے زمانے میں قیام پذیر تھے وہ چاہتے تھے کہ ایران میں عباسی خلفا کا اقتدار ختم کریں۔

خُرّم رُوی: ہنس مکھ، خوش طبع، خوش مزاج۔

خرمست: سرمست۔

خَرمك: سفید و سیاہ مُہرہ جو بچوں کی گردن میں بد نظری سے محفوظ رہنے کے لیے باندھتے ہیں۔

خُرّمگاہ: سبزہ، تفریح کا مقام۔

خَرمگس: بڑی مکھی، چم چچڑ۔

خرمن: گندم کا انبار۔

وقت خرمن۔۔سرخَرمن: فصل پکنے کا وقت۔

خَرمَنج: خرمگس، بڑی مکھی۔

خرمن سوُختہ: تباہ و برباد۔

خرمن کوب: غلّے کے دانے صاف کرنے والا۔

خرمن کوُبی: غلہ کے دانے صاف کرنا، بھوسے سے الگ کرنا۔

خرمن گاہ: جہاں خرمن گاہتے ہیں۔

خرمُوش: بڑا چوہا۔

خَرمُہرہ: (۱)شیشے کے بڑے بڑے موتی جو پرو کر جانوروں کے گلے میں ڈالتے ہیں (۲)گھونگا۔

خُرّمی: مسرت، راحت، خوشی۔

خرنا: کرنا، بگل۔

خرناس: خراٹا، سوتے وقت خُرخر کی آواز۔

خرّنبار: از دحام، ہجوم، فتنہ و آشوب،

خَرنَد:چھوٹی دیوارجو باغیچہ کے ارد گرد بنائ جاتی ہے۔

خرَندہ: خریدار۔

خُرنِش: خراٹے لینا۔

خرنوُب: ایک درخت جس کو لمبی لمبی پھلیاں لگتی ہیں۔

خُرو: مُرغ۔

خروار: گدھے پر لدا ہوا بوجھ۔

خرُوب: ویرانوں میں اُگنے والی گھاس۔

خرُوج: باہر نکلنا، خارج ہونا۔

خرُوج: خروس، مرغ

خرُوجی:بالاخانہ، شہ نشین، بالا خانے کا برآمدہ۔

خرُوس:مرغ۔

خرُوس بازی:مرغوں کی لڑائ۔

خرُوسك:ایک بیماری ہے جو زیادہ تر بچوں کو ہوتی ہے اس سے گلے میں کھنچاؤ کی حالت پیدا ہو جاتی ہے۔ اسے کھانسی آتی ہے تو اس کی آواز مرغ کی آواز جیسی ہوتی ہے۔

خرُوس کوُلی:مرغ جیسا ایک جنگلی پرندہ ہے جو کبوتر سے کچھ بڑا ہوتا ہے، اس کی ٹانگیں لمبی، پر بھی لمبے اور دم چوڑی ہوتی ہے، اس کے سر پر گولائ کی صورت میں پھیلا ہوا کاکل ہوتا ہے، بہتے پانی کے کناروں اور سبزہ زاروں میں رہتا ہے۔

خرُوش:جوش، شورو غوغا، مثال:

گر خرُوشم ز دلفگارانم
ور خموشم ز رازدارانم

میں ان لوگوں میں سے ہوں جن کے دل تیری محبت میں فگار ہیں، اس لیے اضطراب کی حالت میں بے تابی کی صدا پیدا ہوتی ہے اور اگر خاموش رہتا ہوں تو مجبور ہوں کہ میں آپ کے راز داروں میں سے ہوں۔

خرُوش:خروشیدن مصدر= شورو غوغا کرنا سے فعل امر، شور کرو۔

خرُوع:(ع) نازک اندام عورت جو آسانی سے جھک کر سیدھی کھڑی ہو سکتی ہے

خرُوف: بھیڑ کا بچہ۔

خرُوق: خرق کی جمع، شگاف، سوراخ، درزیں۔

خرُوہ: خروس، مرغ۔

خرُوہَک: مرجان سرخ، جسے دھاگے میں پروتے ہیں۔

خرُوھہ: ایک پرندہ ہے جسے شکاری اپنے جال کے ساتھ باندھ دیتا ہے تاکہ اور پرندے اسے دیکھ کر جال میں آ پھنسیں۔

خَرویلہ: بلند آواز میں آہ و زاری۔

خَرَہ: ترتیب دی گئی قطار، ردیف۔

خَرَہ: کیچڑ، کیچ جو عموماً حوض کی تہ میں جم جاتا ہے۔

خُرہ: (۱)نور، پرتو، فروغ (۲)حصہ، بہرہ، مثال:

خُرَہ از رویشان افزون تر آمد
توگوی آفتاب آنجا برآمد

ان کے چہرے سے نور بہت زیادہ نمایاں ہوا یوں سمجھیے کہ وہاں سے آفتاب طلوع ہوا ہے۔

خُرّہ: خراٹے۔

خُرّہ کشیدن: خراٹے لینا۔

خری: حماقت، بے وقوفی۔

خریّت: حماقت، گدھا پن۔

خرِید: رقم دے کر کوئی چیز لینا۔

خرید و فرُوش: خریدنا اور بیچنا۔

خریدار: خریدنے والا۔

این جنس خریدار ندارد: اس چیز کی کوئی طلب نہیں، کوئی اس کا طلبگار نہیں۔

خریدَن: رقم دے کر کوئی چیز لینا، خریدنا۔

خرِیدہ: خریدی ہوئی چیز۔

خرِیدہ: موتی جس میں سوراخ نہ ہو۔

خرِیش: خراش۔

خریش: ہنسی، مذاق، ٹھٹھے۔

خریشیدَن: خراشیدن، خراشیں آنا۔

خریطہ: (۱)چمڑے کا کیسہ، تھیلی، بیگ، پرس (۲)نقشہ، چارٹ۔

خَریف: موسم خزان

خز: سمُور۔

خَز: حریر، ریشمی کپڑا۔

خَز: خزیدن، رینگنا، گھسٹنا سے فعل امر۔

خُزاع: (ع) مرگ، موت۔

خُزاعہ: (ع)(۱)کٹا ہوا ٹکڑا (۲)ایک عرب قبیلے کا نام۔

خَزاف: (ع) مٹی کے برتن بنانے والا، کوزہ گر، کمُہار۔

خَزام: اونٹ کی نکیل۔

خَزان: پت جھڑ کاموسم۔

خَزان: رینگتے ہوئے۔

خَزان دیدہ: خزان رسیدہ، خزاں سے متاثر۔

خزانہ: گنجینہ، وہ جگہ جہاں رقم رکھی جائے۔

خزانہ دار: خزانچی۔

خزانی: بادخزاں، ہوا جو پت جھڑ کے موسم میں چلتی ہے۔

خزائن: خزاین، خزانہ کی جمع۔

خزپُوش: فریبی، دغا باز۔

خَزدوک: ٹڈا، ٹڈی۔

خَزَر: تنگی چشم۔

خَزر: بحرہ خزَر، بحرہ کیسپئین کے کنارے بسنے والا قبیلہ

خزرَج: (۱)سرد ہوا، جنوب سے آنے والی ہوا (۲)ایک عرب قبیلے کا نام۔

خزع: کٹائی۔

خزعبَل: بیہودہ باتیں۔

خزعل: گفتار، گفتگو۔

خَزَف: (ع) مٹی کے برتن بنانا، کوزہ گری۔

بہ اشک دیدہ آلودہ عفو چوں جوئم

خَزَف فروختہ ام باگہرچہ کار مرا

میں گناہ آلود آنکھوں کے آنسووں سے گناہوں کی معافی کس طرح چاہوں، ٹھیکریاں تو میں نے بیچ دیں اب موتیوں سے میرا کیا کام۔

خز فروش: سمور بیچنے والا۔

خز فروشی: سمور فروشی، سمور بیچنا۔

خَزَف ریزہ: مٹی کے برتن کی ٹھیکری۔

خَزَل: (ع)(۱)کسی چیز کو قطع کرنا (۲)اصطلاع عروض میں الف کا گرنا مثلاً:

مُتَفاعلن میں الف کے گرنے اور ت کے ساکن ہونے سے مُتفعِلُن ہو جاتا ہے۔

خَزَم: (ع)(۱)مروارید کو دھاگے میں پرونا (۲)اُونٹ کی ناک میں سوراخ کر کے مہار ڈالنا۔

خَزَندگان: رینگنے والے جانور۔

خَزندہ: رینگنے والا جانور۔

خَزُوک: ٹڈا، ٹڈی۔

خَزہ: کائی جو رکے ہوئے پانی کی سطح پر جم جاتی ہے۔

خَزہ شناس: کائی کی اہمیت جاننے والا۔

خَزِیدَن: رینگنا۔

خزیدہ: رینگتا ہوا۔

خَزِیر: خاکستر، راکھ جس میں جلتے ہوئے کوئلے موجود ہوں

خزِینہ: خزانہ، رقم رکھنے کی جگہ، جو رقم خزانے میں رکھی گئی ہے۔

خزِینہ دار: خزانہ دار، خزانچی۔

خَس: خاشاک، گھاس، کانٹا، لکڑی کا چھوٹا سا تراشہ۔

خس: پست، کم قدر، حقیر، گھٹیا، کمینہ۔

خس پرور: غریب پرور۔

خس: کاہو، سلاد۔

خسادَت: (ع) دور کردینا، چلتا کرنا۔

خَسار: (ع) خسارَت۔

خَسارَت: (ع) نقصان، خسارہ، گھاٹا، زیان۔

خسارَت دیدن: نقصان ہونا،

خَسارت آمیز: جس میں گھاٹا ہو۔

خَسارت: (ع)خِسّت، بخیلی، کنجوسی، کمینہ پن، فرومائگی

خسائس: (ع) خسیسہ کی جمع، پست کام، گھٹیا کام۔

خُسپاندن۔۔۔خُسپانیدن: سُلانا۔

خُسپیدن: سونا۔

خُسپیدہ: سویا ہوا۔

خِسّت: (ع)بخیلی، فرومائگی، کمینہ پن۔

خَستر: موروملخ اور اس طرح کے دوسرے جانور۔

خَستگی: تکان۔

خستگی ناپذیر: نہ تھکنے والا۔

خَستن: تھک جانا، آزردہ ہونا، زخمی ہونا۔

خَستو: معترف، اقرار کرنے والا۔

خَستو: پستہ، گٹھلی

خَستُوان: خستو کی جمع، اقرار کرنے والے، قبول کرنے والے۔

خَستَوانِہ: اُون کی قبا جو درویش پہنتے ہیں، جامہ درویشان۔

خَستہ: تھکا ہوا، آزردہ۔

خَستہ بند: پٹی جو زخم وغیرہ پر باندھی جاتی ہے۔

خستہ خاطر: پریشان حال، غمگین، اداس۔

خستہ خانہ: محتاج خانہ۔

خستہ کُنِندہ: تھکا دینے والا۔

خستہ مزاج: کمزور ، ناتوان، مریض۔

خس خانہ: خس کا بنایا ہوا گھر، گرمیوں کا موسم گزارنے کی قیامگاہ، تابستانی خانہ۔

خسخس: جھنجھنا ، بچوں کی دلچسپی کا کھلونا۔

خَسر: (ع) نقصان، خسارہ، زیان، زیانکاری۔

خُسَر: سُسر۔

خُسران: (ع) نقصان، خسارہ۔

خُسرو: ایران کے ساسانی خاندان کا ایک بادشاہ خسرو پرویز

خسرو انجم: خسرو خاور کنایہ ہے خورشیدکا۔

خسروانہ: شاہانہ۔

خسروگہر: شاہانہ خاندان کا۔

خسروی: شاہانہ۔

خَسف: (ع) نیچے آنا، کمی، گرہن لگنا نیز خواری و پستی۔

خسَک: پہلودار کانٹا، گوکھرو، خارخسک، لکڑی کا تکڑا، سہ گوشہ دھات کے ٹکڑے جو قدیم زمانے میں دشمن کے راستے میں بکھیر دیے جاتے تھے۔

خَسکانان: تجسّس، تفحّص، جستجو، تلاش۔

خس و خاش: گھاس پھوس،کوڑا کرکٹ۔

خسُودَن: کاٹنا، فصل کا کاٹنا۔

خَسوُف: گرہن، چاند گرہن۔

خَسی: کمینہ پن۔

خسیدَن:جوییدن: کسی چیز کو دانتوں کے نیچے نرم کرنا اور چبا لینا۔

خَسیر: (ع) جسے خسارہ ہوا ہو، زیاں کار۔

خسِیس: (ع) بخیل، فرومایہ، پست، لئیم، سفلہ۔

خسیسی: خست، پستی، فرومائیگی

خسِیف: سنگلاخ زمین کا کنواں جس میں پانی لبریز ہو، برسنے والا بادل۔

خُش: خوشدامن، ساس، بیوی یا شوہر کی والدہ۔

خُشاب: لکڑیاں بیچنے والا۔

خُشادِہ: کھیت جس میں بیج بویا گیا ہو۔

خُشار: (۱)پست، فرومایہ، گھٹیا، ناپسندیدہ چیز (۲)باقی ماندہ غذا (۳)خس و خاشاک (۴)کھیتوں کی بیکار اور ضرررسان جڑی بوٹیاں، درخت کی زیادہ شاخیں ان زیادہ شاخوں کا کاٹنا۔

خُشارم: (ع) کرخت آوازیں۔

خَشارِمہ: (ع) خشرم کی جمع، زنبور، شہد کی مکھی، ملکہ مکھیوں کی، شہد کا چھتا۔

خَشّام: بڑی ناک والا۔

خِشان: خشن کی جمع، درشت، کرخت۔

خشانیدَن: خاییدَن، کاٹنا، زخمی کرنا۔

خشاوِہ: خشار، دیکھیے خشار۔

خُشایْ: جس کا آنا خوشی کا باعث ہو، خوش کرنے والا۔

خشَب: لکڑی۔

خِشت: اینٹ، کچی اینٹ جسے خشک ہونے کے لیے قالب میں ڈالا جائے۔

خِشتِ پختہ: پکی ہوئ اینٹ۔

خشت زدن۔۔۔خشت مالیدن: اینٹوں کو دھوپ میں پختہ کرنا۔

خشتِ زر: سونے کی اینٹ۔

خِشت زن: خشت مال، اینٹیں بنانے والا۔

خِشتک: پتلون یا شلوار کا وہ حصہ جہاں جسم کا نچلا پہلو ہوتا ہے، دو ٹانگوں کے درمیان کا حصہ۔

خِشتی:پکی اینٹوں کا بنا ہوا مکان، اینٹ کی سی شکل کا۔

خالِ خشتی:ہیرا۔

خشخاش:پوست کے بیج، کُوکنار۔

خشخاشی:خشخاش سے متعلق۔

خشخَش:سرسراہٹ۔

خشخش کردن:سرسرانا۔

خَشرَم:شہد کی مکھی، ملکہ مکھی۔

خشَع:عاجزی، انکساری، خاکساری، فروتنی۔

خَشَف:سراسرہٹ۔

خُشک:(۱)بے آب، سوکھی ہوئی، سوکھی گھاس (۲)بخیل، ممسک، کنجوس شخص، بے دماغ۔

خشک دست:بندمٹھی، خسیس، بخیل، لئیم۔

خشک وتر:مجازاً بُرا اور اچھا۔

آن سال سال خشکی بود:اس سال بارش نہ ہوئی، فصل اچھی نہ ہوئی۔

دستش را با حوله خشک کرد:اس نے ہاتھ تولیے سے خشک کیے۔

رخت ہارا خشک کردند:انھوں نے کپڑے سکھا لیے۔

کلّہ اش خشک است:وہ بے دماغ شخص ہے۔

نُطقش خیلیِ خشک بود:اس کی تقریر بیجان تھی۔

خشک آخُور:کنایہ ہے خشک سالی اور قحط سالی کا۔

خُشک افزار:چنے ، ماش،مسور کے دانے۔

خُشکار:خشک آٹا، موٹا آٹا، آٹا جسے چھانا نہ گیا ہو۔

خشکامار:تفحص، تجسس، حساب شمار، اندازہ اور مقدار معلوم کرنے کی کوشش۔

خشکانج...**خشک اندام**:لاغر، نحیف۔

خُشکاندن...**خشکانیدَن**:خشک کرنا۔

خُشکبار:پکا ہوا پھل، میوہ رسیدہ، خشک میوہ سوکھا ہوا پھل مثلاً کشمش، بادام، پستہ۔

خشک بازِہ:کٹی ہوئی خشک شاخ۔

خشک جان:بے فضل اور بے ہنر آدمی کا کنایہ۔

خشک دامن:پاکدامن، پارسا و پرہیزگار۔

خشک دست:بخیل، کنجوس، مُمسِک۔

خشک دماغ:کمزور دماغ، بودا۔

خُشک دہن:روزے سے ہونا۔

خشک رُود:ندی جس کا پانی خشک ہو گیا ہو۔

خشک رِیش:جس کی ڈاڑھی کے بال کسی عارضے کی وجہ سے گر رہے ہیں، مجازاً احمق، فرومایہ، ریاکار، بہانہ ساز

خُشک ریشی:بہانہ جوئی، بہانہ سازی، بہانہ تراشی۔

خشک زار:بنجر زمین، شور زار زمین۔

خشک زدن:ہکا بکا رہ جانا، حیران ہونا۔

خشک سار:خشک زار۔

خشک سال:جس سال بارش نہ ہوئی ہو۔

خشک سَر:تند خُو، بیہودہ گو، بے عقل۔

خشک نانک:سوکھی روٹی، سوکھی روٹی جو سالن کے بغیر کھانی پڑے۔

خشک نای:گلا، حلقوم۔

خشک نہاد:بیکار، جو کسی دوسرے کے لیے مددگار نہ ہو۔

خُشکو:سوکھا ہوا۔

خُشکوا:روٹی جو تنور میں پکی ہو۔

خشکہِ:اُبلے ہوئے چاول، ہر خشک چیز، نانِ خشک۔

خشکه بار: دیکھیے خشکبار۔

خُشکی: خشک ہونا، سوکھنا، درشتی، سختی۔

از راه خشکی: خشکی کے سفر کے ذریعے۔

خشکیٔ دماغ: خبط، سودا، جنون، بے عقلی، حماقت، احمقانہ سوچ یا خیال۔

خشکِیدَن: خشک ہو جانا۔

خشکِیده: سوکھا ہوا۔

خَشَل: پست، ناپسندیده۔

خَشم: غصہ، غضب۔

بخشم آمدن: غصے میں آنا۔

خَشم آلوُد: غضبناک۔

خشم آوردن: غضبناک ہونا۔

خشم تاب: غصے سے جلتا ہوا۔

خشم فُرو خوردن: غصے پر قابو پا لینا۔

خشمگین: غضبناک، غصے میں بھرا ہوا۔

خشمگینی: غصہ و غضب۔

خشمناك: غصے میں بھرا ہوا۔

خشمناکی: غصہ۔

خشِن: درشت، سخت، کھردرا، ناہموار۔

اخلاق این مرد خیلی خشن است: اس شخص کا اخلاق بہت درشت ہے۔

این پارچه خشن است: یہ کپڑا کھردرا ہے۔

خشَنسار: مرغابی۔

خَشَنگ: جس کے سر پر بال نہ ہوں، گنجا۔

خُشنُو: خُشنوُد۔

خُشنوُد: خوش نُود، خوش، مسرور، شادمان، خوشحال، راضی۔

خَش و خاش: کوڑا کرکٹ۔

خَشوُدن: چھانٹنا، درخت کی زیادہ شاخوں کو کاٹنا

خَشوُر: پیغام لانے والے، پیغمبر۔

خَشُوع: (ع) عاجزی، انکساری، فروتنی، اکثر یہ لفظ خضُوع کے ساتھ آتا ہے۔

خَشوك: ولدالزّنا، حرامزاده۔

خشوُنَت: (ع) درشتی، سختی، کھردراپن۔ تندی، تیزی۔

خشونت کردن: درشت کلامی سے کام لینا۔

خَشی۔۔۔خشین: سفید یا نیلا رنگ، عربی میں اس کے معنی خائف اور ڈرا ہوا ہے، خشک گھاس۔

خَشِیب: بگڑنا، خراب ہونا، حقیر، گھٹیا۔

خشیَت: (ع) ڈر، خوف، ہراس۔

خشِیج: برعکس، متضاد، نقیض، مخفف آخشیج

خِصاء: (ع) خصّی کرنا، اختہ کرنا۔

خصاصَت: غریبی، افلاس، بینوائی، بیکسی، ناداری۔

خَصّاف: موچی، پھوہڑ کاریگر، اناڑی۔

خِصال: خَصلت کی جمع، اوصاف و عادات، مثال:

نظر کردم بچشم عقل و دانش
ندیدم به ز خاموشی خصالی

میں نے عقل و دانش سے غور فکر کیا ہے مجھے کوئی وصف خاموشی سے بہتر نظر نہیں آیا۔

خصالِ حمیدہ: اچھے اوصاف۔

خِصام: لڑائی، دشمنی کرنا، خصومت ہونا۔

خصائص: (ع) خصوصیتیں، اوصاف، خاصیتیں۔

خصائل: (ع) خصلت کی جمع، اوصاف۔

خِصب: (ع) پانی اور نباتات کی کثرت، سبزے کی فراوانی، آسائش، محصول زمین کی زیادتی۔

خصل: (ع) نشانہ زنی، تیراندازی یا قمار میں شرط لگانا۔

خصلت:(ع) عادت، وصف، خوبی، طینت، ذاتی صفت۔

خَصم:(ع)دشمن، مخالف۔

خُصَماء:خصم کی جمع، دشمن۔

خُصمان:(ع) خصیم کی جمع، دشمن۔

خُصمانہ:دشمنی کے طور سے۔

خصمانہ رفتاري کرد:اس نے دشمن کا طریقہ اختیار کیا۔

خُصوص:(ع) ذاتی طور پر، خاص کر، متعلق، لگاؤ۔

درآن خصوص با او صحبت کردم:اس خاص کام کے متعلق میں نے اس سے بات چیت کی۔

درچہ خُصوص:کس کے متعلق۔

علی الخصوص:خصوصیت سے۔

خُصوُصاً:خاص طور سے۔

خصوصی:(ع) ذاتی۔

مَراسِلہ خصوصی:ذاتی خط۔

خُصوُصیات:خصوصیت کی جمع، خاص اوصاف۔

خُصوُصیّت:(ع) خاص ہونا، قریبی آشنائی، رفاقت، خصوصی تعلق۔

بامن خیلی خصوصیت دارد:اس کی میرے ساتھ قریبی رفاقت ہے۔

خصوصیت کردن:دوستی یا گہرا تعلق ظاہر کرنا۔

خَصُوم:(ع) دشمن۔

خَصُومت:(ع) دشمنی، لڑائی جھگڑا۔

خَصّی:جس کے خصیے نکال دیے گئے ہوں، اختہ۔

خَصِیب:(ع) سرسبز و شاداب زمین حاصل خیز، پرخیرو برکت۔

خُصیَ:خایہ آدمی۔

خُصیتان:دو خصیے۔

خَصیم:دشمن۔

خِضاب:بال رنگنے کا مرکب۔

خُضارَت:سبزی،گھاس، درختوں دیواروں کا سبز رنگ، تازگی، شادابی

خِضر:(ع)(۱)خضر پیغمبر تھے، جن کا نام کتابوں اور داستانوں میں آیا ہے انھیں ولی بھی کہا جاتا ہے۔

خَضِر:سبزہ، سبزہ زار، سبز و شاداب جگہ۔

خَضرا:سبزہ ، سبز رنگ، سبز پودے۔

خضرادمَن:سبزہ جو کوڑے کرکٹ میں اُگا ہوتا ہے، کنایہ ہے ان خوبصورت عورتوں کا جن کا کردار درست نہ ہو، ہر وہ چیز جس کا ظاہر آراستہ پیراستہ ہو لیکن اس کا باطن فاسد و خراب ہو۔

قبہ خَضراء:آسمان۔

خَضرَت:(ع) سبزی، سبزرنگ، سبزہ، نیز نرمی و نازکی۔

خَضل:(ع) خَضَل- چمکدار موتی۔

خُضُوع:(ع) عاجزی، انکساری، فروتنی۔

خَضِیب:(ع) جس میں خضاب لگا ہو۔

خَضیر:(ع) سبز۔

خط:(ع)لکیر، تحریر، نامہ، راستہ، دستاویز، پٹڑی

از خط بیرون افتادن:پٹڑی سے اتر جانا۔

خطِ آہن:ریل کی پٹڑی، ریلوے لائن۔

خط بدنیاکشیدن:دنیا ترک دینا۔

خط برآوردن:دستاویز پیش کرنا۔

خطِ بُطلان کشیدن:غلط ظاہر کرنے کے لیے خط کھینچ دینا، باطل قرار دینا۔

خط زدن:کاٹ دینا ، قلمزد کردینا۔

خط کشیدہ الفاظ:الفاظ جن پر خط کھینچا

گیا ہو۔

خط لاہور بہ کراچی: لاہور سے کراچی کا راستہ

خطِ مُتقاطع: ایک دوسرے کو قطع کرنے والے خط

خطِ مُستقیم: سیدھا خط۔

خطِ مشی: پالیسی، طریق کار۔

خط مُنحنی: ٹیرھا خط۔

خطا: (ع) غلطی، تقصیر، گناہ، بلا ارادہ گناہ۔

خطا رفتن: غلطی کرنا۔

خطا کردن: بلا ارادہ گناہ وقوع میں آنا۔

خط گرفتن: حرف گیری کرنا، اعتراض کرنا، عیب جوئ کرنا، اظہار ناراضی کرنا۔

خِطاب: (ع) کلام، گفتار، عزت کا توصیفی لقب جو حکومت کی طرف سے ملتا ہے۔

خطاب کردن: تقریر کرنا۔

خَطّاب: (ع) خطاب کرنے والا، تقریر کرنے والا، خلیفہ دوم حضرت عمر(رض) کے والد کا نام۔

خِطاباً: (ع) خطاب کے طور سے۔

خطابخش: خطابخش دینے والا، گناہ معاف کرنے والا۔

خِطابہ: (ع) زبانی۔

خَطاپوش: خطابخش، غلطی پر پردہ ڈالنے والا۔

خطّاط: (ع) خوش نویس، کاتب۔

خطّاطی: (ع) خوش نویسی، کتابت۔

خطّاف: (ع) بہت چوریاں کرنے والا، دزد، شیطان۔

خَطاکار: گنہگار۔

خَطاکاری: گنہگاری۔

خَطام: لگام، روک تھام۔

خطایا: گناہ، غلطیاں۔

خُطب: خطبہ کی جمع۔

خطب: (ع) کوئ بڑا کام، امر عظیم، خطوب جمع۔

خُطبا: خطیب کی جمع۔

خُطبہ: وعظ و نصیحت پر مبنی مذہبی تقریر۔

خطبہ خواندن: خطبہ دینا، وعظ کرنا۔

خِطبہ: خواستگاری، استدعا، التماس، درخواست۔

خط تراش: چاقو۔

خط دار: دھاری دار۔

خَطر: (ع) خطرہ۔

این کار خَطرَ دارد: اس کام میں خطرہ ہے۔

درخطر انداختن...در معرض خطر گذاشتن: خطرے میں ڈالنا۔

خطر گاہ: خطرے کا مقام۔

خطط: خط کی جمع۔

خطف: (۱) تیزی سے کوئ چیز اڑا لینا، چرالینا۔

خط کش: پیمانہ جس سے لکیریں لگاتے ہیں۔

خط کشی: لکیریں لگانا۔

خَطَل: (۱) حماقت، سُبکی، جلدی، تیزی (۲) بیہودہ بات۔

خَطم: (ع) نوک، منقار۔

خَطوات: (ع) خطوہ کی جمع، قدم، دو قدموں کا درمیانی فاصلہ۔

خطوب: خطیب کی جمع۔

خَطوت: (ع) قدم اٹھانا چلتے ہوئے دو پاؤں کا فاصلہ۔

خَطور: (ع) ذہن میں آنا، بھولی ہوئی بات کا یاد آنا۔

بخاطرم خُطور کرد: میرے ذہن میں بات آئی۔

خطُوط:(ع) خط کی جمع۔

خَطوہ:(ع) قدم، دو قدموں کا درمیانی فاصلہ، پیمانہ، ۔

خِطّہ:(ع)زمین، زمین کا حصہ، علاقہ، ملک، علاقہ جس میں لوگ آباد ہو گئے ہوں۔

خَطی:(ع) (۱) ہاتھ کا لکھا ہوا، مسودہ (۲)بحرین کا ایک مقام جہاں سے اچھے نیزے لائے جاتے تھے۔

خطِیب:(ع) خطبہ دینے والا۔

خِطیبہ:(ع) لڑکی جس کی منگنی ہو چکی ہو۔

خطِیبی:(ع) خطابت۔

خَطِیر:(ع) (۱)بڑا، اہم، قابل توجہ (۲)پر خطر مثال:

افتاد گُذر درشبِ ظلماتی ہستی
در راہ خطیری من بی تاب و توان را

زندگی کی تاریک رات میں اس بے تاب و توان شخص کا گذر ایک پر خطر راستے سے ہوا۔

خَطِیف:(ع) تیز چلنا، تیز رفتاری۔

خَطیئہ:(ع) گناہ، خطایا جمع۔

خف:(ع) جوتا، پاپوش، کف پا، موزہ۔

خفّ:(ع) خفیف، ہلکا، سبک، چھوٹا سا گروہ۔

خَفا:(ع) اخفا، پنہاں، پوشیدگی۔

خُفارَت:(ع) حفاظت، حمایت، سرپرستی، سایہ عاطفت۔

خُفّاش:(ع) چمگادڑ۔۔

خِفاف:(ع) خف کی جمع، خفیف۔

خَفّاف:(ع) کفش فروش، جوتے بنانے والا۔

خُفایا:(ع) خفیہ کی جمع، پراسرار، بھید،

خِفّت:(ع) شرمندگی، ندامت، سبکی، ذلت ، بے عزتی۔

خِفّت آمیز:ذلت آمیز۔

خفّت دادن:نادم کرنا، ذلیل کرنا۔

خِفّت عقل:عقل کی سبکی یا کمی۔

خِفّت کشیدن:شرمسار ہونا، نادم ہونا، ذلیل ہونا۔

خِفّت مزاج:وہم، وسواس، تلوّن۔

خفت:گرہ، حلقہ۔

خُفت:خفتن مصدر=سونا سے ماضی مطلق، سو گیا

خُفتار:سونا۔

خِفتان:خود، آہنی زرہ، ریشمی جامہ، جو جنگ کے وقت زرہ کے نیچے پہنتے تھے۔

خُفتاندن۔۔خفتانیدن:سلانا۔

خُفتَك:بختک، کابُوس، ڈراؤنا خواب، جس چیز کا خوف دل میں بیٹھ گیا ہو۔

خُفتِگی:سونے کے لیے لیٹنا۔

خُفتَن:سونا۔

خُفتوُ:خُفتک دیکھیے۔

خُفتہ:سویا ہوا۔

خُفتیدَن:سونا۔

خُفتیدہ:سویا ہوا۔

خَفَج:خفجا- خفتک،کابوس۔

حَفِجہ:ایک خاردار پودا جس کے پھول سفید ہوتے ہیں اسے گل نوبہار بھی کہتے ہیں۔

خفچہ:سونے یا چاندی کی ڈبیا، گھنگھریالے بالوں کی لٹ۔

خِفدان:دیکھیے خفتان۔

خَفدہ:خمیدہ، جھکا ہوا۔

خَفرَ:ندامت، شرمندگی۔

خَفرَج:خرفہ۔

خَفرَنج:کابوس، دیکھیے خفتک۔

خفرہ:بچاؤ، بچاؤ کرنے والا۔

خَفض:(ع) پست کرنا، جھکاؤ، پستی، افسردگی، بددلی، عجز و انکسار، نیز بمعنی فراخی، تن آسانی۔

خفضِ جناح:عجزو انکسار، فروتنی، خاکساری، فرومایگی، تسلیم و رضا، تواضع۔

خَفقان:(ع) دل کی دھڑکن، لرزش، اختلاج قلب، تپش دل۔

خفگی:نفس کی تنگی، تنگ تنگ سانس آنا۔

خفَنج:ناز و غمزہ، عیش و طرب، نفع، فائدہ۔

خُفوُف:ہلکا پن، تیزی، زندہ دلی۔

خفِہ:گلا گھٹنا، جوکبھی خفگی کی حالت سے دوچار ہوا ہو۔

آدم از گرما خفِہ می شود:شدید گرمی کی وجہ سے انسان کا دم گھٹتا ہے۔

خفہ کُن:گلا گھونٹنا۔

خَفی:(ع) مخفی، پوشیدہ، خفیہ، گوشہ گیر۔

خفیّات:خفیہ کی جمع۔

خَفیّت:راز، بھید، خفیہ بات۔

خَفیدن:گلا گھٹنا۔

خفیدِہ:جس کا گلا گھٹ رہا ہو۔

خَفیر:(ع) نگہبان، پناہ دینے والا، حامی، سرپرست۔

خفیف:(ع) ہلکا، کم، ذرا سا۔

بحرِ خفیف:شاعری میں ایک بحر کا نام۔

بقول حیثم:«فاعلاتن مفاعلن فعلن»۔

بقول عمید:«فاعلاتن مستفعلن فاعلاتن»۔

خفیفُ الرُّوح:(ع) خوش باش، خوش مزاج، پرمسرت۔

خفیف العقل:جاہل، بے وقوف، کم عقل

خفیفُ الیَد:سبک دست، مشاق، ماہر، کاریگر۔

خُفیِہ:پوشیدہ، مخفی۔

درخفیہ:پوشیدہ طورسے۔

خُفیَۃً:(ع) خفیہ طور سے۔

خُفیِہ فُروش:ممنوع تجارت کرنے والا، خفیہ طور سے ناجائز کاروبار کرنے والا۔

خُفیِہ فُروُشی:ممنوع تجارت۔

خفیِہ نگار:خفیہ طور سے اطلاع دینے والا، خفیہ پولیس، خفیہ خبروں کو ضبط تحریر میں لانے والا۔

خکُنك:مٹی کا پیالہ، رنگین منقش پیالہ۔

خَلّ:(ع) سرکہ، ترشی۔

خِلّ:گہرا دوست۔

خُل:کم عقل، ابلہ، بے وقوف۔

خِلّ:غلاظت، جو ناک کے ذریعے نکلتی ہے۔

خَلا:(ع)قضائے حاجت کی جگہ، ٹٹی، بیت الخلا۔

خلا و ملا:پوشیدہ اور کھلی بات۔

خَلاب:(ع) کیچڑ۔

خلاِشمہَ:گلے کا ورم۔

خلاص:(ع) نجات، رہائی، خلاصی، آزادی۔

خلاص شدن:رہا ہونا، ختم ہونا۔

خلاص کردن:نجات دلانا، آزاد کرنا۔

خُلاصِہ:مختصر، تلخیص، اصل بیان کو اس طرح مختصر طور سے بیان کرنا کہ بات واضح طور سے سمجھ میں آجائے،ماحصل، ملَخص۔

انسان خُلاصہ تمام مَوجودات است:انسان ساری کائنات کا اہم ترین ماحصل ہے۔

خلاصہ این نُطق چہ بُود:اس تقریر کا ماحصل یا اختصار کیا تھا؟

خلاصہِ نویس:خلاصہ لکھنے والا، سٹینو گرافر۔

خلاصہ نویسی:مختصر طور سے لکھنا، سٹینو

گرانی۔

خلاصی: نجات، رہائی۔

خِلاع: (ع) خلعت۔

خَلاعَت: (ع) ہوا و ہوس کا پیرو ہونا، بے پروائی۔

خِلاف: (ع) وہ چیز جو عقیدے کی راہ میں حائل ہو۔

خلافِ عادت: جس کا معمول سے اختلاف ہو، خلاف معمول۔

خلاف ورزیدن: تردید، رد کرنا، باطل قرار دینا۔

خلافاً: (ع) مخالفانہ، مقابلے میں۔

خِلافت: (ع) جانشینی، نیابت کے فرائض ادا کرنا، پیغمبر کا جانشین ہونا۔

خِلاف کار: قانون کے خلاف عمل کرنے والا۔

خِلاف کاری: قانون یا شرع کی مخالفت کا کام۔

خِلاف گوی: مخالفت میں کچھ کہنا۔

خِلاف ورزی: خلاف بات کرنا، شرع یا قانون کے خلاف بات کرنا، یا عملی قدم اٹھانا۔

خلافی: مخالفت، جُرم کی اصلیت۔

خلّاق: (ع) پیدا کرنے والا، آفریدگار، برورد‌گار۔

خَلاقت: نرم ہونا، تابناک ہونا۔

خِلال: (ع) تنکا جس سے دانتوں سے خوراک وغیرہ کے ذرات کو نکالا جاتا ہے۔

خِلال: (ع) وسط، درمیان، درمیانی جگہ، درمیانی عرصہ۔

خلال: خلل کی جمع۔

خِلال: دوستی، رفاقت۔

خلالت: مخلصانہ دوستی۔

خُلالت: دانتوں کے درمیانے حصے کا گوشت۔

خلا نُوش: شور و غوغا، غلغلہ، فتنہ و آشوب۔

خلانیدن: چبھونا، شگاف ڈالنا، ٹھونسنا۔

خَلاوہ: حیران، سرگشتہ، سراسیمہ۔

خلائق: مخلوق۔

خلایا: خلیہ کی جمع۔

خُلب: بادل جس سے مینہ نہ برسے۔

خلبان: ہوا پیما، ہوا نورد، ہوائی جہاز چلانے والا پائیلٹ۔

خِلت: دوستی، برادری۔

خلَج: خلجستان کا رہنے والا، ترکوں کا ایک قبیلہ۔

خَلجان: اضطراب، بے چینی، بے تابی، لرزش، دھک دھک

خلجان قلب: دل کی دھڑکن، دل کا دھک دھک کرنا۔

خَلجِستان: قم کے قریب ایران کا ایک ضلع۔

خَلَخُ: ماوراء النہر کے ترکوں کا ایک قبیلہ جو شعرائے قدیم کے نزدیک حسن و زیبائی کی وجہ سےمشہور تھا۔

خَلخال: پائل، پازیب۔

خلخال: آذر بائیجان کے ایک شہر کا نام۔

خُلد: (ع)دوام، ہمیشگی، ابدیت، سرمدیت، زمان لامحدود، حیات آئندہ، بہشت، جنت۔

خُلدِبرین: بہشت جاودانی۔

خُلد: چھچھوندر، کورموش۔

خَلّد: خدا ہمیشہ قائم رکھے۔

خلّد الله مُلکہ: خدا اس کے ملک کو ہمیشہ قائم رکھے۔

خُلدآشیاں: خلد مکان، جو بہشت میں جابسا ہو، مرحوم و مغفور

خُلَّر: سبز مٹر، ایک قسم کا چھوٹا مٹر۔

خُلسہِ: (ع) لے جانا، پکڑ لینا، غبن۔

خَلش: کھٹک، رنجش، زخم۔

خِلص: مخلصانہ دوستی۔

خُلص: خالص کی جمع، پاک صاف۔

خَلط:(ع) مل جانا، الجھنا، دشواری پیدا ہونا، الجھاؤ۔

خَلطِ مبحَث:موضوع بحث سے ہٹ جانا، حیلہ حوالہ، ادھر ادھر کی باتیں شامل کرلینا۔

خِلط:کوئ چیز جو کسی اور چیز سے مل گئ ہو (اخلاط جمع)۔

خِلطا:خلیط کی جمع۔

خُلطہ:(ع) ملنا، شریک بننا، میل، راہ ورسم، ربط، ساتھ، ربط ضبط، میل جول، آمیزش۔

خَلطی:(ع) اخلاط سے متعلق۔

خَلع:(ع) معزول کرنا، ہٹا دینا، دور کرنا، منصب سے الگ کردینا۔

خَلعِ سلاح کردن:اسلحہ اتار دینا۔

خُلع:(ع) جدائ، رہائ، طلاق عورت کا حاصل کرنا۔

خِلعَت:(ع) **لباسِ افتخار**- قبا جو بادشاہوں یا بزرگوں کی طرف سے بطور انعام ملتی تھی۔

خُلعَت:(ع) طلاق جو عورت کی خواہش پر دیا جائے۔

خلف:(ع) فرزند سعید، مطیع، فرمانبردار بیٹا

فرزندناخلف:نافرمانبردار بیٹا۔

خَلَف:(ع) (۱)جانشین (۲)پچھلا حصہ، سر کا پچھلا حصہ۔

خُلف:(ع) توڑنا، وعدہ شکنی۔

خُلفا:خلیفہ کی جمع،

خلفائی راشدین کے اولیں چار خلفا حضرت ابوبکر صدیق، حضرت عمر خطاب، حضرت عثمان غنی، اور حضرت علی(رض)

خُلفَت:دھبا لگنا، داغ لگنا، عیب، دھبا، داغ۔

خلفی:جانشینی۔

خلق:(ع)آفرینش، تخلیق، کائنات، موجودات

خَلق شدن:پیدا ہونا، وجود میں آنا۔

خُلق:(ع) عادات واطوار، مزاج، مزاجی کیفیت (اخلاق جمع)۔

خوش خلق:اچھے عادات واطوار والا شخص۔

کج خلق:بدخلق، بُرے عادات و اطوار والا۔

خَلَق:(ع)کہنہ، بوسیدہ۔

خَلقاً:(ع) جسمانی ساخت کے لحاظ سے۔

خُلقا:(ع) اخلاقی طور سے۔

خَلق آزار:مخلوق کو تکلیف پہنچانے والا۔

خَلق السّاعت:فوراً، فطری تخلیق۔

خُلقان:(ع) پھٹے پرانے کپڑے، بوسیدہ کپڑے۔

خَلقَت:(ع) مخلوق، آفرینش۔

خِلقَت:(ع) فطرت، سرشت، آفرینش، ہیئت۔

خَلقی:قدرتی، ذاتی، فطری۔

خَلَل:(ع) خرابی، بگاڑ، نقص۔

خَلَل پَذیر:جس میں کوئ خرابی آرہی ہو۔

خلل رساندن:نقصان پہنچانا۔

خَلَل و فُرَج:مسام۔

خلل و فرج دار:مسام دار، جس میں مسام کثرت سے ہوں۔

خِلم:غلیظ مادہ جو ناک کے ذریعے نکلتا ہے۔

خِلِن:جس کی ہمیشہ ناک بہتی رہتی ہو۔

خَلنَج:خلنگ۔

خَلَنگ:ابلق (خصوصاً گھوڑا) چتلا، چتکبرا مجازاً بوقلموں، رنگ برنگ، متنوّع۔

خَلنگ:میدان جس میں جھاڑیاں ہوں۔

خلنگ زار:بنجر زمین جس میں جھاڑیاں ہی جھاڑیاں ہوں۔

خُلوُ:(ع) خالی ہو جانا۔

خلو:(ع) خلا، خالی، تنہائی، (اخلا جمع)۔

خَلوَت:(ع) تنہائی، تنہا جگہ، تخلیہ، خانہ نشینی۔

أطاق راخلوت کنید:کمرے میں مجھے تنہا رہنے دیں۔

درخلوت:تنہائی میں۔

خلوت آفرین:تنہائی پیدا کرنے والا، تنہائی پسند، گوشہ نشین۔

خلوت گُزیدن:کنارہ کشی اختیار کرنا، خانہ نشین ہونا، پنشن پانا، کاروبار سے سبکدوش ہونا۔

خلوت گُزیدہ:گوشہ نشین، تنہا، تارک الدنیا۔

خَلوَتی:خفیہ، ذاتی۔

خُلوُد:(ع) دوام، ہمیشگی، ابدیت۔

خُلوُص:(ع) سچی دوستی، وفاداری۔

خلوُص کار:مخلص، وفادار، سادہ دل۔

خُلوُلیا:مالیخولیا۔

خلِہ:کشتی چلانے کا چپو۔

خلی:آزاد، خالی، بے اثر۔

خلیج:سمندر کی ایک شاخ جو تین طرف سے خشکی میں ہو اور اس کی ایک طرف سمندر سے ملی ہو، مثلاً خلیج فارس۔

خَلید:کسی کانٹے یا نوکدار چیز کا چبھنا، چھید ہونا، مثال:

تا در رہِ افتادگیم راہنما شد
ہر خار کہ در پای خلید است عصا شد

جب سے تیرے راستے کا جو کانٹا بھی میرے پاؤں میں چبھا ہے اس نے میرے لیے عصا کا کام دیا ہے۔

خَلیدگی:چبھن، چھید، سوراخ

خَلیدَن:چبھنا، چھید کر دینا۔

خَلِیس:(ع) (۱)خشک گھاس اور سر سبز گھاس ملی ہوئی (۲)وہ شخص جس کے بال سفید و سیاہ ہوں۔ (۳)دلیر، ہوشیار۔

خَلِیش:(۱)شور و غوغا (۲)کیچڑ، دلدل۔

خَلِیط:(ع) آمیزش، مرکب، محلُول، شراکت۔

خلیطِہ:تھیلا، تھیلا جس میں فقیر کھانے کی چیزیں رکھ لیتے ہیں۔

خَلیع:(۱)اوباش، عیار، بے وفا، بیٹا جسے باپ نے گھر سے نکال دیا ہو۔

خَلیعُ العِذار:(ع) مکار، فریبی، بدباطن، بے حیا اوباش، عیار، آوارہ، بدکردار۔

خَلیفہ:(ع) پیغمبر کا جانشین،

خَلِیق:(ع) صاحب خلق، خوش خلق، شائستہ۔

خَلیقہِ:(ع) فطرت، خلقت۔ سرشت، خُو، طبیعت۔

خلیل:(ع) سچا دوست، مہربان دوست۔

خلیل اللہ:اللہ کا سچا دوست، حضرت ابراہیم۔

خلیواج:غلیواج، چیل۔

خَم:جھکاؤ، بل، پیچ و تاب، چِین، شکن، زلف و گیسو کی شکن۔

پُشت خَم:کُوزپشت، کبڑا۔

خم باہرو نیاوردن:ابروپر بل نہ آنے دینا۔

خُم:شراب کا مٹکا۔

خُم:مرغ خانگی کا پنجرہ۔

خُماخسرو:ایران قدیم کی موسیقی کی ایک راگنی۔

خُمار:(شراب کا نشہ اترتے وقت سر میں ہلکا درد ہونا،

مستی کے بعد کی حالت۔

خمّار:شراب بیچنے والا، مے فروش۔

خُمار آلود:نشہ میں سرشار۔

خُمار خانہ:میخانہ۔

خِمار:پردہ، چادر۔

خُماری:نشہ کی حالت۔

خُماسی:پانچ حروف کا لفظ، کوئی چیز جو پانچ اجزاء پر مبنی ہو۔

خَماش:بے مصرف چیز۔

خُماشہ:(ع) خراش، معمولی زخم، چھیلن۔

خَمان:کمان۔

خمان:**خماندن مصدر**= جھکنا سے، جھکا ہوا۔

خَماندن:**خَمانیدن**- جھکانا، لکڑی یا کسی اور چیز کو نیڑھا کرنا۔

خَمانیدہ:جسے نیڑھا کیا گیا ہو۔

خُمبارہ:بم شیل، مارٹر، گرینیڈ، (انگ)۔

خمبارہ چی:بم گرانے والا۔

خُمبارہ دستی:دستی بم۔

خُمچہ:شراب کا چھوٹا خُم۔

خُمخانہ:میخانہ، میکدہ۔

خم خم:جھکنا۔

خمدار:جھکا ہوا، بل کھایا ہوا، خمیدہ کمر۔

خُمدان:شراب کا خم رکھنے کی جگہ،میخانہ۔

خَمر:نشہ، انگور یا کھجور کا رس جس سے شراب بنائی جاتی ہے۔

خَمرؔ:(۱)پردہ، (۲)ہجوم، انبوہ۔

خَمر:نشے میں سرشار۔

خَمرخانہ:میخانہ۔

خَمر فروش:مے فروش۔

خُمرہ:خُم، وہ برتن جس میں کوئی سیال چیز رکھی جائے یا تیار کی جائے۔

خَمری:نشے سے متعلق، شراب کے رنگ جیسا۔

جنوُن خمری:شراب پینے کی عادت۔

خَمریات:مشروبات جن میں الکحل شامل ہو۔

خُمس:(ع) پانچواں حصہ۔

خُمِستان:خم خانہ، مے خانہ۔

خمسہ:(ع) پانچ چیزوں کا مجموعہ۔

خمسہ نظامی:نظامی گنجوی کی پانچ مثنویاں جو حسب ذیل ہیں مخزن الاسرار، خسرو و شیریں، لیلیٰ و مجنوں، ہفت پیکر اور سکندرنامہ۔

خمسہ:تہران اور آذر بائیجان کا درمیانی صوبہ۔

خَمسی:مچھلی کی ایک قسم۔

خَمسِین:(۱)پچاس (۲)مصر میں سخت گرم ہوا کو خمسین کہتے ہیں۔

خَمُش:خاموش کا مخفف ہے۔

خُمک:چھوٹا خُم، چھوٹا مٹکا۔

خُم کردہ:خمیدہ، جھُکا ہوا۔

خُم گر:مٹکے بنانے والا۔

خمل:(۱)زعفران (۲)مخمل۔

خم و چَم:نازو ادا، عشوہ و غمزہ۔

خمود:(ع)آگ کا بجھ جانا، بیہوش ہو جانا، سکوت خاموشی۔

خَمُوش:خاموش، بات نہ کرنا۔

خمُوشاندن:خموشانِیدَن- خموشیدَن- چپ ہونا یا چپ کرانا۔

خَمُول:(ع) پنہاں ، تاریکی، اندھیرا، ظلمت، مخفی ہونا، پوشیدگی، گمنامی۔

خَمُولِستان:قبر، قبرستان۔

خمی:خمیدگی، گولائی، انحنا، مخنی ہونا۔

خَمیاز:خمیازہ۔

خمیازہ:انگڑائی، جمائی ۔

خمیازہ کشیدِن:انگڑائی لینا۔

خمیدِگی:گولائی، خمیدہ ہونا، جھکاؤ۔

خَمیدَن:جھک جانا، کمر میں بل آجانا۔

خَمِیدہ:جھکا ہوا، کُبڑا۔

خَمِیر:(ع)گندھا ہوا آٹا جسے کچھ عرصے رکھ کر ذرا سا ترش کرلیتے ہیں، گندھا ہوا آٹا۔

خَمیرگیر:آٹا گوندھنے والا، خمیر کرنے والا۔

خَمیرمایِہ:خمیر کیا ہوا آٹا جس میں ترشی آگئ ہو، وہ مرکب جسے آٹا خمیر کرنے میں کام میں لایا جاتا ہے۔

خمیِرہ:(ع) سرشت، فطرت، افتاد طبع، مزاج۔

خمیری:خمیر سے متعلق۔

خَمِیس:(ع) (۱)پنج شنبہ، جمعرات (۲)فوج جس کے پانچ حصے ہوں، ایک حصہ آگے ایک پیچھے، ایک وسط میں اور دو دائیں اور بائیں۔

خَن:(ع)جہاز کا نچلا حصہ، نچلے حصے کی نشست۔

خناجِر:خنجر کی جمع۔

خنادِق:(ع) خندق کی جمع۔

خَنازیر:(ع) ایک بیماری جس سے گلے کے نیچے اور گردن میں سخت غدود نکل آتی ہے، نیز بمعنی خُوک، سُور (خنزیر کی جمع)

خنّاس:(ع)شیطان، ابلیس، بدکار شخص، شیطان صفت۔

خنّاسی:شیطنت۔

خُناق:(ع)گلے کی تکلیف، گلے کی بیماری کا نام۔

خِناق:رسّی جس سے پھانسی دی جاتی ہے۔

خَنّاق:پھانسی دینے والا۔

خنبانِیدن:کسی کی حرکات دیکھ کر ویسی حرکات کرنا، استہزا کےطور سے حرکات کرنا۔

خُنبرِہ:خُم، چھوٹا خم۔

خُنبك:دف کی قسم کا ساز۔

خُنبیدن:دف بجانا، ہاتھ مارنا، حرکت کرنا،کوشش کرنا۔

خُنثی:(ع) جو نہ مرد ہو نہ عورت لیکن مردانہ اور زنانہ ظاہری علامات رکھتا ہو، مخنث۔

خُنثی:(ع) نامعلوم،مُبہم۔

خُنثی کردن:رد کرنا، انکار کرنا۔

خَنج:نازو عشوہ، خوشی، راحت، منافعہ، فائدہ۔

خَنج:خراش۔

خنجَر:ایک مشہور ہتھیار، چُھرا، کٹار۔

خنجك:سہ پہلو کانٹا، گوکھرو۔

خنَجہ:خوشی، آواز جو خوشی کے موقع پر گلے سے نکلتی ہے۔

خنجیر:بُو جو ہڈی، چمڑا یا اُون کے جلنے سے آتی ہے

خندیدن:ہنسنا سے فعل امر ہنسو۔

خَند:قہقہہ۔

خَندا خَند:ہنستے جانا۔

خَندان:ہنستا ہوا۔

خنداں خنداں:قہقہے لگاتا ہوا۔

خَنداندن- خندانیدَان:ہنسانا۔

خَند رِیس:(۱) شراب کہنہ (۲)گندم کہنہ

خندستان:ہنسنے ہنسانے والوں کی محفل، کنایہ ہے معشوق کے لب و دہن کا۔

خَندَق:کھائی، گڑھا، گہری کھائی جو شہر کے ارد گرد حفاظت کی غرض سے کھودی جاتی ہے۔

خَندِہ:ہنسی۔

خندہ ام گرفت:میں ہنسنے پر مجبور ہوا۔

خندہ زدن-خندہ کردن:ہنسنا۔

خندہِ زُورک:مجبوری کی ہنسی۔

خندہ مسخرہ آمیز:تمسخر کی ہنسی، مضحکہ آمیز ہنسی۔

خندہ آوَر:ہنسی کا باعث۔

خندہِ خَرِیش:مسخرہ، جس کی حرکتوں کو دیکھ کر لوگ ہنستے ہیں۔

خندہِ دار:ہنسنے ہنسانے والا۔

خندہ رُو:خوش مزاج، اچھی عادت والا۔

خندہ رُوی:خوش مزاجی، ہنسی خوشی۔

خندِیدَن:ہنسنا۔

بریشِ کسی خندیدن:کسی کا مذاق ازانا۔

خِنزِیر:(ع)سُور، خُوک، خنازیر جمع۔

خَنِش:کھجلی اٹھنا، خارش ہونا، کھجلانا۔

خنِش کردن:کھجلانا۔

خُنشان:مُبارک، خجستہ، مثال:

باد برتو مبارک و خُنشان
جشن نوروز و گو سفند کُشان

یہ جشن نو روز اور اس موقع پر جو بکروں کی قربانی دی جارہی ہے یہ آپ کے لیے مبارک اور باعث تبریک ہو۔

خِنصِر-خُنصُر:(ع) ہاتھ کی چھوٹی انگلی، چھنگلی۔

خُنفَسا:(ع) کالا بھونرا۔

خَنق:(ع) گلا گھٹنا۔

خُنُک:سرد، خوب، خوش، مبارک۔

ہوای خُنُک:ٹھنڈی ہوا۔

خُنکا:خوشا، واہ کیا خوشی کی بات ہے۔

خُنکار:ترکی کے بادشاہوں کا قدیمی لقب۔

خُنُکی:ٹھنڈ، سردی۔

خنگ:(۱)سفید رنگ کا گھوڑا (۲)سفید، خاکستری۔

خنگ بُت:سفید بُت، بامیان کے پہاڑوں میں دو بت تھے ایک خنگ بت تھا اور دوسرا سرخ بت۔

خنگ بید:سفید کانٹا، بمعنی خارپشت۔

خنگسار:جس کے تمام بال سفید ہوئے ہوں۔

خَنگل:زرہ بکتر، جوشن۔

خنگو:ایک زرد رنگ کی بیل جس کی شاخوں پر کوئی پتا نہیں ہوتا۔

خُنُور:منی کا پیالہ، کوزہ، کاسہ، خُم، سُبو۔

خَنُوس:(ع) پنہاں کرنا، چُھپانا۔

خُنیا:ساز، سرود، نغمہ۔

خُنیاگر:مغنیّ، ساز بجانے والا۔

خُو:پسینہ، عرق۔

خُو:سرشت، عادت، فطرت، طبیعت کردار۔

خواب:نیند۔

خواب آلُود:جو ابھی بیدار ہوا ہو اورنیند کی کیفیت ابھی باقی ہو۔

خواب آلودِگی:اونگھنا۔

خواب آور: نیند لانے والی۔

خواب از چشم رفتن- خواب از سربردن: نیند اڑجانا، نیند جاتی رہنا۔

خواب بُردِہ: سویا ہوا۔

خواب بند: افسوں یا کوئی اور چیز جو نیند سے باز رکھتی ہے۔

خواباندن- خوابانیدن: سُلانا۔

خواب تعبیرکن: خواب کی تعبیر بتانے والا۔

خواب جامِہ: رات کو سوتے وقت کا لباس۔

خواب خانِہ: خوابگاہ۔

خوابِ خرگوش: بہانے کی نیند، خواب غفلت، تغافل، بے خبری۔

خواب رفتگی: بے حسی، غفلت۔

خواب رفتِہ: سویا ہوا۔

خواب زدِہ: خواب آلود۔

خوابِ زن چپ است: عورت جو خواب دیکھتی ہے اس کی تعبیر الٹی ہوتی ہے۔

خوابِ سبُک: ہلکی نیند۔

خوابِ سنگین: گہری نیند۔

خوابگاہ: سونے کی جگہ۔

خواب گُزار: خواب کی تعبیر بتانے والا۔

خواب گفتن: خواب کی تعبیر بتانا۔

خواب نادیدہ: نابالغ،ناتجربہ کار۔

خوابیدن: سونا۔

خوابیدِہ: سویا ہوا۔

خواتِم: (ع) خاتم کی جمع۔

خوَاتیم: (ع)خاتام اور خاتمہ کی جمع۔

خواتِین: خاتون کی جمع۔

خواجگان: خواجہ کی جمع۔

خواجہ: (۱)ممتاز شخص، امیر آدمی، معزز، بزرگ (۲)مخنث۔

خواجہ تاش: ایک آقا کے دو ملازم۔

خواجہ سرا: جسے اختہ کیا گیا ہو، رنخہ، مخنث، ہیجڑا۔

خوار: ذلیل، قابل نفرت، پست، رسوا۔

خَوار شُمُردَن: ذلیل سمجھنا۔

خوارو زار: حقیر اور ستم زدہ۔

خوار: ضعیف، سست۔

خُوار: کھانے والا، پینے والا۔

گوشت خوار: گوشت کھانے والا۔

مے خوار: شراب پینے والا۔

خَواربار: خوراک، بہم رسانی خوراک، وسیلہ سامان خورو نوش۔

خوارِج: (ع) خارجی کی جمع۔

خُوار خُوار: بیہودہ، پست۔

خوارَزم: بحیرہ خزرکے مشرقی ساحل کا ملک۔

خوارَزمی: خوارزم کا رہنے والا۔

خوارِق: (ع) (جمع خارق)، غیر معمولی باتیں، معجزات، کرامات۔

خوارکار: خوار کرنے والا، ذلیل کرنے والا۔

خوارکُنندِہ: ذلیل کرنے والا۔

خوارِہ: غذا، سامان خورونوش، رسد۔

خواری: ذلت، پستی، رسوائی۔

خواری کشیدن: ذلت اٹھانا، ذلیل ہونا۔

خوازِہ: (۱)چوب بندی کرنا، چراغاں کے لیے لمبے لمبے بانس باندھنا، بلند چبوترا، شاہ نشین، کاشانہ۔

خواست: خواہش، مرضی، ارادہ، میل۔

خواست برگ: اطلاع نامہ جو عدالت کی طرف سے حاضری کے لیے بھیجا جاتا ہے۔

خواستِ خدا: اللہ تعالی کی رضا۔

بخواست خدا: انشا اللہ۔

خَواستار: مانگنے والا، چاہنے والا، متمنی، طالب التماس کرنے والا۔

خَواستاری: طلب، خواستگاری، طلبگاری، خواہش کرنا۔

خواستگار: آرزومند، طالب، درخواست کرنے والا، التجا کرنے والا۔

خواستگاری: کسی کی دختر کو اپنانے کی درخواست کرنا۔

خواستن: مانگنا، طلب کرنا، خواہش کرنا

از خدا خواستن: خدا سے التجا کرنا۔

عذر خواستن: معذرت چاہنا۔

خواستہ: جس کی خواہش کی گئی ہو۔

خواستی: رضا مندی۔

خواص: (ع) خاص کی جمع، بزرگان۔

خوّاص: (ع) کھجور کے پتے بیچنے والا۔

خَواطِر: (ع) دیکھیے خاطر۔

خوافی: (ع) خافی کی جمع، دیو، جن۔

خَواقین: (ع) خاقان کی جمع۔

خَوال: (۱) سیاہی، (۲) سامان خورونوش۔

خَوالِستان: دوات جس میں لکھنے کے لیے سیاہی یا روشنائی ڈالی جاتی ہے۔

خوالِیگر: باورچی، خوان سالار۔

خوان: دستر خوان، بڑی لکڑی کاطشت، طبق۔

خوان آراستن: کھانے کی میز لگانا۔

خوان چیدن: میز پر دسترخواں بچھانا۔

خوان یغما: کھانے کے لیے کھلا دسترخواں جس کے لیے صدائے عام ہو۔

برخوان شدن: کھانے کے لیے دسترخواں پر بیٹھنا۔

خوان: کار نمایاں، اولوالعزمی کا کام۔

ہفت خوانِ رستم: وہ سات مہمیں جو رستم کو پیش آئیں۔

خوان- خواندن: پڑھنا سے فعل امر، پڑھو۔

ابجد خوان: پڑھائی شروع کرنے والا۔

آواز خوان: گانے والا، مغنّی۔

خوانا: جو پڑھا جاسکے۔

خط او خوانا است: اس کا خط صاف ہے اور پڑھا جاسکتا ہے۔

خوان پایہ: میز پوش، دستر خوان۔

خوانچہ: لکڑی کی طشتری جس میں میوہ رکھ کرپیش کیا جاتا ہے۔

خواندگان: جنھیں دعوت دے کر بلایا گیا ہو۔

خواندِگی: پڑھنا، گانا۔

خواندَن: پڑھنا، بلانا، دعوت دینا۔

آواز خواندَن: گانا۔

پِسرَ خواندَن: متبنّی بنا لینا۔

پیش خواندَن: آگے بلانا۔

عِلم خواندَن: مطالعہ کرنا۔

خواندنی: جو پڑھا جاسکے۔

خواندہ: پڑھا ہوا، لکھا پڑھا۔

خوان سالار: میز پر کھانے کا اہتمام کرنے والا، کھانے کی چیزوں کا منتظم۔

خوان گر: میز پر کھانے چننے والا۔

خوانَندِگی: گانے کا پیشہ۔

خوانَندہ: گانے والا، مغنّی، خوانندگان جمع۔

خوانین: (ع) خان کی جمع۔

خواو: خواب۔

خواہ: چاہیے۔

خواہ مخواہ: چاہیے نہ چاہیے۔

خواہ: خواستن: چاہنا سے فعل امر چاہو، چاہنے والا۔

خیر خواہ: نیکی چاہنے والا، بھلائی چاہنے والا، خیراندیش۔

خواہان: چاہنے والا، متمنی، طلب گار۔

خواہِر: ہمشیرہ، بہن۔

خواہر اندر: سوتیلی بہن۔

خواہرانہ: بہنوں کی طرح سے۔

خواہر خواندِگی: متبنّی بہن۔

خواہرِ زن: سالی، بیوی کی بہن۔

خواہرِ شوہرَ: نند۔

خواہرگی: بہناپا۔

خواہش: آرزو، تمنا، درخواست۔

حسب خواہش شما: آپ کی درخواست کے مطابق۔

خواہش کسی را بجا آوردن: کسی کی آرزو پوری کرنا۔

خواہش گر: خواہش مند۔

خواہَندِہ: مانگنے والا، طلب کرنے والا۔

خواہیدن: خواستن، مانگنا، طلب کرنا، التجا کرنا۔

خواہی نخواہی: چاہو نہ چاہو۔

خوب: اچھا، عمدہ، دلربا، پسندیدہ۔

رُوی خوب: خوبصورت۔

خُوبان: خوبصورت لوگ، نیک لوگ۔

خوبرُوی: خوبصورتی۔

خوب فرجام: نیک انجام، کامیاب، کامران۔

خوب کِردار: اچھے کردار والا۔

خوب منظر: خوشنما، خوبصورت۔

خُوبی: اچھائی، نیکی، اچھی صفت۔

خوُپلہ: نادان، جاہل۔

خُوجہ: خواجہ۔

خُوخ: شفتالُو۔

خُود: آہنی کلاہ جو زرہ بکتر کے طور سے پہنا جاتا ہے۔ ہیلمٹ۔

خود: نفس، ذات۔

خود آرا: جو صرف اپنی آرائش کا خیال رکھتا ہے۔

خود آرائی: اپنے آپ کو آراستہ کرنا۔

خود آمُوز: خود اپنے آپ پڑھنے والا۔

خود بخود: اپنے آپ۔

خود بین: صرف اپنا مفاد پیش نظر رکھنے والا، خود غرض، مغرور، خود پسند، خود نما۔

خود بِینی: خود پسندی، خود نمائی، خود ستائی، کبرو نخوت۔

خود پَرَست: اپنے سوا کسی اور کی طرف توجہ نہ کرنے والا، مغرور، متکبر۔

خود پَرَستی: صرف اپنی ذات کی طرف توجہ کرنا خود ستائی، خود پسندی، خود اپنی ذات کو بالا تر سمجھنا۔

خود پسند: خودستا، اپنی ذات کو برتر سمجھنے والا۔

خود پسندی: خودستائی، خود غرضی۔

خودت: توخود۔

خودتان: تم خود۔

خُودخواہ: خود پرست، خود غرض۔

خود خواہی: خود پرستی، خود غرضی۔

خوددار: جسے اپنی ذات پر قابو ہو، اپنی عزت و وقار کا خیال رکھنے والا، پُروقار۔

خودداری: ضبط، اپنے آپ کو لغو حرکات سے محفوظ رکھنا، اپنی عزت و وقار کی پاسداری کرنا۔

خودرای: جو صرف اپنی رائے پر قائم ہو، دوسروں کی رائے پر عمل نہ کرے۔

خود رُستہ: جو خود اپنی محنت سے اپنے مقام کو پہنچا ہو۔

خود رفتگی: بیخودی کا عالم، بے خبری کی کیفیت۔

خود رفتہ: بیخود، بے خبر۔

خود رنگ: قدرتی رنگ والی چیز جس پر خود کوئی رنگ نہ دیا گیا ہو۔

خُود رَو: وہ پودا جو بوے بغیر پھوٹ نکلے۔

خُود رَو: اپنی محنت سے آپ آگے بڑھنے والا، خود بخود کام کرنے والا، جو کسی کا محتاج نہ ہو۔

خودرَو: جو خود راہ پر رواں رہے، موٹرکار۔

خُود ساز: خوش لباس، بنا سنورا، جس نے صورت اور سیرت کو آراستہ کیا ہے جو آپنے آپ کو کسی بڑے کام کے لیے تیار کرتا ہے۔

خود ستا: اپنی تعریف آپ کرنے والا۔

خودسَر: جو خود اپنے فکرو خیال کے مطابق کام کرے، کسی دوسرے سے مشورہ کرنے کی ضرورت نہ سمجھے، ضدی، خود رائے، متمرّد، مغرور۔

خود سرانہ: سرکشی کے طور سے۔

خود سری: خود رای، ضد، تمرّد، غرور، تکبر۔

خُود سُوز: خود جلنا، جو شخص دوسروں کے لیے تکلیف برداشت کرتا ہے، آذربائیجان کا آتشکدہ۔

خود سُوزی: دوسروں کے لیے تکلیف برداشت کرنا۔

خودَش: وہ خود۔

خود شان: وہ خود، بصورت جمع۔

خود شِکن: عاجزی اختیار کرنے والا۔

خود شکنی: عجزو انکسار اختیار کرنا۔

خودشیرینی: خوشامد سے کام نکالنا، شیریں زبانی۔

خود شیرینی کردن: خوشامد سے چپکے چپکے اعتماد یا تقرب حاصل کرنا۔

خود غَرض: مطلبی، اپنے ہی مطلب کا آشنا۔

خود غرضی: آپا دھاپی، صرف ذاتی غرض کو پیش نظر رکھنا، دوسروں کی طرف توجہ نہ دینا۔

خود فُروش: نمائشی، خود نما، نمائش کا شائق، پُرنمود، اپنے آپ کو بیچ دینے والا، نیز زنِ بدکار۔

خود کار: مشین جو خود اپنے آپ چلتی ہے۔

خودکام: خودسر، خودرائے، مثال:

ہمہ کارم ز خود کامی بہ بدنامی رسید آخر
نہان کی ماند آں رازی کزو سازند محفل ہا

کاموں میں جو میں نے خودسری سے کام لیا اس نے میرے لیے بدنامی کے اسباب پیدا کردیے، خود سری کا راز پوشیدہ کیسے رہ سکتا ہے جسے محفلوں کی رونق بنایا گیا ہو۔

خودکامی: خودسری، خود غرضی۔

خود کردِہ: اپنا کیا ہوا۔

خود کردِہ را تدبیری نیست: اپنے عمل کا نتیجہ خود برداشت کرنا پڑتا ہے۔

خود کُش: خودکشی کرنے والا، اپنے آپ کو تباہ کرنے والا۔

خود کُشی: اپنے آپ کو ہلاک کرنا، خود اپنی تباہی کا باعث بننا۔

خود مان: ہم اپنے آپ۔

خود مانی: خوب واقف اور آشنا، جانا بوجھا، بے تکلف، قریبی یار دوست۔

خودنُما: اپنی خوبیوں کو ظاہر کرنے کا شوقین۔

خود نمایٔ: ذاتی نمائش۔

خود نویس: فاونٹن پن، جو خود بخود لکھتا جائے۔

خُودی: (۱)اپنے خاندان کا، قریبی رشتے دار (۲)ذات، نفس، اپنے نفس یا ذات کے متعلق۔

خُور: خورشید، آفتاب۔

خُور:خوردن= کھانا سے فعل امر، کھاؤ۔

پُرخور: زیادہ کھانے والا، پیٹو۔

خُور: بہتے پانی کا قدرتی یا خود بنایا ہوا نالہ۔

خُور: (ع)ضعف، کمزوری۔

خُورا: شائستہ، لائق، سزاوار۔

خُورابه: نہر، آب گزار، بہنا، خارج ہونا، نہر کے کنارے میں شگاف پڑجانا جس سے نہر کا پانی ضائع ہوتا ہے۔

خُوراك: پکی ہوئ کھانے کی چیزیں، دوا کی خوراک۔

باید یک خوراکی برای خود تہیہ کنید: آپ کو چاہیے کہ کوئ خوراک اپنے لیے آپ تیارکریں۔

يك خوراك دوا: ایک وقت کی دوا، دوائ کی ایک خوراک۔

خوراكي: سامان خور و نوش۔

خوراندن-خورانیدن: کھلانا۔

خُورانَنده: دوسروں کو کھلانے والا

خُوراهه: مرغ کی کلغی۔

خورانندہ: جسے کھلایا گیا۔

خُور پَرَست: آفتاب پرست، سورج کی پرستش کرنیوالا۔

خُورجین- خرجین: ایک بڑا تھیلا جو، بیچ میں سے کھلا ہوتا ہے اسے چیزوں سے پر کرکے گدھے پر لادا جاتا ہے۔

خُورد: خوراک، غذا، طعام۔

خوردِگی: کھا جانا (زنگ کا دھات کو)، گلا دینا۔

خوردن: کھانا، کسی چیز کا کھایا جانا، ہضم کرنا، ٹکرانا۔

بدرد خوردن: مفید ہونا۔

بدماغ کسی خوردن: کسی کے احساسات کو مجروح کرنا۔

خوردن برای زیستن است نه زیستن برای خوردن: کھانا جینے کے لیے ہے نہ کہ جینا کھانا کے لیے۔

دو قطار بهم خوردند: دو گاڑیاں آپس میں ٹکرا گئیں۔

سیلی خوردن: تھپڑ لگنا۔

غصه خوردن: غصے میں آنا۔

غم خوردن: افسردہ ہونا، غمگین ہونا۔

قسم خوردن: حلف اٹھانا۔

کتك خوردن: سوٹیوں سے سزا پانا۔

گول خوردن: دھوکا کھانا، فریب میں آنا۔

خوردنی: کھانے کے قابل۔

انگور حالا خوردنی نیست: انگور ابھی کھانے کے قابل نہیں ہوئے۔

خُوردِه: کھایا ہوا۔

خوردهِ بُرده: چیز جو لوٹ لی گئ ہو یا چھن گئ ہو۔

خوردهِ پُز: آشپز، باورچی۔

خوردی: چھوٹا، خُرد۔

خُورسند:خوش۔

خُورِش:سالن، غذا، خوراک۔

خورِش خانہ:آشپز خانہ، باورچی خانہ۔

خورِشگر:باورچی۔

خورشید:آفتاب، سورج۔

خورشید پَرَست:آفتاب پرست، سورج کی پوجا کرنیوالا۔

خورشید چہرہ:خوبرو، خوبصورت۔

خورشید سوار:صبح سویرے اٹھنے والا، گرمی میں گھوڑے کی سواری کرنے والا، فرشتہ۔

خورشید لقا:خوبصورت، زیبا، رعنا،

خورشیدی:خورشید سے متعلق۔

خُورکا:کانٹے دار پودوں کی باڑ۔

خُورمك:تعویذ، سفید و سیاہ موتی جو بدنظری کو دور کرنے کے لیے بچوں کے گلے میں باندھتے ہیں۔

خُورَند:مفید، موزوں، مناسب، لائق، شایستہ۔

اىن جنس خورنِد دكان شما نيست:یہ چیز آپ کی دکان کے لیے مناسب نہیں۔

خورَندہ:کھانے والا۔

خُوَرنق:ایک محل جو حیرہ میں نعمان بن منذر نے بہرام گور کے باپ کی فرمائش پر بہرام گور کے لیے تعمیر کرایا تھا۔

خُورَ نگاہ:کھانے کی جگہ۔

خُورِہ:پشم یا سوت کا بڑا تھیلا جس میں چیزیں بھر کر لے جاتے ہیں۔

خُورہ:جذام کی بیماری۔

خُورِہ:کوئی چیز جس سے دھات کو زنگ لگ جاتا ہے۔

خورِہ:فروغ نور، جلال و شکوہ، نیز بمعنی حصہ۔

خورہ پسین:سعادت اُخروی۔

خُوز:(ع) دشمنی، عداوت۔

خُوزِستان:ایران کا جنوب مغربی صوبہ اسے عربستان ایران (عراق عجم) بھی کہتے ہیں۔

خُوزی:خوزِستان سے منسوب۔

خُوست:جزیرہ۔

خُوش:شاد، خرم، اچھا، خرسند، تروتازہ،شاداب، مطمئن۔

خوش آمدید:آپ کا آنا خوشی کا باعث ہے۔

خوش باش ز دی مگو كه امروز خوش است:خوش رہو، کل کی بات نہ کرو، آج جو وقت گزر رہا ہے اچھا ہے۔

خوش باشِید:خوش رہیے، خدا آپ کو خوش رکھے۔

خوش دارم كه اين كار رابكنم:یہ کام کرنے میں مجھے خوشی ہے۔

خوش گذراندن:ہنسی خوشی وقت گزارنا۔

ازو خوشم نمی آید:مجھے وہ اچھا نہیں لگتا۔

باوجود ثروتِ زیاد ہرگز خوش نیست:اپنی زیادہ دولت کے باوجود وہ شاد و خرسند نہیں۔

بروزی دہ روپیہ خوش است:وہ دس روپیہ کی مزدوری سے مطمئن ہے۔

بُوی خوش:خوشبو، دلربا خوشبو۔

چہ خوش است:کتنی خوشی کی بات ہے۔

چہ خوش گفت:اس نے کتنی اچھی بات کی۔

خدارا خوش نمی آید دست بردار:اس قسم کا سلوک خداوند تعالی کو پسند نہیں اسے ترک کر دو۔

خواب خوش:مزے کی نیند۔

خیلی بما خوش گذشت: ہمارا وقت بڑی خوشی میں گزرا۔

صَوتِ خوش: دلربا آواز۔

خُوشا: خوشی کی بات ہے کہ۔۔۔۔

خوشابحال کسی که بخدا توکل کند: کتنا خوش ہے وہ جو خدا پر توکل کیے ہوئے ہے۔

خوشا شِیراز و وضع بی مثالش: کتنا خوش منظر ہے شیراز اور اس کا بے مثال محل وقوع۔

خُوشاب: (۱) آبدار، تابدار، تابناک، درخشاں (صفت جواہر)

خُوشاب: میوہ، پھل، نیم پختہ پھل جسے شیرے میں محفوظ کر لیتے ہیں۔

خُوشامَد: چاپلوسی، مطلب براری کے لیے کسی کی بیجا تعریف کرنا۔

خُوشامَد گو: چاپلوس، بیجا تعریف کرنے والا

خُوشانِیدَن: خشکا نیدن، خشک کرنا۔

خُوش آواز: دلربا آواز، آواز جس میں ترنم کی کیفیت ہو، اچھا مغنّی۔

خوش آہنگ: خوش آواز۔

خوش آیَنَد: خوشنما، جو دل کو بھائے۔

خوش اختَر: خوش نصیب۔

خوش اَخلاق: اچھی عادات والا، خوش مزاج، راستباز، اچھے اوصاف والا، اچھی سیرت والا۔

خوش اَخلاقی: اچھی عادات، اچھے اطوار، خوش مزاج، راستبازی۔

خوش ادا: اچھے طور طریقے، دلربا انداز۔

خوش اَطوار: اچھے طور طریقے، دلربا انداز، خوش ادا۔

خوش اِقبال: خوش نصیب، اقبال مند۔

خوش اقبالی: خوش بختی، خوش نصیبی، اقبال مندی۔

خوش اِلحان: خوش آواز، اچھی میٹھی آواز والا، خوش گو، جس کی آواز میں ترنم کی کیفیت ہو۔

خوش اندام خوبصورت، اچھے قدو قامت والا۔

خوش باطِن: اچھی سیرت والا، باکردار۔

خوش بخت: خوش نصیب، اقبال مند۔

خوش بختی: خوش قسمتی۔

خوش بدِہ: خوش معاملہ۔

خوش بِنیہ: توانا، مضبوط، اچھے قدوقامت والا، قوی جُثہ۔

خوش بین: رجائیت پسند، امید پسند۔

خوش بینی: امید پسندی۔

خوش ترکیب: خوش وضع، خوش شکل، خوشنما، دیدہ زیب۔

خوش تقریر: فصیح و بلیغ۔

خوش جنس: شفیق، مہربان، اچھی فطرت والا، اچھے حسب نسب والا۔

خوش جنسی: شرافت، اچھی فطرت، صاف دلی۔

خوشحال: اچھے حال میں، شاد، خرسند۔

خوشحالی: خوشی، اچھا حال، گذر بسر خوشی سے ہونا۔

خیر **خوش حالی:** خوشی کی خبر۔

خوش حالی کردن: خوشی منانا۔

خوش حِساب: جو فرض ادا کرنے کے لیے فوراً تیار ہو، لین دین کا کھرا، خوش معاملہ۔

خوش خَرام: دل نشین انداز میں چلنے والا، جس کے چلنے کے انداز میں دلربائی ہو۔

خوشخَط: جس کا خط بہت اچھا ہو، اچھا کاتب۔

خوش خط و خال: جس کے خدوخال اچھے ہوں، دلربا، زیبا۔

خُوش خُلق: خلیق، خوش اخلاق، اچھی سیرت والا، خوش کردار۔

خوش خلقی: اچھا اخلاق۔

خوش خُو: اچھی عادات والا۔

خوش خوانی: میٹھے گیت، دل نشیں گیت گانا۔

خوش خُوراک: اچھی خوراک کھانے والا، جسے اچھی خوراک میسر ہو۔

خوش خُوراکی: اچھی خوراک کھانا۔

خوش خُوی: اچھی عادت۔

خوش دامن: ساس۔

خوشدِل: خوش باش، مسرور، شادان، شادمان۔

خوشدِلی: خوشی۔ مسرت، راحت۔

خوش دِماغ: مسرور، شاد، شاداں، خرسند۔

خوش ذات: خوش جنسی۔

خوش رفتار: اچھا سلوک روا رکھنے والا، اچھے طور طریقے والا، خوش خرام پروقار طور پر چلنے والا۔

خوش رفتاری: اچھا سلوک روا رکھنا، چلنے کا دلربا انداز۔

خوشرَنگ: خوشنما رنگ والا، خوش وضع۔

خُوشرُو: زیبا، رعنا، خوبصورت، دلربا۔

خوشرُوی: زیبائی، رعنائی، دلربائی۔

خوش رِیخت: " خوش وضع، خوش شکل، زیبا، خوشنما، دیدہ زیب۔

خوش سابِقہ: جس کے سابقہ حالات اچھے ہوں، جس کی روداد اچھی ہو۔

خوش ساخت: اچھی بناوٹ والا۔

خوش سُخَن: خوش زبان، خوش بیان۔

خوش سُلُوک: خوش رفتار، اچھے طور طریقےوالا۔

خوش سَلیقہ: باسلیقہ، مہذب، باتمیز۔

خوش سِیرت: جس کا کردار اچھا ہو، نیک، اچھے اوصاف والا۔

خوش صَدا: خوش آواز، شیریں آواز والا، خوش کن سروں میں گانے والا۔

خوش صُحبت: اچھی معقول باتیں کرنے والا جس کی گفتار دل نشین ہو۔

خوش صُورت: خوبصورت۔

خوش طالِع: خوش نصیب۔

خوش طبع: اچھی طبیعت والا، خوش مزاج۔

خوش طبعی: خوش مزاجی۔

خوش طَعم: خوش مزہ، لذیذ۔

خوش طِینَت: اچھی فطرت والا، نیک دل۔

خوش ظاہر: جو ظاہر میں اچھا ہو، جس کا ظاہری کردار اچھا ہو۔

خوش عَلَف: اچھے یا ناپسندیدہ کھانوں کی تمیز کیے بغیر کھانے والا، عام طور سے یہ ترکیب جانوروں کے لیے استعمال ہوتی ہو جیسے گاو خوش علَف۔

خُوش عَہد: وعدہ وفا کرنے والا۔

خوش فِطرت: نیک فطرت، نیک سرشت۔

خوش فطرتی: نیک طبعی، نیک فطرت۔

خوش قَد: اچھے قدو قامت والا۔

خوش قَدَم: مبارک قدم، جس کے آنے سے خوش بختی کا ظہور ہو۔

خوش قلب: نیک دل۔

خوش قَلَم: خوبصورت لکھنے والا، خوش قطع، خوش وضع

خوش قولی: ایفائے وعدہ۔

خوش قیافہ: جس کے چہرے کے احساسات خوشنما ہوں

خوش کِردار: اچھے کردار والا۔

خوش کلام: خوش صحبت، اچھی پُر لطف باتیں کرنے والا

خوش گام: خوش خرام، جس کی رفتار میں دلربائی ہو۔

خوش گذران: جس کی گذر اوقات اچھی ہو۔

خوش گذرانی: اچھی گزر اوقات۔

خوش گفتار: دل نشین باتیں کرنے والا۔

خوش گِل: خوبصورت، زیبا، رعنا۔

زن خوش گل: خوبصورت عورت۔

خوش گلی: خوبصورتی، زیبائی، رعنائی۔

خوش لِحن: خوش آہنگ، خوش آواز، سُریلا۔

خوش لفظ: اچھی زبان اختیار کرنے والا۔

خوش لگام: فرماں بردار، اطاعت گزار۔

خوش لہجہ: جس کا لہجہ اچھا ہو۔

خوش مزگی: پرلطف، دلکشی۔

خوش مزہ: لذیذ، مزیدار، پرلطف، دلچسپ۔

حکایتِ خوش مزہ: دلچسپ حکایت۔

خوش مُعاملہ: خوش حساب، لین دین کا کھرا۔

خوش مشَرب: ملنسار، محبت پسند، بے تکلف بات چیت کرنیوالا، اچھا سلوک کرنے والا۔

خوش مَنِش: اچھی فطرت والا۔

خوش منظر: خوشنما، خوش اندام منظر جو نظر کو بھائے، دل پسند۔

خوش نَشین: نیا ہمسایہ، نیا آکر بسنے والا۔

خوش نغمہ: سُریلا، دلکش انداز میں گانے والا۔

خوش نَقش: خوش نصیب۔

خوش نَقشی: خوش بختی۔

خوشنما: خوبصورت، دل کو اچھا لگنے والا۔

خوش نَمَک: جس کھانے میں نمک مناسب ہو اور لذیذ ہو۔

خوش نوا: سُریلا، دلکش، انداز میں گانے والا۔

خوش نواز: اچھا ساز بجانے والا۔

مطرب خوش نواز: دلکش آواز میں گانے والا۔

خوشنُود: خوشحال، خوش، مطمئن۔

مُعلّم از و خوشنود بود: استاد اس سے مطمئن تھا۔

خوشنُودی: خوشی، اطمینان۔

خوش نویس: اچھا لکھنے والا، خوش خط، کاتب۔

خوش نہاد: نیک فطرت، نیک سرشت۔

خوش نیّت: اچھی نیّت یا ارادے والا۔

خوش وقت: خوشحال، خوش، مسُرور، شاد۔

خوش وقتی: خوشی، شادمانی، مسرت۔

خیلی ازیں بابت اظہار خوش وقتی میکرد: اس کی بابت وہ بڑی خوشی کا اظہار کرتا تھا۔

خُوشہ: سِٹا، گچھا، اناج کی بالی۔

خُوشہ چین: گرے ہوئے خوشہ یا گچھے میں سے دانے نکالنے والا، ادبی سرقہ کرنے والا۔

خُوشہ چینی: گچھے سے دانے نکالنا، ادبی سرقہ کرنا۔

خُوش ہوا: خوشگوار موسم۔

خُوش ہَیکل: اچھے قدو قامت والا، خوش اندام۔

خُوشیدَن- خشکیدَن: خشک کرنا، خشک ہونا۔

خُوشیدہ: جو خشک ہوا ہو۔

خَوض: (ع) غور، گہری، توجہ۔

خَوف: (ع) ڈر، بیم۔

خوفناک: خطرناک۔

خُوک: سُور۔

خُوکارہ: خُوگر، عادی۔

خُوك بان-خوك چران: سوروں کے گلے کو چرانے والا۔

خُوگر: عادی۔

خُوگرفتگی: عادت۔

خُوگرفتہ: عادی۔

خُوگیر: عادی، خوگر۔

خَول: (ع)(۱)اللہ تعالی کی عطا و بخشش، نعمت، بندہ، کنیز، خدم و حشم۔

خُول: پتنگ۔

خُولنجان: درخت تانبول کی جڑ جس کے ریشے دوا کے کام آتے ہیں۔

خَولہ: ترکش۔

خَولہ: خالی، تہی۔

خُون: لہو۔

خون آمدن-خون افتادن: خون نکلنا۔

خون بجوش آمد: مشتعل ہوگیا، ہمدردی کا جذبہ برانگیختہ ہوا۔

خون خریدن: خون کا کفارہ ادا کرنا۔

خون خواستن: انتقام لینے کی فکر میں ہونا۔

خون خوردن: سخت مصیبت میں مبتلا ہونا، بہت مصیبت برداشت کرنا۔

خون ریختَن: خون بہانا، قتل کرنا۔

خون کردن: قتل کرنا۔

خون گریستن: مصیبت میں درد بھرے آنسو بہانا۔

خوناب: کنایہ ہے درد بھرے آنسوؤں کا۔

خُون آشام: خون کا پیاسا۔

خُون آلُوُد-خون آلُودہ: خون میں لت پت، خون میں لتھڑا ہوا۔

خون اندُود: خون آلود۔

خوُنبار: خون کے آنسو بہانا، المناک حالت میں آنسو بہانا۔

خُون بند: نکلتے ہوئے خون کو روکنے کی دوا۔

خون بہا: خون کا کفارہ، تاوان، قصاص۔

خون تاوان: خون کا کفارہ۔

خُونخوار: خون آشام، ظالم، قاتل۔

خونخواری: خون کی پیاس، درندگی، بے رحمی۔

خونخوارِہ: خون کا بدلہ لینے کی کوشش کرنے والا۔

خُونخواہی: خون کا بدلہ لینے کی تمنا۔

خونِ دماغ: نکسیر پھوٹنا۔

خونِ رز: انگوروں کا عرق، شراب۔

خون ریز: خون بہانے والا، خون کا پیاسا۔

خون ریزی: خون بہانا، ظلم وستم کرنا۔

خون سرد: ٹھنڈے خون والا، بے اعتنا، لاپروا۔

خون سردی: بے اعتنائی، لاپروائی۔

خون سیاؤش-خونِ سیاؤشان: سرخ رنگ کی بیل جس سے سرخ رنگ کا عرق نکلتا ہے یہ بیل ہندوستان، حبشہ اور زنگبار میں پیدا ہوتی ہے۔

خون فِشان: خون کے آنسو رونا، خون بہانا۔

خون گرفتن: خون نکالنا، فصد کرنا۔

خون گرفتہ: جس کا خون لیا گیا ہو، جس کا فصد کیا

گیا ہو۔

خونِ گرم: کنایہ ہے شفیق، مہربان، ہمدرد کا۔

خُون گرمی: شفقت، ہمدردی۔

خون گیر: خون نکالنے والا، فصد کرنے والا۔

خُونی: قاتل۔

خونی: سرخ، خون جیسا، خون آلود، خون سے متعلق۔

خُویل: ٹیڑھا، کج، خمیدہ۔

خویلی-خویلگی: کجی، ٹیڑھا پن، خمیدگی۔

خَوی: پسینہ، عرق۔

خوی زدہ: عرق آلود۔

خوی: آذر بائیجان کا ایک شہر۔

خُوی: عادت، خُو۔

خوی آور: پسینہ آور۔

خَوی چین: بنیان جو قمیض کے نیچے پہنی جاتی ہے، پسینہ جذب کرنے والی۔

خوِید: جو یا گندم کا پودا جس میں ابھی خوشہ نہ آیا ہو۔

خوِیش: اپنا آپ، خود، اپنےعزیز، خاندان، قبیلہ۔

خویشاوَند: رشتے دار، قرابت دار، اعزا و اقربا۔

خویشاوَندی: رشتے داری، قرابت داری۔

خوِیشتَن: اپنا آپ۔

خویشتن را نباید سَتُود: خود اپنی تعریف نہیں کرنی چاہیے۔

خویشتن بین: خود بین۔

خویشتن بینی: خود بینی۔

خویشتن دار: بردبار، خوددار۔

خوِیشتن سِتای: خود ستای، خود اپنی تعریف کرنا۔

خویشی: اپنائت، رشتہ داری۔

خوی گیر: پسینہ جذب کرنے والا کپڑا۔

خَہ: کلمہ تحسین، خوب! واہ!۔

خَہ خَہ: بہت خوب، بہت عمدہ، آفرین، شاباش۔

خُہر: وطن، منزل۔

خَہی: آفرین، شاباش، واہ واہ۔

خی- خیک: مشک جس میں سقہ پانی بھرتا ہے۔

خیک آب: پانی کی مشک۔

خیابان: شہر یا باغ کی کُشادہ اور ہموار راہ، سڑک۔

خِیابان بندی: چہل قدمی کے لیے سیرگاہ بنانا۔

خیار: (ع) کھیرا۔

خیار: (ع) اختیار، پسند، انتخاب۔

خیار چنبرَ: کھیرے کی ایک قسم جو لمبا ہوتا ہے۔

خیارزار: کھیروں کا کھیت۔

خیار شنبَر: خیار چنبَر کھیر ے کی ایک قسم۔

خیارَک: ورم یا گومڑی جو ران کی جڑ میں یا بغل میں نکل آتی ہے۔

خِیارَہ: کنگرہ، دندانہ۔

خیارہ دار: دندانہ دار۔

خیَّاط: (ع) درزی۔

خِیاط: (ع) سوئی۔

خِیاطت:(ع) کپڑے سینا۔

خَیاطی:(ع) کپڑے سینے کا کام۔

خیال:(ع) سوچ، تصور، فکر، وہم، رائے۔

بخیال اُفتادن:سوچ میں پڑنا۔

بخیالم افتادکہ در آنجادعوت دارم:مجھے یاد آیا کہ وہاں میری دعوت ہے۔

تُوی برابر من یا خیال در نظرم:تو میرے ساتھ کھڑا ہے یا میری نظر میں کوئی پیکر خیالی ہے، یا وہم ہے۔

خیال باف:عالم بیداری میں خواب دیکھنے والا، خیالی پلاؤ پکانے والا۔

خیال بستَن:خیال باندھنا، منصوبہ بنانا۔

خیال بند:خیال ساز، خیال باف۔

خیال بندی:خیالی تصویریں بنانا، خیالی پلاؤ پکانا۔

خیالِ خام:فضول خیال جس کے پورے ہونے کا امکان نہ ہو۔

خیالی:تصوری، وہمی، فرضی، قیاسی، ظنی۔

خیاّم:(ع) خیمہ دوز، خیمے بنانے والا۔

خیام:(ع) خیمہ نشین، ایران کے مشہور رباعی نویس شاعر عمر خیام۔

خِیانَت:(ع) بددیانتی، بے ایمانی۔

خیانت ورزیدن:بددیانتی کرنا۔

کارہای خیانت آمیز:بددیانتی کے کام۔

خِیانَت کار:جس کا پیشہ ہی بددیانتی ہو۔

خِیانَت کارانہ:بددیانتی، بے ایمانی۔

خیانت گر:خیانت کار، بددیانت۔

خِیانت گری:خیانت کاری، بددیانتی۔

خیاوان:خیابان۔

خَیبَت:(ع)ناامیدی، ناکامی، زیاں کاری۔

خیبَر:مدینہ منورہ سے قریب یہودیوں کا قلعہ تھا جو مسلمانوں نے فتح کیا۔

خَیبرگیِر: خیبر فتح کرنے والے دلاور، حضرت علی (رض) کا لقب۔

خَیبری:خیبر سے متعلق۔

خِیتال:شوخی، مزاح، دروغ۔

خَیج-خیش:جوا جو زمین جوتنے کے لیے بیلوں کی گردن پر ڈالا جاتا ہے۔

خَیدَع:(ع) جس کی دوستی پر اعتماد نہ کیا جاسکے۔

خِیدَن:خمیدَن، جُھکنا۔

خِیدہ:جھکا ہوا، جسے خم ہو گیا ہو۔

خَیر:نیکی، بھتری۔

برای خَیر عموم این کار راکرد:عوام کی بھتری کے لیے اس نے یہ کام کیا۔

خَیرَ الأموراوسَطُھا:درمیانی راستہ اختیار کرنا بہتر ہے۔

خیردیدَن:برکت پانا، کامیابی حاصل ہونا۔

خیرِعامہ:خیر عموم، عام لوگوں کی بھلائی کا کام۔

خَیر مَقدم:استقبال، پذیرائی۔

خَیر:نفی کے معنوں میں بھی استعمال ہوتا ہے، نہ نہیں۔

خَیِّر:(ع) سخی، نیک، زاہد، عابد، کریم النفس۔

خیرات:(ع) سخاوت، نیکیاں، نیک کام، نیکوکاری۔

خَیراتی:(ع) سخی، مخیَّر، فیاض، نیک دل، کریم النفس۔

خیرُالانام:(ع) انسانوں میں بہترین، حضرت رسول کریم(ص)۔

خیراَندیش: خیرخواہ، بھلائی کی بات سوچنے والا، فیض رساں، کریم النفس، مخیرؔ۔

خیراَندیشی: خیر خواہی، فیض رسانی، دوسروں کی بھلائی کی بات سوچنا۔

خَیر خواہ: خیر اندیش، فیض رساں، مخیّر۔

خَیر خواہانہ: خیر خواہی سے، خیراندیشی سے۔

نصائح خیر خواہانہ: خیر خواہی کے لیے نصیحتیں بھلائی کی نصیحتیں۔

خیر خواہی: خیراندیشی، دوسروں کی بھلائی چاہنا، فیض رسانی، کریم النفسی۔

خِیرگی: (۱) ڈھٹائی، دیدہ دلیری، (۲) آنکھوں کا چندھیانا، دھند لاپن (آنکھوں کا) تحیّر۔

خَیرمآل: نیک انجام۔

خِیروُک: گُل شب بو۔

خِیرہ: آنکھوں کا چندھیانا۔

چشمش از آفتاب خیرہ شد: اس کی آنکھیں آفتاب کی روشنی سے چندھیا گئیں۔

خیرہ: (ع) آنکھیں پھاڑ کر دیکھنا۔

خیرہ: ضدی، سرکش، گستاخ، بے شرم۔

این بچہ خیلی خیرہ است: یہ بچہ بہت گستاخ ہے۔

خیرہ: حیران، پریشان۔

خیرہ شدن: حیران ہونا۔

خیرہ ماندن: حیران ہونا یا خوفزدہ ہونا۔

خیرہ نگاہ کردن-خیرہ نگریستن: پتھرائی ہوئی آنکھوں سے دیکھنا، حیرت سے دیکھنا۔

خیرہ چشم: شوخ، گستاخ، ڈھیٹ، بے ادب، دریدہ دہن، منہ پھٹ، بدلگام۔

خیرہ چَشمی: گستاخی، بے ادبی، دریدہ دہنی، بد لگامی۔

خیرہ خیرہ: پتھرائی ہوئی آنکھوں سے دیکھتے ہوئے۔

خیرہ درا: احمق، بے وقوف۔

خیرہ رُو: بے حیا، بے شرم۔

خیرہ رُوی: بے حیائی، بے شرمی۔

خیرہ سَر: خودسر، ضدی، بے باک، بے پروا، آشفتہ، پریشان۔

خیرہ کُش: ظالم، بیرحم، آدم کُش، بلاسبب خونریزی کرنے والا۔

خیری: ایک قسم کا خوش رنگ پھول، گل شب بو۔

خَیرِیَت: اچھائی، بہتری۔

خَیرِیَہ: (ع) نیکی کے کام۔ فلاح و بہبود کے کام۔

موسّسات خیریَہ: فلاح و بہبود کے کام۔

خیز- خیزیدَن: کودنا سے فعل امر، اُٹھ کُود، چھلانگ لگا۔

خیزآب: موج، نہر۔

خیزان: اٹھتے ہوئے۔

خیزاندَن-خیزانیدَن: اٹھانا، بلند کرنا۔

خیزران: بید کا درخت۔

چوبِ خیزران: بید کی چھڑی۔

خیزیدَن: اٹھنا۔

خیس: بھیگا ہوا۔

خیس کردن: بھگونا۔

خیس شدَن: بھیگ جانا۔

خیساندہ: بھگویا ہوا۔

خیسیدَن: بھگونا۔

خیسیدہ: بھگویا ہوا۔

خیش: ہل، جوآ جو بیلوں کی گردن پر رکھا جاتا ہے۔

خیش زدن: قلبہ رانی کرنا، ہل چلانا۔

خَیش: ایک قسم کا کُھردرا کپڑا۔

خَیش خانہ: موسم گرما گزارنے کی قیام گاہ، جو خس وغیرہ سے بنائی جاتی ہے۔

خَیشُوم: (ع) ناک، ناک کے اندر کی کُرکُری ہڈی۔

خیط: (ع) سلک، خیوط جمع۔

خیطِ ابیَض: کنایۃً سفیدہ سحر۔

خیطِ اسوَد: رات کا اندھیرا۔

خیف: (ع) دامن کوہ کی پستی و بلندی۔

خیك: مشک۔

خیکچہ: مشکیزہ۔

خَیل: گھوڑوں کا گلہ، سواروں کا گروہ، خیول جمع۔

خَیل تاش: ایک ہی گروہ کے افراد۔

خَیل خانہ: خاندان۔

خیلان: داغ، تل، خال، مہا سے۔

خَیلی: زیادہ، کثرت، فراوان۔

خیلی خوب: بہت اچھا۔

خِیم: (۱) فطرت، طبیعت، مزاج، خصلت، (۲) بدخو، دیوانہ۔

خِیَم: (ع) خیمہ کی جمع۔

خَیمہ: (ع) تنبو۔ سائبان۔

خیمہ دُوز: خیمے بنانے والا۔

خیمہ شب بازی: تماشہ یا پتلیوں کا تماشہ جس جگہ ہو۔

خیمہ کبُود: آسمان۔

خیمہ کردن-خیمہ گستردن: خیمہ لگانا، ڈیرا جمانا۔

خیمہ نشین-چادرنشین: خیمہ میں رہنے والے، خانہ بدوش جو اپنے کاروبار کے سلسلے میں پھرتے پھراتے ہیں اور جہاں مناسب سمجھتے ہیں خیمے نصب کرلیتے ہیں۔

خَیو: لعاب دہن۔

خیُول: (ع) خیل کی جمع، اسپ سوار۔

خِیوہ: خوارزم، بحیرہ خزر کا ساحلی ملک۔

خیوی: زیادہ لعاب دہن۔

د

د۔ فارسی ابجد کا دسواں، اردو کا گیارہواں اور عربی کا آٹھواں حرف، ابجد کے حساب سے اس کے ۴ عدد ہیں۔

داء: (ع) بیماری، مرض۔

داء الأسَد: (ع) جذام کی بیماری، برص۔

داءُ الثّعلبَ: (ع) بیماری جس سے سر کے بال گرجاتے ہیں۔

داءُ الحَیّہ: جلد کی بیماری۔

داءُ الخَمر: (ع) خوف، ہذیان، سراسیمگی۔

داءالخنازیر: (ع) کنٹھ مالا، گلسوا۔

داء الذَّقن: (ع) ایک قسم کی بیماری جس سے تھوڑی میں خارش پیدا ہونے لگتی ہے۔

داء الذّئب: (ع) بیماری جس میں بھوک بہت لگتی ہے۔

داءُ الرَّقص: (ع) بچوں کی ایک بیماری، ام الصبیان پسلی کی بیماری۔

داءُ القَرفیر: (ع) ایک بیماری جس سے جسم پر نیلے یا ارغوانی رنگ کے داغ پڑ جاتے ہیں۔

داءُ الفیل: (ع)بیماری جس سے پنڈلی سوج جاتی ہے۔

داءُ الکلب:(ع) (۱)کتے کے کاٹنے کی بیماری (۲)پانی سے خوف آنا۔

داب:عادت، کام، جدوجہد۔

داب:شان و شکوہ، تزک و اِحتشام، خود نمائی۔

دابر:(ع) نتیجہ، پچھلا حصہ، بنیاد، پیرو۔

دابہ:جانور جن پر سواری کے ساتھ بوجھ بھی لادا جاتا ہے۔

دابّۃ الارض:(ع) دیو پیکر جانور۔

داثِر:(۱)بے توجہ، سہل انگار، غافل، غفلت شعار۔

داج:(ع)(۱)بوجھ اٹھا کرلے جانے والا ملازم (۲)اندھیرا، تاریک رات۔

داچِك:گوشوارہ۔

داحِس:(ع) انگلی کی سوجن، آماسِ انگشت، ناخن کے قریب انگلی پر آماس ہونا۔

داحض:(ع) لرزنے والا، جس سے لغزش ہوتی ہے، باطل۔

داحُول:(ع) وہ سازو سامان جو صیاد شکار کرنے کے لیے ترتیب دیتا ہے۔

داخِل:(ع) اندر، اندرون آنے والا، وارد ہونے والا، شامل۔

داخِل مملکت:مملکت کا اندرونی حصہ۔

خودرا دا خل نزاع نکنید:اپنے آپ کو اس لڑائی میں شامل نہ کیجیے۔

داخِلہ:اندرونی۔

اُمورِ داخِلہ:ملکی معاملات، ملک کے اندرونی معاملات۔

وزارتِ امور داخلہ:ملک کے اندرونی معاملات کی وزارت۔

داخلی:اندرونی، ملکی، گھریلو۔

عایداتِ داخلی:داخلی مالیات۔

داد:(۱) فریاد و فغان، انصاف کی التجا، (۲)عطا و بخشش (۳)بہرہ، نصیب۔

ای داد:میری مدد کو آؤ۔

بداد کسی رسیدن:کسی کی تکلیف کے ازالے کی کوشش کرنا۔

داد خواستن:انصاف چاہنا۔

داد دادن:انصاف کرنا، فریادی کی حق رسی کرنا۔

داد زدن:نالہ و فریاد کرنا۔

داد کسی گرفتن:کسی مظلوم کی تکلیف کا ازالہ کرنا۔

داد:دینے کا عمل، تحفہ، نعمت۔

خداداد:عطائے خداوندی، خدا کا دیا ہوا، نعمت خداوندی۔

داد و ستِد:دینا لینا، معاملہ خصوصاً تجارت کا سمجھوتا۔

دادوسِتّدکردن:تجارتی معاملہ کرنا، کاروبار جاری کرنا، گفت و شنید کرنا، گفت و شنید سے معاملہ طے کرنا۔

دادا:آیہ۔

دادار:خداوند تعالی، فریاد رس، بخشنے والا۔

داداش:(ت) بھائی، برادر۔

داد آفرید-داد آفرین:خداوند تعالی۔

دادباختِہ:جس کے خلاف عدالت سے حکم صادر ہوا ہو۔

داد بخش:انصاف کرنے والا، منصف۔

داد بخشی:عدل، انصاف۔

داد بُردِہ:جس کے حق میں عدالت نے فیصلہ دیا ہو۔

داد پُرس:داد خواہ۔

داد خواست: داد خواہی، انصاف چاہنا۔
داد خواہ: داد چاہنے والا، انصاف کا طالب، مدعی۔
داد خواہی: انصاف چاہنا۔
داد خواہی کردن: انصاف چاہنا۔
دادر: بھائی، برادر۔
دادر: دادار۔
داد رس: فریادی کی حق رسی کرنے والا۔
داد رسی: حق رسی، چارہ سازی، حق رسائی، تلافی۔
دادستان: انصاف کرنے والا، فریاد رس۔
دادسرا: فریادی کی چارہ سازی کرنے والا، داد گستری کا ادارہ عدالت۔
داد فرما: دادرس، فریاد رس، انصاف کرنے والا۔
دادگاہ: انصاف، عدلیہ، عدالت۔
دادگاہ بخش: عدالت جس میں دعوے پیش کیے جاتے ہیں۔
دادگاہ شہرستان: بڑی عدالت، ہائی کورٹ۔
دادگاہ نظامی: فوجی عدالت۔
دادگر: انصاف کرنے والا، عادل، صفت باری تعالی۔
دادگری: انصاف، عدل۔
داد گستری: انصاف کرنا۔
دادگیر: انصاف پانے والا۔
دادَن: دینا۔
دادنامہ: کاغذ جس پر عدالت کا فیصلہ درج ہو۔
دادنی: جو دینا ہو، جو ادا کرنا ہو، رقم جو ادا کرنی ہو۔
دادُو: قدیمی ملازم یا معلم۔
دادوبیداد: ظلم کے خلاف فریاد، ستم دیدہ کی آہ فغان، چیخ و پکار۔
دادودہش: عطاو بخشش۔
دادوَر: دادگر، انصاف کا انتظام کرنے والا، عادل۔
دادوسَتَد: دینا لینا، تجارتی معاملہ، خریدو فروخت۔
دادوَند: یکساں، برابر، با اعتدال۔
دادہ: جو دیا گیا ہو۔

دادیار: وکیل عمومی۔
دار: سولی، پھانسی، پھانسی کا قالب جس پر پھانسی دی جاتی ہے۔
دارزدن: پھانسی دینا۔
دار: رکھنے والا، عموماً لاحقے کے طور سے استعمال ہوتا ہے مثلاً کتابدار، کتابیں رکھنے والا، لائبریرین۔
دار: (ع) گھر، احاطہ، مقام۔
دارُالآخِرَت: (ع) عاقبت، دنیائے آخرت۔
دارالادَب: (ع) جہاں ادب و اخلاق کی تربیت دی جاتی ہے، سکول، درسگاہ، اکیڈیمی۔
دارُ الاِعانَت: (ع) اعانت خانہ، جہاں مستحقین کو مدد دی جاتی ہے۔
دارالامارہ: (ع) دارالسلطنت۔
دارالامان: (ع) امن و سلامتی کا مقام، دارالسلام۔
دارالانشاء: (ع) جہاں مراسلےاور فرامین لکھے جاتے ہیں۔
دارُالاَیتام: جہاں یتیموں کی پرورش کی جاتی ہے اور تربیت کی جاتی ہے، یتیم خانہ۔
دارُالبقا: (ع) دُنیا جو ہمیشہ قائم رہیگی، دنیائے ابد، دنیائے آخرت۔
دارالبَوار: (ع) جہنم، دوزخ۔
دارُالتّدریس: (ع)درسگاہ، سکول،مدرسہ، مکتب۔
دارالتَّرجمہ: (ع) دفتر جہاں ایک زبان سے دوسری زبان میں ترجمے کا کام ہوتا ہے۔
دارُالحَرب: (ع) جنگ کا مقام۔
دارالحُزن: (ع) جہاں کے لوگوں کو رنج و اندوہ سے سابقہ ہو۔
دارالحکُومت: (ع) دارالسلطنت۔
دارالخلافہ: (ع) خلافت کے عہد کا دارالسلطنت۔

درالخُلد: (ع) آخرت، دنیاے آخرت۔
دارالرّضاعة: (ع) جہاں نوزائیدہ بچوں کی نگہداشت اور پرورش کیجاتی ہے۔
دارالشّرع: (ع) جہاں شریعت کی رو سے فیصلے ہوتے ہیں۔
دارالشّفا: شفاخانہ، ہسپتال۔
دارالشّوری: (ع) مقام جہاں مشاورت ہوتی ہے، لوگوں کے نمایندوں کی مجلس۔
دارالصّفا: (ع) خانہ کعبہ۔
دارالضّرب: (ع) جہاں سکے ڈھالے جاتے ہیں، ٹکسال۔
دارالضّیافت: (ع) مہمان خانہ، جہاں مہمانوں کی پذیرائی ہوتی ہے۔
دارالطباعَت: (ع) چھاپا خانہ۔
دارالعَجزہ: (ع) معذوروں محتاجوں کی پناہ گاہ
دارالعلم: (ع) سکول، کالج، دانشکدہ۔
دارالعُلوم: یونیورسٹی، دانشگاہ۔
دارالعِیار: (ع) پرکھنے کی جگہ۔
دارالغِرار: (ع) خانہ فریب مجازاً دنیا۔
دارالفَنا: (ع) دارفانی، فانی دینا۔
دارالفُنون: (ع) یونیورسٹی، دانشگاہ۔
دارُ القرار: (ع) ہمیشہ ٹھہرنے کی جگہ، آخرت، دنیاے ابد۔
دارالقَضا: (ع) عدلیہ۔
دارُالمجانین: (ع) پاگل خانہ۔
دارالمرض: (ع) بیمارستان، ہسپتال۔
دارالمساکین: (ع) مسکینوں محتاجوں کے رہنے کی جگہ۔
دارالمعلّمین: (ع) استادوں کے لیے تعلیم و تربیت کا ادارہ، نارمل سکول، ٹریننگ کالج۔
دارالمُلک: (ع) دارالسلطنت۔
دارالنّدوَہ: (ع) مجلس مشاورت۔

دارالنِّعَم: نعمتوں کا مقام۔
دارالوکالہ: (ع) وکالت خانہ۔
دارا: ایران قدیم کا شنہشاہ، دارِیُوش۔
دارا: مالدار، ثروت مند۔
داران-دارین: دنیا و آخرت
دارای: ملکیت، دولت، ثروت۔
دارای: ایک قسم کی سلک۔
داربازْ: قلاباز، رسی پر ناچنے والا۔
داربام: شہتیر۔
داربزین: جالی جو گھر کے اگلے حصے میں لگائی جاتی ہے، احاطہ بندی۔
داربسَت: جعفری، تار وغیرہ کی جالی، لکڑی کا خانہ دار پردہ۔
داربُوی: عُود کی لکڑی جس کے جلنے سے خوشبو آتی ہے
دارپلپِل: دار فلفل: لمبی مرچ۔
دارپرنیان: بقم، ایک درخت ہے جس کی لکڑی سرخ رنگ کی ہوتی ہے اور پھل کا رنگ بھی سرخ ہوتا ہے، اس سے سرخ رنگ حاصل کرتے ہیں اور اس سے پشم اور سلک کو رنگ دیتے ہیں۔
دارتُو: دُرد جو شراب کے برتن میں تہ نشین ہو جاتا ہے۔
دارچین: دارچینی جو مسالے میں کام آتی ہے، مسالے کا ایک جزو۔
دارخُور: میوہ دار پودا جسے ابھی پیوند نہ کیا گیا ہو۔
داردان: زمین جہاں دانے بوتے ہیں یا قلمیں لگاتے ہیں اور جب وہ پودے اگتے ہیں تو انھیں ضرورت کے مطابق اور جگہوں پر جا لگاتے ہیں، نرسری۔
دارزرد: زرد لکڑی۔
دار شکنَک: دارکوب، نیچے دیکھیے۔
دار فلفل: لمبی مرچ۔
دارکُوب: ایک پرندہ ہے جو چونچیں مار مار کر درخت کے تنے کے حشرات نکال کر کھاتا ہے۔

دارموش: سم الفار، ہڑتال، سنکھیا

دارندگی: مال و دولت، ثروت

دارندہ: رکھنے والا، دولت مند، امیر

دار النعیم: (ع) نعمتوں کا مقام، بہشت

دارو: دوا

دارو برد: کروفر، گیرودار، جنگ کے موقع کی ہیاہو، غوغا

دارو خانہ: دواخانہ، دواؤں کا سٹور، دواؤں کا سٹور یا ڈسپنسری

دارو دستہ: خدم و حشم، قوم قبیلہ، ہوا خواہاں، بہی خواہان

دارو شناس: دواؤں کا علم رکھنے والا، دوا ساز

دارو شناسی: دوا شناسی، دواؤں کا علم

داروغگی: بزرگانہ دیکھ بھال

داروغہ: اپنی جماعت یا گروہ میں بزرگ تر، گاؤں کا بزرگتر شخص، نمبردار، سابقہ زمانے میں داروغہ پولیس افسر کے معنوں میں آتا تھا جو شہر کے ملازمان پولیس کا بڑا افسر ہوتا تھا

داروگر: دوا ساز

دارو گیر: گیر و دار، پکڑ دھکڑ

دارین: دنیا اور دنیاے آخرت

داس: درانتی

داستار: دلال، دکاندار جو گھر کے سازوسامان کی خرید و فروخت کراتا ہے

داستان: کہانی، قصہ، حکایت، رومان، داستان رستم و سہراب: رستم اور اس کے بیٹے سہراب کی کہانی

داسفالہ، داسگالہ: چھوٹی درانتی

داسہ: گندم کے سٹے، سٹوں کی شاخیں

داسی: درانتی نما، خمیدہ، ٹیرھی

داش: بھٹا جس میں اینٹیں پختہ کی جاتی ہیں، آتش خانہ، کمھارکی بھٹی

داشاب: عطا و بخشش

داشاد: عطا و بخشش، صلہ، انعام

داشتن: رکھنا

باز داشتن: روکنا

برداشتن: اٹھانا

من پول نداشتم: میرے پاس پیسے نہ تھے میرے پاس رقم نہ تھی

داشتہ: رکھی ہوئی چیز

داش خار، داشخال: زنگار جو لوہے کو لگ جاتا ہے۔

داشن: داشاد، تحفہ، انعام

داشن: نیا سلا ہوا لباس جو ابھی پہنانہ گیا ہو، نیا تعمیر شدہ مکان جس میں ابھی اقامت اختیار نہ کی گئی ہو

داعی: (ع) دعوت دینے والا، بلانے والا، دعا گو، موذن

داعیہ: (ع) خواہش، وجہ، سبب، علت، دعوی، نیت، دواعی جمع

داغ: نشان، رنج و اندوہ داغ جو تپتے ہوئے لوہے سے گھوڑے یا کسی اور جانور کو لگایا جاتا ہے

داغت را نہ بینم: خدا تمہیں اپنی امان میں رکھے کسی قسم کا دکھ نہ ہونے دے

داغ دل: دکھ، تکلیف،

داغ دل از کسی گرفتن: کسی سے انتقام لینا

داغ دیدن: کسی عزیز کی موت پر دل آرزدہ ہونا

داغ کردن: تپتے ہوئے لوہے سے داغنا

داغان: پراگندہ، بکھرا ہوا

داغ آہن: تپتے ہوئے لوہے کا داغ جو گھوڑے یا کسی اور جانور کو لگایا جائے۔
داغدار: جس پر نشان لگے ہوں، خجل، پشیمان، دکھی
داغدیدہ: جس نے کسی عزیز کی موت کا صدمہ برداشت کیا ہو
داغستان: بحیرہ خزر سے آگے کا ملک جواب مملکت روس میں شامل ہے، علی قلی والہ داغستانی وہیں کے رہنے والے تھے
داغسَر: جس کے سر کے بال اوپر سے اڑے ہوئے ہیں
داغگاہ: جہاں تپتے ہوئے لوہے سے گھوڑوں کو داغتے ہیں
داغُول: مکار، حیلہ گر، فریبی
داغی: گرمی، حدّت، گھوڑا جسے تپتے ہوئے لوہے سے داغا گیا ہو
داغِینہ: کہنہ، پرانا، مستعمل۔
داغینہ: گرم لوہے کا داغ، داغ آہن۔
دافِع: (ع) دفع کرنے والا، دور کرنے والا
این دوا دافع بسیاری از امراض است: یہ دوا بہت سی بیماریوں کو دور کرتی ہے
دافِق: پانی جو تیزی سے کہیں سے گرتا ہے اور بہنے لگتا ہے
دال: شکاری پرندہ، عقاب
دال: (ع) دلیل، دلالت کرنےوالا، رہنمائی کرنے والا
این دال بر حمایت اوست: یہ دلیل اس کی حمایت میں ہے
دالان: صحن، غلام گردش، ڈیوڑھی
دالاندار: کاروانسرائے جس کی تحویل میں ہو
دالانداری: کاروانسرائے کی تحویل
دال بر: کناری لگانے والا، آرائشی کورلگانے والا مغزی لگانے والا، زنانہ لباس کو حاشیہ لگانے والا
دام: جال، کمند
دام انداختن: جال ڈالنا
دامِ تنویر نہادن: دام پھیلانا
دام عنکبوت: تارعنکبوت، مکڑی کا جالا
دام نہادن: جال پھیلانا
دام: (ع) دائم، ہمیشہ، دوام
دام: غیر درندہ حیوان مثلاً، گائے، بھیڑ بکری، گھوڑا، اونٹ وغیرہ
داماء: (ع) بحر، سمندر، دریا
داماد: بیٹی کا خاوند
دامان: دامن، لباس کا نچلا حصہ، کسی چیز کا حاشیہ مثلاً دامن صحرا، دامن کوہ
دام پزِشک: جانوروں کا معالج
دامِغ: (ع) اعتدال پسند، پرہیزگار
دامدار: جس کا پیشہ پالتو جانوروں مثلاً گائے بھینس، بھیڑ، بکری کی خرید و فروخت ہو (۲)صیاد جو دام بچھا کر جانوروں کو پکڑتا ہے
دامداری: (۱) پالتو جانورں کی خرید و فروخت (۲)دام بچھانا
دام ساز: جال بننے والا
دامسازی: جال بننا
دامِع: (ع) اشک ریز، آنسو بہانے والا
دامغان: تہران کے شمال مشرقی شہر کا نام
دامغُول: غدود جو جلد کے نیچے پیدا ہو جاتی ہے
دام کشی: جال پھیلانا
دام کندِہ: جو جال میں سے بھاگ نکلا ہے
دامگاہ: وہ جگہ جہاں دام بچھائے جاتے ہیں

دامن: لباس کا نچلا حصہ، قمیص کا نچلا حصہ
پاک دامن: نیک، پارسا، پرہیز گار
دامن آلودہ: تردامن، کنایہ ہے بدکار شخص کا
دامن برافشاندن: حرکت کرنا، کوچ کرنا، اعراض کرنا
دامن خدمت کسی را برکمر زدن: کسی سے مدد کی درخواست کرنا
دامن درکشیدن: اجتناب کرنا
دامن زدن: دامن کی ہوا سے آگ تیز کرنا
دامنِ شب: رات کا آخری حصہ
دامن فراخ: سخاوت، سخاوت کرنے والا
دامن کسی را گرفتن: رحم کے لیے کسی سے التجا کرنا
دامن کشان: غرور سے چلنا مثال:
ای کہ برما بگذری دامن کشان: ہمارے پاس سے غرور سے گزرنے والے!
دامن کشیدن: بڑے غرور سے چلنا، کام کرنے سے پہلو بچانا، بے تعلق ہو جانا
دامن گیر: ساتھ لگے رہنے والا
دامن گیری: ساتھ چپکے رہنا
دامِنہ: نشیب، نچان، حلقہ، کسی چیز کا کنارہ، دامن
دامنہ علم ہئیت وسیع است: علم ہیئت کا حلقہ بہت وسیع ہے
دامُوز: ایک بہت بڑا چار گوشہ ٹوکرا، آلہ جس سے برف کو بناتے ہیں
خیمہ دُوز: خیمے بنانے والا۔
دامیار: صیّاد
دان: دانہ، بیج، ثمر دار درخت یا پودے کا بیج
دان: لفظ کے لاحقے کے طور سے استعمال ہوتا ہے مثلاً، قلم دان، قلم رکھنے کی جگہ، گلدان، پھول رکھنے کی جگہ، گلدستہ
دانا: عقل مند، دانشمند
دانائے کل: پروردگار
دانائی: دانشمندی، عقل مندی
دانایان: دانا کی جمع
دانا یانہ: دانشمندانہ، عقل مندی سے
دانج: بیج
دانِست: سمجھ، سوج، علم
دانِستگی: جاننا، دانش
دانستن: جاننا، معلوم کرنا، آگاہی
اوچیزی نمیدانست: وہ کچھ بھی نہیں جانتا
او وظیفہ خود می دانست: وہ اپنا فریضہ جانتا تھا
دانِستہ: جانتے ہوئے، جان بوجھ کر
دانِش: عقل، علم، دانائی
دانش آموز: علم حاصل کرنے والا
دانش افزا: دانش یا علم و حکمت سکھانے والا، علم بڑھانے پھیلانے والا
دانش پژوہ: علم کی جستجو کرنے والا، طالب علم
دانش جُو: طالب علم
دانش سرا: علم حاصل کرنے کی جگہ، نارمل سکول
دانش سرای عالی: ٹریننگ کالج
دانشکدہ: کالج
دانشکدہ پزشکی: میڈیکل کالج
دانشکدہ حقوق: لا کالج
دانشکدہ کشاورزی: زراعتی کالج
دانشگاہ: یونیورسٹی
دانش گر: دانش ور

دانشمند: عالم فاضل، جسے علم و فضل میں کامل دستگاہ حاصل ہو

دانشمندانہ: عقل مندی سے

بامن دانشمندانہ صحبت کرد: میرے ساتھ اس نے بڑی عقلمندی سے گفتگو کی

دانشنامہ: یونیورسٹی سے حاصل ہونے والی سند

دانشور: دانشمند، عاقل، فرزانہ

دانشومند: دانشمند، عالم، دانا

دانش یار: لیکچرار

دانشی: دانشمند، دانشور

دانک: دانہ

دانگ: چھٹا حصہ

دانگانہ: خرچ کا کچھ حصہ جو مسافروں کو دیا جاتا ہے

دانگو: شوربا یا یخنی جو گندم، مسور، جو، ماش چنوں، لوبیا وغیرہ سے تیار کی جاتی ہے اسے سات دانہ شوربا یا یخنی کہتے ہیں

دانہ: بیج

دانہ افشاندن، دانہ پاشیدن: بیج بکھیرنا

دانہ برچیدن: دانے چننا

دانہ دار: جس میں بیج ہوں یا جو گٹھلی والا ہو

دانہ کش: دانہ چگنے والا پرندہ

دانی: (۱) نزدیک (۲) پست، فرومایہ

دانیال: بنی اسرائیل کے ایک پیغمبر

داؤ: (۱) نوبت، باری، کھیل کی باری (۲) ادعا دعوی

داؤدادن: باری دینا

داو طلب: اپنی باری چاہنے والا، جو شخص اپنی خواہش اور ارادے سے حاضر ہو اور کام اپنے ذمے لے، والنٹیز، رضا کار

داؤد: مشہور پیغمبر حضرت داؤد علیہ السلام، آپ بڑے خوش آواز تھے اور ایسے سوز و گداز سے ذکر الٰہی میں مصروف ہوتے تھے کہ آپ کی آواز سے پہاڑ گونج اٹھتے تھے، پرندوں پر وجد کی کیفیت طاری ہو جاتی تھی

داؤدی: حضرت داؤد (ع) سے متعلق

داؤدی: ایک پھول کا نام ہے

گل داؤدی: داؤدی پھول جس کے پتے مل کر گولائی اختیار کیے ہوتے ہیں، سورج مکھی کی طرح

داور: منصف، حَکَم، قاضی

داورستان: عدالت، کچہری

داوری: عدل و انصاف

داوری گاہ: عدالت

داؤ طلبانہ: رضا کارانہ

داو طلبی: رضا کاری

داوکار: مدعی، دعویٰ کرنے والا

داویدن: ادّعا کرنا، دعوی کرنا

داہ: ملازم، کنیز نیز دس عدد

داہا: غار، درہ

داہل: کھیتوں میں پرندوں کو ڈرانے کے لیے جو شکل کھڑی کر دیتے ہیں

داہم: (ع) دیہیم، تاج، تخت و تاج

داہی: (ع) دانا، زیرک، باہوش

داہیہ: (ع) بہت دانا، زیرک، نیز عظیم کام، مصیبت، حادثہ

دائر: (ع) چلتی حالت میں، پابرجا

آیا آن کارخانہ ہنوز دائر است: کیا وہ کارخانہ اب تک چل رہا ہے

دائر کردن: مستقل بنیاد پر قائم کرنا، شروع کرنا

دائرہ، دایرہ:(ع) گول چکر، حلقہ، حد، مقدار، بسط،
پا از دائرہ ادب بیرون گذاشت:ادب و احترام کی حد سے باہر نکل گیا، ادب و احترام کو نظرانداز کر دیا
دائرہ استوا:خط استوا
دائرہ انقلاب:گہن سے متعلق، دور جس سے سورج گزرتا ہوا معلوم ہوتا ہے
دائرہ مُتَقاطِعہ:ان دو بڑے دائروں میں سے ایک دائرہ جو قطبین پر مستطیل بناتے ہوئے ایک دوسرے کو قطع کرتے ہیں اور خط اعتدال اور خط مدار کو چار برابر کے حصوں میں تقسیم کرتے ہیں
دائرۃ المعارِف:انسانکلوپیڈیا
اردو دائرہ معارف اسلامیہ:اردو انسائیکلوپیڈیا آف اسلام جو جامعہ پنجاب نے شائع کیا ہے
دائرہ کش:پرکار
دائرہ وار:دائرے کی مانند
دائم:(ع) لگا تار، ہمیشہ کےلیے
دائم الخَمر:(ع) مے نوشی کا عادی
دائمی، دایمی:(ع) دوامی، جاودانی، متواتر
دائمیّت:سدا، ہمیشہ، علی الدوام
دایِن:(ع) قر ضخواہ
دایہ:(ع)نوزائیدہ بچے کی دیکھ بھال کرنے والی عورت
دایہ گری:دائگی، دایہ کا کام
دائی:ماموں
دُبّ:(ع) ریچھ، خرس
دُبِّ اصغر:قطب شمالی کے قریب چند ستاروں سے ترتیب پاکر ریچھ کی شکل بن گئی ہے. چھوٹی شکل کو دُبِّ اصغر کہتے ہیں
دُبِّ اکبر:بڑی شکل کو بنات النعش کبری کہتے ہیں یا دُب اکبر
دبار:(ع) تباہی، بربادی
دبّاغ:(ع) چمڑا کمانے اور رنگنے والا
دباغت:(ع) چمڑا کمانے اور رنگنے کا کام
دباغ خانہ:جہاں چمڑا کمانے اور رنگنے کا کام ہوتا ہے
دباغی:(ع) چمڑا کمانے اور رنگنے کا کام
دباغی شُدہ:چمڑا جو کمایا اور رنگا گیا ہو
دبداب:طبل، ڈھول
دبدبہ:(ع) شان و شوکت، تزک و احتشام، رعب داب
دُبُر:(ع) پشت، پچھلا حصہ، سُرین
دَبر:(ع) جھنڈ میں اڑنا، شہد کی مکھیوں کا ہجوم جو چھتے کی تلاش میں ملک مکھی کے ساتھ جاتا ہے
دَبَران:(ع) چاند کی منزلوں میں سے ایک جو برج ثور کے ستاروں پر مشتمل ہے
دَبرت:(ع) شکست، بد نصیبی
دِبس:(ع) انگوروں، کھجوروں یا شہتوتوں کا شیرہ جو جوش دے کر بنایا جاتا ہے
دبستان:ادبستان، مدرسہ، سکول
دبستانی:سکول کا طالب علم، سکول سے متعلق
دِبش:تیزاب
دبغ:(ع) دباغت
دبق:(۱) ایک پودا جس کے پتے بادام کے پتوں کی طرح لطیف اور سبزرنگ کے ہوتے ہیں اس کا پھل دانوں کی صورت میں سبز رنگ کا ہوتا ہے جو چنے کے دانوں کے برابر ہوتے ہیں (۲)سریش، چپکنے والی چیز
دبَنگ:بے وقوف، احمق
دبُور:(ع) مغرب کی طرف سے آنے والی ہوا (باد دبُور)

دبُوس: (ع) گرز، لوہے کا گرز جو قدیم زمانے میں اسلحہ جنگ کے طور سے استعمال ہوتا تھا

دبّہ: دھات کا برتن

دبّہ: سودا ہو جانے کے بعد قیمت کم کرنے کا مطالبہ، سودے کے وقت بات سے پھر جانا

دبہ درآوردن، دبہ کردن: سودا کرکے بات سے پھر جانا، قیمت کم کرنے کا مطالبہ کرنا

دبیت: سوتی کپڑا جو عام طور پر استر کے طور سے استعمال ہوتا ہے سیاہ ٹول یا ساٹن جو کپڑے کے کناروں پر سی جاتی ہے

دبیتِ مُشکی: سیاہ رنگ کی ٹول

دبیر: (۱)لکھنے والا، انشا پرداز، جو شخص دبیرستان میں شاگردوں کو درس دیتا ہے (۲)معتمد، سیکریٹری

دبیر خانہ: دارالانشا، جہاں بیٹھ کر تحریری کام ہوتا ہے

دبیر فلک: کنایہ ہے عطارد کا

دبیرستان: ہائی سکول

دبیری: دبیر کا کام، سیکریٹری کا کام، تحریر

دبیقی: (ع) سلک کی ایک قسم

دبیلہ: (ع) آماس، ورم، سوجن

دثار: (ع) لباس جو دوسرے لباس کے اوپر پہنا جاتا ہے

دثور: (ع) (۱)سست (۲)دھندلا، ملگجا، تاریک

دُجا: تاریکی

دَجاج: (ع) پالتو جانور، مرغ، مرغیاں

دَجاجہ: (ع) مرغی

دجّال: (ع) کذاب، بڑا دروغ گو، فریب دینے والا، ایک شخص کا نام جو قیامت سے کچھ پیشتر مسیح کذاب بن کر الوہیت کا دعوی کریگا اور بہت سے لوگ اس کے فریب میں آجائینگے

دجّالہ: لوگوں کا بہت بڑا گروہ

دجْل: (ع) جھوٹ، فریب

دجلہ: بغداد کے دریا کا نام

دُجی: (ع) تاریکی، اندھیرا

دُجیت: (ع) اندھیرا، تاریکی

دُچار: دو چار، اچانک ملنا، آمنا سامنا ہونا

دُخ: (۱) دختر، بیٹی

دَخ: فوجی دستہ نیز خالص، خوب

دخال: (ع) نیّت، طریق عمل

دخالت: (ع) (۱)دخل دینا، رکاوٹ پیدا کرنا (۲) شرکت کرنا

دُخان: (ع) دھواں

دُخانی: (۱) دھواں دار (۲)حقہ پینے والا

دخانیات: تمباکو کی بنی ہوئی چیزیں

ادارہ دخانیات: تمباکو سے متعلق محکمہ

دُخت: دختر، بیٹی

دختر: بیٹی، لڑکی، دوشیزہ، کنواری

مدرسہ دختران: لڑکیوں کا سکول

اوہنوز دختر است: وہ ابھی کنواری ہے

دختر برادر: بھائی کی بیٹی

دختر دائی: ماموں کی بیٹی

دخترِرز: انگور کا خوشہ، شراب

دختر عمو: چچا کی بیٹی

دختر عمّہ: چچی کی بیٹی

دختراندر: سوتیلی بیٹی

دخترانہ: بیٹیوں کی طرح، بیٹیوں کا سا

دختر بچہ: چھوٹی بیٹی

دخترگی: دوشیزگی، کنوار پن

دخترکی کسی را بردن:بے آبرو کرنا

دخش:(۱) آغاز، ابتدا، آغاز کار، (۲)تیرہ و تار (۳)زحمت و رنج

دخل:(ع) آمدنی، تعلق

چو دخلت نیست خرج آہستہ ترکن:اگر آمدنی نہیں تو خرچ کم کرو

این بشما دخلی ندارد:اس کا تمہارے ساتھ کوئی تعلق نہیں

دخل دار:نفع بخش، پر منفعت، شریک، حصہ دار

دخل کردن:کمانا

دخم:دخمہ

دخمہ:قبر، مقبرہ، ایک گول عمارت جس میں آتش پرست مردوں کو دفناتے ہیں، مثال:

یك دخمہ از بهر او ساختند   ہمہ فرش دیبا برانداختند

ایک مقبرہ اس کےلیے بنایا گیا اور سارے مقبرے میں مخمل کا فرش بچھایا گیا

دخن:باجرا

دخنہ:باجرے کا دانہ

دخو:سادہ لوح شخص

دخول:(ع) داخل ہونا، داخل ہونے کی اجازت، ورود

دخیل:(ع) جو مداخلت کر رہا ہو

من درین کار دخیل نبودم:میں نے اس کام میں مداخلت نہیں کی

دد:جنگلی جانور، درندہ

ددہ:آیہ، نرس، ترکی میں ددہ پدر بزرگ اور بوڑھے خدمت گار کو بھی کہتے ہیں

در:(۱)دروازہ، اندر، (۲)خاص موضوع سے متعلق

درِ دہنت رابگذار:اپنی چپڑ چپڑ سی باتیں بند کرو

در را ببند:دروازہ بند کر دو

از ہر دری سخن گفتند:ہر موضوع پر باتیں ہوئیں

دربند چیزی بودن:کسی چیز کی فکر میں ہونا

در گرفتن یا کوبیدن:دروازے پر دستک دینا

درِ صحبت را بازکردند:گفتگو کا دروازہ کھولا یعنی گفتگو کا آغاز ہوا

در ہر حال:ہر حالت میں

مدتی درآن بحث کردند:کچھ عرصہ اس موضوع پر گفتگو ہوتی رہی

درّ:دودھ کی فراوانی، خیر و برکت، خوبی و نکوئی

در: دریدن=پھاڑنا سے فعل امر پھاڑو

دُر:موتی، مروارید

دُرِ خوشاب:تابندہ موتی، گرانقدر موتی

در شاہوار:شاہی مروارید، گرانقدر مروارید

در سُفتن:موتی پرونا

درِ ناسُفتہ:ان بدھا موتی، دوشیزہ

دریتیم:لاثانی موتی

درِ یکتا:بے نظیر موتی

درآ، درآمدن:اند ر آنا سے فعل امر چلے آؤ

دَرا:گھنٹی، جرس

دُرَاج:(ع) تیتر

دراجہ:جنگ میں استعمال ہونے والا قدیمی ہتھیار

درا دُوزہ:چالاک شخص جو پھاڑتا ہے اور خوب سیتا ہے

دراوِہ:دیوث، قرم ساق، عورتوں کا دلال

دراہ:چرخے کا تکلا

دراز:لمبا، طویل

پابہ اندازہ گلیم درازکن، پارا بقدر گلیمت دراز کن:چادر دیکھ کر پاؤں پھیلاؤ

دراز کردن:طول دینا

دراز کشیدن:لیٹ جانا

ریسمان دراز:لمبی رسی

قصہ دراز:طویل قصہ

دراز پا:لمبے پاؤں والا

مرغان دراز پا:لمبے پیروں والے پرندے

دراز دست:لمبے ہاتھ والا، ضرر رسان، آمادہ پیکار، لڑائی پر تلا ہوا، دلیر، زبردست، غالب، بے انصاف

دراز دستی:ظلم، زیادتی، بے انصافی

دراز گوش:گدھا، خرگوش

درازنا:طول، لمبائی

دراز نفس:پرگو، پر از لفاظی، طوالت پسند مقرر، طوالت پسند انشا پرداز

دراز نفسی:پرگوی، طوالت پسندی

دراسَت:مطالعہ کرنا، علم حاصل کرنا، سبق کی طرف متوجہ ہونا

دراسِج:شاخ پیچاں، عشق پیچاں ایک شاخدار پودا جو دیوار پر بڑھتا چلا جاتا ہے

دُراعِہ:(ع) مشائخ اور زاہدوں کا چغہ

درافتادن:مخالفت کرنا، جھگڑنا

دُرافشاں:(گفتگو کے) موتی برسانے والا، فصیح

در افشانی:فصاحت و بلاغت

درّاک:ذہین، بہت جلد بات کی تہ تک پہنچنے والا صاحب ادراک

قوت درّاکہ:فہم و شعور

درام:ڈراما، تمثیل، نمائش

درآمد:(۱) آمدنی (۲)ابتدا، آغاز، تمہید، تعارف

اینکار درآمد زیادہ دارد:اس کام میں بہت آمدنی ہے

در آمدکردن:تمہید کے طور پر (بات یا گانے کی) ابتدا کرنا

درآمدگی:ابھار

درآمدن:اندر آنا، کمانا، حاصل ہونا، وزن ہونا

این کار چیزی در نمی آید:اس کام میں کچھ حاصل نہیں ہوتا

پنج من درآمد:اس کا وزن پانچ من ہوا

در آموختن:آموختن، سیکھنا

درآمیختن:مَلنا

درآندن، درانیدن:چیرنا، پھاڑنا

در آوردن:باہر نکلنا، ظاہر کرنا، دکھانا، کردار ادا کرنا،

اورا از مدرسہ در آوردم:میں اسے سکول سے لے آیا

او شبیہ لیلی را درآورد:اس نے لیلی کا کردار خوبی سے ادا کیا

یک بازی خوبی درآوردند:ایک کھیل بڑی خوبی سے دکھایا گیا، پیش کیا گیا

در اُفتادن:جھگڑنا

در آوِیختن:آویختن، لٹکانا

دراوِیش:درویش کی جمع

دراہم:درہم کی جمع، دیکھیے درہم

درایَت: فہم، ذہانت، تہ تک پہنچنا، اگاہی پانا

درآییدن: بولنا، باتیں کرنا نیز ہرزہ سرای

درب: **دروازہ:** در اُس کا مختصر ہے اس کی جمع دروب ہے

دربا: حاجت، ضرورت، مایحتاج

درباختن - باختن: ہار جانا، ہاتھ سے دے دینا

دربار: مجلس سلاطین، آستانہ، بارگاہ، شاہی عدالت

در باری: مجلس سلاطین کا رکن

دربان: دروازے کا نگران

دربانی: دروازے کی نگرانی کا کام

درباِیست: حاجت، ضرورت، مایحتاج، احتیاج، نیاز مندی

دربایستن: ضروری ہونا، احتیاج ہونا، لازم ہونا

دربت: سکھانا، مشق، مشق کرنا، عادت

در بچہِ: چھوٹا دروازہ، دریچہ

دربدر: آوارہ، سرگردان

دربدر شدن: سرگردان ہونا، بے گھر ہونا

دربرداشتن: خیالات کا ظاہری صورت میں لانا، پہننا، معانقہ کرنا

نیم تنہ خود را در برکرد: اس نے اپنا کوٹ پہن لیا

دربُردن: لے جانا، سمجھ لینا

سراز کاری دربردن: کام سمجھ لینا

در برکشیدن: گلے ملنا، پہلو میں لے لینا

در بست: تمام، کامل، سب کا سب، گھر جو کسی کے اختیار میں ہو

دربستن: بستن، باندھنا

دربستہِ: بندھا ہوا

در بند: پہاڑ کا تنگ راستہ، درہ، بحیرہ خزر کا ایک روسی شہر

دربند: قیدی، زنجیروں میں بند

دربندان: گھروں یا دکانوں کے دروازے بند ہونا

مثال:

شہر رمضان گرچہ مبارک شہر ہست
امّا در وی ہمیشہ در بندان است

رمضان کا مہینہ مبارک مہینہ ہے لیکن اس مہینے میں گھروں کے دروازے بند رہتے ہیں یعنی کوئی مہمان آتا جاتا نہیں

درپردہِ: پردے میں، پوشیدہ طور سے

چرا در پردہ حرف می زنید: کیوں پوشیدہ طور سے باتیں کر رہے ہو۔ چپکے چپکے کیا باتیں ہو رہی ہیں

در پردہ داشتن: مخفی رکھنا

در پوست نگنجیدن: آپے میں نہ سمانا، بہت خوشحال ہونا

در پیوستن: پیوستن، مل جانا

درج: (ع) تحریر کرنا

درج کردن: تحریر کرنا، شامل کرنا

مقالہ ای برای درج در روز نامہ نوشتم: میں نے ایک مضمون اخبار میں چھاپنے کےلیے لکھا

مقالہ مرا در روز نامہ درج کردند: میرا مضمون انھوں نے اخبار میں شائع کر دیا

دُرج: (ع) صندوقچہ، ڈبا، زیور رکھنے کی ڈبیا

درج دُر: موتیوں کی ڈبیا، کنایۃً، خوبصورت عورت کا دہن

درج گوہر: موتیوں کی ڈبیا

دَرَجات: (ع) درجہ کی جمع، درجے، مرتبے

بدرجات: درجہ بدرجہ

درَجاتِ نظامی: فوجی مراتب

درَجہ دادن: ترقی دینا، مرتبہ بڑھانا

درجہ نشیب: نچلے درجے کا منصب

درَجہ بندی: ہر ایک کا مقام مرتب مقرر کرنا

درحال: در حقیقت، حقیقتاً، اصل میں

درخت: بوٹا

درخت نِشاندن: بوٹا لگانا

درختِستان: درختوں کا جھنڈ، شجرزار

درختَک: چھوٹا درخت، پودا، جزی بوٹی

درخت کار: درخت لگانے والا

درخت مریم: ایک کھجور کا درخت جو خشک ہو گیا تھا لیکن حضرت مریم کےلیے وہ پھر سے سرسبز و شاداب ہو گیا

درَخش: روشنی، فروغ، چمک دمک، تاب، برق، بجلی

درخش: آرمینیہ میں آتش پرستوں کا ایک آتشکدہ تھا

درخشان: تابناک، فروزاں، چمکتا دمکتا

درَخشاندن، درخشانیدن: چمکانا، تابناک کرنا

درَخشِش: درخشندگی، چمک دمک، تابناکی، تَابانی، فروغ حسن، حسن تجلی، جگمگانا، آراستہ و پیراستہ ہونا

درخُف: کالے رنگ کا زنبور، بھڑ

درخوار و درخور: شایستہ، لایق، مناسب

درخواست: عرض، اظہار تمنا، گزارش

ازو درخواست کردم کہ اسم مراثبت کند: میں نے اس کی خدمت میں عرض کی کہ میرا نام درج کر لے

درخواست دادن: عرضی دینا، عرضی پیش کرنا

درخواست کردن: عرض کرنا، گزارش کرنا

درخواستن: عرض کرنا

درخواہ: درخواست، خواہش، گزارش

درخور: موزون، متناسب، شائستہ، لائق، مثال:

دست تہی بہ در گہت آمدہ ام امیدوار
لطف کن ارچہ نیستم درخور مرحبای تو

میں آپ کی بارگاہ میں خالی ہاتھ آیا ہوں اگرچہ میں آپ کے کریمانہ التفات کے قابل نہیں لیکن آپ کے لطف و کرم کا امیدوار ہوں

درخورد: درخور

درد: تکلیف، دکھ، ایذا، اذیت

اہل درد: دردمند، ہمدرد، شفیق

این کاغذ بدرد نوشتن نمی خورد: یہ کاغذ لکھنے کے لیے موزوں نہیں

بدرد آوردن: کسی کو تکلیف دینا

بدرد خوردن: کسی کے کام آنا، مفید ہونا

بدرد کسی گرفتار شدن: کسی دوسرے کی تکلیف دور کرنے کے لیے خود تکلیف میں مبتلا ہونا

بی درد: جسے کسی سے ہمدردی نہ ہو

درد سر دادن: کسی کو تکلیف دینا، کسی کےلیے تکلیف کا موجب بننا

درد عصبانی: اعضا کا درد، پٹھوں کا درد

درد کسی را بر چِیدن: کسی کو تکلیف سے بچانا

درد کشیدن: درد میں مبتلا ہونا

دُرد: تلچھٹ، جو چیز تہ نشین ہو

دُرد کش: تہ نشین چیز پینے والا، شراب کی تلچھٹ تک پینے والا

مثال:

بودم آنروز درین میکدۂ دُرد کشان
کہ نہ از تاک نشان بود نہ از تاک گمان

میں تلچھٹ پینے والوں میں اس وقت بھی تھا جب نہ انگوروں کا وجود تھا نہ انگوروں کی کاشت کرنے کا گمان، یعنی میں تو روز ازل سے آپ کے عشق کے نشے میں سرشار تھا

دردا: کلمہ افسوس، آہ، افسوس، دریغا

درداء: جس کے دانت گر چکے ہوں

درداب: دستنبو، میوہ یا کوئی خوشبودار چیز جو خوشبو کےلیے ہاتھ میں لی جائے

درداخ: پیرہن:زیر جامہ

دردار: سفیدار کا درخت، سیدھا لمبا درخت جس کی لکڑی سفید ہوتی ہے اور گھر کے چھتوں میں اس سے کام لیا جاتا ہے، درخت نارون

درد آشام: درد کش، جو درد میں مبتلا ہو

درد آشنا: جو دوسروں کے درد و غم سے آگاہ ہو اور ان کی مدد کرے

درد آگِین: تکلیف رساں، ایذارساں، تکلیف دہ، پردرد

دردچِین: درد کو آرام دینے والا، غمخوار

دردخوار: فقیر، بیکس

درد زدِہ: دردمند

دردستِان: درد چین

دردِ سر: کنایہ ہے اس زحمت و رنج کا جو کوئی شخص کسی دوسرے کو دیتا ہے

درد شریک: ہمدرد

دَرد کش: درد میں مبتلا

دُرد کَش: تلچھٹ پی جانے والا

درد گِین: پردرد

درد مند: (۱)درد میں مبتلا (۲)دوسروں کے درد کا احساس کرنے والا، ہمدرد

درد مندی: ایذا، اذیت، تکلیف

در دمیدن: پھونکنا، پھونک مارنا

درد ناک: پردرد

آہ درد ناک: درد بھری آہ

دُردُور: گرداب، دریا کے اندر وہ جگہ جہاں پانی چکر کی صورت میں پھرتا ہے

دُردی: دُرد

دُردی کَش: تلچھٹ پی جانے والا

دُرَر: دُر کی جمع موتی، مروارید

دُرَر بار: (۱)موتی برسانے والا (۲)موتیوں جیسے الفاظ گفتگو میں استعمال کرنے والا، فصیح و بلیغ (۳)دریا دل، سخی

دَر رسیدن: موقع پر پہنچنا

دَر رفتگِی: موچ، ہڈی یا جوڑ کا اتر جانا

در رفتن: دوڑ جانا، بھاگ نکلنا، فرار کرنا، بچ نکلنا

در رفتن تفنگ: گولی کا خود ہی چلنا

از بالا افتاد و پایش در رفت: اوپر سے نیچے گرا اور اس کے پاؤں کا جوڑ اتر گیا

زندانیاں در رفتند: قیدی نکل بھاگے

دَر رفتِہ: جوڑ اتر گیا

در رَو: باہر کو نکلنے کا راستہ

این کوچہ در رو ندارد: اس کوچے سے آگے کو نکلنے

کا کوئی راستہ نہیں، کوچہ آگے سے بند ہے

دُر ریختن:موتی برسانا، فصیح و بلیغ گفتگو کرنا

دُر ریز:فصیح و بلیغ گفتگو کرنے والا

دَرز:شگاف، چاک، کپڑے کا شگاف، سیون، جوڑ

درز گرفتن:سی دینا، ٹانکا بھرنا

دَرزَدن:دستک دینا، دروازہ کھٹکھٹانا

در زن:دروازے پر دستک دینے والا

دَرزن:سوئی، سوزن

دَرزَہ:گھاس پُھوس کا انبار

دَر زِہ:درز، شگاف

درزی:کپڑے سینے کا کام کرنے والا، جامہ دوز

درزی گر:درزی، خیاط

درزی گری:درزی کا کام

درس:(ع) سبق، درُوس جمع

درس خواندن:سبق پڑھنا

درس دادن:پڑھانا، تعلیم دینا

درسِ عبرت:سبق جو کسی تجربے سے حاصل ہوتا ہے، نتیجہ خیز سبق

درس گفتن:وعظ کرنا، لیکچر دینا

درساختن:ساز باز ہونا، خفیہ طور سے آپس میں مل جانا، ملی بھگت ہونا

در سار:دیوار جو گھر کے ارد گرد بنائی جاتی ہے

در سپردن:راستہ چل کر منزل پر پہنچنا

دُرُست:(۱)صحیح، راست، مستقیم، بے خطا، کھرا

درست درآمدن:اچھا ثابت ہونا

درست رفتار کردن:اچھا سلوک کرنا

درست ساعت سہ:پورے تین بجے

درست شدن:صحیح ہو جانا، ترتیب پانا

دُرُستش می کنم:میں اسے سکھا دونگا کہ اچھا سلوک کیسے کیا جاتا ہے

درست کار:راستباز، دیانت دار

درست کردن:ترتیب دینا

او آدم درستی است:وہ دیانت دار شخص ہے

آیا آن مبلغ درست است:کیا وہ رقم پوری ہے

غذا درست کن:غذا تیارکر دو

قلم را درست نگہدار:قلم ٹھیک طرح پکڑو

مُوی سر خود را درست کردن:اپنے بال کنگھی سے سنوارنا

دُرُست:چاندی سونے کے سکّے

دُرُست پَیمان:وعدہ وفا کرنے والا

درست عیار:خالص، اچھے معیار کا

دُرُست کار:دیانت دار

درست کارانہ:دیانت داری سے

درست کاری:دیانت داری، امانت داری

درست کِردار:دیانت دار، اچھے اوصاف والا

درست گمان:پختہ یقین

درست گو:راست گو، ہمیشہ سچ کہنے والا

دُرُستہ: تمام، سب کا سب

دَرَستہ:بخشش و عطا، معافی، رحمت

درُستی:سچائی، دیانت، راستی۔

درسخانہ:مدرسہ، سکول۔

درسخوان:طالب علم۔

درس خواندہ:تعلیم یافتہ۔

درسگاہ:سکول

دَرَش:طویلہ، اصطبل۔

دُرُشت:کھُردرا، نیز، اپنی قسم کی چیزوں سے بڑی چیز۔

دُرُشت خُو:تند مزاج، اکھڑ مزاج کا

دُرُشتی:سختی، اکھڑ پن، تندی مزاج، کرختگی، ناشانستگی۔

درشتی کردن:کرختگی سے بات کرنا، سختی کا برتاؤ کرنا۔

درشُدَن:داخل ہونا۔

دَرشِکَستن:شکستن، توڑنا۔

دُرُشکہِ کرایہ ای:کرایے کی گھوڑا گاڑی۔

دُرشکہِ چی:گھوڑا گاڑی کا کوچوان۔

درِع:(ع) اسلحہ، سامان جنگ۔

دَرَغ:ڈیم، بند۔

دَرغال:آسودہ، پُر امن، آسودگی۔

درغالہِ:پہاڑی درہ، دامن کوہ کا تنگ درہ۔

دَرغَست:پوچ، ہرزہ، فضول، لغو، بے سروپا، لاف، غیر موزوں۔

دَرغَم:ایک سرکا نام جس میں نغمہ طرازی کرکے غم دور کیا جاتا ہے۔ مثال:

چنان مستغرقم در غم کہ مطرب
اگر "درغم" سراید غم فزاید

میں غم میں کچھ اس طرح ڈوبا ہوا ہوں کہ اگر مطرب «درغم» سُر میں نغمہ طرازی کرے تو میرے غم میں اضافہ ہی ہوتا ہے۔

درغَم:شراب سازی کے لیے مشہور شہر۔

دَرغَمی:ایک قسم کی شراب جو کبھی درغم میں تیار ہوتی تھی۔

دَرغِیش:انبوہ، ہجوم۔

درفزودَن:فزُودن، بڑھانا۔

دِرَفش:ایک آلہ ہے جس سے جوتا سینے کے لیے چمڑے میں سوراخ کرتے ہیں۔

دُرَفش:جھنڈا، علم، پرچم۔

دُرفشِ کاویانی:ایران کے فریدوں بادشاہ کے زمانے کا پرچم جسے کاوہ لوہار نے بنایا اور لہرایا تھا اور اسی کی یادگار میں اسے دُرفش کاویانی کا نام دیا گیا۔

دُرَفش:آب و تاب، چمک دمک، تابندگی۔

دُرَفشان:(۱)چمکیلا، تابناک، درخشاں، تابان (۲)کانپنا

دُرَفشاندان-دُرَفشانیدن:چمکنا، درخشاں ہونا، تابناک ہونا۔

دُرفشی:درفش سے متعلق، کنایہ ہے اس شخص کا جس کی نیکی یا بدی میں شہرت ہو۔

دُرَفشیدن:چمکنا، بجلی کا چمکنا۔

دَرفنجك:بختک، کابوُس۔ دیکھیے کابُوس۔

دَرَق:(ع)(۱)ہر سخت چیز (۲)تھپڑ، طمانچہ، چپت۔

بگوشش دَرَق زد:اس کے کان پر اس نے تھپڑ مارا۔

دَرَقہ:(ع) چمڑے کی حفاظتی پیٹی۔

دَرک:(ع) فہم، سوچ، سمجھ۔

درک کردن:سمجھنا بوجھنا۔

مطلب اور را درک نہ کرد:وہ مطلب نہ سمجھ پایا۔

دَرک:سمندر کی تہ، جہنم، دوزخ۔

دَرک اسفَل:جہنم کا پست درجے کا طبقہ۔

دَرکات:درک کی جمع، طبقات۔

درکارکسی:کسی کے بارے میں۔

دَرکالہ:سرد، خنک، یخ۔

دَرکردن:شروع کرنا، کھینچنا، فائر کرنا، تفریق کرنا، خارج کرنا، باہر نکالنا۔

درکشِیدن:پکڑنا، حاصل کرنا، پینا، کھینچنا۔

دم درکشیدن:خاموش ہو جانا، فوت ہو جانا۔

عِنان در کشیدن:لگام کھینچ لینا۔

مطلبی را از کسی بتدبیر درکشیدن:تدبیر سے کسی سے اطلاع حاصل کرنا۔

دَرکندن:کندن، کھودنا۔

دَرکہ:تہ، نشیب، طبقہ، طبقہ دوزخ۔

دَرگاہ:(ع) آستانہ، بارگاہ، دہلیز،۔ چوکھٹ۔

در گزاشتن:(۱) رکھنا، چھوڑنا (۲)شروع کرنا۔

گریہ در گذاشت: وہ رونے لگا۔

درگذشتَن:گزرنا، فوت ہو جانا، رحلت کر جانا۔

دَر گرِفتَن:(۱)آگ لگنا، شعلے نکلنا، اثر کرنا

درگِل ماندن:مشکلات میں مبتلا ہونا۔

درگہ:(ع) درگاہ۔

درگیرشدن:(۱)لڑائی کا آغاز ہونا (۲)جنگ کی آگ بھڑکنا۔

دِرَم:درہم، خاص سکہ، خاص وزن۔

درما:خرگوش۔

درمان:علاج، معالجہ، دوا دارو، چارہ۔

بی درمان:جس کا کوئی علاج نہ ہو، بے بس، بے یار و مددگار۔

دردبی درمان:تکلیف جس کا علاج نہیں، کوئی کام جس میں مدد نہ کی جاسکے۔

در مان کردن:علاج کرنا۔

درماندِگان:بے بس، بے سہارا لوگ، عاجز، مجبور، بے کس لوگ، درماندہ کی جمع۔

درماندِگی:عاجزی، بے کسی، مجبوری۔

درماندَن:بے بس ہو جانا، اذیت میں مبتلا ہونا، عاجز آ جانا۔

درماندِہ:پریشان، بے بس، بے یار و مددگار۔

خدا نکند کسی درماندہ و محتاج بشود:خدانہ کرے کہ کوئی بے بس اور بے یار و مددگار ہو۔

دِرم خرِیدِہ:زرخرید غلام۔

دِرَم سرا:ٹکسال، سکے ڈھالنے کا خاص مقام ضرابؔ خانہ

درَم سَنج:صرّاف۔

درَم سنگ:کوئی چیز جس کا وزن درم کے برابر ہو۔

درّم گزین:صرّاف۔

درمَل:گندم اور جوکے دانے جو ابھی پختہ نہ ہوئے ہوں۔

درَمِنہ:ایک پودا جس کے بیج دوا کے طور سے استعمال کرنے سے پیٹ کے کیچوے خارج ہو جاتے ہیں۔

دَرَن: غلاظت، کثافت، نجاست۔

دَرنا: کلنگ، کونج۔

دَرَند: شکل و صورت، وضع قطع، پیکر۔

فلک دَرَند: آسمان کی مانند۔

دَرَندگان: درندہ کی جمع، چیرنے پھاڑنے والے جانور۔

دَرَندگی: ظلم وتشدد کرنا۔

دَرَندہ: ظالم، متشدّد، غارت گر، بے رحم۔

دَرَندہ خُو: خونخوار، بے رحم، خون آشام۔

دَرَندہ خُوی: درندگی، بے رحمی، خونخواری۔

دَرنِشاندَن: نشاندن، بٹھانا، کوئی چیز نصب کرنا مثلاً یاقوت یا فیروزہ کو انگشتری میں نصب کرنا۔

درِنگ: (۱)گھنٹی کی آواز، تانبے یا شیشے کے برتنوں کے ٹکرانے کی آواز (۲)آہستگی، تامل۔

درنگ کردن: دیر کرنا، تامل کرنا، توقف کرنا۔

بلادرنگ یابی درنگ: بلا تامل۔

درنگیدَن: تامل کرنا، ٹھہرنا، دیر کرنا،توقف کرنا۔

دَرنوَردَن: سفر کرنا۔

درنَوَردیدَن: لپیٹنا، تہ کرنا، سفر کرنا۔

دَر نوِشتَن: (۱)لپیٹنا (۲)مٹا دینا، خط باطل کھینچنا، نظر انداز کرنا۔

کتاب کُہن را در نوشتند: پرانی کتاب کو نظر انداز کردیا گیا۔

درنُہفتَن: نہفتن، چھپانا۔

دِرَو: فصل کاٹنا۔

موسِم دِرَو: فصل کی کٹائی کا موسم۔

در و: اس میں۔

دروا: (۱)لٹکا ہوا (۲)سرگرداں، دوران سر میں مبتلا، سراسیمہ، پریشان، بدحواس، مخبوط الحواس۔

درواخ: (۱)رُوبہ صحت، تندرستی (۲)بے عیب (۳)دلیر (۳)وفادار، مستحکم۔

درواز: حاجت، ضرورت۔

دروازِہ: (۱)در، گھرکا بڑا در

دروازہ بان: دروازے کا نگہبان۔

درواس: بُل ڈاگ، ایک بڑا کتا جس کے کان نیچے کو لٹکے ہوتے ہیں۔

دَرُوب: درب کی جمع، دروازے۔

دَرُود: ثنا، دعا سلام، تشکر، دعاے خیر۔

درُود: لکڑی تراشنا۔

دَرُودکار-درودگر: ترخان، نجّاز، بڑھئی۔

دَرُودگری: بڑھئی کا کام۔

دَرُودَن-درویدَن: فصل کاٹنا۔

دَرُوز: (ع) درز کی جمع۔

دَرُوس: (ع) درس کی جمع، اسباق۔

درُوش: جوتا سینے کا آلہ۔

دُرُوغ: (ع) جھوٹ۔

دروغ باف: دھوکا دینے کے لیے جھوٹ بولنے والا۔

دروغ پرداز: وہ شخص جو کسی جھوٹ کی تائید کرے۔

دروغ در آمدن: جھوٹ ثابت ہونا۔

دروغ زن: جھوٹ بولنے والا۔

دروغ ساختَن: جعلی بات بنانا، دھوکا دینے کے لیے

جھوٹ گھڑنا۔

دروغ شاخدار: بہت بڑا جھوٹ۔

دروغ گُفتن: جھوٹ کہنا۔

دروغ گو: جھوٹا۔

دروغ گوی: جھوٹ بولنا۔

دروغ مصلِحَت آمیز: کوئی جھوٹ جو کسی کی بہتری کے لیے بولاجائے۔

اشک دروغ: فریب کے آنسو۔

بدروغ: جھوٹ کے طور سے۔

حرفِ دُروغ: جھوٹی بات۔

دروغی: جھوٹ۔

دِرَوگر: فصل کاٹنے والا۔

دِروگری: فصل کاٹنا۔

دَرُون: اندر، اندر کی طرف، دل۔

از درون: باطنی لحاظ سے۔

تیرہ درون: بدباطن، سیاہ دل۔

دَرُون پَروَر: شریف، نیک، دلجوئی کرنے والا۔

درون چوں مَلَك: باطنی لحاظ سے فرشتوں کی طرح کا۔

دَرُون دار: ریاکار، پُرفریب، خودپسند۔

درون رِیش: دل ریش۔

درون نشین: گوشہ نشین۔ تارک الدنیا، درویش۔

درونی: اندرونی۔

دَرُونَج: ایک درخت جس کی شاخیں لمبی اور پتے بادام جیسے اور پھول زرد رنگ کے ہوتےہیں، اس کا پھل دوا کے کام آتا ہے۔

درَوند: خمدار کانٹا۔

دَرونَدہ: فصل کاٹنے والا۔

دَرُونہ: (۱)کمان (۲)قوس قزح (۳)کوئی چیز جو کمان جیسی خمیدہ ہو۔

درویدَن: فصل کاٹنا۔

دِرویز-دریوزہ: گدائی۔

دروِیش: فقیر، قلندر، گوشہ نشین، خدارسیدہ بزرگ۔

درویشانِہ: درویش کی طرح۔

درویشی: فقیری، انکساری، عاجزی۔

دَرَّہ: پہاڑ کا درمیانی راستہ، دو پہاڑوں کا درمیانی راستہ

درہ کُوچك: پہاڑ کے دوحصوں کا درمیانی تنگ راستہ۔

دُرَّہ: چابک، کوڑا، تازیانہ۔

دَرہِشتہ: جُود و سخاوت، عطا و کرم، دادو دہش۔

دِرہم: (ع) درم، چاندی کا ایک سکہ جس کا وزن مخصوص ہوتا ہے۔

دَرہَم: تہ وبالا، تِتَر بِتَر، بے ترتیبی، پیچیدہ، مبہم، مخلوط، آمیختہ، آشفتہ، شوریدہ۔

این موضوع خیلی درہم شدہ است: یہ موضوع بہت پیچیدہ یا مبہم ہوگیا ہے۔

درہم اُفتادَن: الجھن میں پڑنا۔

دَرہم برہم: تہ و بالا، الجھا ہوا، بے ترتیب، خلط ملط۔

دَرہم پیچیدَن: ملانا، وابستہ کرنا، مخلوط کرنا۔

درہم پَیوستَن: ملا دینا۔

درہم شدن: الجھ جانا، بے ترتیب ہو جانا۔

درہم شِکستَن: توڑنا، تباہ کرنا۔

دریم کردن: خلط ملط کردینا۔

دریم گیر کردن: الجھانا، پیچیدہ کرنا، بل دار کرنا، مخلوط کرنا۔

موی دریم: بکھرے ہوئے بال، الجھے ہوئے بال

دریمی: گڑبڑ، خلط ملط، ابتری، پراگندگی، انتشار، الجھن

دریمی برہمی: بے ترتیبی، الجھن

دری: دربار سے منسوب، درہ سے متعلق مثلاً

کبک دری: چکور جو پہاڑ یا درہ پہاڑ میں رہتا ہے

دری: فارسی زبان جو ایران میں پہلوں زبان کے بعد رائج تھی

دری: روشن، تاباں

دریای سفید: بحرابیض

دریای سیاہ: بحر اسود

ازراہ دریا: بحری سفر سے

بالا آمدن دریا: سمندر میں طوفان آنا

بدریا انداختن: (کشتی) سمندر میں ڈالنا

دریاب-دریافتن= معلوم کرنا، پالینا، دیکھ لینا سے فعل امر، دیکھ لے، معلوم کر لے، مثال:

دریاب کہ نقشی ماند از طرح وجود من
چون یاد تومی آرم خود ہیچ نمی مانم
(سعدی)

میرے وجود کی بناوٹ میں صرف نقش سا باقی رہ گیا ہے اسے دیکھ لے، جب میں تمہیں یاد کرتا ہوں تو وجود ہیچ ہو جاتا ہے

دریا بار: (۱)موسلادھار مینہ برسنا (۲)کنار دریا، شہر جو دریا کے کنارے پر ہو

دریابان: بحری فوج میں صاحب منصب، امیر البحر

دریابند: بندرگاہ

دریا بندہ: ذہین، عاقل، فرزانہ

دریاچہ: دریا، ندی

دریا دار: امیر للبحر

دریا دل: سخی، فیاض

دریا رو: دریا نورد، بحری سفرکرنے والا

دریا سالار، امیرالبحر

دریافت: ادراک، احساس، شعور، سمجھ، عمل احساس، عمل شعور

دریافتگی: ادراک، معلوم کر لینا، سمجھ لینا، سمجھ میں آنا

دریافتن: سمجھ لینا، معلوم کر لینا، ادراک ہونا، احساس ہونا

دریافتی: جو معلوم ہوگیا ہے، جو پہنچ گیا ہے۔

مبلغ دریافتی: روپیہ جو پہنچ گیا ہو۔

دریاکش: بہت زیادہ شراب پینے والا۔

دریاکف: سخی، فیاض، کشادہ دست، کھلے ہاتھ والا، جس کے ہاتھ سمندر کی طرح کھلے ہوں۔

دریاکنار: کنارِ دریا، سمندر کا کنارہ، ساحل۔

دریاگوش: صدف، سیپی، گوش ماہی۔

دریانورد: بحری سفر کرنے والا۔

دریا نوردی: بحری سفر۔

دریای: سمندر سے متعلق۔

شقایق دریای: سمندری پھول، شقایق النعمان۔

دریچہ: چھوٹا دروازہ، کھڑکی۔

دریچہ چشم: آنکھ کی پتلی۔

دریچہ خودکشا: کھڑکی جس کے ساتھ حفاظتی کھل مندن لگایا جاتا ہے۔

دِریدگی: چاک، شگاف چاک کرنا، شگاف ڈالنا، پھاڑنا، ادھیڑنا۔

دَریدَن: پھاڑنا، شگاف، ڈالنا، چاک کرنا، پارہ کرنا۔

جامہ خودرا درید: اسنے اپنے کپڑے پھاڑ دیے۔

دَریدِہ: پھنا ہوا، بے حیا، ڈھیٹ، دیدہ دلیر، بے غیرت، بدتمیز۔

دَریدہ چشم: بے حیا، بے غیرت۔

دریدہ دہَن: کھلے منہ والا، جسے زبان پر قابو نہ ہو، بدزبان، فضول باتیں کرنے والا۔

دِریغ: (۱) افسوس، حسرت، اندوہ، پشیمانی (۲) انکار، نہ دینا، روکے رکھنا۔

اگر پول لازم دارید دریغ نیست: اگر روپے کی تمہیں ضرورت ہے تو انکار نہیں کرونگا۔

دریغِ آیدش: وہ رضا مند نہیں۔

دریغ آیدش دست بُردن بہ تِیغ: وہ شمشیرزنی پر آمادہ نہیں۔

دریغ خُوردن: افسوس ہونا۔

دریغ داشتن: روکنا، نہ دینا۔ /

دریغا: کلمہ افسوس، افسوس، ہے۔

درِیواس: گھرکے اندر چاروں طرف، دورازے کی چوکھٹ۔

دری وَری: گپ شپ کرنا۔

درِیوز-دریوُزِہ: گدائی، بھیک مانگنا، مثال:

نُوری از پیشانی صاحبدلاں در یُوزہ کُن
شمع خود را میبری دل مردہ زین محفل چرا

اپنی شمع دل کو مایوسی سے اس محفل سے کیوں لیے جارہے ہو کہ اس سے تمھیں روشنی حاصل نہیں، تم اہل دل کی پیشانی سے نور حاصل کرنے کی التجا کرو۔

دریوُزگی: گدائی۔

دُزد: چور، فریب کار، دغا باز، جعل ساز۔

دزد خانگی: گھروں میں چوری کرنیوالا۔

دزد دریائی: بحری ڈاکو۔

دزد شاہراہ: رہزن۔

دُزد افشار: چوروں کا ساتھی، چوروں سے حصہ لینے والا۔

دُزدام: زمین دوز،قید خانہ۔

دُزدانہِ: چوری چوری، چوری سے، خفیہ طور سے۔

دُزد با چراغ: ہوشیار چور، دانا چور، رہنمائی اورحفاظت کا سامان ساتھ لیے ہوئے۔

دُزد بُردِہ: چوری کیا ہوا۔

اشیائ دُزد بُردِہ: چوری کی ہوئی چیزیں۔

دُزد ریگ: ریگ رواں۔

دُزدکی: دُز دانہ، چوری سے۔

دُزدگاہ: چوروں کا ٹھکانا، جہاں چور اپنے آپ کو چھپا لیتے ہیں۔

دُزدگِیر: چور پکڑنے والا۔

دُزدی: چوری۔

مال دزدی: چوری کا مال۔

دُزدیدَن: چُرانا۔

دو دُزد گاؤ را دزدیدند: دو چوروں نے گائے چرائی۔

دُزدیدہ: چوری کیا ہوا مال۔

دِزغالہ-دِژغالہ: قلعہ، حصار، شہر یا قلعہ کے ارد گرد کی دیوار۔

دِژ: قلعہ، حصار۔

دَژ: بُرا، بداعمال، فاسق، بد خصال، غصہ، قہر، بدخوی۔

دِژ آباد: تند مزاج، غصیلا، بدخوُ، خشم آلود، خشمگین، پرجوش، گرم مزاج۔

دَژ آگاہ: خشم آلود، بدخو، بد اندیش، بددل۔

دِژ آہنگ: بدکردار، بدخیال، بدنیت، بُرا ارادہ کرنے والا، بدخو۔

دِژبان: قلعے کا محافظ، نگہبان، کماندار، سپاہی۔

دِژبانی: قلعے کی حفاظت، نگہبانی۔

دِژبراز: نازیبا، بدنما، بدخو، خشم آلود، خام طمع۔

دِژُبرو: بدخوُ، بد خلق، ترش رُو، جس کی پیشانی پر ہمیشہ بل رہیں، خشمگین۔

دَژپسَند: (۱) دشوار پسند، ہر سختی اور دشواری کو پسند کرنے والا (۲) پارسا، پرہیزگار۔

دُژپیہ: بڑی غدود جو جلد کے نیچے پیدا ہو جاتی ہے۔

دَژخیم: (۱) بدمزاج (۲) جلاّد، پھانسی، دینے والا، قاتل، آدم کُش۔

دِژدار: قلعہ دار، قلعے کا محافظ، نگہبان۔

دُژک: آبلہ، چھوٹی غدود۔

دُژکام: (۱) تلخکام، اندوہگین (۲) زاہد، پرہیزگار۔

دُژ گوار: ہر وہ غذا جو گوارا اور قابل ہضم نہ ہو۔

دِژم: (۱) آشفتہ، دل تنگ افسردہ، اندوہگین، آزردہ، رنجور

دِژمان: دژوان، افسوس، حسرت۔

دِژمناک: ستم زدہ، پریشان حال، غمگین۔

دِژن: تندو تیز، خشمگین۔

دُژنام: دشنام، گالی۔

دِژند: بد مزاج، تند خُو، گرم مزاج۔

دِژواح: دژوان، دریغ، افسوس، حسرت۔

دِژ ہُخت: دژ ہوخت۔

دِژہُوخت: بیت المقدس کا قدیمی نام۔

دَس: مانند، مثال، برابر کا، ویسا۔

دساتِیر: دستور کی جمع، ایران کے ایک پارسی بزرگ مہابد سے منسوب مذہبی قوانین کی کتاب۔

رئیس شہربانی:سپرنٹنڈنٹ پولیس۔

رئیس کمیساریہ:مجسٹریٹ۔

رئیس مجلس:صدر مجلس۔

رئیس الوُزَرا:وزیر اعظم۔

رئیس وقت:وقتی صدر۔

رئیسہ:رئیس کی مونث۔

ز

ز- فارسی ابجد کا تیرھواں، عربی ابجد کا گیارہوں اور اردو کا سولھواں حرف ہے۔ ابجد کے اعداد کے اعتبار سے اس کے سات عدد ہیں اسے کبھی ج، ژ اور ع سے بدل دیتے ہیں۔ "ز" از کا مخفف ہے بمعنی سے۔ مثال:

بجام ساغرِ ما قطرہ ای نمی افتد

اگر نشاط ببارد ز آسمان بی تو

اگر آسمان سے مسرتوں کا بادل بھی برسے لیکن اگر تو نہیں تو میرے جام میں ایک قطرہ بھی نہیں پڑیگا۔

شمیثر نیک ز آہن بد چون کند کسی:عمدہ تلوار ناقص لوہے سے کیونکر بنائی جاسکتی ہے۔

"ز"کا الحاق:دوسرے لفظوں سے اس طرح ہوتا ہے۔

زان- ازآن:اس سے۔

زُو-ازاو:اس سے۔

وز، و از اور۔۔۔سے۔

زا-زائیدن:پیدا کرنا، آگے لانا سے فعل امر، آگے لاؤ، پیدا کرو۔

قطرہ را فیض اوست طوفان زا

ذرہ را مِہرش آفتاب نما

ایک قطرہ بھی ہو تو اس کے فیض سے وہ طوفان پیدا کردیتا ہے، ایک ذرہ خاک بھی ہو تو وہ اس کی بخشش سے آفتاب کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔

زاب:وصف، کیفیت، خاصیت، صفت۔

زاب:پیشدادی خاندان کا ایک بادشاہ۔

زاُبل:(۱) ایران کے صوبہ سیستان کا شہر جسے پہلے نصرت آباد کہتے تھے (۲)سیستان کے ایک قبیلے کا نام (۳)ایرانی موسیقی کی ایک سُر۔

زاُبلِستان:سیستان کا علاقہ، رستم کا وطن۔

زابُلی:زابل سے متعلق۔

زابیدَن:واضح کرنا، شرح کرنا، وصف بیان کرنا، خاصیت بتانا۔

زاپاس:(۱) ذخیرہ محفوظ رکھنا، محفوظ رکھی ہوئی چیز۔

زاج:جس میں گندھک کا عنصر ہو، پھٹکڑی، زاجی نمک جس میں پھٹکڑی ہو، پھٹکڑی سے بنے ہوئے مرکبات۔

زاج:جس عورت نے ابھی بچے کو جنم دیا ہو، سات دن تک اس کو زنِ زاج کہتے ہیں۔

زاجِر:(ع) زجر کرنے والا، تنبیہ کرنے والا، کسی کام سے باز رکھنے والا، سمجھانے والا۔

زاج سُور:بچے کی ولادت کی تقریب۔

زاجِہ:نومولُود بچہ۔

زاجی: پھٹکری سے ملتا جلتا۔

زاچ: زاجہ، دیکھیے زاجِ۔

زاحف: (ع) رینگنے والا، رینگ کر چلنے والا۔

زاخِر: (ع) (سمندر کی لہروں کا) طوفان کے بعد اٹھنا اور گرنا، اتار چڑھاؤ، مجازاً شریف، فیاض۔

زاد: خوراک کا سامان جو سفر میں ساتھ لے جاتے ہیں۔

زاد: مخفف زادہ، بچہ، پیدائش، اولاد۔

زادبُوم: وطن، مادر وطن، وہ جگہ جہاں کوئی پیدا ہو۔

زادِگی: ولادت، پیدائش۔

زادن- زاییدن: جنم دینا۔

زاد خور: بوڑھا شخص، کمزور، ناتواں۔

زاد سرو: سرو آزاد۔

زاد مرد: آزاد شخص، جوانمرد، کریم۔

زاد و ولَد: آل اولاد، افزائش نسل۔

زاد و بود: جائے ولادت، مسکن، سرمایہ، سامان۔

زادِہ: جو پیدا ہوا ہو۔

شاہزادہ: بادشاہ کا بیٹا، زادہ کی جمع زادگان۔

زادہ مریخ: لوہا۔

زار: اندوہگین: درد انگیز، ضعیف، لاغر، ناتواں۔

ای کہ ہیچ نشنیدی نالہ ہائ زارم را: آہ کہ تونے میری درد ناک آہ و فغان کو نہیں سنا۔

کارش زار است: اس کی حالت نازک ہے۔

زار: لاحقے کے طور پر بھی آتا ہے، وہ جگہ جہاں کوئی چیز کثرت سے ہو مثلاً: لالہ زار، خارزار، گلزار۔

زار تشت-زرتشت: پارسیوں کے مذہب آتش پرستی کا بانی، اسے زرتشت بھی کہتے ہیں۔

زارچ- زِرِشك: ایک قسم کا پودا، جس کے چھوٹے چھوٹے زرد اور سرخ پھول ہوتے ہیں۔

زار خوار: خوار، پریشان حال۔

زار خورش: جو کم غذا کھانے کی وجہ سے کمزور ہو۔

زار زار: درد مندی سے آہ و زاری کرنا، آٹھ آٹھ آنسو رونا۔

زارِع: (ع) زراعت کرنے والا، کھیتی باڑی کرنے والا، کاشتکار۔

زارکُش: جسے بڑے تشدد سے قتل کیا گیا ہو۔

زار کُش کردن: تشدد سے قتل کرنا۔

زار و نَزار: کمزور، ضعیف، لاغر۔

زارِہ: گریہ و زاری۔

زاری: آہ و زاری، فریاد و فغان۔

زاری کردن: درد مندی سے رونا۔

زاری: زخمی ہونا، مصیبت، قہر، آفت، دکھ درد، مایوسی، نا امیدی، دل شکستگی، عاجزی، رونا

زارِیدن: رونا، آہ و زاری کرنا، فریاد فغان کرنا، شیون یا نوحہ کرنا۔

تاکی زاری و اشكِ تلخ می باری؟: کب تک تو روے گا اور درمندی سے آنسو بہائیگا؟۔

زاستَر- زاں سُوتر: تھوڑا سا اُس طرف، کچھ فاصلے پر۔

زاغ: کَوا۔

زاغ: زاج، پھٹکڑی۔

زاغ چشم: نیلی آنکھ، چشم آبی رنگ۔

زاغ کمان: کمان کا ایک کونا جسے زاغ کمان کہتے ہیں۔

زاغپا: کنایہ ہے طعنہ، ملامت، سرزنش کا۔

زاغ چشم: جس کی آنکھیں نیلگوں ہوں۔

زاغچہ: کوّے کا چھوٹا بچہ، چھوٹا کوا۔

زاغ دل: سیاہ دل، سنگدل، بے رحم۔

زاغر: چینہ داں، پرندے کی پوٹ۔

زاغ زبان: سیاہ زبان، بد زبان۔

زاغ زن: پھٹکڑی اور نمک کے ذریعے چمڑا کمانے والا۔

زاغہ: سوراخ، پہاڑ کا غار۔

زاغی: جنگلی کوا، زاغ صحرائی، کوے کا بچہ۔

زافہ: خارپشت۔

زاق و زیق: بچوں کے رونے کی آواز۔

زاکان: ایران کا ایک شہر جہاں کا شاعر عُبید رہنے والا تھا۔ اس لیے اسے عبید زاکانی کہتے تھے۔

زاکون: قانون، قاعدہ، ضابطہ۔

زاکی: بے داغ، پارسا، زاہد۔

زاگ: زاج

زاگاب: سیاہی یا روشنائی جس سے لکھتے ہیں۔

زال: بوڑھا، ضعیف، رستم کے والد کا نام۔

زالذالك: آلوچہ، درخت آلوچہ۔

زال مدائن: اس عورت کا نام جس کا گھر نوشیرواں کے محل کے گوشے میں تھا محل تعمیر کرتے وقت نوشیرواں نے اسے اس مکان کے عوض بہت سی رقم دینا چاہی لیکن اس نے اپنا مکان کسی صورت فروخت نہ کیا، نوشیرواں نے ازراہ کرم اس کا مکان جوں کا توں رہنے دیا۔

زالو: جونک، خون چوسنے والی۔

زامیاد: ایرانی مہینے کا اٹھائیسواں دن۔

زان: سفیدے کے قسم کا اونچا درخت جس کے پتے چکنے اور چمکدار ہوتے ہیں۔

زان-ازآن: اس سے۔

زان پس- ازآن پس: اس کے بعد۔

زانکہ-ازآنکہ: چونکہ۔

زانو: گھٹنا۔

زانو بند: گھٹنے پر باندھنے کی پٹی۔

زانویہ زانو نشستن: ساتھ ساتھ بیٹھنا، قریب بیٹھنا۔

زانو در آمدن: گھٹنوں کے بل زمین سے آلگنا۔

زانو زدن: گھٹنوں کے بل جھکنا۔

دو زانو نشستن: دو زانو ہو کر بیٹھنا۔

چہار زانو نشستن: آلتی پالتی مار کر بیٹھنا۔

قاب زانو: گھٹنے کی چپنی، کاسۂ زانو۔

زانی: (ع) زناکار۔

زانیج: وطن، مولد، مسکن، مرز بُوم۔

زانیہ: (ع) زانی کی مونث۔

زاو: (۱)شگاف، درہ کوہ (۲)قوی، زبردست، توانا۔

زاوَر: (۱) زہرہ سیارہ (۲) زورآور، قوی، زبردست۔

زاوَش: سیارہ مشتری۔

زاوَل: زابُل۔

زاولانہ: ہتھکڑی یا بیڑی جو مجرم کے پاؤں میں ڈالی جاتی ہے۔

زاولستان: زابلستان۔

زاوُش: مشتری سیارہ۔

زاویتین: (ع) دو زاویے۔

زاویہ: (ع)گوشہ، کُنج۔

زاویہ حادِثہ: نوے درجے سے کم کا زاویہ۔

زاویہ قائمہ: نوے درجے کا زاویہ۔

زاویہ منفرجہ: نوے درجے سے زیادہ کا زاویہ۔

زاویہِ سَنج: پروٹریکٹر، جیومیٹری کا علم جاننے والا، پیمائش کا آلہ جس سے دور بین کے افقی اور عمودی زاویوں کی پیمائش ہوتی ہے۔

زاویہِ سَنجی: زاویوں کی پیمائش کرنا۔

زاویہِ کش: پروٹریکٹر (انگ)۔

زاویہ نشِین: گوشہ نشیں۔

زاہِد: (ع)پارسا، عبادت گزار، پرہیزگار، خدا پرست۔

زاہِدان: سیستان کا شہر جسے قدیم زمانے میں دزد آب کہا جاتا تھا۔

زاہدانہ: پارسائی سے، عبادت گزاری سے، خدا پرستی سے۔

زاہدی: عبادت گزاری، پارسائی۔

زاہدی: کھجور کی ایک قسم جسے «خرمای زاہدی» کہا جاتا ہے۔

زاہِر: (ع) چمکدار، تاباں، درخشاں۔

زاہری: اچھی خوشبو، خوش رنگ اور خوشبو دار پودا۔

زاہِق: (ع) بیچ میں سے اٹھ کر چلے جانے والا، بیہودہ، فضول شخص۔

زاہِل: (ع) آسودہ خاطر۔

زائچہ: جنم پتری۔

زائد: ضرورت سے زیادہ،

زائد ہر آنچہ گفتہ بودم، نبود: جو کچھ میں نے کہاتھا اس سے یہ زیادہ نہیں۔

این کلمہ در آنجا زائد است: یہ لفظ وہاں فاضل ہے۔

من این اقدام را زائد می دانم: میں اس اقدام کو ضرورت سے زیادہ سمجھتا ہوں۔

زائدِہ: (ع) زائد کی ثانیت، زیادہ، افزون، زوائد جمع۔

زائیدن-زاییدن: بچہ جننا، بچے کو جنم دینا۔

زائر: (ع) زیارت کرنے والا، حج کو جانے والا۔

زائش: پیدائش، اضافہ۔

زائشگاہ: جس جگہ بچے کی پیدائش ہو۔

زائل: (ع) زایل، عارضی، فانی۔

زائل شدن: مٹ جانا، فنا ہو جانا۔

زائل کردن: تباہ کرنا، برطرف کرنا۔

زائو: جو عورت بچے کو جنم دینے کے قریب ہو۔

زایَندہ: آگے لایا گیا، بڑھایا گیا۔

زایَندہِ رود: اصفہان کے دریا کانام۔

زایندگی: بچے کا جنم ہونا۔

زایِیدَن: بچے کو جنم دینا۔

زاییدہ: پیدائش ہونا۔

زاییمان: بچے کی پیدائش۔

زَب: سہل، آسان، رایگان۔

زَباب: صحرائی چوہا۔

زباد: بلی کی طرح کا جانور جو اس سے بڑا ہوتا ہے،اس کے بال زردی مائل ہوتے ہیں اور اس پر سیاہ دھبے ہوتے ہیں۔

زبّال: جھاڑو دینے والا، خاکروب۔

زبالہ: جھاڑو دینے والی، خاکروبہ۔

زبان: جیبھ، بول چال کا ذریعہ، بول چال۔

زبان بُومی: ملکی زبان، مادری زبان۔

زبان بربَستَن: خاموش رہنا۔

زبان بَرکشادن: بولنا۔

زبان چرب و نرم: نرم خوشامد آمیز زبان۔

زبان حال: کیفیت دل کا بیان۔

زبان خوش مار را از سوراخ در می آورد: نرم اور ملائم زبان (سانپ کو بھی) سب کو گرویدہ بنا لیتی ہے۔

زبان زدن: چکھنا۔

زبان زر گری: پیشہ ورانہ زبان۔

زبانِ عامیانہ: بازاری زبان۔

زبانِ قال: گفتار، تقریر۔

زبانِ سنگین: ہکلانا، تتلانا۔

زبانِ شیرین: محبت بھرے الفاظ۔

از زبانم جَست: میری زبان سے نکل گیا، مجھ سے لغزش ہوگئی۔

بزبان آمدن: گفتگو شروع کرنا۔

بزبان آوردن: ذکر کرنا۔

بزبان رفتن: لوگوں کی زبان پر آنا۔

حرف از زبان کسی گرفتن: لفظوں سے اندازہ کر لینا کہ کوئی کیا کہنا چاہتا ہے۔

در زبان (یا برسر زبان) **مردم افتادن:** چرچا ہونا، افترا پرداز باتیں ہونا، بدگوئی۔

دستورِ زبان: صرف و نحو۔

عِلمِ زبان: علم اللسان، زبان کا علم۔

گرفتنِ زبان: لکنت، تتلانا۔

زبان او در صحبت می گردد: باتیں کرتے ہوئے وہ تتلاتا ہے۔

زبان آور: فصیح، رواں، فصیح زبان بولنے والا۔

زبان آوری: فصاحت، زبان میں روانی، سلاست۔

زبان باز: خوشامدی، چاپلوس۔

زبان بازی: خوشامد، چاپلوسی۔

زبان بازی کردن: چرب زبانی سے خوشامد کرنا۔

زبان بُر: (۱) حق السکوت، خاموش رہنے کا صلہ (۲) خاموش کردینے والے فیصلہ کن دلائل۔

زبان بُریدہ: خاموش، بے زبان، ساکت، زبان بستہ، بات نہ کرنے والا، خاموش رہنے والا۔

زبان بستگی: زبانِ روک دینا، خاموش کر دینا، بولنے کے قابل نہ ہونا۔

زبان بند: خاموش کر دینے والے دلائل۔

زبان ترازُو: ترازو کا کانٹا جو ترازو کے درمیان ہوتا ہے۔

زبان خواہ: گدا، بھک منگا۔

زبان دادن: قول دینا، وعدہ کرنا۔

زبان دار: پُرمعنی، جامع، واضح۔

زبان دان: زبان میں دسترس رکھنے والا۔

زبان دراز: بد زبان، بدگو، بیہودہ گو۔

زبان درازی: بد زبانی، بیہودہ گوئی۔

زبان در آوردن: شیخی بگھارنا۔

زبان درقفا: پودے کی قسم جس کا پھول پیالہ نما ہوتا ہے، اس کو گل نافرمان بھی کہتے ہیں۔

زبان رانی: فصاحت۔

زبان زَد: جو لوگوں کی زبان پر ہو۔

زبان فُروش: باتونی، پُرگو، بہت بولنے والا۔

زبان گرِفتہ: (۱) لکنت دار، خاموش، کم بولنے والا۔

زبان گز: دل خراش زبان بولنے والا۔

زبان گیر: جاسوس۔

زبان ور: زبان آور، خوش بیان، فصیح۔

زبانہ- زبان: زبان کی مانند۔

زبانہ آتش: آگ کا شعلہ۔

زبانہ زدن: آگ بھڑکنا، بھڑک اٹھنا۔

زبانہ زنگ: گھنٹی کی آواز، بانگ درا۔

زبانہ نی: بانسری کی صدا۔

زبانی: بول چال کے ذریعے، گفتگو کے ذریعے۔

زَبَد: پانی کی سطح کی جھاگ۔

زَبدُالبَحر: دریا یا سمندر کی سطح پر کی جھاگ۔

زُبدَہ: دوُدھ بالائی، کسی چیز کا بہترین حصہ، خلاصہ، چیدہ، برگزیدہ، منتخب۔

زَبر: اوپر کا حصہ، اوپر، صاف، حرف کے اُوپر فتحہ کی علامت۔

برزَبَر شاخ: شاخ کے اوپر۔

دست آن کاریگر زبراست: اس کاریگر کا ہاتھ صاف ہے۔

زَبرو زَبَرنگ: چالاک، ہوشیار اُلجھن سے نکل آنے والا۔

زبر پُوش: بالا پوش، جُبہ، قبا۔

زِبَر: سخت، درشت، نا ملائم، خشن۔

زبرتنگ: گھوڑے کا تنگ جو زین کے ساتھ باندھا جاتا ہے۔

زبرج: (ع) زینت، جواہرات سے آرائش۔

زَبَرجَد: سبز رنگ کا گوہر، نیلگوں رنگ کا فیروزہ۔

زَبَرجَدی: زبر جدین، فیروزہ رنگ۔

زبردَست: غالب، طاقتور، قوی جابر۔

زبردستِ زبردست آزار: کم درجے کے لوگوں کو آزار پہنچانے والا، جابر شخص۔

زبردستی: جبر سے، طاقت سے، بالادستی، ظلم و جوز، تشدد کا برتاؤ، برتری،

زَبَرفُوف: کوسنا، بد دعا دینا، بدگوئی کرنا، الزام تراشی کرنا۔

زَبرَمرد: جوانمرد، توانا شخص، مشہور و معروف، برگزیدہ۔

زبری: سختی، درشتی۔

زَبَرِین: اوپر کا، زیادہ بلند، اعلی۔

لب زَبَرین: اوپر کا ہونٹ۔

زِبُل: (ع) کھاد، گوبر، لید، گندگی۔

زِبلدان: کھاد کا انبار۔

زَبُور: (ع) آسمانی کتاب جو حضرت داؤد پر نازل ہوی، مزامیر داؤد، مناجات کی کتاب۔

زَبُور خوان: حضرت داؤد کے پیرو۔

زَبُور نویس: مناجات نویس۔

زَبُون: خراب، بُرا، نحس، منحوس۔

زَبَہر: ماں باپ کی بیٹے سے بیزاری۔

زَبَہرکردن: عاق کرنا۔

زَبیب: کشمش، خشک انجیر۔

زَبَیدہ: (۱) خلیفہ ہارون الرشید کی بیگم (۲) گل

صدبرگ، گیندا۔

زَبِیل:(ع) (۱) زنبیل، ٹوکری (۲) کھاد، گوبر، لید۔

زِپِرتی:معمولی، کمزور، نا قابل، غیر موثر، نااہل، بد سلیقہ، بیکار، بے سود۔

زُجّ:لوہے کی تیز نوک جو نیزے پر نصب کی جاتی ہے، پیکان۔

زُجاج:(ع) شیشہ، آبگینہ۔

زَجّاج:(ع) شیشہ گر، شیشے کی چیزیں بنانے والا۔

زُجاجی:(ع) شیشے کا بنا ہوا۔

زُجاجیَت:شیشے کی بناوٹ، شیشہ نما۔

زَجر:(ع) روک دینا، منع کرنا، چلتا کر دینا، بُرا بھلا کہنا۔

زَجِه:(ع) زاجہ، زاج، حاملہ عورت، بچے کو جنم دینے والی عورت۔

زِحاف:(ع) اصلاح عروض میں حرفوں کے درمیانی حرف کا گرا دینا۔

زحافات:(ع) جمع زحافہ، زمین پر رینگنے والے جانور مثلاً کچھوا۔

زِحام:انبوہ۔

یوم الزحام:روز محشر۔

زَحف:(۱) فوج کا دشمن کی فوج پر حملہ کرنے کے لیے آگے بڑھنا، جنگ و جدل (۲) رینگنا، گھٹنوں کے بل چلنا۔

زُحَل:(ع) کیوان سیارہ جو سیارہ مشتری کے بعد سب سے بڑا سیارہ ہے۔

زُحَلی:کیوانی، شوم، نحس۔

زَحمَت:تکلیف، آرام میں خلل آنا۔

زحمت بخوددادن:تکلیف اٹھانا۔

اگر برای شما زحمت نبا شد:اگرآپ کے لیے تکلیف کا باعث نہ ہو۔

این کار زحمت شما راکم خواہد کرد:اس کام سے آپ کی تکلیف کم ہو جائیگی۔

این کار زحمت زیادہ لازم دارد:اس کام کے لیے زیادہ تکلیف اٹھانا لازم ہے۔

برای من زحمت نیست راحت است:میرے لیے تکلیف نہیں راحت ہے۔

خیلی متاسّفم شما را زحمت دادم:مجھے افسوس ہےکہ میں نے آ پ کو تکلیف دی۔

زحمت بخود دادن:تکلیف اٹھانا۔

در تالیف این کتاب:زحمت زیادی۔ کشیدہ ام:اس کتاب کی تالیف میں میں نے بہت محنت کی ہے۔

زحمت دار:تکلیف سے پریشان۔

زَحمَت کش:بہت محنت کرنے کا عادی۔

زحِیر:سانس یا آواز جو آزردگی کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے نیز اِسہال۔

زَخ:زخم۔

زخّار:(ع) طوفانی حالت۔

زُخرُف:زیور، زیب ، زینت، نقش و نگار، دلکشی، خوبی و زیبایٔ (زخارف جمع)۔

زخارِف دُنیا:بنیادی ترغیبات، دنیاوی شان و شوکت کی طرف مائل کرنا۔

زَخم:گھاؤ، نقصان، خسارہ۔

زخم زدن:زخمی کرنا ، مجروح۔

زخمی بہ قُوزکش رسید:اسکی ایزی میں

زخم آگیا۔

زخمِ زبان: کسی کی توہین آمیز بات سے رنج پہنچنا۔

زخمِ سنان برتن است و زخم زبان بر جان

نیزے کا زخم تو جسم پر آتا ہے لیکن زبان کا لگایا ہوا زخم جان پر آتا ہے۔

زخم بردار: زخم پذیر، جراحت پذیر۔

زخم خُوردہ: جسے زخم لگا ہو، مجروح، زخمی۔

زَخم دار: مجروح، زخمی۔

زَخم زدہ: زخم خوردہ، جسے زخم لگا ہو۔

زخم زن: زخم لگانے والا۔

زخم کاری: گہرا زخم۔

زخمناک: زخم دار۔

زخمِہ: مضراب جس سے ستار بجاتے ہیں۔

زخمی: جسے زخم لگا ہو، مجروح، زخم خوردہ۔

زد: چوٹ، ضرب، نشانہ، صدمہ، نقصان، ضرر۔

زبان زد: زبانوں پر آنا، مشہور ہونا۔

زد: زدن= مارنا سے ماضی مطلق، مارا۔

نغمہ زدن: گانا۔

زدا-زدای-زدودن: صاف کرنا سے فعل امر ، صاف کرلو۔

زِدائیدن: پاک صاف کرنا، چمکانا۔

زِدایِش: صاف کرنے کا عمل، پالش، روشن کرنا، بہتر صورت دینا۔

زِدایَندہ: صاف کرنے والا، پالش کرنے والا، روشن کرنے والا، روشن گر۔

زَدِگی: چوٹ، پڑنا، ضرب لگنا۔

غمزدِگی: جسے غم سے سابقہ پڑا ہو۔

زَدَن: مارنا، بجانا، کھٹکھٹانا، کاتنا، ڈنگ مارنا۔

آب بچیزی زدن: کسی چیز پر پانی چھڑکنا۔

بچہ را بچوب زد: بچے کو چھڑی سے مارا۔

پنبہ زدن: رُوی دُھننا۔

جیب بُر پول را زد: جیب کٹے نے رقم نکال لی۔

چادر زدن: خیمہ نصب کرنا۔

چون بآن آب دست زد من بآن آب لب نزدم

اس نے پانی کو ہاتھ سے چھُوا تو میں نے چکھا تک نہیں۔

راہ زدن: رہزنی کرنا۔

رعد زدن: بادل کا گرجنا، بجلی کا کڑکنا۔

زنبورِ او رازد: بھڑ نے اسے ڈھنگ مارا۔

شاخہ ہای درخت رازدند: انھوں نے درخت کی شاخیں کاٹ دیں۔

شانہ زدن: کنگھی کرنا۔

شَیپُور زَدَن: بگل بجانا۔

صدا زدن: آواز دینا۔

یکی در می زند: کوئی دروازہ کھٹکھٹا رہا ہے۔

زدُو- ازدُو: دو میں سے ایک۔

زَدوبند: (۱) خفیہ سازش، اندرونی قرار داد، ملی بھگت (۲) نظم و ترتیب۔

زدوبند کردن: ملی بھگت کرنا، نظم و ترتیب کرنا۔

زَدو خُورد: لڑائی، تصادم، زد و خورد سختی

درآن نقطه در گرفت: اس مقام پر سخت لڑائی ہوئی۔

زَدوار: ایک قسم کی خوشبودار سی چیز جو مشرقی ہندوستان کے ایک پودے کی جڑوں سے نکالی جاتی ہے۔

زِدُودَن: پاک کرنا، صیقل کرنا، میل دور کرنا۔

زنگ آن را با ید زِدُود: اس کا زنگ صاف کر دینا چاہیے۔

زِدُودِه: پاکیزہ، صاف شدہ۔

زَدِہ: جسے چوٹ لگی ہو، پریشان۔

آب زدہ: سیلا، بھیگا ہوا۔

آفتاب زدہ: جسے دھوپ یا لُو لگ گئی ہو۔

این پارچه زدہ است: اس کپڑے میں سوراخ ہیں، یہ کپڑا کھایا گیا ہے۔

این پارچہ ہیچ زدہ ندارد: یہ کپڑا کہیں سے پھٹا ہوا نہیں

دیگر از این غذا زدہ شُدم: اب میں اس غذا سے گھبرا گیا ہوں۔

فلک زدہ: نصیبوں کا مارا۔

زر: سونا، دولت۔

زرِ دست افشار: نرم قسم کا سونا جسے قدیم زمانے میں ساسانی بادشاہ ہاتھ میں رکھتے تھے۔

زرجعفری: خالص سونا۔

زرِسَرہ: خالص سونا۔

زرِ سفید: چاندی۔

زرِ طِلا: خالص یا سرخ سونا۔

زرو زیّور: زیورات کا سیٹ۔

سیم وزر: چاندی سونا، مال و دولت۔

زَر: بوڑھا، ضعیف، پیر، مرد یا عورت جس کے بال سفید ہوں۔

زرا تُشت: زر دشت، زرتشت

زر تُشت: پارسیوں کے مذہب آتش پرستی کا بانی۔

زَرّاع: (ع) زارع، دہقان، کسان، کاشتکار۔

زراعَت: (ع) کھیتی باڑی۔

زراعت دیَم: بارانی زمین میں کاشتکاری کرنا۔

زراغَن: (۱)زرا غنک، ذکار، (۲)سخت ریتلی زمین

زَراف: زرافہ۔

زَرافشان: دولت بکھیرنے والا، فیاض، سخی۔

زَرافہ: افریقہ کا ایک چوپایہ جانور جس کی گردن اور اگلی ٹانگیں لمبی ہوتی ہیں اور جسم پر داغ نمایاں ہوتے ہیں۔

زَراق: منافق، فریبی، ریاکار۔

زَراقانہ: منافقانہ، ریاکارانہ۔

زراندُود: مطلا جس میں سونے کی تاروں سے کڑھای کا کام کیا گیا ہو۔

زراندودکردن: مطلاً کرنا، سونے کی تہ چڑھانا۔

زرَاوشان: شب بو۔

زراہ: دریا، سمندر۔

زراہ اکفودہ: بحیرہ خزر، بحیرہ کیسپین۔

زرایُو: نقاب، روپوش۔

زَرباف: زر بفت، جس کپڑے پر سونے کی تاروں کا کام کیا گیا ہو۔

زَربافی: زربفت کا کام کرنا۔

زَربان: (۱)حضرت ابراہیم کا ایک نام (۲)بڑی عمر کا، بوڑھا۔

زربَدست: صاحب ثروت، دولتمند امیر۔

زر پَرَست: دولت کا پجاری، مایا کا بندہ۔

زرپَرستیِ: دولت پرستی۔

زر پُزی: پگھلا ہوا سونا۔

زرپُور: چتکبرا، ابلق، سیاہی مائل گھوڑا جس پر سفید داغ ہوں۔

زرپُوش: زر اندود، سونے سے ڈھکا ہوا، انتہائی دولت مند۔

زُرْت- ذُرت: مکئی۔

زرتُشت: مذہب آتش پرستی کا بانی۔

زر تُشتی: زرتشت کے پیرو، پارسی۔

زَرتَك: کسُم کا پھول یا پودا۔

زرتلی: خالص سونا۔

زرجعفری: خالص سونا۔

زَرج: چکور۔

زرچوبہ، زرد چوبہ: ہلدی۔

زَرحل: سونے کا محلول۔

زر خرید: غلام یا کنیز جو رقم ادا کرکے خریدے گئے ہوں۔

زر خُشك: خالص سونا۔

زَر خِیز: زیادہ پیداوار دینے والی زمین۔

زرد: پیلا رنگ۔

زرد شدن: پیلا پڑجانا۔

زَرَہ: زرہ بکتر

زَر داب: (۱) زرد رنگ کا پانی جو زخم سے باہر نکلتا ہے، صفرا۔

زَردابی: صفراوی۔

زرد آلو: خُوبانی۔

زَرد چردہ: زرد چھرہ۔

زرد رُو: زرد رخ، پیلے رنگ کا۔زرد رُوی: پیلاہٹ۔

زَرد زخم: داد کی بیماری۔

زَر دُشت: زرتشت، مذہب آتش پرستی کا بانی جس کے پیرو پارسی کہلاتے ہیں۔

زر دُشتی: زرتشت سے منسوب۔

زرَدك: گاجر۔

زرد گوش: منافق، مُفسِد

زر دُوز: زرباف۔

زرِ شك: چھوٹا درخت جس کی لکڑی زرد رنگ کی ہوتی ہے اور پھل سرخ رنگ کے ہوتے ہیں۔

زَرَع: (ع) کھیتی باڑی، کاشتکاری۔

زرغَب: (۱) کھال جسے رنگ دیا گیا ہو، ساغری

زرغُنج - زرگنج: ایک بدبودار پودا۔

زر فان: بوڑھا، پیرکہن سال۔

زَرق: (۱) نیزہ بازی (۲) غصے سے آنکھوں کا خیرہ ہونا، (۳) مکروریا، فریب، تذویر۔

زرق برق: کنایہ ہے زر و زیور کا، چمکدار، فروشکوہ، طمطراق۔

زَرقا: (۱) آسمانی رنگ کا، خاتون جس کی آنکھوں کا رنگ آسمانی ہو (۲) زمانہ جاہلیت کی عرب خاتون جو تیزی بصارت کی وجہ سے مشہور تھی۔

زرکش: جس کا پیشہ زر دوزی والے کپڑوں کے تاروں کو کھینچنا ہو۔

زَر گر: سُنار۔

زرگُون: سونے کے رنگ کا۔

زرم: آنسو

زَرَنگ: دانا، چُست و چالاک، ہوشمند۔

زر نِگار: جس پر سنہرے رنگ سے نقاشی کی گئ ہو،

زراندود

زر نیخ: معدنی مرکب جس میں سم الفار اور گندھک ہوتی ہے۔

زرو: زالو، خون چوسنے والی جونک۔

زر ورق: سنہرا کاغذ جسے زینت کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

زروع: (ع) زرع کی جمع

زرہ: فولاد کا بنا ہوا جسم پوش جو لڑائی کے موقع پر پہنتے ہیں۔

زرہ پوشیدن: زرہ بکتر پہننا۔

زرہ: صف، قطار۔

زرہ باف: زرہ بنانے والا، زرہ ساز، زرہ گر۔

زرہ بر: تیز تیریا شمشیر جو، زرہ میں سے گزر جاتی ہے۔

زرہ پوش: زرہ زیب تن کرنے والا۔

زرہ تشت: زرتشت۔

زرہ جامہ: زرہ بکتر۔

زرہ خود: سر کو محفوظ رکھنے والی لوہے کی ٹوپی۔

زرہ ساز: زرہ بنانے والا۔

زرہ کلاہ: آہنی خود۔

زرہ گر: زرہ ساز۔

زری: زربفت، کپڑا جس کا تاروپود طلای تاروں سے بنایا گیا ہو۔

زری باف: زربفت کی بنائی کرنے والا۔

زریر: (۱) ایک پودا جس کا تنا چھوتا اور پھول زرد ہوتے ہیں، (۲) زردآب، یرقان، صفرا۔

زر برہ: درمنہ، ایک پودا جس کے بیج پیٹ کے کیچوے خارج کر دیتے ہیں، سینٹونیکا

زریں: طلائی۔

زریں درخت: سنگترے کا درخت۔

زریں کلاہ: مخصوص طلائی ٹوپی جو خاص خاص افسر پہنا کرتے تھے۔

زرینہ: زریں، سونے کا برتن۔

زریون: زرگون، سونے کے رنگ کا۔

زستن: زیستن، جینا۔

زش: از او، اس سے۔ با او، اس کے ساتھ۔

زشت: بدصورت، بدنما، بدوضع، ناکارہ، برا۔

حرف زشت زیر خشت: برے الفاظ منہ سے نہ نکالنا بہتر ہے (برے الفاظ اینٹ کے نیچے)۔

زشت اندام: بدہئیت، بد وضع۔

زشت خو: بری عادات والا۔

زشت رو: بدصورت، بد وضع۔

زشت سیرت: بدکرداری، بد سلیقگی۔

زشت گو: بد زبان، گندہ دہن فحش گو۔

زشت گوی: بد زبانی، گندہ دہنی، فحش گوئی۔

زشت نامی: بدنامی، بری شہرت۔

زشتی: بدصورتی، بد نمائی، برائی۔

نام کسی را بزشتی بردن: کسی کا ذکر برائی سے کرنا۔

زشت یاد: غیبت، بد گوئی۔

زعاف: اچانک موت آنا، زہر۔

زعامت: پیشوائی، نمایندگی، بزرگی۔

زعبل: جس کا پیٹ بڑا اور گردن پتلی ہوتی ہے۔

زعفران: (ع) (۱) ایک قسم کا خوشبودار زرد رنگ کا پھول جس کے کھیت کی بنسبت لوگوں کا خیال ہے کہ وہاں جاکر انسان ہنسے بغیر نہیں رہتا (۲) زردہ پکاتے وقت اسے چاولوں میں ڈالتے ہیں۔

زَعفرانی: زعفران کے رنگ کا، زرد۔

رُخش زعفرانی شد از غم: غم کی وجہ سے اس کا چہرہ زرد پڑ گیا۔

زَعم: (ع) گمان، خیال۔

زعیم: (ع) کفیل، ضامن، پیشوا، رہبر قوم، جماعت کا بزرگ، سردار، جو اب دہ، ذمے دار، زعما جمع۔

زَغ: زاغ کا مخفف، کوا۔

زِغار: (۱) گیلی سیلی زمین (۲) شور دار (۳) مصیبت، قہر، آفت (۴) زنگ آلود۔

زَغارُو: فاحشہ خانہ۔

زغارہ: باجرے کی روٹی۔

زَغاك: انگور کے درخت کی شاخ۔

زُغال: کوئلہ۔

زُغالِ چوب: لکڑی کا کوئلہ۔

زُغالِ سنگ: پتھریلا کوئلہ، کان کا کوئلہ۔

زُغال کردن: جلا کر کوئلے بنانا۔

خاکہ زغال: کوئلوں کی راکھ۔

معدنِ زغال: کوئلے کی کان۔

زُغالاب: سیاہ روشنائی، سیاہی۔

زُغال اختہ: ایک درخت کا ترش میوہ جسے خشک کرکے کھاتے ہیں۔

زُغال دار: کاربن گیس پیدا کرنے والا۔

زُغالی: کوئلے کی قسم کا، سیاہ کوئلے سے متعلق۔

زَغرہ: لباس کی آستین کا کنارا، باریک کپڑا جو کلاہ یا ٹوپی کے اندر سیا جاتا ہے۔

زغلول: (ع) بچہ، طفل (زغالیل جمع)۔

زغَن: مادہ کوا۔

زغَند: (ع) (۱) چیتے اور بعض دوسرے جنگلی جانورں کی چیخ (۲) زقند، اچھل کود، جَست، چھلانگ، کود پھاند۔

زَغیدہ: نچوڑا ہوا۔

زَغیر: السی، تخم کتان۔

زِفاف: دُلہا اور دلہن کا پہلی رات یکجا ہونا، شب عروسی۔

زُفت: ترش رُو، بخیل، خسیس۔

زَفت: موٹا، فربہ۔

زِفت: تارکول جو مٹی کے تیل سے معدن سے حاصل ہوتا ہے۔

زُفتی: ترش روئی، بخیلی، خِسّت۔

زَفر: منہ، جبڑا۔

زُفرُ: زفَر۔

زَفیر: ہوا کا پھیپھڑے سے خارج ہونا، سانس کا باہر آنا۔

زِقّ: (ع) چمڑے کی بوتل جو سفر میں پانی رکھنے کے کام آتی ہے۔

زَق: پرندے کا چینہ دان، پوٹا۔

زُقاق: گلی، گلی کے اندر سے نکلنے وال گلی۔

زَقرہ: دیکھیے زغرہ۔

زِق زِق: چُوزوں کے چوں چوں کرنے کی آواز۔

زِق زِق کردن: چوزوں کا چوں چوں کرنا۔

زَقُوم: (ع) تھوہر کا درخت۔

زَك: (۱) ناتوانی، آہستہ آہستہ قدم رکھنا، منہ ہی میں بولنا۔

زَکا: (ع) بڑھنا، نشو و نما، ترقی کرنا، فروغ پانا، پھلنا پھولنا۔

زَکاب: زگاب، سیاہی جس سے لکھا جاتا ہے۔

زکاره: جھگڑالو، ضدی، خیره سر، گستاخ، سرکش۔

زُکام: (ع) بیماری جس سے ناک سے پانی بہنے لگتا ہے، گلا بھی متاثر ہوتا ہے، کھانسی بھی آتی ہے۔

زکام شدن: زکام لگ جانا۔

زکاوَت: (ع) پاکیزگی۔

زکریّا: (ع) ایک یہودی پیغمبر جو آرے سے چیر ڈالے گئے۔

زکِش: درشت، ناہنجار، بخیل، خسیس۔

زکنَد: مٹی کا پیالہ۔

زکوٰة: (ع) ضرورت سے زائد مال جو سال بھر پاس رہے اس کا چالیسواں حصہ راہ خدا میں دینا۔

زکی: (ع) پاک، پاکیزہ، نیکوکار، پارسا، از کیا جمع۔

زکیدَن: غصے کی حالت میں زیر لب بات کرنا۔

زکِیَه: (ع) زکی کی تانیث۔

زُکال: زغال، کوئلہ۔

زگیل: چھوٹے چھوٹے سخت دانے جو ہاتھ پر نکل آتے ہیں لیکن درد نہیں ہوتا۔

زگیل دار: جس کے ہاتھ پر دانے نکلے ہو۔

زَلّ: (ع) لغزش، پھسلنا، غلطی۔

زِل: (ع) بھیڑ جس کی دُم نہ ہو۔

زَلازِل: زلزلہ کی جمع۔

زُلال: (ع) صاف، شفاف، نتھرا ہوا، غیر مکدر پانی، آب زلال، صاف پانی۔

زُلالی: مرطوب، جس میں رطوبت ہو۔

زِلّت: لغزش، خطا، گناہ۔

زَلزال: لرزنا، کانپنا۔ حرکت، جنبش، ہلچل، گھبراہٹ، پریشانی، اضطراب، ادھیڑپن، کھلبلی۔

زُل زُل نگاه کردن: چندھیائی نظر سے دیکھنا۔

زَلزِله: زمین کا تھر تھرانا، بھونچال

زلزِله سَنج: زلزلہ پیما جس سے زلزلے کی قوت کا پتا چلتا ہے۔

زُلف: بالوں کی لٹ۔

زلفِ پریشان: بکھرے ہوئے بال۔

زلفِ زمین کنایةً: اندھیری رات۔

زلفِ شب: تاریکی، اندھیرا۔

زُلفَت: (۱) رات کا پہلا حصہ (۲) درجہ، رتبہ

زلفی: قُرب، نزدیکی، درجہ، مرتبہ۔

زَلَق: (ع) (۱) لغزش پا، (۲) جلَق، مشت زنی۔

زَلَل: خطا، غلطی، کوتاہی، لغزش، کمی۔ نقصان۔

زَلم زِمبُو: نغمہ و ساز، ساز و آواز۔

زَلو: زالُو، جونک۔

زلوبیا، زیبیا: ایک شیریں غذا جو نشاستے، شکر اور تلوں کے تیل سے تیار ہوتی ہے۔

زَلّه: (۱) خستہ، لاچار (۲) گناہ، خطا، لغزش۔

زلّهٗ: ٹکڑا — مثال:

زلہ از بذل عطائش می برَم
زلہ از بذل نوالش می برَم

ان کی عطا، بخشش کا بچا کھچا میں بھی لے لیتا ہوں ان کی عطا کے دستر خوان سے کوئی ٹکڑا میں بھی حاصل کرلیتا ہوں۔

زلیخا: عزیز مصر کی بیوی جو حضرت یوسف پر عاشق ہوگئی تھی۔

زَلیف: خوف، ڈر، اندیشہ، تہدید۔

زلیفن: زلیف۔

زلیل: (ع) زلال، صاف پانی۔

زَم:شدید سردی۔

زمّار:بانسری بجانے والا، نے نواز۔

زَمارُوغ:سما رُوغ، فطر، ککر متا، کھُمبی جو خود بخود موسم برسات میں زمین سے پیدا ہو جاتی ہے، "کلاہ باران" بھی اسے کہتے ہیں۔

زَمّارِہ:بانسری۔

زَمام:(ع) گھوڑے کی باگ، اونٹ کی مہار۔مثال:

مستی ربودہ از کفِ ہستی زمامِ ما
مُطرب نمی دہد خبری از مقامِ ما

مستی وسر شاری نے ہماری زندگی کے ہاتھ سے ہماری باگ لے لی ہے مطرب کی لے نے ہمیں اپنے مقام سے بے خبر کر دیا ہے۔

زمامِ امور مملکت:مملکت کے کاموں کی باگ ڈور۔

زَمامدار:مختار، صاحب اختیار، امور سلطنت میں ہر اختیار رکھنے والا۔

زَمامداری:اختیار و اقتدار۔

زَمان:(ع) وقت، زمانہ، موسم۔ مثال:

کجا بودی کہ امشب سوختی آزردہ جانے را
بقدرِ روز محشر طول دادی ہر زمانے را

کہاں تھے تم کہ آج رات اس آزردہ جان کو تم نے ہجر کی آگ میں جلایا اور ہر لمحہ جو گزرا اسے تم نے روز قیامت کے برابر طول دیا۔

ابناء زمان:ایک ہی زمانے کے لوگ، ہم عصر معاصرین۔

درین زمان:اس وقت۔

زمانِ حال:موقع، موجودہ وقت۔

زمان و زمین:ساری کائنات۔

زمان با زمانہ پیشین:زمانہ گزشتہ۔

زمان خواستن:مہلت مانگنا۔

زَمانہ:وقت، عہد، دور، قسمت، تقدیر، دوران۔

با زمانہ بباید ساخت:زمانے کے حالات کے مطابق ہو جانا چاہیے۔

زمانہ با تو نسازد تو با زمانہ بساز:اگر وقت تمہارا ساتھ نہیں دیتا تو تم حالات واطوار زمانہ کے مطابق ہو جاؤ۔

زمانہ ساز:جو زمانے کے مطابق اپنے آپ کو ڈھال لے۔

زَمانہ سازی:حالات زمانہ کے مطابق اپنے آپ کو ڈھالنا۔

زَمانی:عارضی، وقتی۔

ترتیب زمانی:وقت کی ترتیب کے لحاظ سے، سن وار۔

زمانیان:اہل زمان، اہل عالم، لوگ۔

زماہَن:ٹھنڈا لوہا۔

زُمُخت:(ع) سخت، درشت، تیز، شدید۔

زُمُختی:سختی، درشتی۔

زَمَخشر:خوارزم کا شہر۔

زَمَخشری:شہر زمخشر کا رہنے والا۔

ابوالقاسم محمود زمخشری:مشہور مفسّر قران مجید اور ماہر صرف و نحو تھے۔ ان کی وفات ۱۱۳۳ء میں ہوئی۔

زَمر:بانسری بجانا۔

زمر:زمرد۔

زمُرّد:سبز رنگ کا گوہر جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ اس کے سامنے سانپ اندھا ہو جاتا ہے۔

زُمرّد گیاہ:سن۔

زمُرّد نگار:زمرد نشان، جسے زمرد سے آراستہ کیا گیا ہو

زمُرّدی:زمردیں، زمرد کے رنگ کا

فرش زمردی:زمرد کے رنگ کا فرش

زُمرہ:گروہ، جماعت، درجہ، قسم

مولانا محمد علی جوہر ہم از زمرہ آزادی خواہاں بود:مولانا محمد علی جوہر بھی آزادی خواہوں کی جماعت میں تھے

زمزَم:(ع) کعبہ شریف کے قریب کا کنواں

زمزمِہ:(ع)(۱)سرود، گیت (۲)گنگنانا

زمزمہ کردن:راگ الاپنا، نرم زبان میں بات کرنا، نرم زبان میں کلام پیش کرنا گنگنانا

زمِستان:سردی کا موسم

زمستانی:موسم سرما سے متعلق

لباسِ زمستانی:موسم سرما کا لباس

زمَن:(ع) زمانہ، وقت، دور، زمان، عصر

زمِن:(ع) ناقص، عیب دار، گری پڑی چیز

زمَنج:عقاب کی قسم کا شکاری پرندہ

زمُو:(۱)تازہ یا خشک پھول (۲)چھت جو لکڑی اور مٹی سے بنائی گئی ہو

زمہرِیر:سخت سردی

زمی:زمین

زمِیدن:جونیدن، چبانا

زمین:دھرتی، کرہ ارض، رُبع مسکوں، دنیا، علاقہ، ملک، ارضی جائداد

زمین خوردن:نیچے گر پڑنا

زمین بآسمان دُوختن::زمین آسمان کو ملانا، حد سے زیادہ مبالغہ کرنا

زمین بائر:زمین جہاں کھیتی باڑی نہ ہوتی ہو، بنجر زمین

زمین بُوسیدن:زمین چومنا، انتہائی احترام کرنا

زمین پَیما:مساحت کرنے والا، زمین کی پیمائش کرنے والا

زمین پیمائی:مساحت، زمین کی پیمائش

زمیندار:اپنی ارضی جائداد کا مالک، اپنی زمین کا مالک

زمین زدن:زمین پر پٹک دینا

زمین شِناس:ارضیات کا ماہر، علم ارضیات میں دسترس رکھنے والا

زمین شناسی:ارضیات کا علم، طبقات الارض کا علم

زمین گیر:بیمار جو بیماری یا ناتوانی کی وجہ سے جگہ سے اٹھ نہ سکے

زمین لرزہ:زلزلہ

زمِینہ:زمین سے متعلق کام، پس منظر، موضوع، متن

این تصویر زمینہ قشنگی دارد:اس تصویر کا پس منظر بہت عمدہ ہے

زمینی:خاکی، ارضی

سیبِ زمینی:آلو

زن:عورت، خاتون

زن خوشگل:خوبرو عورت

زنِ سلیطہ:زبان دراز عورت

زن شوہر دار:شادی شدہ عورت

زن عفیف:پاکدامن عورت

زن گرفتن:شادی کر لینا

زن لاسی:محض تفریحاً مردوں کے ساتھ محبت

جتانے والی عورت، نازو انداز دکھانے والی عورت

زن: **زدن**=مارنا سے فعل امر، مار (بزن) بجا (بانسری وغیرہ)

پنبہ زن:روئی دھننے والا، دُھنیا

نی زن:بانسری بجانے والا

زِنا:عورت کی بے آبروئی کرنا

زنای مُحصنہ:کسی شادی شدہ عورت کی بے آبروی کرنا

ولدالزنا:حرامی

زنابیر:زنبور کی جمع، بھڑیں

زنابیلی:دیکھیے زنبیل

زنا دِقہ:زنادیق، دیکھیے زندیق

زنّار:کمر کی ڈوری جو عیسائی باندھتے ہیں، ہندو بھی اسے گلے میں ڈالتے ہیں

زنا زدِہ:حرامی

زنا شوئی:بیاہ شادی، عقد، نکاح، ازدواجی زندگی

زنان:زن کی جمع، عورتیں

زنان:کھیلتے ہوئے، بجاتے ہوئے

کف زنان:تالی بجاتے ہوئے

زنانگی:عورتوں کے لیے مخصوص

زنانِہ:عورتوں کے لیے مخصوص، عورتوں کاسا، جو عورتوں کے مناسب حال ہو

قسمتِ زنانہ:زنانہ کمرہ، عورتوں کے لیے مخصوص کمرہ

زنبازک، زنبازِہ:زن دوست، وہ شخص جو عورتوں سے دوستی رکھتا ہو

زنِ برادر:بھاوج

زَنبُرک:کمان

کمان زنبرک:چوب کمان

زنبَق:(ع)(۱)سفید سوسن، گل دار پودے کی قِسم (۲)پرچم، جھنڈا، علم

زن بُمزد:دیوث، بے غیرت، قرمساق

زنبُور:(ع) بھڑ، شہد کی مکھی

زنبور خانہ:شہد کی مکھیوں کا چھتّا

زنبُورک:چھوٹی توپ جو اونٹ کے ذریعے لائی جا سکتی ہے

زنبورک چی:چھوٹی توپ کا انچارج

زنبورک خانِہ:وہ جگہ جہاں چھوٹی توپیں رکھی جاتی ہیں

زنبوری:جالی دار

بافتہ زنبوری:جالی دار بنا ہوا

زنبِہ:سفید سوسن، پھول دار پودوں کی ایک قسم، جھنڈا

زنبہ:ہتھ گاڑی

زنبِیل:ٹوکرا، ٹوکری، پٹاری، ڈلیا، گھاس یا بید کا ٹوکرا

زنبیل باف:ٹوکریاں بنانے والا

زنپارِہ:فاحِشہ، طوائف

زن پرَست:جو بیوی کو حد سے زیادہ چاہتا ہو اور اس کی کسی بات کو ٹالتا نہ ہو، زن مرید

زن پرستی:زن مریدی

زنج:عرض دعوی، شکایت، فریاد

زنج:جھانجھ، مجیرا، جلاجل

زنج:گوند جو بعض درختوں سے حاصل ہوتی ہے

زنجاب:گوند جو ابھی خشک نہ ہوئی ہو

زنجار:زنگار

زنجان: غزنیں اور آذربائیجان کا درمیانی صوبہ خمسہ کا صدر مقام

زنجبار: دیکھیے زنگبار

زنجبیل: ادرک، سونٹھ

زنجبیلی: جس میں ادرک کی خوشبو شامل ہو

زنجرَف: شنگرف

زن جلَب: قرمساق، دلالہ، کٹنی، فاحشہ

زنجی: زنگی

زنجیر: لوہے کے حلقوں کا سلسلہ

زنجیر مساحی: جریب جس سے زمین کی پیمائش کی جاتی ہے

پنج زنجیر فیل: پانچ عدد ہاتھی

زنجیر کردن: زنجیر سے باندھنا

زنجیر گسَستن: زنجیر توڑ دینا

زنجیر ساز: زنجیریں بنانے والا

زنجیر ضامنی: مشترک ذمے داری

زنجیرہ: چھوٹی زنجیر، ہلکی لہر، لہردار سطح آب، سکّے کا کنارہ جو زنجیر کی صورت میں ہوتا ہے

زنَخ: ٹھوڑی، چھوٹا سا گڑھا جو ٹھوری یا رخسار میں ہو

زنخدان: ٹھوڑی

چاہِ زنخدان: ٹھوڑی کا درمیانی چھوٹا سا گڑھا

زنخ زن: باتونی

زَند: زرتشت کی مقدس کتاب اوستا کی تفسیر کا نام، جو پہلوی زبان میں لکھی گئی تھی

زَند: کلائی کی ہڈی

زَند: بڑا، وسیع

زَندار: شادی شدہ

زِندان: قید خانہ، محبس

در زندان کردن: جیل میں ڈالنا

زندان بان: جیلر، جیل کا محافظ ملازم

زندان بانی: جیلر کا فرض

زندان خانہ: قید خانہ

زندان سرای: قید خانہ

زندانی: قید خانہ

زندانی: قیدی، (زندانیان جمع)

زندآور: حلال، روا

زندبار: بی آزار حیوان، مثلاً بھیڑ، بکری

زند خوان: (۱) آتش پرستوں کی کتاب پڑھنے والا، آتِش پرستوں کا پروہت (۲) بُلبل

زندِستا: زنداوستا، اوستا اور اس کی پہلوی تفسیر زند

زندش: درود و سلام

زَندِقہ: (ع) بے دینی، خدا کی وحدت کا قائل نہ ہونا

زندگان: زندہ کی جمع، لوگ

زندگانی: زندگی، دور حیات، زندگی گزارنے کا انداز، حیات، معاش

زندگانی رعیتی: دیہاتی زندگی

آب زندگانی: آبحیات

درین خانہ نمی توانم کہ زندگی کنم: اس گھر میں میں زندگی نہیں گزار سکتا

زندگی: حیات، عمر

زندگی کردن: زندگی بسر کرنا

زن دوست: عورتوں کو دوست رکھنے والا

زن دوستی: عورتوں سے دوستی رکھنا

زندواف: زند خواں

زِندہ: بقید حیات

زندہ باد: خدا تمہیں زندہ رکھے

زندہ بگور کردن: زندہ شخص کو دفن کر دینا

زندہ کردن: حیات تازہ بخشنا، احیا کرنا

شب زندہ داشتن: رات کو جاگنا، شب بیداری

واقعاً مرا باین خبر زندہ کردی: حقیقت میں تونے یہ خبر سنا کر میری زندگی تازہ کر دی

زِندہ دار: چوکس، ہوشیار، بیدار مغز، محتاط

زندہ دل: حسّاس، ہوشیار، خوشدل، شگفتہ خاطر، خوش طبع، روشن ضمیر

زندہ دلی: خوش دلی، خوش مزاجی، خوش طبعی

زندہ رُود: اصفہان کے دریا کا نام

زَنْدی: انسان یا حیوان کے ہاتھ یا بازو سے متعلق

زندی: زندیا زنداوستا سے متعلق، زند کی تعلیم پر عمل کرنے والا

زِندِیق: (ع) وحدت خداوندی کا منکر، دہریہ

زندیقی: (ع) زندقہ، خدا کی وحدت سے انکار

زندیک: زندیق، بے دین، ملحد، مرتد، پیرو مانی

زن سیرت: زن صفت، عورتوں کے سے طور طریقے والا، زنخا، زن نما

زنِ عمُو: چچا کی بیوی، چچی

زنِ قحبہ: قرم ساق، بدکار عورت، کنچنی، فاحشہ

زنقہ: تنگ و تاریک کوچہ

زنک: چھوٹی عورت

زنکہ: چھوٹی عورت

زنگ: گھنٹی، درا

زنگ سوم فارسی داریم: ہماری تیسری گھنٹی فارسی کی ہے

زنگ الکتریکی: بجلی کی گھنٹی

زنگ زدن: گھنٹی بجانا

ساعت زنگ می زند: گھنٹی کی ٹن ٹن کی آواز سنائی دیتی ہے

زنگ: زنگار

زنگ آہن: لوہے کا زنگار

زنگ از دل زدُودن: غم دل سے دور ہونا، تسکین پانا

زنگ نباتی: پھپھوندی

زنگ دل: غم و اندوہ

زنگ زدن، زنگ گرفتن: زنگار لگنا

طلا زنگ نمی زند: سونے کو زنگ نہیں لگتا

زنگار: چمڑے کا موزہ، چمڑے کا ساق

زنگار: زنگ، لوہے کی میل

زنگار خوردِہ: جس پر زنگ لگا ہو

زنگار زدِہ: زنگاری، زنگ آلود

زنگاری: جسے زنگ لگا ہو، زنگ کے رنگ کا

زنگبار: زنجبار، حبشہ

زنگباری: حبشہ کا رہنے والا، حبشہ کی بولی، زنجبار سے متعلق

زنگ بستہ: زنگ زدہ، جس پر بہت سا زنگ لگا ہو

زنگ زدگی: زنگ آلود ہونا

زنگ گرفتہ: زنگ زدہ

زنگولہ: (۱) گھنگھرو جو پاؤں پر یا حیوانوں کی گردن پر باندھے جاتے ہیں (۲) ایرانی موسیقی کی ایک سُر

زنگی: زنگبار کا رہنے والا، ملک حبشہ کا باشندہ

زنگی بہ شستن نگردد سفید: حبشی نہانے دھونے سے سفید نہیں ہو سکتا

زنّندہ: چبھتی ہوئی، کاٹنے والی، دلخراش، تند و تیز، تلخ

زنندہ: ساز بجانے والا

ساز ہست زنّندہ اش کیست؟ ساز تو ہے لیکن ساز بجانے والا کون ہے؟، ساز بجائیگا کون؟

زنویہ: درد ناک آواز میں چلانا، درد سے چیخنا، آہ و زاری کرنا

زنُوییدن: درد ناک آواز میں آہ و زاری کرنا

زنہار: (۱) کلمہ تاکید، ہرگز، احتیاط (۲) ٹھہرنے کی جگہ، حمایت، مدد، امان، پناہ (۳) عہد و پیمان

زنہار خواستن: مدد کے لیے در خواست کرنا

زنہار خُوردن: عہد شکنی کرنا

زنہار دادن: حمایت کرنا، ٹھہرنے کے لیے جگہ دینا، پناہ دینا

زنہار (تا) نصیحت او را نشنوی: احتیاط کرنا کہیں اس کی نصیحت نہ سن لینا

زنہار خوار: صلح توڑنے والا، صلح کا پا بند نہ ہونے والا، پیمان شکن

زنہار خواہ: ٹھہرنے کی جگہ حاصل کرنے والا، حمایت یا مدد چاہنے والا

زنہار دار: عہد و پیمان کا پابند

زنہار داری: عہد و پیمان پر قائم رہنا

زنہاری: جو کسی کی حمایت میں ہو

زنی: نسائیت، نسوانیت

زنیان: تخم بادیان

عرق زنیان: عرق بادیان

زَو: دریا، بحر سمندر

زُو: از او کا شاعرانہ اختصار، اس سے

زواج: (ع) شادی، زندگی

زوّار: خدمتگار

زوار: (ع) حج کرنے والا، زیارت کو جانے والا

زوّار: زائر کی جمع، حج کرنے والے، زائرین

زوارِق: (ع) زورق کی جمع، چھوٹی کشتیاں

زوال: (ع) تنزل، اتار، کمی، گھٹاؤ

زوال آمدن: تنزّل شروع ہو جانا

زوال پذیر: عارضی، فانی، فنا پذیر

زوال نا پذیر: جسے کبھی زوال نہ ہو، دائمی، ہمیشہ رہنے والا

بی زوال: جسے زوال نہ ہو

زود زوال: جسے جلد زوال آ جاتا ہو، مثال:

بدی مکن درین کشت زار زود زوال

بداس دہر ہمان بدروی کہ می کاری

کشت زار (یعنی دنیا میں) جو جلد زوال پذیر ہونے والی ہے تو جو اس میں بوئے گا، زمانے کی درانتی سے وہی کاٹے گا۔

زوالہ: گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا

زوانہ: زبانہ، زبان کی مانند، شعلہ آتش

زواہ: غذا جو قیدیوں کے لیے تیار کی جاتی ہے

زواہر: (ع) زاہرہ کی جمع، خوبصورت پھول، درخشاں، تاباں

زوایا: (ع) زاویہ کی جمع

زوائد: (ع) زائد کی جمع، فالتو اشیا، ضرورت سے زیادہ چیزیں

زوائل: (ع) زائلہ کی جمع، عارضی، نا پائدار چیزیں

زَوبَعَہ: (ع)(۱)طوفان گرد و باد (۲)دیو یا شیطان، زوابع جمع

زوبین: نیزہ

زَوج: (ع) جوڑ، جفت، ہمسر، شوہر، جوڑے میں سے ایک، ازواج جمع

زوجات: (ع) زوجہ کی جمع، بیویاں

زوجہ: (ع) بیوی

زوجیّت: بیوی ہونا، بیوی کے فرائض

زوجین: (ع) شادی شدہ جوڑا

زُود: جلد، فوراً

زود آنرا برداشتم: میں نے جلد اسے اٹھا لیا

زود برگشتم: میں جلدی لوٹ آیا

زود زود: اکثر، جلد جلد

من خیلي زود زود حمام میروم: میں اکثر حمام میں جاتا ہوں

بزودي: جلدی سے

زُودازُود: پیاپے، پے بہ پے تیز تیز

زود آشنا: جلدی میں دوست بن جانے والا

زُود انداز: فی البدیہہ شعر، بات جو بے تامّل کہی جائے

زود باور: جلدی یقین کر لینے والا، سادہ، نا تجربہ کار

زود خشم: جلد غصے میں آنے والا، غصیلا

زود خیز: صبح جلد اٹھنے والا

زود خیزی: صبح جلد اٹھنا

زود رنج: جلد رنجیدہ ہو جانے والا

زودرس: (۱)محتاط، پیش بین، انجام پر نظر رکھنے والا، چوکس، محتاط، ہوشیار (۲)جلدی پکنے والا پھل

زود غضب: جلد برہم ہونے والا

زود فہم: بات کو جلد سمجھنے والا، بات کی تہ تک پہنچنے والا

زود گذر: عارضی، فانی

زود گوار: زود گوارا، زود ہضم

زود نویس: تیز تیز لکھنے والا

زُودی: جلدی

باین زودی: اتنی جلدی

بزودي: جلدی میں

بزودي مراجعت خواہد کرد: وہ جلد ہی لوٹ آئیگا

زود یاب: جلد دستیاب ہونے والی چیز،

زور: طاقت، قدرت، توانائی۔

زُور آوردن: دباؤ ڈالنا
زور دادن: دباؤ ڈالنا
زور زدن: طاقت استعمال کرنا
بزور: طاقت سے
بزور پول را گرفتم: میں نے طاقت سے رقم لے لی
بزور خندیدن: قہقہہ لگانا
راہ خود را بزور بازگردم: میں نے اپنا راستہ اپنی طاقت سے بنایا
مجبور شدم کہ زور بکار ببرم: میں مجبور ہوا کہ زور یا دباؤ اختیار کروں
زُور: (ع) جھوٹ ،باطل،فریب
حرف زور: نا معقول بات، جھوٹی بات
چرا زور می گوی: کیوں ایسی نامعقول بات کرتے ہو
زور آزما: کشتی کرنے والا ، طاقتور پہلوان،اتھلیٹ (انگ)
زور آزمائی: طاقت آزمائی ، کشتی کرنا
زور آور: مضبوط، قوی، طاقتور
دشمن زور آور: قوی دشمن
زور آوری: طاقت، طاقت کے لیے ورزش کرنا
زور خانہ: اکھاڑا ، جمنیزیم (انگ)
زور دار: طاقتور
زور دست: مضبوط بازوؤں والا ، طاقتور
زور فِین: چھلا ، انگشتری
زَورق: (ع) چھوٹی کشتی
زورقِ سیمین: کنایہ ہے چاند کا
زورق زریں: کنایہ ہے سورج کا
زُورکی: زبردستی کی ہنسی
زُورگر: پہلوان، اتھلیٹ (انگ)
زُور گوئی: نامناسب رائے دینا ، نامناسب گفتگو یا قیل و قال
زورمند: طاقتور، قوی، زوآور
زورمَندی: قوت، طاقت، شدت
زور مندی کردن: شدت کرنا
زُورنا: زرنا ، سُرنا ، ایک قسم کا ساز جو شادی بیاہ کے موقع پر بجاتے ہیں
زُورناک: پُر زور
زور ور: زورآور
زُورہ: (ع) ریڑھ کی ہڈی
زُوزہ: درد ناک آواز، بلند آواز سے رونا
زُوزہ کشیدن: درد ناک آواز میں چیخ و پکار کرنا ، آہ و زاری کرنا
زُوش: غصہ ، جوش و غضب
زُوغ: نہر، ندی
زُولانہ: زنجیریں، بیڑیاں
زُون: بہرہ ، حصہ ، قسمت، مثال:

بچشم اندرم دیدہ از زُونِ اوست
بچشم اندرم جنبش از خونِ اوست

میری آنکھ کا دیدہ اس کا دیا ہوا ہے اور آنکھ کی جنبش اسی کے دیے ہوئے خون کی وجہ سے ہے
زون: کوتاہ قد
زُون: (ع) صنم، بت
زِہ: (ع) تانت، رودہ، تار والے آلات موسیقی
زِہ کردنِ کمان: کمان میں تار باندھنا
زِہ: (ع) ولادت کی حالت میں عورت کا درد
دردِ زہ: بچے کی ولادت کا درد
زِہ: (ع) حلقہ ،گھیرا ، کنارہ نیز کلمہ تحسین شاباش
زَہ: (۱) ذریعہ ، وسیلہ ، (۲) سرچشمہ
زِہاب: (ع) ندی سے پانی اچھل کر باہر نکلنا

زہّاد:(ع)زاہد کی جمع، پرہیزگاری، عبادت گزار لوگ

زہادت:(ع)زہد، پرہیزگار، عبادت گزاری

زہار:پوشیدہ حصے جسم کے، شرمگاہ

موی زہار:پوشیدہ حصے کے بال

زَہاز:(ع)چیخ و پکار، شور غوغا

زہازہ:(ع)شاباش، کلمہ تحسین

زہانیدن:چشمے کے پانی کا موج زن ہونا

زہتاب:(ع)تار والے آلات تیار کرنے والا

زہتاب خانہ:جہاں تار والے آلات تیار کیے جاتے ہیں

زہتابی:تانتیں بنانا

زُہد:(ع)پاکیزگی، پارسائی

زہدان:(ع)بچہ دان، عورت کا رحِم

زُہد فروختن:منافقت کرنا پارسائی کے پردے میں منافقت کی باتیں کرنا

زہد فُروش:منافق، جس کے قول اور عمل میں بہت فرق ہو، باتیں زہدو تقوے کی اور عمل کافرانہ

زہد فروشی:منافقت، ظاہر میں کچھ اور باطن میں کچھ اور ہونا۔

زَہر:(ع)سم،بس، ہلاک کر دینے والا مرکب، انتہائی غیظ و غضب

زہر چشم:غصیلی نظر

زہر چشم بر کسی ریختن:کسی کو غضب آلود نگاہ سے دیکھنا، کسی سے شدت کا سلوک کرنا

زہر خود را ریختن:غصہ نکال ڈالنا

زہر مار:سانپ کا زہر

زہر مار بخوریی:کسی نفرت انگیز یا ضرر رساں چیز کو تم کھا رہے ہو

زہر مار کردن:ناگوار چیز کھانے پر مجبور ہونا

زہر:(ع) پھول، زرد رنگ کا پھول (ازہار جمع)

زَہرا:(ع) حضرت فاطمہ(رض) کا لقب، خوبصورت درخشاں

زَہراب:(ع) زہر آلود پانی ، پیشاب

زہر آب ریختن:پیشاب کرنا

زہر الرّبیع:(ع) زرد رنگ کے پھول

زہر آگین:زہر کے اثر والا

زہر آلود:زہر سے آلودہ

زہر با:غذا جس میں زہر ملایا گیا ہو

زہر باد:خناق، گلے کی بیماری، گلے کی گلٹیوں کا سوج جانا

زہر خند:غصے کی حالت میں بھی مجبوراً ہنسنا، بادل ناخواستہ ہنسی

زہردار:جس میں زہر کا اثر ہو

زہر دارو:زہر کا اثر دور کرنے والی دوا، تریاق

زہر کش:زہر کا اثر مٹانے والی دوا

زہر مُہرہ:زہر کو جذب کرنے والا پتھر جو دوا کے کام آتا ہے

زہر ناک:زہر آلود

زُہرہ:سیارہ ناہید

زہرہ:زرد آب، پتّہ مثال:

چند شوم در غمت از مژہ خوننابہ بار
زہرہ من آب شد در سر این ماجرا

میں تمہارے غم میں کب تک پلکوں سے خون کے آنسو بہاؤں اسی کیفیت میں میرا پتّہ بھی پانی ہو گیا ہے

زہرہ تراک:خوفزدہ

زہرہ جبین: جس کی پیشانی ناہید ستارے کی سی ہو، حسین و جمیل محبوب کا کنایہ۔

زہری:جس میں زہر کا اثر ہو

زہزاد:نسل، بچے، اولاد

زِہِشت: دم، نفس، آہ

زَہِف: (ع) تیزی، چالاکی

زِہکش: بدر رو

زِہکشی: پانی کو نکالنے کی بدررو

زِہگیر: انگوٹھے کی حفاظت کا خول جو تیر انداز استعمال کرتے ہیں

زِھوار: (ع) ڈوری، بند، آرائشی پٹی۔

زہُور: زہر کی جمع، زرد رنگ کے پھول

زہ وزاد: زن و فرزند، اہل وعیال، اولاد و نسل

زہُوق: باہر جانا، چلے جانا، نابود ہونا، ہلاک ہو جانا

زہُومت: بدبو

زِہی: کلمہ تحسین، شاباش، بہت اچھا، کمال کیا، مثال:

زہی روی گلگون خمی بوی شبگون

یکی رشک صبحی یکی رشک شامی

واہ کیسا پھولوں جیسا چہرہ اور کیسے تاریک رات جیسے بالوں کی خوشبو، چہرہ صبح کے لیے باعث رشک اور زلفیں رات کی تاریکی کے لیے باعث رشک ہیں۔

زِہی: بچے کو جنم دینے والی

زِہیدن: بچے کو جنم دینا

زی: طرف، جانب، حد، اندازہ، مثال:

فرستاد زی وی پیامی ز ری: اس کی طرف سے شہری سے پیغام بھیجا

زی: زہی

زی: (ع) ہیئت، صورت، شکل، طرز، پوشاک نیز زندگی، روح

زِیات: گھی تیل بیچنے والا

زِیاد: (ع) زیادہ، بیشتر

زیاد کردن: اضافہ کرنا، بڑھانا

زیاد متعجب شدم: میں بہت زیادہ حیران ہوا

پول ہای زیاد کہ داری، کتابہای بخر: اتنی زیادہ رقم جو تیرے پاس ہے اس سے کتابیں خرید لے

امروزخیلی زیاد صحبت کردیم: آج ہم نے بہت زیادہ بات چیت کی۔

مواجب مرا زیاد کردند: میری تنخواہ میں اضافہ کر دیا گیا ہے

زیادت: (ع) زیادہ ہونا، اضافہ، افزائش

زیادتی: اضافہ ، زائد مقدار، جو ضرورتوں کو پورا کرنے کے بعد بچ رہے، فراوانی وفور کثرت، افراط

زیادِگی: زیادتی

زیادِہ: (ع) بہت، بیشتر

زیادہ جُو: حریص ،طماع، لالچی

زیادہ روی: غیر معتدل، حد سے بڑھنے کی کوشش کرنا

زیادہ ستانی: استحصال، جبراً کچھ حاصل کرنا

زیادہ طلب: زیادہ جُو ،حریص، طمّاع

زیادہ گو: پُر گو

زیادی: زائد

مبلغ زیادی واپس داد: زائد رقم اس نے واپس کر دی۔

زیارت: (ع) کسی متبرک مقام یا کسی زاہدوپارسا شخص کو دیکھنا

از زیارت مکہ برمی گشتند: مکہ معظمہ کی زیارت (حج) کے بعد وہ واپس آئے

آمدیم شما را زیارت کنیم: آپ کا دیدار کرنے کے لیے حاضر ہوئے

بزیارت رفتن: حج کو جانا

زیارت ہم تجارت: حج اور ساتھ ہی تجارت بھی، بیک کرشمہ دوکار

زیارت گاہ: حج کا مقدس مقام، کعبہ

زیارت نامہ: کتاب دعا، حج کے موقع کی دعاؤں کا مجموعہ

زیارتی: زیارت سے متعلق

زیاف: (ع) زَیف کی جمع، سیڑھی کے پائے، کھوٹے سکّے

زیّاف: درندہ شیر

زِیاک: کبوتر کے برابر سبزی مائل رنگ کا پرندہ

زِیان: نقصان، خسارہ، تکلیف

پایش زیان دید: اس کا پاؤں زخمی ہو گیا

زیان رساندن: کسی کو نقصان پہنچانا

زیان کردن، زیان بردن: نقصان اٹھانا

زیان آور: جس سے نقصان ہوتا ہو، خسارے کا باعث

زیان دار: نقصان رسان

زیان دیدہ: جسے نقصان ہوا ہو، جو خسارے میں رہا ہو

زیان رسیدہ: جسے نقصان ہوا ہو، جسے تکلیف پہنچی ہو

زیان کار: جسے گھاٹا یا نقصان ہوا ہو

زِیب: (ع) زینت، خوش نمائی، آرائش، زیبائی

زیبا: حسین و جمیل، خوبصورت، دلربا

سیرتِ زیبا: اچھا کردار

زیبا رُو: خوبرو، حسین و جمیل

زیبا سرِشت: نیک فطرت، نیک کردار

زیب افزا: جس سے زیبائش میں اضافہ ہو

زیبان: زیبا

زیبائی: رعنائی، حسن، دلربائی

زیبق: (ع) پارہ، سیماب

زیبقی: (ع) سیمابی، سیماب وار

زیب گر: آرائش کرنے والا

زیَبندگی: زیبائی، رعنائی، دلربائی، حسن، خوشنمائی، شائستگی

زیبَندہ: آراستہ پیراستہ، زیبا، خوبصورت، دل کش، دلربا

زیبیدن: سجنا، آرائش پانا، شایان شان ہونا، مناسب ہونا، موزوں ہونا

او را نمی زیبد کہ چنین سخن گوید: اس کے شایان شان نہیں کہ ایسی بات کہے

این لباس بہ شمانمی زیبد: یہ لباس آپ کے لیے موزوں نہیں

ہر مقامی از دہن خوانند خوب می زیبد: جس سُر میں بھی موسیقار گائیں بہت اچھا لگتا ہے

زِیت: (ع) زیتون کا تیل

زیتونستان: جہاں زیتون کے درخت ہوں

زیتونی: زیتون کا اثر رکھنے والا

زِیج: (ع) رصدگاہ، جس میں ستاروں کی حرکات کا جائزہ لینے کے اسباب مہیا کیے گئے ہوں

زِیج: دل کی دھڑکن

زیج نشین: رصدگاہ میں بیٹھ کر فلکیات کا جائزہ لینے والا

زَید: غیر اصلی یا غیر واقعی نام جیسے کہہ دیتے ہیں، زید و بکر

زِید: خدا کرے کہ.... بڑھے، ترقی کرے، اضافہ

زیدَ عِزّہ: خدا کرے کہ اس کی عزت میں اضافہ ہو

زِیر: نیچے

زیر پا: پاؤں کے نیچے

زیر پازدن: پاؤں تلے روندنا

زیر پای کسی نشستن: کسی کے پاؤں میں بیٹھنا، احتراماً کسی کی خوشامد کرنا

زیرلب حرف زدن: منہ ہی منہ میں بات کرنا

زیرا: چونکہ، اس راستے سے، اس لیے

زیر آب: حوض کے پانی کے اخراج یا نکاس کی نالی جس

سے پانی نکالا جا سکے

زیر آب زدن: پانی کا اخراج کرنا

زیر آب کسی را زدن: پوشیدہ طور پر کسی کو شکست دینا، تباہ کرنا

زیر افگن: (۱) توشک، چٹائی، زیر انداز (۲) ایرانی موسیقی کی ایک سر

زیراک: زیراک، کیونک

زیرانداز: چٹائی جو فرش پر بچھائی جاتی ہے

زیر بار: بوجھ تلے

زیر بُر: جیب کتا

زیر بغل: بغل کا گڑھا، بغل کے اندر کی خالی جگہ

زیر پای: وہ تپائی جس پر پاؤں رکھے جاتے ہیں

زیر پای کشیدن: حیلہ و تدبیر سے کسی سے اقرار کرانا

زیر پُوش: لباس کے نیچے پہننے والا کپڑا، بنیان وغیرہ، انڈرویر (انگ)

زیر تبری: لکڑی کا کندہ جس کے اوپر ترخان لکڑی کاٹتا تراشتا ہے

زیر تنگ: گھوڑے کا تنگ جسے کسا جاتا ہے

زیر جامہ: نیچے کا لباس، شلوار، انڈرویر (انگ)

زیر جُلی: خفیہ، مخفی

عَروسِ زیر جُلی: لڑکی جس کی خفیہ شادی کی گئی ہو

زیر چاق: مطیع، فرمان بردار

زیر خوان: پنچم کی سروں میں گانے والا

زیر دریائی: آبدوز

زِیردست: ماتحت، زیراثر، زیردستان جمع

بزیردستان مہربان باش: ماتحتوں سے یا نچلے درجے کے لوگوں سے مہربانی کا سلوک کرو

زِیر دستی: ماتحتی، اطاعت قبول کرنا، فرمان برداری

زِیر دستی: رائٹنگ پیڈ

زِیر زار: غمناک آواز

زیر زبانی: زیر لب بات کرنا

زیر زمین: تہ خانہ، سرد آب

زیر زمینی: زمین کے اندر درخت کی جڑ

زیر سازی: سڑک کی پٹڑی، ریل کی پٹڑی

زیر سری: تکیہ

زیر شلواری: زیر جامہ

زِیر فون: سدا بہار درخت جس کے پھولوں سے دوائی بناتے ہیں

زِیرک: ہوشیار، قابل، لائق

زیر کاری: سڑک یا ریل کی پٹڑی بنانے کا کام

زیر کی: دانائی، ہوشیاری، قابلیت

زیرگاہ: کرسی، صندلی، چار پایہ، تخت

زیر گوشی: تکیہ جو کانوں کے نیچے رکھا جاتا ہے

زیر لب: آہستہ آہستہ بات کرنا

زیر لباس: زیر جامہ

زیر مشقی: رائٹنگ پیڈ

زیر نقب: کان، کان کے اندر جانے کا راستہ، اندر ہی اندر زمین کھودنا

زیر نقب کردن: اندر ہی اندر سے زمین کھودنا

زیر نگین: جو کسی کے تصرف میں ہو

زیر و بالا: نیچے اوپر، بے معنی، نامر بوط بات

زِیرہ: مسالہ، زیرے کی قسمیں، زیرہ سبز، زیرہ سفید، زیرہ سیاہ، زیرہ کرمانی

زیرہ بکرمان بردن: الٹے بانس بریلی کو

زیرہ: جوتے کا تلوا

زِیری، زیرین: **لَبِ زیرین:** نیچے کا ہونٹ

شعر زیرین: مندرجہ ذیل شعر

زِیس: طرف، جانب، سمت

زیست: زندگی، معاش

زیست کردن: جینا، زندگی گزارنا

خوردن برای زیستن است نہ زیستن برای خوردن: کھانا جینے کے لیے ہے نہ جینا کھانے کے لیے

زیست شناسی: بیولوژی، مفرس بیالوجی، حیاتیات

زَیغ: کج روی، انحراف، شک و گمان، سچی بات سے رو گردانی

زیغ الشّمس: سورج کا نیچے کی طرف آنا

زِیغ: چٹائی، بوریا

زیغ البَصَر: (ع) بصارت کی کمزوری

زیغال: قدح، پیالہ، جام

زَیف: (۱) سیڑھی کے پائے (۲) کھوٹا سکہ ،گناہ بے ادبی

زِیگ: زیچ، رصد گاہ

زِیل: ایک قسم کی بھیڑ

قوچ زیل: ایک قسم کی بھیڑ جس کی اون بہت عمدہ ہوتی ہے۔

زِیلو: ایک قسم کی مختلف رنگوں کی چٹائی جوفرش پر بچھائی جاتی ہے

زین: کاٹھی، زین نما چیز

زین از اسپ نہادن: زین گھوڑے سے اتار دینا

زین بر گرگ نہادن: بھیڑیے پر زین ڈالنا ،جیسے بلی کے گلے میں چوہوں کا گھنٹی باندھنا

زین کردن: زین کسنا

زیر زین کشیدن: زین کسنا

زین، از این: اس سے

زَین: زینت، خوبصورتی، زیور، آراستگی

زین العابدین: حضرت حسین (رض) کے بیٹے علی کا لقب

زین افزار: جنگی گھوڑے کا زرہ

زَینب: حضرت حسین (رض) کی ہمشیرہ جنہیں فصاحت و بلاغت میں شہرت حاصل تھی۔
آپ اپنے دوبیٹوں کے ساتھ کربلا گئی تھیں اور اپنے عزیزوں کی شہادت اپنی آنکھوں سے دیکھی تھی

زین برگ: کاٹھی

زین پوش: کاٹھی کے اوپر ڈالنے کا کپڑا

زِینت: آرائش، زیبائش، زیور سے آراستگی

زینت کردن، زینت دادن: آرائش کرنا، زیور پہنانا، حسن و خوبی میں اضافہ کرنا

زینت افزا: آرائش کرنے والا، حسن و خوبی میں اضافہ کرنے والا

زین ساز: کاٹھیاں بنانے والا، سراج

زین کوھہ: کاٹھی کا اوپر کا دستہ

زین گر: زین ساز، سراج

زِینہ: سیڑھی

زینہار: زنہار، ہرگز

زیور: گہنا

زیور بخود بستن: زیور پہننا

زیوردادن: زیور پہنانا، زیور سے آراستہ کرنا

ژ

ژ – فارسی ابجد کا چودھواں اور اردو کا ستارہواں حرف ہے فارسی میں اسے کبھی کبھی ز سے بدل دیتے ہیں اور کبھی ج سے بھی مثلاً لاژورد لاجورد زیوہ سے جیوہ

ژا پشر: آگ کی چنگاری

ژاپن: جاپان

ژاپنی: جاپانی

ژاژ: ہرزہ، یاوہ، بے مزہ

ژاژخا: یاوہ گوئ کرنے والا، ہرزہ سرائ کرنے والا

ژاژخائی: یاوہ گوئ، ہرزہ سرائ، بیہودہ گوئ، بے مزہ گفتگو

ژاژیدن: چبانا، جگالی کرنا جانور کا

ژاکٹ: جیکٹ کا مفرس

ژال: ژالہ، اولہ

ژاغر: پرندوں کا چینہ دان، پوٹا

ژالہ: اولہ

ژاندارم: مسلح سپاہی

ژاندارمری: مسلح سپاہیوں کا دستہ

ژانطیانہ: ایک قسم کا نیلے پھولوں والا پودا

ژانویہ: جنوری

ژاو: خالص، اچھی بات کا خلاصہ

ژاویدن، جاویدن: چبانا

ژبون: ربا، سود

ژخ: بدن پر ابھرا ہوا سخت دانہ، گومڑی

ژخ: غمناک آواز، آہ و نالہ

ژخار: چیخ پکار

ژدن: بخیہ کرنا

ژرہ: پیٹو، پرخور، حریص

ژرف: گہرا، متبحر، عمیق، نہایت، غور و تعمق

ژرف بین: گہری نظر ڈالنے والا

ژرف نگاہ: زیرک، ذہین

ژرف بینی: گہری نظر سے دیکھنا، احتیاط

ژرفی: گہرائی، عمق

ژرف یاب: ژرف بین، گہری نظر رکھنے والا

ژست: وضع، رفتار، حرکات بدن خصوصاً ہاتھ کی حرکت

ژغار: بد نصیبی، بد بختی، درد ناک آواز، سختی، محنت

ژغارو: فاحشہ، طوائف، جندہ

ژغارہ: باجرے کی روٹی

ژغال: زغال، کوئلہ

ژغاو: فاحشہ، بدکار عورت

ژعوغ: دانت پیسنا، دانت کٹکٹانا، دانت کٹکٹانے کی آواز

ژغند: زغند، بلند، آواز، ڈراؤنی آواز

ژف: گیلا، سیلا، نمدار

ژفت: (۱) زفت، تارکول جو مٹی کے تیل سے نکلتی ہے (۲) صنوبر کی گوند

ژفک: کان کی میل، آنکھ کی گد

ژفیدن: گیلا ہونا، تر ہو جانا، نمدار ہونا

ژفیدہ: جو گیلا ہو گیا ہو

ژک: منہ ہی منہ میں کچھ کہنا، بڑبڑانا، زیر لب غصے سے بات کرنا

ژکارہ: لڑاکا، جنگجو، کینہ ور

ژکال: زغال، کوئلہ

ژکفر: صبر کرنے والا، صابر، شکیبا

ژکفری: برد باری، برداشت، شکیبائی

ژکیدن: غصے اور دل تنگی سے زیر لب بات کرنا

ژگور: بخیل، خسیس، کنجوس

ژم: دایہ، قابلہ

ژند: زند، اوستا کی تفسیر پہلوی زبان میں

ژندہ: بوسیدہ کپڑا جس میں پیوند لگے ہوں

جامہ ژندہ: بوسیدہ کپڑا جس میں پیوند لگے ہوں

ژندہ: بڑا، وسیع

ژندہ پوش: بوسیدہ کپڑے پہننے والا

ژنرال: جرنیل

ژنگ: بارش کا قطرہ

ژنگار: زنگار

ژنہ: نیش، ڈنگ، سوئی کی چبھن

ژوبین: نیزہ

ژوژ: ژوژہ، خارپشت، جانور جس کے جسم پر کانٹے ہوتے ہیں

ژوشیدن: قطرہ قطرہ ٹپکانا، عرق کھینچنا، جوہر نکالنا، کشید کرنا

ژول: نا ہموار، شکنج، چین

ژولیدن: آشفتہ ہونا، بکھرنا

ژولیدہ: آشفتہ

ژولیدہ مو: بکھرے ہوئے بال

ژون: صنم، بت

ژونیہ: جولانی

ژی: تالاب، ذخیرہ آب، آب انبار، جہاں پانی جمع ہو جاتا ہے، مثال:

اے آنکہ من از عشق تو اندر جگر خویش
آتشکدہ دارم صد و ہر مژہ ژی

میں تمہارے عشق کی وجہ سے اپنے جگر میں سیکڑوں آتشکدے رکھتا ہوں اور ہر پلکِ آنسوؤں کا ذخیرہ ہے

ژوبیدن: پانی ٹپکنا

ژوبیدہ: جس میں آبپاشی کی گئی ہو

ژیان: خوفناک، مہیب، ڈراؤنا، مرعوب کرنیوالا، خشم آلود

شیرژیان: غضبناک شیر

ژیرہ: زیرہ

ژیژ: نا خالص، غلیظ، نجس

ژیک: (۱)بارش کا قطرہ، (۲)رفیق، ساتھی

ژیوہ: پارہ سیماب

س

س: فارسی ابجد کے لحاظ سے پندھرواں حرف، عربی کا بارھواں اور اردو کا اٹھارہواں حرف ہے اسے سین مہملہ بھی کہتے ہیں، اسے کبھی حرف شین سے بدل دیتے ہیں، ابجد کے عدد کے اعتبار سے اس کے ۶۰ عدد ہیں

سا:سائیدن= ملنا، رگڑنا، کچلنا، مسلنا سے فعل امر رگڑو، ملو، مثال:

از نا کسی بنال و جبین بر زمین بسا
کلک وورق بیفگن و دست دعا بر آر

اپنی فروتنی اور عاجزی پر آنسو بہا اور سجدہ زیری کر اب تو اپنے قلم اور کاغذ کو الگ رکھ دے اور دعا کے لیے ہاتھ پھیلا

جبہ سا: ماتھا رگڑنا، سجدہ کرنا

سا: خراج

سا: سلک کی عمدہ قسم

ساب، سابیدن: سائیدن، رگڑنا، ملنا، مانجنا سے فعل امر، رگڑو، ملو وغیرہ

چوب ساب: ریتی جس سے ترخان لکڑی کو رگڑ کر ہموار کرتے ہیں

ساباط: (ع) پناہ گاہ، رہگزر جس پر چھت ہو

سابح: (ع)(۱)تیراک، شناور، شناگر (۲)تیز رفتار گھوڑا، سوابح جمع

سابحہ: (ع) مونث سابح

سابع: (ع) ہفتم، ساتواں

سابعاً: (ع) ساتواں

سابق: (ع) گزرا ہوا، پیشتر (سوابق جمع)

ایام سابق: گزشتہ دن، گزشتہ زمانہ

سابق براین، در سابق: اس سے پیشتر

سابقاً: (ع) پہلے سے

ذکر آن سابقاً گذشت:اس کا ذکر پہلے آیا ہے
سابقاً آنرا ندیده ام:اس سے پہلے میں نے اسے نہیں دیکھا
سابقُ الذکر:(ع) جس کا پہلے ذکر آیا ہے
سابِقه:(۱)سابق، مقدم، پہلا، گزشتہ، پیش، پیش ازین (۲)تحریر، ریکارڈ (۳)واقفیت
سابقه این شخص خوب است:اس شخص کا ریکارڈ اچھا ہے
سابقه شناسائی، سابقه معرفت:پہلے سے واقفیت ہونا
من احوال او سابقه دانستم:میں اس کے حالات پہلے سے جانتا ہوں
من با او هیچ سابقه نداشتم:میری اس سے واقفیت نہ تھی
سابقه دار:جس کے پاس اس کا پہلا ریکارڈ ہو
سابقه داشتن:ریکارڈ رکھنا
سابقی:گزرے ہوئے زمانے کا
سابُوتِه:بوڑھی عورت، پیرزن
سابُود:(۱)خرمن، (۲)جھولنا، جھلانا، (۳)عشق پیچان نورانی حلقہ جو چاند کے ارد گرد نظر آتا ہے
سابورِه:مخنث، وہ مرد جس میں عورتوں کا سا طور طریقہ ہو
سابیدگی:(۱)بوسیدہ ہونا، محو ہونا، (۲)کاٹنا، چبانا
سابِیدن:بوسیدہ ہونا، ملنا، رگڑنا، کوٹنا، مانجنا
دانه های آنرا در هاون می سابند:اس کے دانے ہاون میں کوٹتے ہیں
سابیدِه:ملا ہوا، کوٹا ہوا، پسا ہوا، رگڑا ہوا
فلفل سابیده:پسی ہوئی مرچ
ساتِر:(ع)ستر کرنے والی، پردہ دار، نقاب پوش، اپنے آپ کو پوشیدہ رکھنے والی
ساتراپ:ایران قدیم کا حاکم، استاندار، صوبے کا حاکم، گورنر، والی
ساتگِین:شراب کا بڑا پیالہ، قدح
ساج:ساگوان، مضبوط لکڑی جس سے جہاز بناتے ہیں
ساج:لوہے کا توا
ساجِد:(ع) سجدہ کرنے والا، سجدہ گزار، زاہد، خدا پرست، عابد
ساجِر:(ع) شدید طوفان
ساجِع:(ع) مقفی و مسجع نثر میں بات کرنے والا
ساجُور:کتے کے گلے کا پٹا
ساچِمه:(ع) بندوق کی چھوٹی گولی جس سے شکار کیا جاتا ہے
ساچمه ای:شکار کرنے کے لیے بندوق کی گولی
ساحَت:(ع) صحن، کھلا میدان، مقام، درگاہ (ساحات جمع) مثال:

یا رب مدینه است این حرم کزخاکش آیدبُوی جان
یا ساحتِ باغ ارم یا عرصه روض الجنان

اے خدا یہ حرم مدینہ ہے کہ اس کی خاک سے زندگی کی خوشبو آتی ہے یا یہ گلزار ارم کاکھلا میدان ہے یا روضۃ الجنت کا مقام ہے۔
ساحت مجلس ملی:پارلیمنٹ کی مجلس کا مقام
ساحت طوبی:بہشت
ساحِر:(ع) سحر کرنے والا، جادو کرنے والا، جادوگر
ساحِرِه:(ع) جادوگرنی، مجازاً دلربا عورت، مسحور کر دینے والی
ساحِق:(ع) پیسنے والا، برادہ کرنے والا
ساحِل:(ع) سمندر کا کنارہ

ساحلِ رُود خانہ: دریا کا کنارہ

ساحلی: ساحل سے متعلق

حقوق ساحلی: ساحلی علاقے کے حقوق

ساخت: ساختن= بنانا سے بنایا ہوا، بناوٹ

ساختِ پاکستان: پاکستان کا بنایا ہوا

ساختِگی: آمادگی، نیز بناوٹی، مصنوعی

شاہ کاسہ:بڑا پیالہ۔

شاہ مات:شطرنج کی چال جس میں شاہ بے بس ہو جاتا ہے اور مدّمقابل کو شکست ہو جاتی ہے۔

شاہ ماہی:سرخ مچھلی۔

شاہ مردان:حضرت علی کا لقب۔

شاہن:شاہین، شہباز۔

شاہنامہ:بادشاہوں کا یادنامہ، اہم ترین رزمیہ منظوم تاریخ جس کا مصنف فردوسی ہے اس میں معاشرتی حالات بھی شامل ہیں۔

شاہنائی:شہنائی۔

شاہندہ:نیکو کار، پرہیزگار۔

شاہنشاہ:بادشاہوں کا بادشاہ، ایران کے بادشاہوں کا لقب۔

شاہنشاہی:بادشاہی، محمد رضاشاہ پہلوی کے زمانے تک ایران کی حکومت کو "دولت شاہنشاہی ایران" کہا جاتا تھا۔

شاہ نشین:بالاخانہ، بالا خانے کا برآمدہ۔

شاہِ نیمرُوز:کنایہ ہے آفتاب کا۔

شاہوار:بادشاہ کے لائق، ایک شاہی جواہر، شاہانہ انداز میں۔

شاہ وش:بادشاہ کی مانند۔

شاہُول:دیکھیے شاقول۔

شاہی:بادشاہت، سلطنت۔

شاہی کردن:حکومت کرنا۔

شاہی:ایک ادنی ایرانی سکہ۔

شاہی:(نباتات) کاہو۔

شاہی:ماژندران کا ایک دیہہ جس کا پرانا نام علی آباد تھا، ترقی دینے سے اسے شہر کی حیثیت حاصل ہوگئی ہے۔

شاہی:آذر بائیجان کی ایک جھیل کا نام، اس جھیل کے جزیرے کا نام۔

شاہین:(۱) شاہباز (۲)ترازو کی سوئی جو وزن کرتے ہوئے کمی بیشی یا برابری کا پتا دیتی ہے۔

شایان:لائق، سزاوار، موزوں، مناسب (شائستن سے اسم صفت)۔

شائبہ:شایبہ، شک، داغ، دھبا، عیب، نقص، آلائش۔

شائبہ در اخلاق او پیدا شد:اس کے اخلاق میں کچھ داغ آگیا ہے، (شوائب جمع)۔

شایَد:ہو سکتا ہے، ممکن ہے۔

شاید:لائق ہے، مناسب ہے، موزوں ہے۔

چنانک باید و شاید:جیساکہ موزون اور مناسب ہو۔

شایستگی:تہذیب، لیاقت، متانت، مروت، سلیقہ شعاری۔

او شایستگی این مقام ندارد:وہ اس منصب کی قابلیت نہیں رکھتا۔

شایستن:لائق ہونا، موزوں ہونا۔

شایستہ:لائق، قابل، مہذب، خوش خلق، متین۔

او شایستہ این مقام است:وہ اس منصب کے لائق ہے۔

گفتن این حرف شایستہ نیست:یہ بات کہنا مناسب نہیں۔

شایع:(ع) (۱)مشہور، جاری، مشتہر کیا ہوا (چھاپ کر) منتشر، طبع شدہ۔

شایع شدن:مشتہر ہونا، طبع ہونا۔

این خبر ہمہ جاشایع شد:یہ خبر ہر جگہ پھیل گئی۔

شایع کردن:مشتہر کرنا، طبع کرنا۔

شایعہ:افواہ، اڑتی سی خبر۔

شایعات غریبی در اطراف او دادند:عجیب و غریب افوا ہیں اس کے متعلق پھیلیں۔

شایعہ ننگ آور:رسوائی، ذلت، فضیحت، بدنامی، شرمناک واقع۔

شایق-شائق:شوقین، خواہشمند، آرزو مند، مشتاق۔

خیلی شایق بودم کہ شمارا ببینم:میں بہت خواہشمند تھا کہ آپ کو دیکھوں یا آپ کا نیاز حاصل کروں۔

شایگان:شایان، لائق، مناسب، شائستہ، بادشاہوں کے لائق۔

گنج شایگان:شاہی خزانہ، اصل میں شاہگان یعنی بادشاہوں کے لائق تھا جس سے شایگان بنا۔

شاہُوَرد:چاند کے ارد گرد کا ہالہ۔

شئامت:(ع) بدبختی، شومی۔

شایہ:میوہ، پھل، ثمر۔

شاییدن:شایستن، لائق ہونا، اہل ہونا۔

شب:رات۔

شب بازی:پتلیوں کا تماشہ، لہو و لعب میں ہی رات بسر کرنا۔

شب بخیر:رات خیریت کی ہو۔

شب برات:ماہ شعبان کی پندھرویں رات۔

شب بروز آوردن:رات بسر کرنا۔

شب بسر کردن:رات گزارنا۔

شب چراغ:ایک قسم کا گرانقدر لعل جو رات کو چراغ کی مانند درخشاں ہوتا ہے۔

شب زندہ دار:رات کو جاگنے والا۔

شب زندہ داشتن:رات کو جاگتے رہنا۔

شب شدن:رات کا اندھیرا چھانا، رات آنا۔

شبِ فراق-شب ہجران:جدائی کی رات، خصوصاً محبوب سے جدائی کی رات۔

شب قدر:ماہ رمضان کی ستائیسویں رات جب قرآن کریم نازل ہوا۔

شبِ گذشتہ:گزری ہوئی رات۔

آخرِ شب:رات کے آخر میں۔

اِمشب: آج رات۔

اولِ شب-سر شب: رات کے پہلے پہر۔

درتابستان شب کوتاہ است: موسم گرما میں رات چھوٹی ہوتی ہے۔

ہمہ شب: ساری رات۔

ہمہ شب نیار میدہ: رات بھر آرام نہ کرسکا۔

شب: معدنی نمک، پھٹکڑی، زاج سفید، زیادہ تر یہ یمن میں ہوتا ہے اس لیے اسے شب یمانی بھی کہتے ہیں۔

شباب: (ع) جوانی۔

شبابُو: شب بو، گل شب بو۔

شب و روز: شب و روز، رات دن۔

شباط: (ع) یہودیوں کے کیلنڈر کا پانچواں مہینہ۔

شب افروز: زیبا، روشن، رات کو چمکنے والا چاند۔

شَبّاک: (ع) صیاد کا جال، لوہے کی جالی، سوراخ، (شبکہ جمع)۔

شِبال: (ع) شبل کی جمع، شیر کے بچے۔

شبالنگ: شکار، صید۔

شَبان: (ع) چوپان، گڈریا، مثال۔

نباید بنزدیک دانا پسند
شبان خفتہ و گرگ در گوسفند

داناؤں کو یہ بات پسند نہیں کہ گڈریا محو خواب ہو اور بھیڑوں کے گلے میں بھیڑیا آپہنچا ہو۔

شبان: شب کی جمع، راتیں۔

شبانبوُی: شب بو۔

شبانرُوز: شبانہ روز، شب و روز۔

شبانگاہ: رات کے وقت۔

شبانگاہی: رات کے وقت۔

شبانگ: شبانگاہ۔

شبانہ: رات کے وقت۔

دُعای شبانہ: رات کے وقت کی دعا۔

شبانہ رفتندبمنزلِ او: رات کے وقت وہ اس کے گھر گئے۔

غذای شبانہ: رات کی غذا۔

مدرسہ شبانہ: سکول جہاں شام یا رات کے وقت تعلیم دی جاتی ہے۔

شبانہ روز: رات دن، شب و روز۔

شباویز: ایک پرندہ جو رات کو ایک ٹانگ پر کھڑا رہتا ہے اور صبح تک حق حق کی صدا بلند کرتا ہے، کہا جاتا ہے کہ وہ اس قدر فریاد کرتا ہے کہ خون کا قطرہ اس کے حلق سے ٹپکنے لگتا ہے، اسے "مرغ حق" اور "مرغ شب آویز" بھی کہتے ہیں۔

شبانی: چوپانی۔ گڈریے کا کام۔

شَباہت: (ع) مشابہت، مطابقت، ایک جیسا ہونا۔

آن دو برادر مشابہت زیادی باہم دارند: وہ دو بھائی آپس میں بڑی مشابہت رکھتے ہیں۔

شباہت داشتن: ایک جیسا ہونا، مشابہت ہونا۔

بی شباہت: جن میں کوئی مشابہت نہ ہو۔

شباہنگ: (۱) صبح کا ستارہ (۲) بلبل، مرغ سحر خواں (۳) رات کا وقت۔

شباہنگام: شبانگاہ۔

شب بارہ: رات کو گھومنے والا، کوچہ گرد، شب دوست، بد کار عورت۔

شب باز:وہ شخص جو راتوں کو اپنے کھیل دکھا کر نمائش کرتا ہے، شب بیدار، چوکیدار۔

شب بازہ:چمگادڑ، خفاش، شب پرہ۔

شب بازی:رات کے وقت کھیل دکھانا۔

شب بو:ایک قسم کا سفید رنگ کا پھول جس کی خوشبو بھینی بھینی ہوتی ہے اور یہ رات کے وقت ہی کھلتا ہے۔

شب پاس:چوکیدار، جو رات کے وقت حفاظت کی غرض سے گشت کرتا ہے۔

شب پر:(۱)رات کے وقت کھلنے والا پھول (۲)رات کے وقت اڑنے والا پرندہ، چمگادڑ، خفاش۔

شب پرہ:چمگادڑ، خفاش۔

شبِت:ایک چھتر دار پودا جس کے پھول زرد ہوتے ہیں۔

شب تاب:رات کو چمکنے والا، جگنو۔

کرم شب تاب:رات کو چمکنے والا کیڑا، جگنو، شب افروز۔

شب پُوش:رات کا لباس۔

شب تاز:شبخون، دشمن پر رات کا حملہ۔

شب چراغ:ایک افسانوی لعل جو بیش قیمت ہوتا ہے اور رات کو چمکتا ہے، گوہر شب چراغ۔

شب چرہ:(۱)پھل یا منھائیٔ جو رات کو تقسیم کی جاتی ہے (۲)رات کے وقت چوکیداری کرنا۔

شب چک:شب برات، ماہ شعبان کی پندھرویں رات۔

شَبَح:(ع) دور سے نظر آنے والی کوئی شکل، وہمی صورت، خیالی شبیہ بھوت پریت، سایہ، بے اصل چیز، غیر حقیقی چیز (اشباح جمع)۔

شب خانہ:شبستان، سونے کا کمرہ، درویشوں کے رات بسر کرنے کی جگہ۔

شب خواب:خوابگاہ۔

شبخوان:مرغ سحرخوان، خوش آواز بلبل جو رات کو، اپنے انداز میں گاتی ہے۔

شب خوش:شب بخیر، رات خوشی سے گزرے۔

شبخون:دشمن پر رات کا حملہ۔

شب خِیز:سحر خیز، صبح کو جلد اٹھنے والا، شب زندہ دار۔

شب در:ایک گھاس ہے جو جلد اُگ آتی ہے اس کا رنگ گہرا سبز ہوتا ہے تپیتا گھاس۔

شب دِیز:شب رنگ، سیاہ رنگ، ایرانی بادشاہ خسرو پرویز کا گھوڑا۔

شِبر:(ع) ایک بالشت بھر لمبائی۔

شَبر:(ع) عطیہ، خیر، نیکی۔

شِبرم:ایک بیابانی بوٹی، اس کے پھول بنفشہ جیسے ہوتے ہیں، اس کے دانے سفید یا زرد رنگ کے ہوتے ہیں۔

شبرنگ:سیاہ رنگ، سیاؤش کے گھوڑے کا نام۔

شب رَو:(۱)چور، رات کے وقت باہر جانا، رات کے وقت سفر کرنے والا۔

شب زندہ دار:رات بھر جاگنے والا۔

شب زندہ داری:رات رات بھر جاگتے رہنا۔

شبِستان:سونے کا کمرہ، خوابگاہ۔

شِبَع:سیری، شکم سیری۔

شبعان:مطمئن، سیر، شکم سیر۔

شبغار:گھر کے جانوروں کی جگہ (رات کے وقت) آغل، کوہ و بیابان میں بھیڑ بکریوں کو رکھنے کی جگہ۔

شب غارہ: پہاڑ یا بیابان میں بھیڑ بکریوں کی رات بسری کی جگہ۔

شب فرخ: شب افروز، رات کو چمکنے والا جگنو، ایران قدیم کی موسیقی کی راگنی۔

شبَق: (ع) نفسانی خواہش۔

شب قدر: ماہ رمضان کی ستائیسویں رات۔

شبِک: (ع) تکلا۔

شبکلاہ: رات کو پہننے کی ٹوپی۔

شب کند: آشیانہ۔

شب کُور: جسے اندھراتا ہو۔

شب کوری: اندھراتا، رات کو نظر نہ آنا۔

شب کُوک: درویش، رات کے وقت دعا کرنے والا درویش جو رات کے وقت کسی بلند جگہ پر جاکر بلند آواز میں لوگوں کے لیے دعا کرتا ہے۔

شبکہ: (۱)دام، جال (۲) لوہے کی جالی، جالی دار کھڑکی۔

شبکِیہ: آنکھ کے اندر کا پردہ۔

شبگاہ: شبانگاہ، رات کا وقت، رات کو سونے کی جگہ۔

شبگرد: چوکیدار، شب رو، دُزد

شبگز: پسو۔

شب گُشا: رات کے وقت کھلنے والا پھول، شام کے وقت اڑنے والا پرندہ، شام کے وقت ڈھل کر افق پر آنے والا۔

شبگون: رات کی طرح اندھیرا۔

شبگِیر: رات کا وقت، رات کے پچھلے پہر کارواں کی روانگی۔

شبگیر: مترنم آواز والا پرندہ، بلبل۔

شبگیری: رات کے پچھلے پہر کی بیداری۔

شِبل: شیر کا بچہ۔

شِبلی: خراسان کے رہنے والے ایک صوفی بزرگ تھے۔

شب ماندہ: رات کے وقت کی رکھی ہوئی یا بچی ہوئی چیز۔

نانِ شب ماندہ: رات کی بچی ہوئی روٹی۔

شب نشینی: رات کے وقت مل کر بیٹھنا، رات کی ہم نشینی، رات کی ضیافت۔

شبنم: (۱) اوس (۲)عمدہ ململ، تن زیب۔

شبنم زدن: اوس پڑنا۔

شبّو: شب بو۔ ایک قسم کا سفید رنگ کا پھول جس کی خوشبو بھینی بھینی ہوتی ہے۔

اور یہ رات کے وقت کھلتا ہے۔

شبوبیت: شباب، جوانی۔

شبُور: بگل، سینگ جو بیچ میں سے خالی ہوتا ہے اس سے آواز بلند کی جاتی ہے، بوُق۔

شُبول: جمع شِبل، شیر کے بچے۔

شبَہ: (ع) سیاہ رنگ کا مونگا، مرجان، نیم شفاف جواہر، قیمتی پتھر، عقیق۔

شِبہ: (۱)مانند، مشابہت (۲) پرچھائیں، سایہ جھلکی۔

شبہ جزیرہ: جزیرہ نما۔

شبہ ذوزنقہ: مربع منحرف جس کے دو ضلعے متوازی ہوں، ٹریپیذیم۔

شبہ ظِلّ: جزوی سایہ، نیم سایہ، دھندلاسایہ، خسوف، اور کسوف کے گرد دھندلا سایہ۔

شبہ کرہ: کرہ نما ایسی شکل جو کرہ سے ملتی جلتی ہو۔

شبہ منشور:منشور نما کا یا اس کے متعلق۔

شبہ فلز: دھات نما۔

شُبَہ:شک، گمان۔

شبہ ای در خیانتِ اونیست:اس کی خیانت میں شبہ نہیں۔

شبہ داشتن:شک ہونا۔

رفعِ شبہ کردن:شبہ دور کرنا۔

شبہ ناک:مشتبہ ، مشکوک، مبہم، غیر واضع، پس و پیش میں۔

شبی:رات کے وقت۔

شبی:ایک رات۔

شبیار:ایلوا ، ایلوا کا درخت۔

شبیخون:شبخون، رات کے وقت اچانک حملہ۔

شبیخون زدن:رات کے وقت اچانک حملہ کرنا۔

شبِیم:گریز، فرار۔

شبینہ:شب ماندہ، رات کا بچا ہوا۔

شبیہ:(ع) مشابہت، شباہت، مانند، ہم شکل، تصویر۔

او شبیہ لیلی در آورد:اس نے لیلی کی تصویر کھنیچی اس نے لیلی کی شکل میں کردار ادا کیا۔

شبیہ ساز:تصویر بنانے والا ، مصور، تمثال گر۔

شپاشاپ:تیرکی آواز، لگاتار تیروں کے چلنے کی آواز۔

شپرہ:شب پرہ، چمگادڑ، خفاش۔

شپش:جُوں۔

شپش گرفتن:جونیں پڑ جانا۔

شپشک:جونیں بھرا۔

شپشُو:جس کے سر میں جونیں بہت ہوں۔

شپشہ:کرم دانہ ، سونڈ والے کیڑے جو غلہ ، پھل وغیرہ پر بسر کرتے ہیں۔

شپشہ:جُوں۔

شپشی:جووں سے بھرا ہوا ، جووں کی طرح کے کرم۔

شپل:(١)شان، درجہ ، مرتبہ ، رتبہ ، منصب (٢)بہت شور (٣)پرندوں کے پھڑ پھڑانے کی آواز (٣)سیٹی جو ہونٹوں سے بجائی جاتی ہے۔

شپلاق:طمانچہ ، تھپڑ۔

شپلت:شپل۔

شَت:کلمہ احترام، حضرت، آقا جناب، محترم۔

شت:پراگندگی۔

شِتا:بھوکا ، گرسنہ ، جس نے ناشتہ نہ کیا ہو۔

شِتا:جلدی، شتاب۔

شِتا:(ع) موسم سرما ، زمستان۔

شتاب:جلدی، عجلت۔

شتاب در ہیچ کاری خوب نیست:کسی کام میں عجلت کرنا درست نہیں۔

وقت دیراست دریں کار شتاب کن:بہت دیر ہورہی ہے، اس کا م میں جلدی کرو۔

شتاب کردن:جلدی کرنا۔

شتابان:جلدی میں، جلدی کرنا۔

شتابان دوید و رسیدش بسر:وہ تیز بھاگا اورمدمقابل تک پہنچ گیا۔

شتاباندن-شتابانیدن:جلدی کرنا ، عجلت سے کام لینا۔

شتاب زدگی:عجلت کی وجہ سے تکلیف اٹھانا، بے

صبری کرنا۔

شتاب زدہ: جلدی کا مارا، عجلت کار۔

شتاب کار: عجلت کرنے والا۔

شتاب کاری: تیزی طراری، عجلت۔

شتابندگی: جلدی، تیزی، عجلت۔

شتابندہ: عجلت کرنے والا، تعجیل کار۔

شتابی: جلدی، عجلت، تعجیل۔

شتابیدن: عجلت کرنا۔

برای دیدن این نمائش بشتابید: اس نمائش کو دیکھنے کے لیے جلدی کرو۔

شتافتن: شتابیدن، جلدی کرنا۔

شتاک: درخت کی شاخ۔

شتالنگ: ایڑی کی ہڈی۔

شتّام: بہت گالیاں دینے والا۔

شُتَر: اونٹ۔

شَتَر: کنارہ، گوشہ۔

شَتَر: برگشتگی: قطع ہونا، کٹ جانا، عیب، نقص۔

شُتر بار: اونٹ پر لادنے والا بوجھ۔

شتر بان: ساربان، اونٹوں کا نگہبان۔

شتر خار- شتر خوار: خارشتر، کانٹے جنھیں اونٹ بہت کھاتے ہیں، بھکڑا، سہ گوشہ کانٹا۔

شتر خان: اونٹوں کے رکھنے کی جگہ۔

شتر خُو: شتر کینہ۔

شتر دار: اونٹ کا مالک۔

شتر دِل: بد دل، کینہ ور، بد خواہ۔

شتر قطار: قطار جس میں اونٹ چلے جاتے ہیں۔

شتر کینہ: کینہ پرور۔

شترگاو-شتر گاوپلنگ: زرافہ۔

شتر گربہ: دو مختلف چیزیں جن میں سے ایک بلند اور ایک پست ہو اصطلاح شعرا میں شعر کا ایک عیب۔

شتر گلو: خمدار نلی جس کے ذریعے پانی کسی اور جگہ پہنچایا جاتا ہے۔

شترمُرغ: ایک بڑا جانور جس کی گردن اونٹ جیسی ہوتی ہے اس کے پر ہوتے ہیں، یہ بہت تیز رو جانور ہے۔

شَترنج: شترنگ، شطرنج۔

شُتر وار: شتر بار، اونٹ پر لادنے والا بوجھ۔

شتری: (۱) اونٹ سے متعلق (۲) نقارہ جو اونٹ پر نصب ہوتا ہے۔

کینہ شتری: کینہ پروری۔

شتک: پانی کا ترشح۔

شتَل: وہ رقم جو قمار باز جیتنے کے بعد صاحب خانہ کو انعام دیتا ہے۔

شَتم: گالی، دشنام، بد گوئی۔

شتوی: موسم سرما کی بارش۔

زراعت شتوی: زمین کی کاشت موسم سرما میں۔

شتہ: کرم دار، سونڈ دار کیڑے جو غلہ یا درختوں کے پتوں پر بسر کرتے ہیں۔

شتّی: علحدہ، جدا، مختلف۔

شتیت: پراگندہ۔

شتیلی: رشوت یا خراج جو دھمکی دے کر وصول کیا جائے۔

شتیم:سخت، سنگدل، ظالم، مہیب۔

شتیمہ:توہین، ہتک، تذلیل۔

شِجاج:ایک دوسرے کا سر پھوڑنا۔

شُجاع:دلیر، بہادر۔

شجاعانہ:دلیری سے۔

شجاعانہ جنگ کرد:بہادری سے جنگ کی۔

عملیات شجاعانہ:دلیرانہ افعال۔

شَجاعت:دلیری، بہادری۔

باشجاعت:دلیر، شجاع۔

شجاعت خرج دادن:دلیری میں امتیاز پیدا کرنا۔

شِجام:شجان۔ سخت سردی۔

شَجانیدن:تہنذ لگنا۔

شجَر:درخت۔

شجر النبق:ایک درخت جس کی پتیاں کھردری اور دونوں طرف سے دندانے دار ہوتی ہے، نارون۔

شجرِستان:جہاں درخت ہی درخت ہوں۔

شجرِہ:(۱)ایک درخت (شجرات جمع) (۲)نسب نامہ۔

شجرۃ النَحل:ایک قسم کا چھوٹا سا درخت جس پر شوخ رنگ کے پھولوں کے گچھے کھلتے ہیں۔

شجرہ نامہ:نسب نامہ، شجرہ نسب۔

شجرہ نویس:ماہر الانساب۔

شجَن:(۱)رنج و غم (۲)شاخ۔

شجُودن:نہایت سخت سردی ہونا۔

شجُون:(ع) شجن کی جمع، شاخیں۔

شجِیع:(ع) شجاع، دلیر، بہادر۔

شجیعہ:دلیر عورت۔

شُح:(۱)حریص، لالچی (۲)بخیل۔

شحامت:(ع)فربہی، موٹاپا، چربی چڑھنا۔

شحلیز:سخت سردی۔

شَحم:(ع) موٹاپا، فربہی، چربی۔

شحم الارض:کھمبی۔

شحن:بار جہاز، کھیپ، لداؤ۔

شَحنِگی:(ع) پولیس کا دفتر۔

شحنِہ:(ع) پولیس کا بڑا افسر، محافظ شہر، کوتوال۔

شحنہ شب:چوکیدار۔

شحوم:(ع) شحیم، موٹا تازہ، فربہ۔

شحِیح:(ع) بخیل، حریص۔

شحِیم:(ع) موٹا تازہ، فربہ، لحیم شحیم۔

شَخ:سخت زمین، پہاڑی، پہاڑ کی چوٹی۔

شَخ:شاخ کا مخفف۔

شخا:خراش۔

شخادان:ناخن کی خراش۔

شخار:پوٹا شیم کاربونیٹ۔

شخال:شخا، خراش۔

شخالیدن:**خراشیدن**، خراش لگانا، سوئی چبھونا۔

شخانہ:شہاب، شہاب ثاقب، ٹوٹا ہوا تارا۔

شخانیدن:شخالیدن۔

شخسار:شاخسار کا مخفف نیز سخت زمین، پہاڑ کے نیچے کی سطح۔

شخش:(۱)لغزش، ٹھوکر ۔

شخشَخہ:(ع) اسلحہ کے ٹکرانے کی صدا، کاغذ یا نئے کپڑے کی آواز۔

شخشِیدن:ٹھوکر کھانا، غلطی کرنا، لغزش ہو جانا، الجھنا، پس و پیش ہونا۔

شخص:(ع) ذات، جسم، کس، فرد، آدمی (اشخاص جمع)۔

شخص اول:متکلم، ،واحد متکلم۔

شخص برجستہ:معزز شخص، ممتاز۔

شخص دوم:جمع متکلم۔

شخص سوم:غائب

شخصاً:(ع) ذاتی طور سے۔

شخصاً اِعتراض ندارم:ذاتی طور سے مجھے اعتراض نہیں۔

شخصاً نزد من آمد:وہ ذاتی طور سے میرے پاس آیا۔

شخصی:ایک شخص، کوئی، کسی۔

شخصی سہ پسر داشت:ایک شخص کے تین بیٹے تھے۔

شخصی در می زد:کسی نے دروازہ کھٹکھٹایا۔

شخصی:ذاتی۔

بواسطہ اقتدار شخصی خود کار را انجام داد:اس نے ذاتی اقتدار کی بنا پر کام کو انجام دیا۔

کاغذِ شخصی:ذاتی خط، پرائیوٹ خط۔

شخصیّت:ذاتی حیثیت، تشخص، شرافت و بزرگی۔

شخکاسہ:اولے، ژالے۔

شخل:سیٹی۔

شخلیدن:(۱) سیٹی بجانا، (۲) چیخنا، رونا (۳) پژمردہ ہونا، (۴) خراش لگانا۔

شُخم:زمین جوتنا، ہل چلانا۔

شخم زدن-شخم کردن:ہل جوتنا، قلبہ رانی کرنا۔

زارع زمین را باگاؤ آہن شخم می کند:کاشتکار ہل سے زمین جوتتا ہے (گاو آہن ہل)۔

شُخم کار:ہل جوتنے والا، کاشتکار۔

شخم کاری:ہل جوتنا، کاشتکاری۔

شَخَن:خراش، معمولی زخم۔

شخن زدن-خراشیدن-شخالیدن:خراش لگانا، خراشنا، معمولی زخم لگانا، تکلیف دینا، آرزدہ کرنا، رنج پہنچانا۔

شُخُوص:بلند ہونا، ستارے کا نکلنا۔

شخولیدن:پژمردہ، افسردہ ہونا آہ و زاری کرنا۔

شخیدن:پاؤں کا لڑکھڑانا، پثرمردہ ہونا۔

شخیدہ:پژمردہ، افسردہ۔

شخیس:خوش آواز پرندہ، پرندہ جس کی آواز مترنم ہوتی ہے۔

شخیص:(ع) تنومند، لحیم شحیم، جسیم۔

شِد اد:شدید کی جمع۔

شدائد:(ع) سختیاں، مشکلات، آفتیں، مصیبتیں۔

شدّت:(ع) سختی، تیزی، زیادتی۔

شدتِ سرما:سردی کی زیادتی۔

شدت کردن:سختی کرنا، معاملے کو زیادہ خراب کرنا۔

گرما شدت کرد:گرمی بہت زیادہ ہو گئی ہے۔

شدق:(ع) ٹیرھا منہ یا رخسار۔

شُدکار:زمین جسے جوت کر اس میں بیج ڈالے گئے ہوں۔

شدکیس:قوس قزح۔

شُدگان:جو دنیا سے رخصت ہو گئے، رفتگان۔

شُدگی:رخصت۔

شُدن:ہونا ، (شدن سے ماضی مطلق شد۔ ہُوا)۔

اورئیس دانشکدہ شد:وہ کالج کا پرنسپل ہوگیا۔

کلاہم ترشد:میری ٹوپی گیلی ہوگئی ہے۔

شدنی:ہونے کے قابل، ممکن۔

این کار شدنی نیست:یہ کام ممکن نہیں۔

شدہ:(۱)تشدید (۲)پلندہ، پوٹلی، بنڈل (۳)موتیوں کی لڑی ۔

شدیار:بوی بوئی فصل۔

شدید:(ع) سخت، مشکل، کنہن، محکم، بہت زور کا۔

شدید اللحن:(ع) سخت، درشت، کھردرا، ناپسندیدہ، ناگوار، کرخت آواز والا۔

جواب شدید اللحن نوشتہ کرد:اس نے بہت ناپسندیدہ جواب لکھ کر بھیجا۔

شدیدہ:(ع) شدید کی تانیث۔

اعتراضاتِ شدیدہ:سخت اعتراضات۔

شر:شہر کا مخفف۔

شر:(ع) شرارت، فتنہ ، بدی۔

مستی تولید شر می کند:نشہ فتنہ پیدا کرتا ہے۔

شرانگیختن:فتنہ پیدا کرنا۔

شر رساندن:بدی کرنا ، کسی کے لیے فتنے کا موجب بننا ۔

خیروشر:نیکی اور بدی۔

شِراء:خرید۔

بَیع و شرا:فروخت اور خرید۔

شراب:نشہ آور پینے کا مرکب، دارُو، بادہ، مشروب۔

شراب انداختن:شراب کشید کرنا۔

شراب خوردن:شراب پینا ۔

طعم شراب:شراب کا سامزہ، شراب کی بو۔

شرّاب:شراب خوار، میگسار، کثرت سے شراب پینے والا۔

شرابخانہ:میکدہ۔

شراب خوار:شراب پینے والا ، مے نوش، میگسار۔

شراب دار:ساقی۔

شراب طهور:پاک شراب جو جنت میں پارسا لوگوں کو ملیگی

شراب فروشی:شراب بیچنے کا کاروبار۔

شرابہ:پھندنا ، جھالر، ڈورے جو گدوں وغیرہ سے لٹکتے رہتے ہیں، شیشے کی نالیاں جو آرائش کی غرض سے لٹکائی جاتی ہیں۔

شرابہ:جام شراب۔

شرابی:(۱) شراب کی طرح (۲)شراب فروش۔

شراح:(ع) شارح، شرح کرنے والا ، مفسر۔

شرار:(ع) چنگاری، شرارہ۔

شرار:(ع) شر کی جمع، بدی، فتنہ، برائی، ایذا رسانی، شر، فتنہ۔

شرارت:(ع)فتنہ انگیزی۔

شرارہ:(ع) چنگاری۔

شراسَت:(ع)بد خوی، بد خلقی، اختلاف کی شدت۔

شِراع:(ع)بادبان کے ذریعے کشتی کا چلنا۔

شَراعَت:(ع) شجاعت، دلاوری۔

شراعی:(ع) بادبانی۔

پارچہ شراعی:کپڑا جس سے بادبان بناتے ہیں۔

کشتی شراعی:باد بانی کشتی۔

شرافت:(ع) نیک نفسی، نجابت، عالی ظرفی، نیک سلوک کرنا، نیک کردار، نیک عمل، احترام، شریف النفسی، باشرف۔

شرافت نفس:ذاتی نیک نفسی۔

شِراکت:(ع) حصے دار، کسی کام میں شریک، شراکت ہونا، شراکت کرنا۔

با دوست خویش شراکت کرد:اپنے دوست کے ساتھ حصے داری کی، دوست کے کام میں شراکت کی۔

شِراکۃً:شرکت کے طور سے۔

شِراکتی:حصہ داروں کی مشترکہ جنس۔

شرانگیز:فتنہ انگیز، فتنہ پرداز۔

شراہَت:(ع) حرص و ہوس۔

شرائط:(ع) شرط کی جمع، وہ باتیں جن پر کسی بات کا ہونا منحصر ہو، لازم کرنا، لازم ہونا۔

شرائطِ استخدامِ اوچہ بود: اس کی ملازمت کے لیے لازمی شرطیں کیا تھیں۔

شرائع:(ع) شرایع، شریعت کی جمع، اسلامی قوانین۔

شرائین:شریان کی جمع، نسیں، وہ نسیں جو دل سے بدن میں خون پہنچاتی ہیں۔

شَرب:ایک عمدہ لطیف کپڑا۔

شُرب:(ع) پینا۔

اکل و شرب:کھانا پینا۔

شرب کردن:پینا۔

شربِ مدام:مسلسل پیتے رہنا۔

شربُ الیہود:(ع) ابتری کا دور مے نوشی، یہودی مسلمانوں سے چھپ کر شراب پیا کرتے تھے اس لیے یہ چھپ کر شراب پینے کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

شربت:(ع) پینے کی کوئی چیز، کسی شے کا شکر میں پکا ہوا عرق، عرق یا چینی جو پانی میں ملائی جائے۔

شربت آوردن:شربت پلانے کے لیے لانا۔

مثال:

از دست تویک شربت شیرین بچشیدم
یک شربت تلخ ار بچشم باک نباشد

میں نے آپ کے ہاتھ سے شیریں شربت پیے ہیں اگر ایک تلخ شربت (مے تلخ) بھی پی لوں تو مضائقہ نہیں۔

شربت مرگ نوشیدن:دنیا سے رخصت ہو جانا۔

شربتِ حیوان:آبِ حیات۔

شربت خانہ:جہاں شربت کی قسم کے مشروبات ملتے ہوں۔

شربت دار:شربت کی قسم کے مشروبات بیچنے والا۔

شربین:ایک قسم کا خوبصورت اونچا درخت۔

شَرج: نوع، قسم، فرقہ، گروہ۔

شرح: (ع) بیان، اظہار، کھول کر بیان کرنا، تفسیر، تشریح، تفصیل۔

پیشرفتِ روزانہ خود را شرح دہید: اپنی روزانہ ترقی کو کھول کر بیان کیجیے۔

شرح دادن: کسی چیز کو کھول کر بیان کرنا، وضاحت کرنا

شرحِ کَشّاف: واضح تشریح۔

وقائع کارخانہ را شرح دہید: کارخانے کے واقعات کی تفصیل بتائیے۔

شرح گستری: شرح کرنا، تشریح کرنا۔

شرحہ: (ع) ٹکڑا، پارہ، قاش۔

شرحہ شرحہ: (ع) پارہ پارہ، ٹکڑے ٹکڑے۔

شِرذِمہ: (ع) لوگوں کی جماعت کی تھوڑی سی تعداد۔

شرَر: (ع) شرارہ، چنگاری۔

شرربار: شرارے جھڑنا، چنگاریاں نکلنا۔

شرزدک: کوہ و صحرا میں اگنے والے پودے۔

شَرزہ: غضب ناک، تند خو، ظالم۔

شیرِ شرزہ: غضب ناک شیر، شیرژیان۔

شَرشر: متواتر پانی بہنے کی آواز، سرسر بہنا، سرسرانا۔

شرشرآب: پانی کا سرسر بہنا، پانی کے بہنے کی آواز، صدائے آبشار۔

شرشر: کپڑا پھاڑنے کی آواز۔

شُرشُرہ: چھوٹی آبشار۔

شرط: (ع) عہدو پیمان، قول و قرار، وہ چیز جس پر کسی بات کا انحصار ہو، تقاضہ۔

اُو شرطِ دوستی را بجا آورد: اس نے دوستی کے عہد پر عمل کیا۔

این شرطِ ادب نیست: یہ ادب کا تقاضہ نہیں۔

شرط بستن: شرط لگانا، شرط باندھنا۔

شرط بندی: عہد و پیمان کرنا۔

من قبول می کنم بشرطیکہ......: میں اسے قبول کرتا ہوں اس عہد پر کہ.....

شرط نامہ: عہد نامہ، معاہدہ، تحریری معاہدہ۔

شُرطہ: شرط و پیمان، نگہبان، پاسبان شہر، موزوں مناسب، موافق، مناسب حال، پسندیدہ۔

بادِ شرطہ: موافق ہوا، خوشگوار ہوا، باد مساعد۔

شرطی: شرط کی بنا پر۔

شرطیّہ: شرط کے ساتھ، یقیناً۔

شرع: (ع) شریعت، اسلامی قوانین۔

محضرِ شرع: شرعی عدالت۔

شرعاً: (ع) شریعت کی رو سے۔

شرعاً این کار حرام است: شریعت کی رو سے یہ کام حرام ہے۔

شرعی: (ع) قانونی، حسب قانون اسلامی، جائز طور سے۔

شرعِیات: (ع) اسلامی قوانین۔

امور شرعی: آداب و رسوم شرع، احکام شریعت۔

شَرَف: (ع) بزرگی، برتری، فوقیت، خوبی، افتخار۔ **قدرو منزلت:** مثال:

شرف مرد بجُود است و کرامت بسجود
ہر کہ این ہر دوندارد عدمش بہ ز وجود

انسان کا شرف اس کی سخاوت، اور اس کی بزرگی بارگاہ ایزدی میں سجدہ گزاری کی وجہ سے ہے جس میں یہ دونوں

صفتیں نہیں اس کا نہ ہونا ہونے سے بہتر ہے۔

شرفیاب شدن:افتخار حاصل ہونا، (ملاقات کا)۔

شُرَفا:(ع) شریف کی جمع، مردان بلند وقار۔

شرفاک:پاؤں کی آواز، ہلکی آواز۔

شرفالنگ:شرفاک۔

شُرف:ایوان، ایوان کا کنگرہ۔

شرفیابی:عزت و افتخار حاصل ہونا۔

بقصدِ شرفیابی آمدم:میں ملاقات کا افتخار حاصل کرنے کی غرض سے حاضر ہوا ہوں۔

شرق:(ع) (۱) آفتاب طلوع ہونے کی سمت، مشرق، پورب (۲) طلوع آفتاب۔

شرقِ اقصی:مشرق اقصی، دور کے مشرقی ممالک۔

شرق جنوبی:جنوب مشرقی ممالک۔

شرق شمالی:شمال مشرقی ممالک۔

شرقاً:(ع) مشرق کی طرف۔

شرقستان:مشرقی ممالک۔

شرقی:مشرقی۔

السنہ شرقیہ:مشرقی ممالک میں بولی جانے والی زبانیں۔

شرقی و غربی:مشرق اور مغرب کی طرف۔

شِرک:(ع) خدا کی ذات و صفات میں کسی اور کو شریک کرنا، کفر۔

اہلِ شرک:خدا کی ذات و صفات میں اور کو شریک کرنے والے، مشرک۔

شَرک:حنظل، کڑوا پھل۔

شُرَکا:(ع) شریک کی جمع، ساتھی، مددگار، رفقا، شرکت رکھنے والے، حصہ دار، ساجھی۔

شِرکت:(ع) باہم شریک ہونا، کسی کاروبار میں حصہ دار ہونا، کمپنی۔

شرکتِ تضامنی:ایسی شراکت جس میں حصہ دار شراکت کے معاملات کا ضامن ہو۔

شرکتِ سَہامی:ایسی شراکت جس کا سرمایہ حصہ داری سے حاصل ہو۔

شرکت کردن:حصہ دار بننا، کام میں شریک ہونا۔

شرکتِ نَفت انگلیس و ایران:اینگلوایران تیل کمپنی۔

من در آن انجمن شرکت کردم:میں نے اس انجمن کے کاموں میں حصہ لیا۔

من در مذاکراتِ آنہا شرکت داشتم:میں ان کے مذاکرات میں شریک ہوا ہوں۔

شرکت نامہ:حصہ داری کا تحریری معاہدہ۔

شِرکتی:شراکت کے متعلق، شراکتی۔

شَرکسی:چرکسی، ناپاکی، پلیدی، نجاست۔

شرم:(ع) (۱)حیا، انکسار، لحاظ، غیرت، لاج (۲)خجالت، شرمندگی۔

از گفتنِ آن شرم میکرد:وہ بات کہنے میں خجالت محسوس کرتا تھا۔

بی شرم:بے حیا۔

شرم داشتن:حیادار ہونا۔

شرم آلود:شرمگین، شرمایا ہوا، شرم زدہ۔

شرم آور:شرمسار، ناشائستہ۔

حرکاتِ شرم آور:ناشائستہ حرکات، نامعقول حرکات۔

شرمجای:شرمگاه، وہ مقام جس کا چھپانا اور پردے میں رکھنا واجب ہے، اندام نہانیء آلۂ تناسل۔

شرم زدگی:شرم کا مارا۔

شرم زده:شرمگین، شرمسار، نادم، شرمندہ۔

شرمسار:شرمگین، نادم، شرمندہ۔

از کرده ہای خویش شرمسارم:میں اپنے کیے پر نادم ہوں۔

شرمسارشدن:شرمندہ ہونا۔

شرمسار کردن:شرمندہ کرنا، کسی کی ناروا بات پر نادم کرنا۔

شرمساری:شرمندگی، ندامت، خجالت، ذلت۔

شرمساری کشیدن:ندامت محسوس کرنا، شرمسار ہونا، خجالت ہونا، نادم ہونا۔

شرمگاه:جسم کا وہ حصہ جس کا چھپانا اور پردے میں رکھنا واجب ہے۔

شرمگین:شرمسار، شرمندہ، نادم۔

شرمگینی:شرمندگی، ندامت، خجالت۔

شرمَنده:شرمسار، نادم۔

شرمنده شدن:شرمسار ہونا، خجل ہونا، نادم ہونا۔

شرمنده کردن:شرمندہ کرنا۔

شرمیدن:شرم آنا، حیا کرنا، شرمانا، حیاداری۔

شرمین:شرمگین، شرمندہ، شرمسار۔

شرَنگ:حنظل، تلخ چیز، زہر۔

شِروان:شیروان، خراسان کے ایک شہر کا نام۔

شُرُوح:(ع) شرح کی جمع، شرحیں، تفسیریں۔

شرُود:فراری، جو فرار ہوگیا ہو، جو بھاگ نکلا ہو۔

شرور:شر کی جمع، فتنہ انگیزیاں، شرارتیں۔

شرُوط:(ع) شرط کی جمع۔

شُروع:(ع) آغاز، ابتدا۔

شروع بکار:کام شروع کرنا۔

شروع شدن:شروع ہونا۔

شروع کردن:ابتدا کرنا۔

تحصیل را درچه سن شروع کردید:آپ نے تحصیل علم کس سن میں شروع کی۔

درس ساعتِ ہفت شروع می شود:پڑھائی سات بجے شروع ہوتی ہے۔

شُروق:(ع) طلوع آفتاب۔

شِر و وِر:بے معنی بیہودہ باتیں۔

شرویِن:قلعہ شرواں یا شیروان۔

شَرِه:(ع)حرص، لالچ، طمع، آز۔

شره آلود:حریص، طماع۔

شرہان:شره، حریص، لالچی، طماع۔

شری:حنظل۔

شِریان:(ع) رگیں، (شرایین جمع)۔

شریان ریوی:پھیپھڑے سے تعلق رکھنے والی رگیں۔

ورم شریان:رگوں کا ورم یا سوزش۔

شریان بند:لہو روک، ایک آلہ جس کے ذریعے شریانوں کا خون بہنا بند ہو جاتا ہے۔

شریانی:شریان کا خون۔

شرِیب:(ع) مشروب، ہر وہ مائع چیز جو پینے کے لائق ہو۔

شرِیح:(ع)اندام نہانی۔

شریحہ:(ع) گوشت کا ٹکڑا، شرائح جمع۔

شرِیدن:پانی کا اوپر کی سطح سے پیاپے گرنا۔

شریر:(ع) فتنہ انگیز، بدکیش، شرارتی (اشرار جمع)۔

شریطہ:(ع) ایک شرط، ۔ شرائط جمع۔

شریعَت:(ع) اسلامی قانون۔

درین باب شریعت اسلام چہ میگوید:اس سلسلے میں اسلامی قانون کیا کہتا ہے

شریعت گُزار:شارع، مقنن۔

شریعت مدار:اسلامی قانون کا ماہر، ممتاز۔

شریعتی:شرعی، دینی قانون سے متعلق۔

شریف:(ع) بزرگ، نجیب، بھلا مانس (شرفا اور اشراف جمع)۔

قُدس شریف:یوروشلم، شریف امیر کے معنی بھی استعمال ہوا مثلاً شریف مکہ۔

اسم شریف شما چیست:آپ کا اسم گرامی کیا ہے۔

شریفہ:شریف کی مونث۔

شریفی:شرافت۔

شریک:(ع) حصہ دار، ساتھی۔

ہمہ باہم شریک ہستند:وہ سب آپس میں حصہ دار ہیں (شرکا جمع)۔

شریک الاِجارہ:(ع) ٹھیکے میں شریک۔

شریک اِرث-شریک الارث:وراثت میں شریک۔

شریک الرای:ہم رائے۔

شریک شدن:حصہ دار بننا۔

شریکِ فتنہ:سازشی، بغاوت میں شریک۔

شریک کردن:حصہ دار بنانا۔

شریک المِلک:(ع) ملکیت میں شریک۔

شریک المنفعہ:(ع) منافع میں شریک۔

شَزُر:غصے کی نظر سے دیکھنا۔

شسب:برق، بجلی کی چمک، کڑک۔

شَست:انگوٹھا نیز دام، کمند۔

شست دست:ہاتھ کا انگوٹھا۔

شست:جال، دام۔

ماہی از شست جَست:مچھلی جال سے نکل گئی۔

شست:سارنگی کی کمان، مضراب۔

شست:شصت، ساٹھ۔

شُست:شست= دھونا سے ماضی مطلق اس نے دھویا۔

شست:(١)بیٹھنے کی جگہ (٢)پوشیدہ بات۔

از شست کسی خبر دار شدن:کسی کی پوشیدہ بات سے آگاہ ہونا اور اس امر کی طرف متوجہ ہونا۔

شست آویز:ایک خاص قسم کا شکنجہ جس سے مجرم کو سزا ملتی ہے۔

شُستر:شوستر، خوزستان کا صدر مقام، محمرہ کا شمالی شہر۔

شُستشو-شست وشو:نہانا، دھونا، نہا دھو کر پاک صاف ہونا۔

شِستگانی:بنا، بنیاد، اساس، عمارت کی بنیاد۔

شست گیر:تیرانداز، کماندار۔

شُستگی: دھویا جانا، پاک صاف ہوجانا۔

شَستم-شصتم: ساٹھواں۔

شُستن: دھونا۔

ظرف ہارا آشپزی شوید: باروچی برتن دھوتا ہے۔

سیل خاک ریز راشست: سیلاب نے کوزا کرکٹ صاف کردیا۔

دست از جان شستن: جان سے ہاتھ دھو بیٹھنا۔

شِستن-نشستن: بیٹھنا۔

شُستنگاہ: غسل خانہ، نہانے کی جگہ۔

شُست وشو: نہانا دھونا، نہا دھوکر پاک صاف ہو جانا۔

شست وشودادن: نہلانا دھلانا۔

شست شوکردن: نہانا دھونا۔

او ہا آب گرم شست و شومی کند: وہ گرم پانی سے غسل کرتا ہے۔

شُستہ: نہایا دھویا ہوا۔

شُستہ و رُفتہ: صاف ستھرا۔

شستہ رُو: جس کے ابھی ڈاڑھی نہ آئی ہو، امرد۔

شُستی: (۱) انگوٹھے جیسا، نیز گل شستی۔

شش: چھ۔

شُش: پھیپھڑا، جگر سفید۔

شش بانو: کنایہ چاند اور پانچ سیاروں کا یعنی چاند، عطارد زہرہ، مریخ، مشتری اور زحل، اس سے چھ خواتین بھی مراد ہیں۔

شش برابر: چھ گنا۔

شش پا: چھ پاؤں والا کیڑا۔

شُش پستان: عورت جس کے پستان نرم اور بڑے ہوں۔

شش تا-شش تار: چھ تاروں والا ساز۔

ششتای: کوئی چیز جس کے چھ حصے ہوں۔

ششتر-شوستر: محمرہ کے شمال کا ایک قصبہ۔

شش جہت: جس کے چھ ضلع ہوں، چھ اطراف۔

شش حرفی: لفظ جس کے چھ حرف ہوں۔

ششد انگ: کسی چیز کے پورے چھ حصے۔

ششد انگِ حواس: پوری توجہ سے۔

ششد انگ مُلک: پوری مملکت۔

ششد انگی: سالم، کل، سب کا سب، جو چھ حصوں پر مشتمل ہے۔

یک دیہہ ششد انگی: پورا گاؤں۔

ششدَر: (۱) نردوں کا کھیل (۲) سراسیمگی، حیرانی۔

ششدر بازی: نردوں کا کھیل کھیلنا۔

ششدری: چھ دروازوں والا، مراد دنیا۔

شش سال: چھ برس کا۔

شش سطحی: مسدس، شش طرفی شکل، شش پہلو، جس کے چھ کونے یا چھ سطحیں ہوں۔

شش سُو: چھ طرفوں والی، چھ کونیا، شکل۔

شش صد: چھ سو۔

شش صدم: چھ سواں۔

شش صدی-شش صدمین: چھ سواں، جشن شش صد مین، چھ سواں جشن۔

شش ضلعی: مسدّس، چھ طرفی شکل، جس شکل کے چھ ضلع ہوں۔

شش طاق: چھ گوشہ خیمہ۔

شش لا: چھ تہیں۔

ششلول: ریوالور جس میں چھ گولیاں رکھی جاتی ہیں۔

ششم: چھٹا۔

ششم آنکہ: چھٹی بات یہ کہ۔۔

فصل ششم: چھٹی فصل، یا چھٹا باب۔

شش ماھہ: سال میں دو مرتبہ۔

اطلاع نامہ شش ماھہ: چھ ماہی رپورٹ۔

ششمی: چھٹا۔

اطاق ششمی: چھٹا کمرہ۔

ششمین: چھٹا۔

سال ششمین: چھٹا سال۔

شش وپنج: ادھیڑ بن، فکر و اندیشہ۔

شش وتدی: مسدس، شش طرفی شکل۔

شُشی: پھیپھڑے کا، پھیپھڑے سے متعلق، پھیپھڑے کے رنگ کا ہلکا سرخ۔

شش یک: ایک کا چھٹا حصہ، ۱/۶۔

شَصت: ساٹھ۔

شَصت تیر: مشین گن۔

شصتم: ساٹھواں۔

یک شصتم: ایک کا ساٹھواں حصہ، ۱/۶۰۔

شطّ: (ع) (۱)بہت بڑا دریا (۲)دریاے دجلہ (۳)دریا کا کنارہ، شطوط جمع۔

شطّاح: (ع) گستاخ، شریر، شطحیات کا قائل، خلاف شرع باتیں کرنے والا۔

شطارَت: ہوشیاری، چالاکی۔

شط العرب: (ع) دریا جو دریاے دجلہ اور دریاے فرات سے مل کر بنتا ہے اور خلیج فارس میں جاگرتا ہے۔

شطحیّات: (ع) شریعت کے خلاف باتیں زبان پر لانا، عالم وجد میں کوئی ایک کلمہ زبان پر لانا، جو خلاف شرع ہو، مثلا منصور حلاج کا اناالحق کہنا۔

شطر: نصف، ایک چیز کا آدھا حصہ، شطور جمع۔

شطرنج-شطرنگ: بہار عجم میں آیا ہے کہ یہ لفظ شترنگ کا معرب ہے، یہ ایک کھیل ہے جس کے اکثر مہرے انسانوں کے نام پر ہیں اس لیے مجازاً اسے شترنگ کہتے ہیں بعض کی رائے ہے کہ یہ شش رنگ کا معرب ہے اور شش رنگ سے مراد ہے چھ مہرے یعنی رخ، گھوڑا، فیل، پیادہ، وزیر اور بادشاہ، بعض کے نزدیک صد رنگ (رنگ بمعنی حیلہ) اس کھیل میں سیکڑوں حیلے کرنے ہوتے ہیں، بہر حال شطرنج چھ مہروں کا مشہور عالم کھیل ہے۔

شطرنج بازی کردن: شطرنج کھیلنا۔

شطرنج باز: شطرنج کا کھلاڑی۔

شطرنج بازی: شطرنج کھیلنا۔

شطرنجی: (۱)چارخانہ دار کپڑا (۲)شطرنج باز۔

شطط: حد سے تجاوز کرنا، حد سے بڑھ جانا۔

شطل-شتل: بغیر خطرے کے منافع حاصل ہونا۔

شطوط: (ع) شط کی جمع، بڑے بڑے دریا۔

شعاب: (ع) شعبہ کی جمع، حصے، (۱)شاخیں، ٹکڑے، ادارے، (۲)چھوٹی نہریں، نہریں جو دریا یا بڑی نہروں سے نکالی جائیں۔

شِعار: (ع) (۱) علامت، نشان، رنگ، اصول (۲)قمیص، پیراہن (۳)حسب حال (۴)کتبہ، اصول عمل (۵)دستور، عادت، طرز، روش (٦)پیشہ۔

آنرا شعارِ خود قرار داده است: اس نے اسے اپنا اصول زندگی بنالیا ہے۔

رحمت شِعار: جس کا دستور حیات مہربانی اور شفقت ہو۔

شِعار زندگی: زندگی کا اصول، عمل۔

شِعاری: (ع) عادی۔

شُعاع: (ع) آفتاب کی روشنی، کرن، کسی روشن چیز کی چمک، روشنی

شعاعِ آفتاب: سورج کی روشنی۔

شعاع افگندن: چمکانا، چمک کا عکس ڈالنا۔

شعاعِ مہتاب: چاند کی چاندنی۔

شعاع افگن: چمکانے والا، درخشاں کرنے والا۔

شعاع افگنی: چمکانا، درخشاں کرنا۔

شعاع گستر: شعاع افگن۔

شُعاعی: شعاع سے متعلق، کرنوں سے متعلق۔

شَعائر: شعیرہ کی جمع، رسوم، مذہبی رسوم، آداب و رسوم، رواج۔

شِعب: (ع) (۱) پہاڑی راستہ، تنگ گھاٹی، درہ (۲)قبیلہ (شعاب جمع)۔

شَعب: (ع) نسل، قوم، جمعیت (شعوب جمع)۔

شُعب: (ع) دیکھیے شعبہ۔

شُعبات: (ع) شعبہ کی جمع۔

شَعبان: (ع) ہجری سن کا آٹھواں مہینہ۔

شَعبَدہ: (ع) وہ بازی جس کا تعلق سحر و جادو یا محض خیال سے ہو، دھوکا، فریب۔

شعبدہ بازی: چالاکی سے کوئی کارنامہ دکھانا۔

شُعبہ: شاخ، حصہ، ادارہ، نہر جس سے کوئی اور نہر نکالی گئی ہو، نہر جو دریا یا بڑی نہر سے نکالی جائے۔ (شعب جمع)۔

این ادارہ چندین شعبہ دارد: اس ادارے کے کتنے حصے ہیں۔

شِعر: (ع)بیت جو خاص بحر اور قافیہ، ردیف، کی پابندی سے لکھا جائے، موزوں سخن (اشعار جمع)۔

شعر ادبی: شعر جس میں ادبیت ہو۔

شعر بالبداهہ: (ع)فی البدیہہ شعر کہنا۔

شعررزمی: شعر جس میں شجاعت یا بہادری کا ذکر آئے۔

شعرِ غنائی: شعر جس میں ترنم کی کیفیت پائی جائے، غزلیہ شعر۔

شعرِ منثور: نثری شعر جس میں قافیہ ردیف اور بحر و وزن کی پابندی نہ ہو۔

شعرِ نمائشی: ڈرامائی وضع کا شعر۔

شعرِ ہجائی: ہزلیہ یا ہجویہ شعر جو کسی موقع پر کہا جائے۔

شَعر: (ع)بال، مو۔

شعر بافی: کپڑا بننا، جولاہے کا پیشہ یا کام۔

شِعر خوانی: شعر پڑھ کر سنانا۔

شِعری: شاعرانہ، فن شعر کی ضرورت۔

شِعری: شعرا، دوستاروں کے نام، ایک کو "شعری شامی" اور دوسرے کو "شعری یمانی" کہتے ہیں یہ موسم گرما کی راتوں میں نمایاں ہوتے ہیں، انھیں فارسی میں دو خواہر یا دو خواہران کہتے ہیں۔

شعریہ: شعر سے متعلق۔

شَعشعان:(۱)تابندہ، درخشندہ (۲)نیک خصلت۔

شعشعہ:چمک دمک، تابش، تابندگی، درخشندگی، آفتاب کی روشنی۔

شَعَف:(ع)خوشی، مسرت، راحت، شادمانی، سرور، کیفیت وجد، عشق، دلبستگی، شیفتگی۔

شُعلہ:آگ کی لپٹ، آنچ، روشنی۔

شعلہ عشق:آتش عشق۔

آتش شعلہ می زند:آگ کے شعلے نکل رہے ہیں۔

شعلہ زدن-شعلہ کشیدن:شعلہ بھڑکنا۔

شعلہ بار:لگاتار شعلے نکلنا۔

شعلہ خُو:آتش مزاج، غصیلا۔

شعلہ زن-شعلہ ور: جس میں سے شعلے نکل رہے ہوں۔

شُعُوبی:(ع) ایک گروہ جو عربوں کو عجمیوں پر برتری نہیں دیتا تھا۔

شعوبیہ:(ع) شعوبیوں کا گروہ۔

شعودَہ-شعودِہ:شعبدہ، نیرنگ، فریب۔

شُعُور:عقل، فہم، ادراک، احساس، تمیز، سلیقہ، واقفیت، دانائی، جاننا، پہچاننا۔

شعور حیوانی:عقل حیوانی، جبلت، جبلی افعال، وجدان، فطری صلاحیت۔

شعور فطری:قدرتی ذہانت۔

بی شعور: بے عقل۔

شَعور: شَعر کی جمع، بال، مُو۔

شُعَیب: (ع) ایک پیغمبر جو حضرت موسی(ع) کے خسر تھے۔

شعِیر: (ع)جَو۔

شعِیرہ:جوکی روتی، نان جویں۔

شغ: شاخ، جانور کے سینگ۔

شِغا:ترکش، تیردان۔

شَغاف:پردہ دل، سویدائے دل، دل کا سیاہ نشان، نیز بیماری جو دل کے پردے میں پیدا ہوتی ہے۔

شَغال:گیدڑ۔

شغّال:جس کے بہت سے کام ہوں، بہت مشغول۔

شغالہ: بہی کا درخت یا اس کا پھل۔

شغَب: شور و غوغا، ہیا ہو، فتنہ انگیزی۔

شغَر:ہاتھ یا پاؤں کی جلد جو کام کرنے سے سخت ہو جاتی ہے۔

شغَر بغَر: پریشان، پراگندہ، درہم برہم۔

شغرَبِیَہ:فن کشتی کا ایک داؤ۔

شغز:گردن کشی، فتنہ انگیزی۔

شغَف:حرص، کسی چیز سے انتہائی دلبستگی، عشق، دلباختگی۔

شغَک:احمق، بیوقوف۔

شُغل: (ع) کام، پیشہ، ملازمت، مشغولیت۔

شغل من معلمی است: میرا پیشہ درس و تدریس ہے۔

شغِم: (ع) حرص، لالچ، کسی چیز سے زیادہ دل بستگی ہونا۔

شغِہ: جلد کی صلابت، سختی، اور موٹا پن۔

شفّ:کپڑا یا نازک پردہ، نیز بمعنی ہوا (شفوف جمع)۔

شِفا:() صحت پانا، تندرست ہونا۔

شفا پذیر: قابل علاج، صحت پانے کے قابل۔

شفا دادن: شفادینا، اللہ تعالی کا شفا بخشنا۔

شفایافتن: علاج سے شفا پانا۔

دارالشّفا: شفاخانہ، ہسپتال۔

شفابخش: صحت دینے والا۔

شفاجُرُف: وادی کا کنارہ، آبگیر۔

شفاخانہ: ہسپتال۔

شفادارُو: صحت کی دوائی۔

شفادہندہ: شفابخش۔

شفا سازی: صحت دینا۔

شفاعَت: (ع) سفارش، گنہگار کی بخشش چاہنا، وسیلہ، کسی کے لیے سفارش کرنا۔

شفاعت کردن: سفارش کرنا۔

درحق من پیش او شفاعت کنید: میرے لیے اس سے سفارش کیجیے۔

شفاعت آمیز: سفارشی۔

کلماتِ شفاعت آمیز او مرا نجات داد: اس کے سفارشی الفاظ نے مجھے نجات دلادی۔

شفاعت کُنندہ: سفارش کرنے والا، شفیع۔

شفاعۃً: (ع) سفارش کے طور سے۔

شفّاف: (ع) صاف، روشن۔

شفّافی: (ع) صفائی، روشنی۔

شِفاہ: (ع) شفہ کی جمع، ہونٹ، لب۔

شَفاہاً: زبانی طور سے۔

شفاہاًباو توضیح دادم: میں نے زبانی اس سے وضاحت کردی۔

شفاہی: زبانی۔

امتحانات شفاہی و کتبی: زبانی اور تحریری امتحانات۔

توضیحات شفاہی: زبانی وضاحتیں۔

شہادتِ شفاہی: زبانی شہادت۔

وصیّت شفاہی: وصیت بوسیلہ زبان، زبانی وصیت کرنا۔

شَفت: گٹھلی دار پھل۔

شَفت: (۱) ناہموار، ناتراشیدہ (۲) تنومند، لحیم شحیم، موٹا تازہ (۳) ارزان۔

شِفت: خمدار، مڑا ہوا، بل کھایا ہوا (۲) کوزپشت خمیدہ کمر، کبڑا، بے ڈول (۳) غیر متمدن، فریب آمیز۔

شَفت: گیلان کا ایک گاؤں۔

شِفُت: زخم سے خون یا پیپ نکلنا۔

شُفت: بخیل، کنجوس، خسیس۔

شفتالو: ایک قسم کا بڑا آڑو۔

شفتاہنگ: تار کھینچنے کا آلہ۔

شفترک: خاکشیر، خودرَو پودے جو صحراؤں یا باغوں اور پہاڑوں کے دامن میں اگتے ہیں ان کی شاخیں باریک اور پتے لمبے ہوتے ہیں۔

شَفتہ: (۱) کھرل، ہاون، کونڈی (۲) چھوٹی توپ جس سے گولہ بہت اونچا جاتا ہے (۳) آتشبازی کے گولے پھینکنے کا آلہ (۳) گارا چونے کا مسالہ، کنکریٹ سے تہ جمانا۔

شفتہ آہن: لوہے کے استعمال سے تہ جمانا۔

شفتہ ریزی: کنکریٹ کی تہ جمانا۔

شفتَین: دو ہونٹ۔

شُفر: (ع) پلک کا کنارہ جہاں پلکوں کے بال ہوتے ہیں۔

شَفرہ: موچی کا چمڑا ہموار کرنے کا آلہ۔

شفش: باریک لکڑی جس سے دُھنیہ روئی دھننے کا کام کرتا ہے۔

شفشاہنج: دھنیے کی کمان، لوہے کا سوراخ دار قطعہ جس میں سے سنار سونے چاندی کی تار ڈال کر کھینچتے ہیں تاکہ وہ باریک اور تابدار ہو جائے۔

شفع: (ع) جوڑا، جفت، میاں بیوی۔

شفعا:سفارش کرنے والا، شفیع۔

شُفعہ: وہ حق جو گھر یا زمین کی ہمسائیگی سے حاصل ہو۔

شفَق: (ع) (۱)سرخی جو طلوع آفتاب سے پہلے اور غروب آفتاب کے بعد نمودار ہوتی ہے (۲) رحم، شفقت اشفاق جمع۔

شفَقَت:(ع) مہربانی، رحم و کرم۔

خدا بر آن پیر مرد بیچارہ شفقت کرد:خدا نے اس بے بس بوڑھے آدمی پر رحم کیا۔

شفقت کردن:مہربانی کرنا۔

شفَقی:شفق سے متعلق، اس سرخی سے متعلق جو طلوع آفتاب سے پہلے اور غروب آفتاب کے بعد رونما ہوتی ہے۔

شفَک: بیکار چیز، بوسیدہ چیز، بے ہنر، ناداں۔

شفوات:دیکھیے شفہ۔

شفودِہ:ہفتہ، ہفتے کے دن، ہفتہ سے جمعہ تک کے دن۔

شفوی:دیکھیے شفہی۔

شَفَہ:ہونٹ لب۔

شفَہی: ہونٹوں سے متعلق۔

حروف شفہی:حروف جو ہونٹوں کو بند کرکے یا قریب لا کر ادا کیے جائیں۔

شفِیر:آنکھ کی پلکوں کا کنارہ۔

شفِیع:(ع)شفاعت کرنے والا، سفارش کرنے والا۔

شفیعا:فارسی کا ایک رسم الخط، خط شکستہ۔

شفِیف:(ع)شفاف ہر وہ چیز جو بلور کی مانند ہو۔

شفِیق:(ع)شفقت کرنے والا مہربان، مشفق

شقّ:(ع)شگاف، درز، پھٹا ہوا، چاک

شقُّ القمر:چاند کا دو ٹکڑے ہونا، حضرت رسول کریم(ص) کا معجزہ۔

شق کردن:ٹکڑے کرنا، شگاف دینا۔

شقّ:(ع)سیدھا، مستقیم، راست، کھڑے ہونے، استقامت سے۔

شق کردن:سیدھا کھڑا ہونا۔

شَقا:(ع)شقاوت، بدبختی، بد نصیبی۔

شَقا:ترکش جس میں تیر رکھے جاتے ہیں۔

شقاحَت:(ع)بدصورتی، پستی، گھٹیا پن۔

شقاق:(ع) (۱)کسی ملت یا جماعت کی پھوٹ، تفرقہ، رفض، اعتزال (۲)اختلاف، نفاق، علیحدگی۔

شقاقُل:جنگلی گاجر۔

شقاقُلوس:کسی عضو کا بے حس ہو جانا۔

شقاقلوسی:گلا ہوا، بے حس، ناسوردار۔

شقاوَت:(ع)بد بختی، بد نصیبی۔

شقایق:(ع)گل لالہ، سرخ پھول

شُقرۃ:(ع)سرخ و سفید رنگ، زرد رنگ جس میں سرخی کی جھلک ہو۔

شقِّہ:کسی چیز کا نصف حصہ، جانور کے گوشت کا کچھ حصہ یا نصف حصہ۔

شقہ کردن:دو حصوں میں کاٹنا یا الگ کرنا۔

یک شقہ گوشت:جانور کے گوشت کا ایک پہلو، نصف حصہ۔

شقّی:(ع)سخت دل، بد بخت، بد خصائل، بد سیرت

(اشقیا جمع)۔

شقی: دنیوی (اخروی کی ضد) زمانی، کنپٹی۔

صداع شقی: (۱)من کی موج، لہر، ترنگ (۲)درد شقیقہ۔

شقیت: سختی۔

شقیق: (ع)دو حصوں میں الگ الگ کٹی ہوئی چیز سگی ماں مگر سوتیلے باپ کی اولاد۔

شقیقہ: (ع)آدھے سرکا۔

درد شقیقہ: آدھے سر کا درد۔

شک: شبہ، گمان۔

شک آوردن: شبہ کرنا۔

شک افتادن: شبہ میں پڑنا۔

شک داشتن: شبہ ہونا۔

شکی نیست کہ مجازات خواہد شد: کوئی شبہ نہیں کہ اسے سزا ہوگی۔

شکات: (ع)بیماری، عیب۔

شکار: جانور کو پکڑنا یا حلال کرنا، وہ جانور جسے پکڑنا مقصود ہو، مطیع، مغلوب، یلغار۔

شکار شدن: کسی کی زد میں آجانا۔

شکار کار خوبی نیست: جانوروں کو پکڑنا مارنا اچھا کام نہیں۔

شکار باز: شکاری، شکارچی، شکار کرنےوالا۔

شکاربند: وہ تسمہ وغیرہ جس سے شکار باندھا جائے۔

شکارچی: شکاری، شکار کرنے والا۔

شکارستان: شکارگاہ، شکار کرنے کی جگہ۔

شکار گاہ: شکار کرنے کی جگہ۔

شکار گر: شکاری۔

شکاری: شکار کرنے والا، جس کا مشغلہ جانوروں کا شکار کرنا ہو۔

شکاریان: شکاری کی جمع، شکاری پرندے۔

شکار یدن: شکار کرنا۔

شکاشک: چلتے ہوئے پاؤں کی آواز۔

شکاف: چاک، درز، شگاف، چیرا۔

شکاف دادن: چاک کرنا۔

مُوشکاف: بال کی کھال اتارنے والا۔

شکافاندن:شکافتن- چیرنا، چاک کرنا۔

شکافتگی: درز، رخنہ، سوراخ ہونا۔

شکافتن-شکافتن: چیرنا پھاڑنا، شگاف دینا۔

جرّاح زخم را شکافت: جراح نے زخم کو چیر دیا۔

چون بعشق آمد قلم بر خود شکافت: جب قلم لفظ عشق پر آیا تو اس میں شگاف آگیا۔

کشتی امواج رامی شکافد: کشتی موجوں کو چیر کر نکل جاتی ہے۔

شکافتہ: پھٹا ہوا، چیرا ہوا، جس میں شگاف ہو۔

شکافدار: جس میں شگاف ہو۔

شکافہ: مضراب جس سے ستار بجائی جاتی ہے۔

شکاک: شک کرنے والا، وہ شخص جسے ہر بات میں بہت شک ہو۔

شکاکی: شک کرنا۔

شِکال: رسی جس سے جانوروں کے پاؤں باندھے جاتے ہیں۔

شکاوَت: شکایت۔

شکایَت: گلہ، شکوہ، دکھ، درد۔

بہ شکایت او رسیدگی کنید: اس کے دکھ درد پر توجہ کیجیے۔

شکایت کردن: گلہ شکوہ کرنا۔

از دست کسی شکایت کردن: کسی کا گلہ شکوہ کرنا۔

من ازو ہیچ شکایت ندارم: مجھے اس سے کوئی گلہ شکوہ نہیں۔

شکایت آمیز: جس میں شکایت پائی جائے۔

سُخَنان شکایت آمیز: باتیں جن سے گلہ شکوہ ظاہر ہو۔

شکایت کُنان: گلہ شکوہ کرتے ہوئے۔

شکایت مند: غیر مطمئن، شکایت کرنیوالا۔

شکر۔شکَر: چینی، کھانڈ۔

شکر افشانی: شیرین گفتار، شیریں تقریر۔

شُکر: سپاس گزاری، شکریہ ادا کرنا۔

شکر کردن: شکر گزار ہونا، شکریہ ادا کرنا۔

شکر گذاردن: شکر کرنا، شکر گزار ہونا، شکریہ ادا کرنا۔

شکرِ نعمت: پروردگار کی نعمت کا شکریہ ادا کرنا۔

خدا را شکر کہ بی خطر رسیدی: خدا کا کرم کہ تو بلا خطر پہنچ گیا۔

خدایا شکرِ درگاہت: اے خدا تیری بارگاہ کا شکر گزار ہوں۔

شکر آب: کنایۃ دوستوں میں خفگی پیدا ہونا، رنج و کدورت پیدا ہونا۔

شَکر آمیز: جس میں شکر ملی ہوئی ہو۔

شُکران: شکر گزاری، سپاس گزاری کرنا۔

شَکر اندا: کوئی چیز جس میں شکر ڈالی جائے۔

شُکرانہ: شکر گزاری کرنا۔

شکرانہ آن احسان: اس احسان کا شکریہ۔

شکربار: شیریں آواز، شیرینی بکھیرنے والا۔

شکر بورہ: ایک قسم کی شیرینی جو بادام، پستہ، چینی وغیرہ ملا کر تیار کرتے ہیں۔

شکر پارہ: ایک قسم کی مٹھائی جو بشکل مربع پارہ پارہ کی جاتی ہے۔

شکر پنیر: ایک قسم کی مٹھائی جو چاولوں یا گندم کے آٹے سے تیار کی جاتی ہے۔

شکرچش: شیرینی کو اندازے کے لیے چکھنا۔

شکر خائی: مٹھائی چبانا۔

شکرچین: شکر خوار۔

شکر خند-شکر خندہ: شیریں مسکراہٹ، تبسم۔

شکر خواب: میٹھی نیند، خواب خوش، شاد خواب۔

شکر خیز: چینی جس سے پیدا ہو

شکر دان: چینی دان

شکر دن: شکار کرنا

شکرندہ: درہم برہم کرنے والا

شکر دہان: شیرین دہاں، شیریں زبان

شکر ریز: (۱)مٹھائی بنانے والا، شیریں صدا والا شیریں گفتار، فصیح، لب محبوب کا کنایہ

شکر ریزی: (۱)مٹھائی بنانے کا کام (۲)شیریں زبان میں باتیں کرنا، شکر افشانی، شیریں بیانی

شکر زبان: شیریں بیان

شکرستان: جہاں چینی تیار ہوتی ہے، کنایۃً محبوب کے ہونٹ، لب ہائے شیریں

شکر شکن: شیریں سخن، شیریں گفتار

شکر فشان: میٹھے بول بولنے والا، شیرینی بکھیرنے والا

شکر فشانی: شکر افشانی، شیریں آواز میں باتیں کرنا، شیرینی بکھیرنا

شُکر گذار: سپاس گزار، شکریہ ادا کرنے والا

شکر گذاری: کسی کی مہربانی پر شکریہ ادا کرنا

شکر گذاری کردن: شکریہ ادا کرنا

شکر لب: شیریں لب، کنایۃً محبوب کے ہونٹ

شِکرہ: شکاری

شکری: ہلکا زرد رنگ، جس چیز میں مٹھاس ہو

شکرین: چینی سے میٹھی کی ہوئی چیز، شیرین

شِکَست: (۱)شکستن= ٹوٹنا سے ماض مطلق، ٹوٹ گیا (۲)ہار، ہزیمت (۳)گرنا (۴)شرم، ندامت، ذلت، رسوائی، خجالت، ناکامی (۵)نقص

شکست خوردن: ہزیمت کھانا، ہار جانا

شکست دادن: ہرا دینا، مغلوب کرنا

شکستِ شاگردان رسوائی معلّم است: شاگردوں کی ناکامی استاد کے لیے باعث رسوائی ہے

شکست یافتن: شکست کھانا

قشونِ دشمن شکست خوردند: دشمن کے لشکر نے ہزیمت کھائی

لطافتش گل ہای بوستان را شکست داد: اس کی لطافت نے چمن کے پھولوں پر فوقیت حاصل کی

شِکست: شکستن= توڑنا سے ماضی مطلق، اس نے توڑا، ناکامی، شکستگی

شکست بند: شکستہ بند، ہڈی جوڑنے والا، استخوان بند

شکست خوردہ: ہارا ہوا، ہزیمت خوردہ

شکستگی: ٹوٹ جانا

شکستن: ٹوٹنا

او عہد خود را بشکست: اس نے عہد شکنی کی، اپنا وعدہ توڑ دیا

درہم شکستن: شکست دینا

دل شکستن: دل توڑنا، مایوس کر دینا

شکستنی: جو ٹوٹ جائے

شکستنی ہارا آنجا نگذارید: ٹوٹ جانے والی چیزوں کو وہاں نہ رکھیے

شکستہ: ٹوٹا ہوا، اداس، غمگین، مغموم

آواز شکستہ: غمگین آواز، درد بھری آواز

خطِ شکستہ: تیزی سے یا گھسیٹ کر لکھا ہوا

دل شکستہ: نا امید، غمگین، مغموم، رنجیدہ

شکستہ شدن: ٹوٹ جانا، رنجیدہ ہونا، نا امید ہو جانا، پریشان ہونا

شکستہ بال: جس کے پر و بال ٹوٹ چکے ہوں، بد نصیب،

مصیبت زدہ، پریشان حال

شکستہِ بستہِ: اچھی بری چیز جو یکجا کی گئی ہو

شکستہ بند: ہڈی جوڑنے والا، استخوان بندی کرنیوالا

شکستہ بندی: ہڈی جوڑنا، استخواں بندی

شکستہ حال: پریشان حال، محتاج، مفلس

شکستہ خاطر: شکستہ دل، پژمردہ، مغموم

شکستہ زبان: گونگا

شکستہ نفس: عاجز، مسکین

شکستہ نفسی: عاجزی، فروتنی

شکستہ نفسی کردن: اپنے آپ کو ذلیل کرنا، خودداری کو صدمہ پہنچانا

شگِفت: (۱) تعجب، حیرت (۲) تعریف و تحسین، پسندیدگی

در شگِفت بودن: عالم حیرت میں ہونا

شگُفت، شگفتن: کھلنا سے ماضی مطلق کھلا، نشو و نما پائی

شگِفت آمیز: حیران کن

شگِفت انگیز: حیران کن، حیرانی پیدا کرنے والا، عجیب و غریب

عملیات شگِفت انگیز: عجیب و غریب کرتب، حیرت انگیز فنی کارنامے

شگُفتگی: کھلنا، (پھولوں کا) خوشی کے آثار کا نمایاں ہونا

شگفتن: کھلنا

شگفتہ: کھلا ہوا، خوش، مسرور

شگِفتیدن: متعجب ہونا، حیران ہونا، متحیر ہونا

شگفتیدن: کھلنا، نشو و نما پانا، پھلنا پھولنا، بڑھنا

شکک: طنبور، تنبور، چلتے ہوئے پاؤں کی آواز

شکل: (ع) (۱) صورت، چہرہ، مانند، شباہت، وضع، رنگ ڈھنگ، مشابہت، طور طریقہ

شکل کشیدن: تصویر بنانا

نمی دانم چہ شکل او را فریب دادند: معلوم نہیں کس طرح اسے فریب دیا گیا

شکلاً مانند میمون است: شکل و صورت کے لحاظ سے وہ بندر سے مشابہہ ہے،

شکلات: چاکولیٹ، ایک قسم کی چبانے والی مٹھائی

شکلک: منہ بنانا، مضحک شکل بنانا

شِکم: (۱) پیٹ (۲) بطن، کھانے کی خواہش (۳) حمل

شِکم بآب زدن: لاپروائی سے خود کو خطرے میں ڈالنا

شکم بالا آمدن: پیٹ بڑا ہونا، حاملہ ہونا

شکم پرست: پیٹ کا پجاری جو صرف اپنے ہی کھانے پینے کا خیال رکھتا ہو

شکم دادن: (۱) پیٹ کا ابھرنا، پیٹ کا پھولنا، (۲) جھکنا، خمیدہ ہونا

شکم داشتن: عورت کا حاملہ ہونا

شکم رفتن: پاخانہ نکل جانا بچوں کی طرح

شکمش بہ پشتش چسپیدہ است: اس کا پیٹ اس کی پیٹھ سے لگ گیا ہے، وہ بہت بھوکا ہے

این زن شکم دارد: یہ عورت حاملہ ہے

باد شکم: پیٹ کی ہوا

جانش را روی شکمش گذاشت: اس نے پیٹ کی خاطر جان دے دی

شِکم بند: کپڑا جو پیٹ سے باندھا جاتا ہے

شکم بندہ: پیٹ پجاری، شکم پرست

شکمِبہ: معدہ، گھاس چرنے والے جانوروں کا معدہ

شکم پارہ:(نباتات) ایک قسم کے بیج

شکم پاور:ایک قسم کا گھونگا

شکم پرَست:پُرخور، پیٹ پوجا کرنیوالا

شکم پرستی:پر خوری، پیٹ پرستی

شکم پروَر:شکم پرست

شکم خوار:شکم پرست

شکم درد:پیٹ درد

شکم ران:مسہل،

شکم روِش:اسہال، دست آنا

شکم گرفتِگی:قبض

شکم گرفتہ:جسے قبض ہو

شکم گندہ:بڑے پیٹ والا، پرخور، پیٹو

شِکمو:پیٹو، پر خور

شکم وار:ایک خوراک کے اندازے کے مطابق

شکمی:پیٹو

شکن، شکستن:توڑنا سے فعل امر، توڑو

دندان شکن:دانت توڑنے والا، لاجواب کر دینے والا

شِکَن:تہ، خم، پیچ، حلقہ

شکن زلف:زلف کا پیچ و خم، **گھنگھریالے بال**

شِکنب:شکم، پیٹ

شِکنج:(١)خم، موڑ، پیچ، شکن (٢)مکر و فریب

شِکنج:چٹکی لینا، کاٹنا

شکنجہ:(١)آزار، تکلیف، ایذا، عذاب، (٢)مجرموں کو سزا دینے کا آلہ، (٣)جلد سازوں کی مجلد کتاب کو دبانے کا آلہ

شکنجہ کردن، شکنجہ کشیدن:اذیت دینا، مجرم کو سزا دینے کے آلے میں کسنا

شکنجیدن:شکنجے میں کسنا، اذیت دینا

شِکند:لمبے لمبے کیڑے جو نمناک زمین میں رہتے ہیں۔

شِکن دار:(١) جس میں شکنیں ہوں (٢) گھنگھریالے بال

شکندِگی:کمزوری، بوداپن

شکن شکن:شکنوں سے لبریز

شکنِدہ:ٹوٹا ہوا، شکستہ

شِکنندہ:توڑنے والا

شِکنَہ:ناز و ادا، عشوہ، غمزہ

شگُوخ:لغزش پا، ٹھوکر

شکوخِیدن:لغزش کھانا، ٹھوکر مارنا، ٹھوکر سے گر پڑنا

شکُور:بہت شکر گزار، شاکر

شکور:باری تعالی کی صفت، عطا و بخشش کرنے والا

شکوف:شگاف، درز، چاک

شکوفتن:شگفتن، کھلنا، پھلنا پھولنا

شکوفہ:پھول جو ابھی کھلا نہ ہو، غنچہ، پھل والے درخت کا پھول

سیب شگوفہ کرد:سیب کے درخت کے پھول نکل آئے

شکوفہ دار:پھل دار درخت جس کے پھول ہوں

شکوفہ زار:پھلوں پھولوں کا باغ

شکوفیدن:شگفتن، پھلنا، پھلنا پھولنا

شکوفیدن:شکست دینا

شُکوک:شک کی جمع، شبہات

اہل شکوک:شک و گمان کرنے والے

شکُول:جلدی چالاکی

شُکوہ:شان، شوکت، حشمت، عظمت، بزرگی، جلال

عمارت باشکوہ:شاندار عمارت

نمایش باشکوہ:عظیم الشان نمائش

شِکوَہ: گلہ، شکایت

شکوہ بودن: گلہ ہونا

شکوہ کردن: گلہ کرنا، شکایت کرنا

شِکُوہ: خوف، ڈر، ترس، بیم

شِکوَہ آمیز: جس میں گلے یا شکایت کا پہلو ہو، شکایت آمیز

شکوہ مند: با شکوہ، شان و شوکت والا

شکوہنج: خارخسک، سہ گوشہ کانٹا، بھکڑا

شکو هه: (۱) شکوہ (۲) زیبائی، رعنائی

شُکوہیدن: جاہ و جلال یا بزرگی حاصل ہونا

شِکوہیدن: ڈرنا، خوف کھانا

شکو ہیدہ: خوفزدہ، ڈرا ہوا

شُکہ: شُکوہ کا مخفف

شِکہیدَن: بے چین ہونا، مضطرب، ہونا، مضمحل ہونا

شکّی: جس میں شک ہو، مشکوک

شکّیات: مشکوک باتیں

شکیب: صبر، برد باری، تحمل، برداشت

شکیبا: صابر، بردبار، متحمل

شکیباندن: صبر و تحمل کی تلقین کرنا

شکیبائی: صبر و تحمل، بردباری

شکیبَندہ: صابر، بردبار، متحمل

شکیبیدن: صبر کرنا، تحمل کرنا

شکیل: خوش شکل، حسین، خوبصورت، خوش اندام

این لباس خیلی شکیل است: یہ لباس بہت خوبصورت ہے

شکیمہ: (۱) دہانہ (۲) پختگی (۲) رکاوٹ کی قوت، قوت مزاحمت

شکینہ: بہت بڑا منکا جس میں غلہ ڈالتے ہیں، بھڑولا

شکا: تیردان، ترکش

شَکال: شغال، گیدڑ

شِگرد: روش، طریقہ

شِگرف: عمدہ، خوب، عجیب، خوبی و زیبائی میں بینظیر، بہت بڑا

بنای شگرف: بہت عمدہ یا بڑی بنیاد

شِگرفی: خوبصورتی، تعجب خیز، بڑائی، مہارت

شِگِفت: تعجب، حیرانی

شگفت آیدم: میں حیران ہوا

شگفت آمیز: حیران کن

شگفت انگیز: عجیب، حیرت انگیز

عملیات شگفت آمیز: تعجب خیز فن کاری

شِگفتن، شکفتن: کھلنا، پھلنا پھولنا

شگفتہ: کھلا ہوا، تر و تازہ

شگفتی: حیرت، تحیّر، عجیب و غریب

یکی بیدار شو تا چند خفتی
ببین خود را کہ چیزی بس شگفتی

اب تو بیدار ہو کب سے سوئے ہوئے ہو، اٹھو اور دیکھو تم تو حیران کن شخصیت کے مالک ہو

شگفتیدن: حیران ہونا

شگوفہ: شکوفہ، پھل دار درخت کا پھول جو ابھی تک پوری طرح کھلا نہ ہو

شُگون: نیک فال، خوش آیند بات، مبارک اور مسعود ساعت

ایرانی ہا این کار را شگون می دانستند: اہل ایران اس کام کو فال نیک سمجھتے تھے

شکیف: شکیب، صبر و قرار

شَل: لنگڑا جسم کا کوئی حصہ بے حس ہونا

پای آن گدا شل است:وہ فقیر لنگڑا ہے

شل شدن:لنگڑا ہو جانا

شل کردن:لنگڑا کر دینا

شَل:ایک قسم کا پتلا چمڑا

شُل:(۱) ڈھیلا، نرم، رقیق، ضعیف، سست اور ضعیف شخص

شُل شدن:ڈھیلا یا نرم ہو جانا

شل کردن:ڈھیلا کرنا

طناب شُل بود:ڈوری ڈھیلی تھی

غذای شُل:رقیق غذا

گره را شل بست:اس نے ڈھیلی گرہ دی

شِل:چھوٹا نیزہ، جَیولِن

شلاِفه:بے حیا عورت، فاجرہ

شلّاق:چابک، تازیانہ، کوڑا نیز گداؤں کا کشکول

شلاق زدن:کوڑا مارنا

شلاق سواری:سواری کا چابک

شلاق خور:پائیدار، مضبوط، چابک کی سزا برداشت کرنے کے قابل، جسے چابک مارے جائیں

شلاقی:چابک مارنا

شلال:کپڑے پر کھلا بخیہ کرنا

شلال:آبشار، شلالاب جمع

شلال:(۱)پراگندہ جماعت (۲)اونٹوں کو چلانے والے

شلاِله:آبشار، جھرنا

شلایین:بہت تقاضا کرنے والا

شل بافت:کپڑے کی ڈھیلی بناوٹ

شلپ شلپ:لہروں کی آواز، چھپ چھپ کی آواز

شلپ کردن:چھپ چھپ کرنا

شُلپوی:چلتے ہوئے پاؤں کی آواز

شُلتاق:(۱) نا انصاف، بد دیانت روش، ستم، تعدی (۲)جھگڑا، شورش، ہنگامہ

شلتاق کردن:نا انصافی کرنا، بد دیانتی کرنا

شلتُوک:چاول جن کے چھلکے نہ اترے ہوں، دھان اسے چلتوک بھی لکھا جاتا ہے

شلتوک کار:چاول کی کاشت کرنے والا

شلتوک کاری:چاولوں کی کاشت

شُلته:جہاں کوزا کرکٹ پھینکا جاتا ہے

شلجم:شلغم، ایک ترکاری کا نام ہے

شِلختگی:سستی، پھوہڑپن، بے سلیقہ پن،

از روی شلختگی:سستی سے

شلختِه:سست، بے سلیقہ، بھویڑ عورت، بے ترتیب کام

شَلَختِه:پینھ پر ٹھوکر لگانا

شلغم:شلجم، ایک ترکاری کا نام

شلغمی:شلغم کی مانند

شلف:طوائف، فاحشہ، بدکار عورت

شلفه:شلفینہ، شلف سے متعلق

شلفینه، شلفیه:اندام نہانی، بدکار عورت، فاحشہ

الفیه و شلفیه:فحش کتاب کا نام جس میں مردوں، عورتوں کی برہنہ شکلیں اور صورتیں ہیں، کہا جاتا ہے کہ یہ کتاب ازرقی نے طغانشاہ کے لیے لکھی تھی

شَلق:کسی کو تازیانہ مارنا

شلقّت:ہنس (نر) قاز

شَلک:جونک، زالو

شِلک:سیاہ رنگ، چیپ دار، کیچڑ

شلکلک:ناودان، پرنالہ

شلم:شلغم

شلَنگ: جست و خیز، لمبا قدم

شلنگ برداشتن، شلنگ زدن: لمبے لمبے قدم اٹھا کر چلنا، ڈگ بھرنا

شلوار: پاجامہ، شلوار

شلوار بالا کشیدن: شلوار کو اوپر چڑھانا

شلُوغ: از دہام، لوگوں کا انبوہ، غوغا

شلوق: نزاع، جھگڑا، لوگوں کا انبوہ، درہم برہم، ابتری، شور، ہنگامہ، شور و غل، ہیا و ہوہنگامہ، بد نظمی

در دکانِ قصاب شلوق بود: قصاب کی دکان میں بہت ہجوم تھا

شلوق کردن: شور و غل کرنا

مواظب باش که بچه ها شلوق نکنند: نظر رکھنا بچے شور نہ کریں

شلوق کن: پر شور، شور کرنے والا

شلوک: جونک

شله: سرخ رنگ کا کپڑا جس سے مستورات کپڑے یا لحاف سیتی ہیں

شلّه: شوربا، چاولوں کی یخنی، آش

شِله: قصاص، خون بہا

شله: کوڑا کرکٹ پھینکنے کی جگہ

شلی: لنگڑا پن، جس کے جسم کا کوئی عضو بے حس ہو گیا ہو

شلیاق: (۱) آسٹریلیا کا ایک پرندہ جس کی دم بربط کی سی ہوتی ہے (۲) ستاروں کی ایک شمالی صورت کا مجمع

شلیته: چھوٹے کھلے اور چین دار لباس جو عورتیں پہنتی ہیں

شلِیغ: آواز، صدا

شلِیر: ایک خوشبودار، خوش مزہ پھل

شلِیک: توپ و تفنگ کی آواز، توپوں بندوقوں کی باڑ

شلیک پی درپی: لگاتار توپیں داغنا

شلیک توپ: توپ داغنا

شلیک در موقع خطر: خطرے کے موقع پر توپ چلانا

شلیک کردن: توپوں، بندوقوں کی باڑ مارنا

شلیل، شلیر: ایک قسم کا خوش ذائقہ شفتالو جس کا چھلکا نرم روئیں دار اور گودا سخت ہوتا ہے

شم: سونگھنا

شم: شوَم کا مخفف، میں جاؤں

شم: (۱) خوف، دہشت، ڈر، خطر (۲) فرار (۳) نفرت (۴) دھوکا فریب (۵) ناخن، پنجہ

شما: تم، ضمیر جمع حاضر، آپ

شما بیاید: آپ آئیے

شمارا دیدم: میں نے آپکو دیکھا

شما: آپ سب

شما را باید بدانید: تم سب کو جان لینا چاہیے

اسم شماچیست: آپ کا نام کیا ہے

شَماتَت: (ع) کسی دوسرے کی بد نصیبی پر خوش ہونا، طنز کرنا

شماتت کردن: کسی دوسرے کے نقصان یا بد نصیبی پر خوش ہونا

شماتِه: دیوار پر نصب کلاک کا بجنا

شماخ: مستورات کا سینہ بند، انگیا

شُمار: گنتی، حساب

شمار رفتن: شمار میں آنا، زیر غور آنا

شمار آمدن: گننا

شمار آوردن: شمار کرنا

بی شمار:لا تعداد، جو شمار میں نہ آ سکے

روز شمار:روز حساب، فیصلے کا دن، روز قیامت، محشر

ستارگان بشمارنمی آیند:ستارے گنے نہیں جا سکتے

شُمار، شمردن:گننا سے فعل امر، گنو

شُمارَندہ:گنتی کرنے والا

شمارِہ:نمبر شمار، نمبر

در شمارہ آخر روز نامہ:روزنامے کے آخری نمبر میں

شُماری:گننا

روز شماری:دن گننا

شماریدن:گننا

شمّاس:مہتمم صدقات، مذہبی جماعت کے دنیوی معاملات کا منتظم، پادری، بشپ، خادم کلیسا

شماطِہ:شور و غوغا، ہلّڑ

ساعتِ شماطہ:الارم والی گھڑی

شماطہ دار:گھڑی یا ٹائم پیس جس میں الارم ہو

شمّاع:موم بتیاں بنانے والا، شمع ساز

شمّاعی:شمع سازی

شِمال:(١)قطب شمالی کی سمت، مشرق کی طرف منہ کرکے کوئی کھڑا ہو تو اس کی بائیں طرف (٢)بائیں طرف، بائیں ہاتھ

یمین و شمال:دائیں اور بائیں

شمالاً:شمال کی طرف

شمال نما:قطب نما

شمالِہ:شمع، موم

شمالی:شمال کی طرف

نواحِ شمالی:شمال کی طرف کے علاقے

شمامِہ:بانسری، نے، پائپ

شمامِہ:عطر دان، خوشبو، خوشبو دار خربوزہ

شمانیدن:آشفتہ کرنا، پریشان کرنا، ڈرانا

شمایان:تم سب

شمایل، شمائل:اچھے اوصاف، اچھی خصلتیں، اچھی شکل و صورت، صفات حسنہ، مثال:

دیدیم ز سر تا قد مش حسن و شمایل

لیک از ہمہ خوبیش وفا بیش برآمد

ہم نے اس کے حسن و جمال کو سر سے پاؤں تک دیکھا ہے لیکن اس کی صفات حسنہ میں سب سے زیادہ خوبی جو دیکھی وہ اس کی صفت وفا ہے

شمائلِ او خارج از وصف است:اس کی صفات حسنہ بیان سے بالا ہیں

شمائل پرست:صفات کو سراہنے والا، شبیہ پرست

شمائل پرستی:کسی کی صفات حسنہ کا عاشق ہونا

شمائم:شمیمہ کی جمع، خوشبوئیں

شمپوری:جبری، زیر دست و ظالم

شمخال:ہلکی توڑے دار بندوق

شمخالچی:توڑے دار بندوق رکھنے والا

شمّد:نازک سفید ململ وغیرہ کا کپڑا جس سے گرمیوں میں سوتے وقت منہ ڈھانپتے ہیں

شمر:تالاب

شِمر:ظالم اور بے رحم شخص، حضرت امام حسین(رض) کا قاتل

شُمُردگی:شمار، گنتی

شُمردن:شمار کرنا، گننا

پول را بشمار:رقم گن لو

حقیر شمردن:ادنی سمجھنا

غنیمت شمردن:غنیمت سمجھنا

مشاہدات خود را بشمرید:اپنے تجربات ایک ایک کرکے بتائیے

من او را در زمرہ شعرا نمی شمارم:میں اسے شعرا کے زمرے میں نہیں سمجھتا

شُمردِہ:گنا ہوا، شمار شدہ، واضح

او ہرگز نمی تواند چیزی را شمردہ خواند:وہ ہر گز واضح طور سے کسی چیز کو پڑھ نہیں سکتا

شمردہ سخن گفتن:احتیاط سے گفتگو کرنا

شُمرِش:گننا، گنتی، شمار

شمریدن:شمردن، گننا

شمس:آفتاب، سورج

اظہر من الشمس:آفتاب سے روشن تر

شمسا:نور، روشنائی، چاند کی چاندنی، آفتاب کی روشنی

شمُس الدین:دین کا آفتاب، اسم خاص

شمسِہ:آرائشی حلقہ، نقش و نگار، بیل بوٹے، (لباس میں) نقش و نگار کی آرائش، کتاب کے سرورق کی تصویر، نیز بُت، صنم

صَعوَہ:(ع) ایک قسم کی چھوٹی چڑیا

صعِید:(ع) مرتفع زمین جس پر درخت نہ ہوں

صِغار:(ع) صغر کی جمع، چھوٹے

صَغار:(ع) خواری ذلت

صِغارَت:(ع) بچپن، کودکی، صغر سنی

صُغد:سغد، ہخامنشی عہد حکومت کا ایک صوبہ ایران

صِغر:(ع) بچپن، کودکی

صُغرا:(ع) صغری، اصغر کی تانیث، چھوٹی

صغری:(ع) ہر مونث شے جو چھوٹی ہو

صغِیر:(ع) چھوتا، نا بالغ، خورد، کودک

آسیای صغیر:ایشیاے کوچک

اولاد ایشان صغیر ہستند:ان کی اولاد نابالغ ہے

صغیرہ:(ع)کم درجے کا گناہ (صغائر جمع)

صغیری:بچپن، لڑکپن، کودکی

صف:(ع) قطار، ترتیب، سلسلہ، طبقہ، مرتبہ، سلسلہ مدارج میں مقام

صف آراستن:قطار ترتیب دینا

صف بہم زدن:صف شکنی کرنا، بے ترتیبی کرنا

صفِ جلو:آگے کی قطار، اگلی صف

صفِ جنگ:فوج کی قطار (لڑائی میں)

صف شکستن:قطار توڑ دینا، بے ترتیبی کرنا

صف کشیدن، صف بستن:قطار باندھنا

صف نَعال:سب سے پچھلی قطار، جگہ جہاں عام طور سے جوتے رکھے جاتے ہیں

صفا:(ع) (۱)صفائی، درستی، صاف ہونا، پاکیزگی، خوش نمائی، روشنی

صفا آوردید:خوش آمدید

صفادادن:خوشگوار بنانا، حفاظت کرنا

صفا کردن:لطف اٹھانا

صفای عقیدہ:عقیدے کی پاکیزگی

آن باغ خیلی با صفا است:وہ باغ بہت خوشنما ہے

اِخوان الصَّفا:ایک دوسرے کے مخلص لوگ، نیک دل، بھائی بند، بصرے کی ایک علمی مجلس کا نام

او ہمیشہ میانہ مردم را باہم صفا می داد:وہ ہمیشہ ایک دوسرے کے مابین مصالحت کرانے کی کوشش کرتا تھا

اہل صفا:صاف دل لوگ، پاکیزہ خیال لوگ، مخلص لوگ، مجلس کا نام

صفا بخش:با صفا، خوشنما، خوشگوار، دلپذیر، تازگی بخش، فرحت بخش

صِفات:(ع) صفت کی جمع

صفاح:(ع) صفح کی جمع

صفّار:(ع) تانبے کا کام کرنے والا، ایران کے صفاری خاندان کا بانی یعقوب بن لیث

صف آرا:صفوں کو ترتیب دینے والا

صف آرائی:قطاروں کو ترتیب دینا

صفاری:خاندان صفاریہ کے افراد، صفاریوں کی حکومت ایران میں ۸۷۳ سے ۹۲۰ء تک رہی

صفاق:(ع) پیٹ کی جلد کے نیچے کا پردہ، اندرونی جلد

صفاہان:اصفہان، ایران کا مشہور صوبہ

صفائح:(ع) صفیحہ کی جمع، چوڑی تلواریں، چوڑی سطحیں

صف بستہ:درجہ بندی، ترتیت یافتہ

صف بندی:قطار بندی، درجہ بندی، نظم، و ترتیب

صِفَت: حالت، وصف، خاصہ، خوبی، خاصیت (صفات جمع)

صفاتِ پسندیدہ: قابل ستائش اوصاف

آدمی بدان صفت ندیدہ بودم: ایسی خوبی کا آدمی پہلے میں نے نہیں دیکھا

صفت اشارہ: اسم اشارہ

صفت توصیفی: اسم صفت

صفت شمارہ: اسم عدد

صفت ثبوتیہ: اصلی، واقعی، حقیقی وصف

صفتی: وصفی

صفح: بخشنا، معاف کر دینا، چشم پوشی

صفحات: صفحہ کی جمع

صفحہ: ورق کا ایک رخ، صورت، پلیٹ، سطح، تختہ، وسعت

صفحہ ساعت: گھڑی یا کلاک کا ڈائل

صفحہ شطرنج: شطرنج کا تختہ

صفحہ فِلزّی: دھات کی پلیٹ

صفحہ کشتی: جہاز کا عرشہ

صفحہ گراموفون: گراموفون کا ریکارڈ

صفحہ ہستی: روزگار، زمانہ، دنیا

صفحہ بندی: صفحات کو ترتیب دینا

صَفَد: (ع) زنجیر

صفدر: (ع) بہادر، دلیر، شجاع، صف شکن، دلاور

صِفر: (ع) خالی، خالی ہونا، نقطہ

صفر بودن: خالی ہاتھ ہونا

صفر کف: خالی ہاتھ، تہی دست، مفلس

صفر الیّد: غریب جس کے پاس کچھ نہ ہو، بینوا، تہی دست

صَفَر: ہجری سن کا دوسرا مہینہ

صَفرا: چاروں خلطوں میں سے ایک خلط، پت، بلغم، چڑچڑا پن، تنک مزاجی

صفراوی: صفرا کی تکلیف، جس کی طبیعت میں چڑچڑا پن ہو، بلغمی

صفراوی مزاج: چڑچڑا پن، تنک مزاج

صف شکن: دلاور، شجاع

صفصاف: بید کا درخت

صفع: (ع) طمانچہ مارنا

صفصف: بیابان، صحرا

صفوَت: (ع) پاکیزہ بر گزیدہ ہونا

صفورا: (۱) صافورا، حضرت موسی(ع) کی بیوی کا نام (۲) چڑیا

صفوف: (ع) صف کی جمع

صفوی: ایران کے حکمران صفوی خاندان کا فرد، اس خاندان کی حکومت ایران میں پندھرویں صدی عیسوی سے نادرشاہ کے زمانے تک تھی جو نادرشاہ کے ہاتھوں ختم ہوئی

صُفّہ: (ع) پتھر کا بنچ، سایہ دار جگہ، پلیٹ فارم، ذراسی اونچی سطح جس پر چند آدمی بیٹھ سکیں

اہل صفہ: اسلام کے مہمان جن کے پاس ٹھہرنے کی جگہ نہ ہوتی، وہ حضرت رسول کریم(ص) کی مسجد کے صفہ پر بیٹھا کرتے تھے

صفی: (ع) صاف، خالص، برگزیدہ، (اصفیا جمع)

شاہ صفی: صفوی خاندان کا بادشاہ

صفی الله: حضرت آدم علیہ السلام کا لقب

صفیحه: (ع) چوڑی ہموار سطح، چوڑی تلوار (صفائح جمع)

صفیر: (ع) صدا، نوا، پرندوں کی آواز، سیٹی

صفیرزدن:: سیٹی بجانا

صفیر خواب: نیند میں خراٹے لینا

صِفّین: فرات کے کنارے کا مقام جہاں حضرت علی(رض) اور حضرت معاویہ (رض) کے مابین سخت جنگ ہوئی

صقّال: (ع) صیقل کرنے والا، صیقل گر، زنگار کو صاف کرنے والا

صقَر: (ع) شکاری پرندہ، چرغ یا چرخ

صقع: (ع) ضلع، صوبے کا ضلع

صِقل: (ع) زنگ دور کرنا

صقیل: صیقل کیا گیا

صَلا: دعوت، صدا، ندا، آواز، بلانا، مثال:

کی بود کی که ز خوان تو صلای برسد

از نوال تو نوای به گدای برسد

وہ وقت کب آئیگا جب آپ کے دستر خوان کی طرف سے بلانے کی صدا اس فقیر تک پہنچیگی

صلازدن، صلا دردادن: بلانا، پکارنا، اطلاع دینا

صُلاب: اسطرلاب

صلابَت: (ع) سختی، استحکام، استواری، ہیبت

صلاۃ صلوۃ: (ع) نماز

صِلات: (ع) صلہ کی جمع

صلاح: (ع) بہتری، نیکی، خوبی، اچھائی، مصلحت، راست روی، صدق، دیانت

صلاح دیدن: مصلحت دیکھنا

ظاہرش به صلاح آراسته بود: اس کی ظاہری صورت تواس کی راست روی کا پتا دیتی تھی

من رفتنِ آنجا را صلاح نمی دانم: میں وہاں جانے میں مصلحت نہیں سمجھتا ہوں

من صلاح دولت می خواہم: میں حکومت کی بہتری کا خواہاں ہوں

صلاح دید: فیصلہ، بصیرت، ادراک، رائے

من این کار را به صلاح دید خودتان واگذار می کنم: میں اس کام کو آپ کی رائے یا فیصلے پر چھوڑتا ہوں

صلاح دیدن: قرین مصلحت سمجھنا

صلاح کار: پرہیز گار، نیکو کار

صلاحیّت: (ع) قابلیت، لیاقت، اہلیت، استعداد، نیکی، پارسائی، شایستگی

از صلاحیتِ او خارج است: اس کی قابلیت یا استعداد سے یہ بالا ہے

صاحب صلاحیت: قابل، با استعداد، نیک، پارسا

صلاحیت دار:: با صلاحیت، قابل، با استعداد

صَلا خوان: اذان دینے والا، موذن

صلایه: (ع) پتھر کی چوڑی ہموار سل جس پر دوائیں یا کچھ چیزیں پیستے ہیں

صلایه کردن: پیسنا یا کوٹنا ہاون دستے میں

صلب: (ع) دارکش، سولی، صلیب، حضرت عیسی(ع) کا صلیب پر چڑھایا جانا

صلب: (ع) سخت

صُلب: (ع) کمر، کمر کی ہڈی وغیرہ، نسبت پدری

صُلبی:نسبت پدری

صُلبیہ:(۱) صلبی (۲)پردہ چشم، جھلی

صَلت:(ع) کھلی پیشانی، دلیر شخص، شمشیر براں

صُلح:(ع) آشتی، مصالحت، ملاپ، سلامتی، موافقت

صلح برقرار کردن:امن و سکون قائم کرنا، باہم مصالحت کر لینا

صلح دادن:مصالحت کرا دینا

صلح کردن:میل ملاپ کرنا، رنجش وغیرہ دور کر کے پھر سے مصالحت کر لینا

صلح موقتی: وقتی صلح

او را با برادرش صلح دادم: میں نے اس کی اس کے بھائی سے مصالحت کرادی

بحالت صلح در آوردن:آپس میں مصالحت کرادینا

صلحاً:(ع) مصالحت کے طور سے

صُلحا:صالح کی جمع، نیک، پرہیزگار، پارسا لوگ

صلح آمیز:صلح پسندی، جس میں مصالحت کا عنصر ہو، تالیف قلوب

صلح جُو:امن پسند، مصالحت کا خواہشمند

پیر مرد صلح جو بود:وہ بزرگ صلح کرادینے کا خواہشمند تھا

صلح جوی:مصالحت کرا دینے کی خواہش

صلح دہندہ:مصالحت کرانے والا

صلح شکن:صلح کو ختم کر دینے والا، آمادہ پیکار، لڑائی پر تلا ہوا

صلح نامہ:صلح کا معاہدہ

صلحی:صلح سے متعلق، امن و امان کی کیفیت

صلحیہ:صلح کی دادگاہ، جہاں آپس میں مصالحت کرائی جائے

صلصال:سوکھی مٹی

صلصل:فاختہ

صلع:گنجا پن، سر کے بالوں کا گرنا

صلعت:(ع) سر کے سامنے کے بالوں کا گرنا

صلعم:(ع) صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم کا مخفف

صلف:لاف مارنا، یا وہ گوی کرنا، خود ستائی

صلم:بیخ و بن سے اکھاڑنا

صلوات:صلات کی جمع، نمازیں، درود و سلام، صلوات

فرستادن: درود سلام بھیجنا

صِلہ:(۱) عطیہ، احسان، جائزہ، انعام و اکرام، عطا

صلہ رحم:قرابت داروں کی دیکھ بھال اور مدد جس کی شریعت نے تاکید کی ہے

صلہ رحم پرستی:قرا بتداروں کی پاسداری

صلی:(ع) اس نے برکت دی، اسے برکت حاصل ہو

اللھم صلی علی محمد و آل محمد:خدا رحم فرما حضرت رسول کریم اور آپ کی آل پر، اسکا مخفف ہے صلعم

صلیب:(ع) سولی، وہ سولی جس پر حضرت عیسٰی(ع) کو یہودیوں نے چڑھایا تھا

صلیب احمر:ریڈکراس

صلیب کردن:سولی پر چڑھانا، تختہ دار پر لٹکانا

اہل صلیب:عیسائی، مسیحیاں

حضرت عیسی بر صلیب مصلوب

گردید: حضرت عیسی صلیب پر چڑھا دیے گئے

صلیب مانند: صلیب کی شکل کا

صلیب وار: سولی کی مانند

جنگ صلیبی: صلیبی جنگ، بیت المقدس مسلمانوں سے لینے کے لیے مسیحیوں کی جنگ

صُمّ: (ع) بہرہ

صَمّا: (ع) سخت، نیز بہری عورت

صخرہ صما: سخت پتھر جو ٹوٹ نہ سکے

صمات: (ع) خاموشی، سکوت

صِماخ: (ع) کان کا پردہ، کان کا سوراخ

پردہ صماخ: کان کا سوراخ

صُمان: صم کی جمع، جو کانوں سے سن نہ سکیں، بہرے

صمت: (ع) خاموش ہو جانا، سکوت اختیار کرنا، خاموشی، سکوت

صمَد: (ع) ابدی، بے نیاز جو کسی کا محتاج نہ ہو، صفت اللہ تعالی، مثال:

ذات پاکت چو ہست بی مانند

زان سبب نام تو صمد خوانند

آپ کی ذات پاک بے نظیر ہے اس وجہ سے آپ کا نام صمد ہے۔

صمدان: ابدی، لازوال، ایزدی

صمدانی: ابدی، سرمدی

صمدانیت: ابدیت، دوام، ہمیشگی، بقائے دوام، سرمدیت

صمَدی: صمدان، صمدیت، الوہیت

صمصام، صمصامہ: (ع) تیز تلوار

صمغ: (ع) گوند، سریش

صمغ کاج: سفید گوند

صمغ صنوبر: صنوبر کی گوند

صمغ آور: گوند پیدا کرنے والے (درخت)

درختان صمغ آور: گوند پیدا کرنے والے درخت

صمغی: گوند پیدا کرنے والے

صمَم: بہرہ پن، کری

صُموت: خاموش، ساکت

صمیم: (ع) تہ، مغز، پاک، بے الائش، سچا، گہرائی

از صمیم قلب: دل کی گہرائی سے

صمیمانہ: دل سے، دلی جذبے کے ساتھ، مخلصانہ طور سے

صمیمانہ او را دوست داشتم: میرا وہ دلی دوست تھا

صمیمی: خالص، مخلصی، مخلص، سچا

دوست صمیمی: مخلص دوست

صنادِید: (ع) صندید کی جمع، بزرگان، سرداران

صنادِیق: (ع) صندوق کی جمع

صنّاع: (ع) صنعت گر

صناع: صانع کی جمع، چیزیں بنانے والے ہنر مند

صناعت: (ع) صنعت سے متعلق، یا ہنر مندی کے لحاظ سے

صنّاعی: (ع) صنعت و حرفت سے متعلق

صنائع، صنایع: (۱) دستکاریاں، صنعت و حرفت کے کاروبار، مصنوعات، (۲) ترکیبات، زبان شعر یا نثر میں ترکیبات استعمال کرنا

صنائع تقلیدی: وہ صنعتیں جو کسی کی تقلید میں قائم

کی جائیں

صنائع فکری یا ذوقی:فنون لطیفہ، فنون آزاد، صنائع جو اپنے خیال یا ذوق کے مطابق اختیار کی جائیں

صنائع مستظرفہ:فنون ظریفہ، فائن آرٹس

صنائع وطنی:ملکی صنعتیں

صنائع یدی:ہاتھ سے بنائی ہوئی دستکاریاں

حرفت و صنائع:کاریگری، دستکاری

دارالصنائع:صنعت و حرفت کی ورک شاپ، کارخانہ صنائع

صنج:جھانجھ، جلاجل، پیتل کا ایک ساز

صندل:(ع) چندن، درخت جس کی لکڑی خوشبودار ہوتی ہے، لکڑی جلے تو اس سے خوشبو آتی ہے اس سے صندل کا شربت، صندوق اور کرسیاں بنتی ہیں

صندلی:کرسی

صندلی بالش دار:آرام کرسی

صندلی تاشو:کرسی جو تہ کی جا سکے

صندلی حصیری::بید وغیرہ سے بنی ہوئی کرسی

صندلی دستہ دار:بازؤوں والی کرسی

صندلی راحتی::آرام کرسی

صندلی گہوارہ ای، صندلی تاب:جھولا کرسی

صندلی وعظ:(۱) منبر

صندوق:(ع) لکڑی کا بکس، کپڑے رکھنے کا بڑا لکڑی کا بکس، پیٹی جس میں روپے پیسے حفاظت سے رکھے جائیں

صندوقِ آرا:بیلٹ باکس جس میں ووٹ ڈالے جائیں

صندوق آہنی:لوہے کا صندوق، لوہے کی الماری

صندوق پُست:ڈاکخانہ کا لیٹربکس

صندوق دار:خزانچی، خزانہ دار

پول را گذاشت توی صندوق:اس نے رقم صندول کے نچلے حصے میں رکھ دی

دو صندوق پُر تقال:سنگتروں کی دو پیٹیاں

رئیس صندوق:خزانہ دار، خزانچی

شُعبہ صندوق:خازن کا دفتر (صندوق کی جمع صنادیق)

صندوقچہ:چھوٹا صندوق

صندوق خانہ:(۱)وارڈ روب جس میں کپڑے رکھے جائیں، (۲)خلوت خانہ جہاں حفاظت کے لیے صندوق رکھے جائیں

صندوق دار:خازن، خزانہ دار، خزانچی

صندوقی:صندوق کی طرح کا

صندید:(ع) بزرگ، سردار، دلیر، شجاع (صنادید جمع)

صنع:(ع) صنعت و حرفت کا کام، تخلیق کی قوت

صنعِ الٰہی:اللہ تعالی کی تخلیق

صنعا:یمن کا مشہور شہر

صنعائی:شہر صنعا سے منسوب

صنعت:(ع) فن، کاریگری، ہنر مندی (صناعات جمع)

این گلدان صنعت ملتان است:یہ گلدان ملتان کی صنعت ہے

صنعت کار:صنعت گر، صنعت پیشہ، ہنر مند

صنعت گری:صنعت کا کام، دستکاری، ہنر مندی

صنعتی:صنعت سے متعلق

صنف:(ع) نوع، جنس، قسم (اصناف جمع)

صَنَم: بت، تصویر، پسندیدہ چیز، مجازاً محبوب

صنم پرست: بت پرست

صنم خانہ، صنم کدہ: بتکدہ، بت خانہ

صنم گر: بت تراش

صِنو: (ع) بھائی، بیٹا

صنوان: (ع) صنو کی جمع

صنوبر: (ع) چیڑ کا درخت

صنوبر قامت: صنوبر جیسے قد والا، سروقد، قد زیبا، قدرعنا

صنوبری: (ع) صنوبر جیسا، صنوبر کا بنا ہوا

صنوف: (ع) صنف کی جمع

صنیع: (ع) ہاتھ سے بنائی ہوئی کوئی چیز، صیقل کی ہوئی تلوار، نیز جامہ پاکیزہ، نیکی

صنیعَت: (ع) اچھا کام، احسان، نیکی

صنیعہ: (ع) کام (ہنر یا فن وغیرہ سے متعلق) نیک کام، احسان، پرورش یافتہ

صواب: (ع) درستی، راستی، درست راستہ، اچھا عمل

رائے صواب: درست رائے

صدقہ دادن صواب است: صدقہ دینا نیک عمل ہے

صواب کردن: اچھا عمل کرنا

صواب اندیش: اچھی سوچ، عاقبت اندیش، آدم نیک نظر، خوش کار

صوابدید: (ع) نظر صائب، منظوری، مصلحت، موافقت

بہ صوابدید او این کار را کردم: اس کی منظوری یا موافقت سے میں نے یہ کام کیا

صوارِم: (ع) صارم کی جمع، تیز تلواریں

صواعِق: (ع) صاعقہ کی جمع، دیکھیے صاعقہ

صواغ: (ع) زرگر، صائغ کی جمع

صواغ: (ع) در و غگو، گفتگو کو آراستہ کرنے کے لیے دروغ گوئی کرنا

صوامِع: (ع) صومعہ کی جمع، گوشہ نشینوں کے خلوت خانے

صوان: (ع) لباس رکھنے کی جگہ، جامہ دان

صَوب: (ع) طرف، جانب، راہ

از کدام صوب آمدند: وہ کس طرف سے آئے

صُوبہ: (ع) تودہ، انبار، گندم وغیرہ کا انبار

صُوبہ: سلطنت کا وہ حصہ جس میں کئی پرگنے شامل ہوں، پاکستان کے چار صوبے ہیں سندھ، پنجاب، بلوچستان، اور شمال مغربی سرحدی صوبہ

صَوت: (ع) آواز، صدا (اصوات جمع)

صوتِ خوش: دلربا آواز، صدائے خوش کن، دل نشین آواز

حُسنِ صوت: آواز کی دلربائی

مقیاسِ صوت: صدا شناس

صُور: (ع) سینگ، نرسنگھا، وہ نرسنگھا جو قیامت کے دن حضرت اسرافیل(ع) پھونکیں گے

روز صور: روز قیامت

صُوَر: (ع) صورت کی جمع، نقوش، رنگ ڈھنگ

صورِ ماہ: چاند کی مختلف ہئتیں

صورت: (ع) شکل، نقش، وضع، حالت، رنگ ڈھنگ، چہرہ ترتیب، فہرست۔

صورت اوقات:نظام الاوقات، ٹائم ٹیبل۔

صورت برداشتن:فہرست مرتب کرنا۔

صورت بستن-صورت کشیدن:تصویر بنانا۔

صورت حساب:بل، بیچک۔

صورت خوراک:خوراک کا بل۔

صورت خرج و دخل سالانہ:سالانہ آمدو خرج کا گوشوارہ۔

صورت عجیبی روی آن سکہ بود:اس سکے پرعجیب سا نقش تھا۔

صورت فلکی:ستاروں کا مجمع، جھمکا، علی الاتصال جھرمٹ ہونا، مجموعہ نجوم۔

صورت کلیہ اثاثیہ در دو روز برداشتند:تمام جائداد کی فہرست انھوں نے دو دن میں تیار کی لی۔

صورت گر:نقاش۔

صورت گرفتن:تکمیل کو پہنچنا۔

صورت مجلس:مجلس کی کارروائی سرکاری رپورٹ۔

صورتی از کتب تہیہ کنید:کتابوں کی فہرست تیار کیجیے۔

آن کار را در دو روز صورت انجام داد:یہ کام اس نے دو دن میں انجام دیا۔

در صورتِ امکان:ممکن حالت میں۔

در صورتِ لزوم:لازمی طور سے۔

در صورتیکہ:ایسی حالت میں، در حالیکہ۔

در ہر صورت:ہر حالت میں۔

دریں صورت:اس صورت حال میں بنا بریں۔

درین صورت چہ باید کرد:اس معاملے میں کیا کرنا چاہیے۔

دست و صورت خود را بشست:اس نے اپنا ہاتھ منہ دھویا۔

شکل آن حیوان چندین صورت پیدا می کند:اس جانور کی کئی شکلیں ظاہر ہوتی ہیں۔

ظن گرفتنِ آن صحبت صورت خوشی نخواہد داد:اس گفتگو پر کسی قسم کا شبہ کرنا خوشی کا موجب نہ ہوگا

صورت بند:صورت ساز، تصویر بنانے والا مصور۔

صورت پذیر:قابل عمل، عمل پذیر، کارآمد۔

صورت پَرست:جو ظاہری حسن کا دلدادہ ہو۔

صورت پرستی:حسن ظاہر کی دلدادگی۔

صورت ساز:صورت گر، تصویر بنانے والا، مصور۔

صورت سازی:تصویر بنانا۔

صورت گر:صورت ساز، تصویر بنانے والا مجسمہ ساز۔

صورتگری:تصویر سازی، تصویریں بنانا، مجسمہ سازی۔

صورت نگار:صورت گر۔

صورت نویس:فہرست ساز۔

صورت نویسی:فہرست مرتب کرنا۔

صورتی:ہلکا سرخ رنگ، گلاب کے پھولوں کی سی رنگت، خوبصورت۔

صورۃً:(ع)ظاہری طور سے۔

صورۃً قشنگ است:ظاہری طور سے بہت خوبصورت ہے۔

صُوری:(ع)ظاہری (معنوی اور حقیقی کا متضاد)۔

علل صوریہ: ظاہری اسباب۔

صُوغ: (ع)مثل، مانند، شکل، قدر۔

صوف: (ع)اون، اون کا بنا ہوا کپڑا۔

صُوفہ: (ع)اونی قبا۔

صوفی: (ع)پاک صاف شخص، پشمینہ پوش، درویش غیر حق سے دل صاف کرنے والا، مسلک تصوف پر عمل کرنے والا۔

صوفیانہ: صوفی کے انداز میں۔

صوفیہ: صوفی مسلک کے لوگ۔

صَولت: (ع)رعب، دبدبہ، ہیبت، قدرت، سطوت۔

صَولجان: (ع) (۱)چوگان، عصا (۲)عصائے بادشاہی۔

صَوم: (ع)روزہ۔

صَومع: (ع)پہاڑ کے اوپر راہب کی عبادتگاہ خانقاہ (صوامع جمع)۔

صَومعہ: (ع)تارک الدنیا درویشوں کی خلوت گاہ۔

صومعہ نشین: خلوت نشیں درویش۔

صَون: (ع)صیانت، حفاظت، نگہداری، حفظ و امان، حمایت، پناہ۔

صہبا: (ع)مونث اصہب بمعنی سرخ و سفید، شراب۔

صہبازدن: شراب پینا، شراب نوشی کرنا، بادہ نوشی کرنا۔

صِہر: (ع)رشتے داری، عورت کی طرف سے، داماد ،سالا، بیوی کا بھائی۔

صِہریج: (ع)حوض۔

صہیل: (ع)شیہہ، گھوڑے کا ہنہنانا۔

صِیاح: (ع)چیخ و پکار، فریاد۔

صیّاد: (ع)شکاری۔

صیادماہی: مچھلیوں کا شکاری۔

صیاد طیور: پرندوں کا شکاری۔

صیّادی: شکار کرنا۔

صَیّاغ: (ع)(۱)یاوہ گو جو اپنی باتوں کو آرائش سے بیان کرتا ہے (۲)زرگر۔

صیاغت: (ع)(۱)یا وہ گوئی (۲)زرگری۔

صیاقل: (ع)صیقل کرنے والا، پالش کرنیوالا چمکانے والا۔

صِیام: (ع)صوم کی جمع، روزے رکھنا۔

شہر صیام: ماہ صیام، ماہ رمضان۔

ماہ صیام: ماہ رمضان جس میں روزے رکھے جاتے ہیں۔

صِیانت: (ع)نگہداری، حفظ و امان، حمایت، حفاظت۔

صیانت کردن: نگہداشت کرنا، حمایت کرنا، حفاظت کرنا۔

رسوم اجدادی را صیانت می کنند: آباء و اجداد کی رسوم کی پابندی کرتے ہیں۔

صیانت نفس: خود اپنی ذات کی نگہداشت۔

صِیت: (ع)شہرت، مشہوری، نیک نامی۔

صِیح: (ع)صیاح، چیخ و پکار، نالہ و فریاد۔

صِیحہ: داد و فریاد، آہ و بکا۔

صیحہ زدن: فریاد کرنا۔

صَید: (ع)شکار۔

صید کردن: شکار کرنا۔

صید ماہی رفتن: مچھلی کے شکار کو جانا۔

صید را چون اجل آید سوی صیاد رود: شکار کی جب موت آتی ہے تو وہ صیاد کا رخ کرتا ہے، جب کسی کا وقت آخر آجائے تو بچنے کا کوئی

چارہ نہیں ہوتا۔

صیدگاہ: شکار گاہ۔

صَیدلت: دوا فروشی۔

صَیرفی: صراف۔

صِیغ: (ع) صیغہ کی جمع۔

صیغہ: (ع) (۱) فعل کی صورت، طریقہ، اصل، شکل و صورت (۲) وقتی نکاح، متعہ، وقتی نکاح اہل تشیع میں رائج ہے۔

صیغہ کردن: وقتی نکاح کرنا۔

صیغہ ماضی: زمان گزشتہ۔

صَیف: (ع) موسم گرما۔

صیفی: () موسم گرما سے متعلق۔

صیفی کاری: موسم گرما کی کاشتکاری۔

صیفیّہ: موسم گرما گزارنے کا مقام۔

صَیقل: (ع) چمکانا، پالش کرنا۔

صیقل زدن: پالش کرنا، چمکانا۔

فولاد را صیقل زد کہ براق شود: فولاد کو اس قدر چمکایا کہ وہ چمکدار ہوگیا۔

صیقل دادہ: صیقل زدہ، چمکایا ہوا، پالش کیا ہوا۔

صیقل گر: چمکانے والا، پالش کرنے والا۔

صیقلی: پالش شدہ۔

صِین-چین، ملک چین۔

صینی: چینی، چین کا باشندہ۔

ض

ض- فارسی ابجد کے حروف میں اٹھارواں حرف، عربی کا پندھرواں اور اردو کا اکیسواں حرف، اس کے عدد آٹھ سو ہیں۔

ضابِط: (ع) منتظم، حفاظت کرنے والا، (۲) حاکم، قائد، مرد باہوش۔

ضابط خزانہ: خزانہ دار۔

ضابط کل: چیف مینیجر۔

قوت ضابط: قابو میں رکھنے کی قوت۔

ضابطِہ: (ع) قانون، آئین، قاعدہ، حکم۔

ضابی: (ع) خاکستر۔

ضاجِر: بے آرام، بیقرار شخص۔

ضاغِط: (ع) نگہبان۔

ضال: بھٹک جانا۔

ضالہ: (ع) گم شدہ چیزیں مادی ہوں یا معنوی۔

ضامِن: (ع) ضمانت دینے والا، ذمے دار، کفیل۔

ضامن شدن: ضمانت دینا۔

ضامن کردن و مُرخص کردن: ضمانت لے کر رہا کرنا۔

ضامن گرفتن: ضامن لانے کے لیے کہنا۔

من ضامن می شوم کہ حاضر می شود: میں ضمانت دیتا ہوں کہ وہ حاضر ہو جائیگا۔

ضائع: (ع) تباہ و برباد، خراب، اکارت، بے فائدہ۔

ضائع شدن: خراب ہو جانا، اکارت جانا، بیکار ہو جانا۔

ضائع کردن: خراب کرنا، تباہ کرنا، بیکار کردینا۔

تخم مرغ ضائع شد: انڈا خراب ہوگیا۔

تربیت نامستعد ضائع است: جاہل شخص کی تربیت کرنا محنت کو اکارت کرنا ہے۔

قول خود را ضائع کردن: کہی ہوئی بات پر پانی پھیر دینا۔

ضایعات: ضائع کی جمع، تباہ شدہ چیزیں، بیکار چیزیں۔

ضب: (ع) چھپکلی، سوسمار۔

ضباب: ضب کی جمع، چھپکلیاں۔

ضبّاط: (ع) نظم و ضبط کرنے والا، دفتر میں فائلیں رکھنے والا، مہتمم، محافظ خانہ، محافظ۔

ضباطی: فائلیں سنبھالنا، فائلیں بنانا۔

ضباع: (ع) ضبع کی جمع، دیکھیے ضبع۔

ضبط: (ع) انتظام، نظم، ترتیب، بندوبست، نگہداری، ہر شے پر نگاہ رکھنا، تحمل، برداشت، قرقی۔

ضبط صوت: وہ آلہ جس سے آواز ضبط کی جاتی ہے۔

ضبط کردن: قرق کرنا، توقیف کرنا۔

ضبط نفس: خودداری، نفس پر قابو پانا۔

ضبط نفس کردن: نفس پر حاوی ہونا، خودداری کرنا۔

ضبط و ربط کردن: اختیار میں لانا، محاسبہ کرنا۔

درضبط: فائل میں شامل۔

ضباط آن اوراق را ضبط کرد: فائل رکھنے والے نے ان اوراق کو فائل میں شامل کرلیا۔

قوہ ضبط: قوت ضبط، نظم و نسق کی صلاحیت۔

ضبطی: قرقی، توقیف۔

اموال ضبطی: ضبط شدہ جانداد، جانداد جو فائل میں درج ہے۔

اوراق ضبطی: فائل میں رکھنے والے اوراق۔

ضَبع: (ع) ایک شکاری جانور، نیز بمعنی خشک سال۔

ضجاج: (ع) خوفزدہ ہو کر چیخنا۔

ضجَر: (ع) آہ و زاری کرنا، بیقرار ہونا، افسردہ ہونا، بے قرار، بے آرام۔

ضجرت: (ع) خستگی، تھکاوٹ، بیزاری، بیقراری، افسردگی، آزردگی، دل تنگی۔

ضجُور: خستہ و لاچار، بیزار، افسردہ، آزردہ، ملول۔

ضجّہ: (ع) آواز، نالہ و فریاد۔

ضجیج: (ع) خوف سے نالہ و فریاد کرنا۔

ضجیع: (ع) ہم خواب، ہم خوابہ، ہم بستر، بیوی۔

ضجیعہ: (ع) شادی شدہ عورت، ہم خوابہ۔

ضحا: (ع) ظہر کے قریب کا وقت۔

ضحاک: (ع) ایران کے اساطیری دور کا ایک ظالم بادشاہ، کہا جاتا ہے کہ اس کے دونوں کندھوں پر سانپ نکل آئے تھے، دو آدمیوں کو ہلاک کرکے ان کے مغز سانپوں کو کھلاتے جاتے تھے اس کے ظلم و ستم کے خلاف کاوہ لوہار اٹھا قوم نے اس کا ساتھ دیا، اس جدوجہد میں ضحاک ہلاک ہوا اور کاوہ نے قدیمی خاندان کے فرد فریدوں کو تخت نشیں کردیا فریدوں نے اس کی یادتازہ رکھنے کے لیے اپنے قومی پرچم کا نام درفش کاویانی رکھا ضحاک کے لفظی معانی ہیں ہنسنے والا۔

ضحایا: (ع) دیکھیے ضحیہ۔

ضحِک: (ع) ہنسنا، خندہ۔

ضحِکہ: (ع) ہنسنے ہنسانے والا، مسخرہ۔

ضحی: (ع) طلوع آفتاب کا وقت، چاشت گاہ۔

ضحیّہ: (ع) بھیڑ بکری کی قربانی جو چاشت کے وقت دی جاتی ہے (ضحایا جمع)۔

ضخام: موٹا، فربہ۔

ضخامت: جسامت، حجم،، لمبائی، چوڑائی اور موٹائی۔

ضِخیم: (ع)بڑے حجم والی، موٹی (کتاب وغیرہ)۔

ضخیم کردن: حجم بڑھانا۔

ضخیم: (ع)موٹی جلد۔

حیوانات ضخیم الجلد: موٹی کھال والے چوپائے خصوصاً سم دار چوپائے۔

ضخیمی: ضِخامت۔

ضِد: (ع)برخلاف، مخالف، برعکس، نقیض۔

الضّدان لایَجتمعان: دو مخالف نہیں ملتے۔

ضِدشرِیف شریر است: شریف کے برعکس شریر ہے۔

آن دو نفرباہم ضد بودند: وہ دو آدمی ایک دوسرے کے مخالف یا حریف تھے۔

اُوبرضد قانون عمل کند: وہ قانون کے خلاف عمل کرتا ہے۔

برضد: مخالف۔

معالجہ بضد: علاج بضد۔

ضد عفونی: ازالہ جراثیم۔

ضدگوئی: مخالف بات کرنا، مخالفت میں بات کرنا۔

ضدگوئی کردن: کسی کی مخالفت میں بات کرنا۔

ضدیّت: مخالفت۔

ضدیت کردن: مخالفت کرنا۔

او باہمہ کس ضدیت می کند: وہ ہر شخص کی مخالفت کرتا ہے۔

ضَدید: (ع)مخالفت، مخالف، دشمن، نیز بمعنی مثل، نظیر۔

ضر (ع)ضرر، نقصان، خسارہ، دکھ، تکلیف۔

ضراء: زیان، نقصان، تنگدستی، بد بختی۔

ضرّاب: (ع)سکہ ڈھالنے والا، مہریں لگانے والا۔

ضرابخانہ: دارالضرب، ٹکسال۔

ضِراب: جنگ کرنا۔

ضِراح: گھوڑے کا دلتی مارنا۔

ضرارت: (ع)بینائی کا جاتے رہنا۔

ضراعت: (ع)عاجزی، انکساری، فروتنی۔

ضِرام: (ع)جلانے کی لکڑی۔

ضرائح: (ع)ضریح کی جمع، قبریں۔

ضرائر: (ع)ضروریات، ضروری استعمال کی چیزیں (جمع ضریرہ)۔

ضرب: (ع)(۱)سکہ ڈھالنا، مہریں لگانا، ضرب سکہ (۲)چوٹ، جبر، دباؤ۔

یک ضرب شمشیر او را ہلاک کرد: شمشیر کے ایک وار نےاسے ہلاک کردیا۔

ضرب دیدن: چوٹ لگنا۔

ضرب کردن: ضرب دینا، حساب کا عمل، سکہ ڈھالنا۔

این غذا را فقط بہ ضرب ترشی میتوان خورد: اس غذا کو صرف ترشی کی مدد ہی سے کھایا جاسکتا ہے۔

ضرب: (ع)علم حساب کے عملوں میں سے ایک مضروب اور دوسرا مضروب فیہ ہوتا ہے اس عمل کو حاصل ضرب کہتے ہیں۔

ضربات: ضرب کی جمع، چوٹیں۔

ضرب الاجَل: معین وقت۔

ضرب الفتح: ڈھول یا نقارہ بجانا فتح کے موقع پر۔

ضرب المثَل: محاورہ۔

ضرب المثل شدن: محاورہ بن جانا۔

بطور ضرب المثل: محاورے کے طور پر۔

ضرب المثلی: محاورے کے طور سے، مشہور، شہرہ آفاق۔

ضربان: (ع)دل کا دھڑکنا، نبض کا چلنا۔

ضربانِ قلب: دل کی دھڑکنیں۔

ضربان نبض: نبض کی حرکتیں۔

ضربَت: (ع)ایک چوٹ، ایک زخم (ضربات جمع)۔

دو ضربت سخت بہ او وارد آوردند: اسے دو سخت ضربیں لگائیں۔

ضربخانہ: ٹکسال، دارالضرب، ضراب خانہ، جہاں سکے ڈھالے جاتے ہیں۔

ضرب خور: جسے کوڑے لگائے جائیں۔

ضرب خوردہ: جسے کوڑے لگائے گئے ہوں، جسے ضرب لگی ہو، زخم آگیا ہو۔

ضربہ: (ع)ضربت، ضرب لگانا۔

ضربی: حساب کے عمل ضرب سے متعلق۔

ضَرر: (ع)نقصان، خسارہ، زیان، دکھ، تکلیف۔

ضرر کردن: خسارے پر بیچنا۔

ضررکشیدن: نقصان اٹھانا۔

ضررندارہ: نقصان کی کوئی بات نہیں۔

آن کتاب را بچہار روپیہ ضرر فروخت: وہ کتاب اس نے چار روپے کے نقصان پر فروخت کی۔

بضرر فروختن: نقصان اٹھاکر فروخت کرنا۔

جبران ضرر کردن: نقصان کی تلافی کرنا۔

چہ ضرر دارہ: اس میں کیا نقصان ہوگا۔

ضِرس: (ع)دانت، چکی کے دندانے۔

ضَرِس: (ع)تندخو، جس نے بہت سفر کیے ہوں، جنگ آزمودہ۔

ضرط: (ع)ہوا کا خارج ہونا، گوز، پاد۔

ضرع: (ع)پستان، گائے بھینس وغیرہ کے تھن۔

ضرغام: (ع)شیر، اسد، مرد دلاور، شجاع۔

ضرغم: (ع)درندہ، شیر۔

ضروب: (ع)ضرب کی جمع۔

ضرورت: حاجت جس کے بغیر کام نہ چلے، احتیاج۔

برحسب ضرورت: ضرورت کے مطابق۔

ضرورت مند: محتاج۔

ضروری: (ع)لازمی، جس کے بغیر چارہ نہ ہو۔

ضروس: (ع)ضرس کی جمع۔

ضروع: (ع)جمع ذرع۔

ضریب: (ع)عام جزو (ریاضی)ضرب دینے والا۔

ضریبہ: (ع)(۱)مالیات، باج (۲)سرشت، فطرت، عادت۔

ضرِیح: (ع)قبر، قبر کا گھیرا (ضرائح جمع)۔

ضریر: (ع)نابینا، کور۔

ضریرہ: (ع)نابینا عورت۔

ضرِیع: (۱)چوڑی چھاتی والا (۲)خشک درخت (۳)کھجور کا کانٹا (۴)ایک بدبودار پودا۔

ضریم: (ع)آگ سے جلنا۔

ضِعاف: (ع)ضعیف، کمزور، لاغر۔

ضُعف: (ع)کمزوری، لاغری۔

ضعفِ اعصاب: رگ وریشہ کی کمزوری۔

ضعفِ باصرہ: بینائی کی کمزوری۔

ضعف رفتن-ضعف کردن: غش آنا، بیہوش ہونا۔

ضعف سامعہ: قوت سامعہ کی کمزوری۔

ضعف شامہ: قوت شامہ کی کمزوری۔

ضعف عقل: عقل کی کمزوری۔

ضِعف: (ع)دوگنا، اضعاف جمع۔

اضعاف: دو چنداں۔

ضُعفا: (ع)ضعیف کی جمع۔

ضعیف: (ع)کمزور، غریب، مفلس۔

ضعیف الاعتقاد: کمزور عقیدے کا۔

ضعیف البصر: کمزور بصارت والا۔

ضعیف البنیہ: کمزور جسم والا، لاغر۔

ضعیف الجثہ: دبلا پتلا۔

ضعیف الحال: غریب، مفلس، نادار۔

ضعیف العقل: کم عقل۔

ضعیف المزاج: کمزور طبیعت والا، ناتواں،بیمار۔

ضعیف النفس: جسے اپنے آپ پر بھروسا نہ ہو۔

ضعیفہ: (ع)کمزور ناتواں عورت۔

ضعیفی: کمزوری، لاغری، ناتوانی۔

ضِغث: (ع)یاوہ، پوچ، بیہودہ گو۔

ضِغث: (ع)درہم برہم، آشفتہ، پیچیدہ، خشک و تر کو ملانا۔

ضُغط: (ع)دباؤ، فشار۔

ضغطہ: کچلنا، بھینچنا، دباؤ، ضرب۔

ضغطہ ای: جس پر دباؤ پڑا ہو۔

ضغن: کینہ۔

ضغینہ: کینہ، فساد، عداوت، بغض۔

ضَفدَع: (ع)(۱)مینڈک، قورباغہ، غوک۔

ضفن: بیضہ دان۔

ضَل: (ع)نقصان، تباہی، غلطی، الجھن، گمراہی، ضلالت۔

ضَلال-ضلالت: (ع)گمراہی، راستے میں بھٹک جانا، غلطی، الجھن۔

بضلالت افتادن: گمراہ ہو جانا۔

بضلالت انداختن: کسی کو گمراہ کرنا۔

ضلّت: (ع)گمراہی، سرگردانی، سراسیمگی۔

ضِلع: (ع)گوشہ، کنار، طرف، پہلو کی ہڈی۔

مربع چہار ضلع دارد: مربع کے چار اطراف ہوتے ہیں۔

پنج ضلعی: جس کے پانچ اطراف ہوں۔

ضلل: (ع)غلطی، گمراہی۔

ضلوع: (ع)ضلع کی جمع۔

ضلیل: (ع)گمراہ شدہ۔

ضَم: (ع)شامل ہونا، الحاق ہو جانا، مل جانا، پیوست ہو جانا۔

ضم کردن: شامل کرنا، ملحق کر دینا، پیوست کرنا، الحاق کردینا۔

ضماد: (ع)مرہم جو زخم پر لگائی جاتی ہے۔

ضماد گذاشتن: مرہم لگانا، پٹی باندھنا۔

ضمان-ضمانت: (ع)کفالت، ذمے داری۔

ضمانت کردن: ذمے داری لے لینا۔

من ضمانت درستی اُورا می کنم: میں اس کے اچھے عمل کی ذمے داری لیتا ہوں۔

ضمانت نامہ: ضمانت کا عہدنامہ۔

ضمانتی: جس کی ضمانت دی گئی ہو۔

ضمان دار: ضامن، ضمانت دینے والا۔

ضمائر: (ع)ضمیر کی جمع۔

ضمائم: (ع)ضمیمہ کی جمع۔

ضَمر: (ع)پتلی کمر والا، خوش اندام۔

ضُمر: (ع)لاغری۔

ضَمرت: (ع)مونث ضمر، خوش اندام خاتون۔

ضِمن: (ع)شرکت، فصل، دفعہ، سلسلہ، دوران، اثنا، مضمون، اندر، مثال:

ہزار گونہ شکایت بہ ضمن خاموشی
بنالہ ای کہ ندارد اثر چہ کارمرا

اس خاموشی کے اندر یا تحت ہزاروں شکائیتں ہیں، نالہ و فریاد جس کا کوئی اثر نہ ہو میرے کس کام کا۔

درضمن نطق خود گفت کہ۔۔۔: اپنی گفتگو کے دوران اس نے کہا کہ۔

درین ضمن: اس سلسلے میں۔

درین ضمن من ہم بیکار بودم: اس اثنا میں میں بھی بیکار تھا۔

ضمناً: (ع)اس اثنا میں، ضمنی طور سے۔

ضمنی: جس کی طرف اشارہ ہو مگر صاف الفاظ میں ذکر نہ ہو، اشارۃً۔

واقعہ ضمنی: حادثہ اتفاقی۔

ضمور: لاغر، کمزور۔

ضمّہ: حروف کی علامتِ "پیش"۔

ضمیر: (ع) (۱)وجدان، دل، راز، وہ بات جو دل میں گزرے، ذہن (۲)وہ کلمہ جو اسم کی جگہ پر استعمال ہو۔

ضمیر اشارہ: اسم اشارہ، مثلاً آن این وغیرہ۔

ضمیر مبُہم: جیسے ہیچ، کدام کوئی۔

ضمیر ملکی: ضمیر جو ملکیت کو ظاہر کرے جیسے "ش" کتابش میں اس کی کتاب۔

ضمیر موصول: اسم موصول جیسے "کہ" کتابیکہ۔

ضمیر منفصل: جیسے من، تو، شما وغیرہ۔

ضمیران: (ع)دیکھیے ضیمران۔

ضمیری: دل و دماغ سے متعلق۔

ضمیم: (ع)ضم شدہ، ملا ہوا، پیوستہ، ملحق۔

ضمیمہ: (ع)وہ شے جو کسی اور شے پر اضافہ کرکے لگائی جائے، تتمہ، تکملہ۔

این مقالہ ضمیمہ ہم دارد: اس مقالے کے ساتھ اس کا تکملہ بھی شامل ہے (ضمائم جمع)۔

تلگراف را بکاغذ خود ضمیمہ کردم: اس تارکو میں نے اپنے خط کے ساتھ شامل کردیا ہے۔

ضَمین: ضامن، ضمانت دینے والا، کفیل۔

ضِنّت: (ع)بخیلی، کنجوسی، خست۔

ضنین: بخیل۔

ضَو: (ع)ضیا، روشنی۔

ضواحِک: (ع)سامنے کے دانت جو ہنستے ہوئے نظر آتے ہیں۔

ضوضا: دادو فریاد۔

ضوابِط: (ع)ضابطہ کی جمع۔

ضومران: ضیمران، ریحان، نازبو۔

ضِیا: (ع)روشنی، نور۔

ضیاپاشیدن: ضیا گستردن: روشنی پھیلانا۔

ضیادادن: روشنی بہم پہنچانا۔

ضیاءالدین: دین کی روشنی پھیلانے والے، درخشندہ، تابناک۔

ضِیاع: (ع)ضیعَت کی جمع، املاک۔

ضُیّاع: (ع)ضائع کی جمع، گم راہ یا کھویا ہوا، تباہ شدہ ضائع شدہ۔

ضِیاع: (ع)نقصان، خسارہ۔

ضِیافت: (ع)دعوت، مہمانی، مہمان نوازی۔

ضیافت کردن: دعوت دینا، مہمانی کرنا۔

ضیعَت: (ع)سرمایہ، مال تجارت، ملکیت۔

ضَیعہ: (ع)جائداد، ملکیت، زرخیز زمین۔

ضَیغم: شیر۔

ضَیف: (ع)مہمان، اجنبی یا غیر ملکی، ضیوف یا اضیاف جمع۔

ضِیق: (ع)تھوڑا، چھوٹا تنگ۔

وقت ضیق است: وقت کم ہے۔

ضیق:(ع)تنگ ہونا کھچاؤ پڑنا

ضیق النفس:(ع)تنگی نفس، سینہ میں درد سینے میں ہوا بھر جانا، سانس کا تنگی سے آنا دمہ۔

ضَیمران:(ع)ریحان، نازبو۔

ضیوف:(ع)ضیف کی جمع مہمان۔

ط

ط–فارسی ابجد کا انیسواں حرف، عربی کا سولھواں اور اردو کا بائیسواں حرف عدد کے لحاظ سے اس کے ۹ عدد ہیں۔

طاء:ط کا تلفظ۔

طاب:(ع)پاک، پاکیزہ۔

طاب ثرا:خدا کرے کہ اس کی مٹی قبر میں خوشبو بکھیرتی رہے۔

طابع:(ع)مہر، شاہی مہر جو پہلے زمانے میں خاص خاص موقوں پر استعمال کی جاتی تھی، مہر والی انگشتری۔

طابِع:(ع)طبع کرنے والا، چھاپنے والا۔

طابِق:(ع)مطابق ہونا، یکساں، جوڑ ہونا (دولت یا مرتبے میں)۔

طابق النعل بالنعل:(ع)پیروی کرتے ہوئے قدم بقدم چلنا۔

طاحِنہ:(ع)دانت، ڈاڑھ، چکی کے دندانے، طواحن جمع۔

طاحونہ:پتھر کی چکی جو پانی کی لہروں کے زور سے چلتی ہے، سنگ آسیاب، پن چکی (طواحین جمع)۔

طاحونہ ساز:چکی بنانے والا، آسیا ساز، آسیاکار۔

طارِف:(ع)نیامال جو دستیاب ہوا ہو۔

طارِق:(ع)آئندہ رات میں، رات کو نمایاں ہونیوالا ستارہ صبح۔

طارِم:(ع)لکڑی کا بنایا ہوا مکان (۲)باغ کے ارد گرد کی باڑ (۳)آسمان۔

طارم اخضر:(ع)کنایۃً آسمان۔

طارمی:(ع)جنگلے یا کٹہرے کا سلسلہ۔

طاری:ناگہانی، اچانک، غیر متوقع۔

طارئہ:(ع)بلا، بدنصیبی، آفت، مصیبت، آفت سماوی۔

طاس:(ع)تانبے کا کٹورا، طاسات جمع۔

طاس آبگون:کنایہ ہے آسمان کا۔

طاسش ازبام افتاد:راز افشا ہوگیا، عوام میں ذلیل ہوا۔

طاس حمام:تانبے کا برتن جس سے نہاتے ہیں۔

طاس زر:کنایۃً آفتاب۔

طاس زرین:جامِ زرین، سونے کا جام۔

طاس:گنجاسر۔

طاس باز:شعبدہ باز۔

طاس کباب:کبابوں کا طشت۔

طاسی:گنجا پن۔

طاع:(ع)فرمانبردار، مطیع و منقاد۔

طاعات:طاعت کی جمع۔

طاعت:(ع)بندگی، عبادت، فرماں برداری، عبادت کا کوئی عمل۔

طاعت پیشہ:مطیع، فرماں بردار۔

طاعت گاہ:عبادتگاہ۔

طاعِم:(ع)کھانے پینے والا، خوشحال، بے نیاز۔

طاعِن:طعن و تشنیع کرنے والا، طنز کرنیوالا، طعنہ زن۔

طاعُون:(ع)پلیگ، وبا۔

طاعون زدہ:جسے پلیگ ہوی ہو۔

طاعونی:مرض طاعون سے متعلق۔

طاغُوت:(۱)مکہ کے ایک قدیمی بت کا نام (۲)شیطان۔

طاغی:باغی، سرکش، متمرد، گردن کش، ستمگر، گستاخ۔

طاغیہ:طاغی کی تانیث۔

طوائف طاغیہ:باغی قبائل۔

طافِع:( )لبریز، جس نے بہت شراب پی ہو اور مستی کی کیفیت میں ہو۔

طاق:(۱)محراب دار ڈاٹ (۲)تنہا، مفرد۔

طاق ابرو: گول بھوئیں۔

طاقِ خضراء:سبز رنگ کی محراب۔

طاق زدن:محراب بنانا۔

طاقِ نُصرت:فتح کی یاد کی محراب۔

طاق وطرم:طمطراق، خود نمائی۔

بر طاق نسیاں نہادن:بھلا دینا، فراموش کردینا۔

سرکسی را بہ بیخ طاق کو بیدن:نظر انداز کردینا، کسی سے نجات پانا۔

طاق:(۱)ہندسہ جو دو پر تقسیم نہ ہو (جفت) کا متضاد (۲)بے مثال، بے نظیر، فرد، اکیلا۔

طاق یاجفت:دوپر تقسیم نہ ہونے والا ہندسہ یا تقسیم ہونے والا ہندسہ۔

طاقتم طاق شد:صبر کا دامن میرے ہاتھ سے چھوٹ گیا، بے صبر ہوگیا۔

عدد طاق:طاق ہندسہ۔

طاق باز:پیٹھ کے بل لیٹا ہوا، منہ اوپر کو اٹھا ہوا۔

طاق بستان:کرمانشاہ کا شمال مشرقی گاؤں۔

طاق بستن:محراب بنانا۔

طاقت(ع) قوت، توانائی، بردباری۔

طاقت آوردن:برداشت کرنا، تحمل سے کسی تکلیف کا سامنا کرنا۔

این بچہ طاقت تحمل این بار ندارد:یہ بچہ اس بوجھ کو اٹھانے کی قوت نہیں رکھتا۔

طاقت فرسا:بے طاقت کردینے والا، مشکل، پرمشقت، تھکا دینے والا، ایذا رساں، آزار پہنچانے والا۔

طاقچہ:چھوٹی محراب۔

طاقچہ ای روی بخاری:بخاری کے سامنے کی چھوٹی محراب۔

طاقدار:محراب دار۔

طاقدیس:خسرو پرویز کے تخت کا نام، (تخت طاقدیس)۔

طاق نما:محراب کی طرح۔

طاق نیلوفری:کنایہ ہے آسمان کا۔

طاق و طرم:طمطراق، خود نمائی۔

طاقہ:(۱)کشمیری ساختہ کپڑے کا ٹکڑا (۲)کھڑکی۔

یک طاقہ شال:ایک عدد شال۔

طاقی:محراب سے مشابہہ۔

طاقی:نرالا پن، انوکھا پن، بوالعجبی، طاق ہونا۔

طاقیہ:سربند ٹوپی، جو معمر لوگ گھروں میں پہنتے ہیں۔

طال:(ع)زیادہ دیر زندہ رہو (دعا)۔

طال بقاہ:خدا کرے کہ اس کی زندگی طویل ہو۔

طالار:تالار، بڑا کمرہ، جس میں بہت سے لوگوں کی پذیرائی ہوسکے۔

طالِب:(ع)طلبگار، طلب کرنے والا، خواہشمند، خواہاں، ڈھونڈنے والا، جویا۔

طاب بودن:طلبگار ہونا۔

طالبِ ثروت:دولت کا خواہاں۔

طالب جاہ:جاہ طلب، بڑے مرتبے کا خواہشمند۔

او طالبِ علم است نہ طالب ثروت:وہ علم کا خواہشمند ہے، دولت کا متمنی نہیں۔

این اجناس طالب ندارد:ان چیزوں کا کوئی طلبگار نہیں، ان چیزوں کی کوئی مانگ نہیں۔

طالبی:خربوزہ کی ایک قسم۔

طالِح:(ع)بد اعمال، بدکار، بدشعار، بد خصال، تبہ کار۔

صالح و طالح:نیک اور بد۔

طالِع:(ع)طلوع کرنے والا، نصیب، قسمت، ستارہ۔

طالع دیدن: زائچہ کے ذریعے ستاروں کی حالت کا مشاہدہ کرنا۔

طالع شدن: طلوع ہونا۔

آفتاب طالع شد: آفتاب طلوع ہوا۔

یارب ازمادر گیتی بچہ طالع زادم: اے خدا اس مادر گیتی نے کس ستارے کے اثر میں مجھے پیدا کیا ہے (جو اتنا بد نصیب ہوں)۔

طالع آزمائی: قرعہ اندازی، لاٹری وغیرہ کے ذریعے قسمت آزمائی کرنا۔

طالع آزما: زائچہ وغیرہ کے ذریعے یا لاٹری کے ذریعے بخت آزمائی کرنے والا۔

طالع بین: فال گیر، فال نکالنے والا، قسمت کا حال بتانے والا، نجومی

طالع بینی: زائچہ کے ذریعے فال نکالنا، قسمت کا حال دیکھنا۔

طالع شِناس: طالع بین، فال نکالنے والا۔

طالع مند: خوش نصیب، نیک اختر، خوش بخت۔

طالع مندی: خوش بختی، خوش نصیبی۔

طالع ور: طالع مند۔

طالِق: جس عورت کو طلاق دیا گیا ہو۔

طالقان: تہران کے ایک ضلع کا نام۔

طالُوت: اسرائیل کا پہلا بادشاہ۔

طامات: (ع) خرافات، بیہودہ باتیں، مثال:

بصدق و ارادت میان بستہ دار
زطامات و دعوی زبان بستہ دار

سچائی اور عقیدت کی غرض سے کمر بستہ رہو خرافات اور طرح طرح کا دعوی کرنے سے زبان روکے رکھو۔

طامِث: (ع) حائضہ، حیض کے خون سے آلودہ۔

طامِح: (ع) عورت جو شوہر کی اجازت کے بغیر دوسرے مردوں سے ملے، نیز بمعنی بلند رفیع۔

طامِع: (ع) لالچی، بوالہوس، بہت طمع کرنے والا۔

طامور: (ع) طومار۔

طامہ: کوئی بڑی مصیبت۔

طاؤس: (ع) مور۔

طاؤس مادہ: مورنی۔

طاؤسی: طاؤس کی مانند، طاؤس سے متعلق۔

طاول: تاول۔آبلہ، چھالا، پھپھولا۔

طاول دار۔طاول زدہ: جس کے چھالے پڑے ہوں۔

طاہِر: (ع) پاک صاف، پاکیزہ، بے آلائش

طاہر کردن: پاک کرنا۔

طاہِرہ: (ع) طاہر کی تانیث، پاکدامن عورت۔

طاہری: طہارت، پاکیزگی، پاک ہونا۔

طائحہ: (ع) مصیبت، افسوسناک حادثہ۔

طائر: طایر، پرندہ (طیور جمع)۔

طائر قدسی: فرشتہ۔

طائش: (ع) ہلکا پن، سبکی۔

طائع: (ع) فرماں بردار، تابع، مطیع۔

طائعاً: (ع) طوعاً۔

طائف: طایف، طواف کرنے والا، گردا گرد پھرنے والا، خانہ کعبہ کے چاروں طرف طواف کرنے والا، حجاز کے شہر کا نام۔

طائفہ۔طایفہ: (ع) خاندان، خانوادہ، عزیز و اقارب، قبیلہ، دستہ۔

طائفی: (ع) (۱) انگوروں کی ایک قسم (۲) حجاز کے شہر طائف سے متعلق۔

طائل۔طایل: (ع) نفع، فائدہ، منافعہ، قدرت، تونگری۔

لا طائل: بے فائدہ۔

طِب: (ع) بیماروں کے علاج کا علم، طبابت، حکمت۔

طبابت: (ع) بیماروں کا علاج کرنے کا پیشہ، بیماروں کی تشخیص کرکے دوائی تجویز کرنا، علاج کرنا۔

طبابتِ غیر علمی: محض تجربے کی بنا پر علاج کرنا (علم کے بغیر)۔
طبابت کردن: مریض کا علاج کرنا۔
طبّاخ: (ع) باورچی، آشپز۔
طباخی کردن: کھانا پکانا، باورچی کا کام کرنا۔
طباخت: طباخی۔
طبّاخی: باورچی گری، باورچی کا کام، آشپزی۔
طباشیر: (ع) تباشیر، ایک دوائی کا نام، پنسلوچین، مجازاً صبح کی روشنی، سپیدہ سحر۔
طباطبائی: سید جن کا حسب نسب حضرت امام حسین سے ملتا ہو طباطبا حضرت علی رض کے پڑپوتے تھے۔
طباع: (ع) طبع کی جمع، سرشت، خو۔
طبّاع: طبع کرنے والا، چھاپنے والا۔
طباعت: (ع) چھپائی، جہاں چھپائی کا کام ہوتا ہے اسے مطبع کہتے ہیں۔
طباق: (ع) مطابقت کرنا، تسلیم کرنا۔
طباق: طبق کی جمع۔
طبّال: (ع) طبل بجانے والا، طبل نواز یا نقارہ بجانے والا۔
طبانچہ: طمانچہ، تھپڑ۔
طبائع: (ع) طبیعت کی جمع۔
اہل طبائع: دہری فلاسفہ، جو لوگ خدا کے منکر ہیں اور ہر چیز کو طبیعت سے نسبت دیتے ہیں۔
طبخ: (ع) کھانا پکانا، باورچی کا کام۔
طبخ خانہ: باورچی خانہ، مطبخ، آشپز خانہ۔
طبر خون: تبرخوں، سرخ رنگ کا پھل جو کھانے میں بھی اور دواؤں میں بھی استعمال ہوتا ہے، عناب۔
طبرزد: تبرزد: (۱) مصری، قند (۲) پتھریلا نمک۔
طبرستان–ماژنداران: اس کا قدیمی نام ہر کینیا تھا۔
طبری: طبرستان سے متعلق، ماژندرانی۔
طبس: خراسان کا ایک شہر۔
طبسی: طبس کا رہنے والا۔
طبطبہ: موجوں کے لہرانے کی آواز۔

طبع: (ع) طبیعت، فطرت، سرشت، خو۔
این سخن موافق طبعش نیامد: یہ بات اس کی طبیعت کے موافق نہ تھی، اسے یہ بات پسند نہ آئی۔
تُندطبع: تند مزاج۔
خوش طبع: خوش مزاج۔
دُنی الطبع: پست فرومایہ۔
طبع: کتاب وغیرہ کی چھپائی۔
طبع اول: چاپ بار اول۔
طبع کتاب در لاہور مشکل نیست: لاہور میں کتابوں کی طباعت یا چھپائی مشکل نہیں۔
طبع کردن: چھاپنا۔
طبع و نشر: طباعت اور اشاعت۔
طبع و نشر کردن: چھاپنا اور شائع کرنا۔
طبع و نشر کنندہ: چھاپنے اور شائع کرنے والا۔
این فرہنگ رابہ لاہور طبع کردہ اند: یہ فرہنگ لاہور میں طبع کیا گیا ہے۔
طبعاً: (ع) فطرتاً۔
طبع خانہ: چھاپا خانہ، جہاں کتابیں چھپتی ہیں۔
طبعی: فطری، طبیعی۔
طبَق: وہ شے جس پر کھانا رکھ کر پیش کیا جاتا ہے طشتری، سینی، خوانچہ۔
میوہ را درطبق و طبق را برسری گذارند: پھل کو طشت میں اور طشت کو سر پر رکھ لیتے ہیں۔
طِبق: موافقت، مطابقت، مطابق، موافق، برابر، طریق، قاعدہ، دستور۔
برطبق: مطابق۔

طبَقات: طبق کی جمع، طبقے، درجے، مراتب، تہیں

طبقاتَ الارض: زمین کے طبقے، تہیں

علم طبقات الارض: علم جغرافیہ

طبقات الجو: فضا کے طبقے

طبقات الارضی: جغرافیے سے متعلق

طبق چی: طبق کش، طشتری اٹھا کر لے جانیوالا

طبق کش: طبق یا برتن اٹھانے والا، طشتری میں پھل رکھ کر بیچنے والا

طبقِہ: تہ، پرت، درجہ، جماعت، منزل

پسر او در طبقہ ہفتم است: اس کا بیٹا ساتویں جماعت میں ہے

زمین چند طبقہ دارد: زمین کے کتنے طبقے ہیں

این عمارت چند طبقہ دارد: اس عمارت کی کتنی منزلیں ہیں

طبقہ بندی: درجہ بندی

طبقہ طبقہ: درجہ بدرجہ، جماعتیں، منزلیں

طبقی: (۱) طشتری کی طرح (۲) طبق کش، طشتری اٹھا کر لے جانے والا

طبَل: ڈھول، نقارہ

طبلِ امان: صلح کا نقارہ

طبل در زیر قلیم زدن: بات کو چھپانے کی کوشش کرنا

طبل زن: نقارچی، ڈھول بجانے والا

طبل نواختن، طبل زدن: ڈھول یا نقارہ بجانا

طبل شامگاہ: فوج کے لیے شام کی نوبت

طبل عقب نشین: پیچھے کو ہٹنے کی نوبت

طبل گوش: :کان کا پردہ

طبل نواز: طبل زن

طبلہ: (۱) ڈبیا، صندوقچہ، موسیقی کا ایک ساز جسے موسیقی کے آہنگ کے ساتھ ہاتھ سے بجاتے ہیں، طبول یا اطبال جمع

طبلہ عطار: عطار کی ڈبیا

طبلی: نقارے جیسا

طبَن: (ع) بڑا گروہ

طِبّی: (ع) علم طب سے متعلق

اصطلاحات طبی: علاج معالجہ کی اصطلاحیں

طبیب: (ع) مرض شناس، مریضوں کا علاج کرنے والا، حکیم، ڈاکٹر

طبیب اجباری: بناوٹی حکیم، عطائی ڈاکٹر

طبیب حقہ باز: نیم حکیم، عطائی طبیب جو طبیب ہونے کے دعوے کرتا ہے

طبیب خانوادِگی: خاندانی حکیم، فیمیلی ڈاکٹر

طبیبہ: (ع) خاتون ڈاکٹر

طبیبی: طبابت

طبِیخ: (ع) پکائی ہوئی غذا، کوئی چیز جو پکائی جائے

طبیعت: (ع) فطرت، مزاج، عادت، سرشت

طبیعت آنہا را معالجہ می کند: فطرت خود ان کا علاج کرتی ہے

طبیعت بدی داشت: اس کی عادت بری تھی، بد مزاج تھا

طبعۃً: (ع) فطری طور سے

طبیعت شناس: مزاج شناس، حکیم، ڈاکٹر

طبیعی: (ع) قدرتی

حرارت طبیعی: قدرتی حرارت

غیر طبیعی: غیر فطری

طبیعیات: علم طبیعیات، علم طبیعی، فزکس

طپانچہ: (۱) پستول (۲) تھپڑ، سیلی

طپانچہ زدن: پستول داغنا، تھپڑ مارنا

طپاندن: تپاندن، پر کرنا، لبا لب بھرنا، کھچا کھچ بھرنا، کسی چیز کو کسی چیز میں زور سے داخل کرنا

طپش: تپش، تڑپ، دھڑکن

طپشِ قلب: دل کی دھڑکن

طپیدن: دھڑکنا، غصے میں آنا

طِحال: (ع) تلی

طُحال: (ع) تلی کی بیماری

طحالی: تلی سے متعلق

طحان: (ع) چکی چلانے والا، آٹا فروش

طحانت: (ع) آٹا بیچنا

طحَن: (ع) آٹا پیسنا

طر: طرف، جانب

طرابلس: ملک شام کا شہر

طرابیل: : (ع) طربال کی جمع، منارے، بلند و بالا عمارتیں

طرّاح: (ع) نقشہ بنانے والا، طرح ڈالنے والا، ڈیزائن تیار کرنے والا

طراحی: نقشہ بنانے کا فن، نقشہ بنانا، ڈیزائن تیار کرنا

طراحی کردن: نمونہ بنانا، نقشہ بنانا

طراد: (ع) جنگی کشتی کو تیز چلانے والا، نیز بمعنی فراخ جگہ

طَرّار: (ع) فریبی، مکار، دھوکے باز، چالاک

طراری: فریب کاری، مکاری، دھوکا، چالاکی

طراز: (ع) تراز، لباس کی زینت، نقش و نگار، طریقہ، روش

طرازَندہ: آرائش کرنے والا

طرازِیدن: آرائش کرنا، زینت دینا، سجانا

طراق: تراک، شگاف، درز

طراق: (ع) لوہا جسے چوڑا کر کے سپر یا خُود بناتے ہیں

طراوت: تازگی

با طراوت: تر و تازہ

سبزہ با طراوت است: سبزہ تر و تازہ ہے، خوشگوار ہے

طرائف: (ع) تازہ اور نئی چیزیں

طرائق: (ع) طریقہ کی جمع،

طرائق الدہر: زمانے کے پیش آنے والے واقعات

طَرَب: (ع) خوشی، مسرت، راحت

اہل طرب: مطرب، خوش باش لوگ

طِربال: منارہ، بلند عمارت

طرب انگیز: مسرت بخش

آہنگ ہای طرب انگیز: مسرت بخش موسیقی کی دھنیں

طرب فزا: خوشی میں اضافہ کرنے والا

طربناک: پر مسرت

طرح: وضع، ڈھنگ، طور، بنیاد ڈالنا، منصوبہ، نمونہ، نقاشی، حالت، مانند، نقشہ

طرح از بنا کشید: اس نے عمارت کا نقشہ تیار کیا

طرح ریختن: : منصوبہ بنانا

طرح ریزی: طرح ڈالنا، ڈیزائن بنانا

طرح عمل بجہت آبیاری: آبپاشی کا عملی منصوبہ

طرح کردن: نقشہ بنانا، بنیاد ڈالنا

طرح کش: نقشہ بنانے والا، منصوبہ ساز،نمونہ تیار کرنے والا

تدبیری برای آن کار طرح کردند: اس کام کی تدبیر کا انھوں نے منصوبہ بنایا

طرخان: (ع) ترخان، ترکستان کے قدیمی فرمانرواؤں کا لقب

طرخون: ترخون، ایک سبزی جو پکائی جاتی ہے

طرد: (ع) دور کرنا، رد کر دینا

طرد کردن: مسترد کر دینا

طرز: (ع) انداز، طور، روش، طریقہ

طرز تعلیم را بما یاد دادند: انھوں نے ہمیں طریقہ تعلیم سکھایا

طرز کلام: گفتگو کا انداز، تقریر کا انداز

طرز عبارت: عبارت کی ترکیب کا انداز

طرز عمل: عملی طریقہ

طرطوس: ایشیائے کوچک کا شہر

طرسوسی: (ع) شام کے شہر طرسوس سے منسوب

طرطوشی: (ع) اندلس کے شہر طر طوش سے منسوب

طرَف: (ع) سمت، جہت، جانب، رخ

طرف اعتماد: قابل اعتماد

طرف شام: شام کے قریب یا شام کے وقت

طرف کسیرا گرفتن: کسی کی طرفداری کرنا

طرف مثبت: ساتھ دینے والے

طرف مقابل: مخالف پارٹی

طرف من نگاہ کن: میری جانب دیکھ

طرف منفی: مخالف جانب

از ہرطرف: ہر جانب سے

از ہر دو طرف: دونوں جانب سے

از طرفی ہم: مزید برآن، علاوہ ازین

او رسوم قدیم را برطرف کرد: اس نے پرانی رسموں کو ترک کر دیا ہے

باکسی طرف شدن: کسی کے ساتھ جھگڑا کرنا

بر طرف کردن: الگ کر دینا، موقوف کر دینا

چند دقیقہ بر اطراف موضوع صحبت کردم: چند منٹ میں نے موضوع کے متعلق باتیں کیں

در طرف راست میز نشست: وہ میز کی دائیں طرف بیٹھا

دو طرف نخ را گرفتم: میں نے دھاگے کو دونوں طرف سے پکڑا

قصور از طرف او بود: کوتاہی اسکی جانب سے ہوئی

طرف: (ع) آنکھ، آنکھ کا گوشہ، کنارہ

طرف: (ع) فائدہ، منفعت

طرَفدار: جانب دار، ساتھ دینے والا، حامی، ہوا خواہ

قاضی طرفدارِ شما بود: قاضی تمہارا حامی تھا

طرفدارانہ: جانبدارانہ

طرفدارانہ صحبت میکرد: اس نے جانبداری سے باتیں کیں

طرَفداری: جانب داری، ہوا خواہی

طرفداری از قوم و خویش: عزیز و اقارب کی حمایت یا ہوا خواہی

طرفگر: جانبدار، طرفدار

طرفگیری: جانبداری، طرفداري

طرفگی: تعجب، عجیب و غریب بات

طرفہ: (ع) جھپکنا (آنکھ کا)

طرفۃ العین: آنکھ کے جھپکنے سے

طرفہ:(ع) نئی چیز، عجیب

طرفہ داستانی گفت:اس نے عجیب داستان سنائی

طرفین:(ع) اطراف، دونوں جانب

طرفین را صلح دادم:دونوں کے مابین میں نے صلح کرا دی

طرق:(ع) طریق کی جمع، راستے، سڑکیں

اسہل طرق:آسان راستے

طرق و شوارع:سڑکیں اور شاہراہیں

مہندس طرق و شوارع:سڑکوں اور شاہراہوں کا انجنیر

وزارت طرق:ملکی راستوں اور سڑکوں کی وزارت

طرق:(ع) مارنا، ہتھوڑا مارنا، کوٹنا، پیٹنا

طرق:چنخ، چنخنے کی آواز

طرقو:راستہ کھول دو، ہٹ جاؤ، ایک طرف کو ہو جاؤ

طرقہ:ترقہ

طرقیدن: ترقیدن، پھٹ جانا، شگاف پڑ جانا

طروب:(ع) بہت خوشی منانے والا

طرہ:(ع) چھوٹا حلقہ، لٹ، زلف، کاکل، پیشانی، شملہ دستار

طرہ پریشان:زلف پریشان، بکھری ہوئی زلف

طرہ دستار:پگڑی کا اوپر کا سرا، شملہ

طری:(ع) طراوت، تازگی

طرید:(ع)(۱)پکار، نعرہ، نعرہ جنگ (۲)حملہ

طرید آوردن:جنگ کا نعرہ بلند کرنا، حملہ کرنا

طرید:(ع) دور کر دینا، الگ کر دینا، نکال دینا، شہر بدر کر دینا

طرید:(ع) جسے الگ کر دیا گیا ہو

طریف:(ع) نادر چیز

طریفہ:نئی چیز، عجیب چیز، نادر چیز

طریق:(ع) طریقہ، راستہ، طور، طریقہ

ارایہ طریق کردن:راستہ دکھانا، رہنمائی کرنا

از چہ طریق موافق شدید آن کار را نکنید:تم کس طرح اس بات سے متفق ہوئے کہ وہ کام نہ کرو

بچہ طریق:کس طریقے سے

بطریق ذیل:ذیل کے طریقے کے مطابق

بطریق مثل:مثال کے طور سے

بطریق مختلفہ:مختلف طریقے سے

طریقت، طریقہ:(ع) راستہ، راہ، طور، ذریعہ، مسلک، سیرت و حالت، راہ و روش

اہل طریقت:صوفیہ کے طریقے پر چلنے والے صوفی، راہ راست پر چلنے والا

طریقہ انجام این کار چیست:اس کام کو انجام دینے کا کیا طریقہ ہے

طشاس:(ع) طشتریوں کو درست کرنے اور بیچنے والا

طشت:لگن، طشتری

طشتک:تشتک، چھوٹی طشتری

طعام:(ع) خوراک، غذا اطعمہ جمع

طعام خوردن:غذا کھانا

طعام گذاردن:کھانا پیش کرنا

طعان:(ع) نیزہ مارنا

طعان:(ع) بہت سرزش کرنے والا، دشمن پر نیزہ زنی کرنے والا

طَعَم:(ع) مزہ، کھانے کی چیز

آن گیاہ طعم خوبی دارد: وہ سبزی مزے دار ہے

طِعمہ:(ع) کھانے کی چیزیں، روزی

طُعمہ:(ع) ذریعہ ترغیب، وہ ذریعہ جس سے ترغیب دلائی جائے، چارا دانہ جو شکار کے لیے ڈالا جاتا ہے

تمام عمارت طعمہ حریق گردید: تمام عمارت نذرِ آتش ہو گئی

طعن:(ع) طنز، طعنہ، کسی کے عیب بیان کرنا، سرزنش کرنا

طعن آمیز: جس میں طنز کی گئی ہو

طعنہ:(ع) طنز، برا بھلا کہنا، سرزنش

طعنہ در کلام احساسات را جریحہ می کند طعنہ زنی سے احساسات مجروح ہو جاتے ہیں

طعنہ زدن: طنز کرنا، برا بھلا کہنا

طعنہ آمیز: طنز آمیز، طنز کے طور سے کہی ہوئی بات

طعنہ جگر سوز: طنز جو قلب و جگر کو جلا دے

طعنہ زن: طنز کرنے والا، طعنہ دینے والا

طُغات:(ع) سرکشی، نا فرمانی

طُغرا:(ت) علامت، پیچیدہ خط جس میں بادشاہ وغیرہ کا نام اور القاب فرمان پر لکھا جاتا تھا

طُغرل: ایران کے عہد سلجوقیہ کے بادشاہ کا نام

طُغوی: طغیان

طغیان:(ع)(۱) بغاوت، سرکشی، حد سے گزر جانا (۲)سیلاب، دریا کا چڑھنا (۳)خون کا جوش مارنا

رود خانہ طغیان کرد: دریا میں طغیانی آئی ہے

طغیان کردن: بغاوت کرنا

طَفّ:(ع) جانب، طرف، دریا کا کنارہ، زمین سے بلند، کوفہ کے قریب ایک گاؤں کا نام

طِفال:(ع) طفل کی جمع، بچے

طُفاوَت:(ع) خس و خاشاک

طَفرہ:(ع) گریز، بچاؤ، جست، کود، پھلانگ

طفرہ زدن، یا رفتن: احتراز کرنا، گریز کرنا، باز رہنا، دور رہنا، (کسی کام کے کرنے سے) ٹالنا، پہلو بچانا، پہلو تہی کرنا، رد کر دینا

ہمیشہ از کار طفرہ می زند: وہ ہمیشہ کام کو ٹال دیتا ہے، کام کرنے سے پہلو تہی کرتا ہے

طفرہ آمیز: ایسا جواب جس میں ٹال مٹول ہو

طفرہ زن: پہلو تہی کرنے والا، ٹال دینے والا، گریز کرنے والا

طِفل: بچہ، نا تجربہ کار (اطفال جمع)

طَفل: نرم و نازک، ناز پروردہ

طِفلِ رزان: شراب

اطفال از مدرسہ برگشتند: لڑکے مدرسے سے واپس آ گئے

طفلِ رضیع: شیر خوار بچہ

طفلِ شیر خوارہ: ماں کا دودھ پینے والا بچہ

طَفَل: تاریکی، دن کا آخری حصہ، بارش

طِفلانہ: بچوں کی سی (حرکت)

طفلانہ صحبت می کنید: تم بچوں کی سی باتیں کرتے ہو

حرکات طفلانہ: بچوں کی سی حرکتیں

طِفلک: چھوٹا بچہ، غریب لڑکا، بیچارہ

طِفلہ: طفل، بچہ

طِفلی: طفولیت، بچپن

طِفلیّت: طفولیت، بچپن

طفولیّت:(ع) بچپن، بچگی

ایام طفولیت: بچپن کا زمانہ

طفیف: (ع)(۱) نامکمل، ناقص، ناتمام (۲) تھوڑا سا، ناچیز

طُفَیل: (ع)(۱) وسیلہ، سبب، ذریعہ (۲) بن بلایا مہمان

طفیلی: (ع) بن بلایا مہمان، کاسہ لیس، لیمو نچوڑ، مفت خور

بطور طفیلی زندگی کردن: کاسہ لیس کی سی زندگی بسر کرنا

طلّ: (ع) شبنم بوندیں، خوشنما اور پسندیدہ چیز

طِلا: (ع) سونا

طلای خالص: خالص سونا

طلای قلب: زر قلب، سونا جس میں ملاوٹ ہو

ورقہ طلا: سونے کی پتری

طلاء: روغن جو کسی چیز پر ملتے ہیں نیز بمعنی شراب

طلا آلات: سونے کے برتن، سونے کے زیورات

طلّاب: ع) طالب کی جمع، طلبہ

طلاح: بدی، بدکاری، برائی، بری حالت

طلاخیز: طلا دار، گراں قدر چیز

طلادُوز: زردوز

طلاساز: زرگر، سنار

طلاسِم: (ع) جمع طلسم، جادو

طلاشوی: سونے کی تلاش کرنے والا

طَلاق: (ع) عورت کا قید نکاح سے آزاد ہونا، شوہر اور بیوی کا جدا ہونا

طلاق بائن، قطعی طلاق: تین دفعہ طلاق کہنے سے علیحدگی ہونا

طلاق خُلعی: عورت کامرد کو مال دے کر یا حق مہر چھوڑ کر طلاق لینا

طلاق رجعی: جس کی مدت عدت میں شوہر عورت کو بغیر نکاح کے بیوی بنا سکتا ہے

طلاق مغلظ: وہ طلاق جس میں مرد پھر نکاح نہیں کر سکتا جب تک کہ عورت کسی دوسرے مرد سے نکاح کرکے اس سے طلاق نہ لے

طلاقت: (ع) (۱) زبان کی روانی، روانی گفتار (۲) چہرے کی کشادگی، چہرے کی تابانی

طلاق نامہ: وہ تحریر جس میں بیوی کو طلاق دینا مذکور ہو

طلاقی: طلاق سے متعلق

طلاکار: زرگر، سنار، سونے کا کام کرنے والا ملمع ساز

طلا کاری: زرگری، سونے کا کام کرنا، ملمع سازی

طلاکُوب: زر کوب، سونا کسی چیز میں جڑنے والا

طلال: طل کی جمع، شبنم، بوندیں

طلاوت: خوبصورتی، زیبائی، خوش و ضعی، خوبی شستگی، صباحت

طلائع: طلیعہ کی جمع، مقدمہ لشکر، ہر اول دستہ، پیشروان لشکر

طلایہ: فوج کا ہر اول دستہ، پیش روان لشکر

طلایہ دار: ہر اول دستے کا قائد، مقدمہ لشکر

طلائی: سونے کا، گلٹ جس پر سونے کا ملمع ہو

طلائی کردن: ملمع کرنا

عصر طلائی: سنہرا زمانہ

ماہی طلائی: سنہری مچھلی

طلب: مانگنا، خواہش، جستجو، ڈھونڈنا، رقم مانگنا جو کسی کے ذمے ہو، مطالبہ، دعوی

طلب کردن: مانگنا، خواہش ظاہر کرنا

طلب من ازیشان ہزار روپیہ است: ان سے میرا ہزار روپے کا مطالبہ ہے

از من طلب کرد کہ با او کُمک کنم: اس نے خواہش کی کہ میں اس کی مدد کروں

در طلب علم بودن: علم کی جستجو میں ہونا

دست طلب بدامن من انداخت: اس نے کچھ مانگنے کے لیے میرا دامن پکڑا

رئیس دانشکدہ او را طلب کرد: کالج کے پرنسپل نے اسے حاضر ہونے کا حکم دیا

طلبکار: قرضخواہ، طلب کرنے والا، خواہش کرنے والا، جستجو کرنے والا، خواہشمند، طالب

طلبکاری: قرض جو کسی کے ذمے ہو اسے مانگنا، طلب، جستجو، خواہشمندی

طلبکاری کردن: اپنا قرض مانگنا، جستجو کرنا، خواہش کرنا

طَلبِہ: (ع) طالب کی جمع، طالب علم، بصورت جمع

طلبیدن: مانگنا، جستجو کرنا، بلانا، دعوت دینا

ایشان را بہ مہمانی طلبید: اس نے انھیں اپنی تقریب میں دعوت دی

طلبیدِہ: جسے بلایا گیا ہو

طلع: کھجوروں کا گچھا، ریگستان کے بڑے درخت

طِلسم: جادو، جادو کا کھیل، عجیب و غریب چیز، جو نظر نہ آئے، جادو چلانا، جادو یا منتر پھونکنا، افسون پھونکنا

طلسم انداختن: طلسم کرنا، جادو کرنا، افسون پھونکنا

طلسم شکستن، طلسم کشادن: جادو توڑ دینا، جادو کا اثر زائل کر دینا

طلسم کردِہ: جس پر جادو کیا گیا ہو

طلسم گر: جادوگر، ساحر

طلسم گری: جادوگری، ساحری

طلسمی: جادو سے متعلق

طَلع: وہ پتیاں جو پھول پر لپٹی ہوتی ہیں، غلاف گل کھجور کا شگوفہ

طلعَت: (ع) رخ، صورت، چہرہ

طلق: (ع) بچے کے پیدا ہونے سے جو درد اس کی ماں کو ہوتا ہے، بچے کی پیدائش سے فارغ ہونا

طِلْق: غیر مشروط، قانونی، روا، حلال

ملک طلق اوست: اس کی قانونی ملکیت ہے

طَلْق: (ع) ابرق

طلق: (ع) کشادہ رو، خوش بیان، شیرین زبان

طَلِق: (ع) آزاد، رہا

طِلل: (ع) (۱) بلند جگہ (۲) آثار خانہ، ویران شدہ عمارت کے آثار

طِلل: طل، شبنم، بوندیں بارش کی

طلوُع: (ع) نکلنا، روشن ہونا، آفتاب کا نکلنا، ظہور، ہر ایک ستارے کا آشکار ہونا

طلوع فجر: پو پھٹنا، تڑکا ہونا، صبح کا آغاز

طلوع کردن: ظاہر ہونا

طلیعِہ: فوج کا ہر اول دستہ، طلایع جمع

طلیق: (۱) آزاد (۲) فصیح، روان، کشادہ، کشادہ زبان

طِم: (ع) پانی، دریا، بہت سے، مال کثیر، عجیب

طمّاع: (ع) بہت زیادہ حریص، لالچی

طماعت: (ع) حرص، لالچ

طمث: (ع) حیض، عورت کی ماہواری

طمس: (ع) نابود کرنا، ہلاک کرنا، پوشیدہ کرنا

طمطام: (ع) بہت بڑا سمندر، سمندر کا وسط

طمطراق:(ع) شان و شوکت، جاہ و جلال، دبدبہ

طمَع:(ع) حرص، لالچ، امید، آرزو

طمع بریدن:نا امید ہو جانا

طمع خام:خام امید جس کا بر آنا یقینی نہ ہو

طمع کردن:لالچ کرنا

مال دیگری را طمع مکن:کسی دوسرے کے مال کا لالچ نہ کر، کسی دوسرے کے مال پر نظر نہ رکھ

طمع کار:حریص، لالچی

طمع کاری:حرص، لالچ

طمع گار:طمع کار

طمغا:تمغا(ت) مہر، عزت کا نشان، فرمان شاہی

طم و رم:(ع) کم و زیادہ، خشک و تر، آب و خاک

طمیس:(ع) نابینا، کور، اندھا

طناب:رسی

طناب خوردن:رسی سے ناپا جانا

طناب رخت شوی:رسی جس پر کپڑے دھو کر لٹکاتے ہیں

طناب نہادن:رسی سے پیمائش کرنا

با طناب بستن:رسی سے باندھنا

طناب باف:رسی بننے والا

طناب بستن: رسی باندھنا

طناب پیچ:رسی سے بل دے کر باندھنا

طناب پیچ کردن:رسی سے باندھنا

طناب خور:فاصلہ جو رسی سے ناپا جائے

طناب ساز:رسیاں بنانے والا

طناب سازی:رسیاں بنانے کا کام

طنابی:رسی جیسا

نردبان طنابی:رسی کی سیڑھی

طنّاز:(ع) (۱)شوخ، ناز و ادا سے چلنے والا، رمز و کنایہ میں باتیں کرنے، والا عشوہ گر(۲)مضحکہ کرنے والا، مذاق کرنے والا، ہنسی اڑانے والا

طنازی:ناز و ادا، شوخی، عشوہ گری، مسخرا پن

طنافس:(ع) دیکھیے طنفسہ

طنّان:(ع) بہت آوازیں دینے والا

طُنُب:(ع) لمبی رسی جس سے خیمے کو باندھتے ہیں

طنبُور:(ع) تنبور، تنبورہ، تان بورہ

طنبی:(ع) دیوان خانہ، بیٹھنے کا کمرہ، خلوت خانہ

طنجی:(ع) کشادہ دہن والی دیگ

طنز:(ع) تمسخر، استہزا، طعنہ، شوخی

طنطنہ:(ع) تنبورہ وغیرہ کی آواز، کر و فر، تمکنت، رعب، و دبدبہ، غصہ، غرور، ہیا و ہو

طنطور:مفرس ٹنکچر

طنفِسہ:(ع) بوریا، حصیر، فرش

طنِین:(ع) بلند آواز، گونج، جھنجھناہٹ، صدای نا قوس

طنین انداختن:گونج پیدا کرنا

طنین انداز:گونج پیدا کرنیوالا

طوابِع:(ع) طابع کی جمع، فرماں بردار لوگ

طواحِن:(ع) چکی کے دندانے

طواحِین:(ع) پانی کے بہاؤ سے چلنے والی چکیاں

طوارِق:(ع) طارقہ کی جمع، حادثات، بلائیں، آفتیں

طواشی:خصی، خواجہ سرا

طواغِیت:(ع) طاغوت کی جمع، شیاطین

طواف:(ع) گردش، اردگرد پھرنا، خانہ کعبہ کے چاروں

طرف پھرنا

طواف کردن: خانہ کعبہ کے چاروں طرف پھرنا، گردش کرنا

طوال: (ع) بہت لمبا، جمع طویل

طوالِع: (ع) طالع کی جمع، دیکھیے طالع

طوامیر: (ع) طومار کی جمع، دیکھیے طومار

طوائف: (ع) طائفہ کی جمع، قبیلے، خاندان

علم طوائف شہر: شہر کے مختلف خاندانوں کی واقفیت

طوبیٰ: (ع) خوشی، سعادت، برکت، پاکتر، خوشگوار تر، بشارت، بہشت کے ایک درخت کا نام

طوبیٰ لکَ: تم بابرکت ہو

طوبیٰ لہُم: بابرکت یا خوش ہیں وہ لوگ

طوبیٰ قامت: سرو قد، سیدھے اور شاندار قد و قامت والا

طُوپ: توپ

طوپُوز: توپوز، گرز

طُور: (ع) سینا پہاڑ (طور سینا)

طَور: (ع) طرح، طریق، وضع، ڈھنگ، روش، نوع، قسم اندازہ، کیسا، ایسے

احوال شماچہ طور است؟ آپ کے مزاج کیسے ہیں؟

این طور: اس طرح، اس طریقے سے

این طور اشخاص کم اند: ایسے لوگ کم ہی ہیں

چہ طور می خوانند؟ کیسا گاتا ہے؟

بطوری خستہ بود کہ غذا ہم نمی توانست بخورد: وہ کچھ ایسا تھکا ہوا تھا کہ غذا بھی نہ کھا سکا

طور دیگر: بصورت دیگر

طور دیگر نقل نشد: جو کچھ کہا گیا ہے اسے لوگوں نے کسی اور طرح بیان کیا

ہمان طور کہ می خواہید دیگران بشما کمک کنند ہمیں طور ہم باید بدیگران کمک کنید: جس طرح تم چاہتے ہو کہ دوسرے تمہاری مدد کریں اسی طرح چاہیے کہ تم دوسروں کی مدد کرو

ہمیں طور: اسی طرح

ہیچ طور: کسی طرح بھی

ہیچ طور حاضر نیست کہ صلح کند: وہ کسی طرح بھی تیار نہیں کہ صلح کرے

طوس: مشہد کے شمال مغرب میں ایک شہر، مشہور شاعر فردوسی اسی شہر میں پیدا ہوا

طوُسک: کانٹا

طوسی: طوس کا رہنے والا (فردوسی طوسی)

طوسی: خاکستری رنگ کا

طوطی: طوطا

طوطی نامہ: ایک مشہور کتاب کا نام جو طوطوں کی کہانیوں پر مشتمل ہے

طوطی وار: طوطے کی طرح

طَوع: (ع) میلان، اطاعت، فرمان برداری، رغبت، رضا مندی

بالطَوع: رضا مندی سے

بالطَوع والرّغبت: بہ طیب خاطر، رضا مندی سے، دلخواہ طریقے سے

طوعاً: (ع) رضا مندی سے، میلان خاطر سے

طوعاً وکرہاً: (ع) رضا مندی سے اور نا رضا مندی سے خواہی نخواہی

طوغان: شاہباز، شاہین

طوف: (ع) اردگرد پھرنا، طواف

طوفان: (ع) سیلاب، طغیانی، تند و تیز ہوا، آندھی، شور و غل، ہنگامہ

طوفان کردن: ہنگامہ بپا کرنا

طوفان نوح: حضرت نوح(ع) کے زمانے کا عظیم طوفان جس میں بہت سی مخلوق غرقاب ہو گئی تھی

طوفان نما: سیلاب کی طرح

طوفانی: تند و تیز (ہوا)

طوق: (ع) گردن بند، حلقہ، گلوبند، ایک قسم کا گلے میں پہننے کا زیور

طوق گردن کردن: گلو بند پہننا، نیکلس گلے میں ڈالنا

طوقدار: گلو بند پہنے ہوئے

طوقی: (۱) گلے کے زیور جیسا (۲) اناروں کی ایک قسم

طول: (ع) لمبائی، اطوال جمع

طول و عرض آنرا اندازہ گرفتند: اس کی لمبائی اور چوڑائی کا انہوں نے اندازہ لگایا

طول دادن: طول دینا، لمبا کرنا، بیان کرنے میں زیادہ عرصہ لگانا

طول کشیدن: طویل عرصہ لگنا، تاخیرہونا، دیر ہونا

طول کلام: بیان کی طوالت، طوالت پسندی، پر گوئی

طول مدت: زیادہ عرصہ

طول نخواہد کشید: زیادہ عرصہ نہیں لگے گا

انجام آن سالہا طول می کشد: کئی سالوں میں اس کام کی تکمیل ہوتی ہے

طولاً: طول کے لحاظ سے

طولانی: دراز

طولومبہ: طلومبہ، تلمبہ، پمپ، نلکا جس کے ذریعے زمین سے پانی نکالا جاتا ہے

طولی: سیدھے خط میں،، خط، مستقیم، دراز تر

طولہاب: ستاروں کی سمت اور بلندی معلوم کرنے کا آلہ

طومار نویس: خزانچی، خاص طور سے رول نیکس کا

طوی: توی، جشن، شاندار ضیافت، عروسی جشن

طویت: (ع) ارادہ، قصد، نیت، کسی شخص کا راز اور باطن

طویل: (ع) لمبا، طولانی

عمر طویل: لمبی عمر

طویل العُمر: (ع) لمبی عمر کا

طویل القامت: (ع) لمبا قد، سرو قد، لمبے قد کا

طویل المدت: (ع) زیادہ عرصے کا

طویلہ: اصطبل، رسی جس سے جانور کو باندھتے ہیں

در طویلہ کردن: طویلے میں باندھنا

طہارت: (ع) پاکیزگی، پاک ہونا، نہلای دھلائی استنجا، آبدست وغیرہ

طہارت کردن، طہارت گرفتن: اپنے آپ کو پاک صاف کرنا

طہارت خانہ: نہانے کی جگہ، رفع حاجت کی پوشیدہ جگہ

طُہر: (ع) طہارت، وہ ایام جن میں عورت کو حیض نہ ہو، حیض سے پاک ہونا

طہران: تہران، ایران کا دارالسلطنت،

طہماسپ: صفوی خاندان کے دو بادشاہوں کے نام

طہمورَث: تہمورث، ایران کے پیشدادی خاندان کا تیسرا بادشاہ

طہُور: (ع) پاک صاف ہونا، طہارت

طہِیر: (ع) پاک، پاکیزہ،

طیّ: لپیٹنا، جانا، طے کرنا

طی مسافت: سفر طے کرنا

قیمت پارچہ را اول باید طی کرد: کپڑے کی قیمت کا پہلے فیصلہ کر لینا چاہیے

مسافت زیادی طے کرد: بہت زیادہ سفر طے کیا

طیی: دوران میں

طیّار: (ع) خوب اڑنے والا پرندہ، تیز پرواز کرنے والا

طیارہ: ہوائی جہاز

طیارہ چی: پائلٹ، ہوائی جہاز چلانے والا

طیاری: تیاری

طیّاش: (ع) سبک سر، کم عقل، اوچھا، کم حوصلہ

طیالس: (ع) دیکھیے طیلسان

طیان: (ع) دیواروں وغیرہ پر گلکاری کرنے والا

طِیب: (ع) خوشبودار، معطر

طیب خاطر: اچھا ارادہ، خلوص دل

طیِّب: (ع)(۱) پاکیزہ، اچھا، پسندیدہ، مطلوب، مطبوع (۲) قانونی

طیبات: (ع) طیبہ کی جمع، اچھے اعمال، سعدی کی ایک کتاب کا نام

طِیبت: (ع) اچھائی، مسرت خیز، کسی چیز کا بہترین حصہ

طِیبہ: (ع) اچھا عمل، عمل نیک، مطلوب، پاک، پاکیزہ، حلال

طَیر: (ع) پرندہ، طائر، پرواز (طیور جمع)

طیران: (ع) پرواز، اڑان

طیران کردن: پرواز کرنا

طیرنای: پرندے کی آواز، صدا پُکار

طَیرَۃ: سبک سری، سبکی، خفت، سبک عقلی

طِیرہ: بد شگونی، بری فال

طیش: (ع)(۱) غصہ، غضب (۲) سبک سری، عقل کی سبکی، بے استقلالی

طَیف: (ع) روح جو مجسم صورت میں نظر آئے، پیکر خیالی، عالم خواب کے خیالات

طیف بین: خیالی باتیں دیکھنے والا

طیفِ شمسی:: آفتاب کے گوناگون رنگ جو بلور کی کسی چیز میں نظر آتے ہیں

طَیفور: (ع) پرندہ

طیفی: خواب و خیال سے متعلق

رنگ ہای طیفی: گوناگون خیالی رنگ

طیلسان: (ع) ایک قسم کا چھوٹا لبادہ، چغہ، فرغل، چادر جو عرب کندھے پر ڈالتے ہیں

طیلموس: غدود جو گردن کی جڑ میں ہوتی ہے

طِین: (ع) مٹی، کیچڑ

طِینت: (ع) فطرت، خصلت، سرشت، خو، جبلت

بد طینت: بد فطرت

طیُور: (ع) طائر کی جمع، پرندے

طیور شناس: پرندوں کی انواع، عادات، ساخت وغیرہ کا علم جاننے والا

طیور شناسی: پرندوں کی زندگی کے حالات جاننا

طیوری: پرندوں کی خرید و فروخت کا کاروبار

طَیّ و نشر: صنعت بد یع میں لف و نشر

ظ

ظ: فارسی ابجد کا بیسواں حرف، عربی کا سترھواں اور اردو کا تیئیسواں، عدد ابجد کے لحاظ سے اس کے ۹۰۰ عدد ہیں

ظا: حرف ظ کا تلفظ

ظافر: (ع) ظفر مند، فتحیاب، مظفر

ظالم: (ع) ستمگر، ظلم کرنے والا، سنگدل

ظالمانہ: ستم شعاری، سنگدلی، ظلم و ستم کے طور پر

ظالمانہ او را عذاب کردند: اسے بڑے ظلم و ستم سے انھوں نے ایذا پہنچائی

ظالم کش: غاصب اور ظالم کا قاتل

ظالم کشی: غاصب کا قتل، قتل جابر

ظالمی: ظلم و ستم، بیداد گری، بیداد

ظالمی کردن: ظلم و ستم کرنا

ظاہر: (ع) (۱) سامنے، کھلا ہوا، صاف صاف، دکھاوا، عیاں، واضح، آشکار

ظاہر آن فقط خوب است: اس کا فقط ظاہری حال اچھا ہے

ظاہر شدن: آشکار ہو جانا، سامنے آ جانا

ظاہر کردن: واضح کرنا

اعمال او نزد ہمہ کس ظاہر است: اس کے اعمال و کردار سب پر عیاں ہیں

بظاہر: در ظاہر، دیکھنے میں

چشم ظاہر: ظاہری نظر میں

حفظ ظاہر کردن: ظاہری باتوں کی حفاظت کرنا

ظاہراً: (ع) ظاہرا طور سے

ظاہراً می گوید کہ بیاید: وہ ظاہری طور سے کہتا ہے کہ میں آؤنگا

ظاہر بین: سطحی نظر رکھنے والا، کم مایہ، سرسری نظر ڈالنے والا، اوپری نظر سے دیکھنے والا، بات کی تہ تک نہ پہنچنے والا

ظاہر دار: نمائشی، دیکھنے میں اچھا، ظاہر صحیح

ظاہر سازی: بناوٹ میں اپنے آپ کو ظاہر کرنا، جھوٹا دعوی کرنا

ظاہر نما: نمائشی، ظاہری تیپ تاپ والا، دیکھنے میں اچھا

ظاہرہ: (ع) ظاہر کی تانیث (ظواہر جمع)

ظاہری: بیرونی، خارجی، ظاہراً

دوست ظاہری: دوستی کا دکھاوا کرنے والا

رفتار ظاہری او بد نبود: اس کا کردار دیکھنے میں برا نہ تھا

ظباء: (ع) ظبی کی جمع، ہرن، آہو، غزال

ظبیۃ: (ع) ہرنی

ظراف: (ع) دانا، زیرک، ظرفا جمع

ظرافت: (ع) خوش طبعی، خوش بیانی، بذلہ سنجی، لطیفہ گوئی، ہنسی مذاق، شوخی، شستگی، لطافت (ذوق کی)

ظرافت کردن: ہنسی مذاق کرنا، شوخی کرنا

ظرائف: (ع) ظریف کی جمع، عمدہ نکتے

ظرف: (ع) برتن، حوصلہ، زیرکی، استعداد، مدت، عرصہ (ظروف جمع)

ظرف آبخوری: (۱) پانی پینے کا برتن

ظرف به ظرف کردن:انڈیلنا، بوتل سے گلاسوں میں انڈیلنا

ظرفِ زمان:متعلق به فعل زمانه

ظرفِ مکان: جگہ یا مقام سے متعلق

او خیلی آدم بی ظرفی است:وہ بہت کم حوصلہ آدمی ہے

در ظرف یک ساعت:گھنٹے بھر میں

شرکت باید جنس را در ظرفِ پنج ماہ تحویل دهد:کمپنی کو چاہیے کہ اشیا پانچ ماہ کے عرصے میں حوالے کر دے

ظُرَفا:(ع) ظریف کی جمع، خوش طبع، بذلہ سنج لوگ

ظُروف:(ع) ظرف کی جمع، برتن

ظرفیّت: اہلیت، صلاحیت، گنائش

باظرفیت ہزار لیطر: جس میں ہزار لٹر کی گنجائش ہو

واحدِ ظرفیت: (کیمیا) کسی جوہر کے ایک عنصر کی قوت

ظریف:(ع) خوش طبع، خوش زبان، بذلہ سنج، لطیفہ گو، شستہ، شایستہ

نکته ظریف:عمدہ نکتہ

صنعتِ ظریف:عمدہ صنعت

ظریفانہ: ظرافت کے طور سے، خوش اسلوبی سے، ہنسی مذاق سے، شائستگی سے

حرکاتِ ظریفانہ اش همه را شیفتہ کرد: اس کی ہنسی مذاق کی حرکات نے سب کا دل موہ لیا

ظریفہ:(ع) عمدہ نکتہ (ظرائف جمع)

ظَفَر:(ع)فتح، حصول مراد

ظفر کردن:فتح پانا، فتحیاب ہونا

ظفر یافتن:ظفر مند ہونا، فتحیاب ہونا

طاقِ ظفر:فتح پانے کی یادگار محراب

یادگار ظفر:کوئی چیز جو کسی فتح کے موقع پر یادگار کے طور پر قائم کی جائے

ظُفر:انگلی، ناخن، پنجہ (اظفار جمع)

ظفر اثر:فتحیاب، فتح مندی کا نشان رکھنے والا

سفرِ ظفر اثر:کامیاب مہم، فتحمندانہ مہم، کامیاب دورہ

ظَفَرہ:(ع)نازک سا پردہ جس سے آنکھوں کو ڈھانپا جائے

ظفریاب:فتح مند

ظَفیر:(ع) وہ شخص جو ارادہ کرے اور کامیاب ہو جائے

ظِلّ:(ع) سایہ، عکس، پناہ، حمایت، آسایش، نعمت

در ظل الهی:اللہ تعالیٰ کے سائے میں

در ظلِ توجهات شما:آپ کی حمایت میں آپ کے الطاف کریمانہ کے سائے میں

ظِلال:(ع) ظل کی جمع، سائے، حمائتیں

ظلِ اللّه:(ع) اللہ تعالی کا سایہ

ظَلام:(ع) ظلمت، تاریکی شب

ظُلّام:(ع) ظالم کی جمع، ستم گاران

ظُلامَہ:(ع) جس پر ظلم ہوا ہو

ظِلف:(ع) سُم، کھر، ناخن

ظل گستر:سایہ گستر، سایہ پھیلانے والا، حمایت دینے والا

ظُلم:(ع) ستم، جور و جفا، بیداد، نا انصافی

بر اُو ظلم کردند:اس پر ستم کیا، اسے ایذا پہنچائی، اس سے ناانصافی کی

ظلماً:(ع) ظلم و ستم سے، غیر منصفانہ، ظالمانہ

ظلمات:(ع) ظلمت کی جمع، تاریکیاں، اندھیرے

ظلماتی:اندھیرا، تاریکی، بہت زیادہ تاریک

ظلم پیشہ: ظالم، جس کا کردار ظالمانہ ہو، ظلم و ستم کا عادی

ظلمت:(ع) تاریکی، اندھیرا

ظلم دیدہ: مظلوم

ظلم رسیدہ:مظلوم

ظلم شِعار:ظلم پیشہ

ظلول:(ع) جمع ظِل

ظلوم:(ع) بہت ظالم

ظلیف:(ع) سخت محنت کا کام، مشقت آمیز

ظلیل:(ع)سایہ دار

ظلیم:(ع)مظلوم

ظلیمہ:(ع) داد خواہی، جس پر کسی نے ستم کیا ہو

ظماء:(ع) تشنگی، پیاس

ظمان:(ع) تشنہ، پیاسا

ظنّ:(ع) رائے، خیال، گمان، قیاس، یقین، شک

ظن بردن:قیاس آرائی کرنا، گمان ہونا، اندازہ کرنا، قیاساً معلوم کرنا

ظن غالب:ظن قوی، یقین

ظن من بخطارفت:میرا قیاس درست نہ تھا

بمن حسنِ ظنی دارد:میرے متعلق اس کی رائے اچھی ہے

حسن ظن:اچھا خیال، اچھی رائے

ظنّان:(ع) بدگمان

ظنُون:(ع) بدگمان شخص

ظنِہ:(ع) شک، تہمت، کسی چیز کا تھوڑا سا حصہ

ظنی:(ع)قیاس، خیال، اٹکل پچو

ظنین:(ع) مشکوک، ناقابل اعتماد

نسبت باو ظنین است:وہ اس کے متعلق شک کرتا ہے

ظواہر:(ع)ظاہر کی جمع

ظہارَہ:(ع) (۱)لباس کا بیرونی حصہ (۲) قوی پشت ہونا

ظہر:(ع)تیسرا پہر، نماز پیشین (اظہار جمع) دوپہر کے بعد، نیمروز

بعد از ظہر:دوپہر کے بعد

چہار ساعت بعد از ظہر:دوپہر سے چار گھنٹے بعد

قبل از ظہر: دوپہر سے پہلے

ظہر:(ع)پشت، پیٹھ، پچھلی طرف

ظہر آنرا باید امضا کنید:آپ کو چاہیے کہ اس کی پشت پر دستخط کریں

ظہر نویسی:تصدیق

ظہری:پیٹھ کا، ابھری ہوئی پشت، پشت کی طرف

ظہور:(ع)ظاہر ہونا

ظہور یافتن:واقع ہونا

بظہور آمدن:ظاہر ہونا، رونما ہونا، نمایاں ہونا

ظہیر:(ع)نائب، معاون، حامی

ظہیر الدین:حامئی دین، ہندوستان میں عہد مغلیہ کا بانی، بابر

ظہیر فاریابی:ایران کا نامور شاعر جس کی وفات ۵۹۸ھ میں ہوئی

ظہیرہ:دوپہر، ظہر

ظئر:عورت جو دوسروں کے بچوں کو دودھ دیتی ہے

ظہیرہ:دوپہر، ظہر

ع

ع: فارسی ابجد کا اکیسواں حرف۔ حرف عربی کا اٹھارہواں اور اردو کا چوبیسواں- حرف ابجد کے اعداد کے

لحاظ سے اس کے ۷۰ عدد ہیں

عابث: (ع)کھیلنے والا، فضول اور بیہودہ کام کرنے والا

عابد: (ع) عبادت کرنے والا، زاہد، پرہیزگار

عابدانہ: عابد کے طور طریقے پر

عابدین: (ع)عابد کی جمع، عبادت گزار لوگ

عابر: (ع)مسافر، سفر کرنے والا، رہگذر (عابرین جمع)

عابس: (ع)عبوس، ترشرو، بدمزاج، چڑ چڑا

عاتق: (ع)(۱)آزاد، کہنہ، عتیق، (۲)شانہ، کندھا

عاتکہ: (ع)اسم ذات(۱)عورت جو خوشبو پسند کرتی ہے (۲)کہنہ کمان (۳)سرخ رنگ

عاج: (ع)ہاتھی دانت

تختِ عاج: ہاتھی دانت کا بنا ہوا تخت

عاج تراش: ہاتھی دانت کو تراش کر چیزیں بنانے والا

عاجز: (ع)مسکین، ناچار، کمزور، قاصر، ناتواں، بے بس

عاجز آمدن: بے بسی محسوس کرنا

عاجز شدن: بے بس ہو جانا

عاجز کردن: بے بس کر دینا

انسان از فہمیدن این اسرار عاجز است: انسان ان اسرار کو سمجھنے سے قاصر ہے

او در مباحثہ عاجز کرد: اس نے مذاکرے میں بے بس کر دیا

عاجزانہ: عاجزی سے، انکسار کے ساتھ

عاجزانہ استدعا دارم کہ: میں بڑی انکساری کے ساتھ التجا کرتا ہوں کہ

عاجزی: انکساری

عاجل: (ع)عارضی، چند روزہ، ناپائدار، تیز، جلدی، ابھی

لذت عاجل را بیند عذاب آجل را نمی بیند: عارضی سی لذت تو اس کے پیش نظر ہے لیکن مدت دراز تک ہونے والے عذاب کی طرف دھیان نہیں دیتا

عاجلاً: (ع)عجلت سے، تیزی سے، جلدی

عاجی: ہاتھی دانت کا بنا ہوا

عاجین: عاجی

عاد: (ع)(۱)وہ قوم جس کی ہدایت کے لیے حضرت ہود مبعوث ہوئے تھے اور اونٹنی کا معجزہ ظاہر کیا تھا، مگر نافرمانی کی وجہ سے وہ قوم تباہ ہوئی (۲) ایک قسم کا عدد

عادات: (ع)عادتیں، خصلتیں

عادت: (ع)خصلت، خو، رسم، قاعدہ، ریت

عادت داشتن: عادی ہو جانا

عادت کردن - عادت گرفتن: عادت ہو جانا، کسی چیز کا عادی ہو جانا

او عادتِ بدی گرفتہ است: اس نے بری خصلت اختیار کی ہے

من سحر خیزی را عادت دارم: میں صبح اٹھنے کا عادی ہوں

عادۃً: عادت کے مطابق

اوعادۃً دخانیات استعمال می کند: وہ اپنی عادت کے مطابق سگریٹ نوشی کرتا ہے

عادتی: عادت سے متعلق، عادی

عادل: (ع)عدل کرنے والا، انصاف پسند

نوشیرواں بادشاہ عادل بود: نوشیرواں منصف مزاج بادشاہ تھا

عادلانہ: انصاف پسندی سے

قاضی عادلانہ حکم نکرد: قاضی نے منصفانہ فیصلہ نہیں دیا

عادی: (ع)خوگر، جس چیز کی عادت ہو جائے

غیر عادی: فوق العادۃ

عادی کردن: عادت ڈال دینا

در مواردِ عادی ہم تند است: وہ عام حالات میں بھی جلد باز ہے

عادی: (ع) عدو، دشمن،

عاذِر: (ع) معذرت کرنے والا، زخم کا نشان، پلیدی

عاذِل: (ع) سرزنش کرنے والا، ملامت کرنے والا، تنبیہ کرنے والا

عار: (ع) شرمندگی، ذلت، رسوائی، باعثِ شرم

او را از دروغ گفتن عار آید: وہ جھوٹ کہنے کو باعث ذلت سمجھتا ہے

عارِض: (ع) رخسار، گال

عارض افروختن: غصے میں آنا

عارض گلگون: گلاب کے پھول جیسے رخسار

عارض: (ع) لاحق ہونے والا، حادثہ، واقعہ

عارض شدن: لاحق ہونا، پیش آنا

سانحہ ای برای ایشان عارض شد: انھیں ایک حادثہ پیش آیا

عارِض: (ع) شکایت کرنے والا، دعویدار، مدعی، استغاثہ کرنیوالا

عارض شدن: دعویٰ دائر کرنا

از دستِ او عارض شدم: میں نے اس کے خلاف شکایت کی

عارضاً: (ع) (۱) اتفاقاً (۲) عارض کے طور سے

عارضِہ: (ع) حادثہ، بیماری

عارضہ کسالت: بیماری، کسل مندی

چہ عارضہ ای رخ داد: کیا حادثہ پیش آیا

عارضی: اتفاقیہ، وقتی

عارِف: (ع) دانا، خداشناس، اہل سلوک و عرفان، جاننے والا، صاحب معرفت

عارفانہ: ذکاوت سے، عارف کے انداز میں

عارفانہ فکرمی کرد: اس نے صوفیانہ انداز میں غور و فکر کیا

عاری: (ع) خالی، محروم

عاری از حقیقت: حقیقت سے خالی، دروغ، جھوٹ

عاری از صفات حسنہ: اچھے اوصاف سے محروم

عارِیت: (ع) ادھار لینا، مانگ کر لینا، کچھ وقت کے لیے حاصل کرنا

عاریت دادن: ادھار کے طور پر دینا

عاریۃً: (ع) عاریت کے طور پر، قرض کے طور سے، کچھ وقت کے لیے کوئی چیز لینا یا دینا

عاریتی: ادھار کے طور سے لیا ہوا

عازِم: (ع) عزم کرنے والا، ارادہ کرنے والا

او عازمِ سفر است: اس نے سفر کرنے کا ارادہ کیا ہے، اس نے کہیں جانے کا عزم کیا ہے

عازم شدن: تیار ہونا

فردا عازم کراچی خواہم شد: کل میں کراچی جاؤں گا

عاشِر: (ع) دسواں، دس میں سے ایک

عاشراً: (ع) دسویں درجے پر

عاشِق: (ع) چاہنے والا، محبت کرنے والا، محب

عاشق شدن: عشق ہو جانا، محبت کرنا

عاشقانِہ: عشق و محبت سے

او عاشقانہ گریہ می کرد: وہ عشق و محبت میں آنسو بہاتا تھا

نگاہِ عاشقانہ: عشق و محبت کی نگاہ سے

عاشقِہ: عشق کرنے والی، اسیر محبت خاتون

عاشقی: عشق بازی

عاشقی کردن: محبت کرنا

عاشورا: (ع) ماہ محرم کی دسویں تاریخ

عاصِف: (ع) (۱) تندو تیز ہوا، طوفانی ہوا (۲) مایل و خمیدہ

عاصِفہ: (ع) تندوتیز ہوا

عاصِم: (ع) نگہداشت کرنے والا

عاصِمہ: (ع) (۱) پایۂ تخت، مرکز مملکت (۲) پاک دامن خاتون

عاصی: (ع) گنہگار، باغی، سرکش، نافرمان

عاصی شدن: گنہگار ہونا، نافرمان ہو جانا

عاطِر: (ع) خوشبو دار، معطر، جو عطر کو بہت پسند کرتا ہے

خاطرِ عاطر ایشان: ان کا پاک دل و دماغ

عاطِف: (ع) مہربان، شفیق، خیر خواہ، خیر اندیش

عاطِفہ: (ع) ہمدردی، ہمدردانہ، احسان (عواطف جمع)

عاطِل: (ع) سست، بیکار، فضول، مہمل، بیہودہ

وجود این قبیل اشخاص عاطل است: اس قسم کے لوگوں کا وجود محض بیکار ہے

عاطل و باطل: بیکار، بیہودہ

عافی: (ع) گناہ سے توبہ کرنے والا

عافیَت: (ع) سلامتی، آرام، نیکی، خیریت، خوش وقتی، امن و آسائش، سعادت

عافیت باشید: خدا صحت و سلامتی عطا کرے

عاق: (ع) نافرمان، سرکش، باغی، حکم نہ ماننے والا

عاق نمودن: لعنت بھیجنا، مردود کرنا، وراثت سے محروم کر دینا

عاقِ والدین: والدین کا حکم نہ ماننے والا

عاقِب: (ع) جانشین، وارث

عاقِبت: (ع) خاتمہ، انجام، نتیجہ، آخرت، عقبیٰ

عاقبت این کار خوب خواہد شد: اس کام کا نتیجہ اچھا ہو گا: مثال:-

عاقبت گرگ زادہ گرگ شود
گرچہ با آدمی بزرگ شود

آخر کار بھیڑیے کا بچہ بھیڑیا ہی ہو گا خواہ اس نے انسانوں میں پرورش پائی ہو- جس کی فطرت بری ہے خواہ اسے اچھے لوگوں کی صحبت میسر آ جائے لیکن پھر بھی وہ برائی سے باز نہیں آتا

عاقبت الامر: آخر کار، انجام کار

عاقبت بخیر باشد: (دعا) خدا انجام اچھا کرے

بد عاقبت: بد انجام

عاقبت اندیش: دور اندیش، انجام پر نظر رکھنے والا، ہوشیار، انجام بین

عاقبت بخیر: خدا انجام بخیر کرے

در حق من دعا کرد کہ عاقبت بخیر باشم: اس نے میرے حق میں دعا کی کہ میرا انجام اچھا ہو

عاقبت بین: دور اندیش، انجام پر نظر رکھنے والا، عاقبت اندیش، انجام بین

عاقبت بینی: دور اندیشی، انجام پر نظر رکھنا

عاقبت میندیش: کوتاہ اندیش، ناعاقبت اندیش

عاقِد: (ع) گانٹھ دینے والا، عقد کرنے والا، نکاح کرنے والا، کسی معاہدے پر دستخط کرنے والا

عاقِر: (ع) عورت جس کے بچہ پیدا نہ ہو، بانجھ

تا چهل سالگی عاقر بود: چالیس سال تک خاتون کے بچہ پیدا نہ ہوا

عاقر قرحا - اکر کرہ: بیل جس کے پھول شگوفہ دار ہوتے ہیں اور دوائی کے طور کام آتے ہیں

عاقِل:(ع) عقلمند، دانا، دانشمند

عاقل را اشارہ کافی است: عقلمند کے لیے اشارہ ہی کافی ہے

عاقلانہ: عقل مندی سے، دانائی سے

دریں جاعاقلانہ رفتار نکردید: یہاں تم نے عقلمندی کا رویہ اختیار نہیں کیا۔

عاقِلہ:(ع) خردمند عورت

عاقِلی:دانائی، دانشمندانہ رویہ

عاق نامہ:حق فرزندی سے محروم کرنے کی دستاویز

عاکِف:(ع) مقیم، پابرجا، مستقل مزاج، گوشہ نشین، جو شخص عبادت کی غرض سے خلوت اختیار کرتا ہے

عالَم:(ع) جہان، دنیا، کائنات

عالِم ارواح:روحوں کی دنیا

عالم باقی:ہمیشہ رہنے والا جہان جو ہم سے پوشیدہ ہے

عالم بالا:اوپر کی دنیا جو ہم سے پوشیدہ ہے

عالم جسمانی:مادی دنیا

عالم رُوحانی:عالم ارواح، روحانی دنیا

عالم صُوری:موجودہ دنیا جو سب کی نظروں میں ہے، مادی دنیا، عالم فانی

عالم ملکوت:فرشتوں کی دنیا، سماوی دنیا

عالم غَیب:نظروں سے پوشیدہ دنیا

عالم فانی:فنا ہو جانے والی دنیا

در عالم خواب دیدم: میں نے خواب کی حالت میں دیکھا

عالِم:اہل علم، سائنسدان، دانا، دانشمند

اشخاص عالم:اہل علم لوگ

عالم آرا:جہاں کو آراستہ کرنے والا

عالم افروز:دنیا کو روشن کرنے والا، آفتاب

خورشید عالم افروز:جہاں کو روشن کرنے والا سورج

عالِم الغَیب:غیب کی باتیں جاننے والا

عالمانہ:اہل علم کے انداز میں

عالم پناہ:جس کے ہاں مخلوق کو پناہ ملے

عالمتاب:دنیا کو روشن کرنے والا، آفتاب

عالِم صغیر:کائنات اصغر یعنی انسان، اس حیثیت سے کہ اس کی ذات کائنات کا خلاصہ ہے

عالم گرد:جہاں گرد، سیاح، دنیا بھر میں گھومنے پھرنے والا

عالم گردی:سیاحت، دنیا بھر میں گھومنا پھرنا

عالمگیر:دنیا کو فتح کرنے والا، مغل بادشاہ اورنگ زیب کا لقب "عالمگیر" تھا، دنیا بھر میں پھیلا ہوا یا پھیلنے والا

عالم نوَرد:جہاں گرد، سیاح

عالمیان:جہان میں رہنے بسنے والے (عالمی کی جمع)

عالَمین:عالم کی جمع، دنیائیں

عالی:(ع) عظیم، رفیع الشان، عظیم الشان، بلند مرتبہ

عمارتِ عالی:عظیم الشان عمارت

منظر عالی:عظیم منظر، احترام و تکریم کے لیے بھی عالی استعمال ہوتا ہے جیسے جناب عالی، سرکار عالی، عالی مرتبت

عالی تبار: اعلیٰ حسب نسب کا، شریف النفس

عالی جناب:بلند مرتبہ، حضرت عالی

عالی شان:عظیم الشان، عظیم المرتبت

عالی فِطرت:اولوالعزم، عالی ہمت، بلند فطرت، کریم النفس، عالی ظرف، عالی حوصلہ

عالِیہ:(ع) عالی کی تانیث، عورتوں کا بلند مقام

مدرسہ عالیہ:ہائی سکول عورتوں کا

عام:(ع) خاص کا متضاد

عام:(ع) سب میں پھیلا ہوا، سب جگہ ملنے والا مشہور، عمومی

شارع عام:عام گزرگاہ، سڑک

صلای عام:دعوت عام

عام المنفعت:عوام کے فائدے کی

کارہای عام المنفعت:عام لوگوں کے فائدے کے کام

عامد:(ع) تجویز کرنے والا، قصد کرنے والا، ارادہ کرنے والا

عامداً:(ع) قصداً، ارادے سے، رضامندی کے ساتھ

عامداً این معامله را کرد:اس نے رضا مندی سے بات طے کی

عامر:(ع)آباد، معمور، جہاں آبادی ہو، عمارت بنانے والا، آباد کرنے والا

عامره:(ع) آباد جگہ، (جمع عوامر)

عامل:(ع) عمل کرنے والا، کارندہ، پیشکار، ایجنٹ، عوامل جمع

عامله:(ع) عامل کی مونث

عاملیّت:مہارت

عامه:(ع)عوام، عوام سے متعلق

برائی خیرِ عامه این کار را کرد:عوام کے فائدے کے لیے یہ کام کیا

عامی:(ع) نادان، بے علم

شخص عامی این را نمی فهمد: بے علم شخص یہ بات نہیں سمجھتا

عامیانه:عام سی بات، نادانی کی بات

عانِد:باغی، سرکش، متمرد، ستیزہ کار، کج رو، راہ راست سے بھٹکا ہوا، گمراہ

عاهَت:آفت (اعاهات جمع)

عائد - عاید:واپس آنے والا، ملاقات کو آنے والا، ہاتھ آنا، کمانا، بیمار پرسی کرنے والا

عاید داشتن:واپس کرنا، ادا کرنا

روزی چند عاید بشمامی شود:ایک دن میں کیا کما لیتے ہو

عایدات:آمدنی، کمائی، مداخل مالیات

عایدات داخلی:ملکی مالیات

عایدات سالیانه مملکتی چه قدر است:ملک کا سالانہ مالیہ کس قدر ہے

اداره عایدات:محکمہ مالیات

بودجه عایدات:مالیات کا بجٹ

عایداتی:ملکی مالیہ سے متعلق

عایده:آمدنی، نفع، درآمد، فائدہ (عایدات جمع)

عایدی:آمدنی، تنخواہ

ماہی چه عایدی دارید:تمہاری ماہانہ آمدنی کیا ہے؟

عایش:عیش سے زندگی بسر کرنا

عایشه:حضرت ابوبکر(رض) کی دختر جو رسول کریم(ص) کی بیوی اور ام المومنین تھیں

عایق:رکاوٹ، مزاحمت

عایق این کار چیست:اس کام میں رکاوٹ کیا ہے؟ (عوایق جمع)

عایق شدن:رکاوٹ ہونا، مزاحمت ہونا

عایقه:رکاوٹ، مانع، مزاحم

موجبات عایقه: مزاحمت کی وجوہ

عائله: خاندان، بیوی بچے

عائله سنگینی دارد: اس کا بہت بڑا خاندان ہے (عایلات جمع)

عبا: چغہ، بغیر آستینوں کے فرغل، لبادہ

آل عبا: پنجتن (حضرت رسول کریم(ص) حضرت بی بی فاطمہ، حضرت علی، امام حسن اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہم)

عُباب: لہر، موج

عبا پوش: فرغل پہننے والا، درویش

عبا دُوز: کھلے لبادے سینے والا

عِباد: اطاعت گزار، بندے، غلام، ملازم (عبد کی جمع)

عُبّاد: عابد کی جمع، عبادت کرنے والا، زاہد

عِبادت: پرستش، بندگی، اطاعت، نماز

عبادت کردن: اللہ کی اطاعت کے فرائض بصورت نماز ادا کرنا

عبادت خانہ: عبادت گاہ، مسجد

عبادت کار: عابد، عبادت کرنے والا

عبادت گاہ: مسجد

عبادتی: عبادت سے متعلق

مسائل عبادتی: عبادت سے متعلق مسائل

عِبارت: بات بیان کرنا، جملے کی بناوٹ، تحریر، طرزِ تحریر، خیال جو تحریری صورت اختیار کرتا ہے

عبارتی از آن کتاب بطرز مثل نقل کردم: کچھ جملے میں نے اس کتاب سے مثال کے طور پر نقل کیے

بعبارت در آوردن: تحریر میں لانا

بعبارت در آوردن آسان است: خیال کو تحریری صورت میں بیان کرنا آسان ہے

عبارت برداری: خاص انداز تحریر میں پیش کرنا

عبارت سازی: خوبی، بندش، ترتیب الفاظ

عبارتی: خاص انداز تحریر سے متعلق

عبّاس: (۱) حضرت رسول کریم(ص) کے چچا کا نام (۲) ترش رو

عباسی: حضرت عباس کی اولاد

خلفای عباسی: عباسی خلفا جن کی حکومت ۷۵۰ سے ۱۲۵۸ء تک قائم رہی یہ خلفا بنی عباس کہلاتے تھے

عباسی: ایک قدیمی سکہ

عباسیان: خلفائے عباسی

عبای: اون کی بنی ہوئی ٹوپی

عبث: بے فائدہ، بیکار، کارِبیہودہ

عبث زحمت می کشی: بیکار زحمت اٹھا رہے ہو

عبثاً: بے فائدہ، بے حاصل

عبد: بندہ، تابع فرمان، غلام

عبدالبطن: پیٹ کا پجاری، بندہ شکم

عبداللّٰہ: اللہ کا بندہ، حضرت رسولِ کریم(ص) کے والد بزرگوار کا نام

عبدیّت: عبودیت، اللہ کی بندگی، اطاعت پروردگار

عِبَر: عبرت کی جمع

عِبرانی: یہود کی زبان، زبان عبرانی

عبرانیت: عبرانی زبان

عبرانیہ: یہود سے متعلق یہودیہ، لغت یہود

عبرت: نصیحت لینا، اندیشہ کرنا، تنبیہ سے سبق حاصل

کرنا

عبرت گرفتن:سبق حاصل کرنا

او را باید مجازات کرد تا سائرین عبرت گیرند:اسے ضرور سزا ہونی چاہیے تاکہ دوسرے لوگ نصیحت حاصل کر سکیں

مایہ عبرت:سرمایہ پندو نصیحت، وہ شخص جو دوسروں کے لیے نصیحت کے سلسلے میں مثال کا کام دے

عِبرت آمیز:ایسی بات جسے دیکھ کر انسان نصیحت حاصل کر سکے

عبرت انگیز:ایسی بات جس سے انسان خوف کھائے اور اس سے سبق حاصل کرے

عبرت بین:دنیا کے نصیحت آموز واقعات پر نظر رکھنے والا

عبرت نما:نصیحت آموز، سبق آموز، نصیحت کی مثال

عبرۃً:(ہ) نصیحت کے طور پر

عبرۃً للسّائرین:(ع) سب لوگوں کے لیے نصیحت

عَبَرہ:(ع)گزر کرنا، نیز اشک چشم، آنسو

عِبری:یہودی، عبرانی

عبس:(ع) ترش روی

عبقَر:(ع) وہ جگہ جس کے متعلق قدیم عربوں کا خیال تھا کہ وہاں جنوں کا بسیرا ہے

عبقرہ:(ع)چمکنا، چمکنے والی چیز، مثلاً سراب

عبقری:(ع) (۱)اچھی اور نفیس چیز جو تعجب خیز ہو (۲) سردار، بزرگ

عبُودہ - عبودیت:(ع)بندگی، اطاعت، عبادت

عبُور:(ع)راہ پر سے گزرنا، پل کے پار جانا

عبور ازان چارہ ممکن نبود:اس راستے سے پار جانا ممکن نہ تھا

عبوردادن:گزارنا، پہنچانا

عبور کردن:پار جانا،

عبور و مرور:آنا، جانا، آمد و شد

با زحمت زیاد ازاں تنگنا عبور کردیم:ہم بہت تکلیفیں اٹھا کر اس درے یا گھاٹی سے پار اترے

جوازِ عبور:حد سے پار جانے کی اجازت

حق العبور:کسی کی حد سے پار جانے کا حق

قابلِ عبور:جس سے پار اترا جا سکے

عبوراً:(ع)عبور کرنے کی حالت، گزرتے ہوئے

عبُوس:(ع)بہت ترش رو، تند، شدید

عبوسَت:(ع)ترش روی، بد مزاجی

عَبہَر:(ع)چنبیلی کا پھول، گل یاسمن، نرگس کا پھول

عبِید:بندگان، جمع بندہ

عبیدانہ:خدمت گزاری سے، عاجزی سے

عبیر:(ع)خوشبودار، خوشبو کا مرکب، عطر

عِتاب:(ع)غیظ و غضب، سرزنش کرنا، ملامت کرنا

عتاب کردن:غیظ و غضب کا اظہار کرنا، سرزنش کرنا

حاکم لختی با او عتاب کرد: حاکم نے اس سے غصے کا اظہار کیا

عتابی:ایک قسم کی سلک

عَتاد:(ع)(۱)وہ جو کسی کام کے لیے زیادہ محنت کرے (۲)وہ جو لوازم جنگ تیار کرے (۳)بڑا پیالہ

عتاق: (ع)آزادی، کسی کا آزاد ہونا ، کسی کا قیدو بند سے رہائی پانا

عتبات: (ع) عتبہ کی جمع

عتبہ: (ع) آستانہ ، بزرگانِ دین کی درگاہ

عترت: (ع) خاندان، خانوادہ

عتق: (ع)آزاد کرنا ، رہا کرنا ، آزادی، رہائی

عُتُل: (ع)پرخور ، تندخو ، سرکش، آزار پہنچانے والا

عُتُو: (ع) ظلم کرنا ، ظلم و ستم میں حد سے بڑھنا

عتَہ: (ع)(۱)دیوانگی، جنون (۲) بچپن

عتید: (ع) (۱)آمادہ، حاضر (۲) تناور، لحیم شحیم

عتیق: (ع)(۱)پرانا ، قدیم، قدیمی (۲)آزاد ، رہا

بَیتُ العتیق: کعبہ

عتیقہ: (ع)قدیمی، پرانی

آثار عتیقہ: قدیمی عمارتوں کے نشانات، قدیمی عمارتوں کی یادگاریں

اشیای عتیقہ: قدیمی اشیا

علمِ آثارِ عتیقہ: قدیمی یادگاروں کا علم

عثار: (ع)لرزنا ، لرز کر گرنا

عثرَۃ: (ع)غلط قدم، خطا ، لغزش، غلطی

عُثمان: (ع)(۱)حضرت عثمان غنی(رض) جو آنحضرت کے تیسرے خلیفہ تھے (۲) ترکیہ میں عثمانی حکومت کا بانی

آل عثمان: عثمانی حکومت کے بانی کی آل اولاد ، اخلاف عثمانی عہد

عثمانلو: (ت) عثمانی

عثمانی: (ع)عثمان سے متعلق

دولت عثمانی: ترکیہ کی عثمانی حکومت

عثمانیہ: حکومت عثمانی سے متعلق

ممالک عثمانیہ: (۱)وہ ملک جہاں عثمانی حکومت تھی بالآخر وہاں عثمانی حکومت نے ترکی حکومت کا نام پایا

عثور: (ع)بہت لغزش کرنیوالا

عُجاب: (ع)عجیب ، تعجب خیز، حیرت انگیز

عَجاج: (ع)(۱) گردوغبار ، دھواں(۲)پست فطرت شخص، فرومایہ ، احمق

عِجاز: (ع) اعجاز، خرقِ عادت جو آنحضرت(ص) سے ظاہر ہوا ، معجزہ

عجالہ: (ع) عجلت، جلدی، جلدی میں کیا ہوا کام، تیز رفتار

علی العجالہ - عجالۃً: تیزی سے

عِجان: (ع) انسانی جسم کے نچلے حصے کی سیون

عجانی: (ع) سیون سے متعلق

عجائب: عجایب، عجیب کی جمع، عجیب چیزیں

عجائب سبعہ: سات عجیب چیزیں

عجائب و غرائب: عجیب و غریب چیزیں

عجائب المخلوقات: عجیب الخلقت جانور

عجائب خانہ: جہاں نا درہ روزگار تاریخی یادگاریں رکھی گئی ہوں، میوزیم

عجائز: (ع)عجوز کی جمع، بوڑھی خواتین

عجب: (ع)تعجب، حیران کن

عجب داشتن: تعجب ہونا ، حیران ہونا۔

چه عجب: عجیب بات ہے، تعجب ہے

چه عجب که این دفعه تندی نکردید: عجیب بات ہے کہ اس دفعہ تم نے تیزی نہیں کی

در عجب بودن: متعجب ہونا

عُجب: (ع) خود بینی، خود پسندی، تکبر

عجب کردن: اپنی بڑائی ظاہر کرنا

عُجَبا: (ع) عجیب بات ہے

عَجبناک: تعجب خیز، متعجب

عُجرة: گرہ، گانٹھ

عَجز: ناکامی، کمزوری، ضعف، بیچارگی، انکسار، ناتوانی، بیچارگی

از انجام این کار عجز داشت: اس کام کے انجام نہ دے سکنے کا اظہار کیا

اظهار عجز کردن: عاجزی اور انکساری کا اظہار کرنا

عجز داشتن: ناکام ہونا

عَجُز، عُجز: (ع) جسم کا پچھلا حصہ، سرین، چوتڑ

عَجزه: (ع) عاجز کی جمع

عجزی: (ع) مقعد کی ہڈی (تکونی شکل کی) کے متعلق

عِجل: (ع) بچھڑا

عجَل: عجلہ

عجَل: عاجل، جلدی

عجَلِه: جلدی، تیزی

عجله کردن: جلدی کرنا

عِجلِه: بچھڑی

عجَم: (ع) (۱) غیر عرب، جو عرب نہ ہو (اعجام جمع) (۲) ایرانی

بلادِ عجم: ایران کے شہر

عجمِستان: ایران، بلاد عجم

عجمی: (ع) عجم سے منسوب

عجمیَت: (ع) غیر ملکی ہونا، عربوں کے لیے اجنبی ہونا

عجن: (ع) خمیر کرنا

عجُوبه: (ع) اعجوبہ، عجیب چیز، تعجب خیز

عجوز: (ع) بوڑھا آدمی، عاجز شخص

عجوزِه: (ع) (۱) بوڑھی عورت، ناتواں عورت (۲) ساحرہ، جادوگرنی

عجول: (ع) عجلت پسند، تیز رفتار، جلد باز

عجولی: تیزی، تیز رفتاری، تندی

عجیب: (ع) انوکھا، حیرت انگیز، تعجب خیز، عجیب و غریب، انوکھا، نادر

عجیب الخِلقت: (ع) غیر طبعی، غیر قدرتی، عجیب و غریب تخلیق

عجیبِه: (ع) تعجب خیز، حیرت انگیز

عجِین: (ع) ملا ہوا، گوندھا ہوا، خمیر

عجین کردن: خمیر کرنا، گوندھنا

عدّ: شمار کرنا، گننا، حساب کرنا، مثال:

اوصاف او پیش خرد بیرون بود از حدوعد
حاشا که عمر ابد آخر شود این داستان

جہاں تک عقل کا تعلق ہے ان کے اوصاف حمیدہ حد و شمار سے بالا ہیں، حاشاللہ کہ زندگی غیر فانی تو نہیں آخر یہ سر گذشت ختم ہو گی

عِدّ: بہت سے، کثیر تعداد

عداد: (ع) گنتی، شمار، زمرہ

او در عداد آزادی خواہان محسوب می شد: اسے آزادی خواہوں کی جمعیت میں شمارکیا گیا

عدالت: (ع) داد گری، جہاں سے انصاف ملتا ہے

عدالت پناه: انصاف کا مامن، انصاف کے لیے جاے پناہ

عدالتؔ پیشہ: عادل، منصف

عدالتی: عدالت سے متعلق، انصاف پر مبنی

عداوت: (ع) دشمنی، خصومت، کینہ، بغض، عناد

عداوت داشتن: دشمنی ہونا

عداوت ورزیدن: دشمن کی طرح عمل کرنا

عجبا برادر بابرادر عداوت دارد: تعجب ہے بھائی کی بھائی سے دشمنی ہے

عِدّت: (ع) عورتوں کا وہ زمانہ جب طلاق کے بعد وہ دوسرا خاوند نہیں کر سکتیں

عُدّت: فوج کی رسد، ساز و سامان جنگ، لوازم زندگی

عدد: (ع) ہندسہ، رقم، گنتی، شمار، اکائیوں کا مجموعہ

عددِ اعشاری: جس عدد میں اعشاریہ ہو

عدد اوّل: مفرد عدد

عدد صحیح: جس عدد میں کسر نہ ہو

عدد کسری: جس میں کسر ہو مثلاً ۲/۱ ۵

عدد مرکب: مرکب عدد

عدد خوانی: طریق شمار، طریق حساب، شمار، تعداد عمل حساب، ہندسوں کے نام رکھنا، تسمیہ اعداد

عدد نویسی: عدد لکھنا

عددی: عدد سے متعلق

عدَس: (ع) مسور کی دال، لوبیا

عدسَہ: (ع) شیشے کا قطعہ جو ایک طرف سے یا دونوں طرف سے محدب ہوتا ہے

عدسی: مسور کی دال جیسی

عدل: (ع) انصاف

عِدل: (ع) (۱)مثل و نظیر، مانند، (۲)وزن میں برابر، گٹھا، پشتارہ، بقچہ، گٹھڑی، بنڈل (۳)بوجھ (۳)کوئی چیز جو کسی دوسری چیز کے برابر ہو (اعدال جمع)

عِدل بندی: گٹھا باندھنا، بنڈل بنانا

عَدل پرور: انصاف کرنے والا، منصف

عدل گستر: عدل کا انتظام کرنے والا

عدلہ: (ع) وہ شخص جو گواہی دینے کے قابل ہو

عدلِیّہ: (ع)عدالت

وزارت عدلیہ: وزارت انصاف

عدَم: (ع) نیستی، نہ ہونا، (ہستی کا متضاد)

انسان ازعدم بوجود آمدہ است: انسان عالم نیستی سے وجود میں آیا ہے

عدم استطاعت: استطاعت کا نہ ہونا

عدم استعداد: نا قابلیت، بے استعدادی

عدم آشنائی: آشنائی نہ ہونا، فقدان آشنائی

عدم اطاعت: نا فرمانی

عدم اعتبار: اعتبار نہ ہونا

عدم اعتماد: بے اعتمادی

عدم امکان: ممکن نہ ہونا

عدم تمائل: بے رغبتی

عدم تناسب: جس میں نسبت قائم نہ ہو

عدم توجہ: بے توجہی

عدم حافظہ: فراموشی، بھول جانا

عدم رضایت: بے اطمینانی

عدم رعایت: رعایت کا میسر نہ ہونا

عدم مسئولیت: غیر ذمے داری

عدم صحبت: بات چیت نہ ہونا

عدم قابلیت: نا قابلیت

عدم قبول: قبول نہ ہونا

عدم موافقت: اتفاق نہ ہونا

عدَن: (ع) اقامت کرنا، ایک جگہ پر ہمیشہ رہنا

بہشت عدن: اس لیے کہتے ہیں کہ نیک لوگوں کو ہمیشہ وہیں رہنا ہے

عُدو: (ع) دشمن

عُدوان: (ع) عداوت، دشمنی، خصومت، بغض، کینہ، ظلم کرنا

عدوانی: نا انصافی، عداوت

تصرف عدوانی: جبر

تصرف جابرانہ: تسلط

عَدُول: (ع) انحراف کرنا، منہ موڑ لینا

عدول از جادہء حقیقت: سچائی کے راستے سے ہٹ جانا، روگردانی

عدُول: عادل و عدل کی جمع، عدل، داد گستری

عُدوی: عدوان، عداوت، دشمنی

عِدّہ: (ع) چند ایک، کچھ

عدہ از شاگردان: شاگردوں میں سے چند

عدِید: (ع) متعدد، جن کی گنتی کی گئی ہو

عدیدہ: (ع) عدید کی تانیث، کچھ حصہ

عدیل: (ع) برابر، ہم مرتبہ، وہ آدمی جو کجاوے کے دونوں طرف بیٹھیں تو انھیں ایک دوسرے کا عدیل کہتے ہیں

عدِیم: (ع) (۱) گم، ناپید، معدوم شے

عدیم المثال: جس کی کوئی مثال نہ ہو، بے مثال

عدیم النظیر: بے نظیر جس کی نظیر نہ ہو

عدیم الوُجود: نایاب، کمیاب

عذاب: (ع) دکھ، تکلیف، سزا

عذاب شدن: تکلیف ہونا، تکلیف برداشت کرنا

عذاب کردن: تکلیف دینا، ایذا رسانی

عذار: (ع) رخسار، گال

عذِب: (ع) گوارا، پاکیزہ، میٹھا، شیریں، لذیذ، خوشگوار

عذب البیان: جس کے کلام میں شیرینی ہو، شیریں بیان، شیریں کلام

عُذر: (ع) حیلہ، بہانا، حجت، دلیل،

عذر آوردن: دلیل پیش کرنا، معذرت پیش کرنا

عذر خواستن: معذرت چاہنا

عذرش خواستنی است: اس کا عذر معقول ہے

عذر غیر موجّہ: جس کی معذرت بے دلیل ہو

عذر مرا پذیرفت: میری معذرت قبول کرلی

عذر می خواہم: میں معذرت چاہتا ہوں

برای توہینی کہ کردہ بود عذر خواست: اس نے توہین جو کی تھی اس کے لیے معذرت چاہی

عَذرا: (ع) دوشیزہ، باکرہ، کنواری، در نا سفتہ، اسم خاص، اسم معرفہ

عُذر آور: معذرت کرنے والا

عذر پذیر: جس کا عذر قابل قبول ہو

عذر خواہ: معذرت خواہ

عذر خواہانہ: معذرت کے طور پر

عذر خواہی: معذرت چاہنا

عذر خواہی کردن: معذرت چاہنا

در جلوی ہمہ مردمان عذر خواہی کرد: سب لوگوں کے روبرو اس نے معذرت چاہی

عُذرت: (ع) دوشیزگی، بکارت

عذوبت: (ع) شیرینی، مٹھاس

عرابچی: چھکڑا چلانے والا

عرابہ: گاڑی، چھکڑا

عرادِہ: (ع) سواری، گاڑی، توپوں کی تعداد ظاہر کرنے کے لیے

دہ عرادہ توپ: دس عدد توپیں

عرادہ: (ع) منجنیق کی طرح کا آلہ جنگ

عراف: (ع) منجم، غیب گو، جادوگر، ساحر

عراق: (ع) ملک کا نام، نہر یا دریا کا کنارہ

عراق: عراق عجم جو دریائے جیحوں کے کنارے واقع ہے

اور ایران میں شامل ہے

عراق: عرب موسیقی میں ایک راگ کا نام

عراقَین: (ع) دو عراق، عراق عجم اور عراق عرب

عرائس: (ع) عروس کی جمع

عرایض: (ع) عریضہ کی جمع، عرضیاں، درخواستیں

عرب: (ع) ملک کا نام، براعظم ایشیا کا مشہور ملک جس میں مدینہ منورہ اور مکہ معظمہ واقع ہیں، نیز عرب کے لوگ

عربان: بدو، ریگستان کے رہنے والے عرب

عربِدہ: (ع) لڑائی جھگڑا، فتنہ، بد خوی

عربدہ کردن: لڑائی جھگڑا کرنا

عربدہ جُو: جنگجو، فسادی، جھگڑالو

عربِستان: ملک عرب

عربستان ایران: خوزستان

عَرَبون: (ع) بیعانہ، وہ رقم جو کسی چیز کی خریداری کے لیے اس چیز کے حاصل کرنے سے پہلے دی جائے

عرِبہ: (ت) عرابہ، کالسکہ، بگھی

عربی: (ع) عرب سے متعلق، عربی زبان

اسپ عربی: عربی گھوڑا

او عربی و فارسی ہر دو می داند: وہ عربی اور فارسی دونوں زبانیں جانتا ہے

فرہنگ عربی: عربی کی لغات

عربیات: عربی زبان و ادب، عربی لسانیات

عرَج: (ع) لنگڑا پن

عرجُون: کھجوروں کے خوشے، ٹہنی

عِرس: (ع) ہم سر، خاوند، بیوی، زوج

عُرس: (ع) مہمانی، جشن، جشن عروسی

عَرش: (ع) ملک، تخت، چھت، باری تعالی کا تخت، آسمان

عرش و فرش: آسمان و زمین

عرشِہ: (ع) جہاز کی چھت، جہاز کا اوپر کا حصہ

عرشی: (ع) آسمانی، فلکی، سماوی، فرشتہ

عرَصات: (ع) عرصہ کی جمع، کھلی جگہیں یا ایوان جہاں آخری فیصلہ سنایا جائیگا، روز محشر، روز رستاخیز

عرصہ: (ع) زمین، فضا، میدان، کھلی جگہ، ایوان، احاطہ،

عرصہ بر او تنگ شد: زمین اس کے لیے تنگ ہو گئی، پریشان حال ہو گیا

عرصہ جنگ: میدان جنگ

عرصہ شطرنج: شطرنج کا تختہ

عرض: (ع) چوڑائی، زمان، وقت، درخواست، گزارش

عرضِ حال: گزارش، درخواست، داد خواست

عرضِ قشون: لشکر کا جائزہ

عرض کردن: عاجزی سے التماس کرنا

عرض مارا گوش نکرد: ہماری گزارش کو اس نے نہ سنا

عرض می کنم کہ خدمت جناب عالی حاضر بشوم: میں عرض کرتا ہوں کہ جناب عالی مرتبت کی خدمت میں حاضر ہوتا ہوں

عرض می شود: آپ کی خدمت میں گزارش ہے

بعرض رساندن: نوٹس میں لانا

بعرض رسیدن: کسی کے نوٹس میں آنا

چہ عرض کنم: میں کیا عرض کروں یہ میں نہیں جانتا ہوں

عریضہ عرض کردن: درخواست پیش کرنا

عریضہ بعرض وزیر نرسید: درخواست وزیر کی خدمت میں پیش نہیں ہوئی

عِرض: نفس، ذات، ناموس، شہرت، آبرو (اعراض جمع)

عِرض خود را باین حرف برد: ایسے الفاظ کہنے سے اس نے اپنی شہرت کو بٹا لگایا

عَرَض: جو کسی دوسرے کی وجہ سے قائم ہو، مثلاً دانشکدہ یا کالج

جوہر و عرض: جوہر جو اپنی ذات سے قائم ہو اور عرض جو اپنی ذات سے قائم نہیں کسی دوسرے کی وجہ سے قائم ہو، مادہ اور ظاہری سطح

عرضاً: چوڑائی میں

عرضاً چہار میتراست: چوڑائی میں چار میٹر ہے

عرضاً: اتفاق سے

عرض حال: درخواست، التماس، گزارش

صاحب عرض حال: درخواست دہندہ

عرض حال تقدیم کردہ ام: میں نے درخواست پیش کر دی ہے

عرض دار: عریض، چوڑا

عرضداشت: درخواست، التماس، گزارش پیش کرنا

عرضِہ: (ع) آشکار کرنا، نشان بتانا، بیچنے کے لیے کسی چیز کی نمائش کرنا

عرضہ: (ع) (۱) قابلیت، صلاحیت، ہمت، توانائی، طاقت (۲) ارادہ، قصد، عزم، منصوبہ

عرضہ داشتن: پیش کرنا، عرض کرنا

عَرَضی: (ع) ظاہری سطح سے متعلق

عرضی: (ع) چوڑائی، چوڑائی سے متعلق

عرعر: (ع) ایک قسم کا صنوبری سدا بہار پودا جس کا تیل دوا کے کام آتا ہے

عرعر: (ع) ہاون دستے یا موسل سے کوٹنا

عرعر کردن: موسل سے کوٹنا

عرعر: گدھے کی آواز

عُرف: عام قانون، سول لا، رواجی قانون

در اصطلاح عرف: عام زبان کی اصطلاح میں

شرع و عرف بدو طریق درین باب حکم می کنند: شریعت اور سول لا اس مسئلے میں دو مختلف طریقوں سے فیصلہ دیتے ہیں

عُرف: (ع) پہچان، عام نام، عادت، اصطلاح جو عام طور سے رائج ہو

عرفاً: (ع) عام قانون کی رو سے

عُرَفا: (ع) عارف کی جمع، دانا، دانشمند، جاننے والے، صاحبان معرفت، خدا شناس

عرَفات: مکہ معظمہ کے قریب ایک فراخ میدان جہاں حج کے دوران نو ذی الحجہ کو زائرین آ کر ٹھہرتے ہیں

عِرفان: علم معرفت، شناخت، علم باطن

اہل عرفان: اہل معرفت

عرفانی: علم باطن رکھنے والا

عرَفہ: ماہ ذی الحجہ کا نواں دن جب مسلمان حج کرتے ہیں نیز شب برات سے ایک روز پہلے کا دن، مکہ معظمہ کے قریب ایک پہاڑ کا نام

عرفی: عرف سے متعلق

قانون عرفی: عام یا سول لا

عرفی: مشہور شاعر جمال الدین کا تخلص، یہ شاعر مغل بادشاہ اکبر اعظم کے دور میں تھا

عرَق: (ع) (۱) پسینہ (۲) رس، نمی، شیرہ، کشید کے ذریعے نکالا ہوا رس، کسی شے کا نچوڑا ہوا رس (۳) شراب

عرق خجالت: شرمندگی کا پسینہ

عرق کردن: پسینے میں شرابور ہونا

عرق کشیدن: کشید کے ذریعے رس نکالنا

با عرق جبین نان خواہی خورد: گاڑھے پسینے

کی کمائی سے ہی خوراک حاصل کر سکو گے

بدن ہمیشہ عرق می کند: جسم پر ہمیشہ پسینہ آتا ہے

مریض عرق کرد: مریض کو پسینہ آگیا

عِرق: (ع) خون، رگ، جز، ریشہ ،اصل

عِرق النسا: ایک بیماری، ایشیا نک پین، درد جو چڈھوں سے نخنوں تک ہوتا ہے

عَرق آور: پسینہ لانے والی، معرق دوا

عرق جبین: پیشانی کا پسینہ، رنج، دشوار کام، خستہ کر دینے والا

عرق چین: ایک خاص قسم کی مخمل کی ٹوپی جسے معمر لوگ گھر میں پہنتے ہیں

عرق دار: پسینہ آنا، جسے پسینہ آیا ہو

عرق ریز: محنت جو پسینہ لائے

عرق ریزی: سخت محنت سے پسینہ آنا

عرق سُوز: جسم کی جلد جو سخت گرمی اور پسینے سے سوختہ ہو

عرق فروش: عرق بیچنے والا، شراب فروش

عرق کردن: پسینہ آنا

عرق کش: :عرق نکالنے والا

عرق گرفتن: تقطیر کے ذریعے پھل یا پھولوں کا جوہر نکالنا

عرق گیر: ایک آلہ جس سے پھلوں کا رس نکالا جاتا ہے

عرق گیر: گدا جو گھوڑے کی کاٹھی کے نیچے رکھا جاتا ہے تا کہ وہ گھوڑے کا پسینہ جذب کرلے

عرق مدنی: ایک قسم کی بیماری جس سے کرموں کی طرح دراز اور باریک ریشے جسم کی جلد کے اندر پیدا ہو جاتے ہیں

عرقُوب: (ع)(۱)وہ نس جو پٹھوں کے سرے پر ہوتی ہے یا ایک کو دوسرے سے جوڑتی ہے (۲)عرب کا ایک شخص جو وعدہ شکنی میں مشہور تھا

عرقوبی: جھوٹا، بے وفا، وعدہ کا پاس نہ کرنے والا

مواعیدِ عرقوبی: جھوٹے وعدے

عرقی: :پسینہ، جسے پسینہ آئے

عرم: (ع) شدید بارش، طوفان، سیلاب جو حکومت سبا کے اختتام کا سبب بنا، اس سے معروف دیوار مارب بھی تباہ ہوئی

عرم رم: (ع)(۱)متعدد (لشکر) (۲)پرزور، بارش

عرن: (ع) بیماری جو حیوانوں کے پاؤں میں ہو جاتی ہے اور اس کے بال بھی گر جاتے ہیں

عرنین: (ع) ناک کی ہڈی، ناک، ہر چیز کا آغاز، قوم کا بزرگ

عُروج: (ع) بلندی، بلندی پر پہنچنا، انتہائی مرتبہ

عروج کردن: بلندی پر پہنچنا، انتہائی مرتبہ حاصل کرنا

عرُوس: (ع) دلہن (عرائس جمع)

عروسانہ: دلہن کی طرح

عروسک: گڑیا جسے بچیاں دلہن بناتی ہیں اور اس کی شادی کی تیاری کرتی ہیں (عروس کی اسم تصغیر)

عروسک باز: گڑیا سے کھیلنے والی بچی

عروسک بازی: گڑیا سے کھیلنا

عروسہ: (ع) عروس، دلہن

عروسی: (ع) شادی

روز عروسی: شادی کا دن

رقعہ دعوت عروسی: شادی کا کارڈ، دعوت نامہ

عروسی کردن: شادی کرنا

عُروض: (ع) علم جس میں نظم کی درستی کے قواعد مذکور ہوتے ہیں، میزان شعر

عروض دان: علم عروض جاننے والا

عروضی: (ع) قواعد عروض جاننے والا

عُروق: (ع) خون کی رگیں (عرق کی جمع)

عُروہ: (ع) حلقہ، دستہ

عروۃ الوُثقی: مضبوط حلقہ، عقیدہ دین

عُری: (ع) برہنگی

عَری: (ع) عاری، خالی

عُریان: (ع) برہنہ، ننگا

روزیکہ تو بدنیا آمدی عریان بودی: دنیا میں جس دن تو آیا تو برہنہ ہی تھا

عریان کردن: ننگا کر دینا، کنگال کر دینا

عریانی: برہنگی

عریش: (ع) سائبان جو موسم گرما میں اپنی حافظت کے لیے لگاتے ہیں

عریض: چوڑا

پارچہ عریض: چوڑا کپڑا

عریض کردن: چوڑا کرنا

عریضہ: درخواست، گزارش

عریضہ ای بہ رئیس دانشگاہ عرض کردم: میں نے درخواست یونیورسٹی کے وائس چانسلر صاحب کی خدمت میں پیش کی (عرایض جمع)

عریضہ نگار: درخواست لکھ کر پیش کرنیوالا

عریضہ نگار شدن: درخواست پیش کرنا

عریضہ نگاری: درخواست لکھ کر پیش کرنا

عریضی: چوڑائی

عریف: کسی چیز کی جان پہچان رکھنے والا (عرفا جمع)

عریکہ: طبیعت، عادت، سرشت، خو

عرین: درختوں کی کثرت، بیشہ

عِزّ: (ع) عزت، افتخار، مایہ فخر، بزرگی، جلال، عظمت

عَزّہ: (ع) خدا عزت دے

عزا: (ع) ماتم، ماتم پرسی، سوگواری

ایام عزا تمام شد: ماتم کے دن ختم ہوئے

لباس عزا پوشیدن: ماتمی لباس پہننا

عُزّاب: دیکھیے عزب

عزا دار: ماتمی، مرنے والے کا غم کرنے والا

عزاداری: سوگواری

عزا داری کردن: ماتم کرنا، آہ و زاری کرنا

عزازیل: (ع) شیطان کا نام

تکبّر عزازیل را خوار کرد: تکبر نے عزازیل فرشتے کو ذلیل و خوار کیا

عزایم: (ع) (۱) افسوں، منتر پھونکنا، تعویذ دھاگا کرنا، برائیوں کو دور کرنے کے لیے آیات قرانی کی تلاوت کرنا (۲) عزیمت کی جمع، ارادے

عزایم خوان: برائیوں یا بد روحوں کو دور کرنے کے لیے آیات قرآنی کی تلاوت کرنے والا

عزَب: (ع) غیر شادی شدہ، یکہ و تنہا، بیکس

عزبی، عزبیّت: (ع) عزوبت، غیر شادی شدہ ہونا

عِزّت: (ع) آبرو، بزرگی، وقار، طاقت، احترام، جاہ و جلال، عظمت و شان

روز بروز بر عزت او افزودہ می شد: روز بروز اسی کی شان میں اضافہ ہوتا گیا

عزت دادن: احترام کرنا

عزت نفس: ذاتی آبرو

عزت مدار، عزت مند: باعزت، باوقار، مکرم، محترم

عِزرائیل: (ع) ملک الموت، جان نکالنےوالے فرشتے کا نام

عزل: (ع) ہٹا دینا، الگ کر دینا، معزول کر دینا، اخراج

عزل کردن: معزول کرنا

او را عزل و دیگر را بجائش نصب

کردند:اسے معزول کیا گیا اور کسی دوسرے کو اس کی جگہ مقرر کیا گیا

عُزلت:(ع) گوشہ نشینی، عبادت کے لیے خلوت میں بیٹھنا، سبکدوشی

بعد از سی سال خدمت عزلت اختیار کرد:تیس سال کی ملازمت کے بعد وہ ملازمت سے سبکدوش ہوا

عُزلت گزیدہ:جو سبکدوش ہوا ہو، گوشہ نشین

عزلتی:سبکدوش، گوشہ نشیں، خلوت نشیں، زاہدانہ زندگی بسر کرنا

عزم:(ع) ارادہ، قصد، نیت

عزم ثابت، عزم بالجزم:مصمم ارادہ

عزم سفر کردن:سفر کا ارادہ کرنا

عزم کردم کہ بہ کراچی روم:میں نے ارادہ کیا کہ کراچی جاؤں

عزم کردن:سفر کرنا

اُلوالعزم:پکے اردابے والا

عُزوبت:(ع) غیر شادی شدہ ہونا، تجرد

عزّوجلّ:(ع) عزت اور بزرگی والا، خداوند تعالی

عزیز:(ع) پیارا، با عزت، محترم، گرامی، ارجمند

برادر عزیز:پیارا بھائی

عزیزم: میرا پیارا

عزیزی:میرا پیارا

عزیمت:(ع)عزم کرنا، تیار ہونا، ارادہ، قصد، عزیمت کرنا

روز بعد بہ اسلام آباد عزیمت کردم:دوسرے دن میں نے اسلام آباد جانے کا ارادہ کیا

فسخ عزیمت کردن:ارادہ ترک کر دینا

عساکِر:(ع) عسکر کی جمع، لشکر

عسجَد:(ع)سونا، زر، طلا، جواہر

عسجدی:شاعر ابو منصور مروزی جو فردوسي کا ہم عصر تھا

عُسر:(ع) تنگدستی، تنگی معاش، سختی، دشواری

عسرالبَول:تنگی سے پیشاب آنا

عسرالنفس:سانس تنگی سے آنا، ضیق النفس

عُسرت:(ع) سختی، تنگی، تنگی معاش

بہ عسرت زندگی می کرد:وہ تنگدستی کی زندگی بسر کرتا تھا

عُسرت کشیدن:تنگدستی میں زندگی گزارنا

عسَس:(ع)پاسبان، چوکیدار

عسکر:(ع) لشکر، عساکر جمع

عسکری:(۱)لشکر سے متعلق (۲)انگوروں کی ایک قسم، انگور عسکری

عسَل:(ع) شہد

زنبور عسل:شہد کی مکھی

عسلی:(ع) شہد جیسا، شہد کے رنگ کا، زرد رنگ

عسِیر:(ع) مشکل، سخت، دشوار

عسیرالعبور:(ع) جسے آسانی سے عبور نہ کیا جا سکے

عسیر العلاج:(ع) جس کا علاج مشکل ہو

عش:(ع) پرندوں کا گھونسلا، آشیانہ، عشاش و عشوش جمع

عِشاء:(ع) اول شب سے نصف شب کا وقت

نماز عشا:مغرب کی نماز کے بعد کی نماز جو نصف شب تک اداکی جاتی ہے

عِشا:(ع) رات کا کھانا (اعشیہ جمع)

عشّاب:(عَ) جڑی بوٹی کے خواص کا جاننے والا، اس علم پر کتاب لکھنے والا

عُشّاق:(ع)(۱)عشق کرنے والے، محبت کرنے والے (عاشق کی جمع) (۲)موسیقی ایران کی ایک سر کا نام
عشاوَت:(ع) اندھراتا، رات کو نظر نہ آنا، شب کوری
عشائر:(ع) عشرہ کی جمع، قبیلے، خاندان
عُشب:(ع) گھاس، سبزرنگ کی جڑی بوٹیاں
عشبِہ:(ع) ایک مشہور بوٹی جو سوداوی مرض کے لیے مفید ہوتی ہے
عُشر:(ع) دسواں حصہ
یک عشر آن را بہ فقرا دادند:اس کا دسواں حصہ انھوں نے غریبوں کو دے دیا
عَشَر:(ع) دس
اثناعشر:بارہ
اثنا عشری:اہل تشیع جو بارہ اماموں کو مانتے ہیں
عِشرت:(ع) عیش و آرام، خوشی و خرمی
بعشرت زندگی میکرد:وہ عیش و آرام کی زندگی بسر کرتا تھا
عشرت کردن:عیش و آرام کی زندگی بسر کرنا
عِشرون، عشرین:(ع) بیس (عدد)
عَشرہ:(ع) دس
عشرِیہ:(ع) دسواں، عشر، دہ یکی، کسی چیز کا دسواں حصہ
عِشق:(ع) گہری محبت، دلدادگی، دل بستگی
عشق انگیز:جذبات کو برانگیختہ کرنے والی محبت
عشق باختن:عشق بازی کرنا
عشق حقیقی:سچا عشق، عشق جو ذات خداندی سے ہو
عشق مجازی:دنیاوی محبت
عشق مُفرط:بہت زیادہ محبت

جنون عشق:محبت جو جنوں کی حد تک ہو
عشقباز:عاشق مزاج، عورتوں سے عشق کرنے والا
عشقبازی:عشق کرتے پھرنا
عشقبازی کردن:ادھرادھر عشق کرتے پھرنا
عشق ورزی:عشق کرنا
عِشقِہ:(ع) عشق پیچاں، ایک پودا، جو بڑھتا اور پھیلتا جاتا ہے
عُشور:(ع) عشر کی جمع، دسویں حصے
عِشوَہ:(ع) ناز و انداز، غمزہ، کرشمہ
عشوہ کردن:ناز و انداز کرنا
عشوہ ساز، عشوہ کار
عشوہ گر:ناز و ادا کرنے والا
عشوہ گری:ناز و انداز، غمزہ
عشی:(ع) شام
عشیر:(ع) دسواں حصہ
عشیرِہ:(ع) قبیلہ، خاندان، خانوادہ
عشیہ:شام، رات
عصا:(ع) چھڑی، لاٹھی، ڈنڈا
عصای چو پانی:گڈریے کی چھڑی
عصای سلطنتی:عصائے شاہی، نشان شاہی، علامت شاہی
عصابِہ:(ع)(۱)لوگوں کا ہجوم (۲)دستار (۳)رومال یا پٹی جو پیشانی پر باندھی جاتی ہے
عصات:عاصی کی جمع، گنہگار
عصار:(ع) تیل نکالنے والا، تیل بنانے والا، تیلی
عصارخانہ:کارخانہ جہاں تیل نکالنے کا کام ہوتا ہے
عصارِہ:(ع) شیرہ، رس، پھل کا نکالا ہوا رس
عصاری:(ع) تیل نکالنا، کولھو پیلنا

چرخ عصاری: تیل نکالنے کی چرخی

عصافیر: عصفور کی جمع، چڑیاں

عصاکش: نابینا کی چھڑی پکڑ کر ساتھ لے جانے والا

کورِ دگر، عصا کش کور دگر بود: ایک نابینا دوسرے نابینا کی رہنمائی کرتا ہے، ایک گمراہ دوسرے گمراہ کی رہنمائی کرتا ہے

عصام: (ع) برتن کا دستہ، ڈول کا دستہ

عصب: آنت، رگ، نس، اعصاب جمع

عصب باصِرہ: بصری نس جس سے دیکھا جاتا ہے

عصبِ سامعہ: سننے کی نس

عصب شامہ: سونگھنے کی نس

عصب عِرق النساء: ایشانک نس

عصب لامِسہ: چھونے کی قوت کی نس

عصبانی: پٹھوں سے متعلق، عضلاتی، تند مزاج

عصبانی شدن: جلد غصے میں آ جانا

امراض عصبانی: پٹھوں کی بیماریاں

عصبانیت: عصبی مزاج ہونا، بے حد زودحسّی، اضطراب، پریشانی

عصبی: (ع) تعصب کرنے والا، کسی خاص کی حمایت کرنے والا

عصبی: (ع) رگوں پٹھوں کا مرض

بافتہ عصبی: آنتوں سے بُنا ہوا

عصبیّت: (ع) کسی عقیدے سے تعلق ہونا اور اسی عقیدے کے دفاع پر زور دینا، تعصب، اپنی اور اپنی جماعت کی بات پر زور دینا

عصر: (ع) زمانہ، وقت، دن کا آخری حصہ، شام سے پہلے، نماز عصر

امروز عصر او را خواہم دید: آج شام سے پہلے میں اسے ملونگا

عصر طلائی: سنہرا زمانہ

عصر: نچوڑنا، ملنا، کچلنا

عصرانِہ: عصر کے وقت کی چائے وغیرہ

عصری: جدید زمانے کے مطابق

عصعص: (ع) دنبالہ کی ہڈی

عصفر: (ع) کسم کا پھول یا پودا، یا رنگ

عصفور: (ع) چڑیا، کنجشک

عِصمت: (ع) پاک دامنی، گناہ سے پرہیز، بے گناہی، معصومیت

تجاوز عصمت: بے آبروئی

عصمت پناہ: پاکدامن عورت، با عصمت، آبرو اور ناموس کی پاسبان

عصمتی: عصمت سے متعلق

عصُور: (ع) عصر کی جمع

عِصیان: (ع) گناہ، نافرمانی، سرکشی

عصیاں گر: عاصی، گنہگار

عصِیب: (ع) سالن جو بکرے وغیرہ کے جگر اور تلی سے تیار کیا جائے

عصیدہ: ایک قسم کا حلوہ

عصِیر: (ع) پھل کا رس یا شیرہ

عضادِہ: (ع) اصطرلاب کا "درجہ نما" جس سے اس کے درجے معلوم ہوتے ہیں

عُضال: (ع) (۱) اہم کام (۲) نا قابل علاج

عضُد: (ع) بازو، یارو مددگار، تقویت

عضدی: (ع) بازو کی ہڈی

عضُلات: عضلہ کی جمع، جسم کے پٹھے

عضلاتی: جسم کے پٹھوں سے متعلق

عضُلہ: جسم کا پٹھا

عضلہ دار - عضلہ ناک: عضلاتی، پٹھے دار

عضُلی: پٹھے دار

عُضو: (ع)بدن کا کوئی جوڑ یا حصہ، جزو بدن، انگ، رکن، ممبر

عضو شدن: رکن بننا

عضو کردن: رکن بنانا

او عضو آن انجمن است: وہ اس انجمن کا رکن ہے

اعضا جمع

اعضای ادارہ: ادارہ کے اراکین

اعضای مجلس: مجلس کے ممبران

عضو شکن: جوڑ کا ٹوٹنا

عُضوی: عضو کا، عضو کی ساخت کے متعلق

امراضِ عضوی: جوڑوں کی بیماریاں

عضویّت: رکنیت

عضویت داشتن: ممبر ہونا

من در انجمن ادبی عضویت دارم: میں ادبی انجمن کا ممبر ہوں

عطاء: بخشش، فیض بخشش، دینا

سلطان او را خلعت عطا فرمود: سلطان نے اسے خلعت عطا فرمائی

عطا بخش: بخشنے والا، فیض رساں

عطّار: عطر بیچنے والا، عطر فروش، ایران کے مشہور صوفی شاعر فرید الدین (وفات ۶۲۷ھ) کا تخلص

عطارد: (ع) دوسرے آسمان پر ایک ستارہ جسے دبیر فلک اور منشی فلک بھی کہتے ہیں۔ خورشید سے قریب ترین اور کوچک ترین ستاروں میں سے ایک، علم اور عقل اس ستارے سے متعلق ہیں

عطاری: عطار کا پیشہ

عطالت: (ع)بیکاری، بیکار ہونا، وقت ضائع کرنا

عطایا: (ع) عطیہ کی جمع، تحفے تحائف، بخشش

عطب: (ع) ہلاک ہو جانا، شکستہ حال اور عاجز ہونا

عِطر: (ع)خوشبو، پھولوں کا جوہر

عطر پاشیدن: عطر کی خوشبو بکھیرنا

عطر زدن: خوشبو لگانا

از گلِ سرخ عطر خوبی می گیرند: گلاب کے پھولوں سے بہت اچھا خوشبودار جوہر نکالتے ہیں

من عادت عطر زدن ندارم: مجھے خوشبو لگانے کی عادت نہیں

عطر پاش: عطر کی خوشبو بکھیرنے والا

عطر دان: ڈبیا یا شیشی جس میں عطر رکھا جاتا ہے

عطر ریز - عطر پاش: عطر کی خوشبو بکھیرنے والا

عطر سوز: انگیٹھی جس میں خاص قسم کا خوشبودار جوہر جلایا جاتا ہے تاکہ اس کی خوشبو دور دور پھیلے

عطر فروش: عطر بیچنے والا، عطار

عطر کش: عطر کشید کرنے والا، عطر تیار کرنے والا

عطر ناک: خوشبودار، معطر

عَطری: جس میں عطر لگا ہو تاکہ اس سے خوشبو آئے

عطری: ایک قسم کا پھول جس کی پتیاں خوشبودار ہوتی ہیں

عطریات: (ع)خوشبوئیں (جمع عطر)

عَطِسہ: (ع) چھینک، چھینکنا

عطسہ زدن: چھینک مارنا، چھینکنا

عطسہ آور: جس سے چھینکیں آئیں

عطش: (ع) پیاس، تشنگی

عطش داشتن: پیاس لگنا، پیاسا ہونا

عطش خود را فرونشاندن: اپنی پیاس بجھانا

عطشان: (ع) پیاسا، تشنہ

عطش آور: جس کی وجہ سے پیاس لگے، پیاس لگنا۔

عطف: (ع)مہربانی، نوازش، میلان، ارادہ، توجہ، ذکر، ربط پیدا کرنا، ملانا جوڑنا، اشارہ کرنا، کلمہ ربط۔

عطف کلمہ ای: ایک بات کو دوسری بات سے ملانا۔

در آن مراسلہ، مراسلات دیگررا عطف کردم: اس مراسلہ میں میں نے بعض دوسرے مراسلوں کو ملادیا ہے۔

عطلت: (ع)بیکاری۔

عطن: (ع)وہ جگہ جہاں اونٹ رکھے جاتے ہیں۔

عطور: (ع)عطر کی جمع۔

عطوف: (ع)مہربان، شفیق۔

عطوفت: مہربانی، شفقت۔

عطیہ: (ع)تحفہ، انعام، بخشش، (عطا یا جمع)۔

عُظام: (ع)عظیم کی جمع، بزرگ۔

عِظام: (ع)ہڈیاں، استخواں۔

عِظامی: ہڈیوں سے متعلق۔

عظائم: (ع)عظیمہ کی جمع، بڑے بڑے۔

عِظم: (ع)عظمت، بزرگ۔

عَظم: (ع)ہڈی (عظام جمع)۔

عَظم رمیم: بوسیدہ ہڈی۔

عظم زورقی: کشتی نما ہڈی۔

عظم عَجز: مقعد کی ہڈی تکونی شکل کی۔

عظم قص: سینے کی ہڈی۔

عظم کتِف: شانے کی ہڈی۔

عظم کعب: ٹخنے کی ہڈی۔

عُظما: (ع)عظیم کی جمع۔

عظمت: (ع)بڑائی، بزرگی، شوکت و شان۔

با عظمت: (ع)بڑی شان و شوکت والا، عظیم۔

دامت عظمتُہ: خدا اس کی عظمت کو ہمیشہ قائم رکھے۔

عظمی: (ع)عظیم کی تانیث۔

عظیم: (ع)بڑا، بزرگ، کلاں، با عظمت۔

العظیم: خدائے بزرگ و برتر کا ایک نام۔

گناہ عظیم: گناہ کبیرہ۔

عظیم الجُثہ: بڑے جسم و جثے والا۔

فیل حیوانِ عظیم الجثہ است: ہاتھی بہت بڑے جسم والا جانور ہے۔

عظیم الشان: بڑی شان و شوکت والا، بلند مرتبے والا۔

شاہان عظیم الشان مغول: مغلوں کے بلند مرتبہ بادشاہ۔

عظیم القدر: عظیم الشان۔

عظیمہ: (ع)اہم ضروری مسئلہ، (عظائم جمع)۔

عظیمہ: بزرگ، کلاں، با عظمت۔

عفارِیت: (ع)عفریت کی جمع، بھوت، جن دیو، بصورت جمع۔

عِفاف: (ع)عفت، پاکیزگی، پاکدامنی، پرہیزگاری، پاکی، پارسائی۔

عَفاقت: (ع)جسم کا پچھلا حصہ، چوتڑ، سرین۔

عِفّت: (ع)پاکدامنی، پارسائی، پرہیزگاری۔

عِفریت: (ع)بھوت، دیو، جن۔

عفریتہ: (ع)عفریت کی مونث۔

عفَص: (ع)تندمزہ، تلخ مزہ۔

عفِن: (ع)سڑنا، متعفن ہونا، بودار ہونا۔

عفَن: (ع)بدبو، عفونت۔

عفو: (ع)معافی، درگزر، بخشش، مثال:

تارایت عفو و غضبش سایہ نیفگند
ہئیت متصور نشد آرامش و رم را

جب تک تیری درگزر اور بخشش اور غیظ و غضب کے علم کا سایہ نہیں پڑا تھا، امن و سکون کا تصور نہیں ہوا تھا۔

عفو عمومی: عام معافی۔

عفو کردن: درگزر کرنا، معاف کرنا۔

عُفونت: (ع)بدبو، سڑاند۔

بُوی عفونت دادن: سخت بدبودار ہونا۔

دفع عفونت کردن: بدبو دور کرنا۔

عفونت پیدا کردن: بدبو یا سڑاند پیدا کرنا۔

عفونی: (ع)جس سے بو آئے، سڑاند آئے۔

عفِیف: (ع)پارسا، پرہیزگار، پاکدامن۔

عفیفہ: (ع)پاکدامن عورت (مونث عفیف)۔

عُقاب: ایک شکاری توانا پرندہ جو اپنی پرواز اور تیز رفتاری کی وجہ سے مشہور ہے جس کی تصویر روما کے جنگی علم پر ہے۔

عِقاب: شکنجہ کی سزا، جرم و گناہ کی سزا۔

عُقابی: عقاب جیسا یا عقاب سے متعلق۔

عِقابَین: سخت سزا دینے کا آلہ، شکنجہ۔

عُقار: (ع)برگزیدہ مال، شراب، مے۔

عقار: (۱)عقارت، بنجر (۲)راس، خشکی کا وہ حصہ جو سمندر میں واقع ہو۔

عقّار: (ع)دوا، دارو، (عقاقیر جمع)۔

عقار: اراضی کی ملکیت، جائداد غیر منقولہ، متاع و اسباب خانہ، عقارات جمع۔

عقارِب: (ع)عقرب کی جمع، بچھو، کشردم، سختیاں۔

عقاری: (ع)جائداد غیر منقولہ، اراضی۔

عقاقیر: (ع)خوشبودار، مہک دار، معطر خوشبودار جڑی بوٹیاں۔

عِقال: (ع)زنجیر، کڑی، رسی جس سے جانوروں کو پابند کیا جاتا ہے۔

عقائد: (ع)عقاید، عقیدہ کی جمع، عقیدے۔

عقائم: (ع)عقیمہ کی جمع، عورتیں جن کے بچے پیدا نہ ہوں۔

عقِب: (ع)ایڑی، پاشنہ، چوپاؤں کے سم کا پچھلا حصہ، پیچھے، پشت۔

آں را در عقب میز پنہان کرد: اس نے اسے میز کے پچھے چھپا دیا۔

او از عقب من می آید: وہ میرے پیچھے آرہا ہے۔

ساعت من عقب است: میری گھڑی پیچھے ہے۔

عقب افتادن: ملتوی ہونا۔

عقب انداختن: ملتوی کرنا۔

عقب کسی فرستادن: کسی کے پیچھے بھیجنا۔

عقب کشیدن: اپنے پیچھے کھینچنا۔

عقب گذاشتن: پیچھے چھوڑ جانا۔

عقب نشستن: پیچھے ہٹنا، پسپا ہونا، واپس ہونا۔

قشون دشمن عقب نشست: دشمن کا لشکر پسپا ہوا۔

عُقبا: (ع)دیکھیے عقبیٰ۔

عقبائی: دوسری دنیا سے متعلق۔

عقب افتادگی: تاخیر، روک، تعویق۔

عقب افتادہ: بقایا، باقی، وصول طلب۔

عقب دار: فوج کا پچھلا حصہ۔

عقب نشینی: پسپائی۔

عقب نشینی کردن: پسپا ہونا، پیچھے ہٹنا۔

عقبہ: (ع) پہاڑ کی بلندی کا دشوار راستہ، عقبات جمع۔

عقبہ: (ع) (۱) پیرو، پیروی کرنا، پیچھا کرنا (۲) نتیجہ۔

این کار عقبہ خوبی نخواہد داشت: اس کام کا نتیجہ اچھا نہیں ہوگا۔

عُقبیٰ: (ع) آخرت، دوسرا جہان، عاقبت۔

عقبی: (ع) پیچھے، پچھلا۔

عقد: (ع) باندھنا، گرہ لگانا، محکم کرنا، عہد و پیمان، نکاح۔

عَقد بستن: نکاح کرنا، معاہدہ کرنا۔

عقدبندی: شادی کے معاہدے کی تکمیل، رسوم نکاح کی تکمیل۔

عقد قرار داد: معاہدے کا انجام کو پہنچنا۔

عقد کردن: نکاح کرنا۔

عقد گسستن: گانٹھ کا کھول دینا، دوستی کا پیمان توڑ دینا یا بالائے طاق رکھ دینا۔

عقد مجلس: مجلس یا اسمبلی کا انعقاد۔

عقد مُودّت بستن: دوستی کا رشتہ استوار کرنا۔

عقد نکاح: نکاح کا بندھن۔

عقد نماز بستن: نماز کی تیاری کرنا۔

حل و عقد: کھولنا اور بند کرنا۔

دختر عموی را عقد کرد: اس نے چچا کی بیٹی کی شادی کی۔

فی الفور مجلس عقد کردند: انہوں نے اسمبلی کے لیے فوراً ہی مجلس کا انعقاد کردیا۔

عِقد: (ع) گلے میں پہننے کا زیور، گلوبند، نیکلس۔

عقد رُو: گلے کا ہار۔

عَقد کنان: شادی کرنے والے، شادی کی رسمیں ادا کرنے والے۔

عقد نامہ: نکاح نامہ۔

عُقدہ: (ع) گرہ، مشکل، راز، پیچیدہ، پردہ راز، رکاوٹ، تقریر میں لکنت، فرض، پابندی، بوجھ۔

فلاں موضوع در دل من عقدہ شدہ است: فلاں موضوع میرے دل کا بوجھ بن گیا ہے۔

عقدہ را کشودن: مسئلہ حل کرنا، مشکل حل کرنا۔

عقدہ کشا: مشکلیں حل کرنے والا، امن و سکون بہم پہنچانے والا۔

عقدہ کشائی: مشکلات کو حل کرنا، امن و سکون بہم پہنچانا۔

عَقدی: معاہدہ کے تحت کی ہوئی شادی۔

عُقر: (ع) عورت جس کے بچہ پیدا نہ ہو بانجھ عورت، عقیم۔

عَقر: (ع) پیچھا کرنا، اونٹ کا گھٹنا باندھنا، نیز گھر کا وسطی حصہ۔

عقرَب: (ع) بچھو، کژدم۔

عقربان: تلی۔

عقربک: گھڑی یا کلاک وغیرہ کی سوئی، گاڑیوں کی رفتار بتانے والی سوی، پن۔

عقربہ: گھڑی اور کلاک وغیرہ کی سوئی۔

عقرت: (ع) عقر، عقارت، عورت کے بچہ نہ پیدا ہونا بانجھ عورت۔

عقل: (ع) سوج، سمجھ، فہم، دانائی، ادراک، قوت دریافت۔

عقلِ اول: کنایۃً پہلا فرشتہ، جبرئیل۔

عقل سلیم: بے عیب عقل، صائب رائے۔

عقل کل: عقل ربانی۔

بے عقل: نادان، جاہل۔

بے عقلی: نادانی، جہالت۔

خلافِ عقل: سوچ سمجھ کے بغیر۔

عقلاً: (ع)عقل کے لحاظ سے۔

عقلاً ایں کار درست نیست: عقلی لحاظ سے یہ کام درست نہیں۔

عُقَلا: (ع)عاقل کی جمع، ہوشمند، صاحب ادراک لوگ، دانا۔

عقلانہ: دانشمندی سے، عقلاً۔

عقلانی: عقلی، ذہنی۔

عقل رفتہ: عقل و شعور سے محروم، بے عقل، خالی الذہن۔

عقلمند: عاقل، فرزانہ، دانشمند، دانا۔

عقلی: ذہنی، دلائل پر مبنی، معقول، قطعی لحاظ سے، اصول منطق کے مطابق، نکتہ رسی، دور بینی سے۔

دلائل عقلی: دلیلیں جن کی بنیاد عقل و فہم پر ہو۔

عقِیم: (ع)عقر، بانجھ عورت جو بچہ جننے کے قابل نہ ہو۔

عقوبت: (ع)سزا، سرزنش، عتاب، آزار، سختی، مصیبت، آفت، ایذا۔

ظالم را بہ انواع عقوبت کردند: ظالم شخص کو انہوں نے طرح طرح ایذائیں دیں۔

عقُود: (ع)عقد کی جمع۔

عقُور: کاٹنا (کتے کا) کتے کا کاٹا ہوا یا کاٹنے والا کتا۔

عُقُوق: (ع)نافرمانی کرنا۔

عقول: (ع)عقل کی جمع۔

عِقیان: (ع)سونا، زر خالص۔

عقیب: (ع)پیچھے آنے والا، پیروی کرنے والا۔

عقیدہ: (ع)مذہبی اصول کا قائل ہونا، مسلک، ایمان۔

اظہار عقیدہ: اپنے مسلک کا اظہار کرنا۔

عقیدہ مذہبی: دینی اصولوں پر ایمان۔

ہندواں عقیدہ تناسخ دارند: ہندو تناسخ کا مذہبی مسلک رکھتے ہیں۔

عقیر: (ع)جس عورت کے کوئی اولاد نہ ہو۔

عقیق: (ع)ایک بیش قیمت سرخ رنگ کا پتھر، فارسی شعرانے عقیق کو شراب اور لب محبوب سے تشبیہ میں استعمال کیا ہے۔

عقیق لب: محبوب کے عقیق جیسے ہونٹ۔

عقیقہ: (ع)نوازائیدہ بچے کے سر کے پہلے بال، قربانی جو بچے کی پیدائش کے پہلے ہفتے میں کی جاتی ہے اور بچے کے بال منڈائے جاتے ہیں اور ان بالوں کے برابر چاندی حجام کودیتے ہیں، اسی دن بچے کا نام بھی رکھا جاتا ہے، اس تقریب کو "عقیقہ" کہتے ہیں۔

عقیقی: عقیق جیسے، عقیق کی مانند۔

عقِیل: (ع)حضرت علی(رض) کے بھائی کا نام۔

عقیلہ: (ع)(۱)کسی چیز کا بہترین حصہ (۲)جواہر، مروارید (۳)گرامی قدر خاتون۔

عقیم: بانجھ عورت جو بچہ جننے کے قابل نہ ہو، عقایم جمع۔

عقیم کردن: بانجھ بنانا۔

عقیم گذاردن: بے اولاد چھوڑ دینا۔

عقیم ماندن: بے اولاد ہونا۔

زن عقیم: بانجھ عورت۔

مرد عقیم: مرد جسے اولاد پیدا کرنے کی اہلیت نہ ہو۔

عقیمہ: (ع)بانجھ عورت، عقائم جمع۔

عکا: ایکڑ، زمین کا پیمانہ۔

عکّاس: تصویر بنانے والا، فوٹو گرافر۔

عکاس خانہ: جہاں تصویریں بنائی جاتی ہیں، فوٹو گرافر کا سٹوڈیو۔

عکاسی: فوٹو گرافی سے تصویر بنانا۔

عُکاظ: (ع)مکہ معظمہ کے قریب ایک بازار تھا جہاں قبل از اسلام قبائل عرب خریدو فروخت کیا کرتے تھے، وہاں شعر خوانی بھی ہوتی تھی۔

عکس: (ع)نقش، تصویر، شبیہ۔

عکسی: بنائی گئی تصویر۔

علاء: (ع)بلند مرتبہ، ارفع، و اعلیٰ درجہ، بزرگی، بلندی، شرف، رفعت۔

علا: (ع)(دعائیہ) خدا مرتبہ بلند کرے۔

حق جلّ وعلا: بزرگ و برتر خدا وند تعالیٰ۔

علات: (ع)علت کی جمع، دیکھیے علت۔

علاج: (ع)بیمار کی دوا کرنا، چارہ، تدبیر، معالجہ۔

علاج پذیر: علاج کے قابل۔

علاج بضد: ایلو پیتھی۔

علاج بمثل: ہومیو پیتھی۔

علاج کردن: تندرستی کے لیے بیمار کو دوای دینا۔

این مرض علاج دارد: اس مرض کا علاج ہوسکتا ہے۔

طبیب نتوانست که این درد را علاج کند: طبیب اس درد کا علاج نہ کرسکا۔

لاعلاج: جس کا علاج نہ ہوسکے۔

علاحدہ: (ع)علحدہ، اکیلا، تنہا۔

علی حدہ: اکیلا، تنہا، الگ تنہائی میں رہنا۔

علّاف: (ع)علف فروش، گھاس بیچنے والا۔

علّافی: (ع)علف فروشی، گھاس بیچنے کا کام۔

علاقجات: علاقہ کی جمع، املاک، جانداد، املاک اور اس کا کاروبار۔

علاقِہ: رابطہ، میل، وابستگی، نسبت۔

علاقه برادری: برادرانہ تعلق۔

علاقه خویشاوندی: اپنائت کا تعلق، رشتے داری کا تعلق۔

علاقه دوستی: دوستی کا رابطہ، تعلق۔

ایشان خیلی بایک دیگر علاقه داشتند: ان کا آپس میں گہرا تعلق تھا۔

من به اینکار علاقه ای ندارم: مجھے اس کام میں کوئی دلچسپی نہیں۔

علاقه بند: سوتی دھاگے اور ڈوری فیتہ بیچنے والا۔

علاقه بندی: سوتی دھاگا یا ڈوری فیتہ بیچنے کا کام۔

علاقه دار: علاقہ مند، تعلق یا رابطہ رکھنے والا۔

علاقه مند: دلچسپی لینے والا، تعلق رکھنے والا۔

او بکار خود علاقه مند نیست: اسے اپنے کام سے کوئی لگاؤ نہیں۔

علاقه مندی: دلچسپی، تعلق، دلبستگی۔

خیلی علاقه مندی به این کار نشان می داد: پتا چلتا ہے کہ اس کا م سے اسے بہت زیادہ دلچسپی ہے۔

علالا: (ع)شور و غوغا، فریاد، ہیا ہو۔

علّام: (ع)بڑا دانا۔

علام الغیوب: غیب کی باتوں کو جاننے والا،

خداوند تعالی کی صفت۔

علامات: (ع)علامت کی جمع۔

علامت: (ع)نشان، آثار علائم جمع۔

علامت استفهام: سوالیہ نشان۔

این علامتِ محبت است: یہ محبت کا نشان ہے۔

علامت تعجب: حیرانی کی علامت۔

علامت جمع: جمع کرنے کی علامت۔

علامت جوّی: ٹوٹا ہوا تارا، شہاب ثاقب، مظہر جوّی۔

علامت خطر: خطرے کا نشان

علامت کارخانہ: ٹرید مارک۔

علامت گذاردن: علامت لگا دینا، نشان لگانا۔

درخت ھارا علامت گذاردند: درختوں پر نشان لگا دیے گئے۔

علّامہ: (ع)نہایت دانا، گہرا علم رکھنے والا۔

علامہ عصر: زمانے بھر میں دانا بزرگ۔

او علامہ عصر خود بود: وہ اپنے زمانے کا بڑا عالم تھا۔

علانی: کھلا، ظاہر، آشکار، علانیہ، کھلے طور سے، ظاہر طور سے۔

علانیہ: (ع)ظاہرا، کھلم کھلا۔

علانیۃً: (ع)ظاہر اطور سے، واضح طور پر، کھلم کھلا۔

عِلاوہ: (ع)اضافہ، زیادہ، وہ چیز جو کسی دوسری چیز میں شامل کی جائے، وہ چیز جو کسی چیز میں بڑھائیں یا اضافہ کریں۔

علاوہ آنرا بفقرا دادند: زائد مقدار انھوں نے غریبوں میں تقسیم کردی۔

علاوہ بر این: اس سے زائد۔

علاوہ کردن: شامل کرنا، ساتھ ملانا، اضافہ کرنا۔

علاوہ پول جنس ہم باو دادند: روپے پیسے کے ساتھ اسے کچھ اشیا بھی دیں۔

بعلاوہ: اس کے سوا۔

چیزی علاوہ برین باو ندادند: اس سے زائد اسے کوئی اور چیز نہیں دی گئی۔

حقوقش را علاوہ کردند: اس کی تنخواہ میں اضافہ کردیا گیا۔

علائق: (ع)علاقہ کی جمع، تعلقات، واسطے، دل بستگیاں، رابطے۔

علائم: (ع)علامت کی جمع، نشانیاں۔

علائم خارجی: بیرونی علامات۔

علائم راہ آھن: ریلوے کے سگنل۔

علائم مرض: بیماری کی علامتیں۔

علم تشخیص از روی علائم: بیماری کی علامتوں کے ذریعے علامتوں کی تشخیص۔

علمِ علائم جوّی: علم کائنات الجوَ۔

علّت: (ع)وجہ، باعث۔

چہ علت دارد کہ باما نمی آید: کیا وجہ ہے کہ وہ ہمارے ساتھ نہیں آتا۔

علت اصلی: حقیقی سبب۔

علت پیری: بڑھاپے کا باعث۔

علت صُوری: ظاہری سبب۔

علت غائی: آخری وجہ۔

علت و معلول: سبب اور اسکا اثر۔

بہ علت دوستی حرفی نزدم: دوستی کی وجہ سے میں نے کوئی بات نہ کی۔

بی علت: بلاوجہ۔

بعلت اینکہ: اس وجہ سے کہ۔

حروف علت: ا، و، ی۔

علتی: (ع) ناقص، نا مکمل، ناتمام، عیب دار، معیوب، جس کو بیماری لاحق ہو۔

عِلج: (ع) (۱) گورخر، خر، قوی اور دلیر شخص، (غیر مسلموں میں سے)۔

علف: (ع) گھاس۔

علف چیدن: گھاس وغیرہ کا ڈھیر لگانا۔

علف خشک: خشک گھاس، سوکھی ہوئی گھاس۔

علف دادن: گھاس دینا۔

علف ہرزہ: بیکار اگی ہوئی گھاس جس کا کوئی مصرف نہ ہو۔

علف چین: گھاس غلہ وغیرہ اکٹھا کرنے والا۔

علف خوار: گھاس کھانے والے جانور۔

حیوانات علف خوار: گھاس کھانے والے چوپائے۔

علف زار: جہاں گھاس ہی گھاس اگی ہو، کھیت جس میں جڑی بوٹیاں ہوں۔

علف گاہ: جانوروں کے گھاس چرنے کی جگہ، کھیت جس میں گھاس اگی ہو۔

علِق: (ع) ہر خوب اور گرانمایہ چیز۔

علَق: (ع) جونک، خون چوسنے والا، لہو چوس، جو شخص دباؤ ڈال کر نفع حاصل کرے۔

علقَم: اندرائن کا پھل جو بہت تلخ ہوتا ہے، حنظل پنجابی تما۔

علقمہ: (ع) تلخی۔

عُلقہ: (ع) جونک۔

علَل: (ع) جمع علت، وجوہ، اسباب۔

علَم: (ع) پرچم، جھنڈا، نشان، وہ جھنڈا بھی جو محرم کے تعزیوں کے ساتھ ہوتا ہے۔

علم بر افراشتن: پرچم لہرانا۔

علم زدن: پرچم لگانا، لہرانا۔

علم شدن: مشہور ہونا۔

اسم علم: (صرف و نحو) اسم خاص۔

عِلم: جاننا، آگاہ ہونا، ادراک ہونا، دانش، آگاہی، قوت مدرکہ، کسی خاص فن کی ماہیت، سائنس (علوم جمع)۔

علم آداب: اخلاق و تہذیب، حفظ مراتب، احترام کے طور طریقے، سلام و احترام کے طریقے۔

علم ادب: ادبیات۔

علم الابدان: انسانی جسم سے تعلق رکھنے والا علم۔

علم الاسما: سائنس، سائنس کی اصطلاحوں کا علم۔

علم الاحجار: سنگ شناسی کا علم

علم اخلاق: تہذیب و تربیت۔

علم الادویا: دواشناسی کا علم۔

علم باطن: اندرونی یا قلبی صفائی کا علم، علم تصوف۔

علم بشَر: انسان شناسی۔

علم حیوانات: جانوروں کی زندگی کے حالات کا علم، حیوان شناسی۔

علم زبان: زبان شناسی، لسانیات۔

علم الکف: علم الید، ہاتھ دیکھ کر قسمت کا حال جاننے کا علم۔

علم لدنّی: علم کل۔

علم معادن: کانوں کا علم، جمادات شناسی۔

عُلما: (ع)عالم کی جمع۔

علم باز: خاص موقع پر پرچم ہاتھ میں لے کر کھیلنے والا۔

علم بردار: پرچم اٹھانے والا۔

علم خوان: طالب علم۔

علم فروش: فضیلت نما، علم دوسروں پر ظاہر کرکے نمائش کرنے والا۔

علم فروشی: فضیلت نمائی، نمائش علم۔

علم قلم: دھوکے باز، فریبی۔

علمی: ماہر علم۔

علن: (ع) آشکار ہوجانا۔

علناً: (ع)واضح طور سے، ظاہراً۔

علناً از رفتن اباکرد: ظاہراً اس نے جانے سے انکار کیا۔

عَلَنی: (ع)کھلی، علانیہ، عام۔

دزدی علنی: کھلی چوری۔

عَلَنیّت: شہرت، ناموری۔

عُلو: (ع)بلندی، عروج، رفعت۔

علوشان: شان و شوکت کا عروج، عالی شان۔

علوطبع: بلند طبعی۔

علوہمت: بلند ہمتی۔

علو: (ت)شعلہ۔

علوفہ: (ع)علف کی جمع، چوپاؤں کی غذا، گھاس، چارہ وغیرہ۔

علوق: (ع)بلا، سختی، آفت، (جمع علق)۔

علوق: (ع)لٹکی ہوئی چیز نیز جونک۔

علوم: (ع)علم کی جمع۔

علوم طبیعی: طبیعیات، فزکس، علوم کیمیا، کیمسٹری۔

عُلوی: (ع)بلند، سماوی، آسمانی، بہشتی، ملکی۔

عَلَوی: (ع)حضرت علیؓ کی اولاد جو حضرت بی بی فاطمہ(رض) سے ہوئی وہ سید کہلاتے ہیں۔

علویان: (ع)آسمانی فرشتے (علوی کی جمع)۔

علویّت: (ع)بلندی، بلند مرتبہ۔

علی: (ع)(۱)حضرت علی (رض) ابن ابو طالب، رسول کریم(ص) کے خلیفہ چہارم (۲)بلندی، رفعت و شان۔

علیا: (ع)اعلی کی تانیث، بلند تر، بلند و بالا جگہ، بلند مرتبہ۔

علیا جناب: حضرت عالیہ۔

علیا حضرت: اعلحضرت کی تانیث۔

علی الاتّصال: (ع)لگاتار، پے بہ پے، پے در پے، پیوستہ۔

علی الاجمال: (ع)اجمالاً، اجمالی طور سے مختصر طور سے۔

علی الاطلاق: (ع)مطلقاً، یقیناً۔

علی الانفراد: (ع)انفرادی طور سے۔

علی التّحیق: (ع)تحقیق کی رو سے۔

علی التفصیل: (ع)مفصل طور سے۔

علی التّوالی: لگاتار، پے بہ پے۔

علی التّوکّل: (ع)توکل کرتے ہوئے، توکلاً، اللہ پر بھروسا کرتے ہوئے۔

علی الحساب: (ع)حساب کی رو سے۔

صد روپیہ علی الحساب باو دادم: میں نے حساب میں سے سو روپے اس کو دیے۔

علی الخصوص: (ع)خاص طور سے۔

علی الدّوام: (ع)ہمیشہ کے لیے، لگاتار۔

علی الراس والعَین: (ع)خوشی کے ساتھ، رضامندی سے، بسر و چشم، سر آنکھوں پر۔

علی الرّسم: (ع)رسم کے مطابق۔

علی الرّغم: (ع)بر خلاف، خواہش کے خلاف۔

علی السّحَر: (ع)صبح کے وقت۔

علی السّویّہ: (ع)برابر، یکساں، بطور مساوی۔

علی الصّباح: (ع)صبح سویرے۔

علی الطلوع: (ع)طلوع سحر کے وقت۔

علی الظاہر: (ع)ظاہراً، ظاہری طور سے۔

علی العادت: (ع)عادتاً، عادت کے طور سے۔

علی العَجَلہ: (ع)عجلت سے، جلدی سے۔

علی العُموم: (ع)عموماً، عام طور سے۔

علی العمیا: (ع)اندھا دھند، کور کورانہ۔

علی الغفلت: غفلۃً

علی الفور: (ع)فوراً۔

علی القاعدہ: (ع)قاعدے کی رو سے، اصولاً۔

علی القدرو الامکان: (ع)جس قدر ممکن ہو۔

علی اللہ: (ع)(توکل) خدا پر بھروسا۔

علی النقد: (ع)نقداً، نقدی کے طور سے۔

علیق: (ع)گھاس پھوس، حیوانوں کا چارا۔

علیقہ: (ع)تعلق، شمول، اشتراک، جوڑ۔

علیک: (ع)تجھ پر۔

سلام علیک: سلامتی ہو تجھ پر۔

علیکُم: (ع)تم پر۔

علیکُما: تم دونوں پر۔

علیل: بیمار، مریض۔

علیلہ: (ع)بیمار عورت (علیل کی مونث)۔

علیلی: کمزوری، ناتوانی۔

علیم: (ع)دانا، دانشمند، اہل علم۔

العلیم: دانا، دانشمند، اللہ تعالی کا ایک نام

علیون: قیامت کے دن کی بلند مرتبہ جگہ۔

علیہ: (ع)بلند مرتبہ، رفیع المرتبت۔

علیہ: (ع)اس پر۔

رحمت اللہ علیہ: اس پر اللہ کی رحمت ہو۔

علیہ السلام: اس پر سلامتی ہو۔

مدعی علیہ: جس کے خلاف دعوی ہو۔

علیہا: اس عورت پر۔

علیھُم: (ع)ان پر۔

علیھن: (ع)ان عورتوں پر۔

علیّین: (ع)بہت ہی اعلی مرتبہ یا مقام۔

اعلی علیّین: (ع)بلند ترین۔

عم: (ع)چچا، عمو۔

عم: (ع)علیہ السلام کا مخفف۔

عما: (ع)عمي، نابینا پن، کوری۔

عمات: (ع)جمع عمہ، پھوپی۔

عماد: (ع)ستون، عمود، تکیہ گاہ، بلند عمارت۔

عمادالدین: دین کا ستون۔

عمّار: (ع)عامر کی جمع، عمارت بنانے والا، آباد کرنے والا، کسی جگہ پر سکونت کرنے والا، آبادانی۔

عمار: (ع)ایماندار، بردبار۔

عمارات: عمارت کی جمع۔

عمارت: (ع)مکان۔

او یک دستگاہ عمارت عالی ییلاقی دارد: اس کے پاس موسم گرما گزارنے کی شاندار عمارت ہے۔

عمارت سلطنتی: حکومت کی عمارت۔

عمارت گر: مکان بنانے والا۔

عماری: (ع)ہودج، کجاوہ، ہودج بنانے والے کا نام عمار

تھا چنانچہ اس کے نام پر اونٹ کا کجاوہ عماری کہلایا۔

عُمّال:(ع)عامل کی جمع، کارندے، ایجنٹ اسے گورنر بھی کہتے تھے۔

عامل دولتی (یادیوانی):گورنر۔

دیوان جزای عمال دولتی:سرکاری ایجنٹوں کے لیے پینل کورٹ۔

عمامه:(ع)پگڑی، دستار (عمائم جمع)۔

عُمّان:(ع)بحر عمان جس کے کنارے ملک یمن ہے۔

عمانی:(ع)بحر عمان سے متعلق، عمان کا باشندہ۔

عمائم:(ع)عمامہ کی جمع، پگڑیاں۔

عمد:(ع)ارادہ، مقصد۔

ازروی عمد:عمداً۔

عمد کردن:ارادہ کرنا۔

عمداً:(ع)ارادے سے۔

عمداً انگشت خود را برید:اس نے اپنی انگلی خاص مقصد سے کاٹی۔

عُمده:وہ جس پر اعتماد کیا گیا ہو، اصلی، مہم، اہم، پسندیدہ، نفیس، اعلی، سردار، اہم، ستون، عمدہ۔

عمدة التجار:تاجروں کا امیر۔

عمده قرار داد:معاہدے کی اہم قرارداد۔

عمده مطلب مبنی بر صحت و سلامتی وجود شریف است:لکھنے کا اہم مقصد آپ کی صحت و سلامتی کی اطلاع حاصل کرنا ہے۔

عمده فروش:تھوک فروش۔

عمدی:ارادے سے، ارادةً، جان بوجھ کر، عمداً۔

قتل غیر عمدی:قتل جو بالارادہ نہ ہو۔

عُمَر:(ع)حضرت رسول کریم(ص) کے دوسرے خلیفہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ۔

عُمر:(ع)زندگانی، سن و سال، عرصہ، مدت، زمانہ، حیات۔

در عمر خود مسافرت نکرده است:اس نے اپنی عمر میں سفر نہیں کیا۔

عمر خیلی دراز براه تحقیق این چیز ها لازم است:ان چیزوں کی تحقیق کے لیے طویل عمر درکار ہے۔

عمر جاودانی:ہمیشہ کی زندگی جو قیامت کے بعد میسر آئیگی۔

عمر دوباره:دوسری جو فانی دنیا کی زندگی کے بعد میسر آئیگی۔

عمرش وفانه کرد:اس کی زندگی نے وفا نہ کی۔

عمر کردن:کافی عمر پانا۔

عمر گذاردن:زندگی بسر کرنا۔

عمرم:میری عمر۔

خدا عمرت دراز بدهد:خدا تمہیں عمر دراز عطا کرے۔

درازی عمر: لمبی زندگی۔

عمران:(ع)(۱)حضرت موسی(ع) کے والد کا نام (۲)شہر کی آبادی، ترقی و تمدن۔

عمر خیام:ایران کا نامور شاعر، رباعی نویس اور فلسفی تھا۔

عُمره:حاجیوں کی ایک خاص عبادت کا نام عمرہ کے لیے کوئی وقت مقرر نہیں ہوتا عمرہ کی سعادت جب چاہیں حاصل ہوسکتی ہے، عمرہ کے بھی یہ ارکان ہیں، احرام باندھنا، خانہ کعبہ کا طواف کرنا، صفا اور مروہ میں دوڑنا۔

عمزاده:عموزاده، چچا کا بیٹا۔

عمش:(ع)ضعف بینائی، نظر کی کمزوری آنکھوں سے پانی نکلنا۔

عُمق:(ع)گہرائی۔

عمق دریای راوی چه قدر است:دریاے راوی کی گہرائی کتنی ہے (اعماق جمع)۔

ازا عماق دل:دل کی گہرائیوں سے۔

عمقاً:گہرائی میں، گہرائی کے لحاظ سے۔

عمق پیما:گہرائی ناپنے کا آلہ۔

عمقزی:چچے کی بیٹی۔

عُمقی:(ع)بہت گہرا، عمیق۔

عمَل:(ع)کام، تعمیل، کارروائی، مشق، اعمال جمع۔

عمل انعکاس:انعکاس پذیر کارروائی۔

عمل آوردن:کوئی چیز بنانا، تیار کرنا۔

عمل جرّاحی:چیرنے پھاڑنے کا عمل جو کسی چیز کی بہتری اور تندرستی کے لیے کیا جاتا ہے۔

عمل خیر:نیک عمل۔

عمل یدی:اپریشن۔

بعمل آمدن:تیار ہونا۔

شکر راچه طور بعمل می آورند:کھانڈ کس طرح تیار کی جاتی ہے۔

حسن عمل:اچھا کام، اچھی روش، اچھا کردار۔

در مملکت ما برنج خیلی بعمل می آورند:ہمارے ملک میں چاول بکثرت کاشت ہوتے ہیں۔

دستور العمل:روز مرہ کا طور طریقہ۔

سریع العمل:ہوشیار، تیزی سے عمل کرنیوالا۔

هنوز این غذا خوب عمل نیامده:ابھی یہ غذا اچھی طرح پکی نہیں۔

عملاً:(ع)عملی طور سے۔

از روئ قاعده صحیح ولی عملاً درست نیست:یہ قاعدے کے لحاظ سے تو درست ہے لیکن عمل کے اعتبار سے درست نہیں۔

عمل آورنده:عمل کرنے والا، بنانے والا، تیار کرنیوالا۔

عملجات:عملہ کی جمع، کارکن، (بصورت جمع)۔

عملدار:منتظم، مالیہ جمع کرنے والا

عملکرد:مالیے کا کام۔

عملگی:محنت کے کام، محنت۔

عمله:(ع)کسی ادارے میں کام کرنے والے۔

عمله زراعتی:کاشت کار لوگ جو کسی ایک منصوبے کے تحت کام کرتے ہوں۔

عمله کشتی:جہاز کے کارکن۔

عمَلی:(ع)عمل کا حاصل، عمل سے متعلق۔

به موسیقی طریقه عملی باید:موسیقی میں قابل عمل طریقہ اختیار کرنا چاہیے۔

نقشه خود را عمل کرد:اس نے اپنے بنائے ہوئے منصوبے پر عمل کیا۔

عملیات:(ع)سرگرمیاں، مساعی، عامل قوتیں۔ میدان عمل، حلقہ عمل، عمل کے مواقع۔

عملیات ساختمانی تمام شده است:تمام عمارتوں کا کام ختم ہوگیا ہے (عمل کی جمع عملیات)۔

عملیّه:(ع)عملی کام، اپریشن۔

عمو:(ع)چچا۔

عمود:(ع)ستون، کھمبا، عمل ہندسہ میں وہ خط جو کسی دوسرے خط سے مل کر زاویہ قائمہ بناتا ہے، گرز۔

عمودکردن:عمود کھینچنا۔

خطی را بآں سطح عمود کرد: اس سطح کے ساتھ زاویہ قائمہ بناتے ہوئے خط کھینچا

عموداً: (ع) عمود کے طور سے

عمودی: زاویہ قائمہ بنانے والا خط

عمودیت: عمود کھینچنے کا عمل

عُمُوم: (ع) عوام، پبلک

عموم از و بدشان می آید: تمام لوگ اس سے متنفر ہیں، اس سے نفرت کرتے ہیں

اطلاع بعموم رسانیدند: اطلاع عام لوگوں تک پہنچا دی گئی (بذریعہ اشتہار)

علی العموم: عام طور سے

عُموماً: (ع) عام طور سے

عموماً عموم عقیدہ دارند کہ حقیقتی درآں نیست: عموماً لوگوں کا یہ عقیدہ ہے کہ اس میں کوئی حقیقت نہیں

عُمومی: (ع) عام لوگوں کے لیے

تاریخ عمومی: عام تاریخ، جنرل ہسٹری

عمومی کردن: عام کرنا، شہرت دینا

عمومِیّت: اکثریت سے متعلق، جمہور سے متعلق

عمومیت دادن: عمومی کرنا، عام لوگوں کو آگاہ کرنا

عمّہ: چچی

پسر عمہ: چچی کا بیٹا

عمی: (ع) اندھا پن، کوری چشم، کوری باطن

عمیا: (ع) نابینا عورت

عمِید: (ع) (۱) سردار، سرکاری افسر (۲) عاشق دلدادہ

عمیق: (ع) گہرا

چاہ عمیق: گہرا کنواں

عمیقاً: (ع) گہرائی

عمیقانہ: بہت گہرائی میں، گہری نظر سے

عمیقانہ آنرا مطالعہ نکردید: تم نے گہری نظر سے اس کا مطالعہ نہیں کیا

عمِیل: (ع) تجارتی نمائندہ، کار پرداز

عمِیم: (ع) عام لوگوں کے لیے، سب کے لیے

لطف خداوند عمیم است: خداوند تعالی کا لطف و کرم سب کے لیے ہے

عن: (ع) حرف جار "سے، کا" وغیرہ، یہ دوسرے لفظوں سے مل کر معنی دیتا ہے

مثلاً:

عن قریب: جلدی

عن: (ع) فُضلہ وغیرہ

عَنا: (ع) تھکان، خستگی، رنج، تکلیف، دکھ، مصیبت

عنّا: (ع) ہماری طرف سے

عُناب: (ع) ایک سرخ رنگ کا میوہ جو دوائیوں میں کام آتا ہے، مجازاً لب محبوب

عنّاب: انگور بیچنے والا

عناب رنگ، عناب گوں: عناب کے سے رنگ والا سرخ رنگ

عنابی: عناب جیسا

عِناد: (ع) دشمنی، کینہ وری، حسد، خصومت

عِناداً: (ع) کینہ وری کے طور سے، دشمنی سے

عنادِل: (ع) عندلیب کی جمع، بلبلیں

عناصِر: (ع) عُنصر کی جمع، چار عنصر یعنی آب، آتش، خاک، باد

عِناق: (ع) معانقہ، بغل گیری

عَناق: (ع) بکری کا بچہ جو ابھی ایک سال کا نہ ہوا ہو نیز بمعنی، بلا وسختی، سخت کام

عناقِد: (ع) عنقود کی جمع، خوشے

عناکِب: (ع) عنکبوت کی جمع، مکڑیاں

عِنان: (ع)باگ، تسلط، اختیار
عنان تافتن: منہ پھیر لینا
عنان دُزدیدن: گھوڑے کو سست کرنا
عنان رھا کردن: باگ کھلی چھوڑ دینا کہ گھوڑا سرپٹ دوڑے
عنان کشیدن: باگ روکنا
عنان گردانیدن: باگ موڑنا
عَنان: (ع) بادل، ابر
عنان پیچیدہ: سرکش، نا فرمان، گردن کش، متمرد
عنانَت: (ع) کمزوری مجبوری قوت سے محروم، ضعف، نامردی
عناوِین: (ع) عنوان کی جمع، سرخیاں، سر نامے، دیباچے
عنایات: عنایت کی جمع، مہربانیاں، شفقتیں، احسانات
عنایت: (ع) مہربانی، شفقت، مرحمت
عنایت فرمودی: مرحمت فرمائی
خداوند تعالی عنایت فرمودی که شمارا دیدم: خداوند تعالی نے مہربانی فرمائی کہ آپ سے ملاقات ہو گئی
عنایۃً: (ع) عنایت کے طور پر
عنایتی: عنایت جو کی گئی ہو
عِنَب: (ع) انگور
عنب الثعلب: (ع) یاقوت کے رنگ کا پھل انگور کے دانوں کی طرح
عنبر: (ع) ایک خوشبودار مومی مادہ جو سمندر کی سطح پر ملتا ہے، ایک قسم کی مچھلی ہے جس کے پیٹ میں مادہ تولید ہوتا ہے، اس مادے کو جلانے سے بہت اچھی خوشبو آتی ہے اس لیے اس مچھلی کو بھی عنبر کہتے ہیں
عنبراشھب: سیاہ رنگ کا عنبر
عنبر آلود: جس میں عنبر کا اثر ہو
عنبر بار: عنبر کی سی خوشبو کا پھیلنا، جس میں سے عنبر کی خوشبو آئے
عنبر بُو: عنبر کی خوشبو
عنبرچه: (۱) تکیہ جس میں عنبر کی خوشبو رکھی گئی ہو (۲)گلوبند، گلے کا ہار
عنبردان: عنبر کی ڈبیا
عنبر سار: عنبر سے لبریز
عنبر فام: عنبر کے رنگ کا
عنبری: جس میں عنبر کی خوشبو ہو
عنبرین: (ع) جس میں عنبر کی خوشبو ہو
عنبرینه: (ع) عنبردان
عنَبی: (ع) انگور جیسا، انگوروں سے متعلق
عنت: سختی، دشواری
عنتَر: (ع)(۱) نیلے رنگ کی بڑی مکھی، خرمگس (۲)ایک قسم کا بندر
عِند: (ع) ساتھ، قریب، سامنے
عندالله: اللہ تعالی کے سامنے
مِن عندالله: اللہ تعالی کی طرف سے
عندالحاجت: (ع) ضرورت کے موقع
عندالرُّویه: (ع) محض دیدار، ملاقات کے موقع پر
عندالفرصت: (ع) فرصت کے موقع پر
عندالاقتضا: (ع) تقاضے کے مطابق
عندالمطالبه: (ع) طلب کرتے ہی
عندالامکان: (ع) جب ممکن ہو
عندالوصول: (ع) وصول کرتے ہی
عندلِیب: (ع) بلبل
عندی: ساتھ، سے، قریب، خود ہی
عُنصُر: (ع) آگ، پانی، خاک اور ہوا میں سے ہر ایک عنصر ہے، حصہ، اصل، مادہ، عناصر جمع
عنصری: عناصراربعہ میں سے کوئی سا حصہ

عنصری: غزنوی عہد کا مشہور شاعر،ابوالقاسم حسن بن احمد نام اور عنصری تخلص، وفات ۴۳۱ھ میں ہوئی

عُنصَل: (ع) سوسن کی قسم کا پودا، پہاڑی پیاز

عَنعنَہ: (ع) ہمزہ کا حرف ع کی طرح تلفظ کرنا

عُنف: (ع) زور، جبر، سختی، درشتی، شدت

عنفاً: (ع) زبردستی سے، جبر سے جبراً

عُنفُوان: (ع) آغاز، ہر چیز کا آغاز، آغاز شباب

عُنفی: زبردستی، جبر سے، دباؤ سے

عُنُق: (ع) گردن

عَنقا: (ع) خیالی پرندہ، جس کا کوئی وجود نہیں، نایاب، ناپید، اسے نایاب چیز سے تشبیہ دیتے ہیں

عنقریب: (ع) جلدی ہی

عنقریب ساختمان تمام خواہد شد: جلد ہی عمارت کی تکمیل ہو جائیگی

عنقُود: (ع) خوشہ، خوشہ انگور

عُنقی: گردن سے متعلق، گردن کی طرح

عنکبوت: (ع) مکڑی

تار عنکبوت: مکڑی کا جالا

عنکبوتی: مکڑی جیسا، مکڑی کے جالے جیسا

عنکُم: (ع) آپ سے

عُنوان: (ع) سرخی، دیباچہ، پتا، نام

عنوان روی پاکت غلط بود: لفافے کا پتا غلط تھا

عنوان مقالہ شماچیست: آپ کے مقالے کا نام کیا ہے

بعنوان قرض ازوگرفتم: میں نے قرض کے طور پر اس سے رقم لی

عنُود: (ع) سرکش، ضدی، نافرمان، متمرد

عنُوہ: (ع) زور، قوت، طاقت

عنوۃً: (ع) زبردستی، جبر سے

عنہ: (ع) اس سے

عنہا: (ع) اس (خاتون سے)

عنِید: (ع) عنود، سرکش، نافرمان، لڑائی جھگڑا کرنے والا

عنِیف: (ع) سخت، کٹھن، نامرغوب

عنِین: (ع) کمزور، مجبور، بے بس، بے دست و پا، قوت سے محروم، نامرد

عوا: کتے کے بھونکنے کی آواز، بھیڑیے، گیڈر کی آواز

عوا: چاند کی منازل میں سے ایک

عُوّاد: (ع) ستار کي قسم کا باجا بجانے والا

عواذِل: (ع) عاذل کی جمع، سرزنش کرنے والے، ملامت کرنے والے

عوار: (ع)(۱)نقص، عیب (۲)چاک، سوراخ

عوارِض: (ع)(۱)عارضہ کی جمع (۲)مالیات، ٹیکس وغیرہ (۳)حادثات

عواریہ: چیز جس کو نقصان پہنچا ہو، زیاں رسیدہ

عواصِف: (ع) عاصفہ کی جمع، مہربانیاں، شفقتیں، عنایات

عواقِب: (ع) عاقبت کی جمع، انجام، نتیجے

عوالِم: (ع) عالَم کی جمع، دنیائیں

عوام: (ع) عام لوگ

عوام النّاس: (ع) عام لوگ، سب لوگ

عوامانہ: (ع) عامیانہ

عوام پسند: مقبول عام، جسے سب لوگ پسند کریں

عوام فریب: فتنہ انگیز، شورش انگیز لوگوں کو فریب دینے والا

عوامِل: (ع) عامل کی جمع کارگراں، ایجنٹ

عوان: (ع) درمیانی عمر کا، میانہ سال (عوانان جمع)

عوانان فلک: سات سیارے

عوانی: (ع) عورتیں

عوائد: (ع) آمدنی (عائدہ جمع)

عوائق: (ع) عایق کی جمع، رکاوٹیں

عوَج: (ع) کجی، خمیدگی، پیچیدگی، فریب، مکاری

عُوج: (ع) بلند قامت، طویل القامت، ایک بادشاہ عوج بن عنق جسے حضرت موسی نے شکست دی

عُود: (ع) اگر، ایک لکڑی جس کے جلنے سے خوشبو پھیلتی ہے یہ لکڑی پانی میں ڈوب جاتی ہے اس لیے اسے عود غرقی بھی کہتے ہیں

عود سوختن: خوشبو کے لیے اس لکڑی کو جلانا

عُود: (ع) بربط، ایک قسم کا موسیقی کا ساز

عود زدن: بربط کا ساز بجانا

عَود: (ع) لوٹنا، واپس ہونا

عود کردن: واپس آنا

عَودت: (ع) واپسی، مراجعت، دوبارہ آنا، واپس آنا

عودت دادن: واپس بھیجنا

عودزن: بربط نواز، بربط بجانے والا

عودی: عود کے رنگ کا (۲) عود لکڑی کی بنی ہوئی بربط

عُور: (۱) ننگا، عریاں (۲) جس کی ایک آنکھ میں بینائی نہ ہو

عورات: (ع) عورت کی جمع

عورت: (ع) ستر کرنے کی ہر چیز، شرمگاہ، مقام مخصوص، زن، مرد کی مونث

ستر عورت کردن: کسی کی برہنگی کو ڈھانپنا

عُوری: (ع) برہنگی، ننگا پن

عَوز: حاجت مندی، تنگدستی، نیاز مندی

عُوسِج: (ع) خفجہ، ایک خار داری جھاڑی جس کے پھول سفید، سرخ اور پھل انگور کی طرح کے ہوتے ہیں

عوِض: بدل، بدلا، معاوضہ، بجائے، جانشین

عوض او چه کسی خواہد بود: اس کے بجائے اور کون ہوگا، اس کا جانشین اور کون ہوگا

عوض دادن: بدلے میں دینا

عوضش: اس کے بدلے میں

بعوض، در عوض: بجائے

بعوض اینکه: اس کے بجائے

بعوض اینکه او راتشویق کند اورا ملامت کرد: بجائے اس کے کہ اسے شوق دلائے یا حوصلہ بڑھائے اس کی ملامت کی

او بمن کمک کرد من ہم در عوض او را رہنمائی کردم: اس نے میری مدد کی اس کے بدلے میں میں نے اس کی رہنمائی کی

عوضاً: (ع) بدلے میں، بجائے

عوضی: (ع) کسی چیز کے بدلے میں

عَوعَو: کتے کے بھونکنے کی آواز

عوعو کردن: بھونکنا

عَوق: (ع) روکنا، رکاوٹ

عَول: (ع) بلند آواز میں گریہ و زاری کرنا

عَون: (ع) مدد، حمایت، مساعدت

به عون الہی موافق شد: اللہ تعالی کی مدد سے وہ کامیاب ہوا

بعون اللہ: اللہ تعالی کی مدد سے

عوِیل: (ع) بلند آواز میں گریہ و زاری

عہد: (ع) (۱) وعدہ، معاہدہ (۲) وقت، زمانہ

عہد بستن: وعدہ کرنا، معاہدہ کرنا

عہدِ جدید: نیا زمانہ، نیا دور

عہدِ خود را نباید شکست: اپنا وعدہ توڑنا نہیں چاہیے، وعدہ شکنی نہیں کرنا چاہیے

عہدِ شباب: جوانی کا زمانہ

عہد شکن: وعدہ توڑ دینے والا

عہد شکنی: وعدہ توڑنا

عہدِ عتیق: (۱) قدیم زمانہ (۲) اولڈ ٹسٹامنٹ

عہد کردن: قول دینا، وعدہ کرنا

عہدِ مودّت بستن: دوستی کا معاہدہ کرنا

عہد نامہ: تحریری عہد و پیمان، تحریری معاہدہ

آن دو دولت عہد بستند: ان دو حکومتوں نے آپس میں معاہدہ کر لیا

بعہدِ خود وفا کردن: اپنا وعدہ وفا کرنا، ایفائے عہد کرنا

عُہدہ: (ع) ذمہ، حوالہ، ذمے داری، معاہدہ

از عہدہ عہد بیرون آمدن: اپنا وعدہ پورا کرنا، ایفائے عہد کرنا

بہ عہدہ گرفتن: اپنے ذمے لینا

تالیف این فرہنگ من سہ سال پیش بر عہدہ گرفتم: میں نے تین سال پہلے اس فرہنگ کی تالیف اپنے ذمے لی

چیزی را بعہدہ کسی گذاشتن: کسی چیز کو کسی کے حوالے کرنا

عہدہ برآئی: کسی معاہدے کو پورا کرنے کی صلاحیت

عہدہ دار: کسی چیز کو انجام دینے کا ذمہ لینا، جس کے ذمے کوئی کام کیا گیا ہو

عہدہ دارشدن: کوئی کام اپنے ذے لینا

من عہدہ دار وصول آن بودم: میں نے اسے حاصل کرنے کا ذمہ لیا تھا

عہدہ داری: ذمے داری، مسئولیت

عہوُد: (ع) عہد کی جمع

عہید: (ع) ایک معاہدے کا ذمے دار، معاہدہ کرنے والا

عِیادت: (ع) بیمار پرسی، کسی مریض کی صحت کا حال پوچھنا

عِیادت کردن: بیمار کا حال دریافت کرنا

روزی یکبار مریض را عیادت می کرد: وہ دن میں ایک بار مریض کی پرسش احوال کےلیے جاتا تھا

عِیاذ: (ع) پناہ، پناہ لینا، مدد، التجا

عِیاذاً باللّٰہ: (ع) پناہ بخدا

عِیار: (ع) مقیاس، میزان

عیار زدن: آزمائش کرنا کہیں کھوٹ نہ ملائی گئی ہو

عیار گرفتن: آزمائش کرنا، پرکھنا

عیّار: مکار، حیلہ باز، فریبی، چالاک

عِیار پیشہ: جس کا کام ہی مکاری اور فریب کاری ہو

عِیار گیر: کسوٹی پر پرکھنے والا

عیّاری: مکاری، حیلہ بازی، فریب کاری

عیّاش: (ع) عیش و نشاط میں وقت گزارنے والا، خوش گزران

عیاشی: عیش و نشاط میں وقت گزارنا

عِیال: (ع) کنبہ، بال بچے

عیال دار: خاندان والا جو بیوی بچے رکھتا ہے

عَیان: (ع) ظاہر، آشکارا، کھلم کھلا

عیان کردن: آشکار کرنا، ظاہر کرنا

عیاناً: (ع) واضح طور سے

عیانی: واضح، آشکار

عَیب: (ع) نقص، برائی، کمی، خرابی

این کار برای او عیب است: یہ کام اسکے لیے شرم کا باعث ہے

عیب کردن: کسی کی برائی کرنا

عیب گرفتن: کسی کی خامی معلوم کرنا

عیب ندارد: اس میں کوئی برائی نہیں

عیب بین: کسی کے عیب یا برائی پر نظر رکھنے والا

عیب پوش: کسی کی خامی پر پردہ ڈالنے والا

عیب جُو: جو لوگوں کی خامیوں یا برائیوں کو تلاش کرے مثال:

از غیبت مرد مان بپرہیز

و ز مردم عیب جوی بگریز

لوگوں کی غیبت کرنے یا برا بھلا کہنے سے پرہیز کر اور جو لوگوں کی برائیوں پر نظر رکھتے ہیں ان سے کنارہ کشی کر

عیب جوی کردن: کسی کی برائی تلاش کرنا

عیب چین: عیب جو

عیب دار: جس میں کوئی خامی یا برائی ہو

عیب گو: دوسروں کی برائیاں بیان کرنے والا

عیب گوی: دوسروں کی برائیاں بیان کرنا

او عادۃً از مردم عیب گوئی می کند: دوسروں کی برائیاں کرنے کی اُسے عادت ہے

عیب گر: عیب جو

عیب ناک: عیب دار، جس میں کوئی نقص ہو

عیبَہ: (ع) کپڑے رکھنے کا صندوق، جامہ دان

عیث: نقصان، زیان، خسارہ، ضرر، ایذا، موجب ضرر یا باعث آزار

عید: جشن، خوشی، خوشی کی تقریب، مسلمانوں کے جشن کا روز جو یکم شوال کو ہوتا ہے، یہ ہر سال عود کرتی ہے، اس لیے عید کہلاتی

عیدالضّحیٰ: عید اُضحی مسلمانوں کا وہ تہوار جو ذی الحج کو ہوتا ہے اور جس میں قربانی کی جاتی ہے

عیدالفطر: روزہ کشائی، عید جو ماہ رمضان کے اختتام پر منائی جاتی ہے، عید رمضان کا صدقہ، جو دو سیر گیہوں یا چار سیر بشرط مقدرت ہے

عید نو روز: جشن جو ایران میں نئے سال کی تقریب میں منایا جاتا ہے

عیدی: (ع) عید کے موقع پر انعام جو بچوں کو دیا جاتا ہے

عیدیانہ: (ع) عیدی

عیسائی: (ع) حضرت عیسی(ع) کے پیرو، نصرانی، حضرت عیسی کے ماننے والے، مسیحی

عیسوی: : (ع) حضرت عیسی کے پیرو

عیسویت: (ع) عیسائیوں کا مذہب

عیسی: (ع) ایک مشہور پیغمبر کا نام یہ بیت المقدس کے قریب ایک گاؤں میں پیدا ہوئے، کتاب انجیل کا نزول ان پر اللہ تعالی کی طرف سے ہوا، تینتیس سال کی عمر میں یہودیوں کے ہاتھوں صلیب پر چڑھائے گئے

عیسی مسیح: حضرت عیسی(ع)

عیسی دم: عیسی نفس، پھونک جو مردے کو زندہ کر دے، ایک معجزہ حضرت عیسی سے منسوب ہے کہ انھوں نے پھونک مار کر مردے کو زندہ کر دیا

عیش: (ع) خوشی، نشاط، آسائش، زندگانی، شادمانی، عشرت، عیاشی

عیش کردن: شادمانی سے زندگی گزارنا

عیش و عشرت: عیاشی، خوشی، نشاط

عیشا: رَحِم، بچہ دان، زھدان

عیشہ: (ع) زندگی میں انسان کی حالت، کسی شخص کی وضع زندگی

عَیش طلب: عیاش

عَین: (ع) ابجد کے حرف "ع" کا تلفظ

عین: (ع)(۱) آنکھ، چشم، ذریعہ، چشمہ (۳)بجنسہ وہی چیز

عین آن کلمات را گفتم: میں نے وہی کلمات دہرائے

من عین آن چیز را می خواہم: میں بجنسہ وہی چیز چاہتا ہوں

عیناً: (ع) بجنسہٖ، بعینہٖ، بالکل ویسا ہی

کاغذ را عیناً ترجمہ کنید: :مراسلے کا جوں کا توں ترجمہ کر دیجیے

عین الثَّور: (ع) بیل کی آنکھ

عینُ الحیات: (ع) زندگی کا چشمہ، زندگی کا اچھا کارنامہ

عین الحیَوان: عین الحیات

عین الشَّمس: (ع) آفتاب کی آنکھ، نہایت قیمتی چیز

عین المال: (ع) راس المال

عین النَّاس: (ع) ایک پھل کا نام

عین الیقِین: :(ع) یقین جو آنکھوں سے دیکھنے کے بعد ہو

عینَک: شیشوں کا چشمہ جو آنکھوں کو لگایا جاتا ہے

عینک دان: خول جس میں عینک رکھی جاتی ہے

عینک ساز: عینکیں بنانے والا

عینک شاخ دار: کماندار عینک

عینکی: جو عینک لگاتا ہے

عَینہُ: اس کی آنکھ، بعینہ

عینی: (ع) بالکل ویسا ہی، آنکھ سے متعلق

عینیّت: (ع) ویسا ہی، یکساں

عینَین: (ع) دو آنکھیں

عیُوب: (ع) عیب کی جمع، برائیاں

عیُّوق: (ع) کہکشاں کے پاس ایک ستارے کانام

عیُون: (ع) عین کی جمع، آنکھیں

غ

غ: فارسی ابجد کا بائیسواں حرف، عربی کا انیسواں اور اردو کا پچیسواں حرف، ابجد کے عدد کے لحاظ اس کے عدد ۱۰۰۰ ہیں

غاب: (ع)(۱)یاوہ گوئی، ہر زہ سرائی، (۲)رات کا بچا ہوا، رات کی باقی ماندہ غذا مثال:

تاکی بری عذاب وکُنی ریش را خضاب
تاکی فضول گوی و آری حدیثِ غاب

تو کب تک عذاب سہیگا اور ڈاڑھی کو خضاب لگائیگا، کب تک تو یا وہ گوئی کریگا اور فضول حوالے دیگا

غاب: (ع) جنگل، نیستان، شیر کے رہنے کی جگہ

غابات: (ع) غابہ کی جمع

غابِر: (ع) گذشتہ، گزرنے والا

غابِن: (ع) دھوکے باز، ٹھگ، فریبی، دغاباز سست

غابِہ: (ع)(۱)غاب، جنگل (۲)لوگوں کا گروہ (۳)نیزہ دراز

غادِر: (ع) غدار، ملک و ملت سے بے وفائی کرنیوالا دھوکے باز، خائن، بے وفا، بد عہد

غادہ: (ع)(۱)نو عمر بچی (۲)نوجوان عورت

غادی: (ع) جنگل کا شیر

غادِیہ: (ع)(۱)غادی کی تانیث (۲)بادل، صبح کی بارش

غاذی: (ع) خوراک بہم پہنچانے والا

غار: (ع) گڑھا، پہاڑ کی کھوہ

ساکن غار: غار نشین، پہاڑ کی کھوہ میں رہنے والا

یارِغار: گہرا دوست، حضرت ابوبکر صدیق(رض) جو حضرت رسول کریم(ص) کے ساتھ غار میں تھے

غارت: (ع) لوٹ مار، تاخت و تاراج، دشمن پر حملہ

غارت آوردن: لوٹا ہوا مال گھر لے آنا

غارت بردن: لوٹ مار کرنا

غارت رفتن: لوٹا جانا

غارت کردن: لوٹ مار کرنا، تباہ کرنا

غارت خوردہ: غارت زدہ، جو لوٹ مار کی زد میں آیا ہو

غارت زدہ گی: لوٹا جانا

غارت زدہ: جو لوٹا گیا ہو

غارت گر: لوٹ مار کرنے والا

غارتیدن: لوٹ مار کرنا

غارج: مے، شراب، شراب جو صبح کو پی جاتی ہے

غارجی: صبح کی شراب نوشی، صبوحی

غاردار: جہاں غار ہی غار ہوں

غارِس: (ع) پودے لگانے والا

غارستان، غار غار: جہاں غار ہی غار ہوں

غار مانند: غار یا پہاڑ کی کھوہ کی مانند

غارنشین: غار میں رہنے بسنے والا

غارنگ: احمق، جاہل، نادان

غار و غور: ٹرٹر، کائیں کائیں کی آوازیں

غارہ: غارت

غارہ: غارجی، صبح کے وقت کی شراب نوشی

غاری: غار میں رہنے والے، غارنشیں

غاریقون: ککرمتا، کھمبی

غاز: ہنس (پرندہ)

غاز: گیس

غاز: کم قیمت، کم رقم

غاز: شگاف، چاک، درز، کپڑے کا ٹکڑا

غازان: : ایران کا مغل بادشاہ جو ارغون خان کا بیٹا تھا وہ حلقہ بگوش اسلام ہوا اس کی تقلید میں بہت سے مغل افراد مسلمان ہو گئے

غازغان: قزقان، دیگ

غازہ: (۱)گلگونہ، خوشبودار خشک مرکب جو خواتین زینت کے لیے چہرے پر ملتی ہیں (۲)آواز، صدا، شور

غازی: (ع) راہ خدا میں دشمنوں سے لڑنے والا، مسلمان فاتح، مجاہد، فدا کار

غازی: ہنس (پرندہ) کے متعلق

غازی: رسی پر رقص کرنے والا، ریسمان باز، رسی پر کرتب دکھانے والا بازیگر

غازیانہ: غازیوں کی طرح، سپاہیانہ یلغار کی طرح

غاسِق: (ع) تاریک رات

غاسِل: (ع) کپڑے دھونے والا

غاسوُل: (ع) صابن، ہر وہ چیز جس سے کپڑے یا جسم کو صاف کیا جا سکتا ہے

غاش: شیفتہ، عاشق شیدا، دوست صمیمی

غاش: نارسیدہ انگوروں کا گچھا

غاش: قاش، کٹا ہوا ٹکڑا، قتلہ

غاشیہ: (ع) کاٹھی، زین، پالان زین پوش

غاشیہ کشیدن: زین کسنا

غاشیہ بردوش: فرماں بردار، اطاعت گزار

غاشیہ دار: اطاعت گزار، فرماں بردار، مطیع

غاشیہ کش: غاشیہ دار، فرماں بردار، بندہ، چاکر

غاص: (ع) لوگوں کا ہجوم، انبوہ مردم، جس کے حلق میں لقمہ پھنس جائے اور وہ سانس نہ لے سکے

غاصِب: (ع) غصب کرنے والا، زور آور، ظالم، جبر سے کسی کے مال پر تصرف کرنیوالا

غافِث: ایک خاردار پودا جس کے پتے لمبے، شاخیں پتلی، پھل نیلے رنگ کے، پتے اور پھول کڑوے ہوتے ہیں یہ پودا شیراز کے پہاڑوں میں ہوتا ہے

غافِر: (ع) بخشنے والا، مغفرت کرنے والا، گناہ بخشنے والا، خداوند تعالی

غافِل: (ع) بے خبر، غفلت کرنے والا، بے پروا

غافل شدن: بے خبر ہونا، بے توجہ ہونا، غفلت کرنا

غافل کردن: دھوکا دینا

غافل گرفتن: بے خبری کے عالم میں حملہ کر دینا، پکڑ لینا

غافلید کہ چہ قدر سرِاین کار زحمت می کشد: تم اس بات سے بے خبر ہو کہ وہ اس کام میں کس قدر زحمت کر رہا ہے

غافلاً: (ع) بے خبری کے عالم میں

غافلانہ: غفلت سے، بے خبری سے، لاپروائی سے

غافل گیر: بے خبر شخص پر حملہ کرنے والا

غافلی: بے خبری کا عالم، غفلت

غالّ: (ع) کھوہ، سوراخ، غار

غالِب: (ع) غلبہ پانے والا، زبردست، مغلوب کرنے والا

غالِب آمدن: فوقیت پانا، غالب ہونا

غالب شدن: برتری پانا

غالب مردم باین عقیدہ ہستند: اکثر لوگ یہ عقیدہ رکھتے ہیں

بر دشمنان خود غالب آمدند: اپنے دشمنوں کو مغلوب کیا

رای آنہا بر رای ما غالب آمد: ان کی رائے نے ہماری رائے پر فوقیت حاصل کی

ظن غالب: گمان قوی، احتمال کامل

غالِب: (ع) برصغیر پاکستان و ہند کے نامور شاعر اسد اللہ خان کاتخلص

غالباً: (ع) اکثر، بیشتر

غالباً او را در کتابخانہ دانشگاہ می بینم: میں اکثر اسے یونیورسٹی کی لائبریری میں دیکھتا ہوں

غالبانہ: فتح مندانہ، فاتحانہ

غالبیّت: فتح، تسلط، غلبہ

غالوک، غالول: گلولہ مٹی یا پتھر کا جو کمان کے ذریعے پھینکا جاتا ہے

غالی: (۱) قیمتی، گرانقدر، گرانبہا، (۲) حد سے گزرنے والا، غلو کرنے والا

غالی: قالی، قالین

غالیدن: غلطیدن، ملنا، برانگیختہ کرنا

غالینوس: جالینوس، ایک مشہور یونانی فلسفی کا نام

غالِیہ: (۱) خوشبو جو مشک و عنبر کے مرکب سے بنتی

ہے

غالیہ بار: مشکبار، خوشبودار

غالیہ دان: غالیہ کی ڈبیا

غالیہ سا: خوشبودار

غالیہ فام: سیاہ مرکب جس میں مشک شامل ہو

غالیہ مُوی: سیاہ مشکین بال، بال جن سے مشک و عنبر کی خوشبو آتی ہے

غامِد: (ع) لدا ہوا (جہاز)

غامِر: (ع) خراب، بے آباد، جگہ جو سیلاب کی وجہ سے خراب یا ویران ہو جائے، ویران

غامرات: (ع) غامر کی جمع، ویران، بے آباد جگہیں

غامِض: (ع) پیچیدہ، مبہم، نا معلوم، مشکل، غیر واضح کٹھن

غامضات: دیکھیے غامضہ

غامضِہ: (ع) پیچیدہ مسئلہ، مبہم، غیرواضح

غامی: ناتوان، ضعیف، لاغر، نحیف،

غانقرایا: ہڈی یا جوز میں خرابی یا عفونت پیدا ہونا، ناسور ہونا

غانِم: (ع) غنیمت کا مال لینے والا

غانی: (ع) غنی، مالدار، بے نیاز

غانیِہ: (ع) وہ عورت جو اپنے حسن و جمال کی وجہ سے زینت سے بے نیاز ہو، پاکدامن عورت یا لڑکی

غاو: غار، بھیڑبکریاں رکھنے کی جگہ

غاوُش: بڑا کھیرا، خیار

غاوی: (ع) گم کردہ راہ، گم شدہ، سرگرداں، نا امید

غائب: (ع) غیر موجود، پوشیدہ، چھپا ہوا، غیر حاضر

غائب از نظر: نظر سے اوجھل، پنہاں

غائب شدن: چھپ جانا، غیر حاضر ہونا، پوشیدہ، نظر سے اوجھل ہونا

غائب کردن: چھپانا، پوشیدہ کرنا، پنہان کرنا

صدای مرا کہ شنید غائب شد: میری آواز سنی ہی تھی کہ وہ چھپ گیا

غائبانہ: غیر موجودگی میں

ارادت غائبانہ: کسی شخص کو دیکھے بغیر اس کے متعلق پسندیدہ خیال رکھنا

من نسبت بہ ایشان ارادت غائبانہ دارم: دیکھے یا ملے بغیر ان کے متعلق میرے دل میں اچھے خیالات ہیں

غائب باز: (۱)شطرنج کاماہر کھلاڑی (۲)جادوگر، شعبدہ باز

غائب شدنک: «چھپو اور تلاش کرو» کا کھیل جو عموماً بچے کھیلتے ہیں

غائبی: غیر موجودگی

امروز ہیچ غائبی نداریم: آج کوئی غیر حاضر نہیں

غایَت: (ع) انتہا، انجام، حد، نہایت، غایات جمع

این کار بغایت دشوار است: یہ کام نہایت مشکل ہے

بغایت: حد درجہ

بدین غایت: اس حد تک

غائر: (ع) نیچے کو بہتا ہوا، ڈوبتا ہوا، داخلی

ورید غائر: اندرونی نس

غائر:(ع) گہری

بہ نظر غائر:گہری نظر سے

غائط:پیشاب پاخانہ، بول و براز

غائلہ:(ع)(۱)بد نصیبی (۲)پوشیدہ کینہ یا نفرت، (۳)اضطراب، بے چینی، تکلیف، درد سر، غوائل جمع

غای:(ع) آخری، ماحصل، انتہائی

علت غائی:ماحصل، مقصود اصلی

غِبّ:(ع)ہر دوسرے دن ملنا

تب غب:باری کاتپ

غباً:(ع) ہر دوسرے دن، گاہ گاہ، ایک دن چھوڑ کر

غباد:اختراع، ایجاد، احداث، جدّت، طرز نو، ابداع

غبار(ع) گرد، دھول، دھند

غبار خاطر:دل کی ناراحتی، رنجش، آزردگی، مولانا ابوالکلام آزاد کی مشہور کتاب (اردو میں)

غبار آوردن:دھندلانا

غبار آلود:جس پر گرد یا دھول چھائی ہو، گرد آلود

غبار دار:دھندلی

غبارگوں:دھندلی

غَبارِہ:آنکس، اکسانے والی چیز، آنکس جس سے جانور کو چلاتے ہیں

غباری:گرد آلود، غبار آلود

غَباز:چھڑی، عصا، جس سے جانور کو ہانکتے ہیں

غباوَت:(ع) نادانی، غفلت

غبرا:(ع) گرد آلود، خاکی رنگ زمین

غبَس:(ع) تاریکی، اول شب کی تاریکی

غبَش:(ع) آخر شب کی تاریکی

غبِطہ:(ع) اس چیز کی تمنا کرنا جو کسی کو حاصل ہے، رشک کرنا

غبطہ آور:جس سے رشک پیدا ہو

غبطہ خوردن:رشک یا حسد ہونا

غبغب:ٹھوڑی کے نیچے کا ابھرا ہوا حصہ

غبن:(ع) کسی معاملے میں مکر و فریب، کسیکا مال لے کر غصب کرنا، دھوکا بازی

ادعای غبن کردن:یہ دعوی کرنا کہ اس سے فریب ہوا ہے

غبن فاحش:انتہائی فریب

غبی:(ع) احمق، کند ذہن، جاہل، نادان

غبیدا بادام:یورپ کا ایک درخت جس کے پھل چھوٹے چھوٹے اور ناشپاتی کی شکل کے ہوتے ہیں

غُبَیرا:(ع) نشہ آور مشروب جو باجرے سے تیار کیا جاتا ہے

غبِین:(ع) ضعیف الرای، کمزوری دماغ، کسی معاملے میں فریب خوردہ

غُتفر:(ع) احمق، ناداں، ابلہ

غث:(ع) سست، لاغر، کمزور

غث و ثمِین:(ع) کمزور اور فربہ دو متضاد چیزوں کا کنایہ

غثیان:(ع) متلی، کراہیّت، قے جو بعض لوگوں کو بحری سفر میں آتی ہے، ذہنی اضطراب یا خلل

غَثیانی: (ع) جیسے متلی ہوتی ہو

غِچَک: غَچک، کمانچہ

غَد: کل، آج کے بعد

غَد: گستاخ، بدتمیز، گستاخانہ، بدتمیزی، توہین آمیز، کلہ دراز

غَدا: کل، آج کے بعد، فردا

غَداء: صبح کا ناشتہ

غَدّار: (ع) باغی، مفسد، بہت بیوفا، نمک حرام، خائن

غَدارِہ: (ع) دو دھاری تلوار، چوڑی تلوار

غَدارہ زدن: چوڑی تلوار یا دو دھاری تلوار کا وار کرنا

غَدارہ زَن: دو دھاری تلوار سے حملہ کرنے والا

غَدّاری: (ع) بے وفائی کرنا، بغاوت کرنا، خیانت کرنا، نمک حرامی

غدائر: (ع) عورتوں کے بنے سنورے گیسو

غَدَر: (ع) بغاوت، سرکشی، بے وفائی، عہد شکنی، مکاری، فریب کاری، نمک حرامی، خیانت

غدر کردن: بغاوت کرنا، سرکشی کرنا، بیوفائی کرنا، فریب کاری کرنا

غَدغَد: کٹ کٹ، کنکنانا، پرندے کا کڑکڑ کرنا

غدغد کردن: کٹ کٹ کرنا، کنکنانا

غَدغَن: (ت) قدغن، امتناغ، روک ٹوک، منع، مناہی، حکم نہی

غدَنگ: احمق، نادان، ابلہ

غَدُور: (ع) بیوفا

غُدوَہ: (ع) صبح سویرے، جلد

غُدَّہ: (ع) غدود، غدودنما

غدّہ بزاق: لعاب دار غدود

غدہ عَصب: مرکزی نظام عصبی کا خاکی رنگ کا مواد

غدہ کوچک: چھوٹی غدود

غدّہ ای: غدود والا، جس کے کوئی غدود ہو

غَدِیر: (ع) تالاب، جوہڑ، ندی، جھیل

عیدِغدیر: اہل تشیع کے نزدیک حضرت رسول کریم(ص) کے بعد حضرت علی کے تقرر بطور خلیفہ کا جشن جو ۱۸ ذی الحجہ کو منعقد ہوا۔ یہ جشن ایک تالاب کے پاس ہوا جسے خمِ غدیر کہتے ہیں

غدِیر: غدار، بے وفا

غَدِیری: تالاب یا ندی کی طرح

غِذا: (ع) خوراک

غذای حیوانی: جانوروں کی خوراک، چارا وغیرہ

غذای روحانی: غذا جس سے روح کو تازگی حاصل ہو

غذای نباتی: خوراک جو سبزیوں سے تیار کی جائے

روزی سہ بار غذای خوریم: ہم دن میں تین بار خوراک کھاتے ہیں

غِذای: (ع) خوراک سے متعلق

غِذائیّت: (ع) جس خوراک میں قوت بخش عنصر موجود ہو

غِذائیّت دار: قوت بخش عنصر والی غذا

غَر: فاحشہ، بدکار عورت

غُر: (ع) خصیہ یا فوطہ کی سوجن، ہرنیا کا مرض

غُر کردن: ہرنیا کا مرض لاحق ہونا

غُر: غرغر کی آواز

غُر کردن: غرغر کی آواز نکالنا

غِر:(ع) بے تجربہ جوان، ناآزمودہ، فریب میں آ جانے والا
غَر:زمین کا شگاف، گڑھا
غَرّاء:درخشاں، تابندہ، روشن، زیبا، نیکوکار، بہت عمدہ
شریعتِ غراء: قانون ربّانی
غُرا:سریش، چپکنے والی چیز
غراب:مغرور، متکبر، گستاخ، خود غرض
غراب شدن:مغرور ہونا، خود غرض ہونا، گستاخ ہونا
غراب:(ع) کوا، زاغ، کلاغ
غرابُ البَین:کوا جب دیوار پر آ کر بیٹھے اور کچھ منہ سے آواز نکالے تو اسے منحوس سمجھا جاتا ہے
غرابَت:(ع) (۱) وطن سے دور ہونا، اجنبیت (۲) پیچیدہ معنی، مبہم
غرابَت:(ع) تعجب خیز، بوالعجبی، انوکھا پن
غرابت داشتن:تعجب خیز ہونا
غرابت نُما:عجیب و غریب
غرابَہ:شیشے کا برتن جس کا دہن تنگ ہو اور بیچ میں سے بہت کھلا ہو
غرابی:(ع) کوّے جیسا
غرابِیہ:(ع)ایک قسم کی مٹھائی جو انڈوں اور میدے سے تیار ہوتی ہے
غرابِیل:(ع) غربال کی جمع، چھلنیاں
غراچِہ:(۱) دیوث، بھڑوا، قرم ساق، جو خود اپنی بیوی کا دلال ہو (۲) نادان، بے حمیت
غِرار:(ع)(۱) بکرے کے بالوں کا بنا ہوا تھیلا، (۲) قلت، کوتاہی، نقص، عیب (۳)کساد بازاری
غِرار:(۱)مغرور ہونا، (۲) فریب کھانا

غَرارِہ:(ع)غرغرہ، کلی
غرارہ کردن:کھنگالنا، پانی منہ میں بھر کر حلق صاف کرنا، کلی کرنا
غِرارِہ:بکری کے بالوں سے بنا ہوا تھیلا
غَرارَہ:(ع) لاپروائی، بے توجہی، بے التفاتی، غفلت، تغافل برتنا، غافل رہنا، غفلت کرنا، سہل انگاری کرنا، قاصر رہنا، فروگزاشت ہونا
غَراش:غصہ، غیظ و غضب
غراش:دیکھیے غراشیدن
غَراشِیدن:خراشیدن، خراش لگانا، غصے میں آنا
غراشِیدہ:جسے خراش آئی ہو، خشمناک، خشم آلودہ، خشمگین
غَرام:(ع) شدید متاثر ہونا، قوی جذبہ، جذبات کا ہیجان یا جوش، عشق و محبت، ہوائے نفس، بے حد شوق، جوش، ولولہ، عشق و شیفتگی جو دل کی آرزو کا باعث ہو
غَرام:چنا، نخود، گھوڑے کا دانہ
غرام:(۱)گرام (۲) روزن، سوراخ
غرامَت:(ع) خسارہ، نقصان ادا کرنا، تلافی مثال:

گرگلہ از ماست، شکایت بگو
ور گنہ از تست، غرامت بیار

اگر ہم سے کوئی گلہ ہے تو جو شکایت ہے وہ بتاؤ اور اگر قصور تمہارا ہے تو تم اس کی تلافی کرو
غرامتِ جنگی:جنگی نقصان کی تلافی
غرامتِ خسارات او را باید پردازید:اس کے نقصان کی تلافی کرنی چاہیے
غرامتِ ظروف شکستہ را داد:اس نے شکستہ برتنوں کے نقصان کی تلافی کر دی
غرامت کردن:نقصان کا جرمانہ وصول کرنا

غُرّان: شورو غل کرنا

غُر آورنگ: عظیم تخت

غرائب: (ع) عجیب چیزیں

غرائب طبیعت: فطرت یا قدرت کی عجیب چیزیں

غَرب: (ع) مغرب

غرباً (ع) مغرب کی طرف

غُرَبا: (ع) (۱) اجنبی لوگ، مسافر، پردیسی، غیر ملکی (۲) غریب، مفلس لوگ، (جمع غریب)

غِربال: (ع) چھلنی، غرابیل جمع

غِربال بند: چھلنیاں بنانے والا

غربالی: چھلنی جیسا

غربان: (ع) جمع غراب، کوے

غُربَت: (ع) گھر سے دوری، پردیس، غیر ملکی مسافرت

غربت دیدن: گھر سے دور ہو جانا

بیست سال در غربت بود: بیس سال وہ پردیس میں رہا

غُربَت دیدہ - غُربت زدہ: اپنے وطن سے دور رہ کر جس نے پردیس میں زندگی گزاری

غُربَتی: جپسی، خانہ بدوش قوم جو معاش کے لیے مختلف علاقوں میں گھوم پھر کر زندگی بسر کرتی ہے

غربی: مغربی ممالک

سرحدِغربی: مغربی سرحد

غربیل: غربال، چھلنی

غربیلہ: جسم کی لہر دار حرکات، نازو ادا، دلربا رقص کی کیفیت

غربیون: مغربی ممالک

غُرت: غورت، ایک ہی گھونٹ بھر کر پی جانا

غُرجہ: غرجستان، گرجستان، ملک جارجیا

غرجگی: نادانی، بےوقوفی، حماقت، ابلہ پن

غرچہ: احمق، نادان، ابلہ

غَرد: موسم گرما گزارنے کا مقام، یلاق

غَرِد: گانے والا پرندہ، جس کی آواز میں ترنم ہو

غَرَد: پرندوں کے مترنم چہچہے

غردِل: بزدل، ڈرپوک، ترسُو

غُرَر: (ع) برگزیدہ، پسندیدہ

غرزَن: بدکار عورت، فاحشہ

غَرس: (ع) کاشت کرنا، پودے لگانا

غرس اشجار: شجرکاری، درخت لگانا، درختوں کی پود لگانا

درختانِ متعدد در آنجا غرس کردند: بہت سے درخت وہاں لگائے گئے

غُرِّش: غصہ، تندی، تندخوی، دھاڑنا، گونجنا، گرجنا، شور کرنا، شور سے گونج اٹھنا، غرانا

غُرش شیر: شیر کا دھاڑنا

غرش کردن: دھاڑنا، گونجنا

غِرش: ایک سکہ جو عرب ممالک میں رائج ہے غروش جمع

غُرُشت: مہیب آواز، سہمناک فریاد

غُرشیدن: غراشیدن، خراشیدن، خراش لگانا، زخم لگانا

غَرَض: (ع) خواہش، آرزو، قصد، وجہ تحریک

غرض از معارف چیست: علم کا مقصد کیا ہے

غرضش شہرت طلبی بود: اس کی آرزو شہرت حاصل کرنا تھی

غرض ورزیدن: کسی کے خلاف خفیہ بغض یا کینہ رکھنا جانبداری کرنا

در این کار غرض ندارم: اس کام میں میرا کوئی ذاتی مقصد نہیں

غرض آلود:غرض آمیز، جس میں کوئی ذاتی غرض ہو

اظہاراتش سراسر غرض آمیز بود:اس نے جن خیالات کا اظہار کیا وہ اس کی ذاتی غرض پر مبنی تھے

غرضمند:حاجت مند، خواہشمند

غرضمندی:حاجت مندی، احتیاج، ضرورت

غرض ورزی -غرض رانی: اپنی ذاتی غرض سے کوئی کام کرنا، کینہ پروری

غرغر:کڑکڑانا، بڑبڑانا، ناراض ہونا

غرغرو:بڑبڑاہٹ

غرغرِہ:غرارہ

دو مرتبہ آں دوا را غرغرہ کردم:اس دوا کے میں نے دو مرتبہ غرارے کیے

غَرغرِہ:پھرکی، چرخی، جب مچھلی پھنس جاتی ہے تو پھرکی کی ڈوری لپیٹ لیتے ہیں

غرغرہ:بجلی کے کڑکنے کی آواز

غرغشہ:غرخشہ، لڑائی، جھگڑا، مجادلہ، غوغا

غرغنجہ:عیاش، نفس پرست عورت

غرف:(ع)جمع غرفہ

غرفنج:جسے فتق کا مرض ہو، جس کے خصیے پر آماس ہو، ہرنیا کا مرض

غرفِہ:(ع)بالاخانہ

غرق:(ع)ڈوب جانا

غرق در چیزی بودن:کسی بات میں بہت مشغول ہونا، محو ہو جانا، مستغرق یا منہمک ہونا

غرقِ دریا:سمندر یا دریا میں ڈوبنا

غرقِ دیَن یا بدھی:قرض میں ڈوبا ہوا ہونا، بہت زیادہ قرض میں دب جانا

غرق شدن:ڈوب جانا

غرق فکر:فکرو خیال میں مستغرق

غرق کردن:ڈبو دینا

غرقاب:گرداب، بھنور، پانی کا چکر(دریا یا سمندر میں)

غرقِہ:ڈوبا ہوا

غرقہ بخون:خون میں ڈوبا ہوا

غرقہ گاہ:گہرا پانی، گرداب، تالاب

غرم:(ع)تاوان، جرمانہ، خسارہ

غُرم:(ع)پہاڑی بھیڑ

غرَم:(ع)غصہ، خشم

غُرما:جرمانہ یا تاوان وصول کرنے والے

اموالش تقسیم غرما شد:اس کی جائداد تاوان وصول کرنے والوں میں تقسیم ہوئی

غرما سنگ:پتلی روٹی، روغنی روٹی

غرمان:خشم آلود، خشمگیں، سخت غصے میں

غرمیدن:سخت غصے میں آنا، خشمگیں ہونا

غرَن:آہ و زاری کی آواز، صدای گریہ و نوحہ

غرناطہ:ہسپانیہ کا شہر

غرنب:دیکھیے غرنبیدن

غُرُنبش:شور، غوغا، ہیا ہو، بجلی کی کڑک سنائی دینا

غرنبندِہ:شورو غوغا،

غُرُنبیدن:بجلی کی طرح کڑکنا، گونجنا، گرجنا، غوغا و فریاد کرنا

غُرَندِہ:دھاڑنے، گرجنے والا

شیر غرندہ:دھاڑنے والا شیر

غَرَنگ:شور و غوغا، نالہ و فریاد ہیاہُو، گریہ، آہ و زاری، نوحہ کی آواز

غرنُوق:(ع)کلنگ جیسا دریائی پرندہ، نیز بمعنی جوان

رعنا

غرنیچی: شدید سردی

غرو: قلم، نے

غرواش: کوچی جس سے کسی چیز پر رنگ کرتے ہیں

غروب: (ع) چاند یا سورج کا اپنے وقت پر چھپ جانا

آفتاب درچہ ساعت غروب می کند: سورج کس وقت غروب ہوتا ہے

غرور: (۱) تکبر، گھمنڈ (۲) کسی بیہودہ اور فضول چیز کی طمع کرنا

غرور جوانی: جوانی کا گھمنڈ

غُرُوش: غرش کی جمع

غِرّہ: دھوکے میں آنا، فریب کھانا

غرہ شدن: دھوکا کھانا، فریب میں آنا، بہکایا جانا

بلذات دنیا غرہ شد: دنیاوی خوشیوں میں وہ دھوکا کھا گیا

غُرّہ: قمری مہینے کا پہلا دن

غری: خوب، خوبصورت، زیبا، خوبصورت عمارت

غریب: اجنبی، تنہا، غیر ملکی، مسافر، پردیسی، عجیب

خیلی غریب است کہ شما او را نمی دانید: وہ بہت اجنبی سا شخص ہے کہ تم اسے نہیں جانتے

مرد غریبی وارد خانہ شد: ایک مسافر گھر میں داخل ہوا

غریبانہ: اجنبی کی طرح، عاجزانہ

غریب پرور: مسافر نواز، اجنبیوں پر مہربانی کرنے والا

غریب پروری: مسافر نوازی، اجنبیوں یا پردیسیوں پر شفقت کرنا

غریب خانہ: غریبوں، بے گھر لوگوں کی پناہ گاہ

غریب زادہ: جس کے باپ کا لوگوں کا علم نہ ہو

غریب نواز: مہمان نواز، مسافر نواز، اجنبیوں پردیسیوں سے اچھا سلوک کرنے والا

غریب نوازی: مہمان نوازی، اجنبیوں سے مہربانی کا سلوک کرنا

غریبہ: غریب کی تانیث، مسافر، اجنبی، غیر ملکی

غریبی: تنہائی (مسافر کی)، بیگانگی

غرید: دلہن جسے اس کے خاوند نے شبِ عروسی میں دوشیزہ نہیں سمجھا

غُریدن: شور کرنا، کڑکنا، دھاڑنا

غریر: (ع) مغرور، ناتجربہ کار

غریرہ: (ع) نا تجربہ کار خاتون

غریزہ: (ع) (۱) طبیعت، سرشت، اندرونی تحریک

غریزی: (ع) فطری، طبعی، ذاتی

حرارتِ غریزی: قدرتی حرارت

غریژنگ-غریفج: سیاہی مائل کیچڑ جو جوہڑ کی تہ میں جم جاتا ہے

غریق: (ع) غرق شدہ، ڈوبا ہوا

غریم: (ع) قرض دار، طلب گار، مقروض

غرین: شیر کا بھٹ، جنگل، بیشہ

غریو: آہ و فریاد، چیخ پکار، ہیاو ہو

غریو ازو برخاست: اس نے چیخ پکار کی

غریو بر آوردن: آہ و پکار کرنا، نالہ و فریاد کرنا، چیخنا

غریوندہ: نالہ و فریاد کرنے والا

غریویدن: نالہ و فریاد کرنا

غُزّ: ترک قبائل جنھوں نے ایران پر حملے کیے (۱۱۵۵ء)

غَزا: (ع) کافروں کے خلاف جنگ، دشمنان دین سے جنگ

غزارت-غزاره:(ع) کثرت، زیادتی، (پانی دودھ کی) فراوانی

غزّال:(ع) ہرن، آہو

غزّال:(ع) سوت کاتنے یا بیچنے والا

غزال:ایرانی موسیقی کی ایک دھن

غزالہ:ہرنی

غزالی:نامور عالم، امام محمد کا لقب الغزالی (وفات ۵۰۵ھ)

غَزَل:لفظی معنی ہیں عورتوں سے باتیں کرنا، وہ نظم جس میں فراق، وصال، عشق و محبت اور حسرت و یاس کا مضمون پایا جائے، غزل کی خصوصیت یہ ہے کہ اس کے اشعار میں قافیے اور ردیف کی پابندی عام طور سے ضروری سمجھی جاتی ہے

غزل گفتن:عشق و محبت کے مضمون مربوط اشعار میں ادا کرنا

غزل:سوت کاتنا

غزلاغ-غزلاق: خاکی، مٹیالے رنگ کے پرندوں کی قسم، چکاوک

غزلخوان:غزل پڑھنے والا

غزلخوانی:غزل پڑھنا

غزل سرا:غزل گا کر پڑھنے والا

غزلی:غزل کے ترنّم کی کیفیت

غزلیات:غزل کی جمع

غزنو:غزنہ، افغانستان کا ایک شہر

غزنوی:افغانستان کے شہر غزنہ سے متعلق، غزنہ یا غزنی کا رہنے والا، غزنوی خاندان کا بادشاہ محمود غزنوی

غزنہ:غزنی، غزنیں، افغانستان کا مشہور شہر

غزو:(ع)لڑائی کی نیت کرنا، دین کی حفاظت کے لیے جنگ کرنا، جہاد

غزوات:(ع)غزوہ کی جمع

غزوہ:(ع) مسلمانوں کی اپنے مذہب کی حفاظت کے لیے کفار سے جنگ، جب رسول کریم(ص) ساتھ ہوتے تھے

غزیر:فراواں، کثرت، افراط

غزیرہ:(ع) (۱)اونٹنی جس کے دودھ اترا ہوا ہو (۲) بہتے پانی کا چشمہ (۳) اشک بار آنکھ

غُژَم:غثرب، خوشہ انگور سے جدا شدہ انگور کا دانہ

غژیدن:رینگنا، گھسٹنا

غژیدہ:جو رینگ رہا ہو، جو برہم ہو رہا ہو

غسات:(ع) کھجوریں جو ابھی پکی نہ ہوں، نارسیدہ کھجوریں

غساک:(ع) عشق پیچان

غَسّال:(ع) میت کو غسل دینے والا

غسال خانہ:وہ جگہ جہاں میت کو غسل دیا جاتا ہے

غسالہ:(ع) غسال کی مونث میت کو غسل دینے والی

غسان:(ع) (۱) مدت جوانی (۲) عربوں کے ایک گروہ کا نام

غسَق:(ع) اندھیرا، تاریکی

غُسل:(ع) نہانا، نہا کر پاک صاف ہونا، شست و شو

غسل دادن:نہلانا، دھونے کے معنی میں بھی آتا ہے، مثلاً

ظروف را غسل دادید:تم نے برتن دھو لیے ہیں

غِسلین:(ع) وہ پانی جس سے زخم دھویا جاتا ہے

غسول:(ع)صابن وغیرہ جس سے غسل کیا جائے

غَسیل:(ع)نہایا دھویا ہوا

غش:(ع)بیہوشی، غشی، ضعف

غش کردن:بیہوش ہونا

غش: (ع)دھوکا، فریب، تزویر، خیانت، کینہ، آلودگی

غِشا: جھلی، پردہ، وہ جھلی جو بعض بیماریوں میں پیدا ہو جاتی ہے

غشّاش: دھوکا باز

غشاک: بو جو انسان کے منہ سے آتی ہے

غشائی: جھلی

غشاوت: پردہ، پوشش، ڈھانپنا

غشَمشَم: خودرای، خودبین، دلیر، گستاخ، ستمگر

غِشوَہ: پردہ، پوشش

غُشبہ: (ع) دوڑ کا مقابلہ، مسابقہ

غشی: (ع) بے ہوشی، مد ہوشی

غشیَہ: (ع) بے ہوشی، غشی

غصب: (ع) زبردستی کسی کی چیز لے لینا (خیانتِ مجرمانہ کے ساتھ)

غصب کردن: کسی کا مال ہڑپ کر جانا، کسی کی چیز کو جبر سے اپنے تصرف میں لے لینا

غصباً: (ع) زبردستی کسی کا مال لینا

غصب آمیز: جس میں زبردستی مال لے لینے کا خیال شامل ہو

غصّاب: (ع) غصب کرنے والا، زبردستی کسی کا مال اپنے تصرف میں لینے والا

غصَص: دیکھیے غصہ

غُصن: (ع) درخت کی شاخ (غصون جمع)

غصن البان: بلیلد کے درخت کی شاخ، سیدھا اور خوشنما قدو قامت

غصُون: دیکھیے غصن

غُصّہ: (ع) غم و اندوہ، پریشانی، فسردگی

غصہ خوردن: غم کھانا، رنجیدہ ہونا

غصہ دادن: مغموم کرنا، پریشان کرنا

دل بکف غصہ نباید سپرد: انسان کو غم و اندوہ سے مغلوب نہیں ہونا چاہیے، صبر کرنا چاہیے

غَضارت: (ع)کثرت، افراط، خیرو عافیت، فلاح و بہبود، خوش حالی

غَضاریف: غضروف کی جمع، نرم ہڈیاں مثلاً ناک کی نرم و نازک ہڈی

غضَب: غصہ، خشم، قہر

غضب آوردن: غصہ دلانا

غضبش افروختہ شد: وہ غصے سے بھڑک اٹھا

غضب کردن: سخت غصے میں آنا

غضب کسی را فرونشاندن: کسی کے غصے کو نرم کرنا

بہ غضب آمدن-در غضب آمدن: غصے میں آنا

رحم خدا بیش از غضب اوست: اللہ تعالیٰ کا رحم اس کے قہر و غضب سے زیادہ ہے

غضَب آلود: غضبناک

غضبان: (ع) غضب ناک، سخت غصے کی حالت

غضَبناک: خشمگین، غصے کی حالت میں

غضبناک شدن: غیظ و غضب میں آنا

غضب ناک کردن: غصہ دلانا

غضبناکی: غصے کی حالت میں

غضروف: (ع) کرکری ہڈی، نازک ہڈی، مثلاً ناک کی ہڈی

غضروفی: (ع) نرم ہڈی، کرکری ہڈی

غضَنفر: (ع) شیر، دلیر، شجاع شخص، مرد میدان

غضُوب: (ع) خشمگیں، خشم آلود، بہت خشمناک

غضِیر: (ع) سرسبز، نشو و نما پانا

غِطا:(ع) پردہ، پوشش

کشفِ غطا:پردے کا اٹھنا

غطریس:(ع) خود پسند، متکبر، خود خواہ متکبر غطاریس جمع

غطس:(ع) غوطہ دینا، ڈبونا ڈوبنا

غطیط:خرخر کی سی آواز

غف:گھنگھریالے بالوں کی لٹ

غفّار:(ع) بخشنے والا، معاف کر دینے والا، بخشندہ

غفار العیوب:گناہوں کو بخشنے والا (خدا وند تعالیٰ)

غفاری:(ع) بخشنا، معاف کرنا، بخشش و عطا

غفَج:(ع) سندان، آہنی بٹا جس پر لوہار لوہا کوٹتے ہیں (۲) تالاب (۳) شمشیر آبدار

غفر:(ع) (۱)پوشش، منازل قمر میں سے ایک

غفراللہ:(ع) اسے خدا بخشے

غُفران:(ع) معافی، معذرت، گناہوں کی بخشش

برای غفران گناہ خود دعا کرد: اس نے اپنے گناہوں کی معافی کے لیے دعا کی

غفلت:(ع) لاپروائی، بے خبری، بے التفاتی، بے توجہی

غفلت پیشہ - غفلت کار:غافل رہنے والا، لا پرواہ

غفلت کاری:بے توجہی، لاپروائی

غفلت کردن:لاپروائی کرنا

غفلت ورز:غفلت کار

غفودِہ:(ع) ہفتہ، ہفتے کے دن، شنبہ سے جمعہ تک

غفور:(ع) بخشنے والا، غفار

غفول:(ع) غافل، غفلت شعار

غفہ:پوستین

غفیر:(ع) گردن کے بال، رخسار کے بال نیز بمعنی کثیر

غفیر:(ع) کثیر، بہت سے لوگ

جم غفیر:بہت بڑا ہجوم

غک:کوتاہ قد اور فربہ شخص

غل:آہنی زنجیر جو مجرموں کی گردن یا ہاتھ پر ڈالی جاتی ہے، طوق، گردن بند

غل:لپیٹنا، لپٹنا

غل دادن:گھمانا، پھرانا، لپیٹنا، چکر دینا

غُل:حباب پیدا ہونا، بلبلے نکلنا، مخفف غلغل

غِلّ:(ع) کینہ، فریب، خیانت، آلودگی

بے غل و غش:مخلص و بے ریا شخص

غلا:(ع) کمی، گرانی، مہنگائی

قحط و غلا:قحط اور ضروری اشیا کی قلت

غلّاب:(ع) غلبہ پانے والا، بہت چالاک

غلاۃ:(ع) غالی کی جمع، ایک فرقہ جو حضرت علی (رض) کو اپنے اعتقاد کے مطابق خدا مانتا ہے

غلات:(ع) غلہ کی جمع

غلاظ:(ع)غلیظ کی جمع

غِلاظت:(۱) موٹائی، شدید، تند، سخت (۲) گندگی، پلیدی

غِلاف:(ع) نیام، پوشش، آئینہ و شمشیر، میان تلوار، تکیہ کے اوپر کا کپڑا

غلاف کردن:میان میں رکھنا، پوشش میں رکھنا

شمشیر را در غلاف گذاشت:تلوار اس نے نیام میں رکھ دی

مبارز شمشیر خود را غلاف کرد:مرد میدان نے تلوار نیام میں رکھ دی

غلاف دار:جو چیز پوشش میں رکھی گئی ہو

غلاف گر: نیام یا پوشش بنانے والا

غلافی: نیام جیسی چیز

غلالہ: (ع) باریک پیرہن، ہر وہ لباس جو دوسرے لباس کے نیچے پہنا جاتا ہے (غلائل جمع)

غلالہ: (ع) گھنگھریالے بالوں کی لٹ، زلف محبوب

غُلام: (ع) بندہ زر خرید، مطیع، فرمان بردار

غلام پارگی: خلاف وضع فطری

غلام پارہ: خلاف وضع فطری عمل کرنا

غلام سیاہ: حبشی غلام

غلام فروش: جو غلاموں کی فروخت کا کام کرے

غلام گردش: راہ رو جس کے اوپر چھت ہو، بالکنی، عمارت کا دالان

غلامی: کسی کا غلام ہونا، خدمت گزار ہونا

غلبا: (ع) باغ جس میں بہت سے درخت ہوں

غلبکن: دروازے کے آگے جالی دار دروازہ

غلبکی: غلبہ

غَلَبہ: غالب آنا، فتح پانا

عقل بر نفس غلبہ یافت: عقل نفس پر غالب آ گئی

غَلَبہ کردن: فتح پانا

ہمان روز بر دشمنانِ خود غلبہ کردند: اسی دن انھوں نے دشمن پر فتح پائی

غلبیدن: پھول جانا، سوج جانا، آماس ہو جانا

غلت: ایک پہلو سے دوسرے پہلو کی طرف زمین کی گردش

غلتان: غلطان، گھومتا ہوا، گردش کرتا ہوا

غلتاندن: غلطاندن، گھمانا

غلتبان: بے غیرت، دیوث، قرمساق

غلتیدن: غلطیدن، ایک پہلو سے دوسرے پہلو کی طرف حرکت کرنا

غلط: (ع) نا درست، غیر صحیح، خلاف واقعہ، سہو و خطا، اغلاط جمع

غلط افتادن: غلطی میں پڑنا

غلط انداختن: غلطی میں ڈالنا

غلط حدس زدید: تم نے جو سوچا درست نہ تھا

غلط دادن: غلطی میں ڈالنا

غلط صرف و نحو: صرف و نحو یا محاورے کی غلطی، فاش غلطی

غلط فاحش: انتہائی غلط

غلط کردن: نا درست بات کرنا

غلط گرفتن: غلط گیری کرنا، نکتہ چینی کرنا

غلط مشہور-غلط العوام، جو صحیح سمجھ لیا جائے

اغلاط چاپی: چھاپے کی غلطیاں

غلط-غلت: ، جنبش، حرکت زمین، ایک پہلو سے دوسرے پہلو میں گردش

غلطان: غلتان، ہلتا ہوا، گردش کرتا ہوا

غلط انداز: غلطی میں ڈالنے والا

غلطاندن-غلتاندن-غلطانیدن-غلتانیدن: ہلانا، جھنجھوڑنا، پھینکنا، جھٹکنا، گردش کرنا

توپ را غلطان بطرف من: فٹ بال کو میری طرف پھینک دو

غلط فرما: وہ شخص جو کسی دوسرے کو غلطی میں ڈال دے، دھوکا دے، گمراہ کرے

غلطک - غلتک: رولر، جس سے جگہ ہموار کی جاتی ہے، پہیہ یا پہیہ کی طرح کا کوئی آلہ، بیلن

غلط کار: غلط کام کرنے والا، فریب دینے والا

غلط کاری: فریب، دھوکا

غلط گیری: تصحیح کرنا، خاص طور سے چھاپے کے پروف درست کرنا

غلط نامہ: کتاب کے آخر میں وہ فہرست جس میں غلط الفاظ درست کرکے درج کیے جائیں

غلطی: نا درستی، بھول چوک

غِلظَت: (ع)موٹائی، کثافت

غُلغُل: (۱) پرندوں کا غرغرانا، غرغر کی آواز (۲) ابلتے ہوئے مشروب کی آواز (۳)غلغلہ

غِلغِلک: گدگدانا، محظوظ کرنا، حسن ظرافت وغیرہ، ہنسی آنا، لطف آنا، لذت حاصل ہونا

غلغلک شدن: محظوظ ہونا، لطف حاصل ہونا

غلغلک کردن: گدگدانہ، محظوظ کرنا

غلغلکم می آید: مجھے لطف آتا ہے

غُلغُلک: مٹی کا جگ جس کا دہن تنگ اور گردن پتلی ہوتی ہے

غُلغُلہ: شور و غوغا، ہمہمہ، جوش و خروش، ولولہ

غلغلہ افگندن - غلغلہ کردن: شور و غوغا کرنا

غِلغِلی- غلغِلیچ: گدگدی

غَلَف: (ع) غیر مختون، جس کے ختنے نہ ہوئے ہوں

غُلُف: غلاف کی جمع

غلفتی: بکرے یا کسی اور جانور کی کھال

غلفج: شہد کی مکھی

غلفہ: ختنہ

غُلق-قُلق: لازمی فیس جو قانونی نمایندہ وصول کرتا ہے

غلق - قِلق: ترتیب، انتظام، نظم و ترتیب، ضابطہ، آئین

غلق: قفل جس سے دروازہ بند کرتے ہیں، بڑا دروازہ

غُلق: پیچیدگی، ابہام، اشکال، مغلق کلام

غلک - قلک: مٹی کا تنگ دہن برتن جس میں روپے پیسے رکھے جاتے ہیں

غِلمان: (ع)غلام کی جمع، نو عمر لڑکے، وہ مخلوق جو لڑکوں کی صورت میں جنتیوں کی خدمت گزار ہو گی

غُلمت: (ع)نفس پرستی کی خواہش، شہوت

غُلُنبہ-قلنبہ: ابھرا ہوا گومڑا، ورم، گلٹی

غُلُوّ: (ع)مبالغہ، حد سے گزرنا، کسی خیال میں بے حد مشغولی، اغراق، زیادتی، ہجوم، انہماک

غلو کردن: حد سے گزرنا، بے حد مبالغہ کرنا

غُلُول: (ع) فریب، دھوکا، خیانت کرنا

غلول: (ع)کھاتے ہوئے کوئی چیز جو حلق میں چمٹ جائے

قُبرہ:(ع)ایک پرندہ جو رفتہ رفتہ درخت میں سوراخ کر دیتا ہے، چکا وک۔

قَبَس:(ع)شعلہ، اخگر، جلتا ہوا کوئلہ مثال:

در معرض خورشید سُہارا چہ نمائش
بانورتجلی چہ ضیا نارقبس را

آفتاب کے سامنے یا مقابلے میں بنات النعش کے ایک چھوٹے ستارے کی کیا حیثیت ہے، نور تجلی کے سامنے شعلے کی روشنی کی کیا وقعت ہے۔

قبض:(ع) (۱)رسید، دستاویز، تحریر، رسید، بِل (۲)معدے کی گر فتگی جس کی وجہ سے اجابت نہ ہو یا کم ہو۔

قبض دادن:تحریر دینا، درشنی ہنڈی دینا، جس میں کسی شخص یا حامل کی رقم مندرجہ کسی تاریخ پر یا طلب کرنے پر ادا کرنے کا وعدہ ہو۔

قبضُ الوصول:وہ رجسٹر جس پر تنخواہ وصول کرنے والوں کے دستخط لیے جاتے ہیں، رسید۔

قبضَہ:(ع)(۱)دستہ جیسے تلوار کا (۲)تصرف، دخل، مٹھی میں پکڑا ہوا، مداخلت، گرفت، عدد (۳)مٹھی بھر لمبائی۔

در قبضہ در آوردن:اپنے تصرف میں لے لینا۔

دو قبضہ تفنگ:دو عدہ بندوقیں۔

یک قبضہ ریش:مٹھی بھر ڈاڑھی۔

قِبط:(ع)مصر کے وہ باشندے جو عیسائیوں کے یعقوبی فرقے سے تعلق رکھتے ہیں، قوم فرعون سے جن کا تعلق ہے۔

قِبطی:(ع)قبطیوں کا، قبطی زبان، قوم فرعون۔

قبقاب:(ع) (۱) کھڑاوں، لکڑی کا بنا ہوا پاؤں پوش (۲) بیہودہ گو شخص بہت جھوٹ بولنے والا۔

قَبل:(ع)پہلے، پیش، اول، سامنے۔

دو سال قبل:دو سال پہلے۔

قبل از ظہور زردشت:زردشت کے ظہور سے پہلے۔

قبل ازانکہ او بروددمن واردشدم:اس سے پہلے کہ وہ جانے میں وہاں پہنچا۔

قبل از ظهر: ظہر سے پہلے۔

قبل از وقت: وقت سے پہلے۔

قبل از وقت او را دعوت کردہ ام: وقت سے پہلے میں نے اسے دعوت دی ہے۔

پنج ساعت قبل از شام: شام سے پانچ گھنٹے پہلے۔

اقتُلِ المؤذی قبلَ ان یُوذی: مارنے والے کو اس سے پہلے مار دو کہ وہ تمہیں ماردے۔

قُبُل: سامنے کا حصہ۔

قبلاً: اس سے پہلے۔

قبلاً تشکرات خود را تقدیم می دارم: پہلے ہی میں آپ کی خدمت میں شکریہ پیش کرتا ہوں۔

قبلاً مرا خبردہید: پہلے ہی مجھے خبر دے دینا۔

قِبلہ: (ع) طرف، جہت، سمت، مکہ معظمہ، جس کی طرف منہ کرکے نماز ادا کی جاتی ہے۔ مثال:

ای خاکِ درت قبلۂ آمالِ دو عالم
گردی برسان چشم حزینِ نگران را

آپ کے دروازے کی خاک دو جہانوں کی امیدوں کا مقدس مرکز ہے کچھ دروازے کی خاک کا غبار حزین کی آنکھوں تک بھی پہنچا دیجیے جواس مبارک غبار کا منتظر ہے۔

قبلۂ حاجات: کلمہ تعظیم، جو سب کی حاجتیں برلانے والا ہے۔

روبہ قبلہ: قبلہ کی طرف منہ۔

قُبلہ: (ع) بوسہ۔

قبلہ گاہ: حاجتیں برلانے والا، قبلہ جہان حاجتیں بر پوری ہوتی ہیں، کلمہ احترام۔

قبلی: قبلہ کی طرف، مغرب کی طرف۔

قبُور: قبر کی جمع۔

قبُورغہ: قبرغہ، پسلی، پہلو کی ہڈی۔

قبلہ نما: ایک آلہ جس سے قبلہ کے رخ کا پتا چلتا ہے،

قبور: (ع) جمع قبر۔

قبوض-قبوضات: قبوض قبض کی اور قبوضات قبوضی کی جمع ہے، رسیدیں، دستاویزیں، تحریریں۔

قبُول: (ع) منظور، پسند، یقین۔

قبول دارم: تسلیم کرتا ہوں کہ یہ درست ہے۔

قبول داشتن: یقین کر لینا۔

قبول نکردن: مسترد کردینا۔

بسیاری او را قبول نکردند: بہت سے لوگوں نے اسے قبول نہ کیا۔

حرف مرا قبول نکرد: جو کچھ میں نے کہا اسے پسند نہ کیا۔

خواهش مرا قبول خواهید کرد؟: کیا آپ میری درخواست منظور کرینگے؟۔

قبول دار: قبول کرنا، تسلیم کرنا، یقین کرنا۔

قبولی: قبولیت، منظوری، پسندیدگی۔

قبولی خود را بنویسید: اپنی منظوری کی اطلاع لکھ دیجیے۔

قبولیّہ: منظوری، اصول۔

قُبّہ: (ع) (۱) گنبد، برج، ہروہ شے جو گنبد کی طرح گول ہو (۲) آرائشی مرصع گول چیز۔

قبۂ آب: حباب، بلبلا۔

قبۂ زرین: کنایہ ہے آفتاب کا۔

قبہ دار: گنبد کی طرح۔

قبیح:(ع)برا، نازیبا، قابل نفرت، معیوب۔

قبیحہ:شرمناک فعل، قبائح جمع۔

قبیل:(ع)(۱)قسم، طرح، جماعت، گروہ (۲)ضامن، کفیل۔

ازین قبیل:اس قسم کا۔

ازین قبیل سوالات:اس قسم کے سوالات۔

شعرای بزرگ از قبیل فردوسی و سعدی:فردوسی اور سعدی کی طرح کے بزرگ شعرا۔

قبیلہ:(ع)آباؤ اجداد اور ان کی اولاد، خاندان، خانوادہ، قبائل جمع۔

قبائل بدوی:بدو قبیلوں کے لوگ۔

قُپ:(۱)کُپ، کھلے منہ والا شیشے کا برتن (۲)منہ کا اندر کا حصہ۔

قپان:بڑا ترازو، میزان۔

قپان کردن:بڑے ترازو میں تولنا۔

قپانچہ:جھپٹ کر نیچے آنا، چیل وغیرہ کی طرح ٹوٹ پڑنا۔ حملہ کرنا۔

قپانچہ شدن:جھپٹ کر نیچے آنا

قپاندار:تولنے والا، وہ شخص جس کا کام لوہے کے ترازو میں چیزیں تولنا ہو۔

قپاندار خانہ:چیزوں کے تولنے کا مقام۔

قپان داری:لوہے کے ترازو میں چیزیں تولنا۔

قپچاق:سرخ جھنڈے والے، مغول تاتار جنھوں نے ایشیا اور یورپ کے بعض علاقوں میں تیرھویں صدی عیسوی میں حکومت کی، قپچاقیوں کی زبان۔

قپلان:(ت)شیر۔

قپو:قاپو، بڑا دروازہ۔

قپی:شیخی باز۔

قپی آمدن:شیخی بگھارنا۔

قتال:(ع)جنگ، لڑائی، کشت و خون، کارزار۔

قُتّال:(ع)قاتل کی جمع۔

قتل:(ع)خون ریزی، ہلاک کردینا، ہلاکت۔

قتل عام:عام لوگوں کی ہلاکت۔

قتل کردن:ہلاک کرنا۔

قتل گاہ:قتل کرنے کی جگہ۔

بقتل آوردن:ہلاک کرنا۔

بقتل رساندن:ہلاک کرنا۔

بقتل رسیدن:مارا جانا۔

مجازاتِ قتل اعدام است: کسی کو قتل کرنے کی سزا موت ہے۔

قَتَلہ:(ع)قاتل کی جمع۔

قتُول:(ع)بہت زیادہ قتل کرنے والا۔

قتِیل:(ع)قتل کیا ہوا، مقتول۔

قچان:(ت)ہوشیار، چوکس، چوکنا، پھرتیلا، مستعد، چست، چاق و چوبند۔

قچک:کمانچہ۔

قُحاب:(ع)کھانسنا۔

قحاب:(ع)قحبہ کی جمع، بدکار عورتیں۔

قحبہ:(ع)فاجرہ، بدکار عورت، فاحشہ، طوائف۔

قحط:(ع)کال، کمیابی، خشک سالی، کھانے پینے کی چیزوں کی نایابی یا کمیابی۔

قحط رجال-قحط الرجال:لوگوں کی کمیابی، لائق لوگوں کی کمیابی۔

قحط شدن:کھانے پینے کی چیزوں کی نایابی ہو جانا۔

قحط رسیدہ-قحط شدہ:جو قحط سے پامال ہوئے ہوں۔

قحط سال:اجناس کی نایابی کا سال۔

قحطی:قحط زدہ۔

قِحف:(ع)کھوپڑی، جُمجُمہ، کاسہ سر۔

قحفی:کاسہ سر کے متعلق۔

قد:(ع)قامت، جسم کی اونچائی، بلندی۔

قد علم کردن:سیدھے کھڑے ہونا۔

قدکشیدن:اپنی عمر کی نسبت سے طویل ہونا۔

قد گرفتن:قد ناپنا۔

قدو قامت:قامت و جسامت۔

قدّاح:(ع)کاسہ گر، قدح ساز، جام بنانے والا۔

قدارِہ:(ع)غدارہ، چوڑے پھل کی تلوار، چوڑی تلوار۔

قداسَت:متبرک، مقدس، طہارت، پاکیزگی۔

قُدّام:(ع)سامنے کا حصہ، پیش، آگے۔

قُدام:(ع)قدیم، پرانا، کہنہ۔

قدامَت:(ع)قدیم ہونا، پرانا ہونا۔

قدامَہ:(ع)قدومہ، جھاڑیوں سے گھرنا، باڑ لگانا، احاطہ کرنا۔

قُدّامی:(ع)سامنے کی۔

قُدامی:(ع)قدیم کی جمع۔

قد بلند:لمبے قد والا۔

آدم بلند قد:طویل القامت، لمبے قد کا آدمی۔

قدح:(ع)الزام لگانا، ملامت کرنا، سرزنش کرنا، بد گوئی، عیب جوئی۔

قدَح:(ع)ساغر، پیالہ، کاسہ، جام (اقداح جمع) مثال:

غلام نرگسِ مستم کہ بامداد و پگاہ
قدح بدست گرفتہ ز خواب برخیزد

میں نرگس مست کا غلام ہوں، جو صبح سویرے ساغر ہاتھمیں لیے ہوئے خواب سے بیدار ہوتی ہے۔

قدر:(ع)قسمت، قابلیت، اہمیت، صلاحیت۔۔

قدر تندرستی خود نمی دانست:اپنی صحت کی قدرو قیمت وہ خود نہیں جانتا تھا۔

قدر چیزی راشناختن:کسی [illegible] کی اہمیت جانتا۔

قدر دانستن:خوبی کا اندازہ کرنا، قدر پہچاننا۔

قدر زر زرگرہداند قدر جوہر جوہری:سونے کی اہمیت کا اندازہ سنار ہی کرسکتا ہے اور جوہر کی اہمیت جوہری ہی جان سکتا ہے۔

قدر نوکرِ با وفا را باید دانست:وفادار ملازم کی قدر کرنی چاہیے۔

قدری از آں چشیدم:اس میں سے کچھ میں نے چکھا یا پیا۔

قدریکہ مادر محبت دارد، پدر ندارد:جتنی محبت بچے سےماں کرتی ہے، اتنی باپ نہیں کرتا۔

بقدر:بہ اندازہ۔

بقدر اِستطاعت:اپنی بساط یا ہمت کے مطابق۔

بقدر اَمکان:جہاں تک ممکن ہو۔

بقدر کفایت:جس قدر کافی ہو۔

بقدر کفایت روشن نیست:یہ کافی روشنی نہیں، کافی صاف نہیں۔

بقدری سرد است کہ نمی تواں بیرون رفت:اتنی زیادہ سردی ہے کہ باہر نہیں جاسکتے۔

بقدر لزوم:جس قدر ضروری ہو، جتنا لازم ہو۔

جلیل القدر:بڑی عزت و عظمت والا۔

چہ قدر:کتنا۔

چہ قدرشکر لازم دارید:کتنی چینی کی آپ کو ضرورت ہے۔

شب قدر-لَیلَۃُ القَدر:اس رات کے تعین کے لیے کوئی یقینی بات نہیں کہی جاسکتی، عام طور سے یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ماہ رمضان کی ستائیسویں رات شب قدر ہے۔

[illegible] جتنا بھی۔

هر قدر ارزش باشد من مثنوی معنوی بخرم:مولانائے روم کی مثنوی معنوی کی قیمت جتنی بھی ہو میں خریدو نگا۔

قَدَر:قسمت، نصیب، قضا، تقدیر، سرنوشت۔

قضا و قدر:تقدیر الهی، خداوند تعالی کی رضا۔

قِدر:دیگ، کڑھاؤ، قدور جمع۔

قُدرت:طاقت، توانائی، قابلیت، استطاعت، صلاحیت، اہلیت، اختیار۔

قُدرتِ ادبی:ادبی قابلیت۔

قدرتِ الهی:خداوند تعالی کی شان، خداوند تعالی کا ہمہ گیر اختیار۔

قدرت داشت که همه را بکشد یا ببخشد:اسے استطاعت تھی کہ سب کو ماردے یا سب کو معاف کردے۔

قدرت داشتن:قادر ہونا، با اختیار ہونا، استطاعت رکھنا۔

قُدرتی:خداوند تعالی کی تخلیق، فطری۔

قدر دان:لوگوں یا چیزوں کی خوبیاں جاننے والا۔

رئیس ما نسبت خدمات همه اعضای خود قدر دان است:ہمارا سربراہ اپنے سب اراکین کی خدمات کی قدر شناسی کرتا ہے۔

قدر دانی:کسی چیز یا شخص کی خدمات کی قدر کرنا۔

قدر دانی کردن:کسی کی خدمات کو سراہنا۔

از خدمات فرد فردِ اعضا کتباً قدر دانی کرد:ایک ایک ممبر کی خدمات کی تحریری طور پر قدر شناسی کی اور خدمات کی داد دی گئی۔

قدر شِناس:لوگوں یا چیزوں کی خوبیاں جاننے والا۔

قدر شناسی:کسی کی خوبیوں کو جاننا اور داد دینا۔

قدر قدرت:قسمت کی طرح ہمہ گیر [illegible] قدر قدرت، عظیم شان و شوکت رکھنے والے۔

قَدَری:کوشش پر یقین رکھنے والا، اپنے آپ کو مجبور محض سمجھنے کے بجائے اپنی کوشش پر یقین رکھنے والے مسلک کے لوگ۔

فلسفه قدری:ذاتی کوشش اور اس کے نتائج پر یقین رکھنے کا علم۔

قدریّه:کوشش پر یقین رکھنے والے مسلک کے پیرو، مجبور ہونے کے نظریے کے مخالف۔

قدزن:قلم کو قط لگانے والا۔

قُدس:(ع)پاک، منزہ، مقدس۔

روحُ القدس:مقدس روح حضرت جبرئیل سے مراد ہے۔

قُدس:(ع)پاک، بے آلاش، مقدس، منزہ۔

قدس شریف:بیت المقدس۔

قُدِّس:(ع)پاک کرے خدا۔

قدس اللهُ سره:خدا اس کی قبر پر برکت دے۔

قُدسُ الاقداس:(ع)سب سے زیادہ مقدس، مقدس ترین، متبرک ترین۔

قُدسی:(ع)مقدس، آسمانی، ملکوتی، پاک، متبرک، پاکیزگی اور طہارت سے منسوب۔

حدیث قدسی:حضرت رسول کریم (ص) کی مقدس حدیث۔

عالمِ قدسی:مقدس دنیا، مقدس دنیائے آخرت۔

قُدسیان:فرشتے ملائک۔

قدسیّت:تقدس، پاکیزگی۔

قدسیّه:پاک، مقدس۔

قدغَن:(ت)امتناع، روک ٹوک، منع، مناہی، حکم نہی، ممنوع۔

قدغن سخت:سخت رکاوٹ۔

قدغن کردن: روکنا، منع کرنا، ممنوع قرار دینا۔
مشروب فروشی را در پاکستان قدغن کرده اند: شراب فروشی پاکستان میں ممنوع قرار دی گئی ہے۔
قدک: نیلے رنگ کا سوتی کپڑا، بکرم۔
قد کشیدن: بڑھنا، بلند قامت ہونا۔
قدکشیدہ: لمبے قد کا۔
قدِکو تاہ: پست قامت۔
قد کو تولہ: ٹھنگنا، پست قد۔
قدَم: (ع) پاؤں، چلتے ہوئے دونوں قدموں کا درمیانی فاصلہ، کم فاصلہ۔
قدم برداشتن: قدم اٹھانا، کام کا آغاز کرنا۔
قدم داشتن: مبارک نصیب ہونا۔
قدم رنجہ کردن یا فرمودن: آنا، تشریف لانا، عام طور سے دعوت ناموں میں آنے کے متعلق لکھا جاتا ہے۔
قدم زدن: چلنا۔
قدم کردن: پاؤں سے جگہ کو ناپنا۔
قدم کردن: اچھا نصیب لانا۔
قدم گرفتن: قدم سے قدم ملانا۔
قدم گذاشتن: قدم رکھنا۔
قدمِ مولودِ تازہ برائی شما مبارک باشد: خدا کرے بچے کی ولادت تمہارے لیے مبارک ہو۔
قدم آھستہ می رفت: وہ بہت آہستہ آہستہ چلتا تھا۔
پیش قدم: جو دوسروں سے پہلے کام کرتا ہے۔
چند دقیقہ در باغ وحش قدم زد: وہ کچھ عرصہ چڑیا گھر میں گھوما پھرا۔
خوش قدم: مبارک قدم، جس کا آنا باعث برکت ہو۔

درمیانِ آنہا قدم نگذار: ان کے بیچ میں نہ پڑنا۔
قِدَم: ہمیشگی، جو خداوند تعالی کی صفت ہے۔
قدما: آتے ہوئے۔
قُدَما: قدیم کی جمع، قدیمی لوگ۔
قدم پیما: قدموں سے پیمائش کرنے والا۔
قدمت: (ع) (۱) قدیم، کہنہ (۲) جرات دلیری۔
قدمت آن سبب زیادی قیمت است: اس کا قدیم ہونا اس کے قیمتی ہونے کی وجہ سے۔
قدمتِ خدمت: قدیمی خدمت۔
قدم شمار: قدم گن گن کر جگہ کو ناپنے والا۔
قدم گاہ: جگہ جہاں کسی کو پہنچنا ہو۔
قدم گاہ آدم: لنکا کا پہاڑ جہاں کہا جاتا ہے کہ حضرت آدم نے قدم رکھا تھا۔
قدمی: قدم سے متعلق۔
قُدّوس: بہت مقدس، بہت متبرک۔
قدوم: (ع) آنا، پہنچنا، تشریف لانا، ظہور، مثال:

برغریبان گذری کن کہ بہ تشریف قدوم
از دل تنگ غریبان تو بری بارِعنا

ان بے بس لوگوں کی طرف بھی گزر کیجیے کہ آپ کے تشریف لانے سے ان کے حسرت زدہ دل پر سے سختیوں کا بوجھ دور ہو جائے۔
قدومہ: ایک قسم کا پودا جس کے پتے نرم اور پتلے ہوتے ہیں، پھول اس کے زرد اور چھوٹے چھوٹے ہیں، اس کے دانے سینے کے درد اور کھانسی دور کرنے کے لیے دوائی کا کام دیتے ہیں۔
قُدوَہ: (ع) نمونہ، جس کی پیروی کی جائے۔
سعدی قدوَہ غزل سرایان است: سعدی ایک

مثال ہے غزل سراؤں کے لیے۔

قدی: پورے قد و قامت کا۔

آئینہ قدی: پورے سائز کا آئینہ۔

قدید: (ع)گاے یا بکرے کا خشک کیا ہوا گوشت۔

قدیر: (ع)طاقتور، صاحب قدرت، توانا۔

خداوند قدیر: قادر مطلق۔

قدّیس: (ع)پاک، منزہ، پارسا۔

قدیم: (ع)پرانا، ہمیشہ کا، ازلی، اگلے زمانے کا، آبائی، موروثی۔

از قدیم: پرانے وقتوں سے۔

القدیم: قدیم، باری تعالی کی ایک صفت۔

در قدیم رسم شان این بود: پرانے زمانے میں ان کی یہ رسم تھی۔

دنیا قدیم و خدا ازان قدیم تر است: دنیا بہت پرانی ہے اور خالق دنیا اس سے بھی زیادہ قدیم یعنی ازلی ہے۔

مرد مان قدیم: قدما، اگلے وقتوں کے لوگ۔

قدیماً: (ع)قدیم زمانے سے۔

قدیم الایام: قدیم زمانہ۔

از قدیم الایام: پرانے زمانے سے۔

قدیمه: (ع)قدیم کی تانیث۔

قدیمی: پرانا، اگلے وقتوں کا، پرانے زمانے کا۔

او دوست قدیمی من است: وہ میرا بہت پرانا دوست ہے۔

قدیمی مسلک: کسی قدر پرانے خیالات کا۔

قذال: (ع)دو کانوں کے درمیان گردن کا پچھلا حصہ۔

قذَر: (ع)غلاظت، گندگی، پیپ۔

قذِر: (ع)گندہ، غلیظ، پلید۔

قذف: (ع)(۱)تہمت لگانا، الزام عاید کرنا(۲)ندی یا دریا کا کنارہ۔

قَر: غر، فاحشہ، طوائف۔

قر: رقص میں جسم کے اعضا کی حرکت۔

قرا: (ت)قرہ، تازگی۔

قُرا: قریہ کی جمع، گاؤں۔

قُرّاء: قاری کی جمع، قران شریف قرأت کے ساتھ تلاوت کرنے والے۔

قِراب: (ع)غلاف، شمشیر کا نیام۔

قراب: (ع)قرب، قرابت، نزدیکی، رشتے داری، قرابت داری۔

قراپا دہن: فارما کو پیا، دواؤں کی لغت۔

قراباغ: (ت)کاکیشیا کے ایک ضلع کا نام۔

قراباغی: (ت)(۱)قراباغ کا رہنے والا (۲)ایرانی موسیقی کی ایک سر۔

قرابت: (ع)قربت، نزدیکی، خویشی، رشتے داری، اپنائت۔

قرابت صلبی: خونی رشتے داری۔

باهم قرابت داریم: ہم آپس میں رشتے دار ہیں، خاندانی قربت ہے۔

قرابه: چھوٹے منہ کی بوتل۔

قرابیس: قربوس کی جمع، گھوڑے کی کاٹھی کا اوپر اٹھا ہوا حصہ جسے ہرنا کہتے ہیں۔

قرابین: قربانی کی جمع، اللہ کی راہ میں دی گئی قربانیاں۔

قرابین: ایک قسم کی بندوق۔

قراچور: (ت)لمبی تلوار۔

قراچه داغ: آذر بائیجان کا ایک ضلع۔

قراچی: (ت)جپسی، ایک خانہ بدوش قوم۔

قراح: (ع)خالص، پاکیزہ پانی، نیزوہ زمین جہاں درخت نہ ہوں۔

قراد: (ع)ایک خاص قسم کا کرم جو اونٹ اور بعض

دورسرے جانوروں سے لپٹ کر ان کا خون چوستا ہے۔

قرار:(ع)آرام و راحت، استراحت، آسودگی قائم رہنا، ثبات، دوام، قاعدہ، طریقہ۔

قراربستن:فیصلہ ہونا۔

قرار دادن:رکھنا۔

سنگ ھارا روی یک دیگر قرار دادند:پتھروں کو، ایک دوسرے کے اوپر نصب کردیا۔

قرار دادن:منظور کر لینا، فیصلہ کر لینا۔

قرارِ سابق مرتباً درس می خوانید؟:کیا تم باقاعدہ پہلے کی طرح درس لیتے ہو؟۔

قرار شدن:فیصلہ ہو جانا۔

قرار قطعی:حتمی فیصلہ۔

قرار گذاشتن:معاملہ طے کرنا۔

قرار گرفتن:قیام کرنا۔

قرار گرفتن:تہیہ کر لینا، مثلاً

رای ما این قرار گرفت: ہم نے یہ تہیہ کرلیا۔

قرار واقعی:معقول، اچھی طرح۔

قرار و مدار:سمجھوتا، مفاہمت، آپس کا فیصلہ۔

از قرار ذیل:مندرجہ ذیل۔

از قراری که می گویند:یہ کہا گیا ہے کہ۔۔۔

ازین قرار:اس طرح۔

قرارداد:(ع)تقرر، تعیناتی، عہد و پیمان، تعیین وقت۔

قرار دادی بآن شرکت منعقد کردیم:ہم نے اس کمپنی سے بات طے کرلی ہے۔

قرارداد ملاقات:ملاقات کے لیے تعیین وقت۔

باکسی امروز عصر قرارداد دارم:آج میں نے عصر کے وقت کسی سے وقت مقرر کیا ہے۔

قرار داده:طے ہوا، فیصلہ ہوا، مفاہمت ہوئی، سمجھوتا ہوا۔

قراردادی:اقرار نامہ، تصفیہ، سمجھوتا۔

قرا سُوران:قرہ سوران، راستے کا نگہبان سوار، شاہراہوں کا محافظ، قافلے کا محافظ، امن قائم کرنے والا، مسلح رہنما۔

قرارگاہ:آرام گاہ، قیامگاہ۔

قرار گیری:آرام، سکون، راحت۔

قرار نامه:اقرار نامہ، تحریری معاہدہ۔

قراص:(ع)گرس، بارہ درجن۔

قرّاض:(ع)کاٹنے والا، کترنے والا۔

قراضِه:(ع)لوہے یا تانبے کے ریزے جو دھات کو رگڑتے ہوئے گرتے ہیں۔

قراضِه:(ع)جگالی کرنے والے۔

حیوانات قراضه:جگالی کرنے والے جانور۔

قراغُول:(ت)قراول، سنتری، چوکیدار، محافظ۔

قراقر:(ع)معدے کی گڑ بڑ۔

قرا قروت:(ت)قرہ قروت-دہی جسے خشک کر لیتے ہیں۔

قرا قوش:قراغوش، عقاب۔

قرامطه:(ع)مسلک اسمعیلیہ کا ایک فرقہ جس کا بانی ابو ذر قرمط تھا۔

قُرآن:(ع)قران مجید، آسمانی کتاب جو حضرت رسول کریم (ص) پر نازل ہوئی، کلام اللہ۔

قِران:(ع)ستاروں کا اتصال، مبارک وقت۔

بر قران زهره و مشتری:زہرہ اور مشتری سیاروں کے ایک برج میں آنے پر۔

صاحبقران:وہ شخص جس کی ولادت کے وقت زہرہ اور مشتری سیارے ایک ہی برج میں ہوں ایسے وقت کی پیدائش کا آدمی بڑا اقبال مند ہوتا ہے، امیر تیمور کا لقب صاحبقران ہوا تھا۔

قِران نحسین:دونحس ستاروں یعنی زحل اور

مریخ کا قرب ہونا۔

قرانتین-قرنتین: قرنطینہ، قید طبی، وہ وقت جب مسافروں یا ایسے جہازوں کو جن میں کوئی بیماری پھیل گئی ہو یا بیماروں کو علیحدہ رکھا جائے تاکہ بیماری پھیلنے نہ پائے۔

قرنتین گذاشتن: پھیلنے والی بیماری کی بنا پر بیماروں کو الگ رکھنا۔

قرآن خوان: قاری، قران شریف کی تلاوت کرنے والا۔

قرآنی: قران شریف سے متعلق۔

قراول: (ت) (۱) سنتری چوکیدار، نگہبان، رینجر، محافظ (۲) نشانہ باندھنا، شست جو بندوق سے باندھی جائے۔

قراول آوردن: شست لگانا۔

قراول رفتن: شست باندھنا۔

قراول خانہ: بیرک، محافظ کے تھہرنے کی جگہ۔

قراولی: محافظ یا رینجر کا دفتر۔

قرائت: (ع) صحیح تلفظ کے ساتھ قران شریف پڑھنا۔

قرائت کردن: قران شریف کی تلاوت کرنا۔

قرائت خانہ: قران شریف کی تلاوت کرنے کا کمرہ۔

قرائن: (ع) جمع قرینہ-وہ علامتیں جو انسان کے لیے دلیل کی مانند ہوں، سباق و سباق، عبارت کا سیاق۔

معنی این کلمہ از قرائن ثابت شد: اس لفظ کا مطلب سیاق عبارت سے ثابت ہوگیا ہے۔

قُرب: (ع) نز دیکی، خویشی، قریبی تعلقات مثال:

حجاب مانعِ قرب است شرم حائلِ لطف
بنزد او رہ اظہار آرزو بکشا

حجاب نزدیک ھونے کے لیے رکاوٹ کا باعث ہے اور حیاداری لطف و کرم کی راہ میں حائل ہے اس کے لیے آرزو کے اظہار کا راستہ کھول دو۔

قُرَبا: (ع) قریبی لوگ، رشتے دار۔

قرباغہ: مینڈک اسے قورباغہ بھی کہتے ہیں۔

قربان: (ع) نثار، قربانی دینا، اللہ کی راہ میں۔

قربان رفتن یا شدن: قربان ہونا، نثار ہونا۔

قربانت شوم: آپ کے لیے جان بھی حاضر ہے۔

قربان سرت بروم: آپ کے سر کے لیے جان حاضر ہے۔

عید قربان: عیدالاضحی، جس پر جانوروں کی قربانی دی جاتی ہے، وہ تہوار جو ۱۰ ذی الحجہ میں منایا جاتا ہے۔

فرزندانِ خود را برای خوشنودی اصنام قربان می کردند: بتوں کی خوشنودی کے لیے اپنے بیٹوں کی قربانی دیتے تھے۔

قَربان: برتن جو پر ہونے کے قریب ہو۔

قِربان: ترکش۔

قُربانگاہ: مذبح، جانوروں کے ذبح کرنے کی جگہ۔

قربانی: عید الاضحی کے موقع پر مینڈھے یا بکرے وغیرہ کو ذبح کرنا۔

قربانی کردن: قربانی دینے کے لیے جانور کو ذبح کرنا۔

قِربت: (ع) مشک۔

قُربت: (ع) نزدیکی، خویشی۔

قربوس: گھوڑے کی کاٹھی کا اوپر کو اٹھا ہوا حصہ جسے ہرنا کہتے ہیں۔

قُربہ: قربت۔

قُربی: (ع) قرابت داری، رشتے داری۔

مُودّتِ قربی: یکا نگت کی محبت، ایک خاندان سے ہونے کی محبت۔

قُرپ: کرپ-قاش، کٹا ہوا ٹکڑا۔

قرپوس: دیکھیے قربوس۔

قُرت: نگلنا، ہڑپ کر جانا۔

قُرۃ:(ع)آنکھوں کا روشن ہونا، آنکھوں کے آنسوؤں کا خشک ہونا، خوشی کی علامت ظاہر ہونا۔

قرۃ العین:(ع)(۱)جو نور چشم کا باعث ہو، جو سرور و راحت کا ذریعہ ہو (۲)ایران کی ایک خوبرو شاعرہ جس کا نام زرین تاج تھا، سید علی محمد باب نے جس کی وہ پیرو تھی اسے طاہرہ کا نام دیا، بابی مذہب اختیار کرنے کی وجہ سے اسے گرفتار کیا گیا آخر ۱۲۶۴ھ میں لوگوں نے اس کا گلا گھونٹ کر مار دیا۔

قرح:(ع)زخمی ہونا، زخم، السر، قروح جمع۔

قرحَہ:(ع)زخم، السر، جراحت۔

قرحہ آکلہ:جلد کی بیماری

قرحہ بینی:ناک کا زخم

قرحی:زخمی۔

قرد:بندر، میمون۔

قردہ:بندریا۔

قرشی:قریشی، قریشی قبیلے کے لوگ۔

قُرص:پتلی گول چیز، ٹکیا، گردہ، کلیجہ، اقراص جمع۔

قرص خورشید:آفتاب کا گھیرا۔

قرص زرّین:آفتاب، سونے کی پلیٹ۔

قرص سیمین:چاند۔

قرص نُقرِہ:چاندی کی پلیٹ۔

درخت قرص کمر:کاجُو کا درخت۔

قُرص:مضبوط، مستحکم، دیرپا۔

این پارچہ خیلی قرص است:یہ کپڑا بہت مضبوط یا دیرپا ہے۔

قرص کردن:مضبوط بنانا۔

قرصک:ٹکیا۔

قرض:(ع)ادھار، مستعار۔

قرض بهم رساندن:قرض بہم پہنچانا۔

قرض حسن-قرض الحسنہ:قرض جو بلا سود اور بلا میعاد ہو۔

قرض دادن:ادھار دینا۔

قرض داشتن:ادھار لینا۔

قرض کردن:ادھار لینا۔

یک هزار روپیه از او قرض کردم:میں نے اس سے ایک ہزار روپیہ قرض لیا۔

قرض مقراض محبت است:ادھار محبت کی قینچی ہے۔

قرضخواہ:قرض دینے والا۔

قرضدار:قرض لینے والا۔

سهام قرضہ:ایسی دستاویز جس کے ذریعے قرضہ وصول ہو۔

قرضہ:ادھار لیا گیا۔

وجہ قرضی:قرض لی گئی رقم۔

قرضیہ:قرضہ۔

قِرط:(۱)گوشوارہ (۲)شعلہ آتش۔

قرطاجنہ:کار تھیج، ملک کا نام۔

قرطاجنی:کارتھیج کا رہنے والا۔

قِرطاس:(ع)کاغذ، تحریر، دستاویز، قراطیس جمع۔

قرطاس ابیض:سفید کاغذ جس پر یادداشتیں تحریر کی جائیں۔

قِرطاس بازی:دفتری طوالت، فضول وقت گزارنے کے لیے نامہ نویسی، اہل کارانہ طرز روش، افسرانہ تمکنت (جس میں ذم کا پہلو ہو)۔

قِرطاسی:کاغذ کی طرح۔

قُرطبہ:(ع)ہسپانیہ کا شہر۔

قرطِم:(ع)زعفران کے بیج۔

قرع:کوٹنا، دروازے پر دستک دینا۔

قرع:(ع)(۱)کدو (۲)ترکی بہ ترکی جواب دینا، دندان شکن جواب دینا۔

قرَع:(ع)گنجاپن۔

قُرَع:قرعہ۔

قرع انبیق:ایک آلہ جس سے عرق نکالا جاتا ہے۔

قُرعَہ:فال، قسمت آزمائی، لاٹری۔

قرعہ انداختن یا زدن:قرعہ ڈالنا۔

قرعہ بنام او اصابت کرد:قرعہ اس کے نام کا نکلا۔

قرعہ کشیدن:قرعہ نکالنا۔

قرعہ کشی:لاٹری نکلنا۔

قرعہ زن:قرعہ نکالنے والا۔

قرِغیز:(ت)ایک مغل قوم، کرغز، اس کی زبان کرغزی۔

قرِفَہ:(ع)دار چینی۔

قُرُق:ایک مخصوص شکار گاہ ایک مخصوص جگہ، سبزہ زار۔

قرق بودن یاشدن:مخصوص شکارگاہ وغیرہ جہاں عام لوگ شکار نہیں کر سکتے۔

قرق کردن:کسی جگہ کو عام لوگوں کے لیے ممنوع قرار دینا۔

قُرُقگاہ:مخصوص جگہیں۔

قرقاول:تیتر، دراج۔

قرقر:غرغر، بجلی کڑکنے کی آواز۔

قرقرہ:دھاگے کی نلکی، ریل جس پر دھاگا لپٹا ہوتا ہے۔

قرقرہ نخ:ریل یا پھرکی جس پر دھاگا لپٹا ہوتا ہے دھاگا لپٹنے کی چرخی جس سے ریل تیار ہوتی ہے۔

قرقرہ ماھی گیری:ماہی گیر کی پھرکی جب مچھلی پھنس جاتی ہے تو پھرکی کی ڈور لپیٹ کر اسے نکال لیتے ہیں۔

قرقرہ جرّ ثقیل:رسّے اور چرخی جس کے ذریعے بھاری اشیا اٹھاتے اور جہاز وغیرہ پر لادتے ہیں۔

قرقشَہ:غرغشہ، لڑائی جھگڑا۔

قرقف:(ع)شراب، ٹھنڈا پانی۔

قرِقی:ایک شکاری پرندہ جو باز سے چھوٹا ہوتا ہے اور اس کی آنکھیں بھی چھوٹی ہوتی ہیں۔

قُرک:ایک پرندہ جو شہد کی مکھیوں کو کھا جاتا ہے۔

قرلتای:قوریلتائی، ایران کے مغل حکمرانوں کی جنرل اسمبلی۔

قرِمز:(ع)سرخ رنگ۔

قرمزدانہ:سرخ رنگ کے بیضوی شکل کے کیڑے۔

قرمز روشن:چمکیلی روشنی، ہلکا سرخ۔

قرمز سیر:گہرا سرخ۔

قرمز شدن:سرخ ہونا، شرمانا۔

قرمز کردن:سرخ رنگ دینا، سرخ رنگ سے رنگنا۔

قرمز کم رنگ:ہلکا سرخ۔

قرمزلاکی:گہرا سرخ، ارغوانی۔

قرمزی:سرخی، سرخ رنگ، سرخ رنگ میں رنگا ہوا کپڑا۔

قُرمساق:دیوث، ذلیل، بے غیرت۔

قرِمطی:(ع)فرقہ اسمعیلہ کی ایک شاخ قرمطیہ کا فرد جس کا بانی ابو ذر قرمط تھا (قرامطہ جمع)

قرمطیَّہ:(ع)قرمطی فرقہ۔

قرموط:(ع) قرموت، خاص قسم کا چارہ جو طویل سفر کے دوران گھوڑے کو دیا جاتا ہے۔

قُرمَہ:(ت) قورمہ، مسالے اور گھی میں بھنا ہوا گوشت۔

قرمہ کردن:قورمہ بنانا۔

قِرن:(ع)مانند، مثال، نظیر، اقران جمع۔

قرن: (ع)(۱)صدی، (۲)گاے یا بکری کا سینگ، صد سالہ دور، قرون جمع۔

قرنِ ایرانی: تیس سال کا عرصہ۔

قرن بیستم میلادی: بیسویں صدی عیسوی۔

قرن فرنگی: سو سال کا عرصہ۔

قرن: (۱)رسی جس کے ساتھ دو اونٹوں کو یکجا باندھا جاتا ہے (۲)تیر و کمان، شمشیر (۳)ایک عرب قبیلے کا نام۔

قرون: قرن کی جمع۔

قرون ماضیہ: گزرے ہوئے زمانے۔

قرون وسطی: متوسط زمانہ۔

قرنا: قریں، قریب، نزدیک۔

قرناق: (ت)قرنق، خدمتگار، کنیز۔

قرنباد: زیرہ۔

قرنبی: مکڑی۔

قرنبیق: قرع انبیق کا مخفف۔

قرنطین: قرنطینہ (انگ)صحت گاہ جہاں مسافروں کا معاینہ کیا جاتا ہے اور کوئی بیماری ہو تو اسے روکنے کے لیے ٹیکے لگائے جاتے ہیں۔

قرنفل: خوش رنگ سرخ پھول، ماخوذ از یونانی۔

قرنفلی: قرنفل سے متعلق۔

قرنفلیہ: خوش رنگ سرخ پھول۔

قرنی: سینگوں والا۔

قرنَین: دو سینگ۔

ذوالقرنین: دو سینگوں والا، سکندر کا لقب۔

قرنیہ: آنکھ کے ڈیلے کا بیرونی پردہ۔

قُروت: (ت)کسی ضرب کی وجہ سے جلد کے اندر خون کا خشک یا سیاہ ہو جانا۔

قُروح: قرح کی جمع، زخم جس میں پیپ پڑ گئی ہو۔

قرود: قرد کی جمع، بندر، میمون۔

قروض: قرضے کی واجب الوصول رقوم۔

قروق: قوروق، مخصوص شکارگاہ، وہ جگہ جو کسی خاص کام کے لیے مخصوص ہو۔

قرون: (ع)جمع قرن، صدیاں۔

قرَہ: (ت)سیاہ رنگ۔

قُرہ: تازگی، خوشی، چمک، ٹھنڈک۔

قرۃ العین: آنکھوں کی روشنی۔

قرہ آغاج: (ت)ناروں، ایک درخت جس کی پتیاں دونوں طرف سے کھردری ہوتی ہیں۔

قرہ چایلاق: (ت)زنبور خور، ایک پرندہ جو شہد کی مکھیوں اور بھڑوں کو کھا لیتا ہے۔

قرہ چی: (ت)قرچی، جپسی، ایک خانہ بدوش قوم۔

قرہ سنقر: (ت)سیاہ رنگ کے شکاری پرندے کی ایک قسم، شکرہ، وغیرہ۔

قرہ سوران: (ت)سڑک کا محافظ، مسلح محافظ۔

قرہ طاق-قرطاق: (ت)مانٹی نیگرو کا باشندہ۔

قرہ قاز: (ت)سیاہ رنگ کا ماہی خور پرندہ۔

قرہ قروت: (ت)چھاچھ یا دہی جسے جوش دے کر خشک کر لیتے ہیں۔

قرہ قوش: (ت)عقاب۔

قرہ قول: (ت)دیکھیے قراول۔

قرہ قولاق: قرہ قلق، سیاہ گوش جانور۔

قرہ گھرَ: (ت)سیاہ رنگ کا گھوڑا۔

قرہ مندول-قرہ منگولہ: بانات جس کا رواج اٹھارویں صدی عیسوی میں زیادہ تھا، بانات۔

قرہ مینا: (ت) بندوق (پرانی قسم کی)

قرہ نی: الغوزہ، موسیقی کا ساز

قرہ نی زن: الغوزہ بجانے والا

قرِیب: (ع) نزدیک

بحر قریب: شاعری کا ایک بحر "مفاعلین مفاعلین فاعلاتن"

عن قریب: تھوڑے عرصے میں، جلدی

قریب یک ماہ در کوہ مری توقف کردم: تقریباً ایک ماہ میں نے کوہ مری میں قیام کیا

ماضی قریب: گزرا ہوا نزدیک کا زمانہ، صرف و نحو میں ماضی کی ایک قسم

قریباً: تھوڑے ہی عرصے میں، جلدی ہی

قریباً وارد خواہد شد: جلد ہی وہ آ جائیگا

قریب الاختتام: (ع) جلد ہی ختم ہونے والا

قریب الفہم: (ع) جو جلدی ہی سمجھ میں آ جائے

قریبُ الوُقوع: (ع) جلد ہی وقوع پذیر ہونے والا

قرِیح: (ع) (۱) زخمی، مجروح (۲) خالص، صاف

قریحہ: ذوق، سلیقہ، تراوش فکر، ادراک

او قریحۂ اختراع دارد: اسے نئی چیز بنانے کا ذوق ہے

بی قریحہ: بے ذوق

قریحہ شاعری: شاعری کا ذوق و شوق

قرِیر: (ع) ٹھنڈک، تر و تازہ، خوشحال، خورسند

قریر العَین: (ع) آنکھوں کی ٹھنڈک، آنکھوں کی روشنی، خوشی

قُرَیش: (ع) عرب قبیلہ جس سے رسول کریم (ص) کا نسبی تعلق تھا

قریشی: (ع) قریش سے متعلق، قریشی

قرِیض: (ع) مقروض

قرِیع: (ع) حریف، ساتھ کشتی کرنے والا، پہلوان

قرِیم: کریمیا

قرِین: (ع) نزدیک، ہمدم، ساتھی، دمساز، رفیق

قرین اِفتخار: مفتخر، مکرم و محترم

متمنی است تشریف آوردہ ما را قرین افتخار فرمائید: بندہ خواہشمند ہے کہ آپ تشریف لا کر ہمیں مفتخر فرمائیں

قرینِ عقل، قرین قیاس: وہ بات جسے عقل قبول کرے

قرین مصلِحت: مصلحت آمیز، جس میں بھلائی یا بہتری ہو

اُو بخت جوان دارد کہ باتو قرین است: وہ شخص خوش نصیب ہے جو تم سے قریب یا تمہارا ساتھی ہے

سعادت قرین: خوش، خوشحال، خوش بخت

قرِینَہ: (ع) علامت، مناسبت جو دو چیزوں میں ہو قیاس، اندازہ، ڈھنگ، صورت، نسبت، تناسب، مناسبت، حسن تناسب

قز: (ع) کچی سلک

قُز: (ت) لڑکی، دختر

قزّاز: (ع) سلک کا تاجر

قزاغند: سلک کی بنی ہوئی زنانہ صدری، سینہ بند، انگیا نیز زرہ بکتر

قزاق: (ت) کاسک، ایک تا تاری قبیلے کا نام جو بحیرہ خزر کے شمال میں آباد ہے اور جس کے افراد اکثر روس کے رسالوں میں بھرتی ہو جاتے ہیں کسی زمانے میں یہ قزاق ایران میں استبدادی کاموں پر مامور ہوتے تھے یہ لمبی

ٹوپی اور لمبی قبا پہنتے تھے

قزاق خانہ:قزاقوں کے رہنے کا مقام

قزاقی:قزاقوں کا لباس

قزاگند:جنگی لباس، ریشمی لباس جو قدیم زمانے میں جنگ کے موقع پر پہنا جاتا تھا

قُزح:(ع) قوس قزح، سات رنگوں کی دھنک جو آفتاب کی شعاعوں کے ساتھ بادل میں سے گزرتے ہوئی دکھائی دیتی ہے

قزغان:قزقان، بڑی دیگ جس میں خوراک پکائی جاتی ہے

قزغَند:ایک خاص قسم کے درخت کا پھل جس میں مغز نہیں ہوتا، یہ چمڑا رنگنے کے کام بھی آتا ہے

قزقان:قزغاں، بڑی دیگ

قزِل:(ت) سرخ، قرمز

اسپ قزل:سرخ رنگ کا گھوڑا

قزل آلا:مچھلی جس کے جسم پر سرخ داغ ہوتے ہیں اور میٹھے پانی میں پائی جاتی ہے، اس کا گوشت لذیذ ہوتا ہے

قَزلاغ:غزلاغ، بھورے مٹیالے رنگ کے پرندوں کی قسمیں، چنڈول، چکاوک وغیرہ

قزلاغ:ہنسی، دل لگی، پر لطف صحبت، ہنسی دل لگی کرنا

قزِل ارسلان:ایک بادشاہ کا نام

قزِلباش:(ت) ایران کے صفوی بادشاہ اسمعیل صفوی نے اپنی محافظ فوج کے لیے سرخ ٹوپیاں بنوائی تھیں اس وجہ سے ان لشکریوں کا نام قزلباش ہو گیا

قزن قُفلی:ہک، کانٹا، آنکڑا، مچھلیاں پکڑنے کا کانٹا

قزوین:تہران کے شمال مغرب میں ایک صوبے کا نام

قزوینی:قزوین کا رہنے والا

قزی قزین:سلک کا بنا ہوا، ابریشمی

قَس:پادری، عیسائیوں کا روحانی پیشوا (قسوس جمع)

قِس:(ع) قیاس کر

قس علی ہذا:باقیوں کے لیے اسی سے قیاس کر لے

قَسا:بے رحمی، سنگدلی

قساس:(ع) خس و خاشاک جو سیلاب میں بہہ کر آتا ہے

قسّاس:(ع) نکتہ چین، عیب چین

قسّام:(ع) تقسیم کرنے والا

قساوَت:(ع) بے رحمی، سنگدلی، سختی

قساوتِ قلبی:سنگ دلی

قساوسہ:قسیس، پادری

قسب:(ع) سخت، خشک کھجور

قسر:(ع) مجبور کرنا، مجبوری، دباؤ ڈالنا، جبر سے کسی سے کام لینا

قِسراق:(ت) چنچل دوشیزہ

قَسری:(ع) بر خلاف طبیعت، بلا ارادہ، غیر طبیعی، مائل بہ جبر، مجبور کرنا، جبری

قِسط:(ع) ٹکڑا، داد، نصیب، مقدار، جز

قِسطاس:(ع) ترازو، میزان

قِسط بندی:اگر کسی کے ذمے قرضہ ہے تو اس کی قسطیں مقرر کر دینا

قَسطل، قسطلان:(ع) میدان جنگ کا گرد و غبار

قُسطَنطِنیہ:ترکی کا ایک شہر جسے اب استنبول کہتے ہیں

قسطنطین:استنبول سے متعلق

قِسطی:قسطوں میں ادا ہونا یا کرنا

پرداخت قسطی:قسطوں میں ادائیگی

معاملات قسطی:قسطوں کی بنیاد پر طے ہونے والے معاملات

قِسَم:(ع) سوگند، حلف

قسم خوردن:حلف اٹھانا

قسم دروغ:جھوٹی قسم

قسم دروغ خورد که آنجا خواهد رفت:اس نے جھوٹی قسم کھائی کہ وہ اس جگہ جائیگا

بخدا قسم:خدا کی قسم

قِسم:(ع) طرح، نوع، وضع، ڈھنگ، کیسا (اقسام جمع)

این چه قسم پرنده است:یہ کس قسم کا پرندہ ہے

این کار را چه قسم باید انجام داد:یہ کام کیسے انجام دینا چاہیے

چه قسم:کس قسم کا، کس طرح کا

قِسماً:(ع) جزی طور پر

قِسمت:(ع) جز، حصہ، بہرہ

قسمت زیادی ازآن فروختہ شد:اس کا زیادہ حصہ فروخت ہو گیا ہے

قسمت:نصیب، بخت، تقدیر

قسمت آزمائی:بخت آزمائی، نصیب آزمانا

قسمت پذیر:قابل تقسیم، جو تقسیم ہو سکے

قسمت کردن:حصہ داری کرنا، حصہ دینا

قسمت من از روز ازل این بود:میرا نصیب تو روز ازل ہی سے ایسا تھا

قسمت ناپذیر:جو تقسیم نہ ہو سکے

قسمت نامہ:حلف نامہ، تحریری طور پر قسم کھانا

خدا قسمت کند که باہم می رویم:خدا کرے کہ ہم مل کر جائیں

قابل قسمت:تقسیم ہونے کے قابل، جو تقسیم ہو سکے

قَسوَت:(ع) قساوت، بے رحمی، سنگدلی، سختی

قسورہ:(ع) درندہ شیر، قوی اور دلیر جوان

قسی:(ع) سخت، سخت دل

قسی القلب:سنگدل

قسیس:(ع) کشیش، پادری، قساوسہ جمع

قسیم:قسمت، نصیب نیز تقسیم کرنے والا، حسین و جمیل، زیبا، رعنا

قش:(ع) خاکروبہ (۲) چھوٹی کھجور، بڑا ڈول

قشاغی:(ت) قشاوہ، قشو، کھردری کنگھی، گھوڑے کے جسم پر پھیرنے والا کھرکھرا

قشر:(ع) میوے کا چھلکا، ظاہری صورت، بالائی سطح، چھال (قشور جمع)

قشر زمین:زمین کی بالائی سطح

قشر نان:روٹی کا پرت

قشر:چھلکا اتارنا، چھیلنا، جلد اتارنا

قشر بندی:ظاہری سطح درست کرنا

قشردار، قشر مانند، قشری:جس کے اوپر چھلکا ہو،جس کی بالائی سطح پر چھال ہو

قشعریرہ:(ع) لرزہ، لرزش، شدت سرمایا دہشت کی وجہ سے جسم کانپنا

قشقہ:تلک، ٹیکا، ماتھے پر نشان جو لگایا گیا ہو

قشقون:(ت) گھوڑے کی دمچی، گھوڑے کا پٹھا

قشلاق:(ت) سردی کا موسم گزارنے کےلیے نسبتاً گرم جگہ، گر مسیر متضاد ییلاق گرمیوں کا موسم گزارنے کی جگہ

قشم:(ع)(۱)سطح زمین پر پانی کا راستہ (۲)طبیعت، حال، ہئیت (۳) بریاں شدہ گوشت

قشم:بندر عباس (ایران کی بندر گاہ) کے جنوب مغرب کا

ایک جزیرہ
قشمشم:غشمشم (۱)دلیر، نڈر، صاحب عمل، سرگرم، خودرای، خود نما
قشَنگ:خوبصورت، زیبا، دلربا، عمدہ، خوب
او خیلی قشنگ بازی می کرد:وہ بہت عمدہ کھیلتا تھا
دختر قشنگ:خوبصورت لڑکی
قشنگ کردن:خوبصورت بنانا
قشنگ:خوبصورتی، زیبائی، رعنائی، دلربائی
آن دختر ہم قشنگی داشت و ہم زرنگی:وہ لڑکی بہت خوبصورت بھی تھی اور دانا اور چست و چالاک بھی تھی
قشَو:(ت) دھات کا کھردرا شانہ جو گھوڑے کے جسم پر پھیرتے ہیں، کھرکھرا
قشوکردن:کھرکھرا کرنا
این اسپ را چند روز است کہ قشو نکردہ اند:چند روز سے اس گھوڑے پر کھرکھرا نہیں کیا گیا
قشُور:(ع) قشر کی جمع، دیکھیے قشر
قشُون:(ت) لشکر، فوج، عسکر
قشون اشغالی:قبضہ کرنے والی فوج
قشون پیادہ:پیادہ فوج
قشون سنگینی بجنگ او آمدند:اس سے جنگ کرنے کے لیے متعدد فوج آئی
قشون سوارہ:سوار فوج
قشونی:لشکر سے متعلق
قصّ:(ع) سینہ، سینے کا درمیانی حصہ
عظم قص:سینے کی پسلی

قصّاب:(ع) قصائی، بوچڑ، گوشت فروش
قصاب خانہ:مذبح، جہاں جانور ذبح کیے جاتے ہیں
قصّابی::جانور ذبح کرنے کا کام یا پیشہ
قصابِیہ:مذبح کا ٹیکس
قُصّاد:قاصد کی جمع، پیغام لانے لے جانے والے، ایلچی
قصار:(ع) آخری حد، آخری حصہ
قِصار:(ع) قصیر کی جمع، چھوٹے چھوٹے، مختصر
کلمات قصار:مختصر مگر جامع کلمات، کم لفظ مگر پر معنی
قصّار:(ع) دھوبی
قصارِت:(ع) چھوٹا، کوتاہ
قصارت:(ع) ایک ذاتی کمرہ، خلوت گاہ، خلوت میں گفتگو کرنا، تخلیہ، خلوت گاہ میں ملاقات کرنا
قصارت:(ع) کپڑے دھونے کا کام
قُصارہ:(ع) وسیع اور حصار دار مکان
قصاص:(ع) خون بہا، تلافی، جزا، مکافات
قصّاص:(ع) قصہ گو، داستان گو، محفل میں قصہ گوئی کرنے والا
قصاص:ایک قسم کا چھوٹا سا درخت جس پر شوخ زرد رنگ کے گچھے آتے ہیں
قصاصاً:(ع) قصاص کے طور پر
قصائد:(ع) قصیدہ کی جمع، نظمیں جو کسی کی تعریف و توصیف میں کہی جائیں
قصَب:(ع)(۱) نرسل، سرکنڈا (۲)نے، بانسری، مرلی (۳)ایک عمدہ قسم کا کپڑا، کتان کا کپڑا
قصب بستن:عمدہ قسم کا کپڑا پہننا
قصب مصر:مصر کا بنا ہوا کپڑا

قصبات: (ع) قصبہ کی جمع، گاؤں

قصَب الجیب: (ع)(۱)قلم، گنّا

قصب الریہ: (ع) حلق کی نالی جس سے سانس لیا جاتا ہے

قصبَ السبّق: (ع) بانس جو گھوڑ دوڑ میں گول کا کام دیتا ہے

قصب السکّر: شکر، گنا نیشکر

قصب پوش: کتان کے کپڑے پہننے والا

قصبہ: (ع) گاؤں (قصبات جمع)

قصبہ صغریٰ: پنڈلی کی باہر کی طرف کی ہڈی

قصبہ کبریٰ: پنڈلی کی ہڈی

نزلہ قصبۃ الریہ: برونکائیٹس کا مرض

خزع قصبۃ الریہ: ہوا کی نالی

قصَبی: بانسری کی طرح

قصبی: کتان کے کپڑے کا ٹکڑا

قصد: (ع) ارادہ، مقصد

قصدِ جان عدوی خود کردہ بود: اس نے اپنے دشمن کی جان لینے کا ارادہ کیا تھا

قصد دارم اینجا توقف کنم: میرا ارادہ ہے کہ یہاں ٹھہروں

قصد کردن: ارادہ کرنا

قصدم این نبود: میرا ارادہ یہ نہ تھا

از قصد یا بقصد: ارادے کے ساتھ

فقط بقصد دیدن شما آمدم: میں فقط تمہیں دیکھنے یا تمہاری ملاقات کے لیے آیا ہوں

قصداً: (ع) بالارادہ، ارادے کے ساتھ، عمداً

من قصداً این حرف را بزدم: میں نے عمداً یا بالارادہ یہ بات کہی

قصدی: ارادے سے، بالارادہ، عمداً

قصر: (ع) محل، قلعہ (قصور جمع)

قِصَر: (ع)(۱)چھوٹا (۲)بے اختیار، کوتاہی

قصر کردن: چھوٹا کرنا

قصر: (ع) چھوٹا ہونا، اختصار کوتاہی

قصر شیریں: کرمانشاہ کے مغرب میں ایک گاؤں

قُصرَت: (ع) ایجاز، اختصار، چھوٹا پن

قصری: (ع) محل جیسا

قِصَص: (ع) قصہ کی جمع

قِصصُ الانبیا: (ع) انبیاے کرام کے متعلق روایات و بیانات

قصص الاولیا: (ع) اولیا کے متعلق روایات و بیانات

قصعَہ: (ع) بڑی طشتری

قَصم: (ع) توڑنا، الگ کرنا، جدا کرنا

قُصور: (ع) نا کامی، کوتاہی، بھول چوک، کام چھوڑ دینا عیب، خطا

قُصور کردن: ناکام ہونا، کوتاہی کرنا، بھول چوک ہو جانا

از انجام وظیفہ خود قصور کرد: اس نے اپنے فرائض انجام دینے میں کوتاہی کی

قصور: (ع) قصر کی جمع

قصور مند: کوتاہی کرنے والا

قُصویٰ: (ع) بہت زیادہ دور، اقصیٰ

قِصّہ: (ع) کہانی، داستان، حکایت، افسانہ

قصہ دراز کردن: کہانی کو طول دینا

قصہ کردن: بیان کرنا، حکایت بیان کرنا

قصہ کوتاہ کردن: قصہ مختصر بیان کرنا، داستان مختصر طور سے سنانا

القصہ:(ع) حاصل کلام یہ کہ

قصہ ای:کہانی کے طرز کا، غیر تاریخی، غیر یقینی، فرضی

قصہ خوان:کہانی بیان کرنے والا، داستان گو

قصہ خوانی:کہانی بیان کرنا، کہانی پڑھ کر سنانا

بازار قصہ خوانی:پشاور کا ایک مشہور بازار

قصہ گذار:قصہ گو، کہانی بیان کرنے والا

قصہ نویس:قصے کہانیاں لکھنے والا، فرضی داستانیں لکھنے والا

قصی:(ع) دور، بعید

قصی:(ع) سینے کی پسلی کے متعلق

قصِیدہ:(ع) وہ نظم جو کسی کی تعریف و توصیف پر مشتمل ہو یا وعظ و نصیحت یا شکایت روزگار وغیرہ سے متعلق ہو (قصائد جمع)

قصیدہ سرا:قصیدہ گو، کسی کی تعریف و توصیف کی نظم سنانے والا

قِصیر:(ع) چھوٹا، کوتاہ

قامت قصیر:کوتاہ قد، پست قد

قصیر البَصر:(ع) جس کی نظر کمزور ہو

قصیر العقل:(ع) کم عقل

قصیر القامِہ:(ع) چھوٹے قد کا، پست قد

قصیل:سبز فصل کے کھیت جن کی کٹائی کرکے جانوروں کو چارا دیا جائے

قضا:(ع) تقدیر الھی، قسمت، مقدر، نوشتہ تقدیر (۲)فیصلہ، اتفاق، حادثہ (۳)وہ نماز جو وقت گزر جانے کے بعد ادا کی جائے

قضایٔ حاجت:بول و براز سے فراغت حاصل کرنا، پاخانہ کرنا

قضا شدن:نماز کا وقت پر ادا نہ ہو سکنا

قضا کردن:فیصلہ دینا

قضای ناگہانی:اچانک حادثہ

از قضا:اتفاق سے

از قضاتشنہ بود:کچھ ایسا ہوا کہ وہ پیاسا تھا

قضاۃ:(ع) قضات، قاضی کی جمع، شرعی احکام کے مطابق فیصلہ دینے والے منصف

قضاوَت:(ع) حکم کرنا، فیصلہ دینا، فیصلہ، قوت فیصلہ

قضای:(ع) عدالتی، عدالت سے متعلق (قضائیہ جمع)

مراحل قضائیہ:عدالتی مرحلے

قضائیات:قانونی کارروائی سے متعلق

قضایا:(ع) قضیہ کی جمع، احکام، فرامین، صورت حالات، مباحثے

قضبان:(ع) شاخیں، قضِیب کی جمع

قضِیب:(ع) شاخ، چھڑی، آلہ تناسل (قضبان جمع)

قضیّہ:(ع) مقدمہ، نزاع، جھگڑا، مسئلہ، خبر، حکم، معاملہ، دعویٰ، واقع، فرمان

چہ قضیہ است؟مسئلہ کیا ہے؟ معاملہ کیا ہے؟

نمی دانم قضیہ چہ بود؟میں نہیں جانتا، مسئلہ یا جھگڑا کیا تھا؟

از قضایاہی خبر بود:ان مسائل سے وہ بے خبر تھا

قط:(ع) قلم کی نوک

قط زن:قلم کی نوک کاٹنے والا، قلم کو لکھنے کے قابل بنانے والا

قط:(ع) ہرگز، بس

قطا:(ع) ریتلی زمین کا پرندہ

قِطاب:(ع)(۱)ملنا جلنا، آمیختگی، امتزاج(۲)گریبان

قُطابہ:(ع) گوشت کا ٹکڑا

قطابہ:(ع) حلوا و نان، روغنی روٹی

قطات:(ع) ایک پرندہ جو کبوتر کے برابر ہوتا ہے

قطار:(ع)(۱)ٹرین، گاڑی (۲)ریل کی لائین (قطر جمع)

قطار راہ آہن:ریلوے ٹرین

قطار ساعت پنج از ایستگاہ حرکت کرد:گاڑی سٹیشن سے پانچ بجے چلی

قطار شُتر:اونٹوں کی لائین

قطار شدن:صف میں کھڑے ہونا

قطار کردن:لائن باندھنا، صف میں کھڑے ہونا

قطار:(ع) طرف، جانب، علاقہ، ملک

قطارچی:(ع) وہ شخص جس کے ہاتھ میں چلتے ہوئے جانور کی باگ ڈور ہو، اونٹ چلانے والا

قطاریق:(ع) شور، جنگ کا شور و غوغا، فریاد و فغان، ہیا و ہو

قُطاس:(ع) ایک بڑا سمندری جانور، مگر مچھ، ماہی پستان دار

قِطاع:قطعہ، دائرہ، کٹا ہوا تکڑا

قَطاع:(ع) قاطع کی جمع، قطع کرنے والا

قطاع الطریق:(ع) رہزن

قطاف:(ع)(۱)انگوروں کا سرکہ، (۲)پھل چننے کا وقت

قطافی:سرکہ، انگور اکٹھے کرنا

قطائف:قطیفہ کی جمع، دیکھیے قطیفہ

قُطب:(ع) وہ ستارہ جو ہمیشہ شمال کی طرف نظر پڑتا ہے، محور قطب شمالی، محورارض کا شمالی قطب

قطب شمالی:محورارض کا شمالی قطب

زمین دو قطب دارد:زمین کے دو قطب ہیں، قطب شمالی اور قطب جنوبی

مدار قطب جنوبی::جنوبی قطب کا دائرہ

مدار قطب شمالی:شمالی قطب کا دائرہ

قطب الدین:(ع) اسم ذات، دین کا محور

قطب نما:قطبوں کے دریافت کرنے کا آلہ

قُطبی:قطب سے متعلق

ستارہ قطبی:قطبی تارہ

مدارات قطبی:قطبی دائرے

نواحی قطبی:قطب کے اردگرد کے علاقے

قطبَین:(ع) دو قطب

قطبین زمین:زمین کے دو قطب، قطب شمالی و قطب جنوبی

قُطبیّت:قطب سے متعلق

قُطر:(ع)(۱)وسط دائرہ کا خط، ڈایا میٹر (۲)موٹائی، (۳)ملک، علاقہ

قُطرِ چوب چہ قدر است؟لکڑی کتنی موٹی ہے؟

قطرِ زمین چہ قدر است؟زمین کا وسطی خط کس قدر لمبا ہے؟

قطر چہار گوش:مستطیل یا مربع کے درمیانی و سطحی قطر کی لمبائی، قطر کی جمع اقطار

اقطار عالم:ممالک دنیا

قِطر:(ع)(۱) تانبا، پگھلا ہوا تانبا (۲)بارش کی بوند، بارش

قطرات:قطرہ کی جمع

قطران: سیاہ رنگ کا مادہ تارکول

قطران مالیدہ: قطران زدہ

قطران: قطرہ قطرہ ٹپکنا:

قُطرب: (ع) (۱) چور، بھیڑیا (۲) جاہل

قطرہ: (ع) بوند، بارش کی بوند

قطرہ قطرہ: بوند بوند، قطرہ بقطرہ

قطرہ قطرہ چکیدن: بوندیں پڑنا

قطرہ قطرہ سیل گردد و آنگہی دریا شود: بارش کے قطروں سے سیلاب آ جاتا ہے اور پھر سیلاب سے دریا بن جاتا ہے

قطرہ چکان: بوند بوند ٹپکانے والی نالی، ڈراپر

قطع: (ع) (۱) کاٹنا، تراش (۲) توڑ دینا (۳) عبور (۳) شکل، اندازہ، وضع

قطعِ امید: نا امید ہو جانا

قطعِ درخت: درخت کا کاٹنا

قطع دعویٰ: قانونی دعوے کا فیصلہ

قطع دوستی: دوستی ختم ہونا، دوستی کا رابطہ ختم ہو جانا

قطع رابطہ: تعلق ختم ہونا

قطع راہ، قطع مسافت: مسافت طے کرنا

قطع رِحم: رشتے داری کے پیوند ختم ہونا

قطع شدن: کٹ جانا، ختم ہو جانا، ٹوٹ جانا

قطع طریق: رہزنی

قطع کتاب: کتاب کا سائز

قطع کردن: کاٹنا

قطع کلام: کسی کی بات کاٹنا

قطع نظر از: اس کے سوا، تاہم اس پر بھی، اس کے علاوہ

قطع نظر ازخواص دیگر: دوسری خاصیتوں یا اوصاف کے علاوہ

بطور قطع: قطعاً

قیمتش را اول باید قطع کرد: چیز کی قیمت پہلے سے طے کر لینی چاہیے

قَطع: (ع) دیکھیے قطعہ

قطعات: دیکھیے قطعہ

قَطع نامہ: تحریری فیصلہ

قِطعہ: (ع) ٹکڑا، حصہ، جز

یک قطعہ راہ آہن را آن شرکت ساخت: ریل کا ایک حصہ اس کمپنی نے بنایا (قطعات جمع)

قطعہ زمین: زمین کا کچھ حصہ، زمین کا ٹکڑا

قطعات پنج گانہ: پانچ براعظم

قطعات مُنتخبہ: منتخب ٹکڑے

قَطعہ قطعہ کردن: ٹکڑے ٹکڑے کرنا

قطعی: (ع) یقینی، حتمی طور سے

جنگِ قطعی: فیصلہ کن جنگ

قرارِ قطعی: حتمی فیصلہ

قیمت قطعی: مقررہ قیمت

قطعیاً: قطعی طور سے

قطعیّت: : یقینی وضاحت، یقینی ہونا، مسلّم ہونا

قطف: انگور اکٹھے کرنا، انگوروں کی فصل

قطف: (ع) نشان، اثر، خراش کا نشان

قِطمیر: (۱) باریک جلد یا پوست، کھجور کی اوپر کی

پتلی جلد، کھجور کی گٹھلی، بہت تھوڑی چیز کا کنایہ

قُطن: روئی، پنبہ

قَطَن: (ع) دونوں چوتڑوں کا درمیانی حصہ، کمر، پٹھا، صلب، کمر کی خمیدگی

قطنی: روئی کا بنا ہوا

قُطُوب: (ع) قطب کی جمع

قطور: (ع) (۱) گھرا بادل (۲) بہت بڑی جسامت کا، موٹا

قطوع: (ع) قطع کرنے والا، بہت کاٹنے والا

قطونا: (ع) ایک دوائی ہے جس کا لعاب بہت مفید ہوتا ہے

قطیعہ: (ع) جدائی، کٹ جانا

قطیفہ: (ع) تولیا جس سے غسل کے بعد جسم صاف کیا جاتا ہے (قطایف جمع)

قعر: (ع) (۱) تہ، گہرائی (۲) خلا، گودی، سوراخ، قعور جمع

قعرِ دریا: دریا کی گہرائی، سمندر کی گہرائی، سمندر کی تہ

قَعقَعہ: (ع) جھنکار، جھنجھناہٹ، ٹھن ٹھن کی آواز، اسلحہ کے ٹکرانے کی آواز

قُعود: (ع) بیٹھنا

قعود کردن: بیٹھنا

قیام و قعود: اٹھنا، بیٹھنا، قیام کرنا

قعور: دیکھیے قعر

قطُوع: (ع) بہت قطع کرنے والا، الگ الگ کرنیوالا

قطِیعہ: (ع) الگ ہونا، کٹ جانا

قعید: (ع) ساتھی، رفیق، محافظ فرشتہ

قعِیر: (ع) گہرا

قف: (۱) تازہ سبزی، (۲) خشک سبزی، (۳) بلند زمین، (۴) گھرا بادل

قَفا: (ع) پشت گردن پیٹھ، جسم کا پچھلا حصہ

قفاخوردن: گردن کے پیچھے تھپڑ لگنا

قفا دادن، قفازدن: گردن کے پیچھے چپت لگانا

از قفاہاو رفتم: میں اس کے پیچھے گیا

در قفا: کسی کے پیچھے

قفا دار: مددگار

قفار: (ع) قفر کی جمع، بیابان جہاں پانی اور نباتات نہ ہو

قفّال: (ع) قفل ساز، تالے بنانے والا

قفائی: ایک خوشبودار بوٹی کے پھول اور شاخیں، جو خوشبو بسانے کے لیے کپڑوں کو لگاتے ہیں

قفر: بے آب بیابان، جہاں سبزہ نہ ہو، خشک اور بے حاصل جگہ

قَفس: پنجرا

در قفس کردن: پنجرے میں ڈالنا

طوطی از قفس بیرون آمد: طوطا پنجرے سے باہر آیا

قفس سینہ: صدر، سینہ

قفس ساز: پنجرے بنانے والا

قَفسِہ: پنجرے کیمانند، خانہ دار جگہ جہاں کھانے کی چیزیں یا کتابیں وغیرہ رکھتے ہیں، الماری کے اندرونی تختے

قفسہ کتاب: کتابوں کا شیلف

قفسہ بندی: چیزیں رکھنے کے لیے خانہ دار جگہ بنانا

قفقاز: کاکیشیا ملک

جبال قفقاز: کاکیشیا کا پہاڑ

قفقازی: کاکیشیا کا رہنے والا

قفقازیہ: قفقاز

قُفل: (ع) تالا

قفل انداختن: تالا لگانا

قفل بر دہن زدن: خاموش ہو جانا

قفل بر دہن کسی زدن: کسی کو رشوت دے کر اس کا منہ بند کر دینا

قفلِ رمزی: خاص تدبیر سے کھلنے والا تالا

قفل زدن، قفل کردن: تالا لگانا

قفل ساز: تالے بنانے والا، قفل گر

قفلی: جس پر تالہ لگا ہوا ہو، قفل نما

قفُول: قفل کی جمع

قفوی: گردن کے پچھلے حصے کے متعلق

عضلہ قفویہ: گردن کے پچھلے حصے کے پٹھے

قفِیز: (ع)(۱) اناج وغیرہ ناپنے کا پیمانہ (۲) مدت، عرصہ زمانی

قفیزش پرشد: اس کی زندگی کا پیمانہ پر ہو گیا ہے، اس کا عرصہ حیات ختم ہو گیا ہے

قفیز: (ع) عمر بسر ہونا

قفِیلی: طفیلی، بن بلایا مہمان کسی دوسرے بن بلائے مہمان (طفیلی) کے ساتھ آنے والا

قفیلی شدن: کسی بن بلائے مہمان (طفیلی) کے ساتھ چلا آنے والا

طفیلی یک قفیلی: ہر بن بلاے مہماں کے ساتھ ایک اور طفیلی

قُقنُس: ایک افسانوی خوش رنگ پرندہ جس کی آواز سے حکمائے فن موسیقی ایجاد کیا، مشہور ہے کہ یہ پرندہ یونان میں تھا

ققنوس: ققنس

قُل: (ع) کہو، (قول سے)

قُلّ: (ع) قلت، کمی

قُلاب: حلقہ، مچھلیاں پکڑنے کا آلہ

قلاب ماہی گیری: مچھلیاں پکڑنے کا آلہ

قلاب شدن: : (۱) بھوک سے بیتاب ہونا (۲) حلقے سے بندھنا اور لٹکنا، حلقے کی طرح خمیدہ ہونا

قلاب کردن: حلقے سے باندھنا، لٹکانا

قَلّاب: کھوٹے یا جعلی سکے بنانے والا

قلاب دُوز: زردوزی کرنے والا

قلاب دوزی: زردوزی، سوزن کاری سے کپڑوں وغیرہ کو منقش کرنا

قلاب سنگ: گوپیا، جس میں پتھر رکھ کر سنگ اندازی کرتے ہیں، فلاخن

قلابہ: (ع) قلاب

قلابی: (ع) ٹیپ ٹاپ کرکے قابل قبول بنانا، بناوٹی چیزیں، چالبازی، مکاری، دھوکا، کھوٹ، جعل سازی

آدم قلابی: دھوکے باز، فریبی، جعل ساز، دغا باز

جنس قلابی: بناوٹی چیزیں

قُلات: دیکھیے قلہ

قلاچ: (ت)(۱) لمبائی ناپنے کا پیمانہ (۲) کمان زور سے کھینچنا، چلہ چڑھانا

قلادِہ: (ع) گردن بند، گلو بند، گلے کا زیور، چمپاکلی،

ہار، کنٹھا (قلائد جمع)

قلاسنگ: فلاخن، گوپیا، سنگ اندازی کا آلہ

قلّاش: مکار، بے عزت، غنڈہ، مفت خور، مفلس، ذلیل کمینہ

قلاشی: مفلسی، مکاری، بےغیرتی، ذلت، کمینہ پن

قِلاع: (ع) قلعہ کی جمع

قلاغُوز: (ت) قلاغوز، رہنما، رہبر

قلائد: قلادہ کی جمع، قلادہ دیکھیے

قلب: (۱) دل (۲) دماغ، کسی چیز کا درمیانی حصہ

قلب بِیں: آلہ جس سے دل کی کیفیات کا پتا چلتا ہے

قلب کردن: ترتیب بدلنا

قلب لشکر: فوج کا وسطی حصہ

رقیق القلب: نازک دل

قلب: لوٹانا، الٹا کرنا، کھوٹ ڈالنا

زر قلب، سکہ قلب: کھوٹا سونا، سونا جس میں ملاوٹ کی گئی ہو

قلباً: (ع) دل سے

قلباً او را دوست دارم: میں اسے دلی دوست سمجھتا ہوں

قلب زن، قلب ساز: بناوٹی سکے بنانے والا، جعلی سکے بنانے والا

قلب سازی: جعلی سکے بنانا

قلب شناس:: بناوٹی سکوں کو پہچاننے والا

قلب گاہ:: لشکر کا درمیانی حصہ

قُلبِہ: گردہ

قلبہ: ہل

قلبہ رانی: ہل چلانا

قلبہ سنگ: دیکھیے قلوہ سنگ

قلبی: دلی

محبت قلبی: دلی محبت

مرض قلبی: دل کی تکلیف

قلبی شکل: قلب کی طرح کی شکل

قلپاق: (ت) ایک قسم کی اونچی ٹوپی

قِلّت: (ع) کمی، کمیابی

قلت خون: خون کی کمی

قلت عقل: عقل کی کمی

قلتاق: (ت) کاٹھی، گھوڑے کی زین جو لکڑی سے تیار کی جائے

قلتبان: دیوث، بےغیرت، قرمساق، جو اپنی بیوی کو بھی دوسروں کے حوالے کردے

قلتبانی: بے غیرتی، بے حیائی

قِلِج: (ت) شمشیر، تلوار

قلچاق: (ت) آہنی دستانہ

قلچماق: (ت) پرزور، قوی پنجہ شخص، دلیر، شجاع

قُلزم: مصر اور مکہ کے درمیان ایک قدیمی شہر

بحر قلزم: نہایت گھرا سمندر

قلطبان: قلتبان

قلع: رانگ، قلعی، جس سے قلعی کرکے پیتل کو سفید کیا جاتا ہے

ورقہ قلع: قلعی کا پترا

باقلع پوشاندن: قلعی کرکے چمکانا، سفید کرنا

قلع:(ع)استیصال، جڑ سے اکھڑنا، اکھاڑنا۔

قلع و قمع:بیخ و بن سے اکھاڑنا، غارت کرنا۔

قَلع- قلِع:(ع)بخار میں وقفہ (فترت تپ)۔

قلع گر:قلعی گر۔

قلعگی:شہر یا قلعہ کی محافظ فوج۔

قَلعہ:(ع)سنگیں اور محفوظ عمارت، جس میں فوج رہتی ہے، قلعہ جات اور قلاع جمع۔

قلعۂ نظامی:فوجی قلعہ، مستحکم قلعہ۔

قلعہ بان:قلعے کی حفاظت کرنے والا۔

قلعہ بگی:دربان۔

قلعہ بند:جسے فوجی قلعہ میں بند کردیا ہو۔

قلعہ دار:فوج کا کمانڈر۔

قلعہ شِکَن:قلعہ کو تباہ کرنے والا۔

قلعہ کُشا:فاتح، قلعہ کا دروازہ کھولنے والا، قلعہ فتح کرنے والا۔

قلعہ کُوب:قلعہ مسمار کرنے والا۔

قلعہ گاہ:قلعہ، محفوظ جگہ۔

قلعہ نشین:(۱)محاصرے میں آیا ہوا (۲)قلعہ میں رہنے والا۔

قلعی:(ع)ٹین، سفید دھات۔

قلعی کردن:پیتل وغیرہ کا برتن جس کی چمک دمک ختم ہوچکی ہے اسے قلعی کرنا۔

قُلف:(ع)جس کا ختنہ نہ ہوا ہو۔

قُلفہ:(ع)گھونگٹ، غلاف یا حشفہ کے اوپر کا چمڑا۔

قَلق:(ع)اضطراب، تشویش، رنج، بیقراری، بیکلی۔

قِلق:(ع)حالت، عادت، کیفیت مزاج۔

بد قِلق:بد خو، بد مزاج۔

قُلق:(ت)رشوت۔

قلقاس:(ع)مصری سیم یا لوبیا

قُلقُل:غلغل (ع)غرارہ، غرارہ کرنا۔

قُلقلہ:غلغلہ:شور و غل۔

قُلل:(ع)جمع قلہ، چوٹیاں۔

قلَم:(ع)کلک، خامہ، لکھنے کی کلک جو نرسل سے بناتے ہیں، لکھنے کا انداز۔

قلم این جا رسید و ہس شکست:لکھتے ہوئے قلم یہاں تک پہنچا تھا کہ اس کی نوک ٹوٹ گئی۔

قلم آہنی:لوہے کا قلم۔

قلم افتادگی:قلم چھوٹ جانا، لکھتے ہوئے کچھ نظر انداز ہو جانا۔

قلم انداز:شکستہ لکھا ہوا۔

قلم اندازی:شکستہ لکھنا۔

قلم بقلم:تفصیل سے۔

قلم حجاری:بسولی، صنعت کاری کا ایک آلہ، چھینی۔

قلم خوردگی:متن کی تبدیلی۔

قلم خوردن:کسی تیار شدہ بیان وغیرہ کا قلم زد ہوجانا، یا منسوخ ہو جانا۔

قلم دادن:پیش کرنا، دکھانا، ظاہر کرنا۔

خوش قلم:خوبصورت لکھنے والا۔

قلماش:(ت)یاوہ گو، ہرزہ سرا، بیہودہ باتیں کرنے والا، دروغ گو۔

قلمچِہ:(ع)قلمہ، شاخ، خصوصاً پودے کی قلم لگانے کے لیے۔

قلم خوردہ:قلم زد کیا ہوا، کاٹا ہوا۔

کلماتِ قلم خوردہ را معائنہ کردند:انہوں نے تبدیل کیے یا کاٹے ہوئے الفاظ کا جائزہ لیا۔

قُلمداد:شمار میں لایا گیا، حساب کیا گیا، اعلان کیا

گیا۔

قلمداد کردن: شمار میں لانا، اعلان کرنا، ظاہر کرنا۔

مبالغ زیاد قلمداد کرد: اس نے زیادہ رقم ظاہر کی۔

خود را شخص عالمی قلمداد کرد: اس نے اپنے آپ کا بین الاقوامی حیثیت حاصل کرنے کا ادعا کیا۔

قلمدادی: ظاہر کیا گیا۔

مبالغ قلمدادی چه قدر بود: کتنی رقم شمار میں لائی گئی، کتنی رقم کا اعلان کیا گیا۔

قلمدان: قلم وغیرہ رکھنے کا چھوٹا سا لکڑی کا بکس۔

قلمدانی: قلمدان کی شکل کا۔

قلمرَو: سلطنت، ملک، ریاست۔

این دو ولایت در قلمرِو او نبود: یہ دو صوبے اس کی سلطنت میں شامل نہ تھے۔

قلمزدِگی: قلم زد ہونا، منسوخ ہونا، جو منسوخ کیا گیا ہو، جس پر خط با طل کھینچا گیا ہو۔

قلم زن: لکھنے والا، نویسندہ، محرر (۲)منبّت کار (۳)شیخی باز۔

قلم زنی: (۱)لکھنا، تحریر کرنا منبّت کاری، شیخی بگھارنا۔

قلمِستان: نرسری، پرورش گاہ، پودگھر، پود کیاری جس میں پودے ابتدا میں نشو و نما پاتے ہیں،۔ جہاں سے لوگ انھیں لگانے کے لیے حاصل کرتے ہیں۔

قلم کار: منبت کاری کرنے والا، منقش کرنے والا، کندہ کرنے والا۔

قلم کار: کپڑے پر نقش و نگار کرنے والا، رنگ بھرنے والا، نقاش۔

قلم کاری: منبت کاری۔

قلم کشی: لکھنا۔

قلمِ مداد: پنسل۔

قلمِ مُو: تصویریں بنانے والا برش۔

قلمُون: رنگ برنگ، طرح طرح۔

قلِمه: (۱)تراش، قاش، کٹا ہوا ٹکڑا (۲)پیوند، قلم، وہ شاخ جو ایک جگہ سے دوسری جگہ لگائی جائے، درختوں کو پیوند کرنے کا عمل۔

قلمه زدن-قلم کاری کردند: درخت کی پودلگانا، شجر کاری کرنا، درخت کو پیوند لگانا۔

قلمی: (۱)ہاتھ سے لکھا ہوا مسودہ (۲)سیدھا۔

قلمی داشتن: خود قلم سے تحریر کرنا۔

قلمی شدن: لکھا جانا۔

دماغ قلمی: سیدھی نازک ناک۔

قُلُنبه: دشوار، سخت، ناہموار۔

کلمات قلنبه: سخت اور درشت باتیں کرنا، بیجا عبارت آرائی۔

قلندر: آزاد درویشوں کی ایک قسم جو روحانیت کی طرف مائل ہو، جو دنیا بھر کو بھول جائے۔

قلندرانه: درویشوں کی طرح، تارک الدنیا کی طرح۔

قلندرانه زندگی می کرد: اپنے وجود سے بے خبر زندگی بسر کرتا تھا۔

قلندروار: قلندرانہ۔

قلندری: قلندروں کی سی زندگی، بے نیازی کی زندگی۔

قَلنسوَه: (ع)لمبی ٹوپی، کلاہ اسقفی۔

قُلوب: (ع)قلب کی جمع۔

قلّ و دلّ: (ع)مختصر اور مدلل، پر مغز۔

قُلوه: گردہ۔

قلوه سنگ: ٹوٹے ہوئے اینٹ پتھر، روڑے، کنکر۔

قُلّہ: (ع)چوٹی۔

قلہ این کوہ ہمیشہ از برف پوشیدہ است: اس پہاڑ کی چوٹی ہمیشہ برف سے ڈھکی رہتی ہے۔

قلۃُ الکَتِف: کندھے میں ابھار پیدا ہونا۔

قُلی: (ت)بیٹا۔

قِلی: پوٹاش۔

قَلیا: الکلی سوڈا پوٹاش وغیرہ کے مرکبات، اسے قلیاب بھی کہتے ہیں، سیاہ رنگ کا جعفری نمک۔

جوہر قلیاب: کاربونیٹ آف سوڈا۔

قلیاسنج: الکلی کی تیزی کا اندازہ کرنے کا آلہ۔

قلیان: (۱)غلیان، ابلتا ہوا، جوش کھاتا ہوا (۲)حقہ۔

قلیان کش: حقہ کاکش لگانے والا۔

قلیان چاک کردن: حقہ بھرنا، حقہ تیار کرنا۔

قلیانی: جس میں الکلی شامل ہو۔

قلیب: کنواں، پرانا کنواں۔

قلیج: (ت)(۱)شمشیر (۲)فیصلہ کن کھیل۔

قُلیدس: اقلیدس، علام ہندسہ کا مصنف، نیز اس کا نام۔

قلِیل: (ع)تھوڑا کم، مختصر۔

مدت قلیل: تھوڑا عرصہ۔

مقدار قلیل گندم باقی است: گندم کی تھوڑی سی مقدار باقی ہے۔

قلیلاً: (ع)تھوڑا سا، قدرے کم۔

قلیل البضاعت: (ع)تھوڑا سرمایہ ہونا، کم سرمایہ۔

قلیل المدت: (ع)کم عرصے کا۔

قَلیہ: (ع)تلا ہوا گوشت، بریاں کیا ہوا گوشت۔

قلیہ خوار: قرمساق، بھڑوا، دیوث، دلال، قلتبان۔

قُم: تہران اور کاشان کے درمیان کا شہر۔

قُم: (ع)اٹھ، برخیز۔

قم باذن اللہ: (ع)اللہ کے حکم سے اٹھ۔

قِمار: (ع)جوا۔

قمار باختن: جوا کھیلنا۔

قمار باز: جوے باز، جوا کھیلنے والا۔

قمار بازی: جوا کھیلنا۔

قِمار خانہ: جوا خانہ، جہاں جوا ہوتا ہو۔

قِماری: جوے کی طرح۔

معاملات قماری: سٹے میں روپیہ لگانے کا کاروبار۔

قُماش: (ع)اسباب خانہ متاع، کپڑا جس سے لباس یا پوشاک بنتی ہے۔

خوش قماش: اچھے کپڑے کا لباس۔

قِماط: (ع)بچے کو کپڑے میں لپیٹنا، قنداق کرنا۔

قِماطر: (ع)جمع قمطر۔

قُمبُل: چوتڑ، سرین۔

قُمپُز: یاوہ، جھوٹا، بے بنیاد دھوکا کرنے والا۔

قمپز در کردن: یاوہ گوئی، بے بنیاد باتیں کرنا۔

قُمچی: پتلی چھڑی، پتلی شاخ، تازیانہ، شلاق۔

قمچی زدن: چھڑی مارنا، تازیانہ مارنا۔

قَمح: گندم۔

قَمَحدوَہ: پشت سر، کھوپڑی کا پچھلا حصہ۔

قَمَر: چاند (اقمار جمع)۔

خسوفِ قمر: چاند گرہن۔

دور قمر: چاند کا مدار۔

ربع اول قمر: قمری مہینے کا چوتھا حصہ۔

کرہ قمر: کرہ جس میں چاند گردش کرتا ہے۔

مدار قمر: چاند کا دورہ۔

قَمرا: (ع)قمر کی تانیث، سفید، نیز چاند کی چاندنی۔

قَمَران: سورج اور چاند۔

قمری: چاند سے متعلق۔

حروف قمری: جن حروف سے پہلے «ال» آتا ہے

مثلاً القمر۔

محرم ماہ قمری است: محرم قمری مہینہ ہے۔

قمطر(ع) (۱)کتابیں رکھنے کی جگہ (۲)لکڑی جو مجرموں کے پاؤں میں باندھی جاتی ہے (۳)کوتاہ قد فربہ شخص۔

قمش:(ت)نرسل، سرکنڈا، بید۔

قمطریر:(ع)شدید، سخت، دشوار، تکلیف دہ۔

قمع:(ع)جڑ سے اکھیڑنا، تباہ کرنا، سرکوبی کرنا، ذلیل و خوار کرنا۔

قُمقام:(۱)سمندر (۲)نہایت اہم کام (۳)بزرگ اور فیاض شخص۔

قُمقُمہ:(ع)پانی کی وہ بوتل وغیرہ جو شکاری اپنے ساتھ رکھتے ہیں، تھرماس۔

قمَل:(ع)جوں، شپش۔

قمله:جوں۔

قمِه:پیش قبض، خنجر، دشنہ، کٹار۔

قمه زدن:خنجر مارنا۔

قمه بند:خنجر سے مسلح۔

قمیص:(ع)ایک خاص قسم کا کرتہ جس میں کف اور کالر ہوتے ہیں، پیراہن۔

قَنات:(ع) (۱)کاریز، پانی کی چھوٹی سی نہر جو زیر زمین بنائی جاتی ہے (۲)بید، نیزہ، برچھی (قنوات جمع)۔

قنات کندن:زیر زمین نہر کھودنا۔

قنّاد:(ع)حلوائی، شیرینی فروش۔

قنّادی:مٹھائیاں بنانے کا کام یا پیشہ۔

دکان قنّادی:مٹھائیوں کی دکان۔

قنادیل:(ع)قندیل کی جمع، شمعیں، ایک قسم کے فانوس جن میں چراغ جلا کر لٹکاتے ہیں۔

قنّاره:قصابوں کا کانٹا، ہک جس میں وہ جانوروں کو ذبح کرکے لٹکاتے ہیں، کھونٹی۔

قناری:(انگ)ایک خوش آواز پرندہ، بلبل زرد۔

قنّاص:(ع)(۱)شکاری، صیاد (۲)کھونٹی (۳)زمین کا زاویہ دار قطعہ۔

قناطیر:(ع)اوزان، خاص مقدار کے وزن، ایک ایک سو کیلوگرام کے وزن (جمع قنطار)۔

قناع:(ع)عورتوں کا سرڈھانپنے کا کپڑا، دوپٹہ۔

قناعت:(ع)اپنی قسمت پر مطمئن ہونا، جو کچھ ملے اسی پر مطمئن ہو جانا۔

قنافذ:قنفذ کی جمع (۱)خارپشت (۲)پشتے، انبار، ریت کے تودے۔

قناویز:سرخ ریشمی کپڑا۔

قُنَب:کنف، سن جس سے رسیاں بنتی ہیں، بوریاں بھی اس سے بنائی جای ہیں۔

قنبر:حضرت علیؓ کا غلام۔

قُنبُره:چکاوک چڑیا سے کچھ بڑا خوش آواز پرندہ۔

قُنبُل:(ع)تند خو شخص، جلد غصے میں آجانے والا۔

قنبله:(ع)(۱)لوگوں کا گروہ (۲)گھوڑوں کا گلہ۔

قند:(ع)مصری، چینی، کھانڈ۔

قُنداق:(ت)کپڑا جس میں شیرخوار بچوں کو لپیٹتے ہیں۔

قنداقی:شیر خوار بچہ جس کے ارد گرد کپڑا لپیٹا گیا ہو۔

قند داغ:ابلتا ہوا پانی جس میں چائے اور چینی ملا کر پیتے ہیں۔

قندان:چینی رکھنے کا برتن۔

قندران:گوند۔

قُندُ:ایک قسم کا گوشت خور جانور جو ایشیا اور یورپ کے شمالی علاقوں میں پایا جاتا ہے۔

قندک:چھوٹی قسم کا سیب، ایک قسم کی شیرنی۔

قندهار:(۱)افغانستان کا مشہور شہر۔

قندی: جس میں چینی ملی ہوئی ہو۔

قِندیل: لٹکانے والا، خوبصورت نقش و نگار والا چراغ۔

قندیل چرخ: کنایہ ہے سورج اور چاند کا۔

قندیل چی: قندیل جلانے والا۔

قِنطار: ایک سو کیلو گرام، قناطیرُ جمع۔

قنطاریون: دیکھیے قنطوریون۔

قِنطال: قنطار۔

قنطرَہ: (ع) پل، محراب دار پل، بڑا پل۔

قنطورس: (۱) دیو مالا میں ایک جانورجس کا جسم گھوڑے کا اور سر آدمی کا ہے (۲) دو غلا، دو نسلی (۳) ستاروں کے ایک جھرمٹ کا نام (۴) شہسوار۔

قنطوریون: ایک پودا جس کے پتے لمبے اور شاخیں بہت سی ہوتی ہیں اور اس پر سرمئی رنگ کے پھول بھی بہت آتے ہیں۔

قُنفُذ: (ع) خارپشت۔

قُنُق: (ت) مہمان، مسافر۔

قنوات: (ع) قنات کی جمع، زیر زمین کھودی ہوئی نہریں جو سر زمین ایران میں ہیں انھیں کاریز بھی کہتے ہیں۔

قنُوت: (ع) فرماں برداری، اخلاص، اطاعت گزاری، دعا، عبادت۔

قنُوط: (ع) نا امیدی۔

قنُوع: (ع) قناعت، صبرو استقلال، عاجزی و انکساری سے التجا۔

قنیص: (ع) شکار، شکاری۔

قنیع: (ع) قانع، قناعت کرنے والا۔

قنینہ: (ع) چھوٹی سی شیشی جس میں شراب ڈالتے ہیں۔

قُوا: قوی (ع) قوت کی جمع، طاقتیں۔

تجدید قوا: باعث استحکام، کمک رسانی۔

تجدید قوا کردن: فوج کو کمک پہنچانا، امدادی فوج کا آنا۔

قوابِل: قابلہ کی جمع۔

قوّاد: دیوث، دلال، بھڑوا، قرمساق، قلتبان، عصمت کے منافی کام کرنے والا دلال، خود اپنی بیوی کو دوسروں کے حوالے کرنے والا۔

قواد: قائد کی جمع، قیادت کرنے والے، رہنما، پیشرو۔

قوّادی: بے غیرتی، بے حیائی کا کام، قرمساق کی طرح۔

قوارِب: (ع) قارب کی جمع، کشتیاں۔

قوارِع: (ع) قارعہ کی جمع، حادثات زمانہ، بد بختیاں۔

قوارِہ: کپڑے کا ٹکڑا، کپڑے کا بچا ہوا ٹکڑا، کپڑے کا ٹکڑا جس کی ضرورت کے مطابق کوئی چیز تیار کی جاسکے۔

بد قوارہ-بی قوارہ: جس کی ساخت اچھی نہ ہو۔

خوش قوارہ: جس کی ساخت اچھی ہو۔

قوارِیر: قارورہ کی جمع، پیشاب۔

قوّاس: (ع) (۱) تیر انداز (۲) کمانیں بنانےوالا۔

قوّاسی: تیر اندازی، کمانیں بنانے کا کام۔

قواطِع: (ع) قاطع کی جمع، قطع کرنے والا۔


کچَل: جس کے سر پر بال نہ ہوں، گنجا۔

کچلی: گنجاپن۔

کچُولہ: نکسوا میکا، دوائی کا نام، کچلہ، زہریلی دوا جو بر کچولہ۔

کُچہ: انگلی میں پہننے والا چھلا جس میں کوئی نگینہ نہ ہو۔

کچیر: پیشوا، سرکردہ۔

کُحال: (ع) کحل، سرمہ۔

کُحّال: (ع) آنکھوں کا معالج۔

کحالی: آنکھوں کا علاج، آنکھوں کے علاج کا پیشہ۔

کُحل: (ع) سرمہ۔

کُحلا: عورت جس نے سرمہ لگایا ہو۔

کحل دان: سرمہ دانی۔

کحیل: جس کی آنکھیں سرمگین ہوں۔

کخ: ایک قسم کا کیڑا۔

کخ: ڈراؤنی صورت جو بچوں کو ڈرانے کے لیے بناتے ہیں۔

کخ کخ: شریر بچوں کے لیے کہا جاتا ہے، بہت برا شریر کہیں کا۔

کَد-کدہ، گھر۔

کد: (ع) محنت، زحمت، رنج، مشقت۔

کَدِیمین: دائیں ہاتھ کی محنت، جسمانی مشقت۔

کُدام: کونسا۔

کدام را می خواہید: تم کسے پسند کرتے ہو۔

کدام کتاب را برداشتید: تم نے کونسی کتاب اٹھائی ہے۔

کدام یک: کدام یکی، کونسی۔

ہرکدام: کوئی بھی، کوئی سی۔

ہرکدام را می خواہید بخرید: جسے بھی چاہتے ہو خرید لو۔

ہیچ کدام از آنہا حرفی نزدم: میں نے ان میں سے کسی کے ساتھ بات نہیں کی۔

کدامی: کدامین، کدام، کونسا۔

کدبانُو: گھر کی مالک، گھر کے مالک کی بیوی، گھر کا کام سنبھالنے والی خاتون، خاتون خانہ۔

کدبانوی-(کد بانوگری): گھر کا کام سنبھالنا، گھریلو فرائض انجام دینا۔

کدخُدا: بزرگ، شہر یا گاؤں کا افسر، گاؤں کا نمبردار، کارپوریشن کا میئر، گھر کا مالک، کسی جگہ کا بزرگترین شخص۔

کدخدامنش: بزرگوں کا سا انداز رکھنے والا۔

کد خدای: بزرگ شخص، میئر کا منصب۔

کدَر: (ع)تیره، تیرگی۔

کدِر: (ع)(۱)گدلا، کیچ بھرا، کیچڑ سے بھرا ہوا (۲)پریشان رنجیده، مکدر۔

کدر شدن: پریشان ہونا، مکدر ہونا، رنجیده ہونا۔

کدر کردن: کیچڑ میں لت پت کرنا، رنجیده کرنا۔

آب کدر: گِل آلود پانی۔

این حرکت شما او را کدر کرده است: تمہاری اس حرکت نے اسے رنجیده کردیا ہے۔

کدش: (ع)خراش۔

کدو: (۱)ایک قسم کی ترکاری (۲)سر بے مغز۔

کدوی قلیانی: تونبا، اسے موسیقی کے ایک ساز کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

تخم کدو: کدو کے بیج۔

سری که عشق ندارد کدوی بی تار است: جس دل میں عشق نہیں وہ ایسی ستار ہے جس میں تار نہیں۔

کرم کدو: کدو کے بیج۔

کدواده: دیوار کی بنیاد۔

کدوبُن: کدو کا عرق جس سے شراب بنا لیتے ہیں۔

کدُوخ: حمام، گرمابہ، جہاں غسل کرتے ہیں۔

کدُورت: (ع)بغض و عداوت، رنجش، کینہ۔

کدورت انداختن: دو آدمیوں میں رنجش پیدا کردینا۔

حرف شما کدورت پیدا کرد: تمہاری بات نے رنجش پیدا کردی۔

کدورت آمیز: جارحانہ، دل شکن، توہین آمیز، ناگوار خاطر۔

کدُوک: گدوک، پہاڑی راستہ، پہاڑ کی چوٹی۔

کده: گھر، گاؤں، جگہ یا مقام، کمرہ، لفظ کے آخر میں آتا ہے مثلاً۔

آتش کدہ: جہاں آگ جلتی رہتی ہے، آتش پر ستوں کا متبرک مقام۔

کدیوَر: کسان، بیج بونے والا، گاؤں کا بڑا آدمی، کد خدا۔

گردد کده ویران چو کدیور دو شود: جب گاؤں میں بڑے دو ہو جائیں تو گاؤں برباد ہو جاتا ہے۔

کدین: ڈنڈا جس سے کپڑے دھوتے ہیں۔

کدِیہ: بد نصیبی، گدائی۔

کذا: اس طرح سے۔

کذا و کذا: ایسا اور ایسا، اس طرح کا اوراس طرح کا۔

کذّاب: (ع)جھوٹا، دروغ گو۔

کذالِکَ: اس طرح، اس طور سے، علی ہذالقیاس۔

کذِب: (ع)جھوٹ، دروغ۔

کذُوب: (ع)بہت جھوٹا شخص۔

کر: بہرا جو سن نہ سکے۔

کرو لال: بہرا اور گونگا۔

طبیب کران و کوران را شفا داد: ڈاکٹر نے بہروں اور نابیناؤں کا علاج کرکے انہیں شفا دی۔

کر: زور، قوت، تاب و تواں، نیز مراد، مقصود۔

کرّ: (ع)حملہ، یورش۔

کرّوفر: (ع)(۱)حملہ اور پسپائی، جنگ و گریز (۲)شان و شوکت، جاہ و جلال۔

کُر: گرجستان کا دریا۔

کر: کردوں کی زبان میں بیٹا، پسر۔

کُرّ: پانی کی مقدار کا پیمانہ برتن جس میں تقریباً ۳۵۰ لیٹر پانی آجائے۔

کرا: کہ را، کس کو۔

کرّات: کرّت کی جمع، حملے، حملہ کرنا، پیچھے ہٹنا، پھر دوبارہ حملہ کرنا، نوبت، بار، مرتبہ

کرات: دیکھیے کرہ

کراچیدن: مرغی کی سی آواز نکالنا، غدغد کرنا

کراد: پرانا کپڑا

کرّار: لگاتار حملے کرنا، تند و تیز، پر جوش حملہ کرنے والا، حضرت علی(رض) کا لقب

کراراً: لگاتار، مسلسل، کئی بار، پے در پے

کراراً باو این نکتہ را گفتم: میں نے کئی بار اس سے یہ بات کہی

کراز: پانی کا کوزہ

کُراسِہ: ایک ضخیم جلد کا جداگانہ جزو (کراس جمع)

کراش: تکلیف، پریشانی

کراشیدن: پریشان ہونا

کراشیدہ: پریشان، تباہ حال

کراک: ایک پرندہ جس کا رنگ سفید اور سیاہ ہوتا ہے، دم لمبی ہوتی ہے، پانی کے کنارے بیٹھا دم ہلاتا رہتا ہے

کراکر: کوا، زاغ

کِرام: کریم کی جمع، صاحبان کرم، بزرگان

کرامُ الکاتبِین: انسان کے نیک و بد اعمال کو لکھنے والے فرشتے

حسابش با کرام (الکا تبین) است: اس کا حساب عمل فرشتوں کے پاس ہے

کرامات: (ع) کرامت کی جمع

کرامَت: (ع)(۱)بزرگی، فیاضی، بخشش وعطا (۲)کوئی خرق عادت تعجب انگیز بات، معجزہ

اربابِ کرامت: جنھیں معجزے کی قدرت حاصل ہو، بخشش کرنے والے، بزرگ، فیاض

خداوند پسری باو کرامت کرد: اللہ تعالی نے اسے فرزند عطا کیا

کرامت کردن: سخاوت کرنا، معجزہ کرنا

کرامی: گرامی

کِران: آخر، آخری حد، سرحد، کنارہ،

از کران، تاکران: ایک سرے سے دوسرے سرے تک

برکران بودن: کنارے پر ہونا، تنہا ہونا

برکران بودن از: مسترد کر دینا، نظر انداز کر دینا

بی کران: جس کا کوئی کنارہ نہ ہو

کرانِہ: کران، آخری حد، کنارہ

کرانی: محدود، جس پر احاطہ کیا گیا ہو

کراوات: نکٹائی

کراویا: کرویا، زیرہ کرمانی، زیرہ سیاہ

کراہت: (ع) ناپسندی، نفرت، بیزاری

کراہت داشتن: نا پسندیدگی کا اظہار کرنا، نفرت کرنا، بیزاری کا اظہار کرنا

کراھت انگیز: نفرت انگیز

کراہیّت: کراہت

کِرایہ: معاوضہ، مکان میں رہنے یا کسی شے کے استعمال کرنے کا معاوضہ

کرایہ این اشیا از لاہور تا شاہدرہ چہ قدر است: ان اشیا کا کرایہ لاہور سے شاہدرہ تک کس قدر ہے

کرایہ کردن: کرایے پر لینا

اُتو بُوس کرایہ کردیم: بس کو ہم نے کرایہ پر لیا

پیش کرایہ: کرایہ کا کچھ حصہ پہلے ادا کرنا،

پیشگی
پس کرایہ:کرایے کا باقي حصہ
کرایہ ای: کرایے پر
کرایہ دار:جس نے کچھ کرایے پر لیا ہو، مکان، دکان وغیرہ، کرایہ نشین
کرایہ نامہ:کرائے پر لینے کی تحریر
کرب:(ع) رنج، اندوہ،تکلیف، اضطراب
کرباس:کینوَش ناٹ جو خیمے بنانے کے کام آتا ہے
کرباسہ:سوسمار، چھپکلی
کرباسی:کینوَس کا بنا ہوا
کربت:کرب، اضطراب، بیچینی، حزن و ملال
کربز:کھیرا، خیار
کربسو:چھپکلی، سو سمار
کربش:چھپکلی
کربلا:وہ مقام جہاں حضرت امام حسین(رض) مع اپنے عزیزوں کے شہید ہونے کنایۃً وہ مقام جہاں پانی نایاب ہو
کربلائی:کربلا کے رہنے والے
کُرپ:کریپ، اطلس، ریشمی کپڑا
کرپ ژرژت:جار جیٹ
کُرپی:بند، پشتہ (لہروں کو روکنے کے لیے) بندر گاہ سے جہاز تک جانے والا پل، ستون، گودی، پل
کرّت:(۱)کرہ (۲)ایک بار، ایک دفعہ، کرات جمع کرت
بکرات:کئی دفعہ، پے در پے، مسلسل، لگاتار
بکرات بمنزلِ ما آمدہ است:وہ کئی بار ہمارے گھر آیا ہے
کرت:حملہ، جنگ، یورش (کرات جمع)
کرتا:عزم، ارادہ، قصد
کرتانہ:ٹوکرا (مرغیوں کو بند کرنے کے لیے) پرندوں کا دڑبا
کرج:بٹن، پیرہن کا چاک
کرِج:قاش، ٹکڑا
کرجفو:بلدر چین، ایک پرندہ ہے جو کھیتوں ہی میں بسیرا کرتا ہے، بٹیر
کُرجن:غضروف، نرم ہڈی، لچکدار ہڈی
کرجی:چھوٹی کشتی، قایق
کرجی بان:کشتی چلانے والا، ملاح
کُرج:قاش، ٹکڑا تربوز یا خربوزہ وغیرہ کا
کرج:انڈے سینے والی مرغی
کرچک:ارنڈ کا درخت، کیسٹر کے بیج
روغن کرچک: کیسٹر آئل، دوای مسہل
کرچہ:درختوں کی شاخوں سے بنایا ہوا جھونپڑا جو کاشتکار کھیتوں کے قریب بنا لیتے ہیں
کرَخ:جسم کا عضو جو بے حس ہو گیا ہو
کرَخت:سست، بے حس
پایش کرخت شد:اس کا پاؤں بے حس ہو گیا ہے
کرختِگی:کرختی، بے حسی کی کیفیت
کرخہ:خوزستان کا دریا
کرد:کردن= کرنا سے ماضی مطلق، کیا، اس مرد یا عورت نے کیا
کُرد:کردستان کا رہنے والا (اکراد جمع)
کردار:عمل، کام، فعل، طور طریقہ، انداز
کردر:زمین جہاں مٹي کے انبار ہوں، بیابان
کُردستان:مغربی ایران کا ایک صوبہ
کرد ستانی:کردستان کا رہنے والا، کردستان سے متعلق
کرِدک:معمہ، چیستان، لُغز
کردگار:پیدا کرنے والا، پروردگار، ذات باری تعالی

کردگاری: اللہ تعالی کی قدرت

صفات کردگاری: اللہ تعالی کی صفات

کِردگر: کردگار کا مخفف

کردن: کرنا

برای نجاتِ او چه کردید: اس کے بچاؤ کے لیے آپ نے کیا کچھ کیا

دیدن کردن: ملاقات کے لیے جانا

فعلاً کاری نمی توان کرد: موجودہ وقت میں وہ کچھ نہیں کر سکا

مکن انگشت در سوراخ کژدم: بچھو کے سوراخ میں انگلی نہ ڈالو

وضع کردن: (حکومت یا کاروبار وغیرہ کو) مستقل بنیاد پر قائم کرنا

کردَنک: احمق، ابلہ، بے وقوف

کردنک: جس کے چہرے پر چیچک کے داغ ہوں، بد قیافہ، بد شکل

کردنی: کرنے کے قابل

ذکر کردنی: قابل ذکر

قبول کردنی: قبول کرنے کے قابل

کارکردنی را باید کرد: جو کام کرنے کے لائق ہو اسے کرنا چاہیے

کردو: ساحل پر بویا ہوا قطعہ زمین

کرده: کیا گیا، کیا ہوا

او از کرده خود پشیمان است: وہ اپنے کیے پر پشیمان ہے

خود کرده راعلاجی نیست: خود جو کام کیا ہو یا ناروا کام کیا ہو تو اس کا کیا مداوا ہو سکتا ہے

دعا کرده: دعا کی

کارکرده: کام جو ہو چکا ہے

کرده کار: تجربہ کار، ماہر

کُردی: کردستان کے لوگوں کی زبان، کردی زبان

کرزمان: آسمان، سپہر، عرش

کُرس: میلے غلیظ کپڑے یا بدن

کُرستِ: عورتوں کا شلوکا، انگیا، ایک قسم کی پیٹی جو عورتیں کمر سے لے کر چھاتی تک کے حصہ جسم پر کس کر باندھتی ہیں تاکہ جسم تنا رہے اور معقول معلوم ہو، کمر بند

کرسَنِه: چنون وغیرہ کی قسم کے دانے جو جانوروں کے چارے کے کام آتے ہیں

کُرسی: صندلی، آرام دہ چوکی، چھوٹا تخت

کرسی خاک: زمین

کرسئی خطابه یانطق: خطبہ گاہ، منبر، واعظ یا خطیب کے خطبہ دینے کی جگہ

کرسئی فلک: آسمان

برکرسی نشاندن: تخت یا کرسی پر بٹھانا

بر کرسی نِشستن: کرسی پر بیٹھنا، تخت پر بیٹھنا

کرسی پا: سٹول، چار پایہ

کرسی نشین: منصب سنبھالنے والا، جسے منصب سپرد کیا گیا ہے

کُرَش: فریب، چاپلوسی، خوشامد، تملق

کرِش: علف خوار جانوروں کا معدہ

کِرشمِه: نازو غمزہ، اشارہ چشم و ابرو، عجیب بات

کرشمه کردن یا زدن: نازو ادا کرنا، ایک محاورہ ہے "بیک کرشمه دو کار" نازوادا سے ایک کے بجائے دو کام لیے جا سکتے ہیں، انگریزی میں

اسے اس طرح ادا کیا گیا ہے "ایک پتھر سے دو پرندے مارنا"

کرشونی: عربی زبان جو سریانی حروف میں لکھی گئی ہو

کرشیدن: دھوکا دینا، فریب دینا، چاپلوسی کرنا

کرع: (ع) منہ پانی میں ڈالنا اور پینا

کرَف: ایک قسم کا پودا

کرِفت: گندہ، غلیظ، نجس، نا پاک، پلید

کرَف زار: جہاں، بہت سے کرف کے پودے اگے ہوں

کرَفس: اجوائن، اجوائن خراسانی

کرفہ: ثواب، نیکو کاری کا صلہ، نیک کام

کُرک: پشم، نرم اور لطیف اون

کَرک: بنیر، بلدر چین

کُرکُر: سوتی کپڑا

کرکرانک: نرم ہڈی

کرِکر، کرکرہ: بد تمیزی کی ہنسی

کرکر خندہ کردن: بد تمیزی سے ہنسنا

کُرکی: اونی

غالیچہ کُرکی: ملائم اون کا بنا ہوا قالین

کرگ، کرگدن: گینڈا

کرگس: گدھ، مجازاً حریص اور موذی شخص

کرَم: (۱) بخشش، عنایت، مہربانی، لطف (۲) بزرگی

صاحبِ کرم: فیاض، سخی

کرم کردن: مہربانی کرنا، بخشش کرنا

کرِم: کیڑا

کرم ابریشم، کرم پیلہ: ریشم کا کیڑا

کرم امعاد: کرم جو آنتوں میں پیدا ہوتا ہے کیچوا

کرم خاکی: کیچوا، زمینی کیڑا، حشرات الارض مجازاً ذلیل آدمی

کرم خوردن: کیڑوں سے کھایا جانا

کرم خون: خون کا جرثومہ

کرم ریختن: جنسی خواہش کا اظہار کرنا

کرمِ شب تاب، کرمکِ شبِ تاب، کرم شب افروز: جگنو

کرم کدو، کرم یکتا: فیتہ نما کرم جو آدمی یا بڑے جانوروں کے پیٹ میں پیدا ہو جاتے ہیں، کیچوے

کرم کاری کردن: کرموں کے تجزیے میں مہارت حاصل کرنا

کرم کُشتن: جنسی خواہش کا پورا کرنا

کَرم: (ع) انگور (کروم جمع)

کرَماء: (ع) کریم کی جمع، سخاوت کرنے والے، فیاض

کرِم دانہ: سیاہ رنگ کے بیج جو دوائی کے طور پر استعمال ہوتے ہیں

کرِمان: ایران کا جنوب مشرقی صوبہ اور شہر

کرِمان: کرم کی جمع، کیڑے

کرِمانشاہ: ایران کے مغربی حصے کا صوبہ اور شہر

کرمانشاہی: کرمانشاہ کا باشندہ، کرمانشاہ سے متعلق

کرِم انداز: کرموں سے نجات دلانے والا

کرمانی: کرمان کا رہنے والا، کرمان سے متعلق

غالیچہ کرمانی: کرمان کا بنا ہوا قالین

کرَم پیشہ: فیاض، سخی، سخاوت پیشہ

کرِم خور: کیڑے مارنے والی دوا

کرم خوردگی: جن چیزوں کو کرموں نے کھا لیا ہو، کرموں کی کھائی ہوئی

کرم خوردہ: جسے کرموں نے کھایا ہو

کرَم شعار: فیاض، سخی، کھلے دل سے دوسروں کے لیے

خرچ کرنے والا

کِرم شناس: کرموں کے تجزیے کا علم رکھنے والا

کِرم شناسی: کرموں کے تجزیے کا علم

کِرمک: چھوٹا کرم

کَرم کار: کرم پیشہ، فیاض، سخی

کِرم کُش: کرموں کو مارنے والی دوا

کِرم کشی: کرموں کو ہلاک کرنا

کَرم گُستر: کرم پیشہ، فیاض، سخی، ہر ایک سے مہربانی کرنے والا

کِرم مانند: کیڑوں کی طرح

کِرمند: بہت جلدی کرنے والا، شتابکار، تند و تیز

کِرمُو: کرموں کا کھایا ہوا

کرمُوش: چھچھوندر، چھچھوندر کی کھال

کِرمی: جس میں کرم ہوں

کرمِینہ: کرم شناسی

کرنا، کُرنا: ترم، تری، بگل، ترمچی

کرنا نواختن یا زدن: ترمچی یا بگل بجانا

کُرنج: حنظل، تلخ پھل، اندرائن، ہندوانہ ابوجہل

کرنجو: کابوس، ایک قسم کی بیماری جس میں مریض کو سوتے ہوئے یہ محسوس ہوتا ہے کہ اسے کسی نے دبا لیا ہے اور وہ ڈر کر چیخنے لگتا ہے

کُرَند: (۱) سرخی مائل بادامی رنگ کا گھوڑا (۲) گھوڑ دوڑ کا میدان، ریس کورس

کُرنِش: (ت) آداب بجا لانا، بغرض احترام سر جھکانا

کُرنش کار: چاپلوس، خوشامدی

کُرو: جس سے جوتی ہوئی زمین کو ہموار کرتے ہیں، سہاگا

کَرو: چھوٹی کشتی

کِرو: دانت کی کھوکھ، کرم خوردہ دانت

کُرُوب: جمع کرب دیکھیے کرب

کرُوبی: (ع) بارگاہ الٰہی کا مقرب فرشتہ (کروبیان جمع) فرشتگان مقرب

کرُوت: فربہ، موٹا

کرُوج-کروچ: دانت پیسنا، چبانے کی آواز

کرُور: کروڑ

کروڑہا: اربوں، لا تعداد

کرُوز: خوشی، طرب، نشاط

کرُوش: کرش کی جمع، دیکھیے کرش

کرّوفر: دشمن سے گریز کرکے اس پرحملہ کرنانیز شان و شکوہ، جاہ و جلال

کرُوک: بگھی کا پردہ

کِرَوکِر: زندگی بھر گھسٹتے جانا، پریشانی میں وقت گزارنا

کروکو ڈیل: (انگ) مگر مچھ

کروم: کرم کی جمع

کرونِدہ: لیموں کی طرح کا خاردار درخت

کرُوہ: (۱) ایک کوس، فرسنگ کا تیسرا حصہ (۲) گھونسلا، آشیانہ، لانہ

کروی: کروی شکل، کرہ نما، مدوّر

کرویا: زیرہ سیاہ، زیرہ کرمانی

کرویات: کروی کی جمع

کرویت: کروی شکل کا ہونا

کُرہ: (۱) مکھن (۲) پھپھوندی لگا ہونا، فرسودہ

کرّہ آب کردہ: گھی

کرہ کاو: صاف کیا ہوا مکھن

کرہ گرفتن: مدھانی سے مکھن نکالنا

کرہ مالیدن: مکھن ملنا، خوشامد کرنا

کُرہ: گول چیز، گولا، آسمان، فلک، جرم فلکی، جرم سماوی، زمین یا افلاک کا کرہ، شفاف کروں میں سے کوئی ایک کرہ جو قدیم منجمین کے اعتقاد کے مطابق، زمین کے گرد گھومتے تھے

کرہ ارض: کرہ زمین (کرہ کی جمع کرات)

کرات آسمانی: اجرام فلکی

شِبہ کرہ: کرہ نما، ایسی شکل جو کرہ کے قریب قریب ہو

نیم کرہ: نصف کرہ، نصف کرہ فلکی، آسمانی کرے کا نصف حصہ نصف الارض، نصف کرہ ارض

کُرہ: (ع) کراہت، نفرت، جو چیز بری لگے

کُرّہ: گھوڑے گدھے کا بچہ، بچھیرا

کرہ اسپ: بچھیرا

کرہ الاغ: خچر کا بچہ

کرہ خر: گدھے کا بچہ

کرہ دریائی: دریائی گھوڑا

کرّہ: ایک وقت، ایک مرتبہ

کرہ دار: چکنا، چپڑا

کرہ ساز: مکھن نکالنے والا

کرّہ نا: دیکھیے کرنا

کری: بہرہ پن، سنائی نہ دینا یاکم سنائی دینا

کِریاس: آستانہ، درگاہ، دربار، مہمان نوازی کا کمرہ، کمرہ پذیرائی، بالائی منزل کاخلوت خانہ، بالائی منزل

کُریان: قربان، قربانی، فدا

کریچ: کریچہ، جھونپڑا، سائبان، آسرا، چھپرا جو درخت کی شاخوں سے بنا لیا جاتا ہے

کُریز - کریزہ: شکاری پرندوں کا پر جھاڑنا

کُریزی: بوڑھا شخص، خمیدہ قامت

کرِیسیدن: بہلانا، پھسلانا، منحرف کرنا، گمراہ کرنا، فریفتہ کرنا

کرِیشک: (۱) چوزہ (۲) جنگجو شخص

کریِم: (ع) فیاض، سخی، رحمدل، بخشش کرنیوالا، بزرگ

خدا کریم و رحیم است: خدا کرم کرنے والا اور رحم کرنے ولا ہے

کریمُ النّفس: (ع) نیک نفس، بزرگ منش

کریمانہ: فیاضانہ

کریمانہ از خطاہای آنان در گذشت: اس نے فیاضانہ طور سے ان کی خطا معاف کر دی

کریمہ: مونث کریم

کریمی: بخشش، عطا، سخاوت، فیاضی، صفت کریمانہ

کرِیھہ: (ع) قابل نفرت، نفرت انگیز، کراہت آمیز

کریھہُ الصّوت: (ع) کرخت آواز والا، بری آواز والا

کریھہ المنظر: (ع) بد صورت، بد نما، مکروہ، بھیانک، وحشت انگیز

کرئی: دیکھیے کروی

کز: کثر، کج، تیڑھا، خمیدہ

کز: ک از

کِز: جھلسنا، جھلسانا، خفیف سا جلنا، جلانا، داغ لگ جانا

کزدادن: خفیف سا جلانا

کز کردن: : ٹھوسنا، سمٹنا، سکڑنا کسی تنگ جگہ پر اپنے آپ کو ٹھونسنا

کُزاد: پرانا لباس

کُزاز: ایک مرض جس میں بعض اعصاب میں خشکی، درد اور سوزش پیدا ہو جاتی ہے

کزازی: تشنج کی کیفیت، جلد کی خشکی اور سوزش

کزآن: که از آن کا مخفف، که اس میں سے

کُزبُرہ: کشنیز، دھنیا

کزبُود: کد خدا، بزرگ، رئیس قبیلہ

کزَف: قیر، تارکول

کُزل: پنھا (گھاس کا) ایسا پودا جسکی جڑ سے بہت سی شاخیں نکلتی ہیں، متعدد تنوں کا پودا

کزلک: لمبے دستے کا چاقو، چھری

کزم: سبزہ جو ندی کے کنارے اگ آتا ہے

کزُوغ: گردن کا مہرہ

کزین: کہ ازیں،ک اس سے

کژ-کج: ٹیڑھا، خمیدہ

کژار: پرندوں کا پوٹا، چینہ دان

کژا غند، کجاغند: ایک قسم کا کپڑا جس کے نیچے روئی کے بجائے ریشم لگاتے تھے، اور جنگ کے موقع پر پہنتے تھے

کژدُم: بچھو

کژدُم زدِگی: بچھو کا کاتنا

کژدم زدِہ: جسے بچھو نے کاٹا ہو

چارہ کژدم زدہ، کشتنِ کژدم بود: بچھو کے کاٹے کا علاج تو یہی ہے کہ بچھو کو مار ڈالا جائے

کژدم گزیدِہ: کژدم زدہ

کژدُمِہ: انگلی کی سوجن، آماس انگشت، ناخن کی جڑ میں زخم اور ورم

کژک: کجک، مڑا ہوا، خمدار کانٹا، آنکڑا جس سے ہاتھی کو چلاتے ہیں

کژمژ: مڑا ہوا، خمیدہ

کژمژبان: بچہ جو ابھی درست بول نہیں سکتا

کژہ: کژک، کجک

کژی: کجی، ٹیڑھاپن

کژین: کجین، ٹیڑھا، خمیدہ

کس: شخص، ساتھی، حاضر باش (کسان جمع)

کسان خود را بہ کمک خواست: اس نے اپنے ساتھیوں کو مدد کے لیے بلایا

ہرکس: ہمہ کس، سب

ہرکس خدا را دوست دارد، بندہ او را دوست دارد: جو خدا سے محبت کرتا ہے، بندہ خدا اس سے محبت کرتا ہے

ہرکس و ناکس: شریف اور کمینے سب

ہمہ کس: ہر ایک، سب کے سب

راز خود را بہ ہمہ کس مگو: اپنا بھید ہر کسی کو نہ بتاؤ

ہیچ کس باین زودی نخواہد آمد: کوئی بھی اتنی جلدی نہیں آئیگا

کساد: مندا ہونا، بے رونقی، بازار میں اشیا کی خرید و فروخت کا نہ ہونا یا بہت کم ہونا، بکری نہ ہونا

کساد شدن: بے رونقی ہونا، بازار مندا پڑنا

کساد کردن: بے رونقی پیدا کرنا

کسادی: مارکیٹ کی بے رونقی، بکری نہ ہونا، مندا ہونا

کسالت: سستی، آلکسی، نا سازی طبع، بے رغبتی، بے دلی

کسالتِ خواب: غنودگی، سستی

کسالت داشتن: طبیعت کا نا ساز ہونا، رغبت نہ ہونا

دیروز کسالت داشتم نتوانستم بیایم: کل میری طبیعت نا ساز تھی میں آ نہ سکا

کِساء: (ع)جامہ، لباس

کسب:(ع) کاروبار، پیشہ تجارت، محنت کرنا، کام کرنا، حاصل کرنا، کوئی چیز فراہم کرنا

کسب از نوکری بھتر است:کاروبار کرنا نوکری سے بہتر ہے

کسبِ علم:علم حاصل کرنا، تحصیل علم کرنا

کسب کردن:محنت کرنا، کمائی کرنا، سیکھنا

کسبَت:(ع) کوئی پیشہ جس سے کچھ حاصل ہو

کسبِ معاش:روزی حاصل کرنا

کسبہ:(ع) کاروبار کرنے والے، تجارت کرنے والے (کاسب کی جمع) تجارت پیشہ افراد

کسبی:تجارت سے متعلق

مسائل کسبی:تجارت یا کاروبار کے مسائل

کُستی:کمر بند

کَستیمہ:خاص قسم کے سہ گوشہ یا چہار گوشہ کانٹے جنھیں اونٹ بڑی رغبت سے کھاتا ہے، بھکڑا وغیرہ

کسر:(ع) توڑنا، ٹوٹ جانا، کم ہونا، تفریق، ضرر، کمی

کسراعشاری:ڈیسیمل فریکشن

کسربسیط:سمپل فریکشن

کسر غیر بسیط:کمپلیکس فریکشن

کسرش می شود کہ شکایت کند:وہ اپنے وقار کے خلاف سمجھتا ہے کہ شکایت کرے

کسرشان:وقار کے خلاف

کسرشدن:وضع ہو جانا، گھٹنا دینا، منہا کر دینا

کسر عمل:گھاٹا، خسارہ، کمی

کسر نفس:عاجزی، انکساری، شرم، ذلت

پنج در صد زین مبلغ کسرخواہد بود:اس رقم میں سے پانچ فی صد رقم وضع کی جائیگی

کسرَہ:(ع) علامت زیر جو حرف کے نیچے ہوتی ہے

کسرہ:کسی ٹوٹی ہوئی چیز کا کوئی ٹکڑا (کسرت جمع)

کِسری:ایران کے ساسانی بادشاہوں کا لقب، نوشیرواں کا لقب

کسف:(ع) کسوف، سورج گرہن

کسِل:(ع) ماندگی، تکان، سستی، آرام طلبی، الکسی، ناسازی طبع، کاہلی، خستگی

کسل شدن:تھک جانا، تکان ہونا، دلچسپی ختم ہو جانا

کسل کردن:تھکاوٹ محسوس کرنا

صحبت طولانی او مرا کسل کرد:اس کی طویل گفتگو نے مجھے تھکا دیا، خستہ کر دیا

کسل کنندہ:تھکا دینے والا، ناگوار، دوبھر، تکلیف دہ، اجیرن، بار خاطر

کسلان:(ع) کسل، ناتوانی، سستی

کسماتیک:کاسمینک

کسمہ:بالوں کی لٹ جو رخساروں پر لٹک آئے

کسَندر:نا اہل، نا قابل، نا اہل

کسَنک:گرسنہ

کُسوَت:(ع) لباس، جامہ، پوشش، مثال:

عشق است و بس کہ در دو جہان جلوہ میکند
گہ از لباسِ شاہ گہ از کسوتِ گدا

بس عشق ہی ہے کہ دونوں جہانوں میں اس کا جلوہ کبھی شاہانہ لباس میں ہوتا ہے اور کبھی گدایانہ لباس میں

کسوت گری:لباس کی مرمت کرنا، اصلاح کرنا

کسُور:(ع) کسر کی جمع

کسُوف:(ع) سورج گرہن

کسوفِ جزی:نا مکمل سورج گرہن

کسوفِ کلی: مکمل سورج گرہن

کس و کار، کس و کوی: قرابت داران، دوستان

کسَہ: کشہ، آسانی

کسیل: :گسیل، بھیج دینا، ارسال کرنا، روانہ کر دینا

کش: کشیدن=کھینچنا سے فعل امر، کھینچو

سیم کش: تار کھینچنے والا

سیگارکش: سگار کے کش لگانے والا

کَش: بغل، سینہ، مثال:

کجا چو سرو درین روزگار آزادی است

بہ بندگی تو استادہ است ہرکش باد

اس زمانے میں سرو کی طرح آزادی کسے حاصل ہے، تیری اطاعت اور تو اور، ہوا بھی اسے سینے کے ساتھ لگائے رکی کھڑی ہے

کش: لچکدار فیتہ، ربڑ

کش: (۱)لفظ کے اوپر جو خط کھینچا جائے (۲)ایسی کھڑکی جس میں اوپر نیچے کھسکنے والے آئینہ دار پٹ ہوں (۳)کھینچنے کا عمل (۴)چرانا، چھپانا

پیراہن کش: جیکٹ واسکٹ

کش آوردن، کش دادن: ایلاسٹک کی طرح باہر کو کھینچنا

کش رفتن: چُرانا، چھپا لینا

کش: کاش کا مخفف

کِش: کیش کا مخفف

کُش: کشتن=مار ڈالنا سے فعل امر، مخفف بکش، مار دو

آدم کش: انسانوں کو مار دینے والا

کشاب: کشو، (دراز) میز کی دراز

کشّاف: کھولنے والا، ظاہر کرنے والا، تحقیق کرنے والا، قرآن مجید کی ایک تفسیر کا نام جو زمخشری کی تالیف ہے

کشاکش: جدوجہد، کھینچا تانی، آمد و رفت کی دھکا پیل

کشاکشِ دہر: جہد للحیات، زندگی کی جد و جہد

کشاکش کردن: بہت کوشش کرنا، قابو پانے یا غالب آنے کی سعی کرنا

کشالِہ: کشش، طول دینا

کشان: کھینچتے ہوئے

کشاندن: کھینچنا، طول دینا

بازی تا پنج روز کشاندہ شد: کھیل پانچ روز تک کھیلا گیا

کشاں کشاں: کھینچتے ہوئے

کشان کشان او را پیشِ حاکم بردند: اسے کھینچتے ہوئے افسر کے پاس لے گئے

کشانیدن: کشاندن

کشاوَرز: کسان، کاشتکار

کشاورزی: کاشتکاری

کِشت: کھیتی باڑی

کشت کردن: کھیتی باڑی کرنا

کُشت: ہلاک کر دیا، ہلاک کرنے کا عمل

کُشتار: قتل، ہلاکت، خونریزی

کشتار کردن: قتل عام کرنا، ہلاک کرنا

کشتار گاہ: جس جگہ پر قتل ہوا ہو

کِشتبان: کاشتکار

کِشت زار: زمین جسمیں بیج بوئے گئے ہوں

کشتکار: کسان، کاشتکار

کِشتکاری: زراعت، کھیتی باڑی

کُشتگان: کشتہ کی جمع، مقتولین

کُشتگی: ہلاکت، قتل

کِشتمندی: زمین جس میں زراعت ہوئی ہو

کُشتن: ہلاک کرنا، قتل کرنا، بجھا دینا، غالب آنا

آتش کشتن: آگ بجھا دینا

بخیانت او راکشتند: دھوکے سے انھوں نے اسے قتل کر دیا

شمع را کشتن: شمع کو بجھا دینا

نفس کشتن: نفسانی خواہشات پر غالب آنا

کِشتن: کاشتن، کھیتی باڑی کرنا

کُشتنی: جسے ہلاک کر دینا ہی مناسب ہو

کشتُو: انگور جو ابھی پکے نہ ہوں، نارسیدہ انگور

کشتُوک: کچھوا، لاک پشت

کِشت و کار: کشتکاری، کاشتکاری، کھیتی باڑی کا کام

کُشتہِ: مقتول، جسے مار ڈالا گیا ہو

کشتہ راہِ خدا: شہید جس نے اللہ کی راہ میں جان دی ہو

کشتہ شدن: مارا جانا

کشتہ عشق: جس نے محبت میں جان دی ہو

کِشتہِ: بوئی ہوئی فصل، کاشت کی ہوئی

کِشتہ خود درو خواہی کرد: جو کچھ بویا ہے، وہی کچھ کاٹو گے

کِشتہ: خشک کیا ہوا میوہ

کشتی: فارسی میں جہاز کے معنوں میں بھی آتا ہے، سفینہ، لکڑی کی بنی ہوئی ناؤ جس میں مسافر اپنا سامان لے کر بیھٹتے ہیں اور ملاح دریائی مسافت طے کرنے کے لیے اسے دریا میں ڈال دیتا ہے

کشتیِ باری: کرایے پر بوجھ لے جانے والی ناؤ

کشتیِ بُخار: دخانی کشتی، سٹیم سے چلنے والی کشتی، جہاز

کشتیِ پاچاری: ڈاک وغیرہ لے جانے والی کشتی

کشتیِ تجارتی: تجارت کی غرض سے چلنے والی ناؤ

کشتیِ حمل آب: ٹینکر جس میں پانی بھر کر لایا جاتا ہے

کشتیِ زرہ پوش: ناؤ جسے لوہے کے پتروں سے محفوظ کیا گیا ہو

کشتی راندن: ناؤ چلانا

کشتیِ گذارہ: دریا عبور کرنے والی کشتی

کشتیِ ماہی گیری: مچھلیاں پکڑنے میں استعمال ہونے والی ناؤ

کشتیِ نوح: حضرت نوح(ع) کی کشتی

کشتیِ یدک: چپوؤں سے چلنے والی ناؤ

بآب آنداختن کشتی: ناؤ کو دریا میں ڈالنا

بار کشتی: ناؤ یا جہاز میں بوجھ لادنے والا سامان

عملہ کشتی: جہاز چلانے والا عملہ، ملاح مانجھی

کُشتی: زور آزمائی، پہلوانوں کا زور آزمائی کے لیے گتھنا

کَشتیبان: جہاز کا کپتان، نا خدا

کشتیبانی: جہاز کے کپتان کا منصب

کَشتیران: جہاز ران، کشتی چلانے والا، ملاح

کشتیرانی در دنیا: دنیا کے گرد جہاز میں سفر کرنا

کشتیرانی در طول ساحل: دریا کے کنارے کنارے جہاز یا کشتی چلانا

قابل کشتی رانی: جہاز یا کشتی چلانے کی صلاحیت رکھنے والا

کشتی ساز: جہاز یا کشتی بنانے والے

کشتی سازی: جہاز یا کشتی بنانا

محل کشتی سازی: کارخانہ جہاں جہاز یا کشتیاں بنائی جاتی ہیں

کشتی شکستگی: جہاز کا پامال ہونا

کشتی شکستہ: جس کی کشتی پامال ہو گئی ہو مجازاً تباہ حال، شکستہ خاطر، نا امید، مایوس

کشتی کَش: کشتی کو کھینچنے والا

کشتی گاہ: لنگر گاہ، بندر گاہ

کشَتی گر: ناؤ یا جہاز بنانے والے

کُشتی گیر: پہلوان، مقابلے کے لیے زور آزمائی کرنے والے

کُشتی گیری: مقابلے کے لیے کشتی کرنا، زور آزمائی کرنا

کَشتی نِشستہ: کشتی میں سوار

کشنج: رسی جس پرانگوروں کی بیل کو پھیلایا جاتا ہے

کَشخان: بے غیرت شخص، دیوث

کشِش: کشیدن=کھینچنا سے حاصل مصدر (۱) کھنچاؤ، کھنچاؤ کی قوت، جذب کرنا (۲) نازو غمزہ

کشش اِتّصال: وہ قوت جو اجسام کے اجزاے قریبہ سے باہم پیوست رکھنے میں اثر کرتی ہے

کشش ثقّل: وہ کشش جو اجسام کو بحیثیت مجموعی فاصلے سے ایک دوسرے کی طرف کھینچنے میں اثر کرتی ہے

کشش کھربائی: کہربا کی ڈلی کو ریشمی کپڑے سے رگڑیں تو اس میں بھی ہلکی سی کشش آ جاتی ہے اسے کشش کھربائی کہتے ہیں، مقناطیسی قوت

کشش کیمیائی: وہ قوت جس سے دو یازیادہ اشیا مختلف الخواص کے ملنے سے ایک اور نئی شے پیدا ہو جائے جیسے ہائیڈروجن اور آکسیجن گیس کے ملنے سے پانی بن جاتا ہے

کشش مقناطیسی: چمبک پتھر کی وہ قوت جس کے ذریعے وہ لوہے اور پارے کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے

کشف: (ع) کھولنا، ظاہر کرنا، آشکار کرنا، دریافت، اصطلاح تصوف میں وہ درجہ یا منزل جس پر پہنچ کر غیب کے اسرار ظاہر ہو جائیں

کشف امریکہ: امریکہ کی دریافت

کشف کردن: دریافت کرنا، وہ درجہ حاصل کرناجس سے غیب کے آثار ظاہر ہوں

کشف و کرامات: اعجاز، تصرف اور خرقِ عادت، روحانی فیضان اور خرق عادت کا فیضان حاصل ہونا

رازہای طبیعی را کشف می کند:فطرت کے غیبی آثار اس پر ظاہر ہوتے ہیں

کشَف: کچھوا، سنگ پشت

کشَفتن: شگافتن، کھولنا، پھاڑنا، پراگندہ کرنا، پژمردہ کرنا

کشفی: دریافت کی قوت، کشف سے متعلق، جسے کشف کی قوت حاصل ہو

کشفیات: کشفی کی جمع، دریافت کی ہوئی تحقیقات، اتفاقات، آثار غیب کا علم، علمی تحقیقات

کشک: چھاچھ یا دہی جسے جوش دے کر خشک کر لیا جاتا ہے

کشک: : کوشک، بڑا مکان، قصر، محل

کشکاب: جو

کشکله: ایک قسم کا جوتا

کشکنجیر: منجنیق، گوپیا جس کے ذریعے دشمن پر سنگ اندازی کی جاتی ہے

کشکُول: بھیک کا کاسہ جو فقیروں کے پاس ہوتا ہے تاکہ جو کچھ ملے اس میں ڈال لیا جائے، بھیک حاصل کرنے کی طلب کی علامت

کشکولی: بھیک کے کاسے کی شکل کا

کشکی: غیر سنجیدہ

کشکی چیزی می گوید: وہ کچھ کہتا تو ہے لیکن سنجیدگی سے نہیں

کشکین، کشکینه: جو کی یخنی، جو کی روٹی

کِشمان: کشت مند، زمین جس میں زراعت ہوئی ہو

کِشمِش: ایک قسم کے سوکھے ہوئے انگور

کشمشی: کشمش کی طرح سوکھے انگوروں کی طرح

کشمکش: مرکب ہے کش اور مکش کا کنایۃً لڑائی، مجادلہ، آمیزش، تصادم، مخالفت وغیرہ

کشمکش کردن: جھگڑا کرنا، نوک جھونک کرنا

کشمیر: پاکستان و ہند کے شمالی علاقے کا ملک جو الحاق کے لیے فیصلہ طلب ہے

شال کشمیر: کشمیر کی بنی ہوئی شال

کشمیری: کشمیر سے متعلق، کشمیر کا رہنے والا

کشَن: فراخ، وسیع، بہت، انبوہ

کُشندہ: ہلاک کرنے والا

زہر کشندہ: ہلاک کر دینے والا زہر

گشندہ: دل کش

کشنیز: دھنیا

کشو: میز وغیرہ کے خانے، درازیں، بولٹ یا کنڈی جس سے دروازہ کھولتے اور بند کرتے ہیں

این میز چند کشو دارد: اس میز کے کتنے خانے ہیں

کش واکش، کش و واکش: جد و جہد، کشاکش

کشوث: ایک قسم کی بے پتی کی بیل، زردی مائل بیل جو پودوں پر چڑھ جاتی ہے اور ان کی نشو و نما روک دیتی ہے اکاس بیل

کِشوَر: ملک، علاقہ، ولایت

کشور پاکستان: سر زمین پاکستان، پاکستان کا ملک

کشور خدا: صاحب کشور

کِشورز: کشاورز، کسان، کاشتکار

کشور کُشا: ملک فتح کرنے والا، فاتح

کشور کشای: فتح و ظفر، نصرت

کشور گیر: فاتح، کشور کشا

کشور گیری: فتح و ظفر، نصرت، غلبہ

کشوری: ملکی، ملک سے متعلق

قانون اِستِخدام کشوری: ملکی حکومت کی ملازمتوں کا قانون

مُستخدِمین کشوری:ملکی حکومت کے ملازم
کَش و فَش:کروفر، شان و شکوہ، جاہ و جلال
کشہ:خط جو قلم یا کسی اور چیز سے کھینچ دیتے ہیں
کشی:خوبی، خوشی
کشیدِگی:کشش، کھنچاؤ، ملال، رنجیدگی، شکررنجی، ناراضی
کشیدن:کھینچنا، اٹھانا، طول دینا، اٹھا لے جانا، برداشت کرنا، جھیلنا
این کار دو روز خواہد کشید:اس کام میں دو دن لگیں گے
پاکشیدن، قدم کشیدن:کسی جگہ یا کسی شخص کو دیکھنے جانا ملتوی کر دینا یا وہاں جانے کا ارادہ ترک کر دینا
تصویر او را بکشید:اس کی تصویر کھینچیے یا بنائیے
خطی روی آن کاغذ کشید:اس نے اس کاغذ پر خط کھینچا
سختی ہای بسیار کشید:اس نے بہت سختیاں جھیلیں
قند را در ترازو کشیدند:چینی انھوں نے ترازو میں رکھی
قندِمابیش از دہ روز نکشید:ہماری چینی دس دن سے زیادہ استعمال نہ ہو سکی
کشیدِہ:کھینچا ہوا، لمبا
کشیدہ بالا:لمبا قد
کشیدہ حرف زدن:کھنچتے ہوئے انداز میں بات کرنا
کشیدہ قامت:لمبا قد
خط کشیدہ:جس لفظ پر خط کھینچا گیا ہو

صورت کشیدہ:لمبا چہرہ
کشِیش:مسیحی مذہب کا پیشوا، پادری، پریسٹ، اسقف، قسیس
کشیش ناحیہ یا محلہ:حلقے یا محلے کا پادری جسے کلیسا کیطرف سے مدد معاش ملتی ہے
کشیش بازی:مذہبی پیشوا کا دنیا دارانہ رویہ
کشیشی:پادری کا منصب
کشِیک:نگران، چوکیدار، محافظ، چوکس
کشیک دادن:نگرانی کا فرض ادا کرنا
کشیک کشیدن:نگرانی کرنا، چوکس رہنا، غافل نہ ہونا
در کشیک یا سرِکشیک بودن:نگرانی کے کام پر ہونا
کشیکچی:نگران، محافظ، پاسبان، قراول
کشیک خانہ:قراول خانہ، محافظوں کے رہنے کی جگہ
کظم:(ع) غصہ دبانا، غصے پر قابو پانا
کظم کردن:اپنے آپ پر قابو پا لینا
ہرگز نمی توانست کظم غیظ کند:وہ کبھی اپنے غصے پر قابو نہ پا سکا
کعاب:کعب کی جمع
کعب:ٹخنہ
استخوان کعب:ٹخنے کی ہڈی
کعب نیزہ:نیزے کا کندہ، نیزے کا نچلا حصہ
کعبُ الاخبار:(ع) خبریں پھیلانے والا
کعبتیَن:(ع) مکہ اور بیت المقدس
کعبہ:(ع)مکہ معظمہ کا بیت الحرام
کعَک:(ع) خشک نان، روغنی روٹی، پراٹھا
کعُوب:(ع) کعب کی جمع، ٹخنے

کف:جھاگ، بلغم، تھوک

کف بر دہن آوردن:غصے کی بنا پر منہ میں جھاگ آنا

کف دریا:سمندر کی جھاگ

کف صابون:صابون کی جھاگ

کف:ہتھیلی، تلوا، ترازو کا پلڑا

کفِ اطاق:کمرے کا فرش

کفِ بیضا:کف موسیٰ(ع)، حضرت موسیٰ کا سفید ہاتھ معجزہ

کف پا:پاؤں کا تلوا

کف جادہ:سڑک

کف چوبی:لکڑی کا فرش

کف دست:ہاتھ کی ہتھیلی

کف زدن:تالی بجانا

کفِ زمین:سطح زمین

کف شناس:ہاتھ دیکھ کر واقعات کا اندازہ کرنے والا

با کف و ہلہلا مجلس ختم شد:تالیاں بجاتے ہوئے تحسین کے نعروں کے ساتھ مجلس ختم ہوئی

بکف آمدن:حاصل ہونا

بکف آوردن:حاصل کرنا

بکف رفتن:چرا لینا، چکمہ دینا

علم کف:ہاتھ دیکھنے کا علم، کف بینی

کف:رکنا، ضبط کرنا، غصہ پی جانا، باز رہنا، پرہیز کرنا، احتراز کرنا

کف نفس کردن:اپنے آپ پر قابو رکھنا

کف:کھانسنا

کف و کف سرفہ کرد:وہ کھانستا اور کھانستا رہا

کفا:(ع) سختی، رنج، محنت، دل تنگی، مثال:

جہان بعدل تو گشت آنچنان که ممکن نیست

که بر دلی رسد از جور روزگار کفا

تیرے عدل و انصاف کی وجہ سے یہ ممکن نہیں کہ زمانے کی سختی کی بنا پر کسی کو رنج پہنچے

کفا:(۱)جزا دینا، (۲)مثل، نظیر، ایک جیسا ہونا

کفات:کافی

کُفّار:(ع) کافر کی جمع

کُفّارَت، کفارہ:(ع) گناہ کا بدلہ، تلافی، ہرجانہ

کفارہِ آمیز:تلافی کے طور سے

کفارہ کردن:بدلہ ادا کرنے سے خلاصی پانا، نجات حاصل کرنا

کفارہ گناہان:گناہوں کی تلافی کرنا

کفّاش:کفش دوز، موچی

کفّاشی:موچی کا کام، کفش دوزی

کفاف:(ع) کافی ہونا، کفائت

کفاف دادن، کفاف کردن:کافی ہونا، خوراک کی مقدار جو انسان کے لیے کافی ہو

آن مقدار نان آنہا را کفاف نمی دہد:خوراک کی اس قدر مقداران کے لیے کافی نہیں

کفالت:(ع) کفیل ہونا، ضمانت

کفالت کردن:ضمانت دینا، ضامن بننا

کفالۃً:(ع) کفالت کے طور پر

کفالت نامہ:ضمانت نامہ، ضمانت کی دستاویز

کفالتُ النفس::(ع) ذاتی ضمانت

آیاشما کفالت او خواہید کرد:کیا تم اس کی ضمانت دو گے

کفانہ: مردہ بچہ جو ماں کے پیٹ سے نکلے

کفانیدن: چیر پھاڑ دینا، مثال:

ہر آن سر کہ دارد خیالِ گریز
بباید کفانیدن از تیغ تیز

جس کے دل میں فرار یا اجتناب کاخیال ہو، اس کا سر تیز شمشیر سے الگ کر دینا چاہیے

کفایَت: (ع) کافی ہونا، جز رسی، بچت

کفایت است: کافی ہے

کفایت شدن: کافی ہونا

کفایت کردن: کافی ہونا، کافی سمجھنا

این مارا کفایت خواہد کرد: یہ ہمارے لیے کافی ہو گا

بقدر کفایت: اتنا جو کافی ہو

بقدر کفایت نان ہست: اتنا کھانا ہے جو کافی ہو

کف بِین: ہاتھ دیکھنے والا، کف شناس، پامسٹ

کف بینی: ہاتھ دیکھنا، کف شناسی، ہاتھ دیکھنے کا علم، ہاتھ دیکھ کر غیب کی باتیں بتانا

کِفت: کندھا

کَفتار: قوی جثہ، درندہ، کنایۃً بے رحم، ظالم، دغا باز، لٹیرا

کَفتَر: کبوتر

کفتر باز: کبوتر باز

کفتری: کبوتری

کُفتن: کفیدن، تڑکنا، پھاڑنا

کُفتن: کوفتن، کوٹنا

کُفتیدن: کفتن

کفج، کف: جھاگ، پانی کی سطح کی جھاگ، صابون کی جھاگ

کفچَلیز: دودھ کی بالائی اتارنے والا چھوٹا چمچہ

کفچِہ: کف گیر، بالائی اتارنے کا چمچہ

کفچہ مار: سانپ جس کا سر چمچے کی طرح چوڑا ہوتا ہے

کفدار: جس میں جھاگ آئے، ہیجان خیز، پر اضطراب

کف دستی: ہاتھ پر چھڑی مارنے کی سزا

کف دستی زدن: سزا کے طور ہاتھ پر چھڑی مارنا

کُفر: (ع) خداوند تعالی کی وحدت سے انکار، کافری، خلاف ایمان بات کرنا

کفر گفتن: کفر بکنا، کفر کا جملہ کہنا، اللہ تعالی کی وحدانیت سے انکار کی باتیں کرنا، بے حرمتی کرنا، بے ادبی کے کلمات کہنا

کفر آمیز: کفر یا بے ادبی کے کلمات

کُفران: (ع) ناشکری، نا سپاسی، حق ناشناسی

کفرانِ نعمت کردی: تو نے نعمت کا شکر ادا نہیں کیا، منعم کی نا شکری کی

کف رَو: تلووں کے بل چلنے والا

کف روان: تلووں کے بل چلنے والا جانورمثلاً ریچھ

کُفر گوی: کفر بکنا، اللہ تعالی کی وحدانیت سے انکار کی باتیں کرنا

کفرگ: پاؤں تلے کی رگ

کُفرہ: (ع) کافر کی جمع

کُفری: (ع) کفر کی باتیں کرنے والا، کافر

کُفری، کفرا: (ع) درخت کا شگوفہ

کفش: جوتا

کفشِ اطاق: (یا راحتی) سلیپر

کفشِ پارچہ ای: کپڑے کا جوتا

کفش پاکردن: (یا پوشیدن) جوتا پہننا

کفش تاپعا: جوتا جو موزوں نہ ہو

کفش چوبی: لکڑی کا پاؤں پوش، کھڑاؤں

کفش راحتی: سلیپر

کفش کسی را جُفت کردن: کسی کے سامنے اس کے جاتے وقت اس کا جوتا رکھنا

کفش کندن: جوتا اتارنا

کفش یخ بازی: برف پر چلنے یا پھسلنے کا جوتا، سکیٹ

پاتُوی کفشِ کسی کردن: کسی دوسرے کے معاملے میں دخل دینا، یا اسے برہم کرنا

ہر دو پا را در یک کفش کردن: مجازاً اپنی بات پر اڑے رہنا

کفش بان، کفش دار: جوتوں کی حفاظت کرنے والا

کفش پاک کن: دروازے پر رکھنے کا پاانداز جس سے جوتے صاف ہو جاتے ہیں

کفش دُوز: جوتے سینے والا، موچی

کفش دوزی: جوتے سینے کا کام

کفشک: چھوٹا جوتا

کفش کن: دہلیز

کفشگر: کفش دوز، موچی

کفشیِر: ٹانکا، دھات جوڑنے کا مسالہ

کفک: پانی یا صابون کی جھاگ، پھپھوندی

کفک زدگی: پھپھوندی لگنا، بوسیدہ، فرسودہ

کفک زدہ: جسے پھپھوندی لگی ہو، بوسیدہ، فرسودہ دقیا نوسی

کف کُوب: پاؤں تلے کی جلن

کف کوب: ہتھیلی کا چھل جانا، زخم آنا

کفگیِر: دودھ کی بالائی اتارنے کا چمچہ

کفَل: (ع) سرین، چوتڑ (اکفال جمع)

کفلیز: کف گیر

کف مال: کف کوب

کفَن: (ع) مردے کا لباس جس میں لپیٹ کر اسے دفن کرتے ہیں

کفن دُوز: مردے کا لباس سینے والا

کفُو: (ع) برابر کا، ہم پلہ (اکفا جمع)

ہم کفو: ایک ہی درجے کے

ازدواج باغیر ہم کفو: غیر متناسب شادیاں

او بآن زن ہم کفو نیست: وہ اس عورت کا جوڑ نہیں، ہمسر نہیں

کفُور: (ع) ناشکرگزار، کافر، حق ناشناس، ناسپاس

کفوف: (ع) دیکھیے کف

کفِہ: (۱) گندم یا جو جنھیں ابھی گاہانہ گیا ہو (۲) دف

کفہ: ترازو کا پلڑا

کفی: ہتھیلی سے متعلق

کفی: جھاگ دار

کفی: کافی

کفیدن: الگ ہونا، پھٹنا، تڑکنا

کفِیز: قفیز، پیمانہ،

کفِیل: (ع) (۱) ضمانت دینے والا، ضامن، کفالت کرنے والا (۲) قائمقام

کفیل خرج: خاندان کی کفالت کرنے والا، خاندان کا خرج برداشت کرنے والا

کفیل دادن: ضمانت دینا

کفِیل وزیر: قائمقام وزیر

بقید کفیل مرخص کردن: ضمانت پر رہا کرنا

کُک: پتھریلا کوئلہ

کک: کیک خشک بسکٹ

ککچہ: بنولے

ککمک: جسم کی جلد پر سیاہ رنگ کا دھبا

ککہ: فضلہ، پاخانہ، غلاظت

کل: گنجا

کل اگر طبیب بودی سر خود را علاج کردی: ڈاکٹر اگر خود گنجا ہوتا تو اپنے سرکا علاج کر لیتا

کل: نرحیوان، بکرا، بھینسا، بیل، ہرن، ایسے جانور

کل: (۱)کند ہو جانا شمشیر وغیرہ کا (۲)سختی، کج خمیدہ

کل: (۱)بال کاٹنا، کم کرنا، گھٹانا، (۲)کند، بے حس

کُل: تمام

کل آنرا تماشا کردیم: ہم نے پوری طرح اسے دیکھا

عقل کل: :وہ عقل مند مشیر جس کے بغیر کوئی کام نہ کر سکیں، عقل مافوق البشری

علی کل حال: ہر حال میں

کلا: مینڈک

کلا: (ع) حرف انکار جس سے مخاطب کے کلام کے باطل ہونے پر اسے آگاہ کیا جاتا ہے، ہر گز نہیں

کُلاً: (ع) سب کا سب، تمام

کُلا: کلاہ کا مخفف

کِلاب: کلب کی جمع، کتے، سگان

کُلاب: (ع) پانی سے ڈرنا جو سگ گزیدگی کی علامت ہے

کلابرگ: ایک پودا جس پر بہت سے چھوٹے چھوٹے پھول لگتے ہیں

کلابہ: دھاگے یا ریشم کا لچھا

کلاپُشت: کلاپشتہ، اون کا بنا ہوا چھوٹا سا جامہ

کلات: قلعہ، حصار، پہاڑ کی چوٹی پرکا قلعہ، مشہد کے شمال میں ایک شہر کا نام

کلاتِہ: (۱)چھوٹا قلعہ، (۲)تھوڑی سی مرزوعہ زمین، کشت زار

کلاجُو: شراب یا قہوہ پینے کا چھوٹا جام

کلار: مینڈک، قور باغہ

کلارِستاق: ماژندران کا ایک ضلع

کلاژ: بھینگا، احول

کلاژہ: کوے کی طرح کا پرندہ

کلاس: درجہ، مرتبہ، جماعت کا کمرہ

کلاسِہ: (۱)کنواں جس سے لوگ پانی پیتے ہیں (۲)دمشق کی ایک مسجد کے حوض کا نام

کلاسہ: طبقہ بندی کرنا، مرتب کرنا

کلاسی: طلبہ کی جماعت کے لیے مخصوص

کُتب کلاسی: جماعتوں کے لیے مخصوص کتابیں، نصاب کی کتابیں

کلاسمان: طبقہ بندی، صف بندی

کلاسنگ: فلاخن، گوپیا جس سے سنگ اندازی کی جاتی ہے

کلاسِیک: اولیں اسلوب ادب، اعلی درجے کا، مستند، مسلم الثبوت، خصوصاً ادبیات میں

کلّاش: قلاش، مفت خور، مفلس، طفیلی، دغا باز، جعل ساز

کلاشکن: ایک قسم کا حلوہ

کلاغ: کوا

کلاغ پیسَہ: کوے کی قسم کا پرندہ

کلاغچِہ: ایک قسم کا چھوٹا کوا

کلاغی: کوے جیسا

دستمالِ کلاغی: ایک کشمیری رومال جس کی سطح سرخ ہوتی ہے اور اس پر سیاہ رنگ کی شکلیں ہوتی ہیں

کلاف: لچھا، انٹی، دھاگے یا ریشم کا گچھا

کلاک: (۱) سرکا درمیانی حصہ (۲) دشت و صحرا، بیابان جو موسم برسات میں سرسبز ہو جاتا ہے

کلاکموش: صحرای چوہا

کلال: (ع) (۱) تکان ہونا (۲) جس کے کوئی اولاد نہ ہو

کلال: کوزہ گر، مٹی کے پیالے بنانے والا

کلالت: (ع) (۱) خستگی، تکان، بے حسی، سستی

کلالہ: گھنگریالے بالوں کی لٹ

کلالۂ: (ع) دور کی رشتے داری کی نسبت

کلام: (ع) گفتگو، تقریر، بات کرنا، سخن، مذاکرہ

حاصل کلام: گفتگو یا تقریر کا خلاصہ

علم کلام: اعتقادی علم، فاضلانہ علم

میر کلام: بلند پایہ، فصیح البیان، مالا کلام

کلام اللّٰہ: خدا کا کلام، قرآن مجید

کلان: بڑا، جسیم، وسیع، کثیر، بزرگ

تودہ کلان: بہت بڑا انبار

کلانتر: (۱) بڑا، بزرگ تر، بلند پایہ بلدیہ کا میئر، پولیس کا بڑا افسر کد خدا

کلانترمرز: سرحد کا والی

کلانتری: بزرگی، شہر کے میئر کا منصب، پولیس کے افسر اعلیٰ کا منصب

کلان سال: پیر، بوڑھا

کلانی: بڑائی، بڑا سائز، بزرگی، بڑی جسامت

کلاوو: صحرای چوہا

کلاوہ: سرگشتہ، حیران، سراسیمہ

کُلاہ: سر پر پہننے کی ٹوپی

کلاہ از سر برداشتن: سر سے ٹوپی اتارنا

کلاہ بردار: دغا باز

کلاہ برداری: دھوکا، فریب

کلاہ برسرگذاشتن: ٹوپی پہننا

کلاہ آفتاب گردان دار: دھوپ سے بچنے کی ٹوپی

کلاہ تقی برسر نقی گذاشتن، کلاہ علی را سر ولی گذاشتن: دوسروں کے مال سے اپنا کاروبار کرنا کاروبار میں فریب دینا

کلاہ خُود را بھوا انداختن: بہت خوشی منانا

کلاہ خود را قاضی کردن: اپنے متعلق خود فیصلہ کرنا، خود اپنا جائزہ لینا

کلاہ خُود: آہنی ٹوپی

کلاہ راہبان: راہبوں کی مخصوص ٹوپی

کلاہش پشم ندارد: وہ اپنے اختیارات کو استعمال کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتا

کلاہ سرِکسی گذاشتن، کلاہ کسی را برداشتن: کاروبار میں کسی کو فریب دینا، ٹھگنا

کلاہ فرنگی: ہیٹ

سرش بکلاہش می ارزد: وہ بڑی اہمیت رکھتا ہے اس کا سر اس کے کلاہ فضیلت کے شایان شان ہے

شب کلاہ: رات کو پہننے کی ٹوپی

کلاہ بردار: دھوکے باز، فریبی، دغا باز، مکار، فریب کار، حق مارنے والا، ٹھگ

کلاہ برداری: دھوکے بازی، فریب کاری، دغا بازی

کلاہ دار: ٹوپی پہنے ہوئے، با اختیار

کلاہ داری: اختیارات کو استعمال کرنا

کلاہ دُوز: ٹوپی سینے یا بنانے والا

کلاہ دوزی: ٹوپی سینا یا بنانا

کلاہک: چھوٹی ٹوپی، جو چیز ٹوپی کے مشابہ ہو

کلاہی، کلائی: ٹوپی پہننا

کلب: کتا، سگ (کلاب جمع)

داء الکلب: کتے کا کاٹنا، دیوانگی، پاگل پن

کلَب: (۱) منہ، منہ کا اردگرد کا حصہ (۲) پرندے کی چونچ

کلباسُو: چلپاسہ، چھوٹی چھپکلی

کلبّتان، کلبتین: زنبور جس سے دانت نکالتے ہیں

کلبِہ: چھوٹا سا گھر، جھونپڑا، چھپر، دکان، مثال:

یوسف گم گشته باز آید به کنعان غم مخور
کلبِه احزان شود روزی گلستان غم مخور
(حافظ)

یوسف (ع) جو کہیں کھو گئے ہیں اپنے وطن کنعان میں واپس آجائینگے غم نہ کرو یہ حزن و ملال کا گھر پھر سے گلستان بن جائیگا

کلبی: کتے سے متعلق

کلیترہ: فضول گفتگو، بے معنی باتیں

حرف ہای کلیترہ: بیہودہ گفتگو

کلتُور: کلچر، تہذیب

کلتِہ: سال خوردہ حیوان، از کار رفتہ

کلثُوم: موٹے رخساروں والا

کلج: بڑا ٹوکرا جس سے گوبر وغیرہ ایک جگہ جمع کرتے ہیں

کلجان: کوڑا کرکٹ پھینکنے کی جگہ

کلجہ: پرانے انداز کا کوٹ

کلدانی: کلدانی قوم، کلدانی زبان، بابل کا رہنے والا

کلدِہ: سخت زمین

کلِس: چونا، چونے کا پتھر

کلَف: (ع) سیاہ اور سرخ ملے ہوئے رنگ، جسم کی جلد پر ہلکے بھورے رنگ کا دھبا، خال

کلف ہای ماہ: چاند کی سطح کے نشانات

کُلُفت: موٹا، جسیم، لحیم

کلفت شدن: موٹا یا جسیم ہونا

کلفت کردن: فربہ کرنا، موٹا کرنا

درسن بلوغ صدایش کلفت شد: بالغ ہونے پر اس کی آواز بھدی یا کرخت ہو گئی

صدای کلفت: کرخت آواز

طناب کلفت: موٹی رسی

کُلفَت: محنت، مشقت، رنج، تکلیف

کُلفَت: (۱) ملازمہ

کلفتی: موٹا ہونا، سختی، درستی، سنگدلی، ناگواری، نا پسندیدگی

کلفتی: گھر میں ملازمہ کا کام کرنا

کلفن: سیاہ رال جس سے تارپین مقطر کرکے نکالتے ہیں

کلک: (۱) مٹی کا چھوٹا سا طبق (۲) داؤ، چالبازی، ہنر

کلک زدن: چالبازی کرنا، داؤ کرنا، دھوکا دینا۔

کلک چیزی را کندن: کسی معاملے کو ختم کر دینا

کلک کسی را کندن: کسی کو کام سے ہٹا دینا، پیچھا چھڑانا

کلک: شوم، نحس

کلک: نشتر، نیشتر

کلک: تختہ جس سے کشتی کا کام لیا جاتا ہے اس سے پانی کی سطح کو عبور کیا جاتا ہے

کلک: قلم

کلک باز: چالباز شخص، فریبی، دغا باز، چالاک

کلک بازی: چالبازی، فریب کاری، دغا بازی

کلکی: کلک باز

کلکتہ: بھارت کا مشہور شہر

کلک ران: (کشتی کا) کھویا، کشتی چلانے والا، ملاح

کلک رانی: کشتی کو چلانا

کلکسیون: صف بندی، قسم بندی، درجہ بندی، ترتیب دینا، قسم قسم کے سامان کو ترتیب دینا

کَل کَل: ہرزہ سرای، یا وہ گوئی

کلَم: کرم کلہ، ایک ترکاری کا نام

کلِمات: (ع) کلمہ کی جمع

کلماسنگ: فلاخن، گوپیا جس سے سنگ اندازی کرتے ہیں

کلیل: مسہل دوا

کلِمہ: (ع) لفظ، گفتگو، سخن

کلمہ اللہ: (ع) اللہ تعالی کا فرمان

کلمہ بکلمہ: لفظ بہ لفظ

کلمہ بکلمہ ترجمہ کرد: اس نے لفظ بلفظ ترجمہ کیا

کلمہ بندی: ترتیب الفاظ، خوبیٔ بندش

کلمہ توحید، کلمہ شہادت: اشہدُان لاالہَ الا اللہ وحدہ، لاشریک و اشہدانّ محمداً عبدہ و رسولہ

کلمہ حق: سچی بات

کلمہ مشتق: استخراج کیا ہوا، اخذ کیا ہوا

یک کلمہ باشما حرف دارم: مجھے تم سے ایک بات کہنا ہے

کلمتیّن: دو کلمہ شہادت

کلَن: دھنی ہوئی روئی

کِلنج: ہاتھ کی چھوٹی انگلی، چھنگلی

کلنَج: (۱) تکبر، خود ستائی (۲) زخم کی پیپ

کلنجار: (۱) کیکڑا (۲) سرطان (۳) معدے کا کرم

کُلند: (۱) کلنگ، (۲) قفل (۳) کھودنا صاف کرنا

کلَندر: قوی ہیکل، تنو مند، نا تراشیدہ، غیر مہذب، جاہل، خوشامدی

کلندیدن: چیرنا، زمین کھودنا

کُلنگ: تیز نوک والا آلہ، کدال، بیلچہ

کلنگ زدن: کدال سے زمین کھودنا

این زمین را کلنگ بزن: اس زمین کو کدال سے کھودو

کلنگی: کدال جیسا، کدال سے کھودا گیا

کلنل: کرنل کا مفرس، سرہنگ

کُلوب: کلب، سوسائٹی، انجمن، مجمع

کُلوتہ: روئی کی بنی ہوئی ٹوپی جو کانوں کو بھی لپیٹ میں لے لیتی ہے

کُلوچہ: ایک قسم کی مٹھائی جو آٹے، گھی اور چینی سے تیار کی جاتی ہے

کُلوخ: ڈھیلا، ڈلا، روڑا، پتھر

کلوخ انداختن: پتھر پھینکنا

کلوخ بر لب زدن: کوئی چیز دینے سے انکار کرنا

کلوخ در آب افگندن: پانی کو خراب کرنا

کلوخ درراہ: راستے کی رکاوٹ

کلوخ انداز: (۱) پتھر پھینکنے والا (۲) قلعہ کا سوراخ، روزن جس سے دشمن پر پتھر پھینکے جاتے ہیں

کلوخ اندازی: (۱) سنگ اندازی، قلعہ کی فصیل کا سوراخ جس سے دشمن پر سنگ اندازی کی جاتی ہے **کلوخ اندازان:** شعبان کے مہینے کے آخر میں خوشی منانا،

دعوتیں کرنا

کلوخ چین:ڈھیلوں یا پتھروں کی باڑ

کلوخ زار:جہاں پتھر ہی پتھر پڑے ہوں

کلوخ کُوب:پتھر کوٹنے والا

کلوخِہ:ڈھیلا، پتھر کا ٹکڑا

قند کلوخہ:چینی کے ڈلے

کلوک:چھوٹا بچہ، بے تربیت، بے احتیاط،

کلون:کنڈی،زنجیر، چٹخنی

کلون کردن:کنڈی لگانا، دروازے کی زنجیر لگانا، چٹخنی لگانا

درخانہ را کلون کن:دروازے کو زنجیر لگا دو، کنڈی لگا دو

کَلوَند:خیار، کھیرا

کَلہ:سر

کلہ اش شکست:اس کے سر کو چوٹ لگ گئی

کلہ عمارت:عمارت کی چوٹی، بالائی کنگرہ

کُلہ:کلاہ کا مخفف

کلہ:سر کی چوٹی، کاکل

کلہ کاکل:بالوں کی لٹ، گھنگریالے بالوں کی لٹ

کلہ پاچہ:بکرے یا مینڈھے کے سری پائے

کلہ پُرباد:متکبر، مغرور

کلہ پُز:سری پائے پکانے والا، پکا کر بیچنے والا

کلہ پوش:سر پر پہننے کی ٹوپی، چھجے دار ٹوپی

کلہ پُوک:خالی الذہن، بیوقوف

کلہ خر:مغرور، متکبر، ضدی، احمق

کلہ خشک::بے دماغ، احمق، بے وقوف

کلہ دار:(۱)لائق، قابل (۲)مغرور، ضدی

کلہ شق:ضدی، ہٹیلا، متمرد، خود رائے، سرکش

کلہ شقی:ہٹیلا پن، تمرد، سرکشی، خودرائی، سرکشی

کلہ شقی کردن:سرکشی کرنا، ضد کرنا

کلہ قندی:مخروطی

کَلی:گنجا پن

کُلی:چھوٹا پن

کُلی:جذام، برص کی بیماری

کُلّی:عمومی، سب کے سب، مجموعی طور پر

احتمالِ کلی:بہت زیادہ امکان، قیاس غالب، گمان غالب

بکلی:پورا، سب کا سب

بطورِ کلی:عام طور سے

تخفیفِ کلی:مکمل تخفیف

قاعدہ کلی:عمومی قاعدہ

کسوفِ کلی:مکمل سورج گرہن

کلی فروختن:اجتماعی طور پر فروخت کرنا، ہول سیل

کلیاً:(ع) کلیۃً، تمام تر، سب کا سب

کُلیات:شاعر کے تمام کلام کا مجموعہ

کُلیت:عمومیت، عام، ہمہ گیر اصول کسی اصول کا عالمگیر ہونا

کلیتَین:گُردے

کلِید:چابی، کنجی، اشارہ

کلید انداختن:تالا کھولنا

کلید چندین قفل:کنجی جس سے کئی اور تالے کھل جاتے ہیں، ماسٹر کی

کلیدشدن:(۱)تالا لگنے سے کسی چیز کا بند ہو جانا (۲)گرہ پڑ جانا

کلید کردن:تالا لگانا

کلید خور:چابی کا سوراخ.

کلید دار:جس کے سپرد چابی کی گئی ہو، محافظ

کلیدان:قفل، نگہبان

کلیسا ،کلیسیا:قوم نصاری کا معبد، عیسائیوں کا گرجا

کلیسیای اعظم:کیتھڈرل

کلیشه:چھپائی کی پلیٹ یا تختی

کلیک:بھینگا، احول، کج چشم

کلیک:ہاتھ کی چھوٹی انگلی، چھنگلی

کلِیله:کلیلہ ایک گیدڑ کا نام جس کا ذکر، مشہور کتاب کلیلہ و دمنہ میں آیا ہے

کلِیل:عاجز، درماندہ

کلیم:(ع) گفتگو کرنے والا، سوال و جواب میں حصہ لینے والا، پاکستان و ہند کے مشہور شاعر ابو طالب کا تخلص

کلیم الله:(ع) اللہ تعالی سے باتیں کرنے والا، حضرت موسی(ع) کا لقب

کلیمی:(ع) یہودی، حضرت موسی(ع) کلیم اللہ کا پیرو

کلینیک:(انگ) کلنک، مطب، درمان گاہ، بیمارستان

کلیواج:چیل

کلیون:سات رنگوں کا کپڑا، جامہ ہفت رنگ

کلیوی:کلوی، گردوں کا، گردوں سے متعلق

کلیه:گردہ (کلیتین جمع)

کُلیه:(ع) سب کا سب، تمامتر، تمام و کمال

کلیه اجناس را فروخت:سب چیزوں کو فروخت کر دیا

کلیتۀ:(ع) تمام، سب کا سب، کلی طور سے

کم:تھوڑا، ذرا سا، چند، قلیل، قلیل المقدار، نادر الوجود، سرسری

این میوه حالاکم است:یہ پھل ابھی تھوڑا ہے

حقوقش را کم کردند:انھوں نے اس کی تنخواہ کم کر دی

سن او ازمن کمتر است:اس کی عمر مجھ سے چھوٹی ہے

سنگ کم:تھوڑے وزن کا

کمترین اعتنای ہم به او نکردند:انھوں نے اس کی طرف ذرا سی توجہ بھی نہ کی

کم حرف بزن:تھوڑا بولو

کم کردن:تھوڑا کر دینا

کم ماندہ بود که کُشته شود:قریب تھا کہ وہ مارا جاتا

کم و بیش:تھوڑا بہت

یک کمی:تھوڑا سا

محصّلین فارسی در این دانشکده کم اند:اس کالج میں فارسی کے طلبہ کی تعداد کم ہے

کم:(۱)چھلنی کا گھیرا (۲)چق، چلمن، پردہ

کم:کہ مرا کا مخفف، کہ مجھ کو

کم:کتنا، چہ قدر، کس قدر

بی کم و کاست:کسی قسم کی کمی کے بغیر

کم:آستین

کم:(ع) تمہارا، تم پر

ایامکم:(ع) تمہارے ایام

سلام علیکم:(ع) تم پر سلامتی ہو

کما:چنانکہ، بطور یک

کما حقه:جیسا کہ اس کا حق ہے، ٹھیک ٹھیک

کما فی السابق:پہلے کی طرح، بطور سابق

کماکان:پہلے کی طرح

کماینبغی:(ع) شائستہ طور سے، جیسے کہ مناسب ہو

کماہی:جیسا کہ ہے

کم آب:خشک، خشک سالی، پھلوں میں رس کم ہونا

کمابیش:کم و بیش، بیش و کم، تھوڑا بہت

کماج: ایک قسم کا موٹا اور چوڑا نان

کماجدان: برتن جس میں موٹے اور چوڑے نان رکھے جاتے ہیں، تانبے کا بڑا برتن دیگ

کم آزار: بے آزار، جس سے کسی کو تکلیف نہ پہنچے

کماس: کھلے منہ کا مٹی کا برتن، کاسہ چوبی، کشکول

کمال: (ع) تمام، پورا، نہایت، بہت، عروج، انتہا، ہنر، قابلیت، انتہائے قابلیت

بحد کمال رسیدن: کسی خوبی یا وصف میں انتہا کو پہنچنا، قابلیت، حاصل ہونا، کسی فن میں کامل ہونا

سنِ کمال: بلوغت کی عمر

صاحب کمال: با کمال، انتہائی قابلیت رکھنے والا

کمالات: (ع) کمال کی جمع

کمالہ: (۱) کج، خمیدہ (۲) خام ریشم

کمان: (۱) تیر اندازی کا آلہ (۲) خمیدہ

کمان آسمان: قوس قزح

کمان بہمن: قوس قزح

کمان حلاّجی: روئی دھننے کا آلہ

کمان را چلہ کردن: کمان کا چلہ چڑھانا

کمان وائلن: وائلن بجانے کا کمانچہ

کمان ابرو: جس کے ابرو خمیدہ ہوں

کمان انداختن، کمان افگندن: ہتھیار ڈال دینا

کمان پشت: کُبڑا

کمانچُولہ، کمان دان: جس میں کمان رکھتے ہیں

کمانچہ: چھوٹی کمان، وائلن کی طرح کا موسیقی کا ساز

کمانچہ فرنگی: وائلن

کمانچہ زدن: وائلن بجانا

کمان کشیدن: کمان کا چلہ چڑھانا، تیر پھینکنے کے لیے کمان کو کھینچنا

کمانگر: کمان ساز، کمان بنانے والا

کمان گردوں: قوس قزح

کمان گیر: کماندار

کمانہ: (۱) کمان کی مانند (۲) سارنگی نواز کا کماچہ جس سے وہ سارنگی بجاتا ہے

کماہی: جیسا کہ ہے

کم بخت: بد نصیب

کم بَر: تھوڑے عرض والا، کم چوڑا

کم بَضاعت: جس کے پاس سرمایہ کم ہو، ذرائع معاش کم ہوں، کم حیثیت، کم مرتبہ

کم بغل: غریب، جس کے وسائل معاش کم ہوں

کمبُود: کمی، قلت، نقصان، خسارہ، کم وزن

کمبُوک: ایک خاص قسم کی گوند جو خاص قسم کے درختوں سے حاصل ہوتی ہے اور ریشم کے رنگنے کے کام آتی ہے

کم بہا: کم قیمت، معمولی

کمپا، کمپای: عارضی، نا پائدار، زود گزر

کمپانی، کمپنی: (انگ) شرکت، ادارہ شرکت، ہیئتِ شُرکا

کمپر، کم پُشت: جس پرندے کے پر کم ہوں، پتلا، دُبلا

کمپُوت: پھلوں کا تازہ مربا، پھل جو شیرے میں رکھ کر محفوظ کیے جاتے ہیں

کمپیر: بوڑھا

کمتر: بہت کم، چند

کمتر اوقات: بہت کم اوقات، کبھی کبھی

کمتر کسی است کہ با او بتواند کہ زندگی کند: کم ہی ایسے لوگ ہیں جو اس کے ساتھ رہ سکیں

سابق او را کمتر دوست داشتم: پہلے میں اس سے زیادہ دوستی نہیں رکھتا تھا
سال او از سال من کمتر است: اس کی عمر میری عمر سے کم ہے
کمترین: بہت زیادہ کم
بندہ کمترین: عاجز ترین خادم
کمترین سہم را بمن داد: سب سے کم حصہ مجھے دیا
کمترینہ: کمترین
کم جثّہ: چھوٹے جسم والا
کم جرأت: کم ہمت، بزدل
کم جمعیّت: جہاں آبادی کم ہو
کم جمعیت کردن: آبادی کم کرنا
کمچہ: لکڑی کی ڈوئی
کم حافظہ: جس کی یادداشت کمزور ہو
کم حرف: کم گو
کم حرفی: کم گوئی
کم حُرمَتی: جس کی لوگوں کی نگاہ میں عزت کم ہو
کم حَوصلگی: کم ہمتی، دھیما پن
کم حوصِلہ: دھیما، کم ہمت
کمخا: سلک کی ایک قسم
کم خرج: سستا، ارزان
کم خرج بالانشین: سستا اور قابل ستائش، اچھا
این چنین خانہ ای کم خرج خواہد بود: اس قسم کا گھر بنانے میں زیادہ خرج نہیں ہوگا
کم خرچی: کفایت شعاری، جز رسی، بخل، کنجوسی
کمخواب: بے خوابی کی بیماری، جسے نیند نہ آتی ہو
کمخواب: ایک قسم کا ریشمی کپڑا
کمخوابی: بے خوابی، نیند نہ آنا

کمخوار، کمخور: کم کھانے والا
کم خُوری: کم غذا کھانا
کم خونی: بیماری جو خون کے کم ہونے کی وجہ سے ہوتی ہے
کم دخل: کسی بات میں زیادہ دخل نہ دینے والا
کم دل: بے دل، بے ہمت، بے حوصلہ
کم دوام: جسے زیادہ دوام حاصل نہ ہو، عارضی، زیادہ دیر قائم نہ رہنے والا
کمدی، کامیڈی: (انگ) خندہ آورنمائش، خندہ آور کھیل، کامیڈی، مزاح، دل لگی کے مسرت آور کھیل، خندہ آور مضمون یا کتاب
کُمِدی نویس: مسرت آور کھیل لکھنے والا، امید پسندی پر مبنی مضمون یا تمثیل لکھنے والا
کم ذہن: بھول جانے والا، یاد نہ رکھنے والا، فراموشکار
کمَر: جسم کا درمیانی حصہ
کمراز میان کسی کشادن: جگہ سے ہٹا دینا، دفتر وغیرہ کے کام سے الگ کردینا، موقوف کردینا۔
کمر باز کردن: کمر کھول دینا۔
کمر باختن: محنت مشقت سے بہت زیادہ تھک جانا، خستہ و لاچار ہوجانا۔
کمر بُر: شارٹ کٹ، فاصلہ کم کرنے کے لیے راستہ بدلنا۔
کمر بستن: آمادہ کار ہونا۔
از کمر افتادن: محنت سے بہت تھک جانا، خستہ و لاچار ہو جانا
دست بہ کمر زدن: ہاتھ کمر کی طرف جھکانا
دست بہ کمر کسی نہادن (یا کردن): کسی کو کمر سے پکڑ لینا

کمرا: چاردیواری جس کے اندر چوپائے رکھے جاتے ہیں
کمربستہ: کام کرنے کے لیے تیار
کمر بند: (۱) کمر پر باندھنے کی پیٹی، آزار بند
کمر بند نظامی: تلوار لٹکانے کی پیٹی
کمر چین: پرانی وضع کا لباس جس میں کمر کی جگہ پر تہیں ہوتی ہیں
کمر شِکَن: سخت محنت طلب کام، پر مشقت کام، جس سے کمر خستہ ہو جائے
کمرکش: (۱) پہاڑ کی بلندی (۲) مرد میدان، شجاع، دلیر کمرکوہ
کمرکوہ: کمرکش
کمرگاہ: جہاں کمر بند یا پیٹی باندھی جاتی ہے
کمرُو: شرمسار، با حیا، بے حوصلہ، خجل، خجالت کش
کمرُوی: شرَمساری، حیاداری
کمری: (۱) کمر سے متعلق (۲) جس کی کمر خمیدہ ہو
اسلحہ کمری: کمر سے باندھنے کا اسلحہ
کمری شدن: بہت زیادہ تھک جانا، خستہ ہو جانا
کم زبان: کم گو
کم زن: سہل انگار، آرام طلب، بے دولت، بے اقبال
کمزور: بے طاقت
کم سال: خورد سال، کم عمر
کم سُخن: کم گو، زیادہ باتیں نہ کرنے والا
کمَسک: دہی جس کی نمی خشک ہو گئی ہو
کم شِیر: کم دودھ دینے والی گائے
کم طالِع: بد نصیب
کم ظرف: اوچھا، کم حوصلہ، نا عاقبت اندیش، بے صبر، پست خیال
کم ظرفی: اوچھا پن، کم حوصلگی، نا عاقبت اندیشی، پست خیالی

کم عرض: جس کی چوڑائی کم ہو، تنگ
کم عقل: نادان، بے وقوف، جاہل
کم عقلی: نادانی، بے وقوفی، جہالت
کم عمر: چھوٹی عمر کا
کم عُمق: جس کی گہرائی کم ہو، اتھلا، پایاب
کم عیار: کم درجے کا
کم فُرصت: بے صبر، تندو تیز، جلدی میں
کم فرصتی: بے صبری، تیزی، سرعت
کم فُرُوش: کم تولنے والا
کم فروشی: سودا کم تولنا
کم فہم: کم عقل، اچھی طرح نہ سمجھنے والا، نادان کند ذہن، غبی
کم فہمی: کم عقلی، کند ذہنی، نادانی
کم قدر: کم قیمت کا
کم قوت: کمزور، بے طاقت
کم قیمت: ارزاں، سستا، کم بہا
کُمَک: مدد، حمایت، دستگیری، یاری، ہمراہی
کمک خواستن: مدد چاہنا
کمک کردن: مدد دینا، دستگیری کرنا
آن پیر مرد را کمک کردند: اس بوڑھے شخص کی انھوں نے مدد کی
درین کار کمک لازم دارد: اس کام میں اسکے لیے مدد ضروری ہے
کمکار: نا تجربہ کار
کُمکِ خرج: امدادی خرچ، الاؤنس، نقصان یا خسارے سے محفوظ کر دینا، حفاظت کے لیے سامان دینا، قانونی ذمے داری سے خسارہ پورا کر دینا
کم کم: تھوڑا تھوڑا، درجہ بدرجہ
کم کم ترقی کرد: اس نے درجہ بدرجہ ترقی کی،

تدریجاً ترقی کی
کم کم: کدال سے کھودنے کی آواز
کُمکی: مدد دینا، دستگیری کرنا
کمَکی: کمی، کچھ
کم گُفتار: کم سخن، کم گو، کم بولنے والا
کمَل: (ع) کامل
کُمَلا: (ع) کامل کی جمع
کمَلکان: (۱) قطرہ (۲) چھوٹی ندی
کم مانیگی: کم سرمایہ ہونا، کم استعداد، کم درجہ
کم مایہ: جس کے پاس سرمایہ کم ہو،جس کی استعداد کم ہو، کم طاقت، کمزور، بہت معمولی علم رکھنے والا، کمزور
کم میدان: جس کے لیے گنجائش کم ہو، موقع کم ہونا
کم نام: جسے لوگ کم جانتے ہوں، جس کی شہرت نہ ہو، جسے ناموری حاصل نہ ہو
کمَند: پھندا
کمندافگن: کمند انداز، کمند پھینکنے والا، دام بچھانے والا
کمند انداختن: پھندا لگانا، دام بچھانا
کمندانداز: دام بچھانے والا
کمنداندازی: دام بچھانا، پھندا لگانا
درکمندانداختن، در کمندآوردن: دام کے ذریعے شکار پکڑ لینا
کم نُور: دھندلا، بینائی کی کمزوری
این چراغ کم نور است: اس چراغ کی روشنی کم ہے
چشمانِ او کم نور اند: اس کی بینائی کمزور ہے
کمُون: (ع) زیرہ
کمونیست، کمیونسٹ: (انگ) اشتراکی، اشتراکی آئین کا پیرو
کمونیسم: آئین اشتراکیت
کم ہمت: بے ہمت، بے حوصلہ
کم ہمتی: بے ہمتی، حوصلہ نہ ہونا
کمی: کم ہونا
کمی نان آنہا را در زحمت افتاد: معاش کی کمی ان کے لیے تکلیف کا باعث ہوئی
کمیاب: چیز جو کم ملے یا کم دستیاب ہو، نادر الوجود
این گوہر کمیاب است: یہ جواہر بہت کم ملتا ہے
کمیابی: کسی چیز کا کم ہونا
کمیّت: اندازہ یا مقدار کم ہونا، کسی چیز کی مقدار کا وزن کیا جائے یا شمار کی جائے تو اس میں کمی ہو
کُمَیت: سیاہی نما سرخ رنگ، سیاہی نما سرخ رنگ کا گھوڑا
کمیتہ، کمیٹی: (فر) انجمن خصوصی، انجمن جو مالی، علمی اور فنی امور کے مطالعے کے لیے تشکیل دی جاتی ہے
کمیچہ: (۱) جگنو (۲) کمانچہ
کمیز: پیشاب، بول، شاش، ادرار
کمیزدان: برتن جس میں پیشاب رکھا جاتا ہے
کمیسیون: (فر) چند اشخاص کی انجمن جو چیزوں کی خرید و فروخت اور آڑھت وغیرہ کے لیے فیصلہ کرتی ہے
کمیک، کامک: (انگ) خندہ آور
کمین: (ع) گھات، شکار کے لیے چھپ کر بیٹھنا، مثال:
دیو رہزن درکمین، نفس و ہوا اعدای دین
این ہمہ ہا سایہ لطفت پناہ آوردہ ام
لوٹنے والا یا گم کردہ راہ کرنے والا دیو میری گھات میں ہے، ہوا و ہوس دین کے دشمن ہیں۔ ان سب باتوں کے ساتھ میں نے آپ کے لطف و کرم کے سائے میں پناہ لی ہے

کمین کردن: گھات لگانا، جاسوسی کرنا
کمین گاہ: گھات میں بیٹھنے کی جگہ
در کمین نشستن: گھات لگانا، گھات میں بیٹھنا
ساعتی در کمینِ او نشستند: گھنٹہ بھر اس کی گھات میں بیٹھے
کمین: کمترین، گھٹیا، پست فطرت
کمیونسٹ: اشتمالی، اشتراکی
کَن: کندن=کھودنا سے فعل امر، کھودو
چاہ کن را چاہ در پیش: جو کسی کے گرانے کے لیے کنواں کھودتا ہے اسے بھی کنوئیں کا سامنا کرنا پڑتا ہے
کُن: کردن=کرنا سے فعل امر، کرو
کن فَکان: خداوند تعالی نے کہا ہوجا
کن فیکون: کہا ہو جا تو ایسا ہوا
کن: بخیہ جو کپڑے پر کیا جاتا ہے
کنا: زمین، کنارہ
کُناد: وہ ایسا کرے یا اسے ایسا منظور ہو
خدایش رحمت کناد: خدا اس پر رحمت کرے
کِنار: طرف پہلو، کنارہ
کنارِ آب: بیت الخلا جہاں پانی کا انتظام ہو
کنار آب رفتن: بیت الخلا میں جانا
کنار افتادہ: (۱)فرسودہ، متروک، (۲)تنہا پڑا ہوا
کنارجادہ: سڑک کا کنارہ، سڑک کی طرف
کنار کشیدن: ایک طرف کو ہو جانا
لَتر: (۱)کپڑے کا ٹکڑا (۲)پرانا، پھٹا ہوا۔

لِتر: (انگ)وزن کا پیمانہ۔

لَترہ: پرانا، پھٹا ہوا، دریدہ۔

لتگہ: کشتی، ناؤ، قایق، زورق۔

لتَنَر: لت انبار، پرخور، شکم پرست، پیٹو۔

لتہ: پھٹا ہوا کپڑا، کپڑے کا ٹکڑا۔

لتہ چین: گلی محلوں میں پھٹے پرانے کپڑے اکھٹے کرنے والا۔

لثَوی: مسوڑوں سے متعلق۔

لجّ: کینہ، عداوت،۔ ضد، تمرد، بغض۔

لج کردن: ضد کرنا، کینہ رکھنا، خبث باطن۔

او با من کج دارد: میرے متعلق اس کے دل میں کینہ ہے۔

لجاج-لجاجت: (ع)ضد، تمرد، عداوت، کینہ، لڑائی، مخالفت، عناد۔

لجاجت کردن: ضد کرنا، دل میں کینہ رکھنا، خود رائی اختیار کرنا، لڑنا۔

لجاجۃً: (ع)کینے کے طور سے، بغض و عداوت کی بنا پر۔

لجام: (ع)لگام۔

لجام گسیختن: لگام توڑ دینا، نافرمانی کرنا، سرکشی کرنا۔

لجباز: ضدی، کینہ ور۔

لجبازی: ضد، کینہ۔

لجبازی کردن: ضد کرنا۔

لُجَج: (ع)جمع لجہ۔

لجلاج: (ع)(١)کند زبان، جو رواں بول نہ سکے (٢)شطرنج کا مشہور ناقابل تسخیر کھلاڑی۔

لجنَ: سیاہ رنگ کا کیچڑ، گاد جو تالاب کے نیچے جم جاتی ہے۔

لجن آلود: کیچڑ میں لت پت، کیچڑ میں لتھڑا ہوا۔

لجن زار: جہاں کیچڑ ہی کیچڑ ہو۔

لجنَه: (ع)لوگ جو حکم سننے کے لیے یا کسی امر کی وضاحت کے لیے جمع ہوں۔

لجوُج: (ع)ضدی، سرکش، نافرمان، کینہ ور۔

لجوجانہ: (ع)لجاجۃً، بغض کی بنا پر کینے کے طور پر۔

لجّہ: (ع)سمندر، وسط سمندر مجازاً جس کی تہ کو نہ پہنچ سکیں، جس کی اصل حقیقت نہ جان سکیں، لجج جمع۔

لجین: (ع)چاندی، نقرہ۔

لجین: اونٹ کے منہ کی جھاگ۔

لچ: جھریاں۔

لچ افتادن: جھریاں پڑنا۔

لچ: (١)رخسار، چہرہ (٢)برہنہ۔

لچَر: پست فطرت، فرومایہ، غلیظ، آلودہ۔

لچَک: سہ گوشہ رومال جو مستورات سر پر باندھتی ہے۔

لحاظ: (ع)ملاحظہ کرنا، دیکھنا، نظر ڈالنا، پاس کرنا، خیال، توجہ دینا، پاسداری، عزت، احترام، نقطہ نظر، وجہ، بنا، گوشہ چشم۔

از لحاظ: خیال سے۔

بلحاظ چند حرفی نزدم: بعض وجوہ کی بنا پر میں نے کچھ نہیں کہا۔

لحاظ صرفہ جوئی: کفایت شعاری کی بنا پر۔

لحاف: (ع)رضائی جو سردیوں میں لے کر سوتے ہیں۔

لحاف دُوز: لحاف سینے والا۔

لحاف دُوزی: لحاف سینا۔

لحام: (ع)گوشت کا ٹکڑا۔

لحّام: گوشت بیچنے والا۔

لحد: قبر، گور۔

لحظ: اچٹتی نظر، گوشہ چشم سے نظر ڈالنا۔

لحظات: لحظہ کی جمع۔

لحظہ: لمحہ، پل، دم کے دم، آنکھ جھپکتے ہی۔

لحظہ بہ لحظہ: پل پل میں، لمحہ بہ لمحہ۔

دریک لحظہ: درلحظہ ای، پل بھر میں۔

لحم: (ع)گوشت۔ (لحام و لحوم جمع)۔

لحم گوسفند: مینڈھے گوشت۔

لحمی: (ع) گوشت سے متعلق۔

لحن: (ع) آہنگ، نوا، دُھن، کلام کی طرز ادا، سرود، سریلی آواز، خوش نوای، خوش خوانی، نغمہ۔

بلحن شیرین بامن صحبت کرد: اس نے شیریں آواز میں میرے ساتھ باتیں کیں۔

لحوق: (ع) پتلی کمر ہونا، کسی چیز کے ساتھ مل جانا۔

لحوم: (ع) لحم کی جمع۔

لحون: (ع) لحن کی جمع۔

لحیان: (ع) جس شخص کی ڈاڑھی لمبی ہو۔

لحیانی: لمبی ڈاڑھی والا۔

لحیم: (ع) فربہ، موٹا تازہ، جسیم۔

لحیم شدن: فربہ ہو جانا۔

لحیم گری: موٹا ہونا۔

لحیہ: (ع) ڈاڑھی، ریش۔

اظہار لحیہ کردن: اپنی شخصیت کا اظہار کرنا۔

لخ-لوخ: ایک خاص پودا جو پانی میں اگتا ہے، نرسل، اس کے چھلکے سے چٹائیاں وغیرہ بنتے ہیں۔

لخا: جوتا، کفش۔

لخت: ٹکڑا، ایک جزو یا حصہ۔

لخت: ننگا، عریاں، برہنہ۔

لختِ جگر: جگر کا ٹکڑا، نہایت عزیز۔

لخت شدن: کپڑے اتار دینا۔

لخت کردن: برہنہ کردینا۔

دُزدھا او را لخت کردند: چوروں نے اس کے کپڑے اتار لیے۔

لخت لخت: ٹکڑے ٹکڑے، تک تک۔

لختِہ: ٹکڑا، پارہ۔

لختِہ: دھبا۔

لختہ خون: خون کا دھبا۔

لختی: کچھ، چند، تھوڑا عرصہ، لمحہ بھر۔

لختی در آن نگاہ کرد: لمحہ بھر کے لیے اس طرف دیکھا۔

لخج: سجی، زاج سیاہ۔

لخچِہ: شعلہ آتش، اخگر، جلتا ہوا کوئلہ۔

لخشان: ڈگمگاتے ہوئے، لغزش۔

لخشش: لغزش، غلطی، سہو، خطا، بھول چُوک، پھسلن۔ لرزش۔

لخشِہ: شعلہ آتش۔

لخشیدن: **لغزیدن**۔ لغزش ہونا، پھسل جانا، خطا کر بیٹھنا، مثال:

از تو بخشودن است و بخشیدن
از من افتادنست و لخشیدن

عطا و بخشش آپ کی طرف سے ہے اور میری طرف سے گرنا پڑنا اور خطا کرنا ہے۔

لخلخ: ضعیف، لاغر۔

لخلخہ: چند خوشبودار چیزوں کا مجموعہ مثلاً مشک وغیرہ کا مرکب۔

لد: سخت دشمن، نیز بمعنی بڑا کیسہ۔

لدغ: (ع) الدغہ، نیش، ڈنگ، کاٹنا۔

لدُن: (ع) ظرف زمان و مکان، نزد، نزدیک۔

لدُنّی: (ع) جو الہام کے ذریعے حاصل ہو۔

علم لدنی: وہ علم جو سیکھے بغیر وحی یا الہام کے ذریعے حاصل ہو جیسے کہ رسول کریم (ص)

کو حاصل ہوا۔

لدُنیّات:لدنی کی جمع، وحی و الہام سے متعلق۔

لدُود:(ع)سخت دشمنی۔

لده:پر، اوپر، نزدیک۔

لدی الحاجه:(ع)ضرورت کے مطابق۔

لدی الاقتضا:(ع)جب موقع پیدا ہوا ہو، موقع کے مطابق۔

لدی الوُرود:(ع)پہنچتے ہی، جونہی کہ آئے۔

لدِیغ:(ع)کاٹا ہوا، مار گزیدہ۔

لِذا:(ع)تب، اس لیے، اس بنا پر۔

لذّات:(ع)لذت کی جمع۔

لذّاذ:(ع)لذیذ کی جمع۔

لذّت:(ع)ذائقہ، حظ، لطف، پسندیدگی، لذات جمع۔

لذت بردن:محظوظ ہونا۔

لذاتِ جسمانی:مادی یا جسمانی خواہشات۔

لذاتِ روحانی:روحانی مسرتیں۔

لذات نفسانی:نفس پرستی، شہوت پرستی۔

از معاشرت با او لذت می بریم:اس کے ملنے سے ہمیں خوشی میسر آتی ہے۔

ازین میوه لذت بردم:اس پھل کے کھانے سے لطف آیا۔

لذت بخش:مسرت بخش، فرحت بخش، خوش آئند۔

لذیذ:(ع)لذت دار، نفیس، پر لطف، مزیدار۔

میوه های لذیذ را خوش دارم:مزیدار پھل میری خوشی کا موجب ہیں۔

لر:ندی، تالاب، عبور کرنے کی جگہ، گزر گاہ۔

لَر:کمزور، لاغر۔

لُر:لرستان کا رہنے والا،الوار جمع۔

لر:(۱)مراد، مطلب (۲)بھیڑ کا بچہ میمنا۔

لَره:میدان، گھوڑ دوڑ کا میدان۔

لِرد:مائعات میں تہ نشین ہونے والی چیز۔

لرّد:لارڈ (انگ) حاکم اعلی، فرمانروا۔

لرز:کپکپی(بخارکی وجہ سے)ٹھنڈ لگنا، تپ لرزہ۔

لرزان:کانپتے ہوئے۔

لِرزاندن:لرزیدن، کانپنا۔

این خبر او را لرزاند:اس خبر کے سنتے ہی وہ کانپ اٹھا، لرزہ براندام ہوگیا۔

دستش را عمداً می لرزاند:اس نے ہاتھ کو عمداً جنبش دی۔

لرزانک:نارنگی وغیرہ کا مُربّہ۔

لرزانیدن:لرزاندن:کپکپاہٹ ہونا۔

لرزش:کپکپاہٹ ، کانپنا۔

لرزش دار:کانپتا ہوا، تھر تھراتا ہوا، لرزاں، ڈرپوک، ہچکچانے والا۔

لرزماهی:تارپیڈو۔

لرزَندِه:جس پر کپکپی طاری ہو، کانپنے والا۔

لرزِه:کپکپاہٹ، لرزش، تھر تھرانا کپکپانا، رعشہ۔

از شنیدن این خبر لرزه بر اندامش افتاد:اس خبر کے سنتے ہی اس کے جسم پر کپکپی طاری ہوگئی، وہ لرزہ براندام ہوگیا۔

لرزه گرفتن:کانپنا۔

لرزه ناک:کپکپی طاری ہونا۔

لرزیدن:کانپنا، کپکپی طاری ہونا۔

لِرستان:ایران کا مغربی صوبہ۔

لزاجَت:چپک جانا۔

لِزاق:(ع)(۱)جس سے کوئی چیز چسپاں کریں، نیز (۲)جماع۔

لِزب:(ع)تھوڑی سی چیز، قلیل چیز۔

لزِج:(ع)چپک جانے والی چیز، چسپندہ۔

لزُوجت:(ع)چپکنا، چسپندگی۔

لزُوق:موم آلود، مومی پارچہ جس میں چمک بھی ہو، مُشمَع۔

لزُوم:(ع)لازم ہونا، ضروری، ضروریات۔

لزوم پیدا کردن:ضروری ہونا۔

لزوم داشتن:ضروری ہونا۔

لزومِ غذا خوردن:غذا کھانے کی ضرورت۔

بقدرِ لزوم:جس قدر لازمی ہو؟۔

چہ لزومی دارد:کیا ضرورت ہے۔

در صورت لزوم:لازم ہونے کی صورت میں۔

در موقع لزوم:ضرورت کے موقع پر۔

لزِیر:دانشمند، ہوشمند، پرہیزگار۔

لشَرم-لشرن-:لجن، سیاہ رنگ کی گاد یا کیچڑ۔

لس:سست، بے حس، کاہل، افسردہ، پژمردہ۔

لِسان:(ع)زبان، بولی، السنہ جمع۔

لِساناً:زبانی بول چال کے ذریعے۔

لسان الثُّور:(ع)گائے بیل کی زبان۔

لسانُ الصَّافیر:(ع)چڑیوں کی زبان۔

لسانُ الغَیب:(ع)زبان غیب، غیب گو ، حافظ شیرازی کا لقب۔

لِسانی:زبانی، شفاہی۔

لست:قوی، فربہ۔

لسع:(ع)کاٹنا سانپ یا بچھو کا۔

لش:سست، بے حال، نیز لاش۔

لش شدن:سست ہو جانا، بیکار رہنا، مفلس ہو جانا۔

لِشاب:زمین جہاں پانی جمع ہو جائے اور اس کے کنارے پر گھاس اگ آئے۔

لِشتَن:چاٹنا، لیسیدن۔

لشک:شبنم، کہر جو سطح زمین کو سفید کر دیتی ہے۔

لشکر:فوج، سپاہ، قشون۔

لشکر انگیختن:فوج کا جائزہ لینا، رنگروٹ بھرتی کرنا۔

لشکر کشیدن:لشکر کشی کرنا، لشکر کی قیادت کرنا۔

لشک لشک:پارہ پارہ، تکڑے تکڑے۔

لشکربُد:کمانڈر (ایک ڈویژن فوج کا) امیر لشکر۔

لشکرشکُوف:لشکر کی صفوں کو درہم برہم کرنے والا دلاور۔

لشکر کَش:جنرل یا کمانڈر۔

لشکر کشی:فوجی مہم شروع کرنا، صف آرائی۔

لشکر گاہ:فوج کے ٹھہرنے کی جگہ۔

لشکر نویس:فوجیوں کا رجسٹر رکھنے والا، رنگروٹوں کے کوائف تحریر کرنے والا۔

لشکری:لشکر سے متعلق، سپاہی، لشکریان جمع۔

لشَن:نرم، سادہ نقش و نگار کے بغیر۔

لِصّ:(ع)چور، لصوص جمع۔

لطافت: (ع)خوبی، خوبصورتی پاکیزگی، نزاکت، صفائی، نرمی۔

لطافت این پارچه سبب گرانی است: اس کپڑے کی خوبصورتی اس کی مہنگائی کا سبب ہے۔

لطام: (ع)طمانچہ مارنا۔

لطائف: (ع)لطیفہ کی جمع، ظریفانہ باتیں، لطیفہ گوی۔

لطائف الحِیَل: (ع)اپنے کسی مقصد بر آری کے لیے بذلہ سنجی کرنا۔

لُطف: (ع)مہربانی، شفقت، فیض رسانی، احسان، کریم النفسی، حسن و خوبی، الطاف جمع۔

او نسبت بمن لطف دارد: وہ مجھ پر مہربان ہے۔

لطف سرکار کم نشود-لطف شما زیاد: آپ کا بیحد شکریہ۔

لطف کردن: مہربانی کرنا، شفقت کرنا۔

گفتن این حرف لطفی ندارد: یہ بات اچھی یا دلچسپ نہیں۔

الطاف ہمایونی: حضور کی کریم النفسی۔

لطفاً: (ع)ازراہ کرم، مہربانی سے۔

لُطف اللہ: (ع)باری تعالی کا کرم۔

لطم: (ع)طمانچہ مارنا۔

لطمِہ: (ع)طمانچہ، سیلی، چپیڑ، تھپڑ۔

لطمہ خوردن: طمانچہ کھانا، مجروح ہونا، صدمہ ہونا۔

لطِیف: (ع)نازک، مہربان، دلنواز، پاک، پاکیزہ، نرم، ملائم، عمدہ، خوشگوار۔

برگ گل لطیف است: پھول کی پتی نرم اور ملائم ہے۔

سخن لطیف: پر لطف بات۔

لطیف شدن: عمدہ ہونا، نرم اور ملائم ہونا۔

ہوا لطیف است: موسم خوشگوار ہے۔

لطیفہ: (ع)دلچسپ بات، شگفتہ بات، خوش طبعی، تعجب انگیزبات، ظرافت، شوخی، لطائف جمع۔

لطائف و ظرایف: بذلہ سنجی، ظرافت کی باتیں، ہنسی مذاق کی شگفتہ باتیں۔

لطیفہ گو: بذلہ سنج، ظریفانہ باتیں کرنے والا۔

لُعاب: (ع)چیپ، منہ کا پانی، آب دہن، چمک۔

بعضی از گیاهان لعاب زیادی دارند: بعض جزی بوٹیوں میں چیپ زیادہ ہوتی ہے۔

تارِ عنکبوت لعاب دہن است: مکڑی کے جالے کے تار اس کے دہن کی چیپ ہیں۔

لعابِ چینی: چمک، صیقل۔

لعابِ خورشید: ایک نہایت مہین قسم کا جالا جسے چھوٹی مکڑیاں بنتی ہیں، یہ جالا کبھی ہوا میں تیرتا بھی نظر آتا ہے۔

لعاب دادن: چمک پیدا کرنا۔

لعاب زدن: صیقل کرنا۔

لعاب زنبور: شہد۔

لعاب عنکبوت: مکڑی کا جالا۔

چینی و سفالیه را لعاب می دهند: چینی اور مٹی کے برتنوں میں چمک پیدا کرتے ہیں۔

ظروف فلزی را گاهی لعاب می دهند: کبھی دھات کے برتنوں کو صیقل کرکے چمک پیدا کرتے ہیں۔

لعاب الحیَّه: زہر مار۔

لعاب النحل: (ع)شہد۔

لُعابی: جس پر صیقل یا روغن کیا گیا ہو۔

لِعان:(ع) ایک دوسرے پر لعن طعن کرنا

لِعان:(ع) لعنت کی جمع

لعب:(ع) کھیل کود ، ہنسی مذاق، شوخی مزاح

لعب کردن:کھیلنا کودنا ، ہنسی مذاق کرنا

لُعَب:(ع) لُعبت

لُعبت:کھلونا ، گڑیا ، گڑیا کو دلہن بنانا ، کھیل، لعب جمع

لعبت باز:گڑیوں سے کھیلنے والا

لعبت بازی:گڑیوں کا کھیل تماشہ

لعل:(ع) لال کا معرب ہے، سرخ یاقوت ایک قسم کا گران قدر قیمتی پتھر

لعل روان:سرخ شراب

لعل فام، لعل گون:یاقوت کے سے رنگ کا، گلاب کے پھول کا سا رنگ

لعَل:(ع) شاید، ممکن ہے، کاشکہ ، مگر

لعلی:یاقوت کا بنا ہوا ، یاقوت کے رنگ کا

لعن:لعنت

لعنَت:پھٹکار، نفرت، خدا کی رحمت سے دوری

لعنت فرستادن:ملامت کرنا ، بد دعا دینا

لعنت کردن:لعنت بھیجنا ، بد دعا دینا

لعنت آمیز:نفرت انگیز ، ملامت آمیز

لعنتی، لعین:(ع) جس پر لعنت بھیجی جائے، جسے ملامت کی جائے

لَغ:(۱)سر جس پر بال نہ ہوں (۲)صحرا جس میں سبزہ نہ ہو

لَغ:ہر چیز جو اپنی جگہ پر محکم نہ ہو

تُخم لغ:مرغی کا انڈا جس کی سفیدی اور زردی آپس میں مل گئی ہو

لُغات:(ع) لغت کی جمع

لُغاز:پاکھا ، کواڑ یا کھڑکی کا بازو

لغایت:(ع) آخر تک

لُغَت:(ع) وہ کتاب جس میں الفاظ اور ان کے معنی درج ہوں، فرہنگ

لغت فارسی و اردو:ایسی کتاب جس میں فارسی الفاظ کے معنی اردو میں درج ہوں

علمی لغت:جس میں مختلف علوم کے الفاظ کے معنی دیے گئے ہوں

کتاب لغات:فرہنگ، قاموس

لغت دان:جسے الفاظ و معانی پر عبور ہو

لغت ساز:لغت کی کتاب مدون کرنیوالا

لغت سازی:کتاب لغت کی تدوین

لغت شِناسی:علم لغت میں دسترس

لغت نویس:لغت لکھنے والا

لغت نویسی:لغت لکھنا

لغز:دیکھیے لغزیدن

لُغَز:(ع) معمہ ، چیستان، پیچیدہ کلام جس کے سمجھنے میں فکر و تامل کی ضرورت ہو، الغاز جمع

لغز خواندن:معمے میں بات کرنا

لَغزان:لڑکھڑانے والا

لغزاندن:لڑکھڑانا

لغزانیدن:لغزاندن، لڑکھڑانا ، ڈگمگانا

لغزِش:غلطی، خطا ، سہو ، چوک، لرزش، پھسلن

لغزش خوردن:ٹھوکر کھانا ، الجھنا

لغزشِ زبان:زبان کی غلطی

سنگ لغزش:رکاوٹ، مانع، سنگِ راہ

لغزَندہ:لغزش کرنے والا ، پھسلنے والی

زمین لغزندہ است:زمین پھسلنے والی

لغزِیدن:لغزش کرنا ، پھسلنا

پایش روی سنگ لغزید:اس کا پاؤں پتھر پر

سے پھسل گیا

بچه روی زمین می لغزد: بچہ زمین کی سطح پر پھسل جاتا ہے

لغسر: جس کے سر پر بال نہ ہوں

لغم: کان جسے ابھی کھودنا ہے

لغو: (ع) بیہودہ، فضول، بیکار، نا معقول، مہمل، پوچ، باطل

لغو کردن: موقوف کردن، خارج کر دینا، بے معنی قرار دینا، فسخ کر دینا

قرار دادِ او را لغو کرده: اس کی تجویز کو فضول قرار دیا گیا

لغوب: (ع) خستہ ہو جانا، تھک جانا

لغونه: زیب و زینت، آرائش

لغوی: (ع) لغت سے منسوب، علم لغت جاننے والا

لغویات: فضول باتیں

لغه: لغت

لف: (ع) شامل، لپٹا ہوا، تہ کیا ہوا، اکٹھا کیا ہوا

لف و نشر: بکھری ہوئی چیزوں کو لپیٹنا، علم بیان کی ایک صنعت، شعر کے ایک مصرع میں ایک نکتہ پیش کرکے اس کی وضاحت دوسرے مصرع میں کرنا

کاغذ شمارا در لف کاغذ خود فرستادم: میں نے آپ کا خط اپنے خط میں شامل کرکے بھیج دیا

لفاً یک نسخه از قرار داد را برای اطلاع شما می فرستم: ساتھ ہی قرار داد کی ایک نقل تمہاری اطلاع کے لیے بھیج دی ہے

لفاح: (ع) مہرگیاہ، ایک خواب آور دوا

لفاظ: (ع) زبان باز، مبالغہ آمیز باتیں کرنے والا، طوالت پسند

لفاظی: محض لفظوں کے زور سے بات کرنا، طول دے کر بات کرنا

لفاف، لفافه: (ع) جس میں کوئی چیز لپیٹی جائے، پوشش، جس میں خط لکھ کر ڈالا جائے

لفافه کردن: لپیٹنا

لِفت: (ع) (۱)شلغم (۲)کسی چیز کا نصف حصہ (۳)گانٹے (۳)طول

لِفت دادن: تفصیل بتا کر طول دینا

لِفت و لِیس: چاپلوسی سے کام لینا

لفتره: سفلہ، فرومایہ، پست فطرت

لفج: بڑے بڑے موٹے ہونٹوں والا

لفظ: (ع) وہ کلمہ جومنہ سے نکلے، بول، چند حرفوں کا مرکب، کلمہ جو خاص معنوں میں استعمال ہو

لفظِ الحاقی: وہ لفظ جو کسی لفظ کے ساتھ لاحقہ کے طور سے آئے مثلاً ستم گر اس میں گر الحاقی لفظ ہے

لفظ به لفظ: ہوبہو، حرف بہ حرف، بعینہ

لفظاً: (ع) متن کے مطابق، ظاہری طور سے، لفظی طور سے

لفظاً متشابه و معناً متفاوت اند: ظاہری طور سے تو ایک جیسے ہیں لیکن معنوی طور سے ان میں فرق ہے

لفظه: (ع) لفظ

لفظی: (ع) زبانی، لفظ کے مطابق

لفلافه: (ع) گلابی رنگ کے پھولوں والی بیل

لف و نشر: (ع) دیکھیے لف

لفیف: (ع)(۱)لپٹی ہوئی، پیچیدہ (۲)لوگوں کا ہجوم جو ایک جگہ جمع ہو جاتا ہے

لق: لغ: کھلا ہوا

لق کردن: کھلا کرنا، ڈھیلا کرنا

دندان لق: کھلے کھلے دانت

دہنش لق است: اس کا منہ کھلا ہے

لِقا: (ع)(۱)چہرہ، صورت، شکل، حلیہ (۲)ایک دوسرے سے ملاقات کرنا، مثال:

ای دل و جانِ عاشقان شیفتہ لقای تو
سرمہ چشمِ خسرواں خاک درسرای تو

عاشقوں کے جان و دل آپ کے چہرہ مبارک کے شیفتہ ہیں آپ کی مبارک جاے قیام کے دروازے کی خاک بادشاہوں کی آنکھوں کے لیے سرمہ ہے

مہ لقا: چاند جیسے چہرے والا، انتہائی حسین

لِقاح: (ع) منی، مادہ حمل

لقاح: (ع) عورت کا بارور ہونا، ثمرور ہونا، حمل ٹھہرنا

لُقاح: (ع) (نباتات) زردانہ، زرگل، پھول کا زیرا

لقانطہ: (ت) ہوٹل، ریسٹوران

لقَب: (ع) وہ نام جو کسی صفت کی بنا پر پڑ گیا ہو جیسے موسی(ع) کلیم اللّٰہ، کلیم حضرت موسی کا لقب ہے جو باری تعالی سے کلام کرنے کی وجہ سے انھیں ملا

لقلاق: لق لق، لک لک، ایک پرندہ

لقلق: (ع) معرب، لک لک، سارس، لمبی ٹانگوں اور لمبی چونچ والا پرندہ

لقلقہ: لق لق پرندے کی کرخت آواز، مجازاً بیہودہ گو

لقلقیات: فضول باتیں، لغو گفتگو

لُقَم: (ع) لقمہ کی جمع

لُقمان: ایک مشہور فلسفی جسکی نادر تصانیف اقوال و نصائح پر مشتمل ہیں قران کریم میں اس کے وعظ و نصیحت کا ذکر آیا ہے، مجازاً بہت بڑا دانا، نہایت تجربہ کار

لُقمہ: (ع) نوالہ

لقمہ زدن: حریصانہ طور سے کھانا

لقمہ کردن: نوالہ لے کر کھانا، ٹکڑے کرنا

یک لقمہ نان: روٹی کا ایک نوالہ

لُقمۃُ الصّباح: (ع) صبح کا ناشتہ

لقمہ لقمہ: (ع) نوالہ نوالہ

لقمہ ماہی: ایک مربع شکل کی مچھلی جس کی دم لمبی ہوتی ہے

لقوَہ: (ع) ایک مرض جس میں منہ ٹیرھا ہو جاتا ہے اور چہرہ ایک طرف کو پھر جاتا ہے

لقیت: (ع) دیدار کرنا، استقبال کرنا

لقیط: (ع) وہ بچہ جس کے ماں باپ کا پتانہ ہو اور کہیں پڑا ہوا ملے

لک: سیاہی، خال، نقطہ، دھبا، داغ

لک انداختن: دھبا یا داغ ڈالنا

لک شدن: دھبے پڑ جانا

لک: بیہودہ بات

لک: برای تو، تیرے لیے

لک: بخیل، خسیس، کنجوس، ابلہ، احمق، فرومایہ، پست فطرت

لک: لاکھ

لکا: جوتا

لکات: (۱)برا، خراب شدہ، زبوں، بدکار (۲)زن بدکار (۳)کھیل میں کم اہمیت کاپتّا

لکاتِہ: فاحشہ، طوائف، کسبی، بدکار عورت

لکام: بے ادب، بے شرم، بے حیا

لکدَ: لات، پاؤں کی ٹھوکر

لکدکوب کردن: پاؤں سے ٹھوکر مارنا

لکدار: جس پر داغ دھبے پڑے ہوں

میوہ لکدار: پھل جس پر داغ دھبے پڑے ہوں

لکزدہ: داغ دار، دھبوں والا (پھل)

لک لک: لق لق، لمبی چونچ اور لمبی ٹانگوں والا پرندہ،

سارس

لِک لِک: کھنچتے گھسٹتے چلنا

لک لک کردن: کھنچتے گھسٹتے چلنا

لِکل: امرود

لکلک: چھوٹے قد کا، کوتاہ قد، چھوٹے قد کا لیکن فربہ

لکُم: تمہارے لیے

لکن: (ع) لیکن، الا، تاہم، باوجود،

لُکنت: تتلانا، ہکلانا، رک رک کر بولنا

لکنت دار: تتلانے والا، رک رک کر بولنے والا، اٹک اٹک کر بات کرنیوالا

لک و پک: (۱) گھر کا سازوسامان (۲) ناتراشیدہ، ناہموار

لکِہ: داغ، دھبا

لکہ انداختن: دھبا ڈالنا

لکہ بد نامی: بد نامی کا داغ

لُکّہ: گھوڑے کی دلکی، گھوڑے کا آہستہ آہستہ دوڑنا

لکہ رفتن: دلکی چلنا (گھوڑے کا)

لکہ گیری: معمولي مرمت، داغ دھبے دور کرنا

لکہ گیری کردن: (عمارت کی) معمولی مرمت کرنا، داغ دھبے دور کرنا

لکِین: نمدہ جو بھیڑ کی اون سے تیار کیا جاتا ہے

لگام: باگ، عنان

لگام ریز: پوری رفتار، گھوڑے کی تیز رفتار

لگد: لکد، لات، پاؤں کی ٹھوکر مارنا

اسپ او را لگدزد: گھوڑے نے اسے دولتی ماری

لگدبزمین زدن: زمین پر ٹھوکر مارنا

لگد کردن: روندنا، پاؤں تلے کچلنا، پامال کرنا

لگدانداز: ٹھوکر مارنے والا، جسے پاؤں سے ٹھوکر مارنے کی عادت ہو

لگداندازی: پاؤں سے ٹھوکر مارنا

لگدخور: جسے پاؤں کی ٹھوکر لگے، ٹھوکروں کو برداشت کرنے کے قابل، جفاکش، مضبوط

لگدزن: ٹھوکر مارنے والا، دولتی مارنے والا (گھوڑا)

لگدکوب: جسے ٹھوکر لگی ہو یا گھوڑے نے دولتی ماری ہو

لگدکوب کردن: ٹھوکر مارنا

لگدمال: جسے پاؤں تلے کچلا گیا ہو

لگلگ: لک لک، لق لق، پرندہ جس کی چونچ لمبی اور ٹانگیں لمبی ہوتی ہیں، سارس

لگن: (۱) ہاتھ دھونے کا برتن، چلمچی (۲) وہ تھالی جس میں شمع رکھ کر جلائی جاتی ہے

للّٰہ: (ع) بخدا، برای خدا، خدا کے لیے

للہ گری: اتالیقی، گھر پر آکر پڑھانا

لَم: لیٹنے کے لیے دراز ہونا، فراغت سے لیٹنا

لَم: نہیں نہیں

لم یزرَع: (ع) غیر مزروعہ (زمین)

لِمّ: (ع) فن، ڈھب، چالؔ، فریب، داؤ

لم این کار را شما بلدنیستید: اس کام کی چال سے تم واقف نہیں

لمّاز: (ع) لوگوں کی بد گوئی کرنے والا

لمالم: لبالب، مالامال، مثال

نہ از لشکر ما کسی کم شدہ است

نہ این کشور از خون لمالم شدہ است

نہ ہمارے لشکر میں کسی طرح کی کمی ہوئی ہے نہ اس ملک میں خون ریزی ہوئی ہے

لمتُر: قوی ہیکل، موٹا تازہ، فربہ

لمح: اچٹتی ہوئی نظر ڈالنا

لمحَہ: (۱) لحظہ، آن، کم مدت، پل، منٹ (۲) اچٹتی نظر،

سرسری نظر، جھلک

لمز:بدگوئی، چشم و ابرو سے کسی کے خلاف اشارہ کرنا

لمس:(ع) کسی چیز کو چھونا، کسی چیز کو چھو کر معلوم کرنے کی قوت، قوت لامسہ

لمس کردن:چھونا

لمس:نرم، سست، بے حال

لمع:(ع) چمک، چمکنا

لمعات:(ع) چمک، درخشندگی

لمعاتِ جمال:حسن کی تابناکی

لمعان:(ع) چمک دمک، درخشندگی

لمعَہ:چمک، درخشندگی، تابندگی، چمک دمک، درخشندگی (لمعات جمع)

لمیدن:لیٹنا، دراز ہونا، سونا

لم یزرَع:(ع) غیر مزروعہ، بنجر

زمین لم یزرع:بنجر زمین، غیر مزروعہ زمین

لم یزَل، لم یزلی:(ع) لازوال، دائمی، غیر فانی، ابدی، سرمدی، ازلی، پایندہ

لنبان:عمر رسیدہ طوائف جو دوسری عورتوں کو اپنے پیشے کی طرف راغب کرتی ہے

لنبَر:(۱)سرین، چوتڑ، (۲)موٹا فربہ

لنبَر:سڑپ سڑپ پینا

لنبُوس:دہن کے اندر کا حصہ

لنبہ:(۱)چاق و چوبند (۲)نرم، ملائم

لن ترُانی:(ع) تم مجھے ہرگز نہیں دیکھ سکو گے، قرآن شریف کی ایک آیت جس میں حضرت موسی(ع) اللہ تعالی کو دیکھنے کی التجا کرتے ہیں لیکن جواب ملتا ہے تم مجھے ہر گز نہیں دیکھ سکو گے، سورۃ الاعراف

لنتَر:لالٹین

لنج:خوشہ انگور

لنج:ہونٹ

لنج:خرام، ناز

لنجہ:ناز و انداز سے خرام کرنا

لنجہ کردن:ناز و انداز سے خرام کرنا

لنجہ کردن:قیمت طے ہو جانے کے بعد بھی قیمت کم کرنے کی باتیں کرنا

لنجیدن:کسی چیز کو کھینچنا، کسی چیز کو باہر لانا

لَند:پسر، بیٹا

لَندلَند:بڑ بڑانا، چڑ چڑانا، شکایت کرنا

لند لندکردن:شکایت کے طور سے بڑ بڑانا

این پیر زن پیوستہ لند لند می کند:یہ بڑھیا ہمیشہ بڑبڑاتی رہتی ہے

لندہُور:بلند قامت، قوی ہیکل

لندیدن:بڑبڑانا، چڑچڑانا، شکایت کرنا

لنگ:لنگڑا، خستہ و ماندہ

این گدا ہم کور و ہم لنگ است:یہ فقیر نابینا بھی ہے اور لنگڑا بھی

کار بواسطہ بی اسبابی لنگ است:سامان میسر نہ ہونے کی وجہ سے کام رک گیا ہے

لنگ شدن:لنگڑا ہو جانا

لنگ کردن:لنگڑا کر دینا

لنگ:لات

لنگ:کمر میں باندھنے کا کپڑا

لنگاک:سخت اور درشت بات کرنا

لنگان:لنگ کرنا، لنگڑانا

لنگاندن:لنگڑانا

لنگان لنگان:لنگڑاتے لنگڑاتے

لنگانیدن:لنگاندن

لنگر:(۱)لوہے کی زنجیر یا رسا جو کشتی یا جہاز ٹھہرانے کے لیے اسے لگا دیا جاتا ہے کہ پانی کی لہریں اسے بہا نہ لے جائیں، مثال:

با لنگرِ دل کشتیِ توحید برانیم
موج غم و طوفان بلا را نشناسیم

ہم دل کی زنجیر سے توحید کی کشتی کو رواں رکھتے ہیں نہ ہم کسی غم و اندیشہ کو دل میں جگہ دیتے ہیں نہ کسی طوفان بلا کو خاطر میں لاتے ہیں

لنگر انداختن:بندرگاہ میں جہاز کا ٹھہرنا

لنگر:(۱)توازن، متوازن، وزن (۲)وہ جگہ جہاں فقرا کو کھانا تقسیم ہوتا ہے

لنگرانداختن:بندر گاہ پر جہاز کا ٹھہرنا

لنگرِ ساعت:کلاک کا لٹکن، شاقول، رقاصۂ ساعت، پنڈولم

لنگر کشیدن:لنگر کھول دینا، جہاز کی زنجیر کھولنا

لنگر خانہ:وہ مقام جہاں روزانہ فقرا و مساکین کو کھانا ملتا ہے

لنگردار:بوجھل، وزنی، سنگین

لنگرگاہ:بندر گاہ

لنگرُود:ایران کے صوبہ گیلان کا ایک گاؤں

لنگہ:بوجھ جو جانور کے اوپر لادا جاتا ہے، بوجھ کے دو حصوں میں سے ایک حصہ

لنگہ پلنگہ:ایک دوسرے سے غیر متوازن

لنگہ در:کواڑ کا ایک حصہ

کفشِ او لنگہ پلنگہ است:اس کے دونوں جوتے ایک سے نہیں

لنگِہ:ایران کی بندر گاہ بندر عباس کے جنوب مغرب کی طرف بندرگاہ جو خلیج ایران میں واقع ہے

لنگی:لنگڑا ہونا

لنگیدن:لنگڑانا

لو:اگر

ولو آنکہ:اور اگر، خواہ

عہد خود را نخواہم شکست، ولو آنکہ جانم در خطر باشد:میں وعدہ شکنی نہیں کرونگا خواہ میری زندگی کو خطرہ ہی کیوں نہ لا حق ہو

لو:لب، ہونٹ

لو:ایک قسم کا حلوہ

لو:دھوکا، فریب

لودادن:فریب دینا

لِوا:(ع) پرچم، علم، جھنڈا، الویہ جمع

لواحِق:(ع) لاحقہ کی جمع وہ الفاظ جو دوسرے الفاظ کے آخر میں لگائے جائیں مثلاً آموزگار میں گار لاحقہ ہے اور آہن گر میں گر لاحقہ ہے

لوازِم:(ع) لازمہ کی جمع، ضروری باتیں، ضروری چیزیں، لازمی امور، ضروری سامان

لوازم مہندسی:انجینئرنگ کا ساز و سامان اوزار وغیرہ

لوازمات:لازمہ کی جمع الجمع

لوازِم تحریر:لکھنے کا سازوسامان

لواش:پتلی چوڑی روٹی

لواشا:لباشہ، بحر منجمد شمالی کا ہنس (۲)صدف ماہی، سیپ مچھلی (۳)گلے کا ہار (۴)چشمہ، عینک

لواط، لواطہ:(ع) خلاف وضع فطری، عمل شنیع، عمل بد

لواطہ کُن:لواطہ گر، خلاف وضع فطری کرنیوالا، لوطی

لوّاف:(ع) خیموں کا سازوسامان بنانے یا بیچنے والا

لوالو:رزیل، کمینہ

لوّام، لوامه:(ع) ملامت کرنے والا، دوسروں کی روش یا اخلاق پر نکتہ چینی کرنے والا

نفس لوّامہ:ملامت کرنے والا ضمیر

لوامِع:(ع) لامعہ یا لامع کی جمع، درخشاں، درخشندہ، تابندہ

لوائح:(ع) لائحہ کی جمع، منصوبے، پروگرام

لوبیا:ایک قسم کا غلہ جس کے بیج غذا کے طور سے پکائے جاتے ہیں

لوبیای چشم بلبلی:سفید رنگ کا لوبیا جس پر سیاہ خال ہوتے ہیں

لوبیای قرمز:لوبیے کی قسم جو قدرے سخت اور درشت ہوتی ہے لیکن غذا کے اعتبار سے بہت اہم ہے

لُوت:خوراک، سامان خورونوش،

لوت و پوت:طرح طرح کے کھانے

لُوت:برہنہ، عریاں، ننگا

لُوترا:خاص بولی جو چند آدمی ترتیب دے لیتے ہیں اور اس میں بات چیت کرتے ہیں تاکہ اور کوئی نہ سمجھ سکے

لوث:آلودگی، آمیزش، داغ، دھبا

از سحابِ فیضِ لطفِ عامِ خود رشحی بریز
بر دل وجانش کہ از لوثِ گناہ آلودہ است

اپنے لطف عام کے ابر سے کچھ چھینٹے اس پر ڈال دیں جو گناہ کی آلودگی میں اٹا ہوا ہے

لوچ:بھینگا، احول، آنکھوں کو عادتاً ترچھا کرکے دیکھنے والا

چشمش لوچ است:وہ بھینگا ہے آنکھوں کو ترچھا کرکے دیکھتا ہے

لوچی:بھینگا، احول

لوح:تختی، تختہ، بورڈ، سرورق کتاب کا، کتاب کا وہ صفحہ جس پر کتاب کا نام لکھا ہوتا ہے، الواح جمع

لوحِ سنگ:پتھر کی تختی جو دیوار میں نصب کی جاتی ہے

لوحِ محفوظ:وہ لوح جس پر ہر وہ امر جو وقوع میں آئیگا روز ازل سے لکھ دیا گیا ہے

لوح مرقد:سنگ مزار

لوحَہ:تختی، بورڈ

لُوخ:ایک قسم کا نرسل جو پانی میں اگتا ہے اس سے چٹائیاں بنتے ہیں

لُوخَن:چاند، قمر

لودِگی:مسخرہ پن، دل لگی

لودہ:مسخرہ، ظریف، ٹھٹھے باز، خوش طبع

لودِہ:بڑا ٹوکرا، بند ٹوکری جس میں اوزار بھی رکھے جاتے ہیں

لودی:باغیرت، جوانمرد، بیباک

لُور:(۱)تازہ پنیر

لُورانگ:گھی رکھنے کا برتن

لُورَک:روئی دھننے کی کمان جس سے روئی دھنی جاتی ہے

لُورکند:زمین جس میں سیلاب نے نشیب پیدا کر دیے ہوں

لُوز:بادام

لُوزتین:حلق کے اندر کے گلے

ورم لوزتین:گلے آنا، گلے سوج جانا

لُوزالمعدہ:ایک بڑا غدہ جو خوشے کی صورت میں معدے کے نیچے ہوتا ہے

لُوزی:بادام کی شکل کا، بادامی

لوزِینہ:مٹھائی جس میں بادام شامل کیے جاتے ہیں

لوزینہ بگاؤ دادن (محاورہ) گائے کے آگے موتی ڈالنا، جو شخص کسی چیز کی اہمیت نہ جانتا ہو اسے وہ چیز دینا بیکار ہے

لُوس: بگڑا ہوا، بگڑا ہوا بچہ

لوس شدن: بگڑ جانا

لُوس: چاپلوس، چرب زبان، جو بلاوجہ دوسروں کے قریب ہوتا ہے اور ان سے بے جا توقعات رکھتا ہے

لوسانہ: چاپلوسی، مثال:

فعلِ تو چو می دانم لوسانہ مکن
بیہودہ مگو و خلق دیوانہ مکن

میں تیرے عمل و کردار کو جانتا ہوں چاپلوسی کی باتیں نہ کر، بیہودہ گوئی سے احتراز کر، اپنی باتوں سے لوگوں کو دیوانہ نہ بنا

لُوسیدن: چاپلوسی کرنا

لُوش: تالاب کی تہ میں بیٹھی ہوئی گاد نیز کج دہان

لُوشارہ: وہ جگہ جہاں سے سیلاب گزر گیا ہو

لُوشانہ: نغمہ شیریں، سخن شیریں و دلچسپ

لُوط: ایک پیغمبر کا نام جو حضرت ابراہیم کے برادر زادہ تھے

بحر لوط: بحر مردار

لوط: (۱)چادر، ردا (۲)چست و چالاک شخص

لوطی: اغلام کرنے والا، عمل شنیع کرنے والا

لوطی بازی: اغلام

لوطی گری: لوطی بازی

لُوغ: پی لو، نوش کرنا، پینا

لُوف: ایک درخت جس کا تنہ موٹا اور شاخیں بھی موٹی ہوتی ہیں اس کا پھل خوشوں کی صورت میں ہوتا ہے پھل شروع میں سفید اور پک کر زرد ہو جاتا ہے

لُوف: ہاتھی کے کان

لوک: (۱)قوی ہیکل اونٹ جس پر بوجھ لادا جاتا ہے (۲)ہر موٹی اور بھدی چیز

لوکوموبیل: (انگریزی) لوکو موبائیل، خودروگاڑی

لوکو موتیو: لوکو موٹو، ایک جگہ سے دوسری جگہ حرکت کرنے والا، حرکت دینے والا، انجن، ریل کا انجن

لوکہ: (۱)گندم یا جو کا آٹا جسے بریاں کیا گیا ہو (۲)روئی جس سے بنولے نکال لیے گئے ہوں

لوکیدن: (۱)چھوٹے بچوں کی طرح ہاتھوں اور پاؤں کی مدد سے چلنا (۲)گھوڑے یا اونٹ کا ناہموار چلنا جس سے سوارخستگی محسوس کرنے لگتا ہے

لُول: (۱)بے شرم، بے حیا، (۲)سرمست، سرخوش

لُول: افیون کی ٹکیہ

لولا: قلابہ، قدرتی جوڑ جو حلقے یا کڑی کا کام دیتا ہے

لولا: لو و لا کا مرکب ہے یعنی اگر نہ

لَولاک: اگر تم نہ ہوتے، "لولاک لما خلقت الافلاک" کی طرف اشارہ ہے

لولاگر: حلقہ یا کڑی درست کرنے والا، پیوند کو درست کرنے والا

لُولُو: گراں بہا موتی، لالی جمع

لُولُو: ایک خیالی شکل جس سے بچوں کو ڈراتے ہیں، جیسے ہوا، فرضی جن بھوت

آن ہمہ را لولو برد: ان سب کو ہوا یا بھوت لے گیا

لُولہ: نالی، نل

لولہ آب: پانی کی نالی

لولہ دُودکش: چمنی، بخاری جس سے دھواں اٹھتا اور خارج ہوتا ہے

لولہ پاک کن: نالی صاف کرنے والا

لولہ ساز: نالیاں بنانے والا

لولہ سازی: نالیاں بنانے کا کام

لولہ شو: لچکدار، دھات جو کوٹنے سے لمبی یا چوڑی کی جا سکے

لولہ کش: نل ساز، کاریگر جو نلوں وغیرہ کی مرمت کرتا ہے

لولہ کشی: نلوں وغیرہ کی مرمت، نل لگانا

لُولئین: مٹی کا ٹونٹی دار برتن، لوٹا

لُولی: (۱)خانہ بدوش عورت (۲)رقاصہ، گلوکارہ

لُولیدن: کروٹیں لینا

لُوم: ملامت، جھڑکی، دھمکی، سرزنش

لون: رنگ، الوان جمع

لوَند: ہر جائی عورت، طوائف، فاحشہ، کسبی، عصمت فروش

لوَندی: عصمت فروشی، طوائف کا پیشہ

لوِید: تانبے کی دیگ یا دیگچہ

لویر: گڑھے کے اردگرد کا بڑھا ہوا کنارہ، پشتہ، پتہ

لہ: بانس، بلی، خیمے کی چوب، کھمبا، پول

لہ: اس کے ساتھ، اس کے لیے، اس کے فائدے کے لیے

برلہ و برعلیّہ: حق میں اورخلاف

دستہ ای برلہ و گروھی برعلیہ او حرف زدند: کچھ لوگوں نے اس کے حق میں اور کچھ لوگوں نے اس کے خلاف باتیں کیں

لہ: کچلنا، مسلنا، پاؤں تلے آنا

گاؤ بچہ را لہ کرد: گائے کے پاؤں تلے بچہ آ گیا

لہ شدن: کچلا جانا، کسی کے پاؤں تلے آنا

لہ: انگوری شراب

لہات: حلق کا کوّا

لہاشُم: برا، پست، فرومایہ، کمینہ

لہب: (ع) شعلہ

لہبان: (ع) شعلے کا بھڑکنا، شدت گرما

لہبلا: نادان، ابلہ، احمق

لہجَہ: (ع) گفتگو کا انداز، طرز گفتگو، تلفظ، لفظوں کی تراش خراش

لِہذا: (ع) اس لیے، بنا بریں

لَہرَ: (۱)میخانہ (۲)فاحشہ خانہ

لہراسپ: ایران قدیم کا ایک بادشاہ جو گشتاسپ کا باپ تھا

لہستان: پولینڈ

لہستانی: پولینڈ کا باشندہ، پولینڈ کی زبان

لہف: (ع) تاسف، افسوس

لہ لہ زدن: (پیاس سے) بے تاب ہونا تڑپنا، کانپنا، سانس پھولنا

لہَنج: پتھر جس پر دھوبی کپڑے دھوتا ہے

لہنہ: احمق، بیوقوف، ابلہ، بے ادب

لہو: (ع) کھیل، لعب، وقت گزاری، بازی

لہوی: دیکھیے لہات

لہی: رخصت، اجازت، پروانہ

لہِیب: (ع) مشتعل، شعلہ بھڑکنا، شعلہ، آگ کی حرارت

لہِیدن: کچلا جانا، میوے کا ضائع ہونا

لہیدِہ: کوٹا گیا، نرم شدہ، ضائع شدہ

لہِیف: (ع) اندوہگین، غمزدہ، سوختہ دل، کسی چیز کے

ضائع ہونے کا غم ہونا

لیاقت:(ع) قابلیت، استعداد، وصف، جوہر، عمدگی خوبی، دانائی، ہر چیز کے حاصل کرنے کا مادہ

لیالی:(ع) لیل کی جمع، راتیں

لیان:درخشان، تابان، چمکدار، فروزان، عربی میں فراخی، آسائش جو زندگی میں حاصل ہو

لَیان:خوشی، فراخ روزی

لیبی:لیبیا ملک

لیت:کسی چیز کی آرزو کے موقع پر یہ کلمہ بولا جاتا ہے، کاش

لیتر:لتر (پیمانہ) تیل وغیرہ ناپنے کا

لیتک:مفلس، بے سروپا، غلام اور کنیز بھی

لیث:شیر، ایک قسم کی مکڑی کو بھی کہتے ہیں

لیثر غس:سستی، فراموشی

لیج:جس چیز میں پانی پڑ گیا ہو، جو چیز گیلی ہو گئی ہو

لیچار:مربّہ جو انگوروں کے رس سے تیار کیا جاتا ہے، نیز بیہودہ باتیں

لیر:لیرا، اٹلی کا چاندی کا سکہ جو جنگ سے پہلے دس پنس کا ہوتا تھا

لیر:بچوں کی طرح رال ٹپکنا یا ناک بہنا، بچوں کی یا فاترالعقل لوگوں کی طرح گفتگو کرنا، حماقت کی باتیں، مہمل باتیں

لیرہ:پاؤنڈ

لیرہ انگلیسی:پاؤنڈ، سٹرلنگ

لیرہ عثمانی:ترکی سکہ

لیز:پھسلنی زمین، جہاں سے پاؤں پھسل جائے

لیز خوردن:پھسل جانا

لیزم:پھسلنا

لیزی:پھسلن

لیزیدن:پھسل جانا، لڑھکنا

لیس: لیسیدن=چاٹنا سے فعل امر چاٹ لو

کاسہ لیس:لالچی، خوشامدی، فقیر، گدا، کسی سے فیض حاصل کرنے کا آرزو مند

لیسک:(۱)گھونگا (۲)دیوار گھڑی کی دندانے دار چرخی (۳)ایک قسم کا پودا جس کی پتیاں گھونگے کی شکل کی ہوتی ہیں

لیسندہ:چاٹنے والا

لیسہ:(۱)ترخانوں کے رندے کا بلیڈ (۲)ہموار کرنا

لیسہ زدن:ہموار کرنا

لیسہ:میوہ دار درختوں کی آفت، چھوٹے چھوٹے پروانے جو سیب، الوچہ اور آڑو کے درختوں پر بیٹھتے ہیں، پتوں پر تار تنتے ہیں اور پھلوں کا رس غذا کے طور پر استعمال کرتے ہیں جس سے اکثر پھل ضائع ہو جاتے ہیں

لیسیدن:چاٹنا

لیطر:لیتر، لتر، پیمانہ تیل وغیرہ ناپنے کا

لیف:(۱)کھجور کے درخت کی چھال، کھجور یا ناریل کے تار

لیف:ریشہ، دھاگا سوت کا، الیاف جمع

لیف تنبان:پتلون یا شلوار کے نیچے پہننے کا زیر جامہ

لیف حمام:چھوٹا کیسہ جس میں صابون ہوتا ہے اور حمام میں غسل کرتے ہوئے اسے جسم پر رگڑتے ہیں

لیفہ:نیفہ جس میں نالا ڈالتے ہیں

لیفی:ریشہ، تار یا سوت سے متعلق

لیقہ:کپڑے کا ٹکڑا جو سیاہی کی دوات میں ڈالتے ہیں

لیک: لیکن

لیکور: لیکوئر، شیریں خوشبودار شراب، شکر دار الکحل کا شیرہ جو شرابوں میں پڑتا ہے، خاص قسم کی برانڈی

لیل: (ع) رات

لیلا: لیلی ایک خاتون جس سے مجنوں کو عشق تھا

لیلاً: شبانہ، رات کے وقت

لیلاج: لجلاج، ایک مشہور شطرنج کا ناقابل تسخیر کھلاڑی

لیلہ: (ع)ایک رات، شب (لیالی جمع)

لیلۃ القدر: شب معراج، شب قدر

لیلی: شبانہ، رات کے وقت

لیلی: مجنوں کی محبوبہ، ان کے عشق کی داستان بعض شعرا نے "لیلیٰ و مجنوں" کے نام سے لکھی ہے

لیم: مریل، بے دم، نڈھال، سست، بے ہمت، بے حس

لی لی: (۱)کودنا، پھدکنا جست، زقند (۲)چھلانگ (۳)رقص، ناچ

لی لی کردن: کودنا، جست لگانا، رقص کرنا

لیمو: نیبو، ترنج، لیموں

آب لیمو: لیموں کا رس

لیمو ترش: کھٹا لیموں

لیمونات، لیموناد: لیمونیڈ، مشروب جو لیموں کے رس سے تیار کیا جاتا ہے

لیموی: لیموں کے رنگ کا، لیموں کی طرح ترش، زرد رنگ

لین: نرم، ملائم، ہموار

لین العریکہ: خوش خلق، نرم خو

لین: (ع) لینت

لینت: (ع) نرمی، ڈھیلاپن، رودے یا آنت کا ڈھیلاپن

لینت دادن: ڈھیلا کرنا

لیوان: گلاس

لیوان را آب کن: گلاس پانی سے بھر دو

لئیم: (ع) کمینہ، پست فطرت، گھٹیا، بخیل، لئام جمع

لئیم الطبع: لئیم النفس، پست فطرت، کمینہ، خسیس

لیوہ: فریب دینے والا، چاپلوس، احمق، نادان

م

م: فارسی ابجد کا انیسواں حرف، عربی کا چوبیسواں اور اردو کا اکتیسواں - ابجد کے اعداد کے لحاظ اس کے چالیس عدد ہیں، حرف م لفظ کے آخر میں آکر متکلم کے معنی دیتا ہے، مثلاً دیدم، میں نے دیکھا، لفظ کے شروع میں آکر یہ حرف نفی کے معنی بھی دیتا ہے مثلاً کن سے مکن، مت کرو وغیرہ کبھی لفظ کے آخر میں آکر عدد کی صورت کو ظاہر کرتا ہے مثلاً دوم، سوم وغیرہ

ما: ہم، ضمیر متکلم

مامی خوانیم: ہم پڑھتے ہیں

ما: کیا، جو چیز کہ

ماء: (ع) پانی

ماء الحیات: زندگی کا پانی، آب حیات

مآب: جگہ جہاں کوئی واپس آئے، پناہ گاہ

مابعد: جو بعد میں آئے، جو ذیل میں آئے

مابعد الطبیعت: فطرت کے علاوہ جو کچھ ہے، علم الٰہی

مابقی: باقی، بقیہ، باقی ماندہ

مابقی نان را کی خورد: باقی ماندہ روٹی کس نے کھائی

مابُون: مفعول، مخنث، ہیجڑہ

مابہ الاِحتِیاج: (ع) جس کی ضرورت ہو، جو ضروری ہو، جسکی احتیاج ہو

مابہ الاِختلاف: (ع) جس میں اختلاف ہو، موضع گفتگو

مابہ النِّزاع: (ع) جو کشمکش کا باعث ہو

مابَین: (ع) درمیان

مات: حیران، افسردہ، متحیر، مبہوت، سرگرداں

مات: شطرنج کے کھیل میں بادشاہ کا بے بس ہونا اور شکست کا باعث بننا اسے مات اور شاہ مات بھی کہتے ہیں

مات شدن: بادشاہ کے مہرے کا بے بس ہونے سے شکست سے دوچار ہونا

مات کردن: بے بس کر دینا، متحیر کر دینا، ہزیمت دینا

ماترک: (ع) آبائی جائداد یا املاک، ترکہ، میراث، ورثہ

ماتحت: (ع) زیر حکم، زیر فرمان، تابع

مات زدہ: حیران، مبہوت، شکست خوردہ، بے بس، متحیر

ماتمّ: (ع) مرنے کا غم، گریہ و زاری، سوگ

ماتم گرفتن: سوگ منانا

ماتم پُرسی: تعزیت، ورثائے میت کے ساتھ ہمدردی و غمخواری

ماتم دار: عزادار

ماتم زدہ: جس کے گھر میں ماتم ہو

ماتم کدہ: وہ گھر جہاں کے لوگ کسی عزیز کی موت کے رنج و غم میں مبتلا ہوں

ماتیک: کازمیٹک، غازہ، ابٹن جو مستورات زینت کے لیے چہرے پر بالوں میں لگاتی ہیں

مآثِر: (ع) کارہائے نمایاں بڑی بڑی یادگار چیزیں (مآثرہ کی جمع)

ماج: چاند

ماجِد: (ع) شریف، قابل احترام، جلیل القدر، رفیع الشان، بزرگوار، جوانمرد

ماجِدہ: (ع) ماجد کی مونث، بزرگوار خاتون، مواجد جمع

ماجَرا: ماجرای: سرگذشت، حقیقت، حادثہ، اتفاق

ماجرا جُو: ماجرا طلب، جاں باز، مہم جو، آشوب طلب، قسمت آزما، با ہمت

ماجُوج: (ع) ایک قوم جو یافث بن نوح(ع) کی اولاد سے ہے

ماچ: بوسہ، چومنا

ماچ دادن: بوسہ دینا

ماچ کردن: بوسہ لینا، چومنا

ماچ و موچ: چومنا چاٹنا

ماچُوچہ: ٹونٹی دار چھوٹا برتن جس سے دوائی وغیرہ بچے کو پلاتے ہیں

ماچہ: مادہ، مقابل نر

ماچِین: مہاچین کا مخفف، چین اعظم، انڈو چائنا

چین و ماچین: چین اور انڈ و چائنا، چینی حکومت

ماحصَل: (ع) نتیجہ، حاصل شدہ، خلاصہ

ماحصل کلام: بیان کا خلاصہ

ماحضَر: (ع) جو حاضر ہے، جو تیار ہے، کھانے وغیرہ کی چیز جو موجود ہو

ہم کریمان قبول فرمائید
تحفہ اہل فقر ماحضراست

اہل کرم بھی تحفہ قبول فرما لیں جو درویشوں کے پاس پیش کرنے کے لیے حاضر ہے (یہ تحفہ تو درویشوں کی دعاؤں ہی کا ہے)

ماحی: (ع) محو کرنے والا، نشان مٹانے والا

ماخ: کھوٹا سونا چاندی کنایۃً پست فطرت، خسیس شخص
ماخذ: اصل، بنیاد، جہاں سے کوئی چیز یا معلومات حاصل کیے جائیں یا حاصل کیے گئے ہوں
سند بی ماخذ- بے بنیاد، سند کے بغیر
ماخلق اللہ: (ع) جو کچھ اللہ تعالیٰ نے تخلیق کیا ہے، کائنات، دنیا
اولِ ماخلق اللہ: اولیں چیز جو تخلیق ہوئی، عقل یا دانش
ماخُوذ: (ع) (۱) جو اخذ کیا گیا ہو، استفادہ کیا گیا ہو (۲) رقم جو وصول کی گئی ہو
ماخُور: (ع) خرابات، میخانہ، مثال:

عِلم داری مرو بعادت و رسم
کعبہ با تست بگذر از ماخور

تو صاحب علم ہے عادت اور رسم کی تقلید نہ کر، کعبہ تیرے دل میں ہے، خرابات دنیا سے گزر جا
ماخولیا - مالیخولیا: توہمات کا مرض، خفقان
ماد: مادر، ماں
ماد: مانند، مشابہہ
ماد: مد
مادام: (ع) امتداد، مدت، دوران
مادام کہ: وقتیکہ، جس وقت کہ، تا وقتیکہ
مادام الحیواۃ: جب تک زندہ ہے
مادام العمر: جب تک زندگی ہے
مادام: میڈم، (انگ)، خانم، بانو، معزز خاتون کے لیے کلمہ احترام
مادَبَہ: (ع) مہمانی، ضیافت
مادِح: (ع) مدح کرنے والا، تعریف و توصیف کرنے والا، مداح
مادر: والدہ، ماں

مادر اندر: سوتیلی ماں
مادرانہ: ماں کا سا سلوک
مادر بزرگ: والدہ کی اماں، نانی
مادر پدر: دادی
مادر جان: پیاری امان
مادر روزگار: (یا دہر) قدرت
مادر طایفہ: خاندان کی بڑی بوڑھی
مادر مادر: نانی
مادر بخطا: جس کی ماں پاکدامن نہ ہو
مادر خواندہ: منہ بولی ماں
مادر زاد: پیدائشی
مادرِ زن: خوش دامن، ساس
مادر فرزندی: ماں کی طرف سے قرابت
مادری: ماں کی طرف سے، مادرانہ، پیدائشی، فطری
مادرید: (جغرافیہ) میڈرڈ
مادگی: جس سوراخ میں بٹن لگاتے ہیں
مادموزال- میڈموزائل: (انگ) مس، کنواری لڑکی
مادُون: (ع) پست، گھٹیا، زبوں، فرومایہ
مادہ: نر کی متضاد
مادّہ: ہر چیز کی جنس خام جس سے چیزیں بنتی ہیں، ہیولیٰ، جوہر مادی، مواد
مادہ قانون: قانون پر مواد یا مقالہ
مادہ واحد: بے نظیر مواد یا مقالہ
مادۃً: مادی طور پر، مواد کے اعتبار سے
مادی: معنوی، نفس مضمون سے متعلق، جسمانی، مادہ سے منسوب و مربوط، کوئی شخص جو تمام چیزوں کو مادہ سے نسبت دیتا ہے اور خدا سے منکر ہے
مادیات: مواد، وہ اشیا جن سے بعض اور اشیا بنائی جائیں
مادیان: گھوڑی

مادیّت: جسمانیت، ہیولائیت

مادینہ: مادہ، جنس مادہ

مادیون: مادی کی جمع، مادہ پرست لوگ

ماذُون: مجاز

مار: سانپ، افعی

مار بدست دیگری گرفتن یا کشتن (محاورہ) خطر ناک کام کی انجام دہی کے لیے کسی اور کو مقرر کرنا

مار: بیمار کا مخفف

مار: گذشتہ

ماراسپند: ہر شمسی مہینے کا نواں دن، ایک فرشتے کا نام

مارِآستین: جو ظاہر میں دوست ہو اور حقیقت میں دشمن

مارافسار، مارافسان: افسونگر یا منتر پھونک کر سانپ پر قابو پانے والا

مارپیچ: چکر دار، پیچیدہ، سانپ کی طرح، مرغولہ دار پیچدار

مارچُوبہ: ایک لمبے تنے والا پودا جس کی بلندی دو میٹر تک ہوتی ہے بعض لوگوں کا خیال ہے کہ اس کے پتے کھانے سے سانپ کے زہر کا اثر نہیں ہوتا

مارخوش خط و خال: حیلہ ور شخص جس کی ظاہری صورت اچھی اور سیرت بری ہو

مارِد: متمرد، سرکش، نافرمان، دیو، آسیب، بھوت پریت

ماردی: سرخ، قرمز

مارزنگی: زرد رنگ کا زہردار سانپ

مارس: فریب سے فتح پانا

مارس شدن: فریب میں آنا

مارس کردن: فریب دینا

مارس: (۱) ماہ مارچ (۲) مریخ

مارِستان: وہ علاقہ جہاں بہت سے سانپ ہوں

مارستان: بیمارستان، شفاخانہ، ہسپتال

مارش: مارچ، باقاعدہ قدم اٹھانا، مل کر قدم اٹھاتے ہوئے چلنا

مارش کردن: خاص آواز پر قدم اٹھاتے ہوئے چلنا

مارشال: مارشل، سپہ سالار

مارقشیشا: درد چشم کے علاج کی دوائی جسے حجرالنور بھی کہتے ہیں

مارک: نشان، علامت

مارگزیدگی: سانپ کا ڈسنا

مارگزیدہ: سانپ کا ڈسا ہوا

مارگزیدہ از ریسمان بترسد: سانپ کا ڈسا ہوا رسی سے بھی ڈرتا ہے

مارگیاہ: مارچوبہ

مارگیر: سانپ پکڑنے والا

مارمانند: سانپ کی طرح، مار صورت، پیچیدہ، بے وفا، بے مروت، کینہ پرور، مکار

مارماہی: ایک مچھلی جو سانپ کی سی ہوتی ہے

مارمولک: چھپکلی، سوسمار

مارمہرہ: پتھر جو بعض قسم کے سانپوں کے مغز میں ہوتا ہے اور تریاق کا کام دیتا ہے

مارُوت: ایک فرشتہ، ماروت اور ہاروت دو فرشتے ہیں جن کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ جادو کی تعلیم کرنے کی پاداش میں چاہ بابل میں ڈالے گئے

مارو مارہ: عبور کرنے والا، رہگذر

مارون: ایک پتھر جس کا سفوف بنا کر آنکھوں کی دوائی کے طور پر استعمال کرتے ہیں

مارِہ: (۱) حساب، دفتر حساب (۲) مہرہ

ماری: سانپ جیسا، مکار، دغا باز، خطر ناک

ماز: پیچ، تہ، شکن، شگاف

مازاد: فزونی، زیادتی، جو چیز زیادہ آ گئی ہو

مازالاق: غرغرہ، فرفرہ، لٹو

مازِح: ہنسی مزاح کرنے والا

مازریون: پے بہ پے پیاس لگنے کو روکنے کی دوا

مازندر: مخفف مازندران

مازندران، ماژندران: ایران کا شمالی صوبہ

مازندرانی: ماژندران کا رہنے والا، ماژندران سے متعلق

مازُو: (۱) پیچ، تہ، شکن، چین، شگاف (۲) بلوط کے درخت سے حاصل ہونے والا مادہ اس مادے کو جمع کرکے اس سے جانوروں کا چمڑا رنگنے کا کام لیا جاتا ہے

مازہ: پشت کی ہڈی، کمر کا مہرہ

ماژ: عیش و عشرت، خوشی، آسودگی

ماژر: میجر (انگ) سرگرد، یاور

ماس: آماس کا مخفف، سوجن

ماساریقا: جھلی کی ایک قسم جو آنتوں کے کسي حصے کو معدے کے بیرونی حصے سے ملحق کرتی ہے

ماساژ: مساج (انگ) جسم کی مالش، مشت مالی

ماسبَق: (ع) جو گزر گیا، گزشتہ

ماست: دہی

ماست بند: دہی جمانے والا

ماست بندی: دہی جمانا

ماست کَش: دہی اٹھا کر بیچنے کے لیے جا بجا لے جانے والا

ماست مالی: (۱) حاشیہ جو بین السطور لکھا جائے، مصطلحات

ماسک: (انگ) نقاب، پردہ، ہنسی چھپانے کنے لیے رخ پوشی کرنا

ماسِک: پکڑنا

ماسِکہ: :(ع) پکڑنے کی قوت، خود داری کی حس

ماسلف: (ع) جو گزر گیا، گزشتہ، ماسبق

ماسوای: (ع) سوایے، علاوہ

ماسُورہ: (۱) آلہ جسے جولا ہے کپڑا بننے میں استعمال کرتے ہیں (۲) نلکی

ماسِہ: (عمدہ) ریت

ماسہ زار: ریتلی زمین

ماسِیدن: جمانا، یخ بستہ کرنا، منجمد کرنا (سیال اشیا کا)

ماش: ایک پودا جس سے ماش کی دال حاصل ہوتی ہے

ماشاءاللّٰہ: جو خدا نے چاہا، کلمہ تحسین کے تعجب کے طور پر بھی کہا جاتا ہے

ماشرا: (۱) سوجن جس سے خون بھی نکل آتا ہے (۲) درختوں کا ایک روگ جس سے پتے اور چھلکے خشک ہو کر گر پڑتے ہیں، پت روگ

ماشِطہ: دایہ، آرائش گر، آراستہ کرنے والی خاتون

ماشُو: غربال، چھلنی

ماشُور: ملی ہوئی چیزیں، باہم آمیختہ چیزیں، مہینے

ماشورہ: نرسل جو بیچ میں سے خالی ہوتا ہے

ماشہ: (۱) چمٹی، موچنا (۲) لبلبی، بندوق کا گھوڑا

ماشی: (۱) ماش کے رنگ کا (۲) پیدل سفر کرنے والا (۳) گلہ بان

ماشین: مشین (انگ)

ماشین آلات: مشینری

ماشین بخار: سٹیم انجن

ماشین تحریر: ٹائپ رائٹر

ماشین خانِہ: ورک شاپ، جگہ، جہاں مشینیں رکھی جاتی ہیں

ماشین سوارکُن: فٹر

ماشینسٹ: (انگ) مشین چلانے والا، مشین کا فن جاننے

والا

ماضی:(ع) گزرا ہوا وقت، گزشتہ زمانہ

ماطِر:(ع) برسنے والا، بارانی

ماعُون:(ع)(۱)نیکی، احسان، (۲)کوئی چیز جس سے فائدہ حاصل ہو (۳)اسباب خانہ

ماغ:(۱)مرغابی کی قسم کا ایک پرندہ (۲)غبار

ماغ:گائے کی آواز

گاؤ ماغ می کشد:گائے آواز لگا رہی ہے

ماغ کشیدن:گائے کا بولنا

مافات:(ع) وہ جو گزر گیا، ہاتھ سے نکل گیا ہے

جبران مافات کردن:غفلت کی وجہ سے جو نقصان ہوا اس کی تلافی کرنا

مافَوق:(ع) جو اوپر بیان ہوا، مذکورہ بالا

این مطلب مافوق عقل است:یہ بیان یا بات انسانی عقل سے بالا ہے

مافی الضّمیر:(ع) جو ذہن میں ہے

ماقبل:(ع) پہلے، پیشتر

ماقُوت:ایک قسم کی خوراک جو نشاستہ اور چینی وغیرہ سے تیار کی جاتی ہے

ماک:دودھ جو گائے بھینس کا بچہ پیدا ہونے کے بعد دوہا جاتا ہے

شیر ماک:دودھ جس سے بہلی بنتی ہے

ماکان:جولاہے کا کپڑا بننے کا آلہ

ماکو:تبریز کے شمال مغرب کا ایک شہر

ماکُول:کھانے کی چیز، خوردنی، خوراک

ماکُولات:ماکول کی جمع، کھانے کی چیزیں

ماکِیان:مرغی

مال:(ع)(۱)اسباب، سازوسامان، جائداد، دھن دولت (۲)جانور جس پر بوجھ لادا جاتا ہے، سواری کا جانور

مالِ کی:کس کا سامان؟

مال غیر منقول:وہ جائداد جو ایک جگہ سے نقل نہ کی جا سکے مثلاً زمین

مال منقول:وہ جائداد جو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائی جا سکے مثلاً مال و اسباب وغیرہ

مال فراوان گرد کرد:بہت زیادہ دولت اس نے جمع کر لی ہے

این کتاب مال من است:یہ کتاب میری ہے

بیت المال:حکومت کا خزانہ

دستمال:رومال

مال، مالیدن:ملنا سے فعل امر، ملو، مل دو

مآل:(ع) جہاں لوٹ کر آنا ہو، انجام بینی، باز گشت

مالاً:دولت کے ذریعے، نتیجۃً، آخر الامر

مالاً به او مساعدت کردند:انھوں نے رقم دے کر اس کی یاوری یا مدد کی

مآلاً:لہذا، اس وجہ سے، اس لیے

مالایار:ملیریا بخار

مالاياری:جسے ملیریا بخار ہو

مالا کلام:(ع)(۱)جس کلام میں شک شبہ کی گنجائش نہ ہو، (۲)بیان سے بالا، جسے الفاظ میں بیان نہ کیا جا سکے

مالُ الاجارہ:(ع) کرایے کا (مکان وغیرہ)

مال التّجارہ:(ع) سامان تجارت، تجارتی اشیا

مالا مال:بھرپور، بہت، کثیر، بہت زیادہ، کناروں تک بھرا ہوا

مآل اندیش:عاقبت اندیش، دور بین، عاقبت بین، محتاط

مآل اندیشی: عاقبت بینی، انجام سے متعلق سوچ بچار کرنا، دور بینی

مالا یطاق: (ع) غیر قابل تحمل، جو قوت برداشت سے بالا ہو، طاقت فرسا

مال بگیری: مطالبہ، مال لے لینے کا حکم، انگریزی میں اس کے لیے ریکیوزیشن ہے

مال بند: پول، بلّی، ستون

مال پرَست: دولت کا بندہ، زر پرست، دولت پرست

مال پرستی: زر پرستی، دولت پرستی

مالِع: (ع) نمکین

مال خولیا: مالیخولیا، خفقان کی بیماری، وہم، سودا

مالی خولیائی: جسے وہم یا سودا کا مرض ہو، سودائی

مالدار: دولت مند، متموّل

مالداری: تمول، دولت مندی

مالِش: مَلنا

مالش دادن: مَلنا

مالطہ: مالٹا (ملک)

مالِک: آقا، صاحب، جس کی ملکیت ہو

مالک مِلک خود را فروخت: صاحب ملکیت نے اپنی ملکیت فروخت کر دی

مالک یوم الدین: روز حساب کا مالک، باری تعالی

مالکانہ: حق ملکیت

مالِ مردم خور: دوسروں کا مال کھانے والا، دوسروں کا مال لے لینے والا

مألوف: (ع) جس سے الفت ہو، مانوس، عزیز

عادتِ مالوف: معمول کی عادت، ہمیشہ سے جو عادت ہو

مالہ: معمار کا گارا پھیلانے کا آلہ، گرمالہ، کانڈی

مالہ کشیدن: گارا پھیلانا، گارے کا ردا چڑھانا

مالی: مال و دولت سے متعلق

اُمورِ مالی: مال و دولت سے متعلق امور و مسائل

مالیات: باج، خراج، محصولات، ٹیکس

مالیات ارضی: زمین کا لگان

مالیات بر درآمد: انکم ٹیکس

مالیات برعایدات: انکم ٹیکس

مالیات بستن: (یا وضع کردن) ٹیکس لگانا

مالیات مستقلات: کرایوں کا ٹیکس

مالیات غیر مستقیم: بالواسطہ انکم ٹیکس

مالیات مستقیم: براہ راست انکم ٹیکس

مالیات ملکی یا املاک: پراپرٹی ٹیکس

مالیات سنگین بر مسکرات بستہ اند: الکحل کے مشروبات پر بہت زیادہ ٹیکس لگایا گیا ہے

مالیات بدہ: ٹیکس ادا کرنے والا

مالیات بندی: ٹیکس لگنا

مالیاتی: مال و دولت سے متعلق

حاکم مالیاتی: ٹیکس حاصل کرنے والا افسر

مالیخولیا: (ماخوذ از یونانی) سوداوی مرض، ذہنی بیماری جس سے طرح طرح کے توہمات ذہن میں آتے ہیں

مالیدن: مَلنا

روغن را بہ بدن خود مالید: تیل اس نے اپنے بدن پر ملا

مالیدنی: ملنے والی چیز، بیرونی استعمال کی دوا، مرہم

مالیدہ: ملا ہوا

مالیہ: ذرائع آمدنی، مالیات

اداره مالیه:مالیات کا محکمہ

امین مالیه:مالیات کا ایجنٹ

رئیس مالیه:مالیات کا ڈائریکٹر

وزارتِ مالیه:وزارت مالیات

مام:والدہ، ماں

ماما:(۱) ماں (۲)دایہ

ماماچه:دایہ

مامان:مام، ماں، والدہ

مامائی:دایہ گیری، دایہ گری کا کام جاننا

مامای کردن:دایہ گیری کرنا

مامضی:(ع) گزشتہ، جو گزر گیا

مضی مامضی:(ع) جو گزر گیا وہ گزر گیا

مامَک:ماں کی تصغیر، ماں

مامَن:(ع) امن کی جگہ، پناہ گاہ، حفاظت کی جگہ

ماموت:ہاتھی کی قسم کا بڑا جانور جو قدیم زمانے میں سرد ممالک میں ہوتا تھا لیکن اب اس کی نسل ختم ہو چکی ہے

مامور:(ع) جسے کسی کام کے لیے مقرر کیا گیا ہو، مامورین جمع

مامور شدن:کسی کام کے لیے مقرر ہونا

مامور کردن:تعین کرنا

مامورینِ دولت:حکومت کے ملازمین

این را مامور کردند که مالیات را وصول کنند:اسے متعین کیا گیا ہے کہ ٹیکس وصول کرے

دو نفر را مامور تفتیش کردند:دو آدمی تفتیش پر مقرر کیے گئے ہیں

شما مامور ہستید که این پیغام را برسانید:تمہیں اس بات پر مقرر کیا گیا ہے کہ یہ پیغام پہنچا دو

مامورِ اجرا:انتظامی امور کا دفتر

ماموریّت:خدمت، فرض،حکم، ہدایت، کمشن، کار منصبی

او به ماموریت رفته است:وہ اپنا فرض ادا کرنے کے لیے (ملک سے باہر) گیا ہے

من ماموریت دارم که شمارا طلب کنم:مجھے ہدایت ہوئی ہے کہ میں تجھے طلب کروں

مامول:جس کي امید ہو، جو متوقع ہو

این بر خلافِ مامولِ من است:یہ میری امید کے خلاف ہے

مامون:امن میں آیا ہوا، محفوظ

مامون الرشید:ایک عباسی خلیفہ جس نے ۱۹۸ تا ۲۱۸ھ / ۸۱۳ تا ۸۳۳ء حکومت کی

مامیران:زرد پھول دینے والے دو پودے

مان:من کی جمع، ہمارا، جیسے فرزند کی جمع

فرزندمان:ہمارے بیٹے

دیدمان:اس نے ہمیں دیکھا

مان:گھر، گھر کا ساز و سامان نیز مثل، مانند

مانا، مانند:ویسا ہی

مانا که گوئی:جیسا کہ تو کہتا ہے

مانَحنُ فیه:(ع) جو موضوع ہمارے پیش نظر ہے، مورد بحث ھے، جس میں ہم ہیں

مانداب:جہاں پانی جمع رہتا ہے اور اس سے بو آنے لگتی ہے

ماندگار:پائیدار، مستحکم

ماندگی:خستگی، تکان، تھکاوٹ

ماندن: رہنا، قیام کرنا، باقی رہنا، بقیہ، خستہ ہو جانا

آنچه را که می ماند جمع کن: جو باقی رہ گیا ہے اسے جمع کر لے

باز ماندگان: جو باقی رہ گئے ہیں

چند روز در آنجا ماندید: تم کتنا عرصہ وہاں رہے؟

در ماندن: خستہ و لاچار ہونا

درماندگان: خستہ و لاچار لوگ

فروماندن: کم زور ہو جانا، تھک جانا

ماند: جو رہ گیا ہے

ہیچ نخواہد ماند جز آثار نیکو کاری: نیک کاموں کے اثرات کے سوا کوئی چیز باقی نہیں رہیگی

بر این رواق زبرجد نوشته اند بزر

که جز نکوی اہل کرم نخواہد ماند

اس نیلگوں محل پر سنہری الفاظ میں لکھا ہے کہ اہل کرم کی نیکی کے سوا کوئی چیز باقی نہیں رہیگی

ماندہ: جو باقی رہا ہے، بقیہ، تھکا ہوا، خستہ

اجناسِ ماندہ: چیزیں جو فروخت ہونے سے باقی رہ گئی ہوں

مانستن: مانند ہونا، مشابہ ہونا، مماثل ہونا، ہم شکل ہونا، مشابہت رکھنا، ایک جیسا ہونا، ملتا جلتا ہونا

مانستہ: مشابہت ہونا، مانند، مماثلت

مانش: بہتے پانی کا قدرتی یا مصنوعی نالہ، نہر کھاڑی

مانِع: (ع) رکاوٹ، مزاحمت، خلل اندازی، ممانعت، (موانع جمع)

مانع داشتن: اعتراض ہونا

مانع شدن: روکنا، مزاحم ہونا، مزاحمت کرنا

مانع شما درین کار چیست: اس کام میں تمہارے لیے کیا رکاوٹ ہے

موانع را مرتفع نمودم: رکاوٹیں میں نے دور کر دیں

مرا از رفتن مانع شد: میرے جانے میں اس نے رکاوٹ پیدا کی

مانگ: چاند

مانَند: مشابہ، مماثل، ہم شکل، مشابہت

قدش سرو مانند است: اس کا قد سرو کی مانند ہے

بی مانند: بے مثال

مانَندگی: مشابہت، مماثلت

مانَندہ: مانند ہونا، مشابہ ہونا، مماثل ہونا

مانُو: گونج، صدای باز گشت، کسی کے خیالات کو حرف بحرف دہرا دینا

مانُوِر: (۱) مینوور (انگ) بحری یا عسکری حرکت، جہازوں کے بیڑے کا کسی خاص منصوبے کے تحت حرکت کرنا (۲) داو کرنا، گھات لگانا، جوڑ توڑ یا حکمت عملی سے مجبور کر دینا

مانور دادن: بحری یا عسکری حرکت کرنے کی مشق کرنا

مانُوس: جس سے انس ہو، عزیز، واقف، آشنا، اچھی طرح سے جانا پہچانا ہوا

مانوس شدن: اچھی طرح سے جان لینا، آشنا ہونا

مانوی: مانویت، مانی کا پیش کیا ہوا مذہب

مانی: (۲۱۶ - ۲۷۶ء) فتق کا بیٹا بابل کا رہنے والا تھا اس نے شاپور اول کے زمانے میں پیغمبر ہونے کا دعوی کیا، بڑے پائے کا مصور تھا، مصوری کو اس نے معجزے کے طور پیش کیا لیکن مخالفت کی بنا پراسے وطن چھوڑنا

پڑا، آخر وہ قتل ہوا اس نے جو مذہب پیش کیا تھا وہ کچھ عرصے بعد نابود ہو گیا، اس کی مصوری کی کتاب کا نام ارژنگ تھا

مانیدن: کسی چیز کے مشابہ ہونا

ماوا: (ع) ماوای، پناہ گاہ، ٹھکانا، حفاظت کی جگہ منزل، مسکن، مامن، مثال:

آرزوی جنت ماوا برون کردم ز دل
جنتم این بس کہ برخاک درت ماوی کنم

پناھگاہ جنت کی آرزو میں نے دل سے نکال دی ہے میرے لیے جنت بس یہی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے دروازے کی خاک کو اپنی پناہ گاہ بنالوں

ماوی دادن: کسی کو پناہ دینا، حفاظت کے لیے جگہ دینا

ماوی گرفتن: مسکن پانا، پناہ گاہ حاصل ہونا، قیام کرنا، ٹھکانا بنانا

ماورا: جو پیچھے ہے، دوسری طرف، اس طرف، بالا

ماورای تصور: تصور سے بالا

ماورا النہر: شہر کا نام جو دریائے جیحون سے پار ہے

ماوقع: واقعہ، حالت، صورت حال، کسی فعل کا ماحول، وہ حالت جس میں کوئی فعل انجام پذیر ہو

ماہ: چاند، قمر، مہینہ

ماہ آب: آبان، ایران کے شمسی کیلنڈر کا مہینہ

ماہا: چاند کی مانند

ماہار: مُہار

ماہانہ: ماہوار، ماہیانہ

ماہ بماہ: ہر مہینے

ماہ پارہ: چاند کا ٹکڑا، کنایۃً حسین و جمیل

ماہتاب: چاند کی چاندنی، چاند

ماہ پرَست: چاند کی پرستش کرنے والا

ماہ پَیکر: چاند جیسے جسم والا، حسین و جمیل

ماہ چہاردہِ شب: چودھویں کا چاند

ماہچہ: پرچم کے اوپر کا چاند

ماہِر: (ع) تجربہ کار، فن میں مہارت رکھنے والا

او در زدن وائلن ماہر است: وہ وائلن بجانے میں بڑی مہارت رکھتا ہے

ماہرانہ: مہارت سے

ماہرُخ: ماہ رو، چاند جیسے روشن چہرے والا حسین، زیبا، رعنا

ماہ رُخسار: ماہرخ

ماہ روزہ: ماہ رمضان

ماہری: مہارت، تجربہ کاری

ماہ سِیام: ماہ نخشب دیکھیے ماہ مقنع

ماہ سِیما: ماہرخ

ماہ شمسی: شمسی مہینہ، ایران کے شمسی سال کے بارہ مہینوں میں پہلا مہینہ فروردین ہے اور بارھواں مہینہ اسفند ہے یہ مہینے دور آفتاب کے گرد زمین کی گردش سے متعلق ہیں، ہر مہینہ شمسی کے نام منسوب ہے

ماہ صِیام: ماہ رمضان جس میں روزے رکھے جاتے ہیں

ماہ طلعَت: چاند جیسے چہرے والا، حسین و جمیل

ماہ قمری: قمری مہینہ، قمری سال ماہ محرم سے شروع ہوتا ہے اور آخری قمری مہینہ ذی الحج ہے یہ مہینے زمین کے گرد چاند کی گردش سے متعلق ہیں اس لیے ہر مہینہ قمری کے نام منسوب ہے

ماہ کاشغر: ماہ نخشب

ماہ کش: ماہ نخشب

ماہِ کنعاں: کنعاں کا چاند، کنایۃً حضرت یوسف(ع)

ماہ مقنع: ماہ نخشب، نخشب ترکستان کا ایک مشہور شہر ہے جہاں حکیم مقنع نے ایک مصنوعی چاند کنوئیں سے نکلتا ہوا دکھایا تھا، اس لیے یہ چاند ماہ مقنع یا ماہ نخشب کے نام سے مشہور ہوا

ماہگانہ: ماہانہ، ماہوار، ماہیانہ

ماہ گرفت: چاند گرہن، خسوف

ماہ گرفتگی: چاند گرہن

ماہ لقا: چاند جیسے چہرے والا، ماہرو، ماہ طلعت محبوب

ماہنامہ: مجلہ یا رسالہ جو ہر مہینے شائع ہوتا ہے

ماہ نخشب: ماہ مقنع

ماہُو: زیب و زینت، آرائش و پیرائش

ماہوار: ماہانہ، ماہیانہ

ماہواری: ماہانہ تنخواہ، ماہانہ آمدنی، محاصل ماہیانہ

ماہُوت: چوڑا کپڑا، اونی یا سوتی کپڑا، بڑے عرض کی بانات

ماہوت پاک کن: کپڑے صاف کرنے کا برش

ماہوت فروش: بزاز، کپڑے کا کاروبار کرنے والا

ماہُوتی: جس پر اونی یا سوتی کپڑے کا غلاف ہو

ماہُور: زمین کی بلندی و پستی، نا ہموار، ایرانی موسیقی کی راگنی

ماہ وش: چاند کی طرح حسین، زیبا، رعنا

ماہِہ: عمر ظاہر کرنے کے لیے آتا ہے

بچّہ چہار ماہہ: چار ماہ کی عمر کا بچہ

ماہہ: آلہ جس سے سوراخ کرتے ہیں، برما

ماہی: مچھلی (۲)ہئیت، حُوت، بارھویں برج کا نام

ماہی اسقومری: ماکریل، ایک قسم کی بحری مچھلی، گرمیوں میں اس قسم کی مچھلیاں گروہ در گروہ سمندر کے کنارے پر آ کر انڈے دیتی ہیں

ماہی خاردار: کانٹوں والی مچھلی

ماہی درشت قنات: تھوتھنی والی مچھلی

ماہی روغن: مچھلی جس سے تیل نکالا جاتا ہے

ماہی زیر قنات: چھوٹی مچھلی جو چارے کے کام آتی ہے

ماہی سفید: سفید مچھلی

ماہی سَوف: سفید مچھلی

ماہی سِیم: چاندی کے رنگ کی مچھلی

ماہی طلائی: سنہرے رنگ کی مچھلی

ماہی گُوسِہ: یورپی سمندروں کی ایک قسم کی مچھلی جو مچھلیوں کا شکار کرتی ہے

ماہی گول: تالابوں کی عام مچھلی

ماہی یُونس: ایک قسم کی سرخ مچھلی جو پانی سے نکلنے کے بعد مرتے وقت طرح طرح کے رنگ بدلتی ہے

صید ماہی: مچھلی کا شکار

ماہی: ماہانہ

ماہی: (صیغہ تانیث) وہ کیا ہے

ماہیانہ: ماہانہ، ماہوار تنخواہ

ماہیانہ شما چند است: تمہاری ماہانہ تنخواہ کتنی ہے

اطلاع نامہ ماہیانہ: ماہوار اطلاع نامہ

او ماہیانہ سہ ہزار روپیہ می پردازد: وہ تین ہزار روپے ماہانہ تنخواہ پاتا ہے

ماہی پرَست: مچھلیوں کا پجاری

ماہی پرستی: مچھلیوں کی پوجا

ماہی پروَر: مچھلیوں کی پرورش کرنے والا

ماہی پروری: مچھلیوں کی پرورش کرنا

ماہیّت: جوہر، ذات، حقیقت، اصلیت، کیفیت (ماہیات جمع)

ماہی تابہ: ماہی تاوا، فرائنگ پین، جس میں گھی وغیرہ ڈال کر کوئی چیز بریاں کی جاتی ہے، کڑاہی

ماہیچہ: بازو کا پٹھا، عضلہ

ماہی خانہ: مچھلیوں کے لیے جو تالاب بنایا جائے اور اس میں ان کی پرورش کی جائے

ماہی خوار: بگلا، مچھلیاں کھانے والا

ماہی خواری: مچھلیاں کھانا

ماہی دان: وہ برتن جس میں پانی ڈال کر مچھلیاں رکھی جاتی ہیں

ماہی دریم: قالین جس میں مچھلیوں کو ایک دوسرے کے پیچھے تیرتے دکھایا جاتا ہے

ماہی شِناس: مچھلیوں کا علم جاننے والا

ماہی شِناسی: مچھلیوں کا علم جاننا

ماہی فروش: مچھلیاں فروخت کرنے والا

ماہی قزل آلا: ایک قسم کی مچھلی جو میٹھے پانی میں زندگی بسر کرتی ہے

ماہی گیر: مچھلیاں پکڑنے والا

ماہی گیری: مچھلیوں کا شکار کرنا

ماہی مانند: مچھلی کی مانند

مائت: (ع) موت کے قریب، جو شخص آخری دموں پر ہو

مائدَہ: (ع) دسترخوان جس پر کھانا چنا جائے

ہر چہ بزیر فلک ہست طفیلِ تو است
مائدہ عشق را نادرہ مہمان توی

زیر فلک جو کچھ بھی ہے وہ آپ ہی کی ہی بدولت ہے یہاں عشق و محبت کا جو دستر خوان بچھا ہے اس کے لیے بے نظیر مہمان آپ ہی ہیں

مائع: (ع) مایع، کوئی رقیق یا سیال چیز، بہنے والا مادہ

پیمانہ مائعات: رقیق چیزیں ناپنے کا پیمانہ

تبدیل بہ مائع کردن: رقیق صورت میں تبدیل کر دینا

مائعیت: رقیق ہونا

مائل، مایل: (ع) میلان رکھنے والا، متوجہ، راغب

مائل است کہ آنرا بخرد: اس کا میلان اس چیز کو خریدنے کی طرف ہے

مائل بودن: کسی چیز کی طرف راغب ہونا، میلان ہونا

مائل شدن: کسی چیز کی طرف میلان ہونا

مائلیّت: میلان، رغبت

مایَتحلل: (ع) جو بدن میں حل ہو جائے

مایَحتاج: (ع) جس چیز کی ضرورت ہو

مایلزِم: (ع) جو چیز لازم ہو

مایمِلک: (ع) جو چیز کسی کے تصرف میں ہو، جو چیز کسی کی ہو

مایَندر: مادراندر، سوتیلی ماں

مایُوس: نا امید

مایوس شدن: نا امید

مایوس کردن: نا امید کرنا، دل سرد کرنا

او ازین طفل مایوس است: وہ اس بچے سے نا امید ہے، اسے اس بچے میں بہتری کی کوئی امید نہیں

مایوسانه: نا امیدی سے

مایوسی: نا امیدی

مایوسیّت: ناامیدی

مایه: مقدار، اندازہ، ہر چیز کا مادہ، خمیر، سرمایہ، پونجی، تعداد، اصطلاح طب میں مرض کو روکنے کا ٹیکا

مایهٔ افتخار: عزت کا ذریعہ، سرمایہ فخر

مایه بدنامی: بری شہرت کا ذریعہ

مایه زدن: خمیر کرنا، (دہی) جمانا

این محصل مایهٔ افتخارِ دانشکده ماست: یہ طالب علم ہمارے کالج کے لیے باعث فخر ہے

مسابقہ دو چرخہ: سائیکلوں کی دوڑ کا مقابلہ
مسابقہ کردن: مقابلہ کرنا

مساجِد: (ع) مسجد کی جمع
مسّاح: (ع) زمین کی پیمائش کرنے والا، مساحت کرنے والا
مِساحَت: (ع) زمین کی پیمائش، زمین پیمائی
مساحت کردن: زمین کی پیمائش کرنا، زمین پیمائی کرنا
مُساحَقہ: (ع) چپٹی، طبق زنی
مسّاحی: زمین کی پیمائش، زمین پیمائی
مساحی کردن: زمین کی پیماش کرنا
زنجیر مساحی: جریب جس سے زمین کی پیمائش کرتے ہیں
مَسارِح: (ع) مُسرح کی جمع، چراگاہیں
مُسارعَت: (ع) جلدی کرنا، سرعت سے کام لینا
مساس: (ع) مالش
مساطر: مسطر کی جمع، دیکھیے مسطر
مُساعِد: (ع) موافق، یاور، ہمدرد
اوضاع طبیعی این جا مساعد است: اس جگہ کے قدرتی حالات موافق ہیں
مُساعِدت: (ع) موافقت، معاونت، مدد دینا، دستگیری
مساعدت کردن: مدد دینا، اعانت کرنا، ہاتھ بٹانا
رئیس ادارہ بامن مساعدت کرد: ادارے کے صدر نے میری مدد کی
مساعِدہ: (ع) مدد، مساعدت، پیشگی رقم دینا
بطور مساعدہ: پیشگی ادائیگی
مَساعی: (ع) کوشش، جد و جہد
بامساعیٔ جمیلہ این کار انجام گرفت: اچھی جد و جہد سے اس کام کی تکمیل ہوئی
مَساغ: (ع) گزرگاہ، عبور کرنے کی جگہ، گھاٹ
مَسافت: (ع) فاصلہ، سفر، دوری
مسافت لاہور بہ کراچی: لاہور اور کراچی تک

کا فاصلہ، لاہور سے کراچی تک کا سفر

مسافت پیما، مسافت سنج:مقیاس مسافت، وہ آلہ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ گاڑی کتنی چلی

مُسافِر:(ع) سفر کرنے والا، رہگیر، پردیسی

مُسافرَت:سفر، سیاحی

مسافرت او ده روز طول کشید:اس کا سفر دس دن تک جاری رہا

مسافرت مزایای زیاد دارد:سفر سے بہت فائدے حاصل ہوتے ہیں

مسافرخانہ:مسافروں کے ٹھہرنے کی جگہ، سرائے، ہوٹل وغیرہ

مسافری:سفر

جامه دانِ مسافری:سفری سوٹ کیس یا ٹرنک

واگون مسافری:ویگن، کار

مَسافه:(ع) مَسافت

مساکِن:(ع) مسکن کی جمع، ٹھہرنے کی جگہیں، مکانات، جاہای سکونت

مساکِین:(ع) مسکین کی جمع، غریب، بے بس لوگ

مسالت:(ع) عرض کرنا، التماس کرنا، مانگنا

مسالِح:(ع) سلاح خانہ، اسلحہ خانہ

مسالِک:(ع) مسلک کی جمع، مذہبی یا سیاسی عقیدے

مُسالِم:صلح کرانے والا

مُسالمَت:(ع) مصالحت، صلح و آشتی

مسالمت آمیز:با امن، پر امن، صلح و آشتی سے

مَسامات:(ع) مسام کی جمع، بدن کے وہ چھوٹے چھوٹے سوراخ جن سے پسینہ نکلتا ہے، یہ سوراخ نظر نہیں آتے

مُسامَحَه:(ع)(۱)غفلت، لاپروائی، آسان سمجھنا، نرمی سے کام کرنا، نرمی، مدارا

مسامحه کردن:غفلت برتنا، لاپروای اختیار کرنا، نیز نرمی اور مدارا اختیار کرنا

مسامحَه کار:غافل، لا پروا، نرم رفتار

مسامحه کارانِه:لاپروائی سے، غفلت سے

مسامحه کارانه حق خود از دست داد:غفلت کی بنا پر اس نے اپنا حق کھو دیا

مسامحه کاری:لاپروائی، غفلت

مُسامرَه:(ع) رات کی گفتگو

مَسامِع:(ع) کان، مسمع کی جمع

مسامِیر:(ع) مسمار کی جمع

مَسانَد:دیکھیے مسند

مُساوات:(ع) برابری

مُساوَمت:(ع) کسی چیز کی خریداری کے لیے قیمت معلوم کرنے پر گفتگو کرنا

مُساوی:(ع) برابر

مساوی شدن:برابر ہونا

مَساوی:برے کردار، بری باتیں مساءۃ کی جمع

مُساہَرت:(ع) باہم بیدار ہونا، شب زندہ داری

مُساہَلت:(ع) نرم روش، نرمی کا سلوک کرنا

مساہَلہ:(ع) نرمی، ملائمت، نرم مزاجی، دلجوئی، ناز برداری

مُساہَمت:(ع) باہم حصہ دار ہونا

مسائل:(ع) مسئلہ کی جمع، سوالات، امور زیر غور

مِسبار، مسوار:تانبے کی کھوٹ ملانا

مِسبار:زخم کی گہرائی دیکھنے کا آلہ

مُسبِّب:(ع) اسباب پیدا کرنے والا، موجب

مسبب الاسباب:اسباب یا ذرائع پیدا کرنے والا، خدا وند تعالی

مسبب شدن:باعث بننا، سبب بننا

این کار مسبب خوش بختی است:یہ کام خوش

نصیبی کا باعث ہے

مُسبِّح:(ع) تسبیح خواں

مُسبَّع:(ع) بچہ جو سات مہنیے کا پید ہوا ہو، بچہ جس کی ماں فوت ہو جانے پر کسی اور عورت نے اسے دودھ پلایا ہو

مَسبَعہ:(ع) وہ جگہ جہاں درندے بہت ہوں

مسبُوق:(ع) جس سے سابقہ ہو، جو واقف ہو، جو آگاہ ہو، باخبر ہو

مسبوق شدن:آگاہ ہونا، مطلع ہونا، سابقہ ہونا

مسبوق:(ع) سابق، جس کا پہلے ذکر ہو چکا ہے

مسبوک:گرا ہوا، پگھلا ہوا

مست:نشہ میں سرشار ہونا، نشہ میں چور

مست شدن:شراب کے نشے میں سرشار ہونا

مُستاجِر:(ع) کرایہ دار، اجارہ لینے والا، ٹھیکیدار، پٹہ دار

مستاجرہ:جو چیز بطور اجارہ دی گئی ہو

مستاجری:ٹھیکیداری، اجارہ داری

مُستاذِن:(ع) اذن چاہنے والا، اجازت مانگنے والا

مُستاصَل:(ع) بے بس، عاجز، بیچارہ، بینوا، تباہ و برباد

مستاصل شدن:بے بس ہو جانا

مستان:مست کی جمع، نشے میں مست، مے نوش

مُستانَس:(ع) خوگر، عادی، انس رکھنے والا، مانوس، جانا پہچانا

مُستانِف:(ع) درخواست دینے والا، اپیل کرنے والا، مرافعہ کرنے والا، کام کو دوبارہ شروع کرنے والا

مستانَف علیہ:جس کے خلاف اپیل کی گئی ہو، یا درخواست دی گئی ہو

مستانہ:مے نوش کي طرح مست

نگاہِ مستانہ:مست و سرشار لوگوں کی سی نظر، جس نگاہ میں مستی و سرشاری ہو

مُستَبِد:(ع) مطلق العنان، فرمانروا، خود رای، خود سر، جابرانہ حکومت کرنے والا

مستبِدانہ:(ع) مطلق العنان حکمران کی طرح

مُستبشِر:(ع) خوش، مسرور، شادماں

مُستبصِر:(ع) محتاط مشاہدہ کرنے والا، غور سے دیکھنے والا، اہل نظر، صاحب بصیرت

مُستَبعَد:(ع) بعید از قیاس، بعید از عقل، دور از عمل، دشوار

مُستتَر:(ع) پوشیدہ، چھپا ہوا، نقاب اوڑھے ہوئے

مُستَثنی:(ع) الگ کیا گیا، برگزیدہ، جو بات حکم عمومی سے خارج ہو

مستشنی کردن:الگ کر دینا، دوسروں سے امتیاز دینا

مُستجاب:(ع) قبول کیا گیا

مستجاب کردن:قبول کرنا، منظور کرنا

دعا ہای او مستجاب شد:اس کی دعائیں قبول ہوئیں

مستجاب الدعوات:(ع) جسکی دعائیں قبول ہوتی ہیں

مُستجِدّ:(ع)تجدید کرنے والا

مُستجلِب:(ع) جس کی خواہش ہے کہ اسے ساتھ ملایا جائے

مُستجمِع:(ع) جمع کرنے والا، جامع، کامل، جو ہر چیز یا مقصد میں کامیاب ہو

مُستجیب:(ع) حاجتیں پوری کرنے والا، خداوند تعالی

مُستجیر:(ع) پناہ مانگنے والا، پناہ لینے والا

مُستحاث:(ع) کسی چیز کے بقیہ آثار، جو چیز زمین کے طبقوں سے کھود کر نکالی جائے

مُستحَب:(ع)پسندیدہ، وہ کام جس کے کرنے میں ثواب ہو

این کار واجب نیست مستحب است: یہ کام لازمی نہیں پسندیدہ ضرور ہے

مُستحِث: (ع) برانگیختہ کرنے والا

مُستحجَر: (ع) حیوانی یا نباتی مادے کا پتھر ہو جانا

مُستَحدَث: (ع) جو تازہ دریافت ہوا ہو، نیا بنایا ہوا، نو ایجاد، نئی تخلیق

مستحدثات: (ع) مستحدث کی جمع، ایجادات، اختراعات

مُستَحسَن: (ع) پسندیدہ، اچھا، عمدہ، خوب

مُستحصل: (ع) حاصل کیا گیا، پیدا کیا گیا، حاصل

مُستحضَر: (ع) آگاہ، مطلع

مستحضر داشتن: مطلع کرنا، آگاہ کرنا

مستحضر نمودن: اطلاع دینا، مطلع کرنا

محترماً خاطر شریف را مستحضر می دارد: بڑے احترام سے حضور کو مطلع کیا جاتا ہے

مُستحفظ: (ع) حفاظت کرنے والا، محافظ، نگران، (مستحفظین جمع)

مُستحَق: حقدار

او مستحق اضافہ حقوق است: وہ اس بات کا حقدار ہے کہ اس کی تنخواہ میں اضافہ کیا جائے

مُستَحقَر: قابل نفرت، حقیر

مُستحکَم: مضبوط، محکم، استوار

مستحکم کردن: محکم کر دینا، استوار کر دینا

مستحکمات: مستحکم کی جمع، مضبوطیاں، استحکامات

مُستحِیل: (ع) محال، نا ممکن، جو امر محال اور نا ممکن ہو

مُستَخبِر: (ع) خبر گیر، ڈھونڈنے والا، تلاش کرنے والا، خبریں حاصل کرنے والا

مُستخدَم: (ع) ملازم، خدمتگزار

مستخدِم: (ع) ملازم رکھنے والا

مُستخرِج: (ع) خارج کرنے والا، استخراج کرنےوالا، باہر نکال دینے والا

مُستخَف: (ع) جسے خوار و سبک سمجھا گیا ہو

مُستخلِص: (ع) خلاصی دینے والا، رہا کرنے والا، آزادی دینے والا

مستخلَص: (ع) جسے آزادی دی گئی ہو

مستخلص شدن: خلاصی پانا، رہائی پانا

مستخلص کردن: رہائی دینا، آزاد کر دینا، چھوڑ دینا

مُستَدام: (ع) مدام، ہمیشہ

مُستَدبِر: (ع) انجام کار پر نظر رکھنے والا

مُستَدعی: (ع) استدعا کرنے والا، درخواست کرنے والا

مستدعی است: وہ درخواست کرتا ہے

مستدعی بودن: التماس کرنا، درخواست کرنا

مستدعی: (ع) جس سے استدعا کی گئی ہو، جس سے درخواست کی گئی ہو

مُستدِل: (ع) دلیل طلب کرنے والا

مُستدِیر: (ع) احاطہ کرنے والا، مدور، گول

سطح مستدیر: گول سطح

مُستدِیم: (ع) ازلی، قدیم، ہمیشگی، مدام، دائمی

مُستر: (ع) چھپانے والا، پوشیدہ کرنے والا

مُستراح: (ع) بیت الخلا، پاخانہ، ٹٹی

مستراح: (ع) راحت گاہ، آرامگاہ، جاے استراحت

مُستَرخی: سست ہونا، ملائمت برتنا، تساہل کرنا

مُستَرد: (ع) رد کر دیاگیا، واپس کیا گیا

مسترد داشتن: واپس کر دینا

مُسترضِع: (ع) شیر خوار بچہ

مُستَرق: (ع) سرقہ کیا گیا، چرایا گیا

مُسترِق: (ع) ناقص، کمزور، ضعیف

مُستریح:(ع) راحت، سکون خاطر
مُستزاد:(ع) بڑھایا گیا، اضافہ کیا گیا، نظم کی ایک قسم جس میں ہر مصرعہ کے بعد ایک جزو لگا ہو جو اس مصرعہ کے رکن اول اور رکن آخر کے ہم وزن ہو
مُستَسعد:(ع) سعادت کا طالب، نیک بخت
مُستَسقی:(ع) جسے بہت پیاس لگی ہو، پیاسا
مُستشار:(ع) مشورہ دینے والا، نصیحت کرنیوالا، (مستشاران جمع)
مستشاران مالی:ٹیکس میں مشورہ دینے والے
مستشاری:مشورہ دینے والوں کا منصب
ادارہ مستشاری:مشورہ دینے والوں کا محکمہ یا ادارہ
مُستَشرِف:(ع) جسے رفعت حاصل ہو، مرتفع
مستشرِق:(ع) مغربی ممالک کا عالم جو مشرقی علوم سے دلچسپی رکھتا ہو اور ان سے متعلق تحقیق کرتا ہو، ماہر مشرقیات
مُستَشفی:(ع) جو شفا کا طالب ہو
مُستشیر:(ع) مشورہ چاہنے والا، نصیحت کا خواہشمند
مُستَضعَف:جسے ضعیف اور ناتواں سمجھا گیا ہو
مُستطاب:(ع) عمدہ،پاکیزہ، مبارک، خجستہ، نیک
مُستَطرِف:(ع) تازہ، عجیب
مُستطِیر:(ع) درخشان، تابناک
مُستطِیع:(ع) تونگر، صاحب ثروت، مالدار
مُستطیل:(ع) چار ضلعوں والی شکل جس کے چاروں زاویے اور مقابل کے دو دو ضلعوں کی لمبائی برابر ہو
مُستظرِف:(ع) عمدہ، شستہ، پاکیزہ
صنائع مستظرفہ:فائن آرٹس
مُستظهَر:(ع) جسے مدد ملی ہو
مستظهِر:(ع) مدد چاہنے والا
مُستَعار:(ع) کچھ وقت کے لیے لی گئی چیز، ادھار لیا گیا، مانگی ہوئی چیز جسے واپس بھی کیا جائے

حیات مستعار: عارضی زندگی، ناپائیدار زندگی
مُستَعان:(ع) جس سے مدد طلب کی ہو، اللہ تعالی کی صفت
خدای مستعان:پروردگار جس سے ہم مدد کے طالب ہیں
مُستَعجِل:(ع) جلدی کرنے والا، تعجیل کرنے والا، جلد باز
مستعجلاً:(ع) جلدی سے
مُستَعِد:(ع) آمادہ، تیار، کمر بستہ
مستعد کردن:آمادہ کرنا، تیار کرنا
این بچه برای یاد گرفتن مستعد نیست:یہ بچہ پڑھنے کے لیے تیار نہیں
مُستَعرِب:(ع) عربوں کی سی رسوم اختیار کرنا
مستعربہ:(ع) غیر عرب جو عربوں میں داخل ہوا اور عربوں ہی کی مانند ہو گیا
مُستعصِم:(ع) پناہ چاہنے والا، عباسی خلیفہ مستعصم باللہ عرصہ خلافت ۶۳۰ تا ۶۵۶
مُستعفی:(ع) جس نے استعفا دے دیا ہو
مستعفی شدن:استعفا دے دینا
مُستَعلی:(ع) بلند، برتر، اعلی مقام پر
مُستَعمِر:(ع) نئی جگہ پر آباد ہونے والا
مستعمرات:مستعمر کی جمع
مستعمراتی:آباد کار، نو آبادی بسانے والا، یا اس میں بس جانے والا
مُستعمَرہ:(ع) جس کے علاقے یا زمین پر کسی غیر نے تسلط جما لیا ہو (مستعمرات جمع)
مُستعمَل:(ع) استعمال شدہ، کہنہ
غیر مستعمل کلمات:نئے الفاظ و تراکیب
مُستعیر:(ع) عاریۃً لینے کا خواہشمند، جس نے عاریۃً کوئی چیز لی ہو

مُستعِین: (ع) جو مدد مانگتا ہے، طالب امداد، اعانت کامتمنّی

مُستعیناً باللہ: پروردگار سے مدد مانگنا

مُستغاث: (ع) جس کی طرف سے استغاثہ ہو

مُستغرِب: (ع) تہذیب مغرب کا پیرو، مغرب پسند

مُستغرق: (ع)(۱) ڈوبا ہوا، غرق شدہ (۲) محو، منہمک

مستغرق فکر: فکر و خیال میں منہمک

مستغرق شد: محو ہو گیا، منہمک ہو گیا

مُستغفِر: (ع) استغفار کرنے والا، معافی چاہنے والا

مُستغَل: (ع) مالک اراضی، گھر دکان جو عاریۃً دی جائے، زمین جس سے غلہ اٹھا لیا جائے

مُستغَلات: (ع) اراضی کی ملکیت

مالیات مُستغلات: اراضی کے مالیے

مُستغنی: (ع) بے نیاز، خود مختار، جسے کسی چیز کی ضرورت نہ ہو، تونگر

اخلاق او مستغنی از توصیف است: اس کا اخلاق تعریف سے بے نیاز ہے

مُستغیث: (ع) عدالت میں استغاثہ کرنے والا

مُستفاد: (ع) جس کو فائدہ حاصل ہوا ہو

مُستفتی: (ع) جو کسی مفتی سے مذہبی فقہ کے متعلق مشورہ کرتا ہے

مُستفسِر: (ع) استفسار کرنے والا، دریافت کرنے والا، پوچھنے والا

مستفسرشدن: استفسار کرنا

مُستفہِم: (ع) دریافت کرنے والا

مُستفید: (ع) جس سے فائدہ حاصل ہو

مُستفیض: (ع) فیض پانے والا، جس نے فائدہ اٹھایا ہے

از صحبت جناب عالی مستفیض شدم: میں نے حضور کی گفتگو سے فیض حاصل کیا ہے

مُستقبَح: قبیح، برا، نا پسند، ناگوار خاطر

مُستقبل: آیندہ، آنے والا زمانہ

مُستقَر: (ع) قرار گاہ، مستقل طور سے کسی مسکن یا مقام پر قیام پذیر ہونا

مُستقِر: (ع) کسی مقام پر مستقل طور سے قیام کرنے والا

مُستقِل: (ع) مضبوط، مستحکم، ثابت قدم، جس کی حیثیت قائمقام کی نہ ہو

مستقلاً: (ع) مستقل طور سے

مستقلاً کار می کرد: وہ مستقل طور سے کام کرتا ہے

مُستقیم: (ع) سیدھا، درست، مضبوط

صراط مستقیم: سیدھا راستہ

غیر مستقیم: بالواسطہ

معادِ مستقیم: بڑی انتڑی کا نیچے کا آخری حصہ

مستقیماً: براہ راست

بطور غیر مستقیم: بالواسطہ طور سے

مُستکبِر: (ع) متکبر، مغرور

مستکبری: تکبر، غرور، نخوت

مُستکرَہ: (ع) مکروہ، نفرت انگیز

مُستکفی: (ع) کفایت چاہنے والا

مُستلِذ: (ع) کسی چیز سے لذت حاصل کرنے والا

مُستلزِم: (ع) کسی کام کو اپنے لیے لازم قرار دینے والا

مستلزم بودن: اپنے آپ پر لازم سمجھنا

این کار مستلزم دقتِ فوق العادہ است: اس کام کے لیے بہت زیادہ محنت کی ضرورت ہے

مُستمَر: (ع) ملتوی کرنا، معرض التوا میں ڈالنا

مُستمِر: (ع) ہمیشگی، دوام، مستقل

مستمراً: (ع) لگاتار، مسلسل، پے بہ پے

مُستمرّی: (ع) ماہانہ، پنشن

مُستمسک:(ع)(۱)اساس، بنیاد (۲)بہانہ، (۳)پکڑا ہوا، گرفت میں لیا ہوا

مُستَمِع:(ع) سننے والا، گوش بر آواز (مستمعین جمع)

مُستمِلح:(ع) غمگین

مُستملِک:(ع) جو چیز کسی کی ملکیت میں ہو جس چیز کا کوئی مالک ہو، زمین جو کسی کے تصرف میں ہو

مستملکات:(ع) مستملک کی جمع، ماتحت حکومتیں

مُستمَند:(ع) بینوا، بے بس، مصیبت زدہ، اندوہگین

مستمندانہ:بے بسی سے، افسردگی کے عالم میں

مُستمنی:(ع) مشت زن

مُستَنبِط:(ع) اخذ کیا گیا، حاصل کیا گیا، نکالا گیا، استنباط کیا گیا

مُستنبِہ:(ع) ہوشیار

مُستنجِد:(ع) دلیر، توانا، شجاع

مُستنَد:(ع) جسے سند حاصل ہو، مصدقہ، تصدیق کیا ہوا، معتبر، سند کے قابل

مُستَنسِخ:(ع) نقل تیار کرنے والا

مستنسَخ:(ع) اصل نسخہ جس سے نقل تیار کی گئی ہو

مستنصِر:(ع) مدد اور نصرت چاہنے والا

مُستنطِق:(ع) باز پرس کرنے والا، پوچھ گچھ کرنیوالا، مجسٹریٹ

قرارِ مستنطق:جائزہ لینے والے مجسٹریٹ کا حکم

مُستنکِف:(ع) انکار کرنے والا، حکم عدولی کرنے والا

مُستنِیر:(ع) روشنی کا متلاشی، روشنی پانے والا

مُستَوجِب:(ع) لائق، قابل، سزاوار

مُستَودِع:(ع) امانت کے طور پر کوئی چیز اپنے پاس رکھنے والا، ودیعت کے طور پر رکھنے والا

مستُور:(ع) پوشیدہ، چھپا ہوا، نقاب لیے ہوئے، پردہ دار، پاکدامن عورت

مستور داشتن:پوشیدہ کرنا، پردے میں رہنا

مستورِہ:(ع) (مستور کی تانیث) پاکدامن عورت، مستورات جمع

مستُوری:پردہ پوشی، پوشیدگی

مُستَوفی:(ع)(۱)محاسب اعلی، جو اپنے ماتحتوں کی جانچ پڑتال کرتا ہے (۲)اپنا حق لینے والا، حساب دار، خزانے کا دفتردار

مُستَولی:مسلط، کسی چیز پر مکمل طور سے قبضہ پانے والا

مُستَوی:(ع) صاف، ہموار، برابر، موزوں، مناسب

مُستَہ:(ع)(۱)غم و اندوہ (۲)جور و ستم (۳)شکاری پرندوں کو دینے کے لیے گوشت کا ٹکڑا

مُستَہام:(ع) حیران، سرگشتہ

مُستَہان:(ع) ذلیل و خوار

مُستہجَن:(ع) قبیح، برا، نا پسند، خلاف تہذیب، نازیبا

مُستہزِم:(ع) برگشتہ

مُستہزِء:(ع) مضحک، تمسخر، مضحکہ اڑانا

مستہزیانہ:تمسخر کے انداز میں

مُستہِل:(ع) نئے چاند کا نمایاں ہونا، خوشی سے چہرہ تابناک ہونا

مُستہلِک:(ع) نیست و نابود شدہ

مستی:(ع) نشے میں سرشار ہونا، سرشاری

مستی و راستی:ضرب المثل ہے بمعنی احتیاط یا راستی جو چھپا دیتی ہے، اور مستی اسے ظاہر کر دیتی ہے

مسجِد:(ع) سجدہ گاہ، نماز پڑھنے کا مقام، مسلمانوں کا عبادت خانہ

مسجد جامع:جہاں جمعہ کے دن مسلمان جمع ہو کر نماز ادا کرتے ہیں

مسجدالحرام: مسجد جو خانہ کعبہ میں ہے

مسجدی: : مسجد سے متعلق

مُسجَّع: (ع) قافیہ دار عبارت جس کی وجہ سے ترنم کی سی کیفیت پیدا ہوتی ہے

مُسَجَّل: (ع) جس پر مہر لگی ہو، رجسٹری شدہ

مسجل کردن: رجسٹری کرنا

مسجُود: (ع) جسے سجدہ کیا جائے، خداوند تعالیٰ

مسجُور: (ع) پانی سے لبالب بھرا ہوا، دودھ جس میں زیادہ پانی ڈالا گیا ہو، مروارید جسے پرویا گیا ہو

مسجون: (ع) محبوس، قید، اسیری، زندانی

مسَح: (ع) کسی چیز کے اثر کو کسی دوسری چیز سے دور کرنا، ہاتھ سے ملنا، وضو کرتے ہوئے سراور ماتھے پر ہاتھ پھیرنا

مسح کردن: وضو کرتے ہوئے سراور ماتھے پر ہاتھ پھیرنا

مُسحَّر: (ع) مسحور

مسحور: (ع) جس پر جادو چلا ہو

مسحوق: (ع) کوٹا پیسا ہوا

مسخ: (ع) اچھی صورت کا بگڑنا

مُسخَّر: (ع) تسخیر شدہ، مطیع، مغلوب

مُسخِّر: (ع) تسخیر کرنے والا، فاتح، غالب، مطیع کرنیوالا

مَسخَرگی: تمسخر، مسخرہ پن

مسخرَہ: (ع) (۱) وہ شخص جس پر دوسرے لوگ ٹھٹھا کریں اور مضحکہ اڑائیں (۲) جس کی باتوں اور حرکتوں میں مسخرہ پن ہو (مَساخر جمع)

مسخرہ کردن: تمسخر اڑانا

مسخرہ بازی: مسخرہ پن، دل لگی

مسخرچی: مسخرہ

مُسَخِّن: (ع) جس سے کوئی چیز گرم کی جائے

مسخوط: (ع) قبیح، مکروہ، جس کو دیکھ کر کراہت آئے

مسخول: (ع) لاغر، فرومایہ، ضعیف

مَسَد: (ع) مضبوط رسی، رسی جو کھجور کے پتوں سے بنای جائے

مسدار: جس میں مس یعنی تانبا ملا ہو

مُسدَّد: مسدود، رکا ہوا، بند کیا گیا

مَسدَّد: (ع) درست، راست

مُسدَّس: (ع) چھ چھ مصرعوں والی نظم، مثلاً مسدس حالی، چھ ضلعوں والی شکل، شش ضلع

مسدود: (ع) بند کیا گیا، رکا ہوا

مسدود کردن: بند کر دینا، روک دینا

مسَر: یخ، پانی جو سردیوں میں یخ کی صورت اختیار کرلے

مَسرَّت: (ع) خوشی، سرور، راحت

مسرت انگیز: مسرت بخش، راحت بہم پہنچانے والی

مَسرَح: (ع) (۱) چراگاہ (۲) تماشہ گاہ

مُسرِع: (ع) چست و چالاک، جلدی کرنے والا، سرعت سے کام لینے والا

مُسرِف: (ع) اسراف کرنے والا، فضول خرچ، ضرورت سے زیادہ خرچ کرنیوالا

مسرفانہ: فضول خرچی سے

مسرُود: (ع) مذکور

مسرود یطوس: زہر کا عادی کر دینا، زہر کی مقدار بتدریج بڑھا کر اس کے اثر سے محفوظ کر دینا

مسرور: (ع) خوش، شاداں و فرحاں

مسرور کردن: خوش کرنا، خوشحال کرنا

مسروری: خوشحالی، خوشی، مسرور ہونا

مسرُوق: (ع) جو چیز سرقہ کی گئی ہو، چرای گئی ہو

اجناس مسروقہ: چوری کی گئی چیزیں

مُسری: (ع) سرایت کرنے والی، متعدی (مرض)

مرایض مسریہ: متعدی بیماریاں

نا خوشی مسری: متعدی بیماری

مُسطَح: (ع) ہموار، بچھا ہوا، پھیلا ہوا

روی فرش مسطح است: فرش کی سطح ہموار ہے

مسطح کردن: ہموار کرنا، بچھانا، پھیلانا

مسطحات: (مسطحہ کی جمع) ہموار سطحیں

مِسطَر: (ع) لکیریں لگانے کا پیمانہ، رولر

مَسطرہ: (ع) خط کش

مسطور: (ع) (۱) مکتوب، لکھا گیا، نوشتہ (۲) مذکور

مسطورَہ: (۱) نمونہ (۲) تجارت کے سلسلے میں نمونہ جو ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجا جاتا ہے

مَسعدت: (ع) سعادت، نیک بختی، اقبال مندی

مسعُود: (ع) نیک بخت، اقبال مند، با مراد

مسعودِیّت: نیک بختی، اقبال مندی، خوش بختی

مسقَط: (ع) (۱) جہاں کوئی چیز گرے (۲) ایک اسلامی ریاست کا نام

مسقط الراس: (ع) زادگاہ، پیدائش کی جگہ

مسقطی: (ع) (۱) مسقط کا رہنے والا (۲) مٹھائی جو نشاستہ، چینی اور گھی سے تیار کی جاتی ہے

مُسقَّف: (ع) جس پر سقف یعنی چھت ہو

مَسک: (ع) حد کے اندر رکھنا، قابو میں رکھنا، اپنے آپ پر قابو رکھنا

مِسک: (ع) مشک نافہ

مُسکِت: (ع) ساکت کر دینے والا، خاموش کرنے والا، یقین دلانا

مُسکِر: (ع) شراب، مستی پیدا کرنے والا مشروب

مسکر حرام است: شراب حرام ہے

مسکِرات: (ع) جن میں الکحل شامل ہو

مسکَن: (ع) قیامگاہ، گھر، منزل، خانہ

مسکن گرفتن: ٹھکانا بنانا، قیام کرنا، مساکن جمع

مُسکِّن: (ع) سکون دینے والی، آرام دینے والی، تکلیف کم کرنے والی

دوای مسکن: دوا جو سکون دے، درد کو کم کرے

مُسکِّنات: (ع) آرام و سکون دینے والی (دوائیں)

مَسکنَت: (ع) مسکینی، تہی دستی، افلاس

مسکو: ماسکو، روس کا دارالسلطنت

مسکُوت: (ع) ساکت شدہ، ترک کیا گیا، صرف نظر کیا گیا، خاموش شدہ

مسکوت گذاشتن: ساکت رکھنا، مطیع بنا لینا

مسکُوک: (ع) سکہ

مسکوکِ طلا: سونے کا سکہ

مسکوکات: مسکوک کی جمع، سکے

مسکون: (ع) جہاں جگہ ملی ہو، قابل سکونت، جائے بود و باش

این جامحل سکونی نیست: یہاں قابل سکونت جگہ نہیں

مسکِہ: (ع) مکھن

مِسکی: مشکی، جس میں مشک کی خوشبو ہو

مِسکِین: (ع) نادار، تہی دست، غریب، مفلس

مسکینی: غریبی، مفلسی، تہی دستی، عاجزی، بینوائی

مِسگر: تانبے کا کام کرنے والا

مسگری: تانبے کا کام

مُسلَّح: (ع) ہتھیار بند، لڑائی کے لیے ہتھیار لگائے ہوئے، کمر بستہ

مَسلَحَہ: (ع) خوفناک جگہ جہاں اسلحہ لے جانا ضروری ہو

مَسلَخ: (ع) جہاں جانور ذبح کرکے کھال اتاری جائے

مُسلسَل: (ع) لگا تار، پیہم، سلسلہ وار، ملے ہوئے زنجیر کی مانند

بطور مسلسل: لگاتار

مسائل مانند زنجیر مسلسل اند: مسائل زنجیر کی مانند ملے ہوئے ہیں

مُسلّط: (ع) جس کا کسی پر تسلط ہو، جو کسی پر غالب ہو

مسلط شدن: کسی پر اپنا تسلط قائم کر لینا

مِسلَفَہ: (ع)(۱) ایک طرح کا سراون جس میں لوہے کے کنگی نما دندانے ہوتے ہیں زمین پر سراون پھیرنا

مَسلک: (ع) طریق، قاعدہ، دستور، عقیدہ

مُسلّم: (ع) تسلیم شدہ، تحقیق شدہ، پورا، کامل

مسلم الثبوت: جس بات کے لیے کسی ثبوت کی ضرورت نہ ہو

مسلم داشتن: ثابت شدہ سمجھ کر قبول کرنا

مسلم کردن: ثابت کرنا

مُسلِم: (ع) مسلمان، مسلمین جمع

مُسلّمات: تسلیم شدہ باتیں، تسلیم شدہ حقیقتیں

مسلمان: اہل اسلام، دین اسلام کے پیرو

مسلمان کردن: کلمہ پڑھا کر حلقہ بگوش اسلام کرنا، دین اسلام میں شامل کرنا

مُسلِمَہ: (ع) مسلمان خاتون

مسلُوب: (ع) سلب کیا گیا، چھین لیا گیا

مسلُوخ: (ع) جس جانور کو ذبح کرکے اس کی کھال اتاری گئی ہو

مسلُول: (ع) مرض سل میں مبتلا

مُسمّا: (ع) مسمی، نام رکھا گیا، پکارا گیا (مردوں کے لیے آتا ہے)

مُسمّاۃ: (ع) ایک قسم کی خوراک

مِسمار: (ع) میخ، کھونٹی، (مسامیر جمع)

مسماری: میخی

مُسمّط: (ع)(۱) حکم جو رد نہ ہو سکے، جس پر کوئی اعتراض نہ ہو (۲) موتیوں کا لڑی میں پرونا، وہ نظم جس میں تین مصرعوں سے لے کر دس مصرعوں تک با قافیہ ہوں

مُسمّع: (ع) کان

مُسمِن: (ع) فربہ، موٹا

مُسمّن: (ع) مچرب، مرغن غذا

مسمُوع: (ع) جو سنا گیا ہو، معقول، قابل اعتماد

مسموم: (ع) جس نے زہر کھایا ہو یا جسے زہر دیا گیا ہو

مُسِنّ: (ع) زیادہ عمر کا، بوڑھا، پیر سالخوردہ

مُسَن: (ع) پتھر جس پر چاقو چھری تیز کرتے ہیں

مسند: (ع) تکیہ لگا کر بیٹھنے کی جگہ، سہارا لینے کی جگہ، تخت، بزرگوں کے بیٹھنے کی جگہ، مثال:

دوران کہ بود تا کند آرائش مسند
مداح شہنشاہ عرب را و عجم را

زمانہ بادشاہوں کے تخت کی آرائش تو کر سکتا ہے لیکن عرب و عجم کے شہنشاہ، شاہ کونین (ص) کی جو مدح کرنے والا ہے اس کی جگہ کو زمانہ کیا آراستہ کر سکیگا

مسند وزارت: وزارت کا منصب

مُسنَد: (۱) جسے سند دی گئی ہو، (۲) مبتدا کی خبر

مُسندالیہ: خبر کا مبتدا

مَسند نشین: تخت یا گدی پر بیٹھنے والا، اپنے منصب پر فائز ہونے والا

مُسنّن: (ع) دندان ساز، دانتوں کا ڈاکٹر

مِسوار: تانبے کی مانند

مِسواک: (ع) دانت صاف کرنے کی درخت کی شاخ ریشہ دار

مُسوّد: (ع) نویسندہ، لکھنے والا

مُسوَّدَہ:(ع) وہ تحریر جو باراول لکھی جائے اور جس پر نظر ثانی کی ضرورت ہو

مسودہ کردن:اپنے خیالات اور معلومات کو ضبط تحریر میں لانا

مُسہِل:(ع) جلاب، ملین دوای، مسہلات جمع

مسہل خوردن:جلاب لینا

مسہل قوی:شدید قسم کا جلاب

مسہل ملائم:ملین دوائی

مسئلت:(ع)عرض کرنا، التجا، دعا

سلامت شما را از خداوند مسئلت می نمایم:آپ کی سلامتی کے لیے میں باری تعالی سے دعا کرتا ہوں

مسئول:(ع) جس سے سوال کیا جائے

مسئلہ:(ع) سوال، قضیہ، معاملہ

او مسئلہ من حل کرد:اس نے میرا قضیہ حل کر دیا

مِسی:تانبے کا بنا ہوا

مُسیَّب:(ع) آزاد چھوڑا گیا

مسیح:(ع) حضرت عیسی (ع) کا لقب، مسیحا

مسیح دجال:مسیح ہونے کا جھوٹا مدعی

مسیحا دم، مسیحا نفس:جس میں مسیحا کے سانس کی سی خوبی ہو یا انتہا درجے کے بیمار کو تندرست کر دینے کی صلاحیت ہو

مسیحی:حضرت عیسی(ع) سے منسوب (مسیحیان جمع)

مسیحی شدن:عیسائیت اختیار کرنا

مسیحیت:عیسائیت

مسیر:(ع) محل سیر، سیر کی جگہ، سفر کا راستہ، سیر کے لیے جانا، سڑک، لائن

مسیل:نالہ، کھائی، ندی

مِسین:مسی، تانبے کی بنی ہوئی

مِسینہ:تانبے کے برتن

مَشّا:(ع) بہت زیادہ سفر کرنے والا، ارسطو کا پیرو

حکمت مشا:حکمت ارسطو، کیونکہ ارسطو اپنے فکری مسائل سیر و گردش کے دوران بیان کیا کرتا تھا

حکمت مشائین:ارسطو کے پیرووں کا فلسفہ،

مثال:

فرقہ اشراقیان در غمت آشفتہ سر

زمرہ مشائیان در رہت افگار پا

حکمائے اشراقیہ حضور(ص) کے غم میں سرگرداں ہیں اور مشائیوں کا فرقہ حضور کے راستے میں افگار پا ہیں

مُشابِہہ:(ع) مانند، طرح، نظیر، مطابق

مشابہت:مانند ہونا، ملتا جلتا ہونا

مشابہت داشتن:(شبیہ) ایک جیسا ہونا

مُشاجَرَہ:(ع) لڑائی جھگڑا، (مشاجرات جمع)

مشاجرہ کردن:لڑائی جھگڑا کرنا

مشاجّہ:(ع) باہم نزاع کرنا، ایک دوسرے کا سر پھوڑنا

مُشار:(ع) جس کی طرف اشارہ کیا گیا ہو

مشارٌ الیہ:جس کی طرف اشارہ کیا جائے

مشار الیہم:جن کی طرف اشارہ کیا گیا ہے

مَشارِب:(ع) مشروب کی جمع، پینے کی چیزیں

مشارِع:(ع) مشرعہ کی جمع، پانی پینے کی جگہ

مشارِق:(ع) مشرق کی جمع

مُشارِک:(ع) شرکت کرنے والا، شریک، حصے دار

مُشارِکت:(ع) مشارکہ، شرکت، حصے داری

مشارکت کردن:کسی کاروبار میں شرکت کرنا، حصے داری کرنا

مَشاش:(ع) شہد، انگبین

مَشاش:(ع)(۱)نرم زمین (۲)سرشت، فطرت، طبیعت،

عادت، خُو، نیز خدمت گزاری

مَشّاطَہ:(ع) نسبت ٹھہرانے والی عورت، دلہن کو بنانے سنوارنے والی عورت، آرائش گر خاتون

مُشاع:(ع) جو تقسیم نہ ہوا ہو، مشترک، ساجھا

مِلکِ مشاع:جانداد جو تقسیم نہ ہوئی ہو، مشترک مال و اسباب

مُشاعاً:(ع) شراکت کے طور سے

مُشاعِر:(ع) مشعر کی جمع، خبر دینے والا، آگاہ کرنے والا

مُشاعِرَہ:(ع) شاعروں کا اپنا اپنا کلام سنانے کی مجلس

مشاعرہ کردن:مجلس میں اپنا اپنا کلام سنانا

مشاعِل:(ع) مَشعل کی جمع

مشاغِل:(ع) مشغلہ کی جمع

مُشافَہَہ:(ع) آمنے سامنے کی گفتگو، روبرو گفتگو

مُشافَہۂ:(ع) زبانی بات چیت

مشّاق:(ع) مشق کرنے والا

مشاق خط:خط درست کرنے کی مشق کرانے والا

مشاق ستار:ستار کی مشق کرانے والا

مشاق فوج:فوج کی ڈرل کرانے والا

مشّاقی:کسی فن یا علم میں مشق کرانا

مشاقی کردن:مشق کرانا

مَشاکِل:(ع) مشکل کی جمع

مَشاکِل:(ع) مانند، مشابہہ، ہم شکل

مُشاکِل:(ع) فن شاعری میں ایک بحر کا نام "فاعلاتن مفاعیلن مفاعیلن" دو مرتبہ

مشاکلہ:(ع) ایک دوسرے سے موافقت کرنا، ایک دوسرے سے مشابہہ ہونا

مَشام:(ع) سونگھنے کی حس، حس شامہ، ناک

مُشاوِر:(ع) مشورہ دینے والا، کونسلر

مشاورِ حقوقی:حقوق کے معاملے میں مشورہ دینے والا، قانونی کونسلر

مشاوَرت، مشاورہ:(ع) مشورہ کرنا

مجلس مشاورہ:مجلس شوری، باہمی مشورے کی مجلس، اسمبلی (مشاورات جمع)

مُشاہِد:(ع) نظر ڈالنے والا، معائنہ کرنے والا

مَشاہِد:(ع) مشہد کی جمع

مُشاہَدہ:(ع) نظر ڈالنا، غور سے دیکھنا، معائنہ کرنا، دیکھ بھال کرنا (مشاہدات جمع)

از مشاہدہ آن ترسان شد:اسے دیکھنے سے وہ خوفزدہ ہو گیا

مشاہدہ کردن:جائزہ لینا، نظر ڈالنا، دیکھ بھال کرنا

مُشاہَرہ:(ع) ماہانہ تنخواہ

مَشاہِیر:(ع) مشہور کی جمع، مشہور لوگ، نامور لوگ، نامی

مشایخ:(ع) جمع الجمع شیخ، جمع مشیخہ، بزرگ اور نیک لوگ، علما، علمائے دین، واجب تعظیم لوگ، پیران طریقت

علت المشایخ:مقعد کی خارش جو بوڑھے آدمیوں کی مفعولیت کا باعث بنتی ہے

مشایع:(ع)رہبری کرنے والا

مشایعت:(ع) کسی مہمان کو رخصت کرتے وقت تھوڑی دور اس کے ساتھ چلنا یا دروازے تک مہمان کے پیچھے

پیچھے آنا

باید او را تا در مشایعت کنید: چاہیے کہ اس کے ساتھ دروازے تک چلیں

مشائین: (ع) دیکھیے مشا

مُشبَع: (ع) پوری طرح بھر جانا، لبالب بھرا ہوا، سیر ہو جانا

مُشبّک: جالی دار، سوراخ دار چیز، جالی

پنجرہ مشبک: جالی دار کھڑکی

مشبک کردن: جالی دار بنانا

مُشبِہ: (ع) تشبیہ دی گئی، مانند ہونا، مثل و مانند

مُشبّہَہ: (ع) مشکل امر

مشبہات: (ع) مشبہ کی جمع، مشکل کام

مُشبّہ بہ: جس سے تشبیہ دی گئی ہو

مُشت: مٹھی، مٹھی بھر، تھوڑی سی چیز

مشت خوردن: مکے کی چوٹ لگنا

مشت زدن: مکا مارنا

مشتی نمونہ از خرواری: خروار کا جائزہ لینے کے لیے مٹھی بھر غلہ دیکھنا کافی ہوتا ہے

یک مشتِ قائم باو زد: اس نے مکے کی سخت ضرب اسے لگائی

مشت افشار: نرم، ملائم جو چیز ہاتھ سے موڑی جا سکے

مشتاسنگ: فلاخن دیکھیے

مشتاق: (ع) شائق، آرزو مند، خواہشمند

مشتاقانہ: اشتیاق کے ساتھ، شوق سے، محبت سے

مشتاقی: اشتیاق، شوق، تمنا، آرزومندی

مشت باز: مکا باز

مشت بازی: مکا بازی

مُشتبِہ: (ع) جس میں شک یا شبہ ہو، مشکوک، نا قابل وثوق، ناقابل یقین

مشتبہ کردن: مشکوک بنانا

مطلب را برمن مشتبہ کرد: اس نے میرے لیے مطلب کو مشکوک بنا دیا

مُشتَدّ: (ع) شدید، سخت، قوی، مضبوط کیا گیا، مضبوط، محکم

مُشترِک: جسمیں شراکت ہو، جس میں کوئی اور شریک یا حصے دار ہو

دیوار مشترک: مشترک دیوار

مشترکاً: (ع) مل کر، شراکت کے ساتھ

مشترک القیاس: (ع) قیاس یا خیال ایک جیسا ہونا

مشت رندہ: ترخان کا رندہ جو لکڑی کو ہموار کرنے کے لیے ہاتھ سے چلایا جاتا ہے

مُشتری: (ع) (۱) خریدار، گاہک، مثال:

مشتری را بہای روی تو نیست

من بدین مفلسی خریدارم

تمہارا خریدار صاحب ثروت ہونے کے باوجود یہ محسوس کرتا ہے کہ آپ کا چہرہ دیکھنے کے لیے گراں بہا پیشکش نہیں کر سکتا لیکن میں تہی دستی کے باوجود خریدار ہوں

درین دکان مشتریان زیادہ اند: اس دکان میں خریدار بہت ہیں

مُشتری: (ع) ایک ستارے کا نام

مشتری خور: تجارت کا کاروبار

مُشت زن: باکسر، مکے باز

مشت زنی: باکسنگ، مک بازی

مُشتعِل: (ع) جس میں سے شعلہ نکلے، بھڑکتا ہوا، سخت غصے میں آیا ہوا

مشتعل شدن: برہم ہونا، بر افروختہ ہونا، بھڑکنا

مشتعل کردن: برہم کرنا، اشتعال دلانا، بھڑکانا

مُشتغِل: (ع) جو کسی کام میں مشغول ہو

مُشتَق: (ع) کوئی لفظ جو کسی لفظ سے بنایا گیا ہو، مثلاً شوق سے اشتیاق

مشتقات: مشتق کی جمع، الفاظ جو دوسرے الفاظ سے بنائے گئے ہوں

مُشتکِی: (ع) شکایت کرنے والا، وہ چیز جس کے متعلق شکایت کی گئی ہو

مُشتکی: (ع) جس نے شکایت کی ہو، شاکی

مُشتلِق: (ت) صلہ، یا انعام جو کسی خوش خبری لانے والے کو دیا جاتا ہے، "لق" ترکی کا لفظ ہے بمعنی مژدہ

مشت مال: مالش

مشت مالی: مالش کرنا

مشت مالی دادن یا کردن: مالش کرنا

مُشتمِل: (ع) جس میں کوئی چیز شامل ہو

کتاب گلستان مشتمل برہشت باب است: گلستان سعدی میں آٹھ باب ہیں

مُشتَن: (ع) ہلنا

مُشتوارہ: (۱) مٹھی بھر (۲) ترخان کا رندہ

مُشتِہ: موچی کی موگری جس سے چمڑے کو کوٹتے ہیں

مُشتہا: (ع) مشتہی، خواہش کرنے والا، کسی چیز کا آرزومند

مشتَہَر: (ع) مشہور، جس کا اعلان ہوا ہو

مُشتہی: (ع) جسے اشتہا ہو، جسے بھوک لگی ہو

مشتہی: (ع) جو چیز مانگی گئی ہو

مشتہیات: (ع) خواہشیں، تمنائیں، آرزوئیں (مشتہی کی جمع)

مُشتی: جو چیز مٹھی میں آ سکے

مَشتی: مشہدی کا مخفف

مُشجَّر: (ع) (۱) جہاں درخت اگے ہوں (۲) گلدار کپڑا

حریر مشجر: حریر جس پر پھولوں یا درختوں کی تصوریں ہوں

مشجر کردن: درخت کاری کرنا، کپڑے پر پھول بنانا

مَشحُون: (ع) پر، بھرا ہوا

مُشختہ: ایک قسم کا حلوہ

مُشخَص: جس کی تشخیص ہوئی ہو، معلوم، معین، واضح

مشخص کردن: صراحت کرنا، تشخیص کرنا، تصریح کرنا، تعیین کرنا

مُشخِّص: : (ع) تشخیص کرنے والا، امتیاز قائم کرنے والا، مخصوص کرنیوالا

مُشخَصات: امتیازی صفات

مُشدَّد: (ع) (۱) وہ لفظ جس پر شد کی علامت ہو (۲) توثیق یا تصدیق شدہ، تائیدی شہادت

مُشدَّد: (ع) جسے قوت دی گئی ہو

مشرَب: (۱) طور طریق، عقیدہ، مسلک، ذوق (۲) پانی پینے کا مقام

خوش مشرب: اچھے طور طریقے والا

مشرَبہ: پانی پینے کا برتن، صراحی

مُشرِّح: (ع) تشریح کرنے والا، واضح کرنے والا

مُشرّح: (ع) جس کی تشریح کی گئی ہو

مشرَع: (ع) پانی پینے کی جگہ، سبیل، مشارع جمع

مُشرّف: (ع) جسے شرف بخشا گیا ہو،جے عزت دی گئی ہو، بزرگوار، محترم

مشرف شدن: عزت پانا

بزیارتِ جناب عالی مشرف شدم: جناب عالی آپ کو دیکھ کر مجھے شرف حاصل ہوا

مَشرِق: (ع) جس طرف سے سورج نکلتا ہے، پورب

مشرق زمین: مشرقی ممالک

مشرقی: شرقی، مشرق کی طرف

مشرقَین: (ع) (مشرق کی جمع) مشرق اور مغرب

بُعدالمشرقَین: جس میں مشرق و مغرب کا فرق ہو، جن میں انتہا درجے کا فرق ہو

مُشرِک: (ع) شرک کرنے والا، اللہ تعالی کی ذات و صفات میں اوروں کو شامل کرنے والا

مشرکی: شرک، خدا کی ذات و صفات میں کسی اور کو شریک کرنا

مشروب: (ع) (۱) شراب (۲) پینے کی چیز

مشروبات: مشروب کی جمع، پینے کی چیزیں

مشروب خور: شراب نوش، مے نوش

مشروب فُروش: شراب یا دوسری پینے والی چیزیں فروخت کرنے والا

مشروب فروشی: شراب یا دوسری پینے والی چیزیں بیچنا

مشرُوح: (ع) (۱) مفصل، جامع، وسیع، محیط (۲) مذکور

اطلاع نامه مشروحی داد: اس نے مفصل اطلاع دی

مشروحاً: (ع) تفصیل سے

مشروط: (ع) جس میں شرط عاید کی گئی ہو، محدود

مشروط بر اینکه: اس شرط پر کہ

مشروطه: (ع) (۱) جمہوری حکومت (۲) آئین، دستور اساسی

مشروط خواه: جمہوری حکومت کے خواہاں

مشروطِیّت: دستور اساسی پر کار بند ہونا

مشروع: (ع) قانونی، شرعی، باقاعدہ، آئینی، شرع کے مطابق

مطالبه حقِ مشروعِ خود رای کنیم: ہم اپنے قانونی حق کا مطالبہ کرتے ہیں

غیر مشروع: غیر قانونی

مَشط: (ع) کنگھی، شانہ، (مشاط جمع)

مشط: (ع) شانہ، کندھا

مشط پا: پشتِ پا، ان پانچ ہڈیوں کا مجموعہ جو ٹخنے اور انگلیوں کے درمیان ہیں

مشط دست: پشت دست، ہاتھ کا وہ حصہ جو انگلیوں اور کلائی کے درمیان ہے

مَشعَب: (ع) راستہ، راہ، مشاعب جمع

مُشَعبِد: (ع) شعبدہ باز

مَشعَر: (ع) (۱) خارجی حس بالخصوص سننے اور دیکھنے کی (۲) عقل، فہم، سمجھ، نکتہ سنجی، اعلی ظرافت

مُشعِر: (ع) ظاہر کرنے والا، دلالت کرنے والا، مجمل طور سے بیان کرنے والا، خبر دینے والا، آگاہ کرنے والا

تلگرافی داشیتم مشعر براینکه: ہمیں تار موصول ہوا جس سے یہ ظاہر ہوا کہ---

مَشعَر: (ع) (۱) سایہ دار درخت (۲) محل قربانی، مناسک حج

مَشعشع:(ع) شاندار، عالی شان، ممتاز، روشن، چمکدار، تابدار، درخشان، چمک دمک

مَشعَل:(ع) قندیل، بڑی موم بتی جس کو کسی چیز پر چسپاں کرکے جلاتے ہیں، یا کوئی اور جلانے والی چیز جو ہاتھ میں لے کر چلتے ہیں

مشعلچی:مشعل بردار، جلتی ہوئی مشعل اٹھانے والا

مشعلہ:مشعل

مشعُوف:(ع) خوش، مسرور، محظوظ

مشعوف کردن:محظوظ کرنا، خوشی بہم پہنچانا

از شنیدم این خبر مشعوف شدم:اس خبر کو سننے سے مجھے خوشی ہوئی

مشغَلہ:(ع) شغل، کام، تفریح، دل بہلانا، پیشہ، کاروبار، (مشاغل جمع)

مشغُوف:عشق میں دیوانہ ہونا

مشغُول:(ع) مصروف، کام میں لگا ہوا

من مشغول مطالعه بودم که او آمد:میں مطالعہ میں مصروف تھا کہ وہ آ گیا

مشغول شدن:مصروف ہونا

مشغول کردن:مصروف کر دینا

او را مشغول کنید تا من بیایم:جب تک میں آؤں اس کا دل بہلائیے

مشغولی:مشغول ہونا، مصروف ہونا

مُشفِق:(ع) شفقت کرنے والا، مہربان، ہمدرد

دوست مشفق:ہمدرد دوست

مشفقانہ:مہربانی سے، ہمدردی سے

مشق:(ع) مہارت حاصل کرنے کی کوشش، درستی کی خاطر بار بار کام کرنا

معلم شاگردان را ہر روز مشق می دہد:استاد شاگردوں کو ہر روز ان کا خط درست کرنے کی کوشش کرتا ہے

مشق دادن:مہارت حاصل کرنے کی کوشش کرنا

مُشقّت:(ع) محنت، ریاضت، سختی برداشت کرنا

مَشقی:مشق کے ذریعے لکھانا پڑھانا

مَشک:جس میں ماشکی پانی لاتے ہیں

مُشک:مشک نافہ جو خاص قسم کے ہرن سے حاصل ہوتا ہے

مشک ناب:خالص مشک

مِشکات:چراغ، نور افشاں، وہ جگہ جہاں چراغ رکھتے ہیں

مُشک بار:مشک فشان، خوشبو بکھیرنے والا

مشک بو:مشک نافے کی خوشبو

مشک بیز:مشک کی سی خوشبو پھیلانے والا

مشک سا:مشک کی طرح کا خوشبودار

مشک فام:مشک جیسا، سیاہ

مشک فِشان:مشک کی خوشبو بکھیرنا

مُشکِک:شک کرنے والا، شک دار

مُشکِل:(ع) دشوار، کٹھن، پیچیدہ

حل کن بجمالِ خویش مشکلِ ما:اپنے حسن و خوبی سے ہماری مشکل حل کر دے

مسئلہ خیلی مشکل است:بہت دشوار معاملہ ہے

مشکلات:مشکل کی جمع

مشکل پسند:(۱)جسے مشکل ہی سے کوئی چیز پسند آئے، تنک مزاج (۲)مشکل یا دشواری کو پسند کرنے والا

مشکل پسندی:(۱)مشکل ہی سے کوئی چیز پسند آنا، تنک مزاجی (۲)مشکل اور دشواری کو پسند کرنا۔

مشکل کُشا:مشکل کو حل کرنے والا

مشکل کشائی:مشکل کو حل کرنا، مشکل کا حل ہونا

مُشکِلی:اشکال، دشواری، کٹھن بات

مُشک نافہ:ایک خاص قسم کا خوشبودار مواد جو ایک خاص ہرن کے جمے ہوئے خون سے حاصل ہوتا ہے

مِشکوة:(ع)(۱)دیوار میں چھوٹی چھوٹی چیزیں رکھنے کی جگہ (۲)"مشکوۃ المصابیح" کا مخفف، یہ حدیثوں کی مشہور کتاب ہے جو صحاح ستّہ کا خلاصہ ہے

مشکُور:(ع)جس کا شکریہ ادا کیا جائے، شکرگزار، ممنون، احسان مند

مشکوک:(ع) جس میں شک پایا جائے

مشکوی:(ع) (۱)حرم سرا (۲)بتخانہ (۳)محل، بلند و بالا مکان

مُشکی:مشک کے رنگ کا، سیاہ، سیاہی مائل

مُشکِیچہ:مشک کی سی خوشبو والا پھول

مَشکِیزہ:چھوٹی مشک

مُشکِین:مشک کی خوشبو یا رنگت

زلف مشکین:چمکدار سیاہ زلف، مشک کی طرح خوشبودار زلف

مَشلُول:(ع) فالج

مُشمَئز:(ع) بیزار، متنفر

مُشمَس:(ع) روشنی، آفتاب کی روشنی

مِشمِش:(ع) ململ، تن زیب وغیرہ، عربی میں اس کا مطلب زرد آلو ہے

مِشمِشہ:(ع) ایک بیماری ہے جس میں حلق اور ناک کے ذریعے جراثیم داخل ہوتے ہیں اور شدید کھانسی اور سینے میں درد ہونے لگتا ہے

مشمشہ ای:جسے یہ بیماری ہو

مُشمَّع:(ع)(۱)مومی کپڑا جس پر پانی اثر نہیں کرتا

مشمع انداختن:مومی کر دینا

مشمعی:مومی کپڑے کا بنا ہوا

مشمُول:(ع) جس میں کوئی چیز شامل ہو، جو چیز ڈھکی ہوئی ہو

او مشمول قانون نیست:قانون کا اس پر کوئی اثر نہیں، قانون کا اطلاق اس پر نہیں ہوتا

مشمولِیّت:شمولیت، شامل ہونا، اہل سمجھا جانا

مشمُوم:(ع) خوشبو، جس چیز سے خوشبو آئے، عطر

مشنّج:(ع) ایک سبز رنگ کی مکھی

منشَک:(ع) چور، رہزن

مشُوب:(ع) جس میں کوئی چیز ملی ہوئی ہو، آلودہ ذہن

او را مشوب کردند:اس کے ذہن کو آلودہ کیا گیا

مَشوَرت:(ع) مشورہ کرنا

مشورت در ہر کاری فائدہ دارد:ہر کام میں مشورہ کرنا مفید ہوتا ہے

مشورت کردن:مشورہ کرنا

باید کہ با طبیب مشورت کنید:آپ کو ڈاکٹر سے مشورہ کرنا چاہیے

مُشوّش:(ع) جسے کسی قسم کی تشویش ہو، پریشان، مضطرب، بے چین

مشوش کردن:پریشان کرنا، کسی کے لیے اضطراب کا موجب بننا

مُشوِّق:(ع) تشویق کرنے والا، حوصلہ ہمت بندھانے والا، حامی، محسن، مربی

رئیس دانشکده مشرق ادبیات است: کالج کا پرنسپل ادبیات کا محسن و مربی ہے

مشوم: (ع) مشئوم، منحوس، نا مبارک (مشائم جمع)

مشہد: (۱) صوبہ خراسان کا مشہور شہر جہاں اہل تشیع کے آٹھویں امام حضرت امام رضا (رض) کا مزار ہے۔ (۲) مقام شہادت

مشہد سر: آذربائیجان کا گاؤں

مشہدی: مشہد کا رہنے والا

مشہَر: (ع) نمایشگاہ

مشہُود: (ع) جس کی گواہی ہوئی ہو، ظاہر ،واضح، ثابت شدہ

بر ہمہ مشہود است: سب پر واضح ہے

مشہودات: (ع) واضح چیزیں

مشہور: (ع) جس کی شہرت یا ناموری ہو، شہرت یافتہ

مشہور شدن: ناموری حاصل ہونا

مُشہّی: (ع) آرزوے نفس کو بر انگیختہ کرنے والا، شہوت انگیز (۲) قوت باہ سے متعلق

مشی: (ع) چلنا، سیر کرنا، رفتار،

مَشیب: (ع) بڑھاپا، پیری

مَشِیّت: (ع) مرضی، ارادہ، رضا

مشیت الہی: اللہ تعالی کی رضا، مشیت ایزدی

مَشیخت: (ع) مشائخ کا منصب

مُشیّد: (ع) مضبوط کیا گیا، استوار، محکم شدہ نیز جس پر گچ کیا گیا ہو

مشیر: (ع) مشورہ دینے والا، کونسلر

مشیمہ: (ع) بچہ دان، رحم، جنین، جھلی جس میں بچہ ہوتا ہے

مشیمہ خارجی جنس: جنین کی بیرونی جھلی

مشیمی: (ع) مشیمہ نما، جھلی کی طرح

مشیمیہ: (ع) سیاہ رنگ کا پردہ جو اندرون چشم ہے

مَص: (ع) چوسنا، چبانا

مُصاب: (ع) مصیبت زدہ

مُصاب: (ع) درست، صحیح

درنظر خود مصاب است: اپنی نظر میں یہ درست ہے

مُصابرت: (ع) صبر، برداشت

مصابیح: (ع) مصباح کی جمع، روشنیاں، چراغ

مُصاحِب: (ع) ساتھی، رفیق، ہمراہ، ہمدم

مصاحِبَت: (ع) رفاقت، میل جول، ہم نشینی

مصاحِبَہ: (ع) مصاحبت، ہم نشینی، میل جول

مصاحبت کردن: رفاقت کرنا، میل جول رکھنا

مُصاحِف: (ع) دیکھیے مصحف

مصادِر: (ع) مصدر کی جمع

مصادَرت: (ع) زور سے کوئی چیز لینا، تصرف کرنا

مصادَرہ: تاوان، جرمانہ

مصادرہ کردن: جرمانہ کرنا

مُصادِف: (ع) ہمراہ ہونا، نزدیک ہونا، ملنا، روبرو ہونا

مصادِقَت: (ع) دوستی، دوستداری، رفاقت

مصادِقَہ: (ع) ملاقات کرنا، کوئی چیز حاصل کرنا اور اسے دیکھنا

مُصادِم: (ع) ٹکرانا، تصادم ہونا، لڑنا، صدمہ پہنچانا

مصادَمت: (ع) لڑائی جھگڑا، تصادم ہونا

مُصارعَت: (ع) (۱) کشتی لڑنا، مقابلہ

مصارِف: (ع) مصرف کی جمع، اخراجات

مصاریع: (ع) مصرعہ کی جمع، شعر کے مصرعے

مصاص: (ع)خالص چیز

مصاص: (ع)راز، بھید نیز خالص چیز

مصاعِب: (ع)مشکلات، سختیاں

مَصاف: (ع)مصف کی جمع، جنگ کے میدان جہاں صف بندی کی جائے

مصاف کردن: جنگ کردن

مُصافات: خلوص، یگانگی، اخلاص

مَصاف آزموده: جنگ کا تجربہ رکھنے والا، جنگ آزموده

مُصافَحَه: (ع)ہاتھ ملانا

مَصاف گاه: رزمگاه، میدان کارزار، لڑائی کا مقام

مَصالِح: (ع)مصلحت کی جمع، (۱)بھلائیاں، مصلحتیں، نیکیاں (۲)سازوسامان، جو چیزیں انسان کے فائدے اور آسائش کی ہوں

مصالح بنای دارید؟: عمارت بنانے کا سازوسامان آپ کے پاس ہے؟

برای تحفظ مصالح مملکت: مملکت کے مفاد کے تحفظ کے لیے

مُصالِح: (ع)صلح کرانے والا

مُصالَحَه: (ع)مصالحت، صلح و آشتی

مصالحه کردن: صلح کرنا، مصالحت کرنا

بهتر است که طرفین مصالحه کنند: بہتر یہ ہے کہ طرفین آپس میں مصالحت کر لیں

مصانع: (ع)مصنع کی جمع، وہ جگہیں جہاں پانی جمع ہو جاتا ہے، تالاب، جوہڑ وغیرہ

مُصاہرَت: (ع)داماد بننا، رشتے داری قائم کرنا

مُصائب: مصیبت کی جمع

مصاید: (ع)دام، جال جو شکاری شکار کے لیے بچھاتے ہیں

مصَب: (ع)پانی نکل کر جہاں دریا سے سمندر میں گرتا ہے (مصاب جمع)

مِصباح: (ع)روشنی، چراغ

مَصبَغه: (ع)جہاں کپڑے رنگے جاتے ہیں، رنگریز کی دکان، رنگریز خانہ

مُصحِّح: (ع)تصحیح کرنے والا، درست کرنے والا

مصحَّح: (ع)تصحیح شده

مُصحَف: (ع)کتاب، مقدس کتاب، قرآن مجید (مصاحف جمع)

مُصَحِّف: (ع)لکھنے میں غلطیاں کرنے والا، تبدیلیاں پیدا کرنے والا

مصحوب: (ع)وسیلہ، توسط، ذریعہ، ساتھ، ہمراہ

مِصداق: (ع)صداقت کا ثبوت، شہادت، تصدیق کرنے والا، شاہد

مصدر: (ع)اصل، بنیاد، جڑ، وہ کلمہ جس سے افعال بنائے جاتے ہیں، نیز سبب، موجب، باعث

مصدر لازم: وہ مصدر جو صرف فاعل سے متعلق ہو

مصدر متعدی: وہ مصدر جو فاعل اور مفعول دونوں سے متعلق ہو

مصدری: مصدر سے متعلق

مُصدِّع: (ع)درد سر دینے والا، تکلیف دینے والا، مُخل صحبت ہونیوالا،مزاحمت پیدا کرنے والا، مزاحم

به بخشید مصدع شما شدم: معاف کیجیے میں باعث زحمت ہوا

مُصدَّق: (ع)تصدیق شده

مُصدِّق: (ع)تصدیق کرنے والا، یقین دلانے والا

مصدوقه: (ع)راستی، سچائی، صدق

مصدوم:(ع)جسے صدمہ ہوا ہو

مصر:افریقہ کے شمال مشرق کا اسلامی ملک

مُصِرّ:(ع)اصرار کرنے والا، ضد کرنے والا

او در عقیدہ خود مصر بود: وہ اپنی رائے پر اصرار کرتا تھا

مِصراع:(ع)مصرع

مُصِرانہ:(ع)بڑے اصرار کے ساتھ

مُصرّح:(ع)جس کی صراحت کی گئی ہو، جس کی وضاحت کی گئی ہو، تصریح شدہ

مُصرّحات:(ع)مصرح کی جمع

مِصرع:(ع)شعر کے دو حصوں میں سے ایک

مَصرف:(ع)خرچ، استعمال، غرض، خرچ کرنے کی جگہ (مصارف جمع)

مَصرف رساندن، مصرف کردن: استعمال کرنا، خرچ کر ڈالنا

مصروع:(ع)مرگی کی بیماری

مصروف:(ع)جو خرچ ہو گیا ہو، استعمال ہو چکا ہو، صرف شدہ

مصروف داشتن: خرچ کرنا

مِصری:مصر کا باشندہ

مِصطبہ:(ع)پتھر کا بنچ، پتھر کا پلیٹ فارم، درویشوں کا صفہ

مُصطفوی:(ع)حضرت رسول کریم(ص)کے اخلاف میں سے، جن کا نسبی تعلق آنحضرت(ص)سے ہے

مصطفیٰ:(ع)برگزیدہ، پاک، حضرت رسول کریمؐ کا لقب

مَصطکی:ایک خاص قسم کا درخت جس سے خارج ہونے والا سفید، خوشبودار اور شیریں مادہ ہوتا ہے یہ درخت شام اور بعض دوسرے علاقوں میں پایا جاتا ہے

مُصطَلِح:(ع)اصطلاح کے طور پر استعمال میں آیا ہوا

مصطلِحات:(ع)اصطلاحیں، محاورے

مصعَب:(ع)گھوڑا جس پر ابھی سواری نہ کی گئی ہو یا بوجھ نہ لادا گیا ہو (مصاعب جمع)

مُصَعّد:(ع)جوہر اڑانا، صعود کرنا، ارتفاع، ایک رنگ جو پارے گندھک اور نو شادر کو ملاکر بناتے ہیں

مُصَغّر:(ع)اسم تصغیر، چھوٹا، تنہا، مختصر

مصَف:(ع)جہاں صفیں باندھی گئی ہوں، میدان جنگ

مصفات:(ع)کفگیر، اوپر کی تہ کو صاف کرنے والا چمچہ

مُصفّٰی:(ع)مصفا، پاک، صاف، خالص

مصفّی:(ع)صاف کرنے والا، پاک کرنے والا

مِصقَع:(ع)فصیح و بلیغ، سخنورو بلند آواز

مِصقَل:(ع)مصقلہ، صیقل کرنے کا آلہ جس سے زنگار دور کیا جاسکے

بگیر مصقلہ عشق و زنگ آن بزدای
ببین در آئینہ جان جمالِ جانان را

تمہیں دل کے زنگار کو دور کرنا ہے تو عشق اختیار کر جو دل کو صاف کرنے کا آلہ ہے پھر زندگی کے آئینے میں تجھے جمال محبوب نظر آئیگا

مصقول:(ع)صیقل کیا ہوا، چمکا ہوا

مُصَلّا:(ع)مصلیٰ، نماز پڑھنے کی جگہ، جائے نماز

مصلارفتن: آبادی سے باہر جا کر بارگاہ الٰہی میں نماز ادا کرنا

مُصلِح:(ع)صلح کرنے والا، (مصلحین جمع)

مُصلحانہ:مصلحت آمیز، صلح آمیز، صلح و آشتی کے طور سے

گفتگوی مصلحانہ: مصلحت آمیز گفتگو

مصلحَت: ، (ع)بہتری، نیک تجویز، خیر خواہی مشورہ /حسن نیت جو چیز خیر اور آسائش کا موجب ہو

مصلحت است کہ باہم حرف بزنید: اس میں بہتری ہے کہ آپس میں آپ بات چیت کر لیں

مصلحت دیدن: بہتری خیال کرنا

مصلحت کردن: مشورہ کرنا

مصلحت آمیز: جس میں بہتری ہو

دروغ مصلحت آمیز بہ ز راستیِ فتنہ انگیز: سچائی جو فتنہ انگیزی کا باعث بنے اس سے وہ جھوٹ بہتر ہے جس میں کوئی بہتری مدنظر ہو

مصلحت بین: بہتری کو پیش نظر رکھنے والا، دانا، مصلحت اندیش

مصلحت خواہ: بہتری چاہنے والا

مصلحت گذار: چارج ڈی افیئرز (انگریزی)

مصلحۃً: (ع)بہتری کے طور سے، مصلحت کی رو سے

مصلوب: (ع)جسے صلیب یا سولی پر چڑھایا گیا ہو

صلیب کردن: سولی پر چڑھانا

مصلی: (ع)(۱)مصلا، نماز ادا کرنے کی جگہ، جائے نماز (۲)شیراز کے پاس ایک مقام جو حافظ شیرازی کی سیر گاہ تھی، مثال:

نمی دہند اجازت مرا بسیر و سفر
نسیمَ باد مصلی و آبِ رکنا باد

مجھے مقام مصلی میں چلنے والی باد نسیم اور رکنا باد کی ندی کا پانی کہیں سیر و سیاحت کی اجازت نہیں دیتے

مُصمَت: (ع)خاموش، چپ چاپ، جسے خاموش کر دیا گیا ہو

مُصمَم: (ع)مضبوط، پختہ، مستحکم، جس نے پختہ ارادہ کیا ہو

او مصمم است کہ فردا بہ اسلام آباد برود: اس کا پکا ارادہ ہے کہ کل وہ اسلام آباد جائیگا

مصمم شدن: فیصلہ کرنا، پکا ارادہ کرنا

مَصنَع: مصنعہ، جہاں بارش کا پانی جمع ہو جاتا ہے، جوہڑ، تالاب وغیرہ

مُصنِّف: (ع)تصنیف کرنے والا، کتاب لکھنے والا

مُصنِّفات: تصانیف، لکھی ہوئی کتابیں

مصنُوع: (ع)بنائی ہوئی چیز، ساخت کی ہوئی، تخلیق

عالم مصنوع و صانع خدا است: دنیا تخلیق ہے اور خالق خدا وند تعالی ہے

مصنوعات: بنائی ہوئی، تخلیق کی ہوئی چیزیں

مصنوعی: بناوٹی چیز

گل ہای مصنوعی: ہاتھ سے بنائے ہوئے کاغذ وغیرہ کے پھول

مُصوَّب: (ع)قبول شدہ، جس کی راستی و درستی کے متعلق حکم دیا گیا ہو

مُصوَّبات: مصوب کی جمع

مُصوِّت: (ع)(۱)حرف علت، حرف علت کی آواز (۲)بلند آواز میں بولنے والا، آواز دینے والا

حروف مصوت: حروف علت

مُصوِّر: (ع)تصویر بنانے والا، صورت گر، صورت ساز

مُصوَّر: (ع)بنی ہوئی تصویریں

روزنامہ مصور: روزانہ اخبار جس میں تصویریں بھی چھپتی ہوں

مصُون: (ع)محفوظ، جس کی حفاظت یا نگرانی کی گئی ہو

مصونیّت: حفاظت، نگہبانی

مُصِیب:(ع)درست کرنے والا، منظور کرنے والا، درست، سچ کہنے والا

مُصیبت:(ع)تکلیف، دکھ درد، حادثہ، سختی (مصائب جمع)

مصیبت زدہ:مصیبت کا مارا، رنج و عذاب میں مبتلا (مصیبت زدگان جمع)

مِصَید:دام، جال جسے شکاری شکار کے لیے بچھاتے ہیں

مَصِیف:گرمیوں کا موسم گزارنے کی قیامگاہ، جہاں کچھ سردی یا کم گرمی ہو

مُصَیقَل:(ع)جسے صیقل کیا گیا ہو

مضا:(ع)مضی، جو گزر گیا

مضاب:(ع)مضبہ کی جمع، وہ جگہ جہاں چھپکلیاں بہت زیادہ ہوں

مضابِط:دیکھیے مضبط

مضاجِع:(ع)مضجع کي جمع، خوابگاہیں

مضاجَعۃ:(ع)ایک دوسرے کے ساتھ لیٹنا ہم بستر ہونا، ہم خوابگی

مُضاحَکت:(ع)باہم ہنسنا ہنسانا

مُضاد:(ع)مخالف، ضد

مضادّت:(ع)مخالفت

مَضار:(ع)مضرت کی جمع، تکلیف، ضرر، نقصان

مضار این کار بسیار است:اس کام میں نقصان بہت ہیں

مُضارِب:(ع)مبارز، پہلوان، مرد میدان

مُضاربَت:(ع)نفع کی امید میں کسی کو اپنا مال دینا، تجارت میں شرکت کرنا

مضاربَہ:(ع)محدود شراکت

مُضارِع:(ع)گرامر، وہ فعل جس میں حال اور مستقبل دونوں زمانے پائے جائیں

مضارع:ایرانی موسیقی کی ایک سر

مُضاعَف:(ع)دو چندان، دو گنا

مضاعف کردن:دو چند کرنا

حقوقش را مضاعف کردند:اس کی تنخواہ دگنی کر دی گئی

مُضاف:(ع)اضافہ کیاگیا، الحاق کیا گیا (گرامر)، وہ اسم جو کسی دوسرے اسم کے ساتھ لگایا جائے

مضاف الَیہ:(ع)وہ اسم جس کے ساتھ کوئی دوسرا اسم لگایا جائے مثلاً کتاب حامد، اس میں حامد مضاف ہے اور کتاب مضاف الیہ

مُضامِین:(ع)مضمون کی جمع

مُضایِق:(ع)جمع مضیق، تنگیاں، سختیاں، تکلیفیں

مُضایقَہ:(ع)حرج، روک، انکار، خوف، تنگی، کسی پر سخت گیری کرنا

از رفتن آنجا مضائقہ نخواہم داشت:مجھے وہاں جانے میں کوئی انکار نہیں ہوگا

مَضبَہ:(ع)جہاں چھپکلیاں بہت ہوں

مَضبط:(ع)عدالت کا فیصلہ، سرکاری دستاویز، سرکاری تحریر

مضبوط:(ع)(۱)پختہ، پائیدار، سخت، محکم (۲)ضبط شدہ، پکڑ لیا گیا

مُضِیج:(ع)آہ و زاری کرنے والا

مَضجَع:(ع)خوابگاہ، جائے استراحت، بستر، پلنگ (مضاجع جمع)

مَضحاک:(ع)بہت ہنسنے والا

مضحَک:(ع)ہنسی لانے والی بات، خندہ آور، تمسخر

عروسیٔ او درین سن مضحک است:اس عمر

میراس کی شادی تمسخر کی بات ہے

مضحکہ:(ع)ہنسی، مذاق، تمسخر

مُضِرّ:(ع)ضرررساں، نقصان دہ، تکلیف دہ

مِضراب:(ع)زخمہ جسے انگلی میں پہن کر ستار بجاتے ہیں

مضرَب:(ع)(حساب)ضرب

مِضرَب:(ع)مضراب

مِضرَب:(ع)بڑا خیمہ (مضارب جمع)

مُضرّت:تکلیف، گزند، زخم چوٹ، ضرر، (مضرات جمع)

مضرت رساندن:تکلیف دینا، مجروح کرنا

مُضرِّس:(ع)دندانہ دار

مضروب:(ع)(۱)(حساب)جس کو ضرب دی جائے (۲)جسے ضرب لگی ہو، جو زخمی ہوا ہو

مضروب فِیہ:(ع)(حساب)جس سے ضرب دی گئی ہو

مُضطَر:(ع)بیقرار، بے چین، بے بس، پریشان

مُضطرِب:(ع)پریشان، بیقرار، بے چینی

از شنیدن این خبر مضطرب شد:اس خبر کے سننے سے وہ پریشان ہو گیا

مُضَعِّف:(ع)کمزور ہونا، ضعف پیدا کرنے والی، سستی لانے والی

مَضغ:(ع)غذا کو چبانا

مضغَہ:(ع)گوشت کا ٹکڑا

مضغی:(ع)لقمہ چبانے والا

مُضِلّ:(ع)گمراہ کرنے والا، سیدھے راستے سے ہٹانے والا، غلطی میں ڈالنے والا

مُضَلّت:(ع)گمراہی، وہ موقع جہاں انسان گمراہ ہو جائے

مِضمار:(ع)گھوڑ دوڑ کا میدان

مُضمحِل:(ع)پامال شدہ، تباہ شدہ، کمزور، ضعیف، خستہ و لاچار

مضمحل کردن:تباہ کر دینا، تہ و بالا کر دینا، پست کر دینا، نیست و نابود کرنا

مُضمَر:(ع)پوشیدہ، مخفی، پنہاں

مَضمضَہ:(ع)منہ میں پانی بھر کر گلا صاف کرنا، غراغرہ کرنا، کھنگالنا

مَضمُوم:(ع)(۱)جمع شدہ (۲)حرف جس پر پیش کی علامت ہو

مضمون:(ع)(۱)مطلب، معنی، کسی خاص موضوع پر تحریر (مضامین جمع)(۲)ضمانت شدہ، جس کی ضمانت ہو گئی ہو

مضمون ساختن:اپنے خیالات کو معرض تحریر میں لانا

مضی:(ع)مضا، جو گزر گیا

مضی مامضی:جو گزر گیا سو گزر گیا

مضئی:(ع)روشن، درخشندہ، تابناک

مضِیف:(ع)جہاں مہمان کی پذیرائی ہو، محل ضیافت

مضِیق:(ع)تنگ جگہ، تنگنا، مضایق جمع

او برای پول در مضیقہ است:رقم کی وجہ سےوہ مشکل میں ہے

مطابَخ:(ع)مطبخ کی جمع، باورچی خانے

مطابِع:(ع)مطبع کی جمع، جہاں طباعت ہوتی ہے

مُطابِق:(ع)موافق، مناسب، برابر، بموجب

مطابق اطلاعات واصلہ:حاصل ہونے والی اطلاعات کے بموجب

مطابق کردن:موافق کرنا یا بنانا، کسی نمونے جیسا بنانا

مطابقت:(ع)موافقت، دو چیزوں کو باہم برابر کرنا

مطابقت کردن:موافقت کرنا، ویسا ہی کرنا یا بنانا، برابر کرنا

مَطاحِن:(ع)مطحنه کی جمع، آسیاب، پانی کی لہروں سے چلنے والی چکیاں

مطار:(ع)پرندوں کے پرواز کرنے کی فضا، ان کے اترنے کی جگہ (مطارات جمع)

مُطارده:(ع)ایک دوسرے پر حملہ کرنا

مُطاع:(ع)اطاعت کرنے والا، فرمان بردار

مطاعِم:(ع)مطعم کی جمع، کھانا کھانے کی جگہیں ہوٹل وغیرہ

مَطاف:(ع)طواف کرنے کی جگہ، کعبہ

مُطالِب:(ع)طلب گار

مَطالِب:(ع)مطلب کی جمع، خواہشیں، تمنائیں، مقاصد

مطالبات:(ع)اپنے حقوق مانگنا

مطالَبه:(ع)اپنا حق مانگنا، (اپنی رقم)طلب کرنا

مطالبه کردن:اپنا حق مانگنا

مالیات سنگین ازما مطالبه کردند:انھوں نے بھاری ٹیکس ہم سے طلب کیے

مطالِع:(ع)مطلع کی جمع، طلوع ہونے کی جگہ، غزلوں یا قصیدوں کے پہلے شعر

مُطالَعه:(ع)کسی تحریر یا کتاب کو غور سے پڑھنا

برای شما مطالعه این کتاب لازم است:تمہارے لیے اس کتاب کو غور سے پڑھنا ضروری ہے

مطامِح:(ع)مطمح کی جمع، نظر گاہ، وہ چیز یا جگہ جو زیر نظر ہو

مطامِع:(ع)مطمع کی جمع، جس چیز کی طمع کی جائے، جو مورد طمع و رغبت ہو

مُطاوِع:(ع)مطیع، فرماں بردار

مُطاوِعَت:(ع)اطاعت، متابعت، فرماں برداری

مطاوَله:(ع)طول دینا، انجام کار میں سستی یا کوتاہی کرنا

مُطاوی:پیچیدگیاں

مَطایبات:مطایبه کی جمع

مطایَبه:(ع)ہنسی، مذاق، مزاح، خوش طبعی کرنا

بطریق مطایبه:مذاق کے طور پر

مطَبّ:(ع)جہاں طبیب مریضوں کو دیکھتا ہے اور دوائی دیتا ہے، درمانگاہ، کلنک (انگ)

مطبَخ:(ع)باورچی خانہ

مطبخی:(۱)باورچی خانے کا کام (۲)باورچی (۳)باورچی خانے کا ملازم

مطبَع:(ع)جہاں کتابیں وغیرہ طبع ہوتی ہیں

مطبَعه:(ع)چھاپنے کی مشین، چھاپہ خانہ

مطبعه چی:چھاپنے والا، مطبع کا مالک

مُطبَق:(ع)درہم برہم، تہ در تہ

مُطبِقه:(ع)شدید بخار جو مسلسل ہوتا ہے

مطبوخ:(ع)پکائی ہوئی چیز

مطبوع:(ع)(۱)چھپی ہوئی (کتاب)(۲)پسندیدہ

مطبوعات:چھپی ہوئی کتابیں (پریس میں)

مطبوعات خارجه:غیر ملکی کتابیں، وغیرہ

مَطَر:بارش

مِطر:(ع)میٹر، میٹر لمبائی ناپنے کا پیمانہ

مُطراً:(ع)طراوت، ترو تازہ، تازگی، آبدار

مِطران:(ع)اسقف اعظم، صدر اسقف، لاٹ پادری

مُطرِب:(ع)گانے والا، مغنی

مطرب دوره گرد: گھوم پھر کر گانے والا

مطربی: گانے کا پیشہ

مَطرَح: (ع) مورد بحث، بحث کے لیے کھلا موضوع

مطرح کردن: بحث کے لیے موضوع پیش کرنا

امروز لایحه جدیدی را مطرح کرده اند: آج ایک نیا موضوع بحث کے لیے پیش کیا گیا ہے

مِطرَد: (ع) (۱) چھوٹا نیزہ (۲) پرچم، علم

مُطَّرِد: (ع) با اصول، عام قاعدے کے مطابق

مُطرَد: (ع) دراز، طولالی

مُطرِّز: (ع) سوزن کاری سے کپڑے کو مزین کرنے والا، آرائش دینے والا، سجانے والا، جو سوزن کاری سے مزین ہو

مِطرَف: (ع) حریر یا ریشم کی بنی ہوئی چادر

مِطرَق، مطرقه: ڈنڈا جو اون یا روئی پر مارتے ہیں، مطارق جمع

مطروح: (ع) چھوڑ دیا گیا، دور کر دیا گیا

مطرود: (ع) مسترد، رد کیا گیا، خارج کیا گیا، نکال دیا گیا، رانده

مَطرِي: (ع) دیکھیے مطرا

مَطعَم: (ع) گھر سے باہر غذا کھانے کی جگہ، ہوٹل وغیرہ (مطاعم جمع)

مطعون: (ع) (۱) جسے طعنہ دیا گیا ہو، جس کی مذمت کی گئی ہو (۲) جس پر طاعون کا اثر ہو

مُطَفِّف: (ع) کم تولنا

مُطفی: (ع) اگ بجھانے والا، فائر مین

مُطَلّا: (ع) ملمع کیا ہوا، جس پر سونے کی تہ چڑھائی گئی ہو، سنہرا

مطلا کردن: ملمع کرنا

مطلا کاری: ملمع کرنے کا کام

مطلَب: (ع) موضوع، امر، مسئلہ، قضیہ، خواہش، مطالب جمع

مطلب کسی را برآوردن: کسی شخص کی خواہش پوری کرنا

مطلب چیست: مسئلہ کیا ہے

مطلب محرمانه: ذاتی، پوشیدہ بات

مُطلِب: (ع) طالب

مُطَلسَم: (ع) جادوگر، سحر کرنے والا

مطلع: (ع) غزل یا قصیدہ کا اولین شعر (مطالع جمع)

مُطَّلع: (ع) اطلاع دی گئی، آگاہ کیا گیا، کسی کام سے آگاہ ہونا

من از آن قضیه مطلع نبودم: میں اس مسئلے سے آگاہ نہ تھا

مطلع شدن: آگاہی پانا

مطلع کردن: آگاہ کرنا

مُطلَق: (ع) بالکل، قطعی

اختیار مطلق: قطعی اختیار

مُطلقاً: (ع) قطعی طور سے

مطلقَ العِنان: (ع) قطعی طور سے مختار، مختار کل، آزاد، خودسر

مُطلِق: (ع) اسہال ہونا

مُطَلَّق: (ع) جسے آزاد کیا گیا ہو

مُطلّقه: (ع) عورت جسے طلاق دی گئی ہو

مطلی: جس چیز پر تارکول لگائی گئی ہو

مطلوب: (ع) جس چیز کی خواہش ہو

این روزہا باران مطلوب است: ان دنوں بارش چاہیے

بروجه مطلوب: جیسے کہ چاہیے

مطلوبیّت: دل پسندی

مطمَح: (ع)مورد توجہ، مد نظر

مطمَع: (ع)جس چیز کی طمع ہو

مُطمئن: (ع)با اطمینان، آسودہ خاطر، بے فکر

مطمئن ساختن: اطمینان دلانا

مطمئن شدن: اطمینان ہو جانا

من مطمئن ہستم که او خواہد آمد: مجھے اطمینان ہے کہ وہ آئیگا

مطمئناً: (ع)یقینا، خاطر جمع کے طور سے

مطمُورَہ: (ع)زیر زمین تہ خانہ

مطمُوس: (ع)گم شدہ، نا پدید شدہ

مطنَجِن: (ع)متنجن، قورمہ، گوشت میں پکی ہوئی غذا

مطنطَن: (ع)شاندار، دھوم دھام کا

مِطواع: (ع)اطاعت گزار، مطیع، فرماں بردار

مُطوّق: (ع)طوق دار، جس کے گلے میں گلو بند یا ہار ہو

مُطوّقه: کبوتر جس کے گلے میں طوق ہو

مطوّل: (ع)طویل، جسے طول دیا گیا ہو

نُطقِ مطول: طویل تقریر، مفصل بیان

مَطوی: (ع)حلقہ دار، پیچیدہ، بٹی ہوئی رسی کی طرح

مُطه، متە: (ع)سوراخ کرنے کا اوزار، برما

مُطہَّر: (ع)پاک مقدس

مُطہِّر: (ع)پاک کرنے والا، صاف کرنے والا

مَطہره: (ع)لوٹا جس سے وضو کیا جاتا ہے

مُطیِّب: (ع)معطر، جس سے خوشبو آتی ہو

مطیر: (ع)جو بارش میں بھیگا ہو، باراں دیدہ

مُطیِّر: (ع)(۱)تروتازہ لکڑی (۲)چادر جس پر پرندوں کی تصویریں ہوں

مُطِیع: (ع)فرماں بردار، اطاعت گزار، تابع فرماں

مطیع قانون: قانون کے تابع

مظال: (ع)بڑا خیمہ، سائبان

مظالِم: ظلم و ستم

مظان: (ع)مظنہ کی جمع، جس کے متعلق گمان یا شک ہو

مظاہِر: (ع)مظہر کی جمع، ظاہر ہونے کی جگہیں، نظارے

مظاہِر: (ع)حمایت کرنے والا، پشیتبان

مظاہَرت: (ع)ایک دوسرے کی مدد، حمایت، مساعدت

مظروف: (ع)جو کچھ برتن میں ہے

نه ظرف مانده است نه مظروف: نہ برتن باقی ہے نہ برتن کے اندر کی چیز

مُظفّر: (ع)فاتح، ظفر یاب

مظفر شدن: فتحیاب ہونا

مظفراً: (ع)فتحیابی سے

مُظفَّریَت: فتحیابی سے

مظلَفْ: (ع)سم شگافتہ ،جس جانور کے سموں میں شگاف ہو جیسے گائے بھینس کے سم

مظلّل: (ع)سایہ دار، سایہ انداز

مظلّله: (ع)بڑا خیمہ، سائبان

مظلله خَضرا: کنایہ ہے آسماں کا

مُظلِم: (ع)(۱)تاریک، اندھیرا، شب تاریک (۲)افسردہ، غمگین، دلگیر، ملول، محزون (۳)تاریک پہلو (۳)مصیبت خیز، منحوس

مَظلمت، مظلمه: ظلم و ستم، ستمگاری

مظلوم: (ع)جس پر ظلم ہوا ہو، ستم رسیدہ

آہ مظلوم در دنبالِ ظالم است: ستم رسیدہ

شخص کی آہ ظالم کے پیچھے پیچھے ہوتی ہے

مظلومانہ: تحمل سے، غمگینی سے، چپ چاپ

مظلومی: مظلومیت، ستم رسیدگی، جبر

مظنُون: (ع) جس پر شک ہو، جس پر بد ظنی کا شبہ ہو

مظنون شدن: مشکوک ہونا

مظنونیت: شک شبہ، گمان

مُظنّہ: (ع) (۱) رائے، قیاس، گمان، ظن، شبہ، بد گمان (۲) موجودہ قیمتیں، بازاری نرخ

آیا شما مظنہ طلا را می دانید: کیا تمہیں سونے کی بازاری قیمت معلوم ہے

مظنہ دادن: قیمتیں بتانا

مظنہ روز: بازاری قیمت

مظنہ روز خریدن: روزانہ قیمت کے مطابق خریدنا

مظہَر: (ع) (۱) ظہور، اظہار، اعلان، ظاہر ہونے کا مقام، مثال:

دل کجا مظہرِ انوارِ جمال تو بود

گر نہ این آئینہ را از تو جلای برسد

آپ کے جمال کی نورانی کرنوں کا ظہور دل پر کیسے ہو سکتا ہے اگر اس آئینہ دل پر آپ کی ضیانہ پڑی ہو مثال دگر:

خدا را مظہر پا کت عیان است

وجودت مجمع البحرین زانست

اللہ تعالی پر آپ کا مظہر پاک عیاں ہے اس لیے آپ وجود میں آئے تو آپ کے وجود میں دو سمندر مل گئے ہیں، ایک سمندر الوہیت کا ہے اور دوسرا انسانیت کا

مَع: (ع) ساتھ، ہمراہ

مع الأسف: (ع) افسوس ہے

مَع الوَصف: (ع) اس کے باوجود

مَعذلک: (ع) اس کے باوجود

معاً: (ع) باہم، ساتھ

معاً: (ع) فوراً اسی وقت

معاء: (ع) آنت، انتڑی، رودہ

معاءدقاق: (ع) چھوٹی انتڑی

معاءمستقیم: (ع) بڑی آنت کا نیچے کا حصہ

معابِد: (ع) معبد کی جمع، عبادتگاہیں

معابِر: (ع) معبر کی جمع، راستے، گزرگاہیں، گھاٹ، دریا وغیرہ سے پار اترنے کی جگہیں پُل

معاتِب: (ع) عتاب کرنے والا، ملامت کرنے والا

معاتَب: (ع) جس پر عتاب ہوا ہو، جسے ملامت کی گئی ہو

مُعاتَبہ: (ع) سرزنش، عتاب، ایک دوسرے پر عتاب کرنا

مَعاجِین: (ع) معجون کی جمع

معاد: (ع) جہاں واپس جانا ہو، جہاں لوٹ کر جانا ہے، دوسرا جہاں، عقبی، عالم آخرت

روز معاد، یوم المعاد: روز محشر، آخرت، روز قیامت

مُعادات: (ع) مخاصمت، دشمنی

مُعادِل: (ع) (۱) برابر، ہم وزن، ہم قیمت (۲) ہم شبیہ، نظیر

معادل آنرا باو باید پس داد: برابر کی رقم اسے لوٹا دینی چاہیے

بی معادل: بے نظیر

مُعادَلہ: (ع) (۱) برابری (۲) عدل و انصاف کرنا، دو چیزوں کو ہم وزن کرنا (معادلات جمع)

معادَن: (ع) معدن کی جمع، کانیں

معاذ: (ع) پناہ، پناہ گاہ

معاذ اللہ: (ع) خدا کی پناہ، خدا بچائے

معاذَرہ: (ع) معذرت کرنا، معذرت چاہنا، معافی مانگنا

معاذیر: (ع) معذرت دیکھیے

معارج: (ع) معراج کی جمع

مُعارِض: مخالف، رکاوٹ پیدا کرنے والا، مانع

معارض شدن: رکاوٹ پیدا کرنا، کسی کے خلاف اپنا دعوی پیش کرنا، مداخلت کرنا

زمین را تصرف کرد و کسی معارض او نشد: اس نے زمین پر قبضہ کر لیا اور کسی نے اسے نہ روکا

معارضات: دیکھیے معارضہ

معارِضَہ: (ع) مخالفت، رکاوٹ، نزاع، جھگڑا، مقابلہ کرنا

معارضہ کردن: مخالفت کرنا، جھگڑا کرنا مقابلہ کرنا

مَعارِف: (ع) علوم، تعلیمات، ہدایات، معروف اشخاص، اہل علم و فضل

معارف پرور: علم و فضل کے لیے حوصلہ افزائی کرنیوالا، تعلیمات کی ہدایت دینے والا

معارَفَہ: (ع) ایک دوسرے کو پہچاننا، باہم آشنائی کا اظہار کرنا

معارفی: تعلیمی، ہدایات سے متعلق

معارِک: (ع) معرکہ کی جمع

مَعاش: (ع) روزی، جس سے بسراوقات ہو سکے، وسیلہ زندگانی، خوراک وغیرہ حاصل کرنے کا وسیلہ (معاشات جمع)

امرار معاش: گزران

مُعاشِر: (ع) ساتھی، دوست، رفیق

مَعاشِر: معشر کی جمع، لوگوں کا ہجوم

مُعاشِر: دوست، ہمدم

معاشَرَت: (ع) ساتھی بنانا، رفیق بنانا، آپس میں مل جل کر رہنا، باہمی میل جول

معاشرت کردن: مل جل کر رہنا

آداب معاشرت: مل جل کر رہنے کے طور طریقے

حُسنِ معاشرت: اچھی طرح سے مل جل کر رہنا، امن و آسائش سے بسراوقات کرنا

معاشَقَہ: (ع) عشق و محبت

معاشقہ کردن: ایک دوسرے سے محبت کرنا

مُعاصِر: (ع) ہم عصر، ایک ہی زمانے کے یا وقت کے

معاصَرت: (ع) ہم عصری، ایک ہی زمانے یا وقت سے متعلق

مَعاصی: (ع) معصیت کی جمع، گناہان

مُعاضِد: (ع) مددگار، نائب

معاضَدَت: (ع) مدد، امداد، اعانت، دستگیری

معاضدت کردن: اعانت کرنا، ایک دوسرے کی مدد کرنا

مُعاطات: (ع) عطا کرنا، بخشنا

مُعاف: (ع) جسے بخشا گیا ہو، رعایت دے دی گئی ہو

معاف شدن: مستثنی ہو جانا

او از پرداختِ مالیات معاف بود: اسے ٹیکس ادا کرنے سے مستثنی کر دیا گیا

معافی: بخشش، معاف ہو جانا

مُعافیَت: مستثنی ہونا، رعایت مل جانا، بخشش

مُعاقِب: (ع) (۱) سزا دینا، پیچھا کرنا، سزا دینے والا، پیچھا کرنے والا

مُعاقبت:(ع) سزا، سرزنش، عقوبت
مُعاقِد:(ع) عہد و پیمان کرنے والا، ہم عہد
مُعاقدَت:(ع) عہد و پیمان، معاہدہ
مَعَاقِل:(ع) معقل کی جمع، پناہ گاہیں جاہای پناہ، قلعہ، بلند پہاڑ
مُعالِج:(ع) علاج کرنے والا، طبیب، ڈاکٹر
مُعالجَہ:(ع) علاج، مداوا (معالجات جمع)
معالجہ بِضِد:ایلو پتھی
معالجہ بِمثل:ہومیوپیتھی
معالجہ کردن:علاج کرنا
مَعالِف:(ع) مَعلف کی جمع، دیواروں کے ساتھ بنی ہوئی چوپایوں کی چارہ کھانے کی جگہیں، کھرلیاں
مَعالِم:(ع) مَعلَم کی جمع، سڑک پر نصب کی ہوئی پتھر کی تختیاں، جن پر میلوں یا کلو میٹروں کے نشان لگے ہوتے ہیں
معالی:(ع) بزرگی، فوقیت، علمی یا معاشرتی برتری
مثال:

در شان کمال تست نازل
آیات مکارم و معالی

آپ کے کمال کی شان کے سلسلے میں شریفانہ سیرت اور بزرگی کی آیات خداوند تعالی نے نازل فرمائیں
مُعامِر:(ع) معمار، راج
مُعامِل:(ع) معاملہ کرنے والا، گفت و شنید کرنے والا
مُعامَلہ:(ع) باہم مل کر کوئی کام کرنا، عہد و پیماں، کاروبار، سابقہ، لین دین، خرید و فروخت
معاملات نقدی:نقدی کے لین دین کے امور
معاملہ کردن:مل کر کوئی کاروبار کرنا
با آدم خوش حساب معاملہ می کنم:اچھے حساب کتاب والے شخص سے میں کاروبار کی بات چیت کرتا ہوں
خوش معاملہ:خوش حساب، لین دین کا کھرا
بد معاملہ:حساب کتاب میں فریب دینے والا
مَعان:(ع) منزل، گھر، ٹھکانا
مُعانِد:(ع)(۱)سرکش، ضدی، متمرد، جھگڑا کرنے والا (۲)دشمن، عناد رکھنے والا
مُعاندَت:(ع) ضد، سرکشی، تمرد، (۲)دشمنی، عناد، جھگڑا
مُعانِق:(ع) معانقہ کرنے والا، بغل گیر ہونے والا
مُعانَقہ:(ع) بغل گیر ہونا، محبت سے ایک دوسرے سے گلے ملنا
معانی:(ع) معنی کی جمع، مطالب، محاسن شاعری
معانی و بیان:اثرخیز انداز بیان
علم معانی:ایک علم جس سے الفاظ کے استعمال کا محل صحیح اور معانی کا درست یا نا درست ہونا معلوم ہوتا ہے
مُعاوَدَت:(ع) مراجعت، واپسی، عود کرنا
معاودت کردن:واپس آنا، مراجعت کرنا
مُعاوَضَہ:(ع) مبادلہ، تبادلہ، ایک چیز کے عوض دوسری چیز لینا دینا
معاوضہ کردن:تبادلہ کرنا
مُعاوِن:(ع) مدد گار، اعانت کرنے والا (معاونین جمع)
معاون ادارہ:محکمے کے رئیس یا ڈائریکٹر کا نائب
معاون جرم:جرم میں کسی کا ساتھ دینے والا
معاون وزارتخانہ:وزیر کا انڈر سیکرٹری
مُعاوَنَت:(ع) مدد، امداد،اعانت، مساعدت
معاونت کردن:اعانت کرنا، مدد دینا
مُعاوِیَہ:بنی امیہ کا خلیفہ اول

مُعاہِد:(ع) متعاہد، عہد کرنے والا، باہمی عہد و پیمان کرنا

مَعایِب:(ع) عیوب، برائیاں، خرابیاں، جمع معاب

معایِش:(ع) معاش اور معیشت کی جمع

مُعایَنَہ:(ع)جانچ پڑتال، غور سے دیکھنا، جائزہ، تشخیص (معاینات جمع)

طبیب مریض را چرا معاینہ نکرد:ڈاکٹر نے مریض کی تشخیص کیوں نہیں کی

معاینہ کردن:جانچ پڑتال کرنا، غور سے دیکھنا، تشخیص کرنا

معائی:(ع)آنتوں سے متعلق

مَعبَد:(ع) عبادت گاہ (معابد جمع)

مُعَبَّد:(ع)(۱)گرامی قدر، معزز (۲)ہموار راستہ

مُعَبِّر:(ع) تعبیر کرنے والا، خوابوں کی تعبیر بتانے والا، خوابوں کا حال بتانے والا

مُعَبِّری:خواب کی تعبیر بتانا

مَعبُود:(ع) جس کی پرستش کی جاتی ہے، خداوند تعالی

معبُودِیَّت:(ع) خداوند تعالی کی عبادت

مُعتاد:(ع) عادی، خوگر، جس شخص کو کسی چیز یا کام کی عادت ہو

معتاد شدن:عادی ہو جانا

او معتاد بود بہ استعمال افیون:وہ افیون کھانے کا عادی تھا

مُعتَبَر:(ع) جو اعتبار کے قابل ہو، جس کی شہرت اچھی ہو، با اعتبار، امین، قابل اعتماد

ضامنِ معتبر:قابل اعتبار ضامن

مُعتَدّ:(ع) حد سے گزرنے والا

مُعتَدبِہ:(ع)(۱)فراوان، کثرت (۲)شمار میں آیا ہوا، معتبر، قابل اعتبار (۳)زیادہ مقدار

مُعتَدِل:(ع) متوسط، نہ زیادہ نہ کم، متناسب، اعتدال موزوں

مملکت ما آب و ہوای معتدل ندارد:ہمارے ملک کی آب و ہوا متوسط نہیں

مُعتَدِلانَہ:اعتدال کے ساتھ

مُعتَذِر:(ع) معذرت خواہ، عذر خواہ

مُعتَرِض:(ع) اعتراض کرنے والا، مزاحم

معترض بودن:اعتراض کرنا، مزاحم ہونا

مُعتَرِضَہ:(ع) جملہ معترضہ، جملہ جو اصل موضوع سے خارج ہو

مُعتَرِف:(ع) اعتراف کرنے والا، تسلیم کرنے والا، مان لینے والا

او بخطای خود معترف بود:اس نے اپنی غلطی کا اعتراف کر لیا تھا

مُعتَرَک:(ع) رزمگاہ، میدان جنگ، میدان کارزار

مُعتَزّ:(ع) معزز، گرامی قدر

مُعتَزِل:(ع) مسلمانوں کا ایک فرقہ جو حکیمانہ مسلک رکھتا تھا

مُعتَزِل:(ع) عزلت گزیں، گوشہ نشیں، کنارہ کش

مُعتَزِلَہ:(ع) مسلمانوں کا ایک فرقہ جو واصل بن عطا کی پیروی میں حکیمانہ مسلک رکھتا تھا، اس کا عقیدہ ہے کہ خداوند تعالی کا دنیا اور آخرت میں دیکھنا ممکن نہیں، گناہ کبیرہ کا مرتکب نہ مومن ہے نہ کافر وہ دونوں کے بین بین ہے

مُعتَزِلی:فرقہ معتزلہ کا فرد

مُعتَسِف:(ع) ظالم، متشدد، ستمگر

مُعتَصِب:(ع) ہڑتالی، وہ شخص جس نے کام سے ہڑتال کی ہو

مُعتَصِم:(ع) نجات کے لیے کوشش کرنے والا

مُعتَصِم باللہ: آٹھواں عباسی خلیفہ جس نے ۲۱۸ تا ۲۲۷ھ حکومت کی

مُعتَضِد: (ع) مدد چاہنے والا، داد خواہ

معتضد باللہ: سولھواں عباسی خلیفہ (حکومت ۲۷۹- ۲۸۹ھ)

مُعتِق: (ع) آزاد کرنے والا، رہائی دینے والا

مُعتَق: (ع) آزاد شدہ، جسے رہائی ملی ہو

مُعتَقِد: (ع) اعتقاد کرنے والا، جسے کسی پر یقین ہو یا اعتقاد (معتقدین جمع)

مُعتَقِد بودن: کسی پر اعتقاد کرنا، یقین کر لینا

مُعتَقَد: (ع) جس پر اعتقاد کیا جائے، جس پر یقین کر لیا جائے

مُعتَکِف: (ع) اعتکاف کرنے والا، تنہا بیٹھ کر عبادت کرنے والا، گوشہ نشین، عبادت کے لیے گوشہ نشینی اختیار کرنا

مُعتَل: (ع)(۱) کمزور، بیمار، علیل (۲) کوئی کلمہ جس میں حرف علت ہو

مُعتَمِد: (ع) جو کسی شخص پر اعتماد کرے، اعتماد کرنے والا

با بعضی از معتمدین محلی مشورت شد: مقامی قابل اعتماد لوگوں میں سے بعض کے ساتھ مشورہ کیا گیا

مُعتَمَد: (ع) جس پر اعتماد کیا جائے

مُعتنا، مُعتَنابہ: (ع) قابل توجہ، قابل غور، قابل لحاظ، اہم، معقول، معتدبہ، قابل اعتنا

مُعتُوق: (ع) آزاد شدہ

معتَنی: (ع) اعتنا کرنے والا، جو شخص اپنے کام کو توجہ اور اہتمام سے کرتا ہے

مُعجِب: (ع)(۱) تعجب انگیز، حیران کن (۲) خود بین، خود پسند

مِعجَر: (ع) پردہ، نقاب، چادر جو خواتین سر پر لیتی ہیں، دوپٹہ

مُعجِز: (ع)(۱) سوچ بچار کرنے والا، اعجاز کرنے والا، خرق عادت

مُعجِز نشان: اعجازی، کراماتی، ماورای فطرت، مافوق فطرت، حیرت انگیز، معجز نما

مُعجِزَہ: (ع) خرق عادت، وہ ماورای طبیعت بات جو سوائے نبی(ع) کے اور کوئی نہ کر سکتا ہو، کرامت

معجزہ کردن: معجزہ کرنا، کرامات کرنا

مُعَجِّل: (ع) عجلت میں، جلدی میں، جلدی

مُعَجَّلاً: بڑی تیزی سے، جلدی سے

مُعجَم: (ع) نقطہ دار حروف، حروف جن پر نقطہ یا نقطے ہوں، کتاب لغت

مُعجم: (ع) نادرالوجود شخص

معجُون: (ع) دوائیں جو شہد یا چینی میں ملا کر تیار کی جاتی ہیں

مُعِدّ: (ع) آمادہ کرنے والا، تیار، سازوسامان کے ساتھ تیار

مُعَدِّل: (ع) عدالت کرنے والا، انصاف کرنے والا، اصلاح کرنے والا، درستی کرنے والا، اعتدال کو پیش نظر رکھنے والا، ہم وزن کرنے والا

معدل شب و روز، معدل لیل و نہار: اعتدال شب و روز کے قریب، اس نقطے کے قریب جہاں خط استوائی اور طریق الشمس کا تقاطع ہوتا ہے

مُعَدَّل: (ع) ہم وزن کیا گیا، اعتدال شدہ، جسے درست کر دیا گیا ہو

مُعدلات: (ع) گھر کے گوشے

مَعدلت: (ع) دادگری، انصاف

مُعدِم:(ع) فقیر، مفلس، تہی دست

مَعدَن:(ع) کان

معدنِ زغال سنگ:کوئلے کی کان

معدنِ سُرب:سکے کی کان

معدن طِلا:سونے کی کان

علم معدن:معدن شناسی، کانوں کا علم

مَعدن چی:کان کن، کان کھودنے والا

مَعدن شِناس:عالم معدنیات، ماہر معدنیات

معدن شَناسی:معدنیات کا علم

مَعدَنی:معدن یا کان سے متعلق (معدنیات جمع)

مَعدُود:(ع)(۱)گنا گیا، شمار کیا گیا (۲)چند، کچھ

معدودی از آنہا را حبس کردند:ان میں سے چند قید کر دیے گئے

مَعدُول:(ع) وہ حرف جو لکھنے میں آئے لیکن پڑھنے میں نہ آئے

وا و معدول:واؤ جو لکھنے میں آتی ہے لیکن پڑھنے میں نہیں آتی مثلاً خواہ، خواہش میں

مَعدُوم:(ع) کالعدم، نیست و نابود کیا گیا، گم شدہ

معدوم شدن:مٹ جانا، نا پید ہو جانا

معدوم کردن:مٹا دینا

مَعدُومِیّت:عدم، نیستی

مِعدُوی:معدے سے متعلق

مِعدَہ:او جھ جس میں کھانا ہضم ہوتا ہے

معدہ سنگی، ضعف معدہ:بد ہضمی

التہاب معدہ:معدے کی جلن

مِعدَہ بِین:ماہر امراض معدہ

مُعدِی:(ع) متعدی

مِعذار:(ع) دلیل، حجت جسے عذر خواہی کا وسیلہ سمجھا جاتا ہے

مُعَذّب:(ع) عذاب یا تکلیف میں مبتلا

معذب داشتن:تکلیف دینا، عذاب میں مبتلا کرنا

مُعَذِّب:(ع) تکلیف دینے والا، تکلیف میں مبتلا کرنے والا

معذِرَت:(ع) معافی

معذِرَت خواستن:معافی چاہنا، معافی مانگنا

معذِرت خواہ:معافی چاہنے والا

مَعذلک:(ع) اس کے باوجود با این ہمہ

مَعذُور:(ع) معاف کر دیا گیا، قابل معافی

معذور داشتن:معاف کرنا، بخش دینا

مرا ازین کار معذور دارید:اس کام سے مجھے معاف کیجے

مُعرا:(ع)(۱)عاری، خالی (۲)برہنہ، عریاں (۳)محروم

مِعراج:(ع) سیڑھی، نردبان، اونچا مرتبہ، بلندی، عروج، حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا عالم ملکوت کی سیر کرنا اور انوار الٰہی دیکھنا

شب معراج:وہ رات جب رسول کریم(ص) اللہ تعالی کے حکم سے اللہ تعالی کی طرف تشریف لے گئے اور ایسے مقام پر پہنچے جہاں کوئی بھی نہیں پہنچ سکتا تھا

مُعرَب:(ع)(۱)واضح، ظاہر، آشکار (۲)وہ کلمہ جس پر اعراب ہوں (۳)ایسا اسم جس کے آخر کی حرکت میں اعراب کے ذریعے تبدیلی پیدا کردی جاتی ہے

مُعَرّب:(ع) کسی غیر زبان کے لفظ کو عربی میں اپنانا مثلا ٹیلی ویژن کو تلفزیون

مُعَرِبد:(ع) جنگجو، لڑنے والا، بد خو

مُعرّت:(ع)(۱)بدی، گناہ، عیب (۲)رنج و آزار، سختی (۳)تاوان، خوں بہا

مُعَرّت:(ع) شام کے ایک شہر کا نام

مَعرَج:(ع) سیڑھی، نردبان، معارج جمع

مَعرِض:(ع) کسی چیز کے ظاہر ہونے کی جگہ، مصنوعات یا مخترعات کی نمائشگاہ

جانش در معرض خطراست:اس کی زندگی خطرے کے مقام پر ہے

مُعرِض:(ع) روگردانی کر لینے والا، منہ پھیرلینے والا

مُعَرِّف:(ع) تعارف کرانے والا، تعریف کرنے والا

علم شما معرف شما خواہد بود:علم جو تمہیں حاصل ہے وہ تمہارا تعارف (دنیا سے) کرائیگا

مَعرِفَت:(ع)کسی چیز کو ماننا پہچاننا، شناسائی، علم و دانش

معرفت آموز:علم سکھانے والا

معرفتُ الارض:زمینی احوال کا علم، جیالوجی زمین شناسی

معرفت احوال طبیعی:زمین کے قدرتی حالات کا علم جاننا

معرفت العروق:رگ شناسی، رگوں کا علم

معرفت العضلا، معرفت المفاصِل:انسانی جوڑوں کا علم

معرفتُ النفس:علم نفسیات

اہلِ معرفت:دانا، عالم، روحانیت کے علم سے آگاہ

مُعَرِّفی:تعارف کرانا، تعارف

مرا بدوستان خود معرفی کنید:میرا اپنے دوستوں سے تعارف کرا دیجیے

معرفی شدن:تعارف ہو جانا

معرفی کردن:تعارف کرنا

مُعرِّفی نمودن:پیش کرنا، ملاقات کرانا

معرفی نامہ:تعارفی خط

مُعرِّق:(ع)(۱)جس سے پسینہ آ جائے (۲)لاغر، کمزور

مَعرِکہ:(ع) لڑائی، جنگ، ہنگامہ، کارزار، انبوہ، تماشے کی کھلی جگہ

معرکہ کردن:عجیب انداز میں فن کاری کرنا، امتیاز قائم کرنا

معرکہ گرفتن:کسی فن کار کے گرد تماشائیوں کا ہجوم ہو جانا

معرکہ ساز، معرکہ گیر:بازیگر، فن کار جس کے گرد لوگ جمع ہو جاتے ہیں

مَعرُوض:(ع) عرض کیا گیا

معروض داشتن:عرض کرنا یا لکھ کر گزارش کرنا

محرماً معروض می گردد:نہایت احترام سے گزارش کرتا ہوں

مَعرُوضات:گزارشات

معروف:مشہور

معروف شدن:ناموری حاصل ہونا

امر معروف، امر بالمعروف:بتانا کہ کیا یہ امر بہتر یا قانونی ہے

او ز موسیقی دانہا معروف است:وہ موسیقی جاننے والوں میں مشہور ہے

مَعرُوفیّت:شہرت، ناموری

معرّیٰ:(ع) دیکھیے معرا نیز عربی زبان کے ایک شاعر کا نام ابوالعلا معری

مَعز:(ع) بکری

مُعِزّ:(ع) عزت و عظمت دینے والا

مُعزّز:(ع) قابل عزت و توقیر، قابل احترام

مُعزّزاً:(ع) احترام کے طور پر

مُعَزِّم:(ع) افسوں گر، جادوگر، ساحر

مَعزُول:(ع) عہدے سے بر طرف کیا گیا

معزول کردن:بر طرف کرنا

مَعزُولی، معزُولیَت:عہدے سے برطرف ہونا، ہٹا دیا جانا

مُعزّی:تعزیت کرنے والا، تسلی دینے والا

مُعزِی:کوئی شخص جس سے کسی چیز کی نسبت دی گئی ہو

مُعزّی:ایک فارسی شاعر کا نام

مُعسِر:(ع)(۱)غریب، مفلس، ناتواں، تنگدست، نیاز مند

مُعَسِّر:(ع) دشواری میں ڈالنے والا

مُعسَرَت:(ع) سختی، پریشان حالی

مُعَسکر:(ع) لشکر کی فرودگاہ، کیمپ، چھاؤنی

مُعَسَّل:(ع) جس میں شہد کا اثر ہو، شہد کے ذریعے محفوظ کیا گیا

مَعسُور:(ع) دشوار، مشکل

مِعشار:(ع)(۱) دسواں حصہ کسی چیز کا (۲)اونٹنی جس کا دودھ کم ہو گیا ہو

مَعشَر:(ع) جماعت، گروہ، کسی شخص کے اعزا و اقارب

مَعشوق:(ع) جس سے کسی کو عشق ہو، محبوب، عاشق و معشوق

مَعشوقَه:(ع) عورت جس سے عشق ہو، محبوبہ

مَعشُوقی:دلفریبی، دلربائی

مِعصَر:(ع) آلہ جس سے انگوروں یا دوسرے پھلوں کا رس نکالتے ہیں

مُعصِرات:گہرا بادل، بہت برسنے والا

مُعَصفَر:(ع) زعفرانی زرد رنگ

مِعصَم:(ع) کلائی، معاصم جمع

مَعصوم:(ع) بے گناہ، بے قصور، پاک

مَعصُومه:(ع) معصوم کی تانیث

مَعصُومی:معصومیت، بے گناہی، پاک دامنی

مَعصِیت:(ع) گناہ

مُعضِل:(ع) مشکل، دشوار

مُعضِلات:معضل کی جمع، مشکلات، دشواریاں

مُعضله:معضل کی تانیث،، دشوار امر

مُعَطَّر:(ع) جس پر عطر لگا ہو، خوشبو دار

معطر کردن:عطر لگانا

گل ہا ہوا را معطر کردہ اند:پھولوں نے ہوا کو خوشبودار کر دیا ہے

مُعطِس:(ع) عطسہ آور، جس سے چھینکیں آئیں

مُعطِش:(ع) عطش آور، جس سے پیاس لگے

مُعَطَّل:(ع) روکے رکھنا، انتظار میں رکھنا

معطل شدن:منتظر رہنا

معطل کردن:روک لینا

معطل گذاشتن:انتظار میں رہنا، فکر مند ہونا کہ کیا طریق اختیار کیا جائے

معطل نشوید فوراً حرکت کنید:رکیے نہیں فوراً چلیے

از صبح تا بحال معطل ہستم:میں صبح سے ابتک منتظر ہوں

او دو ساعت مرا معطل کرد:اس نے دو گھنٹے مجھے روکے رکھا

نیم ساعت معطل اتو موبیل شدم:نصف گھنٹہ میں موٹر کار کا منتظر رہا

مُعَطِّله:(ع)مذہب "تعطیل" کے پیرو، مذہبی فرقے جو باری تعالی کی صفات کے منکر ہیں

مُعَطّلی:دیر، تاخیر، رکنا

این کار ہیچ معطلی نخواہد داشت:اس کام میں کوئی تاخیر نہ ہوگی

بی معطلی، بدون معطلی: بلاتاخیر

معطوف: (ع) حرف عطف کے بعد آنے والا کلمہ، متوجہ، ملا ہوا، مائل

معطوف داشتن: توجہ دلانا

مُعطی: (ع) عطا کرنے والا، بخشش کرنے والا

مُعظم: (ع) کسی چیز کا بڑا حصہ، ہر چیز سے بہتر

مُعظّم: (ع) عظیم، بزرگ

مُعظّمات: (ع) ضروری امور و وسائل، اہم معاملات

مَعفُو: (ع) معافی دی گئی

مَعفُوداشتن: معافی دے دینا، بخش دینا

مُعَقِّب: (ع) دیر میں آنے والا

مُعَقِّبات: (ع) روز و شب کے فرشتے

مُعَقّد: (ع) گرہ دار، پوشیدہ بات، سخن غامض

مُعَقرب: (ع) خمیدہ، تیرھا

زلف معقرب: گھنگھریالے بال، بالوں کی لٹ

مَعقِل: (ع) پناہ، جائے پناہ

معقُود: (ع) بندھا ہوا

معقُول: (ع) لائق، شائستہ، مہذب

علوم معقولہ: عقلی علوم

مَعقُولات: (ع) علوم معقول، علوم عقلی

مَعقُولِیّت: شائستگی، سنجیدگی، مناسبت، سمجھ بوجھ

مَعکُوس: (ع) الٹا، مخالف

بخت معکوس: الٹا نصیب، بد بختی

ترقی معکوس: رجعت قہقری، تنزل، زوال

مَعکُوساً: (ع) بر عکس، معکوس طور پر، الٹا

مُعلاً: (ع) عالی، بلند مرتبہ، عالی مرتبہ، رفیع الشان

مَعلات: (ع) بزرگی، مرتبے کی بلندی، شرف و رفعت، (معالی جمع)

مِعلاق: (ع) کھونٹی جس سے کوئی چیز آویزاں کرتے ہیں (معالیق جمع)

مَعلَف: (ع) آخور، حیوانات، کو چارہ وغیرہ ڈالنے کی جگہ

مُعَلّق: (ع) لٹکتا ہوا، آویزاں، جس کا فیصلہ نہ ہوا ہو، ملتوی کیا گیا، موقوف کیا گیا

معلق بودن: ملتوی ہونا

معلق کردن: ملتوی کر دینا، لٹکانا معطل کر دینا

او را از خدمت معلق کردند: اسے ملازمت سے معطل کر دیا گیا

مُعلّق زن: رسی پر ناچنے والا قلاباز، بازیگر

مُعلّقہ: (ع)(۱)آویزاں (۲)عورت جس کا شوہر لا پتا ہو نہ اس کا شمار شوہر دار کی حیثیت میں ہو نہ مطلقہ کی حیثیت میں (۳)ایک مشہور عرب شاعر کے سات قصیدوں میں سے ایک جو ظہور اسلام سے پہلے کعبہ میں لٹکائے گئے تھے، سبعہ معلقہ

مُعلّل: (ع) جس کی کوئی وجہ ہو، کسی وجہ کی بنا پر

مُعلّم: (ع) طالب علم، جسے تعلیم دی گئی ہو

مُعلِّم: (ع) تعلیم دینے والا، استاد، آموزگار

مُعلَم: (ع) وہ چیز جو کسی مخصوص علامت کی وجہ سے پہچانی جائے

مُعلّم خانہ: مدرسہ، سکول

مُعلّمہ: (ع) خاتون استاد

مُعلّمی: (ع) تعلیم دینے کا پیشہ

معلمی کردن: معلم بننا

مَعلُوف: (ع) جس جانور کو تھان پر باندھ کر چارا کھلاکھلا کر موٹا کیا ہو

مَعلُول: (ع)(۱)وہ شے جس کی کوئی علت یا سبب ہو،

ثمره، نتیجه، (۲)کمزور، علیل، بیمار

مَعلُولِیّت:کمزوری، بیماری، علالت

معلوم:(ع) واضح، ظاہر، آشکار

معلوم است که او این کار نمی تواند کرد:واضح ہے کہ وہ یہ کام نہیں کر سکتا

معلوم کردن:واضح کرنا

معلوم می شود که از او نمی ترسند:ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اس سے ڈرتے نہیں

معلوم نیست:یقینی نہیں

معلومات:معلوم کی جمع، جن چیزوں کا علم ہوا ہو، جن باتوں کے حقائق واضح ہوئے ہوں

مُعَلّی:(ع) معلا دیکھیے

مُعَمّا:(ع) پیچیدہ بات، پہیلی، الجھاؤ

معما حل کردن:پیچیدہ بات کو واضح کرنا

معمای لفظی:لفظی الجھاؤ

معمار:(ع) عمارت بنانے والا، راج

معماری:راج کا پیشہ

مُعَمائی:پیچیدگی، الجھاؤ

مُعتمِد:(ع) قابل اعتماد، جس پر اعتماد ہو اور کام اطمینان سے اس کے سپرد کیا جائے

مُعتمِّد:(ع) تعمید دینے والا، مسیحیت کا پانی جسم پر ڈالنے والا، عیسائی بنانے والا

مُعَمَّر:(ع) زیادہ عمر کا، مُسن

مُعَمِّر:(ع) لمبی عمر دینے والا، خداوندتعالی

مَعمَل:(ع) کارخانہ، ورکشاپ، (معامل جمع)

مُعَمّم:(ع) عمامہ باندھنے والا، سر پر پگڑی باندھنے والا

مَعمُور:(ع) آباد، بسا ہوا

مَعمُوره:(ع) آباد جگہ، بستی

معمُوریت:آبادی

مَعمُول:(ع) دستور، عادت، جو اکثر عمل میں آئے، عمل شده

معمول داشتن:روزانہ کا عمل ہونا، مشق کرنا

معمول کردن:استعمال میں لانا

معمول ما چنین است:ہمارا تو یہ روز کا کام ہے

مطابق معمول:دستور کے مطابق

مَعمُولات:معمول کی جمع

مَعمُولی:عام سی چیز

مُعَمّی:(ع) دیکھیے معما

مَعن:(ع) الفاظ جو ایک دوسرے کی ضد کی صورت میں آئیں مثلا دراز و کوتاه، نیک وبد، اندک و بسیار، سہل، مشکل

مَعناً:(ع) حقیقتاً، واقعتاً

مُعَنبَر:(ع) خوشبودار، جس میں عنبر کی خوشبو آئے، عنبرین

معنوَن:(ع) عنوان دار، جس کا کوئی عنوان ہو

مَعنَوی:(ع) معنی سے تعلق رکھنے والی، حقیقی، ذاتی

مَعنَوِیّت:عقلیت، حقیقت

معنی:(ع) مطلب، مراد، اصلیت، خوبی، حقیقت، معانی جمع

معنی کردن:تفصیل سے بیان کرنا

معنی لغوی:لفظی معنی

این کاغذ انگلیسی را معنی کنید:اس انگریزی خط کا ترجمہ کیجیے

چه معنی دارد:اس سے کیا مراد ہے

معنی ندارد:اس کا کچھ مطلب نہیں

معنی دار:با معنی، معنی خیز، اہم، وقیع

مُعوّج:(ع) خمیدہ، کج، ٹیڑھا، منافق، ریا کار

مُعوّق:(ع) تعویق شدہ، جس میں دیر ہو گئی ہو، ملتوی کیا گیا، جو پیچھے رہ گیا ہو

معوق گذاردن: دیر کر دینا، اٹھا رکھنا

معوّق ماندن: دیر ہو جانا

مُعوّل:(ع) جس پر اعتماد کیا گیا ہو، معتمد

مَعُونت:(ع) اعانت، مدد، مساعدت، دستگیری

مَعَهذا:(ع) باوجود یک

مَعهُود:(ع) جس کے متعلق معاہدہ کیا گیا ہو

دوست من بساعت معهود آمد: میرا دوست مقررہ وقت پر آگیا

مَعی:(ع) معا دیکھیے

مِعیار:(ع) کسوٹی، جس کی روسے کوئی چیز جانچی پرکھی جائے، جانچ، عیار

مَعِیب:(ع) عیب دار، معیوب، باعیب

مَعِیت:(ع) ہمراہی، کسی کے ساتھ ہونا

کامران به معیت یکی از دوستان خود رفت: کامران اپنے دوستوں میں سے ایک کے ساتھ گیا

مَعِید:(ع) حاذق، تجربہ کار

مُعِیر:(ع)(۱)عاریتاً دینے والا (۲)جانچ پرکھ کرنے والا

مَعِیشت:(ع) زندگی گزارنا، روزی، وجہ معاش

مُعِیل:(ع) بیوی بچوں والا، عیال دار

مُعَیّن:(ع) مقرر، مقررہ، مخصوص

با شرائط معین: مقررہ شرائط کے تحت

معین کردن: مقرر کرنا

وقت آنرا باید قبلاً معین کرد: اس کا وقت پہلے سے مقرر کر لینا چاہیے

یک آدم دیگر بجائی او معین کردند: ایک دوسرا شخص اس کی جگہ مقرر کیا گیا ہے

مُعِین:(ع) نائب، مددگار، معاون

مَعِین:(ع) جاری، رواں پانی، چشمے کا پانی

ما معین: پاک اور رواں پانی

مَعیُوب:(ع) عیب دار، خراب، فاسد، برا

اجناس معیوب: خراب چیزیں

مَعیُوبی: خراب شدہ، بری حالت میں

مُغ:(۱)آتش پرست، مجوس (مغان جمع) (۲)شراب فروش

مُغ: عمیق، گہرا، دریا کی تہ

مِغ: کھنچاؤ، اینٹھن، پیچ و تاب (۲)تنگی، بندش (۲)ترخیم، کسی حرف کا حذف کرنا، اختصار، نیز کہر، دھند

مَغابِن:(ع) بغل (مغبن جمع)

مُغاث:(ع) ایک درخت جس کے پتے چوڑے اور پھول سفید ہوتے ہیں

مُغار:(ع) چھینی کی قسم کا آلہ

مُغار، مغارہ:(ع) وسیع شگاف پہاڑ میں

مَغارِب:(ع) مغرب کی جمع

مغارِبه:(ع) مغربی

مغارِم:(ع) مغرم کی جمع، تاوان

مَغارَہ:(ع) غار

مُغازَلہ:(ع) ترنم سے شعر پڑھنا، محبوبہ سے عاشقانہ انداز میں بات چیت

مَغازِہ:(ع) جنرل سٹور یا مخزن، بڑی دکان

مغازی: مغزی کی جمع، سنجاب

مُغاک:(۱)گڑھا سوراخ (۲)قبر، گور

مُغاکچه: چھوٹا گڑھا

مغالبہ:(ع) غلبہ پانا

مغالبہ کردن:برتری حاصل کرنے کے لیے مقابلہ کرنا

مُغالطہ:(ع) غلطی ہونا، بھول چوک، ایک دوسرے کو غلطی میں ڈالنا، دھوکا دینا

مُغالطہ آمیز:جس میں غلطی ہو

مُغان:(ع) مغ کی جمع، ماگی، مجوس، آتش پرست

مُغانہ:(ع) آتش پرستوں کی طرح

مُغایر:(ع) مخالف، متضاد، مختلف

کردار و گفتارش مغایراست:اس کا کردار اس کی گفتار سے مختلف ہے، اس کے قول و کردار میں فرق ہے

مُغایر:(ع) مغارہ کی جمع، غاریں

مُغایَرت:(ع) مغایرہ، مخالف ہونا، مختلف ہونا

سخن اول او با سخن دوم مغایرت داشت:اس کی پہلی بات دوسری بات سے مختلف ہے

مُغبچہ:(ع) آتش پرست کا بیٹا، چھوٹا شراب فروش

مُغبَر:(ع)(۱)گرد آلود،غبار آلود (۲)رنجیدہ

مَغبِن:(ع) بغل، بیخ ران

مَغبُون:(ع) جسے کسی خرید و فروخت کے معاملے میں دھوکا ہوا ہو

دکان دار او را مغبون کرد:دکاندار نے اسے دھوکا دیا

مغبون شدن:فریب کھانا، خرید و فروخت میں دھوکا کھانا

مغبون کردن:دھوکا دینا

مغبونیّت:دھوکا بازی، فریب، دغا بازی

او ادعای مغبونیت می کند:وہ کہتا ہے کہ اسے دھوکا ہوا ہے

مُغتبِط:(ع) رشک کرنے والا

مُغتذی:(ع) غذا کھانے والا

مغتَسَل:(ع) غسل کرنے کی جگہ

مُغتنِم:(ع) غنیمت جاننا، قابل قدر سمجھنا

مغتنم شمردن:اپنے لیے غنیمت سمجھنا، کافی سمجھنا

این چند دقیقہ را ہم باید مغتنم شمرد:یہ چند منٹ جو باقی ہیں انھیں غنیمت سمجھنا چاہیے

مَغدُور:(ع) مکاری سے دھوکا دیا گیا، دھوکا کھایا ہوا

مُغذّی:(ع) جس میں غذائیت ہو، غذائیت دار

مغرِب:(ع) جس طرف سورج غروب ہوتا ہے، پچھم، ملک جو مغرب میں ہیں

مغرب الاقصیٰ:مراکش

مُغَربَل:(ع)(۱)فرومایہ، پست (۲) جسے ورم آیا ہو

مغرب زمین:مغربی ممالک

مغربی:(۱)مغرب کی طرف، مغربی ملک کا رہنے والا (۲)سونے کے سکے کا نام

مَغرِس:(ع) جہاں شجر کاری کی گئی ہو یا کی جائے

مُغرِض:(ع) غرض مند، ذاتی مفاد کا خیال رکھنے والا، خود بین

مِغرَف:(ع) تیز رفتار گھوڑا

مَغرم:(۱)تاوان (۲)قرضہ

مَغرُور:(ع) متکبر، خود پرست، گھمنڈی، خود بین

مغرور شدن:غرور کرنا

بواسطہ کثرت پول مغرور شد:زیادہ مال و دولت کی وجہ سے وہ متکبر ہو گیا ہے

مَغرُوری، مغروریّت:غرور، تکبر، گھمنڈ

مَغرُوس: (درخت) لگایا گیا

مَغرُوق: غرق شده

مغروق شد: غرق ہو گیا، ڈوب گیا

مَغز: دماغ، عقل، گودا، گری

مغزِاستخوان: ہڈی کا گودا

مغزِ بادام: بادام کی گری

مغزِ پسته: پستے کی گری

مغزِ حرام: ریڑھ کی ہڈی کا گودا

مغزِ مداد: پنسل کا سک

مغزِ خرخوره است: وہ ایسا احمق ہے جیسا گدھا

مغز دار: پر مغز، ذہین، ذکی

مغز کردن: چھلکا اتارنا

مغز کسی را بردن: کسی کے لیے درد سر کاموجب ہونا

مغز کلام: کلام کا ما حصل، کلام کی جان

مغز کله: دماغ

مغز میوه: پھل کا گودا یا گری

تهی مغز: احمق

حرف های مغز دار: جاندار کلام

سبک مغز: بے وقوف، احمق

مِغزَل: (ع) تکلا، دوک

مغزی: سنجاف، کور

مَغسَل: غسل خانہ، مغاسل جمع

مغسُول: (ع) جس نے غسل کر لیا ہو

مغشُوش: (ع) الجھا ہوا، درہم برہم شده، جس میں کھوٹ ملی ہو، نا خالص

کارهایش خیلی مغشوش است: اس کےکام بہت الجھے ہوئے ہیں، بے ترتیب ہیں

مَغشی: (ع) جو اچانک پکڑا گیا ہو

مغص: (ع) اینٹھن، اکڑن، مروڑ، پیچ، پیچش

مَغصُوب: (ع) غصب شده، جبراً لے لیا گیا

مغضَب: (ع) غصہ دلانا

مُغضِب: (ع) غصہ دلانے والا

مَغضُوب: (ع) جس پر غضب ڈھایا گیا ہو، جس پر سختی کی گئی ہو، جو زیر عتاب ہو

مِغفَر: (ع) خود، لوہے کی ٹوپی جو سر کی حفاظت کے لیے پہنی جاتی ہے، خود کے اندر سر پر پہننے کی ٹوپی

مِغفَرَه: مغفر

مَغفِرت: (ع) بخشش، نجات، معافی

لازم است که برای مغفرت گناهان دعا کنیم: لازم ہے کہ اپنے گناہوں کی معافی کے لیے دعا کریں

مُغَفَّل: (ع) غافل، نادان، غفلت کار، بے خبر، کند ذہن، کم ہوش

مغفور: (ع) بخشا گیا

مُغکدَه: آتشکده، آتش پرستوں کا عبادت خانہ

مُغُل: مغول، منگولوں کے بلند مرتبہ فرقے کا نام، ان کی حکومت ایران میں رہی اور برصغیر پاکستان و ہند میں ان کی حکومت ظهیر الدین بابر سے بہادر شاہ ظفر تک قائم رہی (۱۵۲٦ تا ۱۸۵۷ء)

مُغلستان: مغولستان، مغلوں کا آبائی ملک منگولیا

مَغلطه: (ع) غلطی میں ڈالنے والا سوال

مغلطه کردن: غلطی میں ڈالنے والا سوال پوچھنا، خلط مبحث کرنا

مَغلطه آمیز: غلطی میں ڈالنے والا

مُغلَق: پیچیدہ، مبہم، مشکل سے سمجھ میں آنے والا

کلمات مغلق استعمال نکنید: پیچیدہ الفاظ استعمال نہ کیجیے

مُغلِم: بچہ باز

مَغلُوب: (ع) جس پر کوئی غالب آجائے

مغلوب ساختن: کسی پر غالب آنا، شکست دینا

مغلوبِ نفس: جس پر اس کا نفس غالب آ جائے

مغلوباً: شکست خوردگی کے طور پر

مغلوبیّت: شکست، شکست خوردگی

مغلُوط: (ع) جس میں غلطی ہو

مَغلُوق: (ع) بندھا ہوا

مُغلُول: (۱) جس کے گلے میں زنجیر ڈالی گئی ہو، یا ہتھکڑی لگی ہو (۲) جو سخت پیاسا ہو

مُغلی: مغولی، مغلوں سے متعلق

مُغمَد: (ع) غلاف دار

مُغمِز: (ع) مالش کرنے والا، مالشیا

مَغمُوم: (ع) رنجیدہ، غمگین، افسردہ

مَغمُومیّت: غمگین، افسردگی، رنج و اندوہ

مَغناطیس: (ع) مقناطیس، ایک خاص قسم کا سنگ آہن جو مخصوص کانوں میں سنگ سیاہ کی صورت میں پیدا ہوتا ہے اس کی خاصیت یہ ہے کہ وہ لوہے کو اپنی طرف کھینچتا ہے، آہن ربا چمبک پتھر یا چمک پتھر، مقناطیس انسانی، بدن انسانی کی قوت جاذبہ کو کہتے ہیں

مُغَنّی: (ع) گانے والا، مطرب، گایک، موسیقار

مَغنیسا: ہلکی سلیٹی رنگ کی دھات جو شیشہ گری کے کام آتی ہے

مُغَنّیہ: گانے والی فن کارہ، مطربہ

مُغوار: (ع) غارت گر، جنگجو

مَغولستان: منگولیا

مغولی: منگولیا کا رہنے والا

مَغِیب: (ع) غائب، غیر موجودگی، عدم حاضری

مُغَیّب: (ع) پوشیدہ، مخفی، چھپا ہوا، پنہاں

مُغَیّبات: پردہ ہائے راز، پوشیدہ باتیں، مخفی اسرار

مُغِیث: (ع) مددگار، اعانت کرنے والا، دستگیر

مُغَیّر: (ع) تغییر یافتہ، تبدیل شدہ، ایک حالت سے دوسری حالت میں بدلاہوا

مُغِیلان: کیکر کا درخت، مثال:

خار مغیلان: کیکر کا کانٹا

نہادن پا بصحرای محبت کار ہر کس نیست
بہر یک گام باشد منتظر خار مغیلانش

محبت صحرا میں قدم رکھنا ہر کسی کا کام نہیں، یہاں تو ہر ہر قدم پر کیکروں کے کانٹے منتظر ہوتے ہیں

مثال دیگر:

مشتاق رہ ترا مغیلان
در زیر قدم حریر و دیباج

تمہارے راستے کے کانٹے تمہارے مشتاق ہیں (کیونکہ تم مقدس فریضہ ادا کرنے کے لیے جا رہے ہو) تمہارے قدموں کے نیچے کانٹے تمہیں حریر و دیبا محسوس ہونگے

مفاتح: (ع) جمع مفتح

مفاتِیح: (ع) مفتاح کی جمع، چابیاں، کنجیاں

مُفاجات: (ع) ناگہانی حملہ، اچانک حملہ، اچانک کسی کو آ لینا

مرگ مفاجات: ناگہانی موت

مُفاخِر: (ع) اپنے آپ پر فخر کرنا، غرور و تکبر

مَفاخرَت: (ع) قابل فخر بات

مُفاد: فائدہ، نفع، بہبود، مطلب، مفہوم
مَفارش: (ع) مفرش کی جمع، دیکھیے مفرش
مُفارِق: (ع) جدا ہونے والا
مُفارَقت شدن: جدائی ہو جانا
مفارقت کردن: جدائی اختیار کرنا
چہار سال است کہ از ہم مفارقت کردہ اند: چار سال کا عرصہ ہوا کہ وہ ایک دوسرے سے جدا ہوئے ہیں
مَفازَت: (ع) (۱) رہائی کی جگہ، پناہ (۲) جہاں کسی کی موت ہوئی ہو (۳) بیابان
مَفاسِد: (ع) مفسدہ کی جمع، فساد، تباہی کے اسباب
مُقاصات: (ع) کسی دوسری چیز سے الگ کرنا
مَفاصِل: (ع) مفصل کی جمع، جوڑ، ہڈیوں کے جوڑ بدن کے جوڑ
مفاصل متحرکہ: حرکت کرنے والے جوڑ
درد مفاصل: جوڑوں کا درد
ورم مفاصل: جوڑوں کا آماس، سوجن
مُفاصَلَہ: قطع ہونا، ٹوٹنا، جدا ہونا، فاصلہ پیدا ہونا
مُفاصَلَہ حساب: حساب کا ختم ہو جانا، حساب کتاب کا فیصلہ ہو جانا
مُفاعَلَہ: اشتراک، مشارکت، شرکت، باہمی شراکت
مُفاکَہَہ: ایک دوسرے سے ہنسی مذاق کرنا، شوخی و مزاح
مفالیج: مفلوج، فالج زدہ
مُفاوَضَت: کسی امر میں برابری کرنا، شریک ہونا کسی کام میں، مذاکرے میں اپنی رائے بیان کرنا
مُفاوَضہ: (۱) مذاکرہ، تبادلہ خیالات (۲) آمیزش (۳) شریک ہونا، شراکت، مشاورت
مَفاہِیم: مفہوم کی جمع، جو باتیں سمجھ میں آگئی ہوں
مُفت: بغیر قیمت کے، خرچ کیے بغیر
مفت باختن (از دست دادن) بلاوجہ نقصان اٹھانا
مفت راچہ گفت: جو چیز مفت ہاتھ آ جائے اس کے متعلق کیا کہنا، (تھوڑی ہے یا بہت)
مِفتاح: (ع) کلید، چابی، کنجی، مفاتیح جمع، مثال:

شاہان بفصاحت تو دادہ
مفتاح در خزانہ ہارا

بادشاہوں نے تمہاری فصاحت کلام کی بنا پر اپنے خزانوں کی کنجیاں تمہارے حوالے کر دی ہیں
مُفتَتَن: کسی فتنے کا شکار ہونا،
مِفتَح: (ع) کلید، چابی
مُفتِح: (ع) کھولنے والا
مُفتِّح الباب: دروازہ کھولنے والا
مُفتِحات: (ع) مفتح کی جمع، کھولنے والے، فتح کرنے والے
مُفتَخِر: (ع) فخر کرنے والا
مُفتَخَر: (ع) افتحار یافتہ، جسے کسی بات میں فخر یا امتیاز حاصل ہوا ہو
مفتخر فرمودن، مفتخر کردن: عزت دینا، عظمت دینا، شرف بخشنا
مُفتَخِراً: (ع) فخر کے طور پر، ڈینگ کے طور پر
مُفت خوار، مفت خور: بغیر محنت کے دوسروں کا مال کھانے والا، طفیلی
مُفت خوری: مفت کا مال کھانا
مُفتَرِس: (ع) درندہ، غضب ناک، تند مزاج، آتش مزاج
مُفتَرَض: (ع) فرض کیا گیا، واجب، لازم
مُفتَرِق: (ع) جدا شدہ، تقسیم شدہ، پراگندہ، بکھرا ہوا
مُفتَری: (ع) افترا پرداز، افترا کرنے والا، تہمت لگانے والا
مُفَتِّش: (ع) تفتیش کرنے والا، سراغ رسان خفیہ پولیس کا
مُفَتِّشی: تفتیش کرنے والے کا منصب، سراغ رسانی تفتیش

کرنا
مُفْتَضَح:(ع) بے آبرو، رسوا، جس کی فضیحت یا ذلت ہوئی ہو، جس کی شہرت بری ہو
مفتضح شدن: ذلیل و رسوا ہونا
مفتضح کردن: ذلیل و رسوا کرنا، بے عزت کرنا
مُفْتَعَل:(ع) کوئی بڑا اور مشکل کام
مُفْتَقَد:(ع) گم شدہ
مُفْتَقِر:(ع) ضرورت مند، حاجت مند، محتاج
مُفْتِن:(ع) فتنہ پیدا کرنے والا، سازش کرنے والا، مفسد، فتنہ پرداز
مُفْتِنی:(ع) فتنہ پیدا کرنا، سازش کرنا
مفتُوح:(ع)(۱) کھلا، کھلا ہوا (۲) جس پر فتح پائی گئی ہو، شکست خوردہ
مفتوح گشتن: شکست کھانا
مَفْتُول:(ع) تانبے کا تار، جسے تاب دی گئی ہو، پیچیدہ
مفتُولی: تانبے کے تار کی طرح پیچیدہ
مَفْتُون:(ع) شیفتہ، شیدا، فریفتہ
مفتون شدن: گرویدہ ہونا، مسحور ہونا
مفتونیّت: شیفتگی، فریفتگی، محبت
مُفْتی:(ع) فتوی دینے والا، شرعی فیصلہ دینے والا
مُفْتی:(ع) مفت میں ملی ہوئی چیز
مُفَحَّم:(ع) جل کر کوئلہ ہو جانا
مُفْخَر:(ع) مفتخر، فخر کرنے والا
مفخَر:(ع) عزت، افتخار، افتخار کا موجب، مفاخر جمع
مَفْخَرت:(ع) مایہ فخر و ناز، وہ چیز جو فخر کا موجب ہو
مُفَخَّم: بزرگ، برتر، بلند مرتبہ، عظیم جلیل القدر، رفیع الشان، شاندار شہرہ آفاق
مَفَرّ: پناہ، پناہ گاہ، فرار گاہ
مُفَرِّح: فرحت بخش، راحت دینے والا
دوای مفرح: فرحت بخش دوائی

مُفْرَد:(ع)(۱) تنہا، اکیلا (۲) سادہ
مُفْرِد:(ع) جدا کرنے والا، الگ کرنے والا
مُفْرَد:(ع)(۱) الگ کیا گیا، جدا کیا گیا (۲) قیمتی موتیوں سے مزین
مُفْرَدات:(ع) مفرد کی جمع، تفصیلات، اندراج مدات فہرست
مُفْرَز:(ع) جدا شدہ، تقسیم شدہ، مختلف حصوں میں تقسیم کیا گیا
مِفْرَش: جو چٹائی وغیرہ زمین پر پھیلا کر سوتے ہیں، مفارش جمع
مُفْرِط:(ع) با افراط، جس کی افراط یا کثرت ہو
مَفْرَغ:(ع) کانسی (دھات)
مُفْرِغ:(ع) انڈیلنا، خالی کرنا، خالی کرنے والا
مُفْرِق:(ع) ایک راستہ جس سے کوئی اور راستہ نکلتا ہے
مَفْرَق:(ع)(۱) سہرا، مکٹ، تاج، سر پنچ، زیور (۲) بالوں کا بیچ میں سے جدا کرنا، مانگ نکالنا
مُفَرِّق:(ع) جدا کرنا، جدا کرنے والا، امتیاز پیدا کرنے والا، فرق کرنے والا
مَفْروز:(ع) جدا کیا گیا، تقسیم کیا گیا
مفرُوز کردن: جدا کرنا، تقسیم کرنا
مَفْرُوش:(ع) فرش بچھایا گیا
مَفْرُوض:(ع) فرض کیا گیا، قیاس کیا گیا
مَفْرُوضات: قیاسی امور جن کی حقیقت نہ ہو
مَفْرُوغ:(ع) فارغ شدہ، بے باق شدہ
مَفْرُوق:(ع) الگ کیا گیا، جدا کیا گیا، تفریق کیا گیا
مفروق منہ:(ع) کوئی عدد جو کسی عدد سے کم کیا گیا ہو تفریق کیا گیا
مُفْسِد:(ع) فساد پیدا کرنے والا، فتنہ انگیز
مُفْسدانہ: بد نیتی سے
مُفْسَدَت، مُفْسَدَہ:(ع) فتنہ، فساد، بدی، شرارت بد

اعمالی، بد شعاری

مفسده برپا کردن:(یا انگیختن) فساد بپا کرنا

مُفسِدی:فتنہ پیدا کرنا، فساد برپا کرنا

مُفَسِّر:(ع) تفسیر کرنے والا، کلام الٰہی کے مطالب و معانی کی وضاحت کرنے والا

مُفسرقران:قران مجید کی تفسیر لکھنے والا

مُفسّر:(ع) تفسیر شدہ

مَفسُوخ:(ع) فسخ شدہ، منسوخ کرنا، مٹا دینا

مفصَد:(ع) نشتر

مُفصِل:(ع)جوڑ، ہڈی کا جوڑ

مفصِلِ متحرک:حرکت کرنے والا جوڑ

مفصل زانو:گھٹنے کا جوڑ

مفصل غیر متحرک:جوڑ جو حرکت نہیں کرتا

مُفَصّل:(ع) تفصیل سے بیان کیا گیا

شرح منصلی از مسافرت خود بدہید:آپ اپنے سفر کی تفصیل بتایے

مُفَصّلاً:(ع) تفصیل کے ساتھ کھول کر

باغ وحش را مفصلاً بیان کنید:چڑیا گھر کے منظر کی تفصیل بیان کیجیے

مِفضال:(ع) اہل فضل، فاضل

مُفَضّض:(ع) جس پر چاندی کی تہ چڑھی ہو

مفضض کردن:چاندی کی تہ چڑھانا

مُفَضّض کاری:چاندی کی تہ چڑھانا

مُفَضّل:(ع) بڑھایا گیا، جسے برتری حاصل ہوئی ہو، جس کے علم و فضل کو لوگوں کا اعتراف ہو

مُفطِر:(ع) روزہ افطار کرنے والا

مَفطُور:(ع) فطری، جبلی یا قدرتی ہونا

مَفطُوم:(ع) بچہ جس کا دودھ چھڑا لیا گیا ہو

مفعُول:(ع) وہ جس پر کوئی فعل واقع ہو

اسم مفعول:وہ اسم جو مفعول کے طور پر استعمال ہو مثلاً

شخصی کشته شد:ایک شخص مارا گیا، جو مارا گیا ہے وہ اسم مفعول ہے

مضعول صریح، مفعول بی واسطه:جس پر بلاواسطہ فعل واقع ہوا ہو

او را کشتند:اس کو مار دیا گیا، اس یا جسے مار دیا گیا ہے مفعول صریح ہے

مَفعُولی:مفعول سے متعلق

مفعُولِیّت:مفعولی حالت

مفقُود:(ع) گم، ناپید، کھویا گیا

قلم خود نویس من مفقود شد:میرا پن کھو گیا ہے

مَفقُودالاثر:(ع) جس کا کوئی نشان باقی نہ رہا ہو

مُفَکِّر:(ع) گہری سوچ بچار کرنے والا، صاحب فکر

مُفکِرَه:(ع) مفکر کی تانیث، گہری سوچ بچار کرنے والی

مِفلاق:(ع) فرومایہ، تہی دست، مفلس

مِفلاک:(ع) مفلوک الحال، مفلس، غریب، تہی دست

مُفلِح:(ع) کامیاب

مُفلِس:(ع) غریب، تہی دست، بے بس، بیچارہ، نادار

مُفلِسی:غریبی، تہی دستی، ناداری

مُفلِق:(ع) شاعر جو عجیب و غریب خیالات اشعار میں لاتا ہے

مَفلُوج:(ع) فالج شدہ، جسے فالج کا مرض لاحق ہوا ہو

مفلُوک:(ع) غریب بے بس، بد نصیب، تباہ حال

مُفنی:(ع) ضائع کرنے والا، نیست و نابود کرنے والا

مُفوِّض:(ع) جسے کوئی چیز تفویض کی گئی ہو، جسے کچھ سپرد کیا گیا ہو

مُفوِّضه:(ع) وہ فرقہ جو جبر اور جبریہ عقیدے کے خلاف ہے اور عقیدہ جبر کے خلاف انسان کو فاعل مختار سمجھتا ہے اور قدری (صاحب قدرت) کہلاتا ہے

مَفہُوم: (ع) کسی بات کا مطلب جو سمجھ میں آجائے معنی، مطلب

مفہوم سخن شما فہمیدہ نشد: آپ کی بات کا مطلب سمجھ میں نہیں آیا

مُفِید: (ع) فائدہ مند، کار آمد، سود مند

مفید واقع شدن: کار آمد ثابت ہونا

مفِیدَت: افادہ، مفید ہونا

مُفلِق: (ع) شاعر جو عجیب و غریب خیالات شعر میں لاتا ہے

مَقابِر: (ع) مقبرہ کی جمع

مُقابِل: (ع) (۱) آمنے سامنے والا، ہم مرتبہ، برابر (۲) مخالف، حریف

مقابل شدن: رو برو ہونا، مقابلے میں آنا

مقابل کردن: مقابلہ کرنا، سامنا کرنا

او تنہا مقابل دو مرد است: وہ اکیلا دو مردوں کے برابر ہے

در انتخاب، او مقابل من است: انتخاب میں وہ میرا حریف ہے

دو مقابل: دو برابر

مُقابَلَہ: (ع) موازنہ، آمنا سامنا، بحث و تکرار، لڑائی

مقابلہ کردن: مخالفت کرنا، اپنے مخالف سے برابری یا برتری ثابت کرنے کی کوشش کرنا، مطابقت کرنا، جانچنا

آن دو نسخہ "مرکز ادوار فیضی" را مقابلہ کردم: میں نے فیضی کی مثنوی "مرکز ادوار" کے دو خطی نسخوں کو جانچا ہے، ان کی مطابقت دیکھی ہے

آنچہ را کہ ماشین کردہ اید باید مقابلہ کنید: جو کچھ تم نے ٹائپ کیا ہے اسے جانچ لینا چاہیے

مُقاتِل: (ع) قتل کرنے والا، جنگ کرنے والا

مَقاتِل: (ع) مقتل کی جمع، قتل گاہیں

مُقاتَلَہ: (ع) جنگ و جدل کرنا، لڑنا

مَقادِیر: (ع) مقدار کی جمع، اندازے

مُقارِب: (ع) اوسط درجے کا، بین بین

مُقارَبَت: (ع) نزدیکی، قرب، مجامعت، ہم بستری

مَقارَبتی: جماع سے تعلق رکھنے والا

مُقارِن: (ع) نزدیک، قریب

مقارنِ حقیقت: حقیقت سے قریب

این دو واقعہ مقارن یک دیگر بودند: یہ دو واقعات ایک دوسرے کے ساتھ ہی رو نما ہوئے

مُقارَنَت: (ع) ایک دوسرے کے قریب قریب ہونا، ہمدم ہونا

مُقاسات: (ع) تکلیف یا سختی کی حالت میں تحمل کرنا رنج و تعب میں مبتلا ہونا اور برداشت کرنا

مَقاسِم: (ع) تقسیم کرنے والا

مُقاسَمَت: (ع) چیزوں کو تقسیم کرنا، کسی کو قَسم دینا

مقاش: (ع) دیکھیے منقاش

مَقاصِد: (ع) مقصد کی جمع

مُقاطِع: (ع) (۱) قطع کرنے والا (۲) حصے، ٹکڑے، ابواب

مُقاطَعَہ: (ع) (۱) کٹ جانا، جدا ہو جانا، تعلقات کا منقطع ہو جانا

مُقاطَعَہ: (ع) (۱) اقرار نامہ، محدود، ٹھیک، معاہدہ

مقاطعہ دادن: ٹھیکے پر دینا

مقاطَعَہ کردن: کام کرنے کا اقرار کرنا، عہد کرنا

بنّای کار را مقاطَعَہ کردہ است: معمار نے کام کرنے کا عہد کیا ہے

بطور مقاطَعَہ: ٹھیکے کے طور پر

مقاطَعَہ چی، مقاطَعَہ کار: ٹھیکیدار

مقاطعہ کاری: ٹھیکے کا کام

مَقال:(ع) تقریر، بحث، گفتگو، گفتار- مثال:

نہ گویم لب ببند و دیدہ بر دوز

ولیکن ہر مقامے را مقالے

میں یہ نہیں کہتا ہوں کہ ہونٹ بند کرلو یعنی نہ بولو اور آنکھیں بند کرلو لیکن میں اس قدر کہونگا کہ ہر گفتگو کے لیے کوئی موقعہ محل ہوتا ہے، یعنی بے موقع بات نہیں کرنی چاہیے

مَقالہ:(ع) مضمون (مقالات جمع)

مقالہ مفصلی شما در روز نامہ خواندم:میں نے تمہارا مفصل مضمون اخبار میں پڑھا

مقالہ نویس:مضمون نویس

مقالہ نویسی:مضمون نویسی

مَقام:(ع) جگہ، موقع، وقت، مرتبہ، مسکن، محل اقامت

مقام کردن:قیام کرنا، ٹھہرنا

مقام گرفتن:ٹھہرنے کی جگہ حاصل کرنا

تغییر مقام:قیامگاہ بدلنا

مَقامات:مقام کی جمع

مَقامَت:(ع) مجلس، بیٹھنے کی جگہ، خیالات جو مجلس میں پیش کیے جائیں

مُقامِر:(ع) جوے باز، قمار باز

مُقامِرَت:(ع) قمار بازی

مُقامی:کسی خاص جگہ سے تعلق رکھنے والا، لوکل، محلي

مَقاوِد:(ع) مقود کی جمع، لگامیں، مہاریں

مُقاوَلَہ:(ع) سمجھوتا، مفاہمت، آپس کا تصفیہ، قرار داد، معاہدہ، اقرار نامہ، قول و قرار

مُقاولہ نامہ:(ع) تحریری سمجھوتا

مُقاوِم:(ع) مقابلہ کرنا، مدافعت کرنا، مزاحمت کرنا، متاثر نہ ہونا، روکنا، دور رکھنا

مُقاوَمَت:(ع) مقابلہ، مزاحمت، مدافعت، مخالفت

مقاوَمت کردن:مقابلہ کرنا، روکنا، مزاحمت کرنا

او تاب مقاومت نداشت:اس میں مقابلے کی طاقت نہ تھی، اس میں مزاحمت کی قدرت نہ تھی

مُقایسَہ:(ع) موازنہ، مقابلہ، مماثلت، مشابہت

مُقایسہ کردن:موازنہ کرنا

ثروت آنہا را نمی توان مقایسہ کرد:ان کی دولت کا موازنہ نہیں کیا جاسکتا

جدول مقایسہ:موازنے کی فہرست

صورت مقایسہ:موازنے کا بیان یا فہرست

مَقبَرَہ:(ع) مزار (مقابر جمع)

مَقبَض:(ع) قبضہ (مقابض جمع) دستہ شمشیر

مُقبِل:(ع) خوش نصیب، اقبال مند، مقبلان جمع مثال:

دیدۂ بخت مقبلان نشود

جز بدآن خاک آستان روشن

اقبال مند لوگوں کے نصیب کی آنکھ حضور(ع) کے آستانے کی خاک کے سوا کسی اور چیز سے روشن نہیں ہو سکتی

مَقبُوض:(ع) جس پر قبضہ ہو،جو چیز ملی ہو یا حاصل ہوئی ہو

مبلغ مقبوض:رقم جو وصول ہوئی ہو

مَقبُول:(ع) قبول شدہ، پسندیدہ، زیبا، منظور، پیارا

مقبول افتادن، مقبول واقع شدن:منظور ہونا

مقبُولی:مقبولیت، زیبائی، قبولیت، پسندیدگی

مَقت:کسی کو دشمن سمجھنا، کسی سے بیزار ہونا

مُقتَبَس:(ع) اقتباس کیا گیا، اخذ کیا گیا، حاصل کیا گیا، ماخوذ

مُقتَبِس:(ع) اخذ کرنے والا، اقتباس کرنے والا، فائدہ حاصل کرنے والا

مُقتبسات:(ع) فقرات یا بیان جو اقتباس کئے گئے یا اخذ کیے گئے ہیں

مُقتبسَہ:(ع) جو کسی کتاب سے اخذ کیا گیا ہو

مُقتحِم:(ع) بے پروا، کسی پر خطر کام میں بھی بلا اندیشہ اقدام کرنے والا

مُقتدا:(ع) جس کی پیروی کی جائے، پیشوا، ہادی، رہنما

مُقتدِر:(ع) قادر، توانا، صاحب اقتدار، صاحب مقدور

مُقتدِرانَہ:اقتدار کے طور پر، از روی قدرت

مُقتدیٰ:(ع) مقتدا، جس کی لوگ پیروی کرتے ہیں

مُقتدی:(ع) اقتدا کرنے والا، پیروی کرنے والا، پیرو

مُقترِب:(ع) قریب ہونے والا، نزدیک ہونا

مُقترِح:(ع) فی البدیہہ بات کہنے والا، تقریر کرنے والا، فی البدیہہ شعر کہنے والا

مُقترِن:(ع) اقتران ہونا، مل جانا، یار و رفیق

مُقتصِد:(ع) کفایت شعار، میانہ روی اختیاز کرنیوالا

مقتصِر:(ع)مختصر

مُقتَضا:(ع) تقاضا، مطلب، ضرورت وقت، مصلحت

مقتضای حال:تقاضاے وقت

بمقتضای وقت حرف بزن:وقت کی ضرورت کے مطابق بات کر

مُقتَضِب:(ع) کٹا ہوا، جدا شدہ

مُقتَضِب:(ع) فی البدیہہ شعر کہنا، فن شعر کے ایک بحر کا نام:

مستفعلن مفعولات مستفعلن (عمید) فاعلات مضعولن فاعلات مفعولن (حیئم)

مُقتَضی:(ع) قبول کرنے کے قابل، مناسب، موزوں، قرین مصلحت، مناسب حال، تقاضہ وقت کے مطابق

برای شما مقتضی نبود که این طور حرف بزنید:تمھارے لیے یہ مناسب نہ تھا کہ اس طرح سے بات کرتے

مُقتضیات:اہم ضروریات، حاجات

برحسب مقتضیات:ضروریات کے مطابق

مُقتفی:(ع) پیروی کرنے والا

مقتَل:(ع) قتل گاہ، (مقاتل جمع)

مُقتنِع:قناعت کرنے والا

مُقتَنی:(ع) پانے والا، متصرف، مالک

مَقتُول:(ع) جسے قتل کیا گیا ہو، مقتولین جمع

شمارہ مجروحین و مقتولین ہنوز معلوم نیست:جو زخمی ہوئے اور جو ہلاک ہوئے ان کی تعداد ابھی معلوم نہیں

مُقحَم::(ع) ضعیف، سست و (عربی) جس نے دشت میں نشو و نما پائی ہو

مِقدار:(ع) اندازہ، وزن یا پیمانے سے کیا ہوا اندازہ، قدر

مقدار برنج را معلوم کنید:معلوم کیجیے کہ چاول کس قدر ہیں

چہ قدر:کس قدر، کتنے

مِقداری:وہ اندازہ جو بلحاظ مقدار لگایا گیا ہو یا جس کا تعلق کسی چیز کی مقدار سے ہو

مِقدام:(ع) بہت اقدام کرنے والا

مقدّر:(ع) قسمت، تقدیر، جو لوح محفوظ پر لکھا گیا ہو

مقدر است کہ ہرکس روزی خود ببرد:یہ بات نوشتہ تقدیر ہے کہ ہر شخص اپنی روزی حاصل کرے

مُقَدِّر:(ع) مقدر کرنے والا، تقدیر میں لکھنے والا، پروردگار، قضا و قدر کا مالک

مُقدِّرات:تقدیری امور

مَقدُرَت:(ع) قدرت، توانائی، صلاحیت

مُقدَّس:(ع) پاک، پاکیزہ، منزہ

اسم مادر مقدس است:ماں کا نام پاک ہے

بیت المقدس:مقدس مقام، مسلمانوں کا قبلہ اول

کتاب مقدس: قران مجید

مَقدس: پاک جگہ، پاکیزہ جگہ

مُقدّسات: مقدس مقامات، مقدس چیزیں

مَقدَم: (ع) سفر سے واپس آنا، آنے کا وقت

مقدم او را تبریک گفتیم: اس کے آنے پر ہم نے مبارک باد کہی

خیر مَقدَم: خوش آمدید

مُقدَم: (ع) پہلے، پیشتر (آخر کی ضد)

مقدماً: (ع) ہر بات سے پہلے، سب سے پہلے

مُقدّمات: ابتدائی باتیں

مقدمات کار فراہم نیست: کام کے ابتدائی ذرائع میسر نہیں

مُقدماتی: ابتدائی باتیں

تحقیقات مقدماتی: ابتدائی تحقیقات

مُقدّمہ: (ع) ابتدائی کلمات، تمہید، تعارف، ابتدا، آغاز، پیش لفظ

مقدمہ کتاب کہ نوشت: کتاب کا تعارف یا پیش لفظ کس نے لکھا

ہنوز مقدمہ کا ر است: ابھی کام کی ابتدا ہے

مُقدمۃً: (ع) سب سے پہلے

مُقدّمۃ الجَیش: (ع) فوج کا ہراول دستہ، فوج کا وہ حصہ جو آگے جاتا ہے

مَقدُوح: (ع) قابل مذمت، قابل ملامت

مَقدُور: (ع) جوبات مقدر ہو چکی ہے، نوشتہ تقدیر

بقدر مقدور، حسب مقدور: جہاں تک ممکن ہو

مَقدُونی: مقدونیا کا رہنے والا

مَقَرّ: (ع) مسکن، قرارگاہ، ٹھہرنے کی جگہ، قیامگاہ

مقر شما کجاست: آپ کی قیامگاہ کہاں ہے

مُقِرّ: (ع) اقرار کرنے والا

مقرِ شدن: اقرار کرنا، تسلیم کرنا

مقراض: (ع) قینچی

مُقَرّب: (ع) قریبی، منظور نظر، دوست صمیمی، گہرا دوست، مخلص دوست، مقرّبین جمع

مُقَرِّب: (ع) وہ شخص جو کسی کو اپنے قریب لائے، ہمدرد، مہربان

مُقَرّر: (ع) کام پر لگایا گیا، تعینات کیا گیا، مامور، طے شدہ

مُقرّرات: مقرر کی جمع، معین کی گئی باتیں، قواعد

مُقرّری: تنخواہ، پنشن، مواجب

مُقرّمہ: (ع) نقش و نگار والی چادر

مُقَرنَس: (ع) محراب دار عمارت، نقاشی سے آراستہ، بلند و عالی عمارت جس کے چھت پر نقش و نگار ہوں

مَقرُوض: (ع) جس کے ذمے قرضہ واجب الادا ہو

مقروض بودن: قرضدار ہونا

مَقرُوضی: قرض، قرضدار ہونا

مقرُوع: (ع)(۱)کوٹا ہوا (۲)بزرگ

مقرُون: (ع) قرین، نزدیک، ملا ہوا

مقرون حقیقت: اصلیت کے قریب

سعادت مقرون: خوش، خوش بخت

مقرونیّت: میل ملاپ

مَقرَہ: (ع) چھوٹا حوض

مُقرِہ: (ع) پڑھنے والا

مُقری: پڑھنے والا، قران شریف پڑھنے والا

مُقسِط: (ع) منصف، عادل

مُقسَّم: تقسیم شدہ

مُقَسِّم: (ع) تقسیم کرنے والا

مَقسُوم: (ع) جو تقسیم کیا گیا ہے

رزقِ مقسوم: روزی جو مقرر کی گئی ہے

مقسُوم عَلَیہ: (ع) کوئی عدد جسے کسی دوسرے عدد پر تقسیم کیا جائے

مُقَشَّر:(ع) چھلکا اتارا ہوا

مقشرکردن:چھلکا اتارنا

مقشُور:(ع) دانے جن کے چھلکے اترے ہوں

مِقَصّ:(ع) کاٹنے کا آلہ، قینچی

مَقصَد:(ع) مدعا، مطلب، ارادہ، عزم، منصوبہ، نصب العین، مطمح نظر

مقصد انسان در زندگی چیست:زندگی میں انسان کا نصب العین کیا ہے

مُقصِّر:(ع) قصوروار، مجرم، گنہ گار (مقصرین جمع)

مُقصرین را حبس کردند:مجرموں کو قید کر دیا گیا

مقصرین سیاسی:سیاسی قیدی

مَقصُود:(ع) مقصد، مدعا، غرض، مراد، نصب العین، مطمح نظر

مقصود ازین سخن چیست:اس بات سے کیا مراد ہے

مقصود عرضم اینست:میری گزارش کا مقصد یہ ہے

مقصودی ندارم:میرا کوئی مقصد نہیں

به مقصُود خود رسیدن:اپنا مقصد پا لینا

مَقصُور:(ع) کم کیا گیا، مختصر کیا گیا، کاٹا گیا، ناقص، ناتمام تانیث مقصورہ

مقصوره:(ع)(۱)حصار والی سرائے (۲)چھوٹا سامکان خلوت خانہ (۳)مسجد میں امام کے کھڑے ہونے کی جگہ جہاں وہ نماز کی امامت کرتا ہے

مَقِضی:(ع) انجام کو پہنچا ہوا

مقضی المرام:(ع) جسے مراد حاصل ہو گئی ہو، کامیاب

مقضی المرام شدن:مقصد کو حاصل کر لینا، کامیاب ہو جانا

مِقَطّ:(ع) قلم کو قط لگانا

مُقَطَّر:(ع) جس کی تقطیر کی گئی ہو، قطرہ قطرہ ٹپکا کر صاف کیا ہو

آب مقطر:پانی جو قطرہ قطرہ ٹپکا کر صاف کیا گیا ہو

مَقطع:(ع)(۱)کاٹا ہوا ٹکڑوں میں (۲)تقطیع کرنا، شعر کا بحر یا وزن دیکھنا

مَقطَع:(ع)(۱)حصہ، ٹکڑا (۲)نظم یا غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص بھی لاتا ہے

مقطعِ طول:حصہ جو طول کی طرف سے قطع کریں

مقطعِ عرض:حصہ جو عرض کی طرف سے قطع کریں

مقطع مخروطی:حصہ جو مخروطی صورت میں قطع کریں

مُقَطَّعات:(ع)(۱)ٹکڑے (۲)(شاعری) قطعات

مَقطُوع:(ع) قطع شدہ، فیصلہ شدہ

مقرر:طے شدہ، معین

درین دکان قیمت ہا مقطوع است:اس دکان میں چیزوں کی قیمتیں مقرر ہیں، ان میں کمی بیشی نہیں ہوتی

مَقطُوعاً:(ع) مقررہ قیمت سے

مَقعَد:(ع)(۱)بیٹھنے کی جگہ (۲)چوتڑ، چوتڑوں کی درمیانی جگہ

مُقعَد:(ع) جو شخص بیماری کی وجہ سے اٹھ نہ سکے

مُقعَّر:(ع) جوف دار، جو بیچ میں سے خالی ہو، جس میں گہرائی ہو

مُقنَع:(ع)(۱)سرگشتہ، برگشتہ، حیران (۲)وہ شخص جس کے ہاتھوں میں تشنج ہو

مُقفل:(ع) جس پر قفل لگا ہو

مُقفیٰ:(ع)مقفا: جس میں قافیہ بندی کی گئی ہو قافیہ دار

مُقل:(ع) گومل کا درخت

مُقِل:(ع) مفلس، تہی دست، غریب

مُقلِب:(ع) لوٹا دینے والا، بدلنے والا

مُقلد:(ع) تقلید کرنے والا، پیروی کرنے والا

مُقلدی:(ع) تقلید، پیروی، نقل اتارنا

مُقلِل:(ع) کم کرنے والا

مَقلوب:(ع) الٹا کرنا، لفظوں کی ترتیب بدلنا، علم بدیع کی اصطلاح میں شعر یا گفتگو میں مقدم و موخرشدہ الفاظ کا لانا مثلاً رگ، گر، شارع، شاعر، رقیب، قریب

مُقله:(ع) آنکھ کی پتلی

مُقمِر:(ع) چاند کی چاندنی سے منور

مَقموع:(ع) دبانا، زور توڑ دینا، روکنا، ضبط کرنا

مَقناطِیس:(ع) ایک قسم کا پتھر جو اپنی کشش سے لوہے کو کھینچ لیتا ہے، دیکھیے مغناطیس

مَقنطر:(ع)(۱)محراب وار (۲)جمع شده

مَقنطره:(ع) عرض میں متوازی، نیز دھوپ گھڑی

مُقنع:(ع) یقین دلانے والا، مطمئن کرنے والا

جواب مقنع:یقین دلانے والا جواب

مُقنّع:(ع) جس نے سر و صورت کو چھپایا ہوا ہو

مِقنَعهٔ:(ع) پرده، چادر، سر پر اوڑھنے والا ڈوپٹہ

مُقنّن:(ع) قانونی، قانون کے مطابق

مُقنّن:(ع) قانون بنانے والا، قانونی طور سے واضح کرنے والا

مُقنّی:(ع) کاریز کھودنے والا، زیر زمین نالہ بنانے والا

مقتّو:(ع) ملاقاتی کارڈ، موٹا کاغذ جو جلدوں کے اوپر گرد پوش کا کام دیتا ہے

مُقوّاساز:ملاقاتی کارڈ، کتابوں کے گرد پوش بنانے والا، جلد باندھنے والا، جلد ساز

مقوال:(ع) جس کا بیان واضح اور پسندیدہ ہو، خوش بیان

مِقوَد:(ع) لگام، عنان

مُقوّس:(ع) قوس دار

مُقول:(ع) جو کہا گیا ہو، گفتار

مُقوله:(ع) قول، جملہ بیانیہ، کسی کی خاص کہی ہوئی بات جو اس کے نام سے دہرائی جائے (۲)موضوع مقولات جمع

مُقوِم:درست کرنے والا، کجی کو درست کرنے والا، نیز قیمت کا اندازہ کرنے والا، جس کی قیمت طے ہو گئی ہے

مقوّی:(ع) قوت دینے والا، جس سے قوت میں اضافہ ہو

مَقہور:(ع) جس پر قہر کیا گیا ہے، مغلوب

مقہور ساختن:مغلوب کر دینا، دباؤ ڈالنا

مقہور شدن:مغلوب ہو جانا

مُقی:(ع) مُقیّی

مِقیاس:(ع) اندازه، وہ آلہ جس سے کسی چیز کا اندازہ کرتے ہیں، پیمانہ

مقیاس الحرارت:حرارت پیما، تھرما میٹر

مقیاس کردن:اندازہ کرنا

مُقیّد:(ع) پا بند

من مقید ہستم که این مقاله را امروز تمام کنم:میں اس بات کا پابند ہوں کہ آج ہی یہ مقالہ مکمل کروں

مُقِیم:(ع) قیام پذیر، ٹھہرا ہوا، اقامت گزین

بیگانگاں کہ مقیم لاہور اند:غیر ملکی لوگ جو لاہور میں قیام پذیر ہیں

مقیئ:(ع) قے آور

مَک، مکیدن:چوسنا سے فعل امر، چوس لو

مک:افسردگی، پریشانی

مَک: بے کم وکاست

مُکابِرَه: (ع) غرور، تکبر، لڑائی جھگڑا، اپنی بڑائی کا اظہار کرنا، خودپسندی کا اظہار کرنا

او با ہمکار خود مکابره می کرد: وہ اپنے ساتھی سے جھگڑا کرتا تھا

مَکاتِب: (ع) مکتب کی جمع

مُکاتِب: (ع) خط و کتابت کرنے والا

مُکاتبات: (ع) دیکھیے مکاتبہ

مُکاتَبه: (ع) خط و کتاب، مکاتبات جمع

مکاتبه کردن: خط و کتابت کرنا

دوسال باہم مکاتبه می کردیم: ہم نے دو سال باہم خط و کتابت کی

مکاتیب: (ع) مکتوب کی جمع

مکّار: (ع) فریبی، دھوکے باز، دغا باز، حیلہ گر

مَکارِم: (ع) مکرمت کی جمع، نیک کام

مَکارِه: نا پسندیدہ، ناگوار

مُکاری: کسی جانور کے ذریعے سامان لانے لے جانے والا، جانوروں کو کرایے پر دینے والا

مِکاس: (ع) تشویش کرنا، قیمت کم کرانا

مَکّاس: (ع) محصول لینے والا

مکاسِب: (ع) مکسب کی جمع، کسب کرنے والے، محنت کرکے روزی کمانے والے

مکاسِبت: (ع) کسب کرنا، معاش کمانے کے لیے محنت کرنا

مُکاشَفات: (ع) باطنی کشف جو پاک اور بے آرائش لوگوں پر ہوتے ہیں، خواب میں یا عالم بیداری میں

مکاشَفَت، مکاشَفَه: (ع) کشف ہونا، الہام ہونا، غیبی امور کا معلوم ہونا، کشف و کرامات

مُکافات: (ع) بدلہ، عوض، تاوان، پاداش، سزا، انتقام

مکافات دادن: بدلہ لینا

مکافات کشیدن: سزا پانا

مکافاةً: انتقام کے طور پر

مکافاتی: انتقامی، جوابی

مُکافی: (ع) برابر، مساوی، مطابق

مکالَفَت: (ع)(۱) رنج و الم، آفت، مصیبت

مُکالمَه: (ع) گفتگو (مکالمات جمع)

یک ساعت باہم مکالمَه کردیم: ایک گھنٹہ بھرہم نے گفتگو کی

مکامِن: (ع) مکمن کی جمع، کمین گاہیں

مکان: (ع) مقام، رہنے سہنے کی جگہ، گھر، منزل، جگہ (اماکن جمع) مثال:

پست از پر تو جمال رُخت
ازمکان تا به لا مکان روشن

آپ کے چہرے کے حسن و جمال کے پر تو سے زمانےکی موجودات سے اس عالم بالا تک جہاں یہ موجودات نہیں، سب کچھ روشن ہے

در مکان بلندی ایستاده وعظ کرد: اس نے بنلد مقام پر کھڑے ہو کر وعظ کیا

مکان گرفتن: رہنے سہنے کے لیے مکان لینا، قیامگاہ بنانا

مکانَت: جگہ، جایگاہ، مقام، جاہ و مرتبہ، قدر و منزلت

مُکانَفهٔ: (ع) ایک دوسرے کا ساتھ دینا، مدد دینا، حمایت کرنا، مساعدت کرنا

مکانی: مقامی

مکانیک: علم جرّ اثقال، مکینکس فن مسن سازی

مکانیک دان: جراثقال کا عالم

مکاید: (ع) مکیدہ کی جمع، دھوکے، فریب، چالبازیاں

مکایدت: (ع) مکر کرنا، فریب دینا، حیلہ کرنا، بد اندیشی کرنا

مُکِبّ:(ع) سرنگوں ہونا، سر نیچا کر کے دیکھنا

مُکَبِّر:(ع) تکبیر کہنے والا، اذان دینے والا

مکتب:(ع) مدرسہ

مکتب خانہ:مدرسہ

مکتب دار:مدرسے کا معلم

مکتب دیدہ:جس نے مکتب میں پڑھا ہو

مکتب گریز:سکول سے بھاگنے والا، مثال:

درس ادیب اگر بود زمزمہ محبتی

جمعہ بمکتب آورد طفل گریز پای را

اگر استاد کے درس میں محبت کی لے ہو تو سکول سے بھاگنے والے لڑکے کو جمعہ یعنی چھٹی کے دن بھی وہاں لے آتا ہے

مکتبی:مکتب میں جانا

بچۂ مکتبی:مکتب میں پڑھنے والا طالب علم

مُکتَتِم:(ع) پوشیدہ رکھنے والا

مُکتَحِل:(ع) آنکھوں کو سرمہ لگانے والا

مُکتَسِب:(ع) اکتساب کرنے والا، حاصل کرنے والا، کسب کرنے والا

مُکتَسَب:(ع) جس نے کچھ اکتساب کیا ہو، کچھ حاصل کیا ہو

مُکتَسی:(ع) لباس پہنے ہوے

مُکتَشِف:(ع) ظاہر کرنے والا، آشکار کرنے والا

مُکتَفی:(ع) اکتفا کرنے والا، وہ جو مطمئن ہے، وہ جو اپنی حد کے اندر رہتا ہے

مُکتَم:(ع) پوشیدہ، پنہاں، مخفی

مَکتُوب:(ع) خط، مراسلہ، نامہ

مَکتوباً:(ع) خط لکھ کر

مکتوبی:انشای، ذریعہ مکتوبات

مکتوم:(ع) مخفی، پوشیدہ، راز، پنہاں

مَکث:(ع) دیر، وقفہ، ٹھہرنا، توقف کرنا

مَکث کردن:ٹھہرنا

ساعتی در دکان مکث کردم:گھنٹہ بھر میں نے دکان میں توقف کیا

مِکثار:(ع) زیادہ بولنے والا، پرگو، بسیار گو

مُکثِر:(ع) تونگر، دولت مند، مال و دولت میں اضافہ کیا گیا

مُکثِّف:(ع) جمانا، منجمد کرنا، گاڑھا کرنا

مِکحَل:(ع) سرمہ لگانے والی سلائی، سرمچو

مُکحُلَہ:(ع) سرمے دانی

مکحُول:(ع) جس نے سرمہ لگایا ہو

مُکدَّر:(ع) پریشان، رنجیدہ، افسردہ

مکدرشدن:رنجیدہ ہونا، پریشان ہونا

مکدرکردن:رنجیدہ کرنا، پریشان کرنا

از صحبت گرم شما کسی مکدر نہ شد:آپ کی گرم گفتاری سے کوئی رنجیدہ نہ ہوا

مُکَذِّب:(ع) انکار کرنے والا، جھوٹ کہنے والا، دروغ گو

مَکذُوب:(ع) کذب، دروغ، جھوٹ، مکاذیب جمع

مَکر:(ع) فریب، دغا بازی

مکر کردن:فریب دینا

مکر آمیز:دھوکے بازی، فریب کاری

مِکران:بلوچستان کا ایک شہر

مُکرَّر:(ع) دوبارہ، پھر، ایک بار پھر

مکرر بفرمائید:ایک بار پھر فرمایے

مکرر در مکرر:پھر اور پھر

مکرر کردن:پھر کہنا، دوبارہ کہنا

قند مکرر:یہ شیریں بات ایک بار پھر

مُکرّراً: (ع)دوبارہ۔

مکرراً با او ملاقات کردم: میں نے پھر اس سے ملاقات کی۔

مُکرّرات: (ع)بار بار (جمع مکررہ)۔

مَکرَعه: (ع)پانی کی مشک۔

مُکرّم: (ع)محترم، قابل تعظیم، قابل تکریم۔

صدر مکرم: قابل احترام صدر، صدر گرامی قدر۔

مُکرِماً: (ع)محترماً، احترام کے ساتھ۔

مَکرَمَت: (ع)فیاضی، عظمت، فیاضانہ عنایت، جوانمردی بزرگی، کرم، مکارم جمع۔

مَکرُوب: (ع)اداس، غمگین، اندوہگین، پریشان۔

مکرُوہ: (ع)بُرا قابل نفرت نا پسندیدہ جسے دیکھ کر کراہت آئے۔

مکروہ داشتن: قابل نفرت سمجھنا۔

مکرُوہات: قابل نفرت باتیں۔

مکروھِیّت: نفرت۔

مَکرَہ: (ع)مکروہ، نا پسندیدہ۔

مَکرھه: (ع)وہ چیز جو نا پسند ہو۔

مکزیک: میکسیکو ملک۔

مکسَب: (ع)کسب کرنا، کمائی، مکاسب جمع۔

مُکسّر: (ع)ٹوٹا ہوا، شکستہ۔

مَکسُوب: (ع)کسب شدہ، جو چیز محنت سے حاصل کی جائے۔

مکسُور: جن حروف کے نیچے کسرہ کی علامت ہو۔

مَکشُوف: (ع)جو کشف ہوا ہو، دریافت کیا گیا ہو، جو ظاہر ہوا ہو۔

مکشوف شدن: کشف ہونا، ظاہر ہونا، معلوم ہو جانا۔

مُکَعّب: (ع)وہ چیز یا شکل جس کی لمبائی، چوڑائی اور موٹائی برابر ہوں۔

مُکفّن: (ع)کفن میں لپٹا ہوا، تکفین کیا ہو۔

مکفُوف: (ع) (۱)نابینا (۲)فن شاعری کا ایک بحر جس میں ساتواں ساکن حرف آخر میں حذف ہو جاتا ہے مثلاً مفاعیلن کانون حذب کرنے سے مفاعیل رہ جاتا ہے۔

مکفُول: (ع)جس کی کفایت کی گئی ہو، جس کی ذمے داری لی گئی ہو۔

مُکفِی: (ع)کافی، بقدر کفایت۔

مُکلّس: (ع)(۱)کشتہ بنانا، جلاکر راکھ بنانا۔

مُکلّف: (ع)جس کے سپرد کوئی کام ہو، پابند۔

او مکلف است بدین کار رسیدگی کند: وہ اس بات کا پابند ہے کہ اس کام کو اچھی طرح سمجھے۔

مکلف کردن: کوئی کام سپرد کرنا۔

مُکلِف: (ع)وہ شخص جو کسی دوسرے کو فریضہ سپرد کرے۔

مُکلّل: (ع)جسے زیورات سے آراستہ کیا گیا ہو، تاج پہنایا گیا ہو۔

مُکمّل: (ع)تمام، پورا، کامل، انجام پذیر، آراستہ شدہ۔

مکمل کردن: انجام کو پہنچانا۔

مکمِّل: (ع)تکمیل شدہ، جو پایہ تکمیل کو پہنچ چکا ہو۔

مَکمَن: (ع)کمین گاہ، مکامن جمع۔

مَکمُون: (ع)پنہاں، پوشیدہ، مخفی۔

مکنَت: (ع)(۱)طاقت، قدرت، قوت، توانائی (۲)دولت۔

مکنَست: (ع)جھاڑو۔

مَکنُون: (ع)پوشیدہ، پنہاں۔

مکنونات: (ع)اسرار، پوشیدہ باتیں۔

مُکنّی: (ع)جسے کوئی کنیت ملی ہو۔

مکّوک:(ع)کپڑا بننے کا آلہ۔

مُکوکب:(ع)جس پر ستارے کا نشان ہو۔

مُکوِّن:(ع)پیدا کرنے والا، عالم وجود میں لانے والا، باری تعالی۔

مُکوَّن:(ع)جو چیز عالم وجود میں آتی ہو۔

مکّہ:(ع)مکہ معظمہ سے منسوب عرب کا مشہور شہر جہاں خانہ کعبہ ہے۔

مکّی:(ع)منسوب بہ مکہ، قران مجید کی سورتیں جو مکہ معظمہ میں نازل ہوئیں۔

مِکیاز:(ع)جس کے ڈاڑھی نہ ہو۔

مِکیال:(ع)پیمانہ، مکائل جمع۔

مکیدت:(ع)مکروفریب۔

مُکیدن:چوسنا، چبانا۔

مُکیدَہ:چوس لیا، چبایا گیا۔

مُکیس:(ع)خرید و فروخت میں تقاضا کرنا، تشویش کرنا۔

مُکیّس:(ع)زیرک، دانا، دانشمند، مائل، فرزانہ۔

مُکیّفات:(ع)کیف آور منشیات۔

مکین:خاص جگہ پر رہنے والا، سکونت رکھنے والا۔

شَرَفُ المکان بالمکین:مکان کی عزت مکان میں رہنے والے سے ہے۔

مکینَت:(ع)وقار، جاہ و منزلت۔

مگر:لیکن، شاید، سوائے، مثال:

مگر دیدہ باشی کہ درباغ و راغ
بتابد همی کرمکی چون چراغ

شاید تم نے باغ میں یا چراگاہ میں ایک کرم دیکھا ہوگا جو چراغ کی مانند چمکتا ہے۔

مگر آنکہ:اس کے سوا۔

مگر اینکہ:اس کے سوا۔

مگر مچ:مگر مچھ۔

مگَس:مکھی۔

مگس پراندن:مکھی اڑانا۔

مگس راندن:مکھیاں اڑانا۔

مگس عسل:شہد کی مکھی۔

از صبح تا شام در دکان مگس برانیم:صبح سے شام تک ہم دکان میں مکھیاں اڑاتے ہیں۔

مگس پراْن:مکھیاں اڑانے والا۔

مگس پراْنی:مکھیاں اڑانا، سستی، کاہلی، بیکار وقت ضائع کرنا۔

مگس خوار:مکھیاں کھانے والا پرندہ۔

مگس ران:مگس پران۔

مگسَک:چھوٹی مکھی۔

مَگس کُش:وہ کاغذ جس سے مکھیاں چھوتے ہی مر جاتی ہیں۔

مگس گیر:مکھیاں مارنے والا کاغذ۔

مگس ناک:جہاں مکھیاں ہی مکھیاں ہوں۔

مگسی:مکھی کا کاتا ہوا مکھی جیسا۔

مگو:نا قابل بیان، جو بیان میں نہ آسکے، جو کہانہ جاسکے، مت کہہ۔

مُل:شراب۔

مَلا:(ع)(۱)بھرا ہوا (۲)گروہ، جمعیت، عموم، انبوہ۔

مُلاّ:(ع)دینیات کا علم جاننے والا۔

مَلا:(ع)اجتماع، لوگوں کا گروہ۔

مَلا اعلی:عالم بالا۔

ملاَبس:نقاب لیے ہوئے، نیز کپڑے۔

مُلابَسَت:مسائل کو خلط ملط کردینا، مشتبہ کردینا۔

مُلابَسَہ:(ع)الجھن، ابہام، انتشار

مِلاج: شیرخوار بچے کے سر میں جھلی دار خلا جو سامنے کی ہڈی کے متصل زاویوں سے ملا ہوتا ہے۔

مُلاجی: ملجا کی جمع، پشت پناہ، پناہ لینے کی جگہ۔

مَلّاح: (ع) کشتی چلانے والا، کشتیبان۔

مِلاح: ملح کی جمع، سانولا سلونا، خوبصورت۔

مَلاحَت: (ع) لغوی معنی نمکین ہونا، دلکشی، حسن و جمال، دلربائی، زیبائی، طرز، انداز، زیب و زینت، آرائش، زیبائش۔

ملاحت کلام: کلام کا پر لطف ہونا۔

با ملاحت: ملیح، خوبصورت، رعنا زیبا۔

بی ملاحت: بے نمک، بے مزہ حسن و خوبی سے بے بہرہ۔

ملاحِد: ملحد کی جمع، بے دین، راہ راست سے پھرے ہوئے، گمراہ۔

مُلاحَظہ: (ع) دیکھنا، غور کرنا، پڑھنا، لحاظ، پاس۔

ملاحظہ کردن: غور کرنا، غور سے دیکھنا، معائنہ کرنا۔

باید ملاحظہ دیگران هم کنید: آپ کو چاہیے کہ دوسروں کا لحاظ کریں۔

بملاحظه سنش او را بخشیدند: اس کی عمر کا لحاظ کرتے ہوئے اسے معاف کردیا گیا۔

مُلاحظہ کار: محتاط۔

ملاحظہ کارانہ: احتیاط کے ساتھ۔

ملاحظہ کاری: احتیاط۔

مَلاحِم: (ع) ملحمہ کی جمع، جنگ جن میں بہت زیادہ کشت و خون ہو۔

مَلّاحی: ملاح کا کام۔

مَلاذ: (ع) پناہ گاہ۔

ملاذِالانام: (ع) لوگوں کے پناہ لینے کی جگہ۔

شخص فیاض را ملاذ محتاجان می نامیدند: فیاض شخص کو محتاجوں کی پناہ گاہ کہتے تھے۔

مُلاذ: ملازہ، حلق کا کوا۔

مُلازِم: (ع) پیش خدمت، حاضر باش۔

ملازِمَت: (ع) فرض، خدمت، محنت، سرگرمی۔

مُلازمی: ملازمت۔

مُلازِہ: (ع) حلق کا کوا۔

مُلاسَت: نرمی، ہمواری، ملائمت۔

مُلاصِق: (ع) باہم ایک دوسرے سے ملے ہوئے، پیوست شدہ۔

مُلاطِف: مہربان، ہمدرد۔

مُلاطِفَت: (ع) مہربانی، ہمدردی، نیکی کرنا۔

ملاطفت کردن: مہربانی کرنا، ہمدردی کا سلوک کرنا۔

مُلاعِب: (ع) (۱) کھیل کود، لہو و لعب (۲) کھیلنے والا۔

مُلاعَبَت: (ع) کھیلنا، مل کر کھیلنا۔

مُلاعَنَت: (ع) ایک دوسرے کو لعن طعن کرنا۔

مَلاعِین: (ع) ملعون کی جمع، لعنتی۔

مَلاغَہ: (ع) بڑا چمچہ۔

مَلافَہ: (ع) سفید کپڑا جو لحاف کے اوپر ڈال لیتے ہیں، اس کپڑے کو غلاف کی طرح چڑھالیتے ہیں، چادر۔

مُلاقات: (ع) ملنا، دیکھنے کے لیے آنا جانا۔

ملاقات کردن: جاکر کسی سے ملنا۔

مُلاقی: (ع) ملاقات کرنے والا۔

مَلاک: (ع) فرشتہ۔

مِلاک: (ع) اصل، بنیاد، اساس، پایہ، معیار، دستاویز، ثبوت، حجت۔

مَلاک:(ع)جمع مالک۔

مَلال:(ع)رنجیدگی، بیزاری، خستگی، آزردگی، ناراضی، تکان، زحمت۔

ملال انگیز:خستگی، آزردگی۔

ملالت:ملال۔

مُلام:ملامت، سرزنش، تنبیہ، جسے ملامت ہوئی ہو۔

ملامت کردن:سرزنش کرنا۔

مُلامَت کشیدن-ملامت بردن:سرزنش ہونا۔

مُلامَت:سرزنش، تنبیہ، بُرا بھلا کہنا، ڈانٹ ڈپٹ کرنا۔

مُلامَت گر:ملامت کرنے والا، تنبیہ کرنے والا، الزام دینے والا۔

مُلامَسة:(ع)چھونا، محسوس کرنا، لمس۔

مُلاوَم:(ع)ملامت کی جمع۔

مُلامی:صوفی، درویش جو دنیا سے بے تعلقی ظاہر کرتے ہیں۔

ملاهی:(ع)لہو و لعب، کھیل کود، کھیل کا سامان۔

ملایک-ملایکه:ملک کی جمع فرشتے۔

مُلایِم:(ع)نرم، مناسب، رحمدل ملائم۔

ملایم شدن:نرمی سے بات کرنا۔

او بامن خیلی ملایم صحبت می کرد:وہ میرے ساتھ بڑی نرمی سے گفتگو کرتا تھا۔

ملایِمت:(ع)نرمی آہستگی، ملائمت، خوش خوئی۔

با ملایِمت رفتار کردن:نرمی کا طرز عمل اختیار کرنا۔

ملایِمی:ملایمت۔

مُلائی:ملا کا منصب، درس دینا، وعظ و نصیحت کرنا۔

مَلبَس:(ع)لباس، پوشاک۔

مُلبَّس:(ع)لباس پہنے ہوئے۔

مُلبَّس شدن:لباس پہننا۔

دختر به ردای ار غوانی ملبس بود:لڑکی ارغوانی چادر لیے ہوئے تھی۔

ملبُوس:(ع)لباس پہنے ہوئے (ملبوسات جمع)۔

مِلّت:(ع)قوم، جمعیت۔

مُلتَبِس:(ع)مُبہم، غیر واضح۔

مُلتَجا:(ع)ملجا، پناہ گاہ، پشت و پناہ، نگہبان۔

مُلتَجی:(ع)پناہ لینے والا، پناہ گزین، التجا کرنے والا۔

مُلتحَد:(ع)پناہ گاہ۔

مُلتحِم:(ع)(۱)زخم کا بھر آنا، مندمل ہونا، ملانے والا، جوڑ لگانے والا۔

مُلتَحِمَه:(ع)آنکھ کی پلک کا اندرونی حصہ۔

مُلتَحِمَه:(ع)ملتحم کی تانیث۔

مُلتَزِم:(ع)اپنے اوپر کوئی چیز یا فعل لازم کر لینے والا، پابند۔

ملتزم شدن:کسی بات کے لیے پابند ہوجانا، کام اپنے ذمے لے لینا۔

مُلتَزِمین:(ع)ملتزم کی جمع۔

ملتزمین رکاب:ہم رکاب ہونے والے، ساتھ رہنے والے، حاضر باش۔

مُلتصِق:(ع)چپچپا، لیس دار۔

مُلتَفِت:(ع)متوجہ، آگاہ، باخبر۔

ملتفت بودم که تشریف بیاورید:میں متوجہ تھا کہ آپ تشریف لارہے ہیں۔

مُلتَفِت شدن:متوجہ ہونا۔

مُلتَطِم:(ع)سمندر جس میں طوفان امڈ رہا ہو۔

مُلتَفِت:(ع)متوجہ۔

مُلتَقِی:(ع)ملاقات کا مقام۔

مُلتمِس: (ع)التماس کرنے والا۔

مُلتوی: (ع)جس پر پیچ پڑے ہوں، پیچ در پیچ۔

مُلتہب: (ع)آگ میں شعلوں کا نکلنا، شعلہ ور، فروزاں۔

ملجا: (ع)پناہ، پناہگاہ۔

مُلجَم: (ع)جسے لگام دی ہو۔

ملح: (ع)(۱)نمک (۲)ملاحت، املاح جمع۔

مُلِح: (ع)الحاح کرنے والا، اصرار کرنے والا۔

مُلحِد: (ع)بے دین، راہ حق سے پھرا ہوا، گمراہ۔

مُلحِفہ: (ع)لحاف لیے ہوئے۔

مُلحَق: (ع)پیوستہ، وابستہ، متصل، ملا ہوا۔

ملحق کردن: ملانا، متصل کرنا، پیوستہ کرنا، وابستہ کرنا۔

مُلحقات: (ع)ملی ہوئی چیزیں، چیزیں جو باہم وابستہ ہوں۔

مُلحَم: ریشمی کپڑا، سفید ریشمی کپڑا۔

مُلحَمہ: (ع)جنگ جس میں بہت زیادہ کشت و خون ہو۔

ملحوظ: (ع)خیال رکھا گیا، توجہ ہونا۔

ملحوظ خاطر: دلی توجہ۔

ملحوظ شدن: خیال رکھنا، زیر نظر رکھنا۔

عریضہ شما ملحوظ گردید: تمہاری درخواست دیکھی گئی ہے یا اس پر غور کیا گیا ہے۔

مَلحُوضات: (ع)ملحوظ کی جمع، وہ امور جن پر توجہ دی گئی ہو،ملاحظات، خیالات۔

مَلخ: (ع)ٹڈی۔

ملخ خوارگی-ملخ خوردگی: ٹڈیوں کا کھایا ہوا۔

مُلخّص: (ع)خلاصہ۔

مَلدُوغ: (ع)مارگزیدہ جسے سانپ نے ڈسا ہو۔

مُلذّت: (ع)جسمانی خواہش، خوشی۔

مُلزَم: (ع)جس پر کوئی الزام عاید ہوا ہو۔

ملزم شدن: الزام عائد ہونا۔

مَلزُوم: (ع)جو الگ نہ ہوسکے، ملحق، ملا ہوا، پیوستہ، جس کا ہونا لازم ہو، لاینفک۔

ملزُومات: ضروری ساز و سامان، لوازمات۔

ملَس: (ع)ترش و شیریں میوہ یا پھل۔

انار ملَس: ترش و شیریں انار۔

مُلصَق: (ع)ملا ہوا، چسپاں شدہ، وابستہ، پیوستہ۔

مُلطِف: (ع)پاک صاف کرنے والا، لطافت پیدا کرنے والا۔

مُلطَفَہ: (ع)ملاطفت آمیز مکتوب، محبت نامہ۔

ملطَۃ: (ع)(جغرافیہ) مالٹا۔

مَلعَب: (ع)کھیل کی جگہ، تھیٹر، نمائش گاہ۔

ملعَبہ: (ع) (۱)بغیر آستینوں کے پیرہن جو کھلاڑی کھیل کے وقت زیب تن کرتے ہیں (۲)بازیچہ، کھلونا، گڑیا۔

ملعَقہ: (ع)قاشق، چمچہ۔

ملعَنَت: لعنت، قابل نفرت کام جس پر نفریں ہو۔

ملعُون: (ع)لعنتی، جس پر لعنت ہو۔

ملعون کردن: لعنت بھیجنا۔

مُلغا مُلغی: (ع)مسترد شدہ، الغا شدہ، جو بے اثر ہوگیا ہو جواب کسی شمار میں نہ ہو، منسوخ شدہ۔

مُلغَز: (ع)پیچیدہ کلام، مشکل کلام۔

مُلفام: (ع)مل فام، سرخ، شراب کی طرح سرخ۔

مَلفُوظ: جس کا تلفظ کیا جائے، کہی ہوئی بات۔

ملفُوظات: بزرگوں کے کلام کا مجموعہ، وہ کتاب جس میں کسی بزرگ کے حالات و خیالات ان کی زبانی لکھے گئے ہوں۔

ملفُوف: (ع)لپٹا ہوا، پیچیدہ، لفافے میں ڈالا ہوا، ڈھکا ہوا، مہرزدہ۔

مَلفُوفَہ: (ع)ملفوف کی تانیث۔

فرمان ملفوفه: فرمان جو لفافے میں بند ہے۔

مُلَفّه: (ع) چادر، بستر کی چادر، بستر کے لوازمات۔

مَلَق: (ع) بناوٹی دوستی یا مہربانی، چاپلوسی، نیز بمعنی ہموار زمین، سبزہ نرم و نازک۔

مُلَقّب: (ع) جسے کوئی لقب دیا گیا ہو، مثلاً قائد اعظم لقب ہے جو قوم نے انہیں دیا ہے۔

مُلَقّب شدن: لقب سے نوازا جانا۔

ملقب نمودن (یا ساختن): لقب سے نوازنا۔

مُلَقلَق: مضطرب، اضطراب انگیز آوازیں۔

ملغمَه: (ع) کسی دھات کا مرکب پارے کے ساتھ ملانا، ممزوج کرنا۔

مَلقُوط: (ع) (۱) اٹھایا گیا۔

مَلقیٰ: (ع) جسے القا ہوا ہو، کوئی نئی بات سوجھی ہو۔

مَلَک: فرشتہ (ملایک جمع)۔

مَلِک: بادشاہ (ملوک جمع)۔

مِلک الشعرا: (خطاب) شاعروں کا بادشاہ۔

مِلک: (ع) ملکیت اراضی وغیرہ کی۔

او ملک بزرگی در ملتان دارد: اس کی بہت بڑی ملکیت اراضی ملتان میں ہے۔

مِلک غیر منقوله: ملکیت جو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل نہ کی جاسکے۔

ملکیتِ منقُوله: ملکیت جو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کی جاسکے۔

مَلَکات: دیکھیے ملکہ۔

مَلَکُ الحارِس: (ع) محافظ فرشتہ۔

ملکُ الموت: (ع) موت کا فرشتہ، حضرت عزرائیل۔

مُلکت: ملک۔

مُلک دار: جس کے ذمے ملک کی حکومت ہو۔

مُلک داری: حکومت، حکومت کا نظم و نسق۔

مُلک رانی: حکومت چلانا، حکومت چلانے کی اہلیت۔

مَلِک زاده: شہزادہ۔

مُلک ستانی: فتح۔

مَلَک سیما: فرشتے کے سے چہرے والا نورانی چہرے والا۔

مَلِک شاه: ایران کا سلجوقی بادشاہ جس نے ۱۰۷۲ء سے ۱۰۹۲ء تک حکومت کی۔

مُلک گیری: ملک ستانی، ملک فتح کرنا۔

مَلَک منظر: ملک سیما۔

مَلَکُوت: (ع) (۱) سلطنت، بادشاہت (۲) فرشتوں کے رہنے کا مقام۔

ملکوت آسمان: آسمان کی حکومت۔

عالم ملکوت: سماوی دنیا۔

مَلَکُوتی: سماوی دنیا سے متعلق۔

مَلِکه: بادشاہ کی بیگم، قیصرہ۔

مَلَکه: عادت، قدرت، مہارت، قوت جو علم و ہنر سے انسان کو حاصل ہوتی ہے (جمع ملکات)۔

مَلَکی: فرشتے کی طرح۔

مَلِکی: (۱) بادشاہی سے متعلق (۲) ایک قسم کا اونچی نوکوں والا چمڑے کا جوتا۔

مُلکی: مملکت سے متعلق۔

ملکیّت: جائداد۔

مِلَل: (ع) ملت کی جمع، قومیں، جمعیتیں۔

مِلَل آسیائی: ایشیائی قومیں۔

مَلَل: (ع) اضطراب، بے چینی، بیزاری، پریشانی۔

ملماز: رنگ جس سے رنگریز کپڑے رنگتے ہیں۔

مُلَمّع: (ع) سونا چاندی کو کسی اور دھات پر چڑھایا ہوا

رنگ برنگ بنانا، بو قلموں رنگا رنگ (جمع ملمعات)۔

مَلمَل: سفید اور نازک سوتی کپڑا۔

مَلَنگ: سروپا برہنہ، فقیر، نیز بے پروا شخص جسے تن بدن کی پروانہ ہو، مست ملنگ۔

مَلوان: ملاح۔

مُلوّث: (ع)آلودہ، کثیف۔

ملوث شدن: آلودہ ہونا۔

ملوث کردن: آلودہ کرنا، گندہ کردینا۔

لباس خود را چرا ملوث کردید: اپنے لباس کو تم نے کیوں آلودہ کیا۔

مِلودی: میلوڈی (انگریزی)آہنگ، نغمہ، لحن، خوش آہنگی، ترنم۔

مَلوس: (ع)نازک، سبک اندام۔

مُلوک: (ع)ملک کی جمع، بادشاہان۔

سفرِ ملوک: بادشاہوں کی سرگزشت، بادشاہوں کی کتاب۔

مُلوکُ الطوائف: (ع)قبیلوں کے سرداروں کی حکومت۔

مُلوکُ الکلام: کلام کے بادشاہ، نہایت بلند پایہ تقریریں کرنے والے۔

مُلوکانہ: بادشاہوں کا سا، بادشاہوں کے انداز میں، شاہانہ طور طریق۔

وضع ملوکانہ: بادشاہ کا سا طرز، روش، ڈھنگ۔

مَلول: (ع)رنجیدہ، غمگین، اداس، خستہ، لاچار۔

آدم بیکار از زندگی ملول است: بیکار شخص زندگی سے لاچار ہے۔

مُلولی: ملال، رنج و غم۔

مَلوم: (ع)جسے ملامت کی گئی ہو۔

مُلوّن: (ع)رنگدار، رنگا رنگ، رنگ برنگ، گونا گوں، بوقلموں، جسے رنگ دیا گیا ہو۔

مُلوِّن: رنگ دینے والا۔

مُلہم: (ع)جسے الہام ہوتا ہے۔

از جانب خدا ملہم شد: خدا کی طرف سے انہیں الہام ہوا۔

مَلھُوب: (ع)جلایا ہوا، روشن کیا ہوا، مشتعل کرنا، بھڑکانا۔

مَلھُوف: (ع)بیچارہ، ستم رسیدہ، دل سوختہ، پریشان حال، رنجیدہ، پریشان دل، اندوہگین۔

مَلھُوفان: (ع)ستم زدگان۔

مُلھی: (ع)دل بہلاوا، تفریح و تفنن میں وقت گزارنے والا۔

مِلّی: (ع)قومی، نیز توانا، تونگر۔

احساسات ملی: قومی خدمات یا قومیت کے احساسات۔

نغمہ ملی: قومی ترانہ۔

مِلیار-مِلیارد: ہزار ملین۔

مَلیبار: مالا بار۔

مِلیّت: (ع)قومیت۔

طرفدار اصول ملیت: نیشنلسٹ۔

مَلیح: (ع) (۱)سانولا، سانولے رنگ کا (۲)حسین و جمیل، دلربا، زیبا، رعنا۔

مَلیحَہ: (ع)ملیح کی تانیث۔

مَلیک: (ع)ملک، صاحب مُلک، بادشاہ۔

مَلیلہ: (ع)سونے یا چاندی کی تار۔

مَلیلہ دوزی: زر دوزی۔

ملیلہ کاری: زر دوزی کا کام۔

مُلَیّن: (ع)قبض رفع کرنے والا، معدے کو نرم کرنے والی دوائی۔

ملیون: دس لاکھ۔

مِلیّوُن: قوم پرست، نیشنلسٹ۔

مَمَات: (ع)موت، مرگ۔

حیات و ممات بدست خدا است: زندگی اور موت خدا کے ہاتھ ہے۔

مماتی: موت سے متعلق۔

مُماثِل: (ع)مشابہ، ایک جیسا، ملتا جلتا۔

مُماثلت: (ع)شباہت، مشابہت، ملتا جلتا ہونا۔

مُمارات: (ع)جنگ کرنا، لڑنا۔

مُمارَسَت: (ع)مشق، تجربہ، عمل کرنا، مشق کرنا، کسی کام میں لگاتار مشغول رہنا۔

ممارست کردن: مشق کرنا۔

ممازَحَت: (ع)ہنسی مذاق کرنا، شوخی کرنا۔

مُماس: (ع)چھونے والا، مس کرنے والا۔

این خط با دائره مماس است: یہ خط دائرے کو (ایک نقطے پر) چھوتا ہے۔

مُماس: (ع)پسا ہوا۔

مَماسَت: (ع)خط کا ایک نقطے پر چھونا (دائرے وغیرہ کو) تماس۔

مُماشات: (ع)(۱)مل کر چلنا، ساتھ ساتھ چلنا، (۲)اپنے ربط کو برقرار رکھنا، (۳)خوشامد (۳)انتظام، انصرام، اہتمام، بندوبست۔

مماشات کردن: ربط قائم رکھنا، ایک دوسرے کے ساتھ چلنا، کاروبار کا باہم بندوبست کرنا۔

مُماطلت: کام کو تاخیر میں ڈالنا، آج کل کرنا، کام میں دیر کرنا۔

مُماطلہ: تاخیر کرنا، نظر انداز کرنا، بات کو اٹھا رکھنا۔

مَمالِک: مملکت کی جمع۔

مُمانَعَت: بندش، مناہی، رکاوٹ۔

مُمانعَت کردن: منع کرنا، روک دینا۔

خواست کہ مدا خلہ کند او را ممانعت کردند: اس نے چاہا تھا مداخلت کرے لیکن اسے روک دیا گیا۔

مُمتاز: صاحب امتیاز، نامور، سربر آوردہ، معزز۔

مُمتازِیت: امتیاز، ناموری۔

مُمتَثِل: (ع)اطاعت گزار، فرمان بردار، پیرو، حکم ماننے والا۔

مُمتَحَق: (ع)ضائع شدہ، ناچیز۔

مُمتَحِن: (ع)امتحان کرنے والا۔

مُمتَحَن: (ع)جس کا امتحان ہو۔

مُمتَد: (ع)(۱)لمبا کرنا، طول دینا، دراز کرنا (۲)ملتوی کرنا، معرض التوا میں ڈالنا۔

مُمتَزِج: (ع)مخلوط، ملا ہوا، آمیختہ۔

مُمتَلی: (ع)بھرا ہوا، پر، لبالب۔

مُمتَنِع: (ع)(۱)نا ممکن (۲)انکار کرنے والا۔

ممتنع الحصول: (ع)جس کا حاصل ہونا ممکن نہ ہو۔

مُمتَنِعات: (ع)ممتنع کی جمع، نا ممکنات۔

مُمَثِّل: (ع)نقل اتارنے والا، شبیہ اتارنے والا۔

مُمَثَّل: (ع)اصل جیسا۔

مُمتَهَن: (ع)خوار، پست،، فرومایہ، ناچیز۔

مُمِدّ: (ع)مدد دینے والا، مددگار، حامی، یاور۔

مُمَدِّد: (ع)وسعت دینے والا، پھیلانے والا۔

مُمَدَّد: (ع)پھیلا ہوا، وسیع کیا ہوا۔

مَمدُوح: (ع)جس کی مدح کی جائے، جس کی تعریف و توصیف کی جائے۔

اوصاف ممدوحہ: ایسے اوصاف جو قابل ستایش ہیں۔

مَمْدُود:(ع)جس حرف پر مدکی علامت ہو مثلا آمد۔

الف ممدودہ: آمد میں الف پر مد ہے، اس لیے یہ الف ممدودہ ہے۔

مَمَرّ:(ع)گزرگاہ۔

مَمَرز:(ع)ایک پودا جس کی لکڑی بہت سخت ہوتی ہے اکثر باز لگانے کے کام آتی ہے۔

مَمزُوج:(ع)ملا ہوا، آمیختہ، مخلوط۔

مُمسِک:(ع)کنجوس، بخیل، خسیس۔

ممسُوح:(ع)ہاتھوں سے ملا ہوا، رگڑا ہوا۔

مَمسُوخ:(ع)مسخ شدہ، بگڑی ہوئی صورت۔

مَمشُوق:(ع)بلند و بالا دبلا پتلا۔

مَمضا:(ع)امضا شدہ، جس پر دستخط ہوں۔

مَمقُوت:(ع)جسے بغض اور دشمنی ہو۔

مُمکِن:(ع)جو ہوسکے، مقدور، میسر، جائز، روا، آسان۔

صعود ازین کوہ ممکن است: اس پہاڑ پر چڑھا جاسکتا ہے۔

ممکن الحصول: جو حاصل ہوسکے۔

ممکن العمل: جس پر عمل ہوسکے۔

ممکن نیست: یہ نہیں ہوسکتا۔

غیر ممکن: جو ہو نہ سکے، نا ممکن۔

هرچه ممکن است: جس قدر ہوسکے۔

مُمَکّن:(ع)ثابت و برقرار۔

مُمکِنات:(ع)ممکن کی جمع، جو باتیں عمل میں آسکیں جو چیزیں عمل میں لائی جاسکیں۔

مُمِلّ:(ع)جو ملال کا باعث ہو، جو پریشان کن ہو، برہم کرنے والا، ناگواری کا باعث۔

مَملکَت:(ع)ملک، کشور، سلطنت، ریاست، ممالک جمع۔

مَملکتی: مملکت سے متعلق۔

مَملُو:(ع)بھرا ہوا، پر۔

مملو کردن: بھر دینا، پر کردینا۔

مَملُوک:(ع)غلام، خریدا ہوا غلام، (ممالیک جمع)۔

ممالیک مصر: مصر کے مملوک حکمران۔

مَملُوکَه:(ع)مملوک کی تانیث، ملکیت، خریدی ہوئی کنیز۔

مملُوکی: غلامی، بندگی۔

مملُوکیّت:(ع)مملوکی۔

مَملُول:(ع)جو باعث ملال ہو، جو بیزاری کا موجب ہو۔

مَمنُوع:(ع)منع شدہ، جس بات یا چیز سے منع کیا گیا ہو۔

ممنوع کردن: منع کرنا۔

ممنُوعات:(ع)ممنوع کی جمع، وہ چیزیں جو منع کی گئی ہوں۔

مَمنُوعُ الوُرُود:(ع)جہاں داخل ہونا منع ہو۔

ممنُوعیّت: مناہی، روک، جس کی ممانعت ہو۔

مَمنُون:(ع)احسان مند، شکرگزار، متشکر۔

از مساعدت شما خیلی ممنون هستم: میں آپ کی امداد کے لیے بہت شکر گزار ہوں۔

ممنون کردن: احسان مند کرنا، مرہون منت کرنا، شکر گزار ہونے کا موقع دینا۔

ممنُوناً:(ع)شکر گزاری سے۔

ممنُونیّت: شکر گزاری۔

مَمّه:(ع)چھاتی، پستان۔

مُمَهِّد:(ع) (۱)جس نے تہیہ کیا ہو، جو آمادہ ہوا ہو (۲)جس نے ترتیب دی ہو (۳)بانی، بنا ڈالنے والا۔

مُمَهَّد:(ع)ترتیب یافتہ، آراستہ۔

مَمهُور:(ع)جس پر مہرلگی ہو۔

ممهور کردن: مہر لگانا۔

مُمِیت: مارنے والا، ہلاک کرنے والا۔

مُمیِّز: (ع)تمیز کرنے والا، اچھے برے کو پہچاننے والا۔

مُمیَّز: تمیز کیا گیا، جس کی پہچان کی گئی ہو۔

مُمَیِّزَہ: ممیز کی تانیث، تمیز کی قوت، جان پہچان کی صلاحیت، شناخت۔

مُمَیِّزی: جائزہ لینا، جانچ پڑتال کرنا۔

حسابہا را ممیزی باید کرد: حساب کتاب کی جانچ پڑتال کر لینی چاہیے۔

مَن: ضمیر متکلم، میں، مجھے۔

من کتابی داد: مجھے ایک کتاب دی۔

مرا (من را) دیدند: انھوں نے مجھے دیکھا۔

مَن: وزن کی مقدار، چالیس سیر کا بٹا۔

مِن: (ع)ان میں سے بعض۔

مِنَ البَدوِ اِلی الختم: شروع سے آخر تک، آغاز سے انجام تک۔

مِن حَیثُ المَجمُوع: مجموعی طور سے۔

مَنّ: (ع)جو خداوند تعالی بخشتا ہے۔

مَنّ و سلویٰ: خوراک جو نبی اسرائیل کو آسمان سے آتی تھی۔

منا: (ع)مکہ کا ایک مقام۔

مَناب: جانشین، کسی دوسرے کی جگہ پر کام کرنے والا، کسی اور کے فرائض انجام دینے والا۔

نائب مَناب: جانشین۔

مَنابِت: (ع)منبت کی جمع، جن پر کندہ کاری کی گئی ہو۔

مَنابِر: (ع)منبر کی جمع، تقریر یا وعظ کرنے کے خاص، مقامات جہاں مقرر یا واعظ کھڑے ہو کر تقریر کرتے ہیں۔

منابِع: (ع)منبع کی جمع، سرچشمے، دہانے۔

مَنات: (ع)عرب کے ایک مشہور بت کا نام جس کی قبل از اسلام پرستش ہوتی تھی۔

مُناجات: (ع)دعا، التجا، عرض (مجازاً)، خدا کی بارگاہ میں اسے حاضر جان کر اس طرح دعا کرنا جس طرح باتیں کیا کرتے ہیں۔

مناجِق: (ع)دیکھیے منجنیق۔

مناخ: (ع)(۱)کشادہ جگہ (۲)قیام کرنے کی جگہ، جاے اقامت۔

مناخِر: (ع)منخر کی جمع، ناک کے سوراخ۔

مُنادات: (ع)اعلان، منادی۔

منادات کردن: منادی کرنا، اعلان کرنا۔

مُنادِم: (ع)ندیم، ساتھی، رفیق، ہم صحبت، ہم نشین۔

مُنادَمَت: (ع)رفاقت، معیت، ہم نشینی، ساتھ۔

مُنادی: ڈھنڈورا پٹوانا، اعلان کرنا، پکارنا۔

منادیٰ: (ع)منادی کرنے والا، اعلان کرنے والا، پکارنے والا۔

منادی گری: اعلان کرنے کا کام۔

منادِیل: (ع)مندیل کی جمع، پگڑیاں، عمامے۔

مَنار: (ع)منارہ، مینار۔

مَنارہ: (ع)مینار، برج۔

مُنازِع: (ع)نزاع کرنے والا، لڑنے جھگڑنے والا، مخالف، مخالف جماعت۔

مُنازِع فیہ: جس سے نزاع ہو، جس سے مخالفت ہو۔

مُنازَعَت: (ع)نزاع، لڑائی جھگڑا۔

مُنازَعَہ: (ع)نزاع، تنازعہ۔

مَنازِل: (ع)منزل کی جمع، گھر، قیامگا ہیں، جاہائے

سکونت۔

مُنازَلَت:(ع)دونوں طرف کے لوگوں کا میدان جنگ میں اترنا، باہم جنگ کرنا۔

مُناسِب:(ع)موزون، درست، شایان، شائستہ۔

حرف شما برای این موقع مناسب نبود:اس موقع کے لیے آپ کی بات موزوں نہ تھی۔

مناسِب بودن:موزوں ہونا، شائستہ ہونا۔

مناسِبات:دیکھیے مناسبت۔

مناسبات دوستانه:آپس داری کے تعلقات۔

مناسَبَت:(ع)تعلق، ربط، موزونیت، شائستگی۔

این دو مطلب هیچ مناسبتی با یکدیگر ندارند:یہ دونوں معاملات ایک دوسرے کے ساتھ کوئی ربط و تعلق نہیں رکھتے (مناسبات جمع)۔

بی مناسبت:غیر موزوں، بے تعلق۔

قطع مناسبت کردن:آپس داری کے تعلقات ختم کردینا۔

مناسِک:(ع)منسک کی جمع، رسوم۔

مناسک حج:حج کی خاص رسوم اور اعمال و عبادات، صفاو مروہ کے درمیان دوڑنا عرفات میں ٹھہرنا اور قربانی کرنا۔

مَناشِیر:(ع)منشور کی جمع، فرامین، نشر شدہ مسائل، اعلامیہ۔

مناص:(ع)ملجا، پناہ، پناہ گاہ، جائے فرار، گریز گاہ۔

مَناصِب:(ع)دیکھیے منصب۔

مُناصَحَت:(ع)ایک دوسرے کو نصیحت کرنا۔

مُناصَفَه:دو برابر حصوں میں تقسیم کرنا۔

مُناصَفَة:(ع)بالمنا صفہ، تقسیم کرتے ہوئے کسی مال میں سے دو برابر حصے کرنا۔

مَناط:(ع) (۱)اساس، نمونہ، مثال (۲)جس سے کوئی چیز لٹکائی جائے، کھونٹی وغیرہ (۳)دور کا فاصلہ۔

مناط:(ع)منات (بت)۔

مناطِق:(ع)منطقہ کی جمع، زمین کے گرد دائرے، حلقے ان کی قسمیں درج ذیل ہیں، (۱)منطقہ باردہ شمالی (۲)منطقۃالبروج (۳)منطقہ باردہ جنوبی (۴)منطقہ حارہ، منطقہ محترقہ (۵)منطقہ معتدلہ شمالی (۶)منطقہ معتدلہ جنوبی۔

مَناظِر:(ع)منظر کی جمع، طرب انگیز نظارے، فرحت بخش سیر گاہیں، قدرتی نظارے۔

مُناظِر:(ع)تقریریں کرنے والا، مناظرے میں شامل ہونے والا مخالف، نزاع و تکرار کرنے والا۔

مُناظَرَہ:(ع)بحث و مذاکرہ۔

یک قسمت مهم دستور انجمن ادبی را مناظره تشکیل می داد:انجمن ادبی کے دستور میں ایک اہم ترین حصہ، بحث و مذاکرہ کا ہے۔

مُناظره کردن:بحث و مذاکرہ کرنا۔

مَنّاع:(ع) (۱)منع کرنے والا، روکنے والا، کسی امر سے باز رکھنے والا (۲)ممسک، بخیل، خسیس، کنجوس۔

مَناعَت:(ع)بلند نظر ہونا، بلند پایہ ہونا، طبع عالی کا اہل ہونا، اپنے خیالات میں محکم اور استوار ہونا، بزرگ منشی، علوطبع، عالی ظرفی۔

مَناف:(ع)عرب کے ایک بت کا نام جس کی ایام جاہلیت میں پرستش ہوتی تھی۔

مُنافات:(ع)ایک دوسرے کی ضد ہونا، ایک دوسرے کے خلاف ہونا، ایک دوسرے کو دور ہٹانا۔

مُنافات داشتن:تضاد ہونا، ایک دوسرے کے

متضاد ہونا، مخالف ہونا۔

مَنافِذ: (ع)منفذ کی جمع، راستے، گزرگاہ، سوراخ۔

مُنافِر: (ع)نفرت کرنا، نفرت کرنے والا۔

مُنافَرَت: (ع)باہمی نفرت۔

مُنافَسَت: کسی چیز کے معاملے میں باہم بخل کرنا، ہم چشمی کرنا، کسی چیز کی رغبت میں ایک دوسرے سے رقابت کرنا۔

مُنافِع: (ع)منفعت کی جمع، نفع، فائدے۔

مُنافِق: (ع)ظاہر میں کچھ اور باطن میں کچھ اور، ظاہر میں دوست اور باطن مین دشمن، دو دلہ، ریاکار، مکار۔

مُنافَقَت: (ع)باطن کا ظاہر کے خلاف ہونا، ریاکاری، دورُوی۔

مُنافی: مخالف۔

مَناقِب: (ع)منقبت کی جمع، تعریف و توصیف کی نظمیں۔

مُناقَشَہ: (ع)لڑائی جھگڑا، نزاع، جمع مناقشات)۔

مناقشہ کردن: لڑائی جھگڑا کرنا، تکرار، نزاع۔

مُناقَصَہ: کم قیمت پر خریدنا اور کم قیمت پر فروخت کرنا، کم قیمت پر خریدنے بیچنے پر ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا، تنذر لے کر کم قیمت والے سے چیز خریدنا۔

مناقصہ گذاشتن: کم قیمت پر بیچنے والے سے چیز خریدنا۔

مُناقِضَہ: (ع)متناقض، ایک دوسرے کی ضد، متضاد، مخالف۔

مُناقَضَت: (ع)تضاد، مخالفت، ایک دوسرے کے خلاف بات کرنا۔

مُناقَلَت: (ع)ایک دوسرے سے بات چیت کرنا۔

مناکِب: (ع)منکب کی جمع، شانے، کندھے۔

مَناکِحت: (ع)نکاح، شادی، عروسی، ازدواج (مناکحات جمع)۔

مَنال: (ع)وہ چیز جس سے کچھ فائدہ حاصل ہو۔ مثلاً زراعت، حاصل کی ہوئی چیز، اکتساب، ملکیت۔

مال و منال: مال و ملکیت،، دولت ثروت۔

مَنام: (ع)نیند، خواب، خوابگاہ، جو چیز انسان خواب میں دیکھتا ہے۔

مَنّان: (ع)فیاض، نیکوکار، احساس کرنے والا، خداوند تعالی کی صفت۔

مَناوَبہ: (ع)نوبت بہ نوبت کام سر انجام دینا۔

مناهِج: (ع)منہج کی جمع، راستے، روشیں۔

مَناهِل: (ع)(۱)منہل کی جمع، مقامات جہاں ے پانی ملے، (۳)فیاض (۳)مزار۔

مَناہی: (ع)رکاوٹیں، جن باتوں سے منع کیا گیا ہے، ممنوعات، وہ کام جو شریعت کی رو سے ممنوع ہیں۔

مَناهیات: (ع)مناہی کی جمع۔

منائر: (ع)منارہ کی جمع۔

منایا: (ع)منیہ کی جمع، آرزوئیں، تمنائیں، خواہشیں۔

منباب: (ع)دروازے میں سے، بذریعہ۔

مُنبِت: (ع)زرخیز، حاصل خیز۔

غیر منبت: جس سے کچھ حاصل ہو۔

مُنبَت: پیدا ہونے کی جگہ، پودوں کی روئیدگی کی جگہ۔

مُنَبَّت: (ع)کندہ کاری لکڑی پر بیل بوٹوں کی نقش کاری۔

مُنَبَّت کار: کندہ کاری کرنے والا۔

منبت کاری: کندہ کاری، لکڑی پر بیل بوٹوں کی نقش کاری۔

مِنبرَ: (ع)مخصوص جگہ جہاں واعظ کھڑا ہو کر وعظ کرتا، اونچا مقام جہاں بیٹھ کر واعظ وعظ کرتا ہے۔

مُنبَسِط:(ع)(۱)چوڑا، کشادہ، وسیع، بسیط، (۲)خوش، شاداں، مسرور

مَنبعَ:(ع) دہانہ، سر چشمہ، چشمہ

منبع این رود خانہ کجاست:اس دریا یا نہر کا دہانہ کہاں ہے

مُنبَعِث:(۱)باعث ہونا، نتیجہ ہونا، (۲)برانگیختہ ہونا، مبعوث ہونا

مِن بَعد:(ع) اس کے بعد

مُنبَغی:(ع) جس چیز کی ضرورت یا خواہش ہو

منبک:درخت جس کي شاخوں سے جھاڑو بناتے ہيں

مَنیل:(ع) سست، کاہل، بیکار

مُنبِّہ:(ع)(۱)تنبیہ کرنے والا، آگاہ کرنے والا، بیدار کرنے والا (۲)الارم کلاک

مِنّت:(ع) احسان، نیکی، شکرگزاری (مِنن جمع)

منت خدای را:اللہ تعالی کے احسانات کا شکر

منت داشتن:کسی احسان پر شکر گزار ہونا

منن الہی بیشماراست:اللہ تعالی کے ہم پر بیشمار احسانات ہیں

مُتَنَبِّہ:(ع) آگاہ، ہوشیار، بیدار

مُنتج:نتیجہ خیز، نتیجہ دلانے والا، سود مند، مفید

صحبت آنہا منتج بہ نزاع شد:ان کی گفتگو کا انجام لڑائی پر ہوا

مُنتَجِب:(ع) برگزیدہ، ممتاز

مُنتَجَع:(ع) چراگاہ

مُنتحِر:(ع) خودکشی کرنے والا

مُنتَحِل:(ع) کسی کے خیال یا مضمون کا سرقہ کرنا

مُنتَخَب:(ع) انتخاب کردہ، برگزیدہ، چنا ہوا

منتخب کردن:انتخاب کرنا

مُنتَخِب:(ع) انتخاب کرنے والا (منتخبین جمع)

مُنتَخَبات:منتخب کی جمع، انتخابات

ہئیت منتخبہ:انتخاب کرنے والے

مِنت دار:احسان دار، جس پر احسان کیا گیا ہو

مَنتَر:جادو، ٹونا ٹوٹکا، افسون

منتر کردن:رام کرنا، مطیع کرنا، افسون کرنا

منتَزع:(ع)(۱)اکھڑا ہوا، جدا شدہ

مُنتَسِب:(ع) منسوب، جس کی کسی کے ساتھ نسبت ہوئی ہو، منگنی ہو گئی ہو

مُنتشا:عصا جو درویشوں کے ہاتھ میں ہوتا ہے

مُنتَشِر:(ع)(۱) نشر کیا گیا، شائع کیا گیا، اشتہار وغیرہ کے ذریعے اعلان کیا گیا (۲)پراگندہ

مُنتشر کردن:شائع کرنا، نشر کرنا

کتاب شما کی منتشر می شود:آپ کی کتاب کب شائع ہو گی

مُنتَصَب:(ع) نصب ہونا، کام پر لگنا

مُنتَصِر:(ع) نصرت یافتہ، فتح مند، فاتح، فتح کا خواہشمند

مُنتَصِف:(ع) نصف حصہ

منتصف النہار:(ع) نصف النہار، وہ فرضی خط جو ایک قطب سے دوسرے قطب تک کھینچے جائیں، دوپہر کا وقت جب سورج، سر پر آئے

مُنتَظِر:(ع) انتظار کرنے والا، انتظار کرنا

منتظر بودم کہ یارم با کتاب آمددرون:میں انتظار ہی میں تھا کہ میرا دوست کتاب لیے اندر آیا

منتظر شدن:انتظار کرنا

مُنتَظَر:(ع) جس کا انتظار کیا جائے

مُنتَظِم:(ع) انتظام کرنے والا، ترتیب دینے والا

مُنتَظَم:(ع) ترتیب سے رکھی گئی چیزیں

اشیای غیر منتظم:بے ترتیب پڑی ہوئی چیزیں

مُنتَعِش:(ع) خوش، خوشحال، عیش و راحت سے زندگی بسر کرنے والا

مُنتَفِع:(ع) نفع حاصل کرنا، نفع حاصل کرنے والا،

منتفع شدن:فائدہ حاصل کرنا

مُنتَفی:(ع)نیست و نابود

منتقِد:(ع) نقاد، تنقید کرنے والا

مُنتَقِل:(ع) مقام تبدیل کرنا، ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا

منتقل ساختن:تبدیل کرنا

منتقل شدن:تبدیل ہونا

مُنتَقِم:انتقام لینے والا

مُنتکِس:(ع) سرنگوں، نگونسار

مِنّت گُذار:مہربانی کرنے والا

مُنتَہا:(ع) انتہا

منتہای آرزویش این بود:اس کی انتہائی خواہش یہ تھی

منتہای مراتب:انتہائی درجے

مُنتَہِز:(ع) فرصت کو غنیمت سمجھنے والا

مُنتَہِک:(ع) رنج اور آزار دینے والا

مُنتَہی:(ع) ختم کرنا، انجام تک پہنچنا، ختم ہونا

منتہی شدن:ختم ہونا، انجام تک پہنچنا

کارایشان منتہی به نزاع شد:ان کے کام یامسئلے نے آخر میں نزاع کی صورت اختیار کرلی

مُنتہی اِلیه:(ع) آخر، آخری حد

منتہی درجه:انتہا درجے کا، سب سے بلند درجہ، بلند ترین درجہ

مُنتَہیُ الجُمُوع:(ع) جمع الجمع جیسے رسم سے رسوم اور رسوم سے رسومات اسی طرح وجہ سے وجوہ اور پھر وجوہ سے وجوہات

مَنثُور:(ع) نثر میں لکھا ہوا

داستانِ منثور:نثر میں لکھی ہوئی داستان

شعرِ منثور:شعر جو نثر کی صورت میں ہو

نظم منثور:نثری نظم

مَنثُوراً:(ع) نثر میں

مُنج:(ع) مکھی، بھڑ، شہد کی مکھی:

مِنجانِب:(ع) طرف سے، از جانب

مِن جانب اللّٰه:اللہ کی طرف سے

مُنجَذِب:(ع) جذب شدہ، کھنچا ہوا، مجذوب

مُنجر:(ع) کھینچا گیا، کشیدہ، آخر تک پہنچا، انجام تک پہنچا ہوا

مُنجَز:جس کی حاجت پوری ہوئی ہو، بامراد

مَنجِک:شعبدہ

مِنجَل:(ع) درانتی

مَنجِلاب:(۱)گندہ پانی، جمع شدہ ٹھہرا ہوا پانی (۲)بدر رو، گندگی کا گڑھا

مُنجَلی:(ع) صاف، ظاہر، آشکار، واضح، روشن

مَنجَم:(ع) واضح راستہ

مُنجِّم:(ع) نجومی، ستارہ شناس، ستاروں کا علم جاننے والا، (منجمین جمع)

منجّم باشی:علم نجوم جاننے والوں کا افسر اعلی

مُنجَمِد:(ع) جما ہوا

منجمد ساختن:منجمد کرنا، جمانا

منجمد شدن:جم جانا

منجُمله:تمام، سب کے سب

مَنجنیق: فلاخن، گوپیا، سنگ اندازی کا آلہ

منجُوق: پرچم کے اوپر کے کنارے پر لگانے والا نشان، شیشے کے موتی جو زنانہ لباس پر لگائے جاتے ہیں

مُنجی: (ع) نجات دلانے والا

مُنحَدِر: (ع) اوپر سے نیچے آنا

مُنحَرِف: (ع) برگشتہ ہونے والا، بات سے پھر جانے والا، سرکش

مُنحَرِف شدن: بات سے پھر جانا، برگشتہ ہو جانا

مُنحَصِر: (ع) انحصار کیا گیا، وابستہ

مُنحَطّ: انحطاط، کمی ہونا، نیچے آنا، پست ہونا

مُنحَلّ: (۱) حل شدہ، تحلیل کرنا (۲) بے ترتیب ہونا تحلیل ہونا

منحل شدن: تحلیل ہونا، سبکدوش ہونا

مُنحَنی: (ع) خمیدہ، تیڑھا، کج، جھکا ہوا

پیرمرد منحنی: خمیدہ قامت بوڑھا شخص

مَنحُوت: (ع) جسے تراشہ گیا ہو

مَنحُوس: (ع) بد بخت، بد نصیب، برا، زشت، مکروہ

مَنحول: (ع) کسی دوسرے کے شعر اپنے نام سے پیش کرنا

مِن حَیثُ المجمُوع: (ع) مجموعی طور سے

منخِر: ناک کا سوراخ (منخرین جمع)

مُنخرِم: بینی بریدہ، جس کی ناک کٹی ہو

مُنخَسِف: (ع) خسوف، چاند گرہن لگنا

مُنخفِض: نیچے آنا، نشیب میں گرا ہوا، پست شدہ

مَند: لاحقے کے طور آتا ہے مثلاً:

خِرد مند: عقل مند

سود مند: جس سے کچھ فائدہ ہو

مَنداب: (ع) پودوں کی ایک قسم جس کے دانوں سے تیل نکالتے ہیں

من درآوردی: جو ایجاد ہوا، جو تخلیق ہوا

مُندَرِج: جو درج ہوا ہے، جو لکھا گیا ہے

اخبار شگفت آور درآن مندرج بود: تعجب خیر خبریں اس میں درج تھیں

کتابہای مندرجہ ذیل: کتابیں جو ذیل میں درج ہیں

مُندرجات: چیزیں جن کا اندراج ہو، فہرست

مُندَرِس: (ع) کہنہ، پرانا، فرسودہ، کٹا پھٹا

مندرس شدن: پرانا ہو جانا

لباس مندرس: فرسودہ لباس

مِندَف: (ع) روئی دھننے کی کمان

مُندَفِع: رد کیا گیا، دفع کر دیا گیا، ہٹا دیا گیا

مَندک: پست، کم تھوڑا

مَندَل: مندلہ، دائرہ جو خواہش مند اپنے گرد زمین پر کھینچتے ہیں اور دائرے کے اندر بیٹھ کر دعا یا افسوں کرتے ہیں

مُندَمِج: (ع) داخل ہونے والا

مَندُوب: (ع) جسے انتخاب کیا گیا ہو، جسے مقرر کیا گیا ہو، جسے ذمے داری سپرد کی گئی ہو

مَندُور: (ع) غمناک، اندوہگین، بد نصیب، درماندہ

مَندہ: کوزہ، پیالہ، جام

مَندِیل: (ع) دستار، عمامہ، پگڑی

مُنذِر: (ع) نصیحت کرنے والا، ڈرانے والا، خوف دلانے والا

مَنذُور: جو چیز راہ خدا میں نذر کر دی گئی ہو

مُنزَجِر: (ع) تنفرآور، ناگوار، خلاف طبیعت

مَنزِل: (ع) گھر، خانہ، قیامگاہ، ٹھکانا، مرحلہ، منازل جمع

منزلِ شما کجاست: آپ کا گھر یا قیامگاہ کہاں ہے

منزل کردن: ٹھہرنا، قیام کرنا

منزل گرفتن: قیام کرنا، اقامت کے لیے جگہ کا انتخاب کرنا

در دو ساعت بمنزل اول رسیدیم: دو گھنٹوں میں ہم (سفر کے) لیے پہلے مرحلے میں پہنچے

مسافر منزل ندارد: مسافر کا کہیں ٹھکانا نہیں

مُنزَل: (ع) جس کا نزول ہوا ہو

کتابِ منزل: قران مجید جو خدا کی طرف سے نازل ہوا

وحیِ منزَل: وحی جس کا نزول ہوا

مَنزِلت: (ع) توقیر، اعزاز، عزت، وقعت

منزِل گاہ: قیامگاہ، جہاں سکونت ہو

مُنزَوی: (ع) سبکدوش، تنہا، زاویہ نشین، گوشہ نشین

منزوی شدن: سبکدوش ہو جانا، زاویہ نشین ہونا

مُنزّہ: (ع) پاک، پاکدامن، عیبوں سے پاک

مُنسَجِل: (ع) رجسٹری شدہ

مُنسَحِب: (ع) پیچھے بیٹھا ہوا

مُنسَد: (ع) مسدود، روکا گیا، بند کیا گیا، جس کا آنا جانا موقوف یا مسدود ہو

مُنسرَح: علم عروض میں ایک بحر "مستفعلن مفعولات مستفعلن مفعولات"

مَنسِک: حج کی رسم، حج کی عبادت کا طریقہ، قربانی کرنے کی جگہ، دیکھیے مناسک

مُنسَلِک: پرویا ہوا، شامل

مَنسِم: (ع) جانوروں کے ناخن، نیز بمعنی، علامت، راہ و روش

مَنسُوب: (ع) جس سے نسبت یا تعلق ہو

منسوب کردن: نسبت دینا، تعلق سمجھنا

ہرکہ بقمار خانہ برود بقمار بازی منسوب گردد: جو شخص جوے خانہ میں جاتا ہے وہ قمار باز ہی سمجھا جاتا ہے

مَنسُوبِیّت: منسوب ہونا، رشتے داری، قرابت داری

مَنسُوج: (ع) بُنا ہوا

مَنسُوجات: بنی ہوئی اشیا

مَنسُوخ: (ع) مسترد کیا گیا، ترک کر دیا گیا

منسوخ شدن: ترک کر دیا جانا

منسوخ کردن: ترک کر دینا

منسوخِیّت: ترک، رد، استرداد

مَنسِی: جو فراموش ہو گیا ہو

مَنِش: (۱) طبیعت، فطرت، سرشت (۲) خوش خلقی (۳) رغبت، میلان (۳) لاحقے کے طور پر بھی آتا ہے

بزرگ منش: اولوالعزم، عالی ہمت، عالی ظرف، بلند نظر، بلند فطرت

درویش منش: درویش کی سی فطرت والا

مَنشا: (ع) اصل، اساس، بنیاد، سر چشمہ، پیدا ہونے کی جگہ، پرورش کی جگہ

مُنشاء فساد: فساد کی بنیاد

مُنشآت: (ع) انشا، تحریر، مراسلت، ادبی تحریریں

مِنشار: (ع) آری، آرا جس سے لکڑیاں چیری جاتی ہیں

مِنشاری: دندانہ دار، آرا نما

مِنشال، مِنشل: (ع) لوہے کی کھونٹی جس پر کوئی چیز لٹکاتے ہیں

مُنشَرِح: (۱) کھلا ہوا، روشن (۲) خوش، دلشاد، شادمان

مُنشَعِب: جس کے شعبے یا شاخیں ہوں، شعبہ دار، جدا شدہ

مُنشَفَہ: حمام کا لباس

مُنشَق:(ع) منقسم، شگافتہ، جداشدہ

مَنشُور:(ع) نشر شدہ، فرمان، اعلامیہ، مناشیر جمع

مَنشُوری:منشور سے متعلق

مُنشی:(ع) سیکرٹری، معتمد، محرر، دبیر، نویسندہ

منشی گری:سیکرٹری وغیرہ کا منصب

مَنصَب:(ع) مرتبہ، درجہ، عہدہ، عظمت، حرمت، شان، بلند درجہ، معزز عہدہ

صاحبانِ منصب:بڑے مرتبے کے لوگ

مَنصَب دار:بلند درجہ رکھنے والا، باعظمت

مُنصَرِح:(ع) صریح،صاف، واضح، جس کی تصریح یا وضاحت ہوی ہو

مُنصَرِف:(ع) خیالات بدل لینے والا، ایک بات پر قائم نہ رہنے والا

منصرف شدن:اپنے خیالات بدل لینا، متفق ہونے کے بعد کسی بات کے خلاف مشورہ دینا

مُنصَعِق:(ع) برق زدہ، جس پر بجلی گری ہو جو صاعقہ کی زد میں آیا ہو

مُنصِف:(ع) انصاف کرنے والا، عدل کرنے والا

منصِفانہ:انصاف سے، ازروی انصاف

مَنصُوب:(ع) نصب شدہ، مقرر کیا گیا

منصوب شدن:مقرر ہونا، نامزد ہونا

منصُوب کردن:مقرر کرنا، نامزد کرنا

منصوب گردیدن:مقرر ہونا

منصُور:(ع) فاتح، ظفر یافتہ

مَنصُوری:ایرانی موسیقی کی ایک راگنی

مَنصوری:(ع) منصوریت

مَنصوریَت:(ع) فتح و ظفر، غیبی امداد

مَنصُوص:(ع) بات جو نص سے کہی گئی ہو، جو بات تحقیق سے ثابت ہو

منصَّہ:(۱)نمائش کی جگہ، ظاہر ہونے کی جگہ (۲)عروس کا تخت (۳)پیشانی

منصَّہٴ ظہور آوردن:پوری طرح ظاہر کرنا

مُنضِج:پھوڑے کا پک جانا

مُنضَم:(ع) ملا ہوا، ضمیمہ جس کے ساتھ ہو

منضم کردن:ملانا، شامل کرنا، ملحق کرنا

مُنطَبِخ:(ع) مطبوخ، پکائی ہوئی خوراک وغیرہ

مُنطَبِع:شائع شدہ

مُنطَبِق:(ع) مطابق ہونا، مساوی ہونا، برابر ہونا، جس سے مطابقت کی گئی ہو

مُنطَفِی:(ع) بجھا ہوا

مَنطِق:ایک علم جس میں استدلال سے کام لیا جاتا ہے

اظہاراتش منطق نداشت:اس کے بیانات میں دلائل نہ تھے

مَنطِقاً:(ع) دلائل کے ساتھ

منطق دان:علم منطق جاننے والا

مَنطِقُ الطَّیر:پرندوں کی آواز، صوفیہ کی اصطلاح میں ضمیر کا تقاضہ خواجہ فریدالدین عطار کی مشہور کتاب "منطق الطیر" ہے جس میں پرندوں کے سفر کے حالات ہیں جس میں پرندے بادشاہ کی تلاش میں نکلتے ہیں

مِنطَقَہ:(ع) دائرہ، حلقہ، کمر بند

منطقۂ باردہ:وہ دائرہ جہاں آفتاب نہ پہنچنے کی وجہ سے برف جمی رہتی ہے

منطقة البروج:آسمان کا وہ دائرہ جس میں بارہ برج واقع ہیں

منطقہ حارہ یا منطقہ محرور:سطح زمین کا وسطی حصہ، راس السرطان اور راس الجدی کے درمیان کی سر زمین جہاں گرمی شدت کی پڑتی ہے

منطقه معتدله: وہ دائرہ جہاں گرمی اور سردی اعتدال سے ہوتی ہے

منطقی: استدلالی، علم منطق جاننے والا (منطقیون جمع)

مُنطلِق: (ع) آزاد کیا گیا، چھوڑ دیا گیا

مُنطمِس: (ع) محو ہونے والا، غائب ہونے والا، نا پدید ہونے والا

مَنطُوق: (ع) جو بات کہی گئی ہے، ظاہر سخن

مُنطوِی: (ع) پیچیدہ، مبہم، غیر واضح

مِنطِیق: (ع) فصیح و بلیغ خوش بیان

مَنظر: (ع) دیکھنے کی جگہ، سیرگاہ، حد نظر، نظارہ

خوش منظر: جہاں کا نظارہ دلکش ہو

کریہہ منظر: جسے دیکھنے سے کراہت ہو

مَنظرَہ: (ع) قدرتی مناظر

منظرہ وسیع و مسلسل: قدرتی مناظر جو مسلسل دور دور تک نظر آتے ہیں

مُنظّم: (ع) تنظیم شدہ، وہ شے جس میں نظم و ترتیب ہو

منظم کردن: نظم و ترتیب قائم کرنا

ساعات کار را باید منظم کرد: کام کرنے کے اوقات کو ترتیب دے لینی چاہیے

مُنظّماً: (ع) نظم و ترتیب کے ساتھ

مَنظُور: (ع) پسندیدہ، جسے اچھا سمجھا گیا ہو، ملحوظ خاطر، مقصد

منظورِ او ازین مسافرت چہ بود: اس سیاحت سے اس کا مقصد کیا تھا

منظور داشتن: نظر میں رکھنا، زیر نظر رکھنا

منظور نظر: پسندیدہ

مَنظُوم: (ع) نظم میں بیان کیا گیا

منظوم کردن: نظم میں بیان کرنا

داستان منظوم: نظم میں بیان کی گئی داستان

مَنظُومَہ: نظم، نظم میں ادا کیا گیا خیال

مَنع: (ع) روکنا، کسی چیز سے باز رکھنا، ممانعت

منع کردن: روک دینا، مخالفت کرنا

حکومت پاکستان شراب نوشی را منع کردہ است: حکومت پاکستان نے شراب نوشی کو ممنوع قرار دیا ہے

منع استعمال مشروبات: مشروبات کے استعمال کی ممانعت

مُنعَدِل: (ع) راہ مستقیم سے ہٹ جانے والا، گمراہ شخص

مُنعَدِم: تباہ شدہ، فنا شدہ، صفحہ ہستی سے مٹا ہوا، غائب شدہ

منعدم کردن: نیست و نابود کر دینا، منہدم کرنا،

مُنعَطِف: (ع) مڑنے جھکنے والا، توجہ کرنے والا

مُنعَطف شدن: مڑنا، جھکنا، متوجہ ہونا

مُنعَقِد: (ع) انعقاد پانے والا، آغاز ہونا

جلسہ را ساعت چہار منعقد کردند: چار بجے جلسے کا آغاز ہوا

مُنعَکِس: (ع) عکس پڑنا، عکس قبول کرنے والا

آئینہ نور را منعکس می سازد: آئینہ روشنی کا عکس ڈالتا ہے

مُنعِم: (ع) نعمتیں عطا کرنے والا، بخشش کرنے والا

منعم بکوہ و دشت و بیابان غریب نیست: نعمتیں بخشنے والا پہاڑ میں اجنبی ہے نہ دشت میں اور نہ بیابان میں سب اس کی نعمتوں سے آگاہ ہیں

منعِم حقیقی: پروردگار جس کی نعمتیں ہر شخص کو پہنچتی ہیں

مُنعَم:(ع) جسے نعمت عطا ہوئی ہو، تونگر، مالدار

مُنغر:ساغر، جام، پیالہ، جام شراب

مُنغّص:(ع) مکدر، کبیدہ خاطر، ملول، ناخوش

منغص کردن:مکدر کرنا، پریشان کرنا

مُنغمِس:(ع) پانی میں ڈوب جانا، غرق ہو جانا

مُنفاق:(ع) زیادہ خرچ کرنے والا

مُنفَتِح:(ع) مفتوح، جس پر فتح پائی گئی ہو

مُنفَجِر:(ع) پھٹا ہوا، کھلا ہوا

منفجر شدن:پھٹ جانا، کھل جانا

مِنفَخ:(ع) دھونکنی، اشتعال کے ذرائع

مَنفَذ:(ع) سوراخ، جہاں سے کوئی چیز نفوذ کر سکے کھڑکی، راستہ

منفرِج:کھلا ہوا، کشادہ

مُنفرِج الزاویہ:وہ زاویہ جو نوے درجے سے زیادہ ہو

منفرِد:(ع) تنہا، اکیلا، غیر شادی شدہ

منفرداً:(ع) انفرادی طور سے

مَنفَس:(ع) ہوا کے آنے جانے کا راستہ، محل تنفس

مُنفَسِخ:(ع) جو فسخ ہو گیا ہو، لغو، باطل، جس کا اثر خود بخود زائل ہو گیا ہو

مُنفَصِل:(ع) جدا جدا ہونا، الگ ہو جانا، موقوف ہونا

منفصِل کردن:موقوف کر دینا، الگ کر دینا

مُنفَط:(ع) چھالا پڑا ہوا

مَنفَعَت:(ع) نفع، فائدہ، منافعہ

منفعت بردن:فائدہ اٹھانا

منفعت داشتن:فائدہ ہونا

این معامله منفعتی ندارد:اس معاملے میں کوئی فائدہ نہیں

با منفعت:فائدہ مند

چه منفعت ازین کار خواہید برد:اس کام میں تمہیں کیا فائدہ ہو گا

مَنفَعَت بخش:جس سے فائدہ ہو

منفَعَت پرست:نفع کا پجاری، خود غرض، لالچی حریص

مُنفَعِل:(ع) شرمسار، نادم، خجل

منفعل کردن:شرمسار کرنا

مُنفِق:(ع) اپنی دولت بے دریغ خرچ کرنا، خیرات دینے والا، مخیر

مَنفَک:(ع) الگ، جدا، جدا ہونا، ہٹا دیا جانا (جیسے کہ ملازمت سے)

منفک شدن:الگ ہو جانا

مَنفُور:(ع) جس سے نفرت ہو

او منفور عامه بود:اس سے عام لوگ نفرت کرتے تھے

مَنفُوریّت:نفرت

مَنفی:(ع) منہا کیا گیا، کم کیا گیا، نفی کیا گیا خارج کیا گیا

منفی باف:منفی پسند، وہ شخص جو مسلمہ عقائد سے انحراف کرے اور خود ان کی جگہ کوئی دوسرے عقائد پیش نہ کرے

منفی بافی:منفی پسندی، مسلمہ عقائد سے انحراف و انکار

مُنَقّا:(ع) جسے پاک کیا گیا ہو، پاکیزہ

مُنقاد:(ع) مطیع، فرمان بردار

مِنقار:(ع) چونچ

منقارالغراب:(ع) کوے کی چونچ

مِنقار دار:چونچ رکھنے والا

مِنقاش:(ع) نقاشی کا آلہ، موچنا، جس سے بال نوچے جاتے ہیں

مَنقَبَت:(ع)(۱)نیکی، خوبی، اچھائی، اعلی درجے کی ذہنی قابلیت (۲) تعریف و توصیف

مُنقَبِض:(ع) جسے قبض کی شکایت ہو، انقباض، پیچ و تاب، اینٹھن، تنگی، سمٹا ہوا، سکڑا ہوا

مُنَقّح:(ع) تنقیح شدہ، صاف، صاف کیا گیا، صاف کرنے والا

مُنقِذ:(ع) نجات دلانے والا، رہائی دلانے والا

مُنقَرِض:(ع) زیر و زبر کیا گیا، خاتمہ ہونا یا نا پید ہونا

منقرض کردن:تہ و بالا کرنا، گرانا، کچلنا

مُنقَسِم:(ع) تقسیم کیا گیا

منقسم کردن:تقسیم کرنا

مُنَقّش:(ع) جس سطح پرنقش و نگار کیے گئے ہوں، جس پر تصویریں بنائی گئی ہوں

منقش کردن:نقش و نگار بنانا

مُنقَصَت:(ع) کمی، کوتاہی، نقص، فقدان

مُنقَضی:(ع) وقت گزر گیا، وقت ختم ہو گیا

منقَضی شدن:وقت گزر جانا

وقت منقضی خواہد شد:وقت گزر جائیگا، وقت تمام ہو جائیگا، میعاد ختم ہو جائیگی

مُنقَطِع::(ع) کٹا ہوا، قطع کیا گیا

منقطع کردن:قطع کرنا، کاٹنا

مَنقَع:(ع) دریا، وہ جگہ جہاں گرداب نمایاں ہوتے ہیں

مَنقَل:(ع) انگیٹھی، دھکتے ہوئے انگارے اٹھانے کا طباق، آتشدان

مُنقَلِب:(ع)(۱)الٹنا، بدلنا، برگشتہ ہونا، (۲)متاثر ہونا

ثروت و مقام او را منقلب کردہ است: دولت اور منصب نے اسے بدل ڈالا ہے

کلماتش انسان را منقلب می سازد:اس کےالفاظ انسان کو متاثر کر دیتے ہیں

مَنقُور:(ع) جس میں کندہ کاری کی گئی ہو

مَنقُوش:(ع) جسے منقش کیا گیا ہو، جس پر نقش کندہ کیے گئے ہوں

منقُوط:نقطہ دار

منقُول:(۱)نقل شدہ، نقل کیا گیا (۲)کوئی چیز جو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائی گئی ہو

منقُولات: ملکیت کی چیزیں جو کسی دوسری جگہ لے جائی جا سکیں، وہ کتابیں جن میں منقول سے بحث کی گئی ہو، جن میں صرف ان باتوں سے بحث کی گئی ہو جو دوسروں نے بیان کی ہیں

مُنَقّی:مُنَقّا صاف کیا ہوا، مصفا

مُنَقّی:صاف کرنا، تزکیہ کرنا

مَنکِب:شانہ، کندھا، بغل

مُنکَدِر:(۱)گدلا (پانی وغیرہ) میلا (رنگ) (۲)ستارے کی طرح غروب ہونا

مُنکِر:انکار کرنے والا

منکر شدن:انکار کر دینا

حقائق اولیہ راہم او منکر است:وہ ابتدائی حقائق سے بھی انکاری ہے

مُنکَر:(ع)(۱)براکام، نا شائستہ کام (۲)جس سے انکار کیا گیا ہو (۳)جسے اجازت نہ دی گئی ہو، جسے منع کیا گیا ہو (۴)خطا کار، گنہکار (۴)دو فرشتوں میں سے ایک منکر و نکیر

مُنکَرات:منع کی گئی چیزیں

مُنکَسِر:(ع) جس کی طبیعت میں انکسار ہو شکستہ،

ٹوٹا ہوا، پریشان حال شکستہ خاطر عاجز، مسکین، متواضع

مُنکسِف:(ع) کسوف، آفتاب کا گرہن ہونا

مُنکشِف:(ع) کھلنے والا، کھلا ہوا، ظاہر، آشکار

منکشف کردن:ظاہر کرنا

مَنکُوب:(ع) بد بخت، مصیبت زدہ، پریشان حال بے بس، بینوا، جس کا کوئی پرسان حال نہ ہو

مَنکُوحہ:عورت جس کا نکاح ہو چکا ہو

مَنکوس:(ع) سرنگوں

مَنگ:(۱)روش، قاعدہ (۲)لاف و گزاف (۳)شاہدانے کا بیج، بھنگ

مَنگ:احمق، کم ہوش، چور رہزن

منگ:قمار خانہ، جوا خانہ

منگ:(منگیدن، بزبزانا) منہ ہی منہ میں بولنا، بزبزاہٹ

منگ:شہد کی مکھی

مَنگل:(۱)لوہے کی نلکی جو پانی داخل کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے (۲)چور، ڈاکو

مَنگلہ:دیکھیے منگول

مَنگنہ:آل جس سے کاغذوں وغیرہ میں سوراخ کرتے ہیں، دبانے والا آل

منگنہ آبی:چرخی جو پانی کے بہاؤ سے چلتی ہے اور پانی اوپر آتا ہے

مَنگوش:گوشوارہ

مَنگولہ:(۱)پھندنا، جھالر، پودوں کا پھولوں کا گچھا (۲)فیتہ جو کتاب میں نشان کے لیے لگایا جاتا ہے

مَنگیا:قمار خانہ

مَنگیاگر:قمار باز، جوے خانہ کا مالک

مَنگیدَن:بزبڑانا، منہ ہی منہ میں باتیں کرنا

مِن لَدُن:نزدیک سے، طرف سے

مَنَم:ڈینگ مارنا، شیخی بگھارنا، خود ستائی کرنا

مَنَم زدن:ڈینگیں مارنا، شیخی بگھارنا، کسی چیز کی ملکیت پر فخر کرنا

مُنَمَّش:(ع) چھوٹے چھوٹے داغ دھبے جو کسی کے بدن یا چہرے پر ہوں

منَ مَن:بزبزاہٹ

من من کردن:بزبزانا

مِنَن:منت کی جمع، نعمتیں، عنایات

مِنَن الٰہی بیشمار است:اللہ تعالی کی نعمتیں شمار میں نہیں آسکتیں

مَنُو:مینو، بہشت، جنت

مِنوال:(ع) ترتیب، روش، طرز، طریق، اسلوب

مَنُوب:(ع) جسے نیابت یا جا نشین ملا ہو

مِنوچہر:مینوچہر کا مخفف ہے، بہشت جیسے چہرے والا، ایران کے پیشدادی خاندان کے بادشاہ ایرج کا بیٹا، جو فریدوں کا جانشین ہوا

مِنوچہری:ایک فارسی شاعر کا نام

مُنَوَّر:(ع) نورانی، روشن، تابناک (۲)تعظیمی، تکریمی صفت

منور کردن:روشن کرنا

مُنوِّر:(ع) روشن کرنے والا

مُنَوِّر الفِکر:(ع) ذہن کو روشن کرنے والا

منور القَلب:(ع) دل کو روشن کرنے والا، بصیرت کی قوت دینے والا

منوَّرہ:(ع) منور کی تانیث، نورانی، نور افشان

مدینہ منورہ:مدینہ کی تعظیمی اور تکریمی

صفت

مَنُوط:(ع) منحصر، انحصار، وابستہ

مَنُوط بہ تصویب ہیئت است:اس کا انحصار کونسل کے فیصلے پر ہے

مَنُوم:(ع) خواب آور، عمل توجہ کا عامل

مَنُون:(ع) مرگ، موت، اجل

مُنَوَّن:(ع) جس حرف پر تنوین ہو مثلاً وقتاً فوقتاً

مَنوی:(ع) مقصود، مقصد، نیت، ارادہ

منوی:(ع) منی سے متعلق

منہ:(ع) اس سے

منہا:(ع)(۱)اس عورت کی طرف سے (۲)تفریق

منہا کردن:تفریق کرنا

منہاج:راہ راست، طور، طریقہ، راہ، کھلا راستہ (منہج جمع)

مُنہَبِط:(ع) گرنا، نیچے اترنا

مُنہَتِک:(ع) پھٹا ہوا، جس میں شگاف ہو، جس کا پردہ چاک ہو گیا ہو، بے آبرو

مَنہج:(ع) راہ راست، کھلا راستہ

مُنہَدِم:(ع) تباہ و برباد، انہدام

منہدم کردن:تباہ کر دینا

مَنہر:نہر کی وہ جگہ جہاں سے پانی کھال میں لایا گیا ہو

مُنہزِم:(ع) شکست خوردہ، ہزیمت خوردہ،جسے شکست ہوئی ہو

منہزم کردن، منہزم ساختن:شکست دینا

مُنہضِم:(ع) ہضم شدہ غذا، تحلیل شدہ

مُنہتِک:(ع) ضعف، نقص

مَنہَل:(ع)(۱)وہ جگہ جہاں سے پانی ملے (۲)فیاضی، سخاوت (۲)مقبرہ، مناہل جمع

مُنہمِک:(ع) کام میں محو

مَنہُوب:(ع) غارت شدہ، برباد

مَنہُوم:(ع) کھانے کا حریص

مُنہی:(ع) مخبر، خبر دینے والا، آگاہ کرنے والا

مَنہی:(ع) جس چیز کی ممانعت ہو، ممنوع کام (منہیات جمع)

مَنہیات:شرع میں ممنوع چیزیں

مَنی:(ع) نطفہ

منی:خود غرض، خود رائے ہونا، متکبر، مغرور، خودستا

منی کردن:خود رای کرنا، خود ستائی کرنا، ڈینگیں مارنا

مُنیب:(ع) توبہ و زاری کرنے والا

مُنیت:(ع) خود رائی، خود پسندی، ڈینگ، شیخی

مَنیت:(ع) مرگ، موت (منایا جمع)

مُنیت:(ع) خواہش، تمنا، آرزو

مُنیر:(ع) روشن، تابناک

مہر منیر:تابناک سورج

مُنیژہ:افراسیاب کی بیٹی کا نام

مَنیع:(ع) نا قابل عبور

مقام منیع:بلند مقام جہاں تک رسائی نہ ہو سکے

مُنیف:(ع) بلند ترین مقام، مرتفع

مُنیہ:(۱)منیت (۲)خود رائی، خود پسندی، خود ستائی

مُو:(۱)بال (۲)درز، شگاف (۳)انگور کا پودا

مُو از ماست کشیدن:انتہائی غور و خوض کرنا

مُوی انبوه: گھنے بال

مُوی دماغ: ناک کا بال

موی دماغ کسی شدن: کسی کے ناک کا بال بننا، کسی کے لیے پریشانی کا باعث بننا

مُوزدن: بال کاٹنا

مُوی سررا درست کردن: بالوں کی اصلاح کرنا

مُوشکافتن: موشگافی کرنا

مو کندن: بال نوچنا

موی مُجَعَد: گھنگھریالے بال

بشقاب چینی مودارد: چینی کی پلیٹ میں درز آگئی ہے

مَوات: وہ چیز جس میں جان نہ ہو، غیر مزروعہ اراضی، بنجر زمین

مُوبہ مُو: تفصیل سے

مواز زبانم در آرد، زبانم مو درآمد: باتیں کرتے کرتے میں تھک گیا

مو بر بدنم راست شد: میرے جسم پر رونگٹے کھڑے ہو گئے

موشگافی: بال کی کھال اتارنا

مواثِق: (ع) میثاق کی جمع، عہد و پیمان، قول و قرار

مواثِقت: (ع) معاہدہ، عہد و پیمان

مَوّاج: (ع) (۱) لہریں لینے والا، موجیں مارنے والا، (۲) لہروں کی طرح چڑھنا، اترنا

مَواجب: (ع) تنخواہ، مشاہرہ، اجرت

مواجِب خوار، مواجب خور: تنخواہ دار، وظیفہ یاب، وظیفہ خور

مواجِہ: (ع) روبرو ہونا، آمنے سامنے ہونا، ملنا

مواجہ شدن: ملنا

با دو اشکال مواجہ شدم: مجھے دو مشکلات کا سامنا ہوا

مَواجَہۃ: آمنا سامنا

تا آن وقت ہرگز با او مواجہہ نکردہ بودم: اس وقت تک کبھی میرا اس کا آمنا سامنا نہ ہوا تھا

مَواخات: (ع) بھائی چارہ کرنا، برادری

مَواخِذ: (ع) حساب مانگنے والا، باز پرس کرنے والا، تنبیہ یا سرزنش کرنے والا

مَواخَذ: (ع) باز پرس، جواب طلبی، گرفت

مواخذہ کردن: باز پرس کرنا، حساب مانگنا

مَواد: (ع) ہر چیز کی اصل، کسی چیز کی تیاری کا سامان

مواد: مایہ، اجزای ترکیبی، اجزا، عناصر

مواد خام: کسی چیز کی تیاری کے لیے خام مادہ

مواد غذائی: خوراک کا سامان

موادَعَت: (ع) دشمنی ترک ہو جانا، صلح صفائی ہو جانا

موارَبَت: (ع) مکر، فریب، حیلہ

مُوارِث: (ع) میراث کی جمع

مَوارِد: (ع) مورد کی جمع، وارد ہونے کی جگہیں، مواقع، صورت حالات

مَوازات: (ع) متوازی ہونا، روبرو ہونا، برابری حاصل ہونا

مَوازِن: (ع) وزن میں برابر ہونا

موازَنَہ: (ع) جانچنا، اندازہ کرنا، وزن کرنا

مَوازی: (ع) متوازی، دو خطوں کا متوازی ہونا، روبرو، برابر

مَوازِین: (ع) میزان کی جمع

مَواسات: (ع) غمخواری، ہمدردی، مدد امداد

مواسیم:(ع) موسم کی جمع

مواسی:(ع) باہمی امداد، غمخواری، ہمدردی

مواشی:(ع) مویشی کی جمع

مواشیر:(ع) موشور کی جمع، سہ گوشہ شیشہ جس سے روشنی کا تجزیہ کرتے ہیں

مَواصِلَت:ملنا، ملاقات کرنا، میل جول ہونا، اپنائت پیدا کرنا

مراسلت نصف مواصلت است:خط کتابت نصف ملاقات ہوتی ہے

مَواضِع:موضع کی جمع

مَواضَعَہ:(ع) مل کر کام انجام دینا، کسی کام میں متفق ہونا، مواضعات جمع

مَواطات:(ع) باہم موافقت ہونا

مَواطِن:(ع) موطن کی جمع، رہنے سہنے کی جگہیں، آبائی وطن

مَواظِب:(ع) محتاط، متوجہ، نگہبان، دیکھ بھال کرنے والا

مواظب باش:محتاط رہو

مواظب بودن:متوجہ ہونا

مواظب کسی بودن:کسی کی طرف توجہ دینا، کسی کا خیال رکھانا

مواظَبَت:(ع) التفات، احتیاط، غور، دیکھ بھال توجہ، کسی ایک کام میں لگاتار مشغول رہنا، استقامت، نگہداری

مواظبت کردن:کسی کام میں متواتر مشغول رہنا

اسباب مرادر ایستگاہ مواظبت کن:سٹیشن پر میرے سامان کا خیال رکھنا

مواعِد:(ع) موعد کی جمع، مقررہ وقت، مقررہ دن، وعدہ کرنے کی جگہ، عہد و پیمان

مواعِدت:(ع) ایک دوسرے سے وعدہ کرنا

مواعِظ:(ع) موعظہ کی جمع، وعظ، پند و نصائح

مواعِید:(ع) وعدہ کی جمع

موافِق:(ع) مناسب، موزون، مطابق، سازگار

موافق آنچہ گفتہ بودید عمل کردم:جو کچھ آپ نے کہا تھا اس کے مطابق میں نے عمل کیا

موافق وعدہ:وعدے کے مطابق

رئیس دانشگاہ باین پیش نہاد موافق نیست:وائس چانسلر یونیورسٹی اس قرار داد کو موزوں نہیں سمجھتے یا اس سے متفق نہیں

مُوافَقَت:(ع) مطابقت، ہم رائے ہونا

مواقِد:(ع) موقد کی جمع، آگ جلانے کی جگہیں

مواقع:(ع) موقع کی جمع

مواقَعَہ:(ع) حملہ، جنگ، نیز بیوی سے ہم بستری کرنا، جماع

مواقعہ کردن:جنگ کرنا نیز جماع

مواقِف:(ع) موقف کی جمع، ٹھہرنے کی جگہیں، مقامات

مَواقَفَہ:(ع) جنگ یا دشمنی میں قائم رہنا

مَواقِیت:(ع) میقات کی جمع، کام کے اوقات جہاں اجتماع کے لیے وقت مقرر ہو

مواکِب:(ع) موکب کی جمع، سواروں کا گروہ، سپاہ، لشکر

مَوالات: (ع)باہمی اتحاد، آپس میں دوستی۔

مَوالِد: (ع)مولد کی جمع، جائے ولادت، وطن۔

مَوالی: (ع)(۱)مولی کی جمع، آقایان (۲)غلام، جو آزاد ہونے ہوں۔

مَوالِید: (ع)مولودکی جمع، بچے جو پیدا ہونے ہوں، نو زائیدہ بچے۔

موانِع: (ع)مانع کی جمع۔

مواہِب: (ع)موہبت کی جمع، بخشیش۔

مَوائد: (ع)مائدہ کی جمع، دستر خوان جس پر کھانا چنتے ہیں۔

مُوبِد: (ع)آتش پرستوں کا پیشوا، زردشتی پیشوا۔

موبد موبدان: سب سے بڑا زر دشتی پیشوا۔

مُؤبَد: (ع)ابدی، زندگی بھر۔

حبس مؤبد: عمر قید۔

مؤبَداً: (ع)ہمیشہ ہمیشہ کے لیے۔

مُوبِق: (ع)(۱)جائے ہلاکت (۲)زندان (۳)جو چیز دونوں کے درمیان حائل ہو۔

مُوبَند: مستورات کے بالوں کو باندھنے کی پٹی، بالوں کی آرائش کرنے والی عورت۔

مَوت: (ع)مرگ، قضا۔

مَوت کاذِب: (ع)سستی، کاہلی۔

ملک الموت: (ع)موت کا فرشتہ حضرت عزرائیل۔

مُوتا: (ع)مِیت کی جمع، جو فوت ہوگئے ہوں۔

مُوتاب: بکرے کے بالوں سے رسیاں بنانے والا۔

مُوتلف: ملے ہوئے کسی معاہدے کی شراکت۔

مُؤتمن: (ع)معتمد، جس پر اعتماد کیا جاسکے۔

مُوتُور: (ع)موٹر (انگ)۔

موتور ایلیکٹریکی: بجلی سے چلنے والی موٹر۔

مُوثُوری: (ع)موٹر رکھنے والا۔

مُؤثِر: (ع)اثر کرنے والا، متاثر کرنے والا، جس میں کوئی تاثیر ہو، کارگر۔

مُوثّق: (ع)قابل اعتبار، باوثوق، استوار، محکم، مضبوط۔

مُوثقیّت: (ع)اعتبار کی صلاحیت، مضبوطی، پختگی، وثوق۔

مَوثُوق: (ع)موثق دیکھیے۔

مَوج: (ع)لہر (مواج جمع)۔

موج زدن: (ع)لہرانا۔

دریا موج می زند: دریا میں لہریں اٹھ رہی ہیں۔

مُوجِب: (ع)سبب، وجہ، باعث۔

مُوجِب شدن: باعث ہونا، سبب بننا۔

باران سرما خوردگئی او را موجب شد: بارش اس کے زکام کا باعث بنی۔

بلا موجب: بلا سبب، بلاوجہ۔

مُوجَب: (ع)جو چیز واجب ہو، سبب، باعث۔

موجِبات: (ع)وجوہ، اسباب، وسائل۔

موجبات رضایت او: اس کی تسکین کے وسائل۔

مُوجِبہ: (ع)نیکی یا بدی کا بڑا کام جو جنت یا دوزخ میں جانے کا باعث ہوتا ہے۔

موج خیز-موج دار: طوفانی۔

مُوجِد: (ع)ایجاد کرنے والا، کوئی نئی چیز بنانے والا۔

مُؤجِر: (ع)مستاجر، اجارہ دینے والا، مالک۔

مُوجَز: (ع)مختصر، بیان کا خلاصہ، کلام کوتاہ۔

کلام مُوجز: (ع)مختصر مگر جامع تقریر۔

مَوجزن: (ع)موجیں مارنے والا۔

مُوجِع: (ع)درد ناک، درد انگیز۔

مُوجِل: (ع)نشیب جہاں پانی جمع ہو جائے، نیز ڈر خوف کا مقام۔

مُؤجَل: (ع)ملتوی کیا گیا۔

موجود: (ع)وجود میں آیا ہوا، زندہ، حاضر، دستیاب۔

موجود بودن: زندہ ہونا، حاضر ہونا، تیار ہونا، دستیاب ہونا۔

موجود ساختن: تیار کرنا۔

موجُودات: مخلوقات، کائنات، وہ کل چیزیں جو خداوند تعالی نے پیدا کیں۔

خدا خالق موجودات است: خدا سب کا پیدا کرنے والا ہے۔

موجُودی: رقم جو دستیاب ہے۔

مُوَجّہ: (ع)با دلیل، قابل قبول، پسندیدہ، کوئی عذر یا بیان جو با دلیل ہو، معقول، خوب، صاحب جاہ و مقام۔

مَوجی: لہری۔

مُوچ: چومنے کی آواز۔

مُوچینہ: موچنا۔

مُوَحّد: (ع)خدا کو ایک ماننے والا، توحید پرست (موحدین جمع)۔

مُوَحّد: (ع)تنہا، اکیلا، یک و تنہا۔

مُوَحّش: (ع)وحشت ناک، خوفناک۔

مُؤخَّر: (ع)آخری، آخر۔

موخر قرار دادن: آخر میں جگہ دینا۔

مقدم موخر کردن: پہلے کو آخری بنا دینا۔

مُؤخِّر: (ع)تاخیر کرنے والا، دیر کرنے والا۔

مُؤخراً: آخر کار۔

مُؤخِّرہ: (ع)موخر کی تانیث، کسی چیز کا آخری حصہ۔

مُؤخَرۃُ الجیش: (ع)لشکر کا آخری حصہ۔

مُؤداً: (ع)مؤدی، ادا کردیا گیا۔

مُودار: عیب دار، ناموزوں، جس میں دراڑ ہو۔

مُؤدّب: (ع)با ادب، شائستہ۔

مُوّدت: دوستی، شفقت، مہرو محبت۔

مُوّدت آمیز: شفقت آمیز۔

کاغذ مودت آمیز: محبت بھرا خط۔

مُودَع: (ع)مال جو ودیعت کیا گیا ہے، مال جو بطور امانت رکھا گیا ہے۔

مُودِع: (ع)مال کو ودیعت کرنے والا یا بطور امانت رکھنے والا۔

مَودُوع: (ع)مال جو جمع کرایا گیا ہے یا بطور امانت رکھا گیا ہے۔

مُؤدّی: (ع)ادا کرنے والا۔

مودّی مالیات: ٹیکس ادا کرنے والا۔

موذّن: (ع)اذان دینے والا۔

مُوذی: (ع)ظالم، ایذا رساں، تکلیف دہ۔

حشرات موذی: تکلیف دہ کیڑے مکوڑے۔

مُور: مورچہ، چیونٹی۔

درخانۂ مور شبنمی طوفان است (محاورہ): چیونٹی کے گھر میں شبنم بھی پڑے تو وہ طوفان ہے، غریب آدمی کو تھوڑا سا بھی نقصان پہنچے تو اس کے لیے وہ بڑا نقصان ہوتا ہے۔

موروملخ: چیونٹی اور مکڑی۔

مُوَرّب: کج، ٹیڑھا

مُورِث: وجہ، باعث، سبب۔

مورث بدبختی: بد نصیبی کی وجہ۔

مُورّث: (ع)وہ شخص جو میراث چھوڑ جائے۔

مورچال: قلعہ کے گرد یا دشمن کے مسکن کے ارد گرد زمین کھودنا۔

مُورچانہ: لوہے کا زنگ۔

مورچہ: چیونٹی۔

مورچہ ای: چیونٹی جیسا۔

مورچہ پیی: جس کی اچھی طرح ڈاڑھی نہ کٹی ہو۔

مورچہ خوار-مورچ خور: چیونٹیاں کھانے والا جانور، یہ جانور جس کا منہ کھلا، زبان لمبی ہوتی ہے یہ چیونٹیوں کے سوراخ میں زبان ڈال کر انھیں کھا لیتا ہے۔

مُوَرِّخ: (ع)تاریخ مقرر کرنا۔

مُوَرِّخ: (ع)تاریخ نویس۔

مُورد: انار کی طرح کا درخت جس کے پتے سبز، موٹے اور خوشبودار ہوتے ہیں۔

مَورِد: (ع)جاے ورود، ٹھہرنے کی جگہ۔

مَورِد: (ع)موقع، حالت، صورت، کیفیت، واقع ہونا، موجب، مثال:

موردِ تفتیش قرار دادن: تفتیش کا موجب قرار دینا۔

درین مورد: اس سلسلے میں۔

هیچ موردی بنظرم نرسید: کوئی مثال مجھے نہ سوجھی۔

مُورِش: چھوٹے موتی جو خواتین دھاگے میں پروکر گردن میں ہار کے طور پر ڈالتی ہیں یا ہاتھوں میں باندھتی ہیں۔

مُورشُمار: چیونٹیوں کی طرح لاتعداد۔

مُورشناس: چیونٹیوں کا علم جاننے والا۔

مُورشِناسی: چیونٹیوں کا علم جاننا۔

مُوَرِّق: کاغذ بنانے اور بیچنے والا۔

مَورُوث: وراثت، وراثت میں ملی ہوئی ورثے کی چیزیں، ترکہ۔

مورُود: حوالہ دینا۔

مُوری: چیونٹی کی طرح کا۔

مُوری: پانی کے بہاؤ کے لیے مٹی کا بنا ہوا پائپ۔

مُوریانہ: دیمک، زنگار۔

سقف این خانہ موریانہ دارد: اس گھر کے چھت میں دیمک لگی ہے۔

مَوز: (ع)کیلا، کیلے کا پھل۔

مُوَزِّع: (ع)تقسیم کرنے والا، بیچنے والا، (خاص طور سے اخباریں بیچنے والا)۔

مُوَزَّع: (ع)تقسیم شدہ۔

مُوزنی: بالوں کی کٹائی یا آرائش۔

ماشین مُوزنی: بال تراشی کی مشین۔

مَوزُون: (ع)مناسب، عمدہ، وہ شعر جو عروض کے قواعد سے درست ہو، خوبصورت، متناسب۔

قامت موزون: خوبصورت قد۔

کلام موزون: اشعار جو عروض کے قواعد کے لحاظ سے درست ہوں اور شعریت کے لحاظ سے عمدہ ہوں۔

مُوزِہ: (۱)بوٹ، فل بوٹ۔

مُوزہ: عجائب گھر، میوزیم کا مفرس۔

مُوزہ خانہ: عجائب خانہ۔

مُوزہ دُوز: بوٹ بنانے والا۔

مُوزِیک: موسیقی، ساز و آواز، موسیقی کا بینڈ۔

موزیک زدن: بینڈ بجانا۔

جعبہ موزیک: صندوق جس میں موسیقی کے آلات رکھے جاتے ہیں۔

سالون موزیک: موسیقی کا ہال کمرہ۔

مُوزیکانچی:موسیقار، مطرب، مغنی، گویا، ساز نواز۔

مُوژ:تالاب۔

مُوژان:موجان: خوبصورت، پر کرشمہ آنکھ، خواب آلود آنکھ، نیم شگفتہ نرگس۔

مُوس:(ع)حجام کا استرا۔

مُوسائی:یہودی، کلیمی، موسوی۔

مُوسَخ:گندہ، غلیظ، کثیف۔

مُوسَخ:زنار۔

مُوسَر:(ع)تونگر، صاحب ثروت، مالدار، میاسیر جمع۔

مُوسِّس:(ع)تاسیس کرنے والا، بنیاد رکھنے والا، بانی۔

موسس آن حزب کیست:اس جماعت کی تاسیس کرنے والا کون ہے، مؤسیس جمع۔

مُوسَّسَ:(ع)تاسیس شدہ، جس کی بنیاد رکھی گئی ہو۔

مُوسِّسات:دیکھیے موسسہ۔

مُوسَّسہ:محکمہ، سرشتہ ادارہ۔

مُوسَّسَہ راہ آھن:ریلوے کا محکمہ۔

موسسّات خیریہ:خیراتی ادارے۔

مُوَسَّع:( )وسیع، فراخ، کشادہ۔

مُوسقی:موسیقی۔

موسِم:(ع)وقت، سماں، رت، فصل (جمع مواسم)۔

موسمِ تابستان:گرمیوں کی رت۔

موسمِ زمستان:سردیوں کی رت۔

موسمی:موسم سے متعلق۔

مَوسُوم:(ع)جس کا نام رکھا گیا ہو، جس کو جس نام سے پکارا جائے۔

موسوم شدن:نام رکھا جانا۔

موسوم کردن:نام رکھنا۔

مُوسَوی:(۱)ملت موسوی (۲)شریعت موسوی، یہودیت۔

موسیٰ:حضرت موسی (ع) پیغمبر جن کے پیرو یہودی ہیں۔

سنگ موسی:(۱)ایک سیاہ چمکدار پتھر جسے سنگ موسی کہتے ہیں۔

مُوسَہ:زنبور، بھڑ۔

مُوسیچَہ:فاختہ کی طرح کا ایک پرندہ۔

مُوسِیقار:موسیقی کا ایک ساز جس میں چھوٹی بڑی مثلث شکل کی نالیاں باہم جڑی ہوتی ہیں، ایک مترنم پرندہ (اردو میں فن موسیقی کا ماہر، مغنی)۔

موسیقی:گانے کا فن۔

موسیقی دان:گانے کا فن جاننے والا، گویا، مطرب، گائیک۔

آلات موسیقی:موسیقی کے ساز۔

مدرسہ موسیقی:سکول جہاں گانا بجانا سکھایا جاتا ہے۔

موسیو:(فر)مسٹر، صاحب، کلمہ تعظیم۔

مُوش:چوہا۔

مُوش آہو:(ع)کنگرو۔

مُوش خرما:(ع)راسو، نیولا۔

موشِ دوپا:امریکہ کے صحرا کا خرگوش کی قسم کا جانور۔

موشِ صحرائی:دشت و بیابان میں رہنے والا چوہا۔

موش کُور:چمگادڑ۔

موش کور زیر زمینی:چھچھوندر۔

موش و گرُبہ:چوہا اور بلی، عبیدا زا کانی کی نظموں کی ایک مختصر کتاب کا نام۔

مُوَشّح:(ع)(۱)حمائل جو گردن میں ڈالی جائے (۲)ایک

میں نے آہ و فغان کی تو پوشیدہ طور سے نازو غمزہ سے مجھے خاموش کردیا، آنسو بہاتے دیکھا تو اپنے خندہ شیریں کی مٹھاس مجھے بھی دے دی۔

نباتات: (ع) نبات کی جمع، اگنے والی چیزیں، گھاس پات، روئیدگی۔

علم نباتات: پودوں کا علم، گیاہ شناسی۔

نباتات شناسی: نباتات کا ماہر، گیاہ شناس۔

نباتات شناس: نباتات کی مہارت، گیاہ شناسی۔

نباتی: پودوں سے متعلق۔

نُباح: (ع) کتے کا بھونکنا۔

نُبادا: مبادا، کہیں ایسا نہ ہو۔

نبّاش: (ع) قبر کھود کر کفن چرانے والا۔

نَباشہ: (ع) کفن دزدی۔

نَبالَت: (ع) شرافت، نجابت، بزرگی۔

نَباء: (ع) خبر، انباء جمع۔

نَبائل: (ع) جمع نبیلہ، شرفا، دانا، ہوشیار۔

نَبَت: (ع) اگنا، بڑھنا، نشو ونما۔

نَبُد: نبود کا مخفف، نہیں تھا۔

نَبَرد: جنگ، لڑائی، کارزار، رزم۔

نبرد کردن: جنگ کرنا، لڑنا۔

نبردگاہ: میدان جنگ، میدان کارزار۔

نَبَردناؤ: جنگی کشتی، آبدوز۔

نَبَردَہ: جنگجو، دلاور، مرد میدان، سورما۔

نبراس: (۱) چراغ، مصباح (۲) نیزے کا سرا۔

نَبسہ: پوتا، فرزندزادہ۔

نَبش: (ع) کفن دزدی، زمین کھود کر کوئی چیز نکالنا۔

نَبِشَ: گوشہ، کونہ۔

نَبِشتَن: نوشتن، لکھنا، تحریر کرنا۔

نَبض: (ع) ہاتھ کی رگ اور اس کی حرکت۔

نبضِ کسی را گرفتن: کسی کی نبض دیکھنا۔

نبض سریع: تیز نبض

نبض صلب: سخت نبض۔

نبضِ متواتر: لگاتار یکساں رفتار سے نبض کا حرکت کرنا۔

نبضِ مُستوی: نبض کی ایک سی رفتار۔

نبض منتظم: ایک ہی رفتار سے چلنے والی نبض۔

نَبَضان: (ع) نبض کی حرکات۔

نبض سَنج: نبض کی حرکات کا علم جاننے والا۔

نُبُوّت: (ع)رسالت، نبی کا تبلیغی کام، پیغمبری۔

نُبُوغ: (ع)ذکاوت، جودت فکر، باہرآنا، ظاہر ہونا، ہوشیاری۔

نبوی: (ع)نبی سے متعلق، نبی سے منسوب۔

احادیث نبوی: حضرت نبی کریم(ص) کی حدیثیں، ارشادات نبوی۔

نبهره: (۱)نا خالص، مصنوعی (۲)پوشیدہ۔

نَبی: (ع)پیغمبر، خدا کا بھیجا ہوا، اللہ تعالی کے احکام لوگوں تک پہنچانے والا۔

نبی مرسل: وہ نبی جن پر اللہ کی طرف سے کتاب نازل ہوئی، نبئی صاحب کتاب۔

نَبید: نوید، خوش خبری۔

نبیذ: (ع)کھجوروں یا انگوروں سے بنائی گئی شراب۔

نَبیر: نبیرہ۔پوتا، پوتی۔

نَبِیل: شریف، فیاض، صاحب دل، دانا، ہوشیار۔

نبیله: نبیل کی تانیث، نبائل جمع۔

نبیه: شریف، زیرک، دانا، آگاہ۔

نُپُخته: ناپختہ، ناتجربہ کار، خام، نارس۔

نِتاج: (ع)چار پایوں کا بچہ۔

نتایج: (ع)نتیجہ کی جمع۔

نترس: ناترس، بے باک، دلیر، دلاور۔

نتیجه: (ع)(۱)حاصل، ماحصل (۲)غرض (۳)انجام، اخیر نتائج جمع۔

این کارِ شما نتیجه خوبی خواهد داد: تمہارے اس کام کا حاصل بہت اچھا ہوگا۔

نتیجه کلام: گفتار کا ماحصل، گفتگو کا نتیجہ۔

نتیجه ندارد: کچھ حاصل نہیں، محض بیکار ہے۔

این کار نتائج خوبی دارد: اس کام کا ماحصل اچھا ہوگا، اس کام کا نتیجہ اچھا ہوگا۔

پنددادن باو بی نتیجه است: اسے نصیحت کرنے سے کچھ حاصل نہیں۔

من این طور نتیجه می گیرم که او مرد فاضل است: میں بالآخر یہ سمجھا ہوں کہ وہ فاضل شخص ہے۔

منتج به نتیجه خوبی شد: اس کام کا انجام اچھا ہوا۔

نتیجه بخش: مفید، سودمند، فائدہ مند۔

نِثار: (ع)نچھاور کرنا، قربان کرنا۔

جان نثار: جان قربان کرنے والا، انتہائی وفادار۔

مردمان گل ها در راهش نثار می کردند: لوگ اس کے راستے میں پھول نچھاور کررہے تھے۔

نثارِیدَن: نثار کرنا، قربان ہونا۔

نَثر: (ع)وہ عبارت جو نظم نہ ہو، کلام غیر منظوم۔

نظم را نثر کردن: نظم کو عبارت کی صورت دینا نظم کی نثر بنانا۔

نج: منہ کے اندر کا حصہ۔

نجابَت: (ع)شرافت، اصالت، پاکیزگی، بزرگواری۔

نَجات: (ع)رہائی، بریت، چھٹکارا، رستگاری۔

او در نجات دوستش می کوشید: وہ اپنے دوست کی رہائی کے لیے کوشش کرتا تھا۔

نجات دادن: بچانا، رہائی دلانا۔

نجات یافتن: رہائی پانا، رستگاری حاصل کرنا، چھٹکارا پانا۔

نجات دہندہ: نجات دلانے والا، رہائی دلانے والا۔

نَجاح: (ع) کامیابی، فتحیابی، نجات، رستگاری۔

نجّار: (ع) بڑھئی، ترخان، درود گر۔

نجارت: (ع) بڑھئی کا کام، درود گری۔

نجّارخانہ: بڑھئیوں کی دکان۔

نجّاری: بڑھئی کا کام۔

نجّاری کردن: بڑھئی کا کام کرنا، لکڑی سے چیزیں تیار کرنا۔

نجاسَت: (ع) گندگی، کثافت، ناپاکی۔

نجاشی: (ع) حبشہ کے بادشاہوں کا لقب۔

نُجَبا: (ع) نجیب کی جمع، شرفا۔

نجد: (ع) عرب کا مشہور شہر۔

نَجد: (ع) (۱) سر زمین بلند۔

نَجدَت: (ع) شجاعت، دلیری، بہادری، مردانگی۔

نَجِس: (ع) میلا، آلودہ، غلیظ، کثیف۔

نَجَسَ: (ع) نجاست۔

نَجس کردن: ناپاک کردینا، آلودہ کرنا۔

نَجَف: عراق کا مشہور شہر، جہاں حضرت علی (رض) کا مقبرہ ہے۔

نَجَفی: نجف کا رہنے والا، نجف سے متعلق۔

نجک: کلہاڑی، تبر۔

نَجل: (ع) نسل، نژاد، اولاد (انجال جمع)۔

نجم: (ع) ستارہ، (نجوم جمع)۔

نجمِ ثابت: ستارہ جو حرکت نہیں کرتا، اپنی جگہ قائم ہے۔

نجمِ سیّار: ستارہ جو حرکت کرتا ہے، سیارہ۔

نَجَند: نسل، نژاد۔

نَجوا: نجوی (ع) راز، راز کی بات، زیر لب بات کرنا، آہستہ سے بولنا، کھسر پھسر کرنا، سر گوشی، خفیہ بات کرنا۔

نَجُوغ: (ع) جسم کی جھریاں۔

نَجُوم: (ع) نجم کی جمع، ستارے۔

علم نجوم: علم ہئیت، ستارہ شناسی، ہئیت دانی۔

نجُوم بین: نجومی، ہئیت دان۔

نجُوم بینی: ستارہ شناسی، ہئیت دانی۔

نَجُومی: ستاروں کا علم جاننے والا، ہئیت دان۔

تقویم نجومی: علم نجوم کے متعلق بنائی گئی جنتری یا زیچ۔

نجوی: (ع) دیکھیے نجوا۔

نجِیب: (ع) شریف، بزرگ، گرامی قدر، برگزیدہ۔

آدم نجیب: شریف آدمی۔

زن نجیب: پاکدامن عورت۔

نُحات: (ع) ناحی کی جمع علم نحو کا ماہر۔

نحارِیر: (ع) نحریر کی جمع، حاذق، دانشمند لوگ، خردمند۔

نَحاس: (۱) تانبا، مس (۲) آگ، دھواں (۳) طبیعت، سرشت۔

نَحّاس: (ع) تانبے کا کام کرنے والا، مسگر۔

نَحافَت: (ع) لاغری، کمزوری، ناتوانی، دبلاپن نحیفی۔

نَحر: (ع) (۱) گلا کاٹنا (۲) قربانی دینا، ذبح کرنا۔

نَحریر: (ع) ماہر، دانشمند، خوش تدبیر، دانا، خرد مند، نحاریر جمع۔

نَحس: منحوس، نامبارک، کم بخت۔

نحسان۔نحسَین: نامبارک ستارے مریخ اور زحل۔

نَحل: (ع) شہد کی مکھی۔

نِحل: (ع) مذہب و دیانت۔

نحنُ: (ع) ہم۔

نحنُ اقرب: (ع) اشارہ ہے آیت کریمہ ۔

نحن اقرب اِلیہ مِن حَبلِ الورید: سورہ ق: ۱۶ ہم رگ گردن سے بھی قریب ہیں۔

نَحو: (ع)(۱) جملوں کا علم، گرامر کا ایک حصہ جس سے کلمات کو جوڑنے کھولنے اور ان کے باہمی ربط و تعلق کا پتا چلتا ہے (۲) انداز، طرح، وضع، طرز، طریقہ۔

جہ نحوی پول از و گرفتید: کس طرح رقم تم نے اس سے لی۔

نَحُوس: (ع) نحس کی جمع۔

نحُوسَت: (ع) بدبختی، منحوس ہونا، بد نصیبی۔

نحُول: لاغری، کمزوری۔

نَحوَہ: مثل، مانند۔

نحوی: نحو جاننے والا، نحو سے متعلق (نحویوں جمع)۔

نحِیس: (ع) نحس، بد بخت۔

نَحیف: (ع) کمزور، لاغر، دبلا، ضعیف۔

نحیفی: کمزوری، لاغری، ضعیفی۔

نَخ: دھاگا۔

سوزن و نخ: سوئی دھاگا۔

نخ کردن: سوئی میں دھاگا ڈالنا۔

این پارچہ ازنخ تیار کردند: یہ کپڑا سوت سے تیار کیا گیا ہے۔

سوزن را نخ کن: سوئی میں دھاگا ڈالو۔

نُخارِیب: (ع) نخریب کی جمع، سوراخ، بھڑوں یا شہد کی مکھیوں کے چھتے کے سوراخ۔

نَخّاس: (ع)(۱) بردہ فروش (۲) دلال، جانوروں کو خریدنے بیچنے والا۔

نُخاع: (ع)(۱) ریزھ، مغز حرام۔

نُخاعی: ریزھ سے متعلق۔

نُخالہ: (ع) چھان جو چھلنی سے چھاننے کے بعد نکلتا ہے۔

نُخبَہ: (ع) برگزیدہ۔

نخ تاب: دھاگا بٹنے والا۔

نخ تابی: دھاگا بٹنا۔

نَخج: جھاڑو۔

نَخجَد: لوہا، لوہے کا زنگ۔

نخجَل: کسی کے جسم کو پکڑ کر اس پر زور سے دباؤ ڈالنا۔

نخجیر۔نخچیر: شکار۔

نخجیر زن: شکاری۔

نخجیر کردن: شکار کردن۔

نخجرگان: قدیم ایرانی موسیقی کی سر۔

نخچیرگاہ: شکارگاہ۔

نخچیرگر: شکاری۔

نخچیروال: شکاری۔

نُخ راز: وہ بھیڑ جو ریوڑ کے آگے آگے چلتی ہے۔

نُخ رُوب: سوراخ، شگاف۔

نَخ ریس: دھاگا بٹنے والا، نخ تاب۔

نخ ریسی: دھاگا بٹنا، نخ تابی۔

نَخُست: پہلے، اول۔

نخست پیش من شما بیائید: پہلے میرے پاس

تم آؤ۔

نَخسُت زاد: نخُست زادہ، جو پہلے پیدا ہوا ہو۔

نَخُست وزیر: وزیر اعلی۔

نخُستیں: اولیں، پہلا۔

داستان نخستیں: پہلی داستان۔

او نخستیں کسی بود کہ درمجلس بہ آھنگ شیریں خواند: وہ پہلا شخص تھا کہ جس نے شیریں آواز میں نغمہ سرائی کی۔

نَخشَب: ترکستان کا ایک شہر ایک کنوئیں کی وجہ سے مشہور ہے جہاں سے کہا جاتا ہے کہ مقنع نے چاند نکالا تھا یا مقنع کے ذریعے اس کنوئیں سے چاند نکلتا ہوا لوگوں کو دکھائی دیا تھا۔

نَخَع: (ع)اعراب یمن کا ایک قبیلہ۔

نخکلہ: اخروٹ۔

نخل: (ع)درخت۔

نخلِستان: جہاں درخت ہی درخت ہوں، وہ جگہ جہاں درخت لہلہاتے ہوں۔

نَخلہ: (ع)نخل، درخت، کھجور کا درخت۔

نخلی: لمبے ریشے کا، ریشہ دار۔

نخ نما: دھاگے جیسا۔

نخوار: (ع)نخ کی مانند، دھاگے جیسا، ریشہ دار۔

نَخوار: (ع)ڈرپوک، ضعیف۔

نخوَت: (ع)غرور، تکبر۔

نخُود: (ع)چنا، چنے کا پودا، مثقال کا وزن۔

نخودآب: چنوں کا شوربا۔

نخود ھمہ آش: مجازاً ہروقت کام میں لگا رہنے والا۔

نخود بِریز: چنے بھوننے والا، چنے بیچنے والا۔

نخودی: (۱)چنے کی سی شکل (۲)زردی مائل سفید رنگ۔

خندہ نخودی: بدتمیزی سے ہنسنا۔

نَخی: سوت کے دھاگے کا بنا ہوا۔

نَخیز: کمیں، کمترین، پست، فرومایہ، خسیس۔

نخِیز: کمینگاہ۔

نَد: فعل میں لاحقے کے طور پر استعمال ہوتا ہے اور جمع کے معنی دیتا ہے مثلاً آمد سے آمدند، وہ آئے۔

نِدّ: (ع)مثل، مانند، مثال، نظیر۔

نَدّ: (ع)عمدہ خوشبودار، صندل کی لکڑی جسے خوشبو کے لیے جلاتے ہیں، مشک وغیرہ کی خوشبو۔

ندا: (ع)صدا، آواز، پکار۔

ندا دادن: آواز دینا، منادی کرنا۔

حرفِ ندا: ای، یا وغیرہ۔

ندار: تہی دست، جس کے پاس کچھ نہ ہو، ضرورت مند، فقیر، نادار۔

نَدّاف: (ع)روی دھننے والا۔

ندافی: (ع)روی دھننا۔

نَدامَت: (ع)شرمساری، شرمندگی، پشیمانی۔

نَداوت: (ع)تری، نمناکی، گیلاپن۔

ندَب: (ع)زخم کا نشان، ندوب جمع۔

نبد: نجیب، نیکی کا کام میں جلدی کرنے والا۔

نُدَب: (ع)(۱)رونا، پژمردہ ہونا (۲)کسی کو کام کے لیے بلانا۔

نُدبہ: (ع)آہ و زاری، گریہ و زاری۔

نُدرَت: (ع)کسی چیز کا نادر ہونا، کمیاب ہونا۔

نُدرۃً:(ع)گاہے گاہے۔

نَدَم:(ع)ندامت، پشیمانی، شرمساری۔

نُدَما:(ع)ندیم کی جمع، ساتھی، دوستداران، مصاحبان، ہم نشین۔

نُدوَہ:گروہ، انجمن۔

نَدِید:(ع)نظیر، مثل، مانند۔

ندِید:جس نے کچھ نہ دیکھا ہو۔

ندِید پَدِید:نو دولتیا، جسے نئی دولت حاصل ہوئی ہو۔

ندِیدَہ:(۱)جس نے کبھی کچھ نہ دیکھا ہو (۲)جس کی زندگی پریشانی اور افلاس میں گزری ہو۔

ندیدہ گرفتن:ظاہر نہ کرنا، نظر انداز کرنا، صرف نظر کرنا۔

نَدِیم:(ع)ساتھی، رفیق، ہم نشین، ندما جمع۔

نَذر:(ع)خدا کی راہ میں دینا، کچھ دینا یا کوئی شرط اپنے آپ پر واجب قرار دینا۔

نُذُر:(ع)ڈر، خوف، ڈرانا۔

نَذر بندی:شرط باندھنا۔

نُذُور:نذر کی جمع۔

نَذِیر:(ع)ناصح، دعوت دینے والا، تبلیغ کرنے والا۔

نذیر:(ع)ڈرانے والا، خوف دلانے والا۔

نر:مذکر، مادہ کی ضد۔

نراد:نردوں کا کھیل کھیلنے والا، چوپٹ کھیلنے والا۔

نَرجس:نرگس۔

نِرخ:بھاؤ، قیمت۔

نرخ بازار:بازار کا رائج الوقت بھاؤ۔

نرخ بالا بُردن:قیمت چڑھا دینا۔

نرخ بندی:مقررہ نرخ۔

نِرخ تعیِین کردن:قیمت مقرر کرنا۔

نِرخ روز:کسی چیز کا رائج الوقت بھاؤ۔

نرخ نامہ:رائج الوقت قیمت۔

نَرد:چوسر کا مہرہ۔

نَرد بازی:چوسر کا کھیل۔

نرد بان:سیڑھی، زینہ۔

نردہ:جنگلے یا کٹہرے کا سلسلہ۔

نرگ:صف، حلقہ، لوگوں کی جمعیت، شکار کرنے کے لیے حلقہ باندھنا۔

نَرگِس:ایک قسم کا پودا جس میں خوشبودار سفید اور زرد رنگ کے پھول آتے ہیں اسے آنکھ سے تشبیہ دیتے ہیں۔

نَرگِسی:(۱)ایک قسم کی غذا جو زیادہ تر انڈوں سے تیار کی جاتی ہے (۲)نرگس کی طرح کا۔

نَرم:(۱)ملائم (۲)ہموار۔

نرم شدن:ملائم ہونا۔

نرم کردن:نرم کرنا، ملائم کرنا۔

جواب نرم:ملائم جواب جو دل کو بھائے۔

کم کم نرم شد و آھستہ حرف زد:رفتہ رفتہ اس میں ملائمت آئی اور وہ آہستہ بات کرنے لگا۔

نَرم بیز:(۱)ایک عمدہ قسم کی ٹوکری (۲)چھلنی، غربال۔

نرم تَن:نرم و نازک جسم والا۔

نرم خُو:ملائم فطرت والا، جس کی عادت میں ملائمت ہو۔

نرم دِل: متاثر ہونے والا دل۔

نرم زبان: نرمی سے بات کرنے والا۔

نرم نرم: آہستگی سے، معتدل لب ولہجہ۔

نرم و لُول: ملائم اور گدگدا۔

نَرمِہ: کان کی لو، ہر نرم و ملائم چیز۔

نرمی: ملائمت۔

به نرمی: ملائمت سے۔

نروِژ: ملک ناروے۔

نرّہ: نر، نیز اینٹوں کا بنا ہوا احاطہ جو باغیچہ کے ارد گرد بنایا جائے۔

نره خر: گدھا۔

نره گاؤ: بیل۔

نَریمان: سام کا باپ، رستم کا پردادا۔

نَرینَہ: نر سے منسوب۔

نَزا: نازا، بانجھ عورت، جس سے اولاد نہ پیدا ہوسکے، عقیمہ۔

نَزار: کمزور، لاغر، دبلا پتلا۔

نَزاری: لاغری، کمزوری۔

نِزاع: (ع)لڑائی جھگڑا۔

نزاع کردن: لڑنا جھگڑنا۔

نَزاکت: (ع)لطافت، نفاست، نازک پن، پاکیزگی خوش اخلاقی، خوش خوی، پسندیدہ روش۔

نِزال: (ع)میدان جنگ میں اترنا۔

نَزاهَت: (ع)عیب سے پاکیزگی، پاکدامنی، بدی سے دور ہونا۔

نَزد: قریب، نزدیک۔

نَزدمن بیاید: میرے قریب یا پاس آئیے۔

نزدِیک: قریب، قرابت دار، رشتے کا تعلق۔

نزدیک کردن: اپنے قریب لے آنا۔

از نزدیک: تھوڑے فاصلے سے۔

او با نزدیک است: وہ میرا قرابت دار ہے۔

خانه من به دانشگاه نزدیک است: میرا گھر یونیورسٹی سے قریب ہے۔

خدایا دل های مارا باهم نزدیک کن: اے خدا ہمارےدلوں کو ایک دوسرے کے قریب کردے۔

یکی از نزدیکان ما بدیدن من آمد: میرا ایک قریبی عزیز میری ملاقات کے لیے آیا۔

نَزدِیکان: نزدیک کی جمع۔

نزدیک بِین: جس کی دور کی نظر کمزور ہو، صرف نزدیک کی چیز دیکھ سکے۔

نزدیک بینی: صرف قریب کی چیزیں دیکھ سکنا، ضعف نظر۔

نزدیک تَک: پایاب، کم گہرا۔

نزدیکی: قربی۔

نزدیکی کردن: قریب ہونا یا کسی کو اپنے قریب لانا۔

درین نزدیکی همه را می شناسم: پڑوس میں میں سب کو پہنچانتا ہوں۔

نَزع: کسی چیز کو کھودنا، موت کی تکلیف، حالت مرگ جان کندن، جان دینا۔

حالت نَزع: موت کی حالت۔

نزف: (ع)(۱)پانی کھینچ کر نکالنا تاکہ نشیبی زمین خشک ہوجائے، فصد کے ذریعے خون لینا۔

نزف الدم: جریان خون۔

نزل الدم بینی:۔ناک سے خون نکلنا، نکسیر پھوٹنا۔

نُزل: بخشش و عطا، احسان، مروت، جو چیزیں مہمان کے پیش کی جائیں۔

نَزلہ: زکام، سرما خوردگی۔

نَزم: بُخارات، دھند کہر سے فضا کا تاریک ہونا۔

نُزوُل: نازل ہونا، نیچے آنا، ورود۔

نزولِ رحمت: باران رحمت، بارش برسنا، اللہ تعالی کی طرف سے رحمت عطا ہونا۔

نزول فرمودن: قیام فرمانا۔

نزول کردن: نیچے اترنا۔

از کوہ نزول کرد: وہ پہاڑ سے نیچے اتر آیا۔

نزُول گاہ: قیامگاہ، منزل۔

نُزہَت: (ع)ترو تازگی، خوشحالی، خوشی۔

نُزہت گاہ: تفریح گاہ، باغ یا پارک وغیرہ۔

نَزیدَن: کھینچنا، کھینچ کر باہر نکالنا۔

نَزیل: (ع)تازہ وارد، نیا آیا ہوا مہمان۔

نَزیِہ: (ع)پاک، پاکیزہ، پاک دامن، بے آلائش۔

نِژاد: حسب نسب، اصل، نسل۔

نژاد شناس: حسب نسب کی پہچان والا، وہ شخص جو لوگوں کے شجروں سے واقف ہو۔

تازی نژاد: عرب خاندان کا، عربی النسل۔

نژادَہ: اچھے حسب نسب والا، نجیب۔

نِژادی: نسلی، نسل سے متعلق۔

نژغار: آواز، فریاد، پکار۔

نژم: نزم دیکھیے۔

نَژَند: اندوہگین، افسردہ، پژ مردہ، برگشتہ بخت، سرگشتہ۔

مثال:

تلخ شد کام من زبخت نژند
ساز شیرین زلعل شکّرخند

برگشتہ بخت کی وجہ سے میرا دہن تلخ رہتا ہے، اپنے شیرین لب لعل سے اس کی تلخی دور کرکے اسے شیریں بنادیجیے۔

مثال دیگر:

آخر این اختران بی معنی
چند بخت مرا نژند کنند

آخر یہ بے معنی ستارے کب تک مجھے برگشتہ بخت، بد نصیب، بنائیں گے۔

نژندی: افسردگی، رنج۔

نژَنگ: دام، قفس جال۔

نژَہ: چھت میں ڈالنے والا شہتیر۔

نژیدن: نزیدن دیکھیے۔

نَس: ہونٹوں کے ارد گرد دہان کا حصہ۔

نَسا: (ع)رگ جو جسم میں ٹخنوں تک ہے۔

عرقُ النِّسا: ایک بیماری، درد جو چڈھوں سے ٹخنوں تک ہوتا ہے۔

نِسا: (ع)عورتیں، مستورات۔

نَسّاب: (ع)شجروں کا ماہر۔

نَسّاج: (ع)کپڑے بننے والا، با فندہ، جولاہا۔

نساجَت: (ع)کپڑے بننے کا کام، بافندگی۔

نسّاجی: (ع)کپڑے بننے کا پیشہ۔

نَسّاخ: (ع)ناسخ (نسخ کرنے والا) کی جمع۔

نَسار: مکان جس کی پشت سورج کی طرف ہو، ایسی جگہ جہاں سورج کی کرنیں نہ آتی ہوں، سایہ دار جگہ۔

نِساطِرہ: دیکھیے نسطوری۔

نسّاک: (ع)ناسک کی جمع، عابد، زاہد، پارسا لوگ۔

نَسَب: (ع)اصل، نسل، خاندانی، سلسلہ، انساب جمع۔

مجھول النسب: جس کے حسب نسب کا پتا نہ

ہو۔

نسباً: (ع)حسب نسب کے لحاظ سے۔

نِسبت: (ع)ربط و تعلق، واسطہ، قرابت، مطابقت، لگاؤ، منسوب ہونا۔

نسبت بآن کار هیچ اقدام نکرد: اس کام کے متعلق اس نے کوئی اقدام نہیں کیا۔

نسبت دادن: منسوب کرنا، خصوصیت قرار دینا۔

نسبت کردن: منسوب کرنا۔

ایشان باهم نسبت دارند: وہ رشتے دار ہیں۔

این دو موضوع باهم نسبتی ندارند: یہ دونوں موضوع آپس میں کوئی تعلق نہیں رکھتے۔

این کاغذ نسبت به کاغذ های دیگر بهتر است: یہ کاغذ دوسرے کاغذوں سے بہتر ہیں۔

همهٔ آن صفات را بخدا نسبت می دهند: وہ سب صفات باری تعالی سے متعلق ہے۔

نسَب نامہ: شجرہ۔

نسباً: (ع)حسب و نسب کے لحاظ سے، ربط و تعلق کے لحاظ سے۔

نَسَبی: (ع)رشتے دار، قرابت دار۔

خوبی و بدی چیز های نسبی است: اچھائی اور برائی کا تعلق نسب سے ہے۔

شرکت نسبی: نسبی ذمے داریوں کے مطابق شراکت، کمپنی۔

نِسبی: (ع)نسبت سے متعلق۔

نَسپار: جہاں انگوروں کا شیرہ نکالا جاتا ہے۔

نِستاک: پیچش

نَستَر: نسترن کا مخفف۔

نستری: سیوتی، سیوتی کا پھول۔

نستعلیق: خط کی ایک قسم جو نہایت خوبصورت اور واضح ہوتا ہے جس میں عام طور سے اردو کی کتابیں لکھی جاتی ہیں، مقابل خط نسخ کے جس میں عربی لکھی جاتی ہے۔

نستک: دھنی ہوئی روئی۔

نَستُوہ: جسے تھکان اور خستگی نہ ہو، جنگجو جو جنگ و ستیز سے خستہ نہیں ہوتا، جو اپنی جدو جہد میں خستہ نہیں ہوتا۔

نَسج: (ع)کپڑے بننا، بافت۔

نسخ: (ع)(۱)رسم الخط جس میں عربی لکھی جاتی ہے (۲)کسی چیز کو باطل سمجھ کر منسوخ یارد کردینا۔

نسخ کردن: منسوخ کردینا۔

نُسَخ: نسخہ کی جمع۔

نُسختَین: دو نسخے، دوکاپیاں۔

نُسخَہ: (ع)(۱)کتاب، جلد، رسالہ (۲)ہاتھ سے لکھی ہوئی یعنی خطی یا قلمی کتاب یا مقالہ۔

نسخه خطی "مرکزادوار" پیش من است: (فیضی کی کتاب) "مرکزادوار" کا قلمی نسخہ میرے پیش منظر ہے۔

دو نسخهٔ "ارمعان عقیدت" بدست می آمد: ارمغان عقیدت کی دو کاپیاں مجھے ملیں۔

نسخه نویس: نسخہ لکھنے والے کا نام۔

نَسر: گھر جس کی پشت سورج کی طرف ہو۔

نَسَر: گدھ، کرگس، نسور جمع، دوستاروں کے نام، ایک کو نسر طائر اور دوسرے کو نسر واقع کہتے ہیں نیز ایک بت کا نام جس کی قبل اسلام اہل عرب پرستش کرتے تھے۔

نسرین: (۱)سیوتی کا پودا، سیوتی کا پھول (۲)سفید گلاب۔

نَسطُور: (۱)پیر دانشمند، کسی جماعت یا طبقے کا سب سے معمر اور تجربہ کار شخص (۲)۴۱۳ء میں قسطنطنیہ (استنبول) کے بطریق کا نام تھا جو اس بات پر یقین رکھتا تھا کہ انسانیت اور ربانیّت دونوں فطرتیں مسیح میں ضم نہیں ہوسکتیں جس کی وجہ سے عیسائیوں کو اس سے نفرت ہوگئی اس کی وفات ۴۴۰ میں ہوئی۔

نسطوری: نسطور کی پیروی۔

نسف: (۱)جز سے اکھاڑنا، ویران کرنا (۲)چھلنی سے دانوں کو چھاننا۔

نَسق: (ع) (۱)قاعدہ، روش، بندوبست، نظم و ترتیب۔

یَک نسق: ایک ہی طرح کا۔

نُسک: (ع)عبادت، پرستش حق تعالی۔

نَسک: آتش پرستوں کی کتاب "اوستا" کے ۲۱ ابواب میں سے ہر ایک۔

نَسک: مسور کی دال، عدس۔

نَسل: (ع)اصل، بال بچے، قبیلہ، خاندان (انسال جمع)۔

نسل بشر (یاآدم): بنی نوع انسان

نسلاً بعد نسلاً: پشت در پشت، نسل نسل کے بعد۔

نَسمَہ: (ع)دم، نفس، سانس، روح انسان۔

نَسناس: (ع)(۱)ایک افسانوی جانور (۲)ایک قسم کا جنگلی حیوان جو بعض باتوں میں انسان سے مشابہ ہوتا ہے۔

نَسو-نُشو: صاف سادہ، لطیف، نازک بموار۔

نسوار: پسا ہوا تمباکو جسے بعض لوگ سونگھتے اور بعض ہونٹوں میں رکھتے ہیں۔

نِسواں: عورتیں، مستورات۔

نَسُود: نسو۔

نَسُوز: جو چیز آگ میں نہ جلے، فائر پروف۔

نَسی: (ع)فراموش کرنا فراموشی۔

نَسیاً منسیاً: بھولا ہوا۔

نِسیان: (ع)فراموشی، بھول چوک، بھول جانا، حافظہ کی کمزوری۔

نَسِیب: (ع)جانے پہچانے حسب نسب کا فرد، شریف النفس۔

نسیج: (ع)بُنا ہوا کپڑا۔

نسیجہ: (ع)بُنی ہوئی چیز۔

نَسِیلَہ: گھوڑوں کا گلہ۔

نَسیم: (ع)ٹھنڈی ہوا، صبح کے وقت چلنے والی ہوا جس میں باغ کے پھولوں کی مہک ہوتی ہے۔

نَسیہَ: (ع)ادھار، قرض (کوئی چیز لینا)۔

نسیہ اش سوخت افتاد: رقم جو اس نے قرض کے طور پر دی تھی اسے حاصل نہ ہوسکی، وہ بہت مایوس ہوا۔

نَسیہ بردن یا خریدن: ادھار لینا یا خریدنا۔

نسیہ فروختن: ادھار پر فروخت کرنا۔

نِشا: کوئی پودا اچھی طرح اُگ آئے تو اسے کسی دوسری جگہ لگادینا۔

نِشا کردن: پودے کو ایک جگہ سے کسی دوسری جگہ لگانا۔

نِشا: نشاستہ۔

نشّاب: تیر، اس کا واحد "نشابہ" ہے۔

نشاپور: نیشاپور، خراسان کا مشہور شہر اور ضلع۔

نِشاختَن: نشاندن، بٹھانا۔

نِشاستہ: گیہوں کا ست، مغزگندم۔

نِشاط: (ع)خوشی، راحت، مثال:

خُو کرده بغم مرغ قفس زاده چه داند
درگلشن ایجاد نشاطِ طیران را
جس پرندے نے قفس میں زندگی گزاری ہے اور رنج و غم جس کی عادت میں شامل ہے وہ اس بنے سنورے چمن زار میں پرندوں کی راحت پرواز کو کیا جان سکتا ہے۔
نشاط کردن:خوشی منانا۔
نشاط آوَر-نشاط انگیز:فرحت پیدا کرنے والا، جس کی وجہ سے خوشی حاصل ہو۔
نَشاف:(ع)جذب کرلینے والا۔
کاغذ نشاف:جاذب سیاہی چُوس۔
نَشاف:(ع)خبط، دیوانگی۔
نِشان:(۱)علامت، آثار، سراغ، پتا (۲)مُہر۔
نشان دادن:دکھانا۔
دست خود را به طبیب نشان داد:اس نے اپنا ہاتھ طبیب کو دکھایا۔
نشان کردن:نشان لگانا۔
نشانِ محبت:محبت کی علامت۔
نشان منزل:منزل کے آثار۔
نشان های خانوادگی:خاندانی علامتیں۔
ناخوشی شما چه نشان دارد:تمہاری بیماری کی کیا علامت ہے۔
نشان-نشاندن=بٹھانا سے فعل امر، بٹھاو، جگہ دو۔ مثال:

مهرپاکان درمیان جان نشان
دل مده الا بجمع سرخوشان
نیک اور پاک لوگوں کی محبت کو اپنے دل میں جگہ دو، خوش فکر لوگوں کے علاوہ اور کسی سے دل نہ لگاؤ۔
خاطرِ نشان:دل نشیں۔

نشانان:نشانَین-دنیا اور آخرت۔
نشان بَردار:پرچم اٹھانے والا۔
نشاندار:جس پرکوئی مخصوص علامت درج ہو۔
نِشاندَن:نشانیدن-بٹھانا۔
ایشان را روی غالی نشاندند:انھیں قالین پر بٹھایا گیا۔
به تخت نشاندن:تخت نشین کرنا۔
گرد از لباس بنشاند:اس نے اپنے لباس سے گرد جھاڑدی۔
نِشاندِہ:بٹھایا گیا، جسے بیٹھنے کے لیے جگہ دی گئی ہو۔
نِشانگاه:ہدف، نشانہ، نشانے کی جگہ۔
نِشانِه:ہدف، وہ مخصوص جگہ جہاں تیر یا گولی چلائي جائے۔
نشانه رفتَن:نشانہ لینا، شست باندھنا۔
نِشانیدَن:نشاندن-بٹھانا۔
نَشپیل:مچھلیاں پکڑنے کا کانٹا۔
نَشت:شکستگی، خرابی۔
نِشتَر:نیشتر-فصد لینے یا پھنسی پھوڑا چیرنے کا اوزار۔
نشتر زدن:اوزار سے پھنسی پھوڑا چیرنا۔
نَشخَوار:چبانا، جانور کا جگالی کرنا۔
نشخوار کُنَندگان:جگالی کرنے والے جانور۔
نشخوار کُنَندِه:جگالی کرنے والا جانور۔
نَشر:(ع)طباعت، چھپائی، اشاعت، افزائش، زندہ کرنا، زندہ ہونا رُستاخیز، قیامت۔
نشر کردن:شائع کرنا، نشر کرنا۔
یوم النَّشر:روز قیامت۔
نُشرَه:(ع)دعا جو دیوانے کے علاج یا بد نظری سے بچانے

کے لیے لکھی جاتی ہے۔

نشریات: اشاعتیں، مطبوعہ کتابیں رسالے وغیرہ۔

نشریات علمی: چھپی ہوئی علمی کتابیں۔

نِشَست-نشستن=بیٹھنا یا وہ بیٹھی، بیٹھنے کی جگہ، جلوس، جلسہ۔

او روی قالین نشست: وہ قالین پر بیٹھا۔

نِشست و برخاست: بیٹھنا اٹھنا، میل جول، آمدورفت، آداب معاشرت و مجالست۔

نِشستگاہ: بیٹھنے کی جگہ۔

نشستن: (۱)بیٹھنا (۲)ٹھہرنا، قیام کرنا۔

در عرق نشستن: پسینے پسینے ہو جانا۔

نشستنگاہ: نشستگاہ۔

نشَستنی: (۱)بیٹھنے کے انداز میں (۲)جس پر سواری کی جائے۔

نشَستہ: بیٹھا ہوا۔

نَشف: اثر قبول کرنا، اخذ کرنا، سرایت کرنا، جذب کرنا۔

نِشکُنج-نِشگون: چٹکی لینا، ناخنوں سے کھرچنا، مجازاً دکھ دینا، تکلیف دینا، ایذا پہنچانا۔

نِشکنج گرفتن: چٹکی لینا، ناخن مارنا۔

نِشگردہ: موچی کا چمڑا کاٹنے کا اوزار۔

نَشل: لے اڑنا، جیب کاٹنا۔

نشلیدَن: کسی چیز پر جھپٹنا، لے اڑنا۔

نَشنیدہ: جو سنا نہ گیا ہو۔

نَشو: (ع)اُگنا، بڑھنا، نموپانا، بالیدگی، روئیدگی۔

نشوو نما کردن: بڑھنا، نموپانا، ترقی کرنا۔

نشوونما یافتن: بڑھنا، ترقی پانا۔

نَشوَت: (ع)مستی۔

نَشوہ: (ع)نشو و نما پانا۔

نَشوہ: (ع)نشہ، مستی، سرمستی۔

نشوہ شراب: شراب کی مستی وسر شاری۔

نشُور: (ع)قیامت، محشر، رُستاخیز، روز قیامت میں پھر زندہ ہونا۔

یوم النّشُور: روز قیامت۔

نشُوز: (ع)نافرمانی کرنا (عورت کا شوہر سے)۔

نشُوق: (ع)دوائی جو ناک میں ڈالی جائے۔

نشیب: نچان، پستی، پست زمین۔

نشید و نشیدہ و نشودہ: انجمن میں گانا یا شعر پڑھنا، سرود و نغمہ۔

نشِیط: (ع)خوش باش، زندہ دل، شادمان، خوشحال۔

نشیم: نشیمن کا مخفف، بیٹھنے کی جگہ۔

نشیمَن: گھر، مسکن، خانہ، زندگی بسر کرنے کی جگہ، آشیانہ، ٹھکانا۔

نشیمن کردن: رہنا، قیام کرنا۔

نشِیمن گاہ: (۱)رہنے یا قیام کرنے کی جگہ (۲)بیٹھنے کی جگہ، کرسی بنچ وغیرہ۔

نشیمہَ: چمڑے کا تسمہ۔

نشین-نشستن=بیٹھنا سے فعل امر، بیٹھ جا، نشین لاحقے کے طور سے بھی استعمال ہوتا ہے مثلاً گوشہ نشین: الگ تھلگ گوشہ میں بیٹھنے والا۔

نَشِینَندہ: بیٹھنے والا، رہنے والا، قیام کرنے والا۔

نَص:متن: کتاب کی اصل عبارت، صحیح، ظاہر کلام، حکم الٰہی جو صاف اور ظاہر ہو (نصوص جمع)۔

نصاب: (ع)رقم جس پر زکوۃ واجب ہو۔

مال او بحدِ نصاب نرسیدہ است: اس کا مال اتنا نہیں کہ اس پر زکوۃ واجب ہو۔

نصاب: عربی میں افراد کی تعداد فارسی میں قافیہ بندی،

قافیہ پیمائی، اردو میں پڑھائی کا کورس۔

نصارا: عیسائی۔

نصائب: (ع)نصیبہ کی جمع، پتھر جو حوض کے کنارے نصب کیا جاتا ہے۔

نصائح: (ع)نصیحت کی جمع۔

نصب: (ع)گاڑنا، لگنا، برپاو قائم کرنا۔

نصب العین: نظر کے ساتھ، پیش نظر، مدنظر، اصلی مقصد، دلی منشا۔

نصب: (ع)جمع نصیب۔

نصح: (ع)نصیحت دینا، محبت کی بنا پر۔

نُصحاء: (ع)ناصح کی جمع، نصیحت کرنے والے۔

نَصر (ع)مدد،فتح، ظفر، مددکرنا، نیز مدد کرنے والا۔

نصراللہ: (ع)اللہ تعالی کی مدد۔

نَصرانی: (ع)عیسائی، مسیحی۔

نَصرانیّت: (ع)عیسائیت، مسیحیت۔

نُصرت: (ع)فتح و ظفر۔

طاقِ نصرت: فتحمندی کی یادگار محراب۔

نِصف: (ع)آدھا، نیم۔

نصف بیشتر: آدھے سے زیادہ۔

نسف پختہ شدہ و نصف خام: آدھا پکا ہوا اور آدھا جو پکا نہ ہو۔

نِصف شب: آدھی رات۔

درد نصف سر: شقیقہ کا درد۔

دو نصف: دو آدھے تکڑے۔

دو نصف کردن: دو آدھے آدھے ٹکڑے کرنا۔

فلجِ نصف بدن: آدھے جسم کا فالج۔

نِصفاً: (ع)آدھے آدھے۔

نِصفُ النّھار: ()دوپہر کا وقت، وہ فرضی خط جو ایک قطب سے دوسرے قطب تک جاتا ہے۔

نِصفا نِصف: ٹھیک آدھا۔

نِصفَت: عدل، انصاف۔

نِصفہ: آدھا۔

نِصفَین: (ع)دو آدھے حصے۔

نَصل: (ع)پیکان، نیزے کا سرا، چھری یا شمشیر کا سرا، نصال جمع۔

نصُوح: (ع)خالص، صاف، سچّی۔

توبۃ النَّصُوح: سچے دل کی توبہ، مولانا نذیر احمد کی مشہور کتاب (اردو)۔

نِصُوص: (ع)نص کی جمع، دیکھیے نص۔

نَصِیب: (ع)قسمت، تقدیر، حاصل، میسر، حصہ۔

نصیب شدن: قسمت میں ہونا، میسر آنا۔

خدا نصیب کند: خداوند تعالی عطا کرے۔

خوشانصیب: کتنی خوش قسمتی ہے، کتنی خوش قسمتی ہو۔

نصِیبہ: (ع)پتھرجو حوض کے کنارے پر نصب کیا جاتا ہے۔

نَصیحَت: (ع)اچھائی، بھلائی کی بات بتانا، نیک صلاح۔

نصیحت کردن: نیک صلاح دینا، اچھی بات بتانا۔

نصیحَت آمیز: بات جس میں نصیحت ہو، نیکی کی بات، وہ بات جو کسی کے فلاح و بہبود کے لیے ہو۔

نَصیحت پذیر: نصیحت کو غور سے سننے والا، اور اس پر عمل کرنے والا۔

نَصیحت گر: ناصح، نصیحت کرنے والا۔

نَصِیر: (ع)مددگار، حامی، حمایتی۔

نِضار: (ع)چاندی سونا، زر خالص، ہر خالص چیز (نضر

جمع).

نضارَت: (ع)تازگی، شادابی۔

نَضج: (ع)پختہ ہونا۔

نَضر: (ع)سونا چاندی۔

نَضرت: (ع)شادابی، تازگی۔

نضیج: (ع)ہر پختہ چیز، پکا ہوا پھل۔

نِطاق: (ع)کمر بند۔

نَطاق: (ع)(۱)مقرر، سخنور (۲)فصیح باتیں کرنے والا۔

نَطاقی: تقریر کرنا، سخنوری۔

نَطرُون: خام شورہ، نائٹریٹ۔

نَطع: (ع)چٹائی، چمڑے کی چٹائی جس پر قدیم زمانے میں پھانسی پانے والے مجرم کو بٹھایا جاتا تھا جہاں اس کا سر قلم کیا جاتا تھا۔

نُطفہ: (ع)تخم۔

نُطق: (ع)بولنا، بات کرنا، سخن رانی، گفتار۔

نطق آمدن: تقریر شروع کرنا۔

نطقِ خوبی ایراد کرد: اس نے بہت عمدہ تقریر کی۔

نطق کردن یا ایراد کردن: تقریر کرنا۔

نطوق: (ع)بات کرنا۔

نطُول: (ع)پانی جس میں دواؤں کو جوش دیا جاتا ہے اور اس سے جسم کے اس حصے کو دھویا جاتا ہے جہاں تکلیف ہو۔

نُظّار: (ع)ناظر کی جمع، نظر ڈالنے والا، زیر نظر رکھنے والا۔

نَظارَت: زیر نظر رکھنا، نگرانی کرنا، نگہداشت۔

نظارت کارهای قالین بافی: قالین بنانے کا کاروبار کی نگہداشت۔

نِظارَت: دانائی، فراست، زیرکی۔

نَظارگی: (ع)دیکھنا، نگہداشت۔

نَظارہ: (ع)دیدار، تماشہ، منظر، کسی چیز کو دیکھنا۔

نَظافت: (ع)صفائی، پاکیزگی، نفاست پسندی۔

محل نظافت: طہارت خانہ۔

نِظام: (ع) (۱)انتظام، نظم و ترتیب، آراستگی (۲)فوجی ملازمت۔

او بعد از تحصیل داخل نظام شد: اسنے تحصیل علم کے بعد فوجی ملازمت اختیار کی۔

نظام اجباری: لازمی فوجی ملازمت۔

نظام گرفتن: صف میں ہونا، ترتیب میں ہونا۔

نظام وظیفہ: فوجی ملازمت۔

بی نظام: نظم و ترتیب کے بغیر۔

علمِ نظام: فوجی ملازمت کا علم۔

نِظامات: اصول و قواعد، نظم و ترتیب۔

نِظامَت: نگرانی، نگہداشت۔

نظام الملک طوسی: الپ ارسلان سلجوقی اور اس کے بیٹے ملک شاہ سلجوقی کا وزیر رہا اس نے بہت سی فلاح عامہ کی عمارتیں بنوائیں مدرسہ نظامیہ بغداد اس نے قائم کیا۔ ۳۸۳ ھ میں ایک اسمعیلی فدائی کے ہاتھوں مارا گیا، سیاست نامہ اس کی تصنیف ہے۔

نِظامنامہ: نظام، آئین، دستور اساس، مجموعہ قوانین۔

نظامنامۂ انجمن: انجمن کا آئین۔

نظامنامۂ مالی: مالیات کا آئین۔

نِظامی: فوجی، عسکری۔

حکومتِ نِظامی: مارشل لا۔

شُورای نظامی: کورٹ مارشل۔

عملیاتِ نظامی: فوجی عمل۔

نظامی گنجوی: مشہور ایرانی شاعر (۵۳۵-۵۹۹ھ) ان کی پانچ مثنویاں «خمسہ» کے نام سے مشہور ہیں۔

نظائر: (ع) جمع نظیرہ، مثال، مانند

نَظَر: (ع) نگاہ، بینائی، شناخت، پرکھ، دیکھ بھال، کسی چیز پر غور کرنا، غور و فکر، توجہ، خیال۔

نظرِ اجمالی: مختصر طور سے نظر ڈالنا۔

نظر انداختن: نظر ڈالنا۔

نظربَد: بری نظر۔

نظربَہ: یہ سوچتے ہوئے۔

نظربہ اہمیت موضوع: موضوع کی اہمیت پر غور۔

نظر زدن-چشم زدن: آنکھ مارنا، آنکھ پلکنا، آنکھ پلکتے ہی۔

نظر کردن: دیکھنا، غور کرنا، جائزہ لینا۔

از نظر دور ساختن: بھلا دینا، جدا کرنا۔

از نظرِ دوستی: دوستی کے خیال سے۔

اِمعان نظر: غور سے، دقت نظر سے۔

بہ نظر داشتن: خیال میں رکھنا۔

بنظر شما وا گزارم: میں اسے تمہارے غور و فکر پر چھوڑتا ہوں۔

بنظرم: میرے خیال میں، میرا خیال ہے۔

بنظرِ من این کار زشتی است: میرے خیال میں یہ کام بُرا ہے۔

تجدیدِ نظر: نظر ثانی، پھر سے ایک نظر ڈالنا۔

تشکیلاتَ جدیدی درنظر دارم: جدید منصوبے میرے پیش نظر ہیں۔

جذبِ نظر کردن: اپنی طرف متوجہ کرلینا۔

حُسن نظر: نظر کی خوبی۔

در نظرِ أولیٰ: اولین نظر میں۔

در نظر داشتن: خیال میں رکھنا۔

در نظر گرفتن: زیر غور رکھنا، زیر نظر رکھنا۔

درین لحظہ فکری بنظرم رسید: اس وقت ایک خیال میرے ذہن میں آیا۔

صرفِ نظر کردن: نظر انداز کرنا۔

یک نظر اجمالی بکارش انداختم: ایک مختصر سی نظر میں نے اس کے کام پر ڈالی۔

نظراً: واضح طور سے۔

نظر باز: آنکھیں لڑانے والا، آنکھوں ہی آنکھوں میں اظہار محبت کرنے والا۔

نظر بُلَند: بلند نظر یا سوچ والا، وسیع خیال، وسیع ظرف، فیاضانہ احساس رکھنے والا۔

نظر بلندی: وسیع خیالی، وسیع ظرفی، فیاضانہ احساس۔

نظر بَند: وہ شخص جسے کسی محفوظ جگہ رکھ کر اس کی نگرانی کی جائے۔

نظر بَندی: جس کے آنے جانے پر پابندی ہو۔

نظر تَنگ: تنگ خیال، بخیل، کنجوس، تنگ ظرف۔

نظر تنگی: بُخل، خست، تنگ خیالی، تنگ ظرفی

نظر رُبا: دلکش، دلربا۔

نظر گاہ: نمائش، جائے نمائش۔

نَظَری: (ع) جس کا تعلق صرف نظر سے ہو، عمل سے تعلق نہ ہو، خیالی، خیالی اعتبار سے۔

نَظَریات: (ع) نظریہ کی جمع۔

نَظَریہ: (ع) رائے، خیال، ایسا معاملہ جس کے لیے دلیل و ثبوت کی ضرورت ہو، اہم خاص انداز فکر۔

نظریہ شما درین باب چیست؟: اس سلسلے میں تمہارا کیا خیال ہے؟۔

نظم:(ع)(۱)ترتیب، بندوبست، نظام (۲)شعروں میں کوئی کیفیت یا واقع بیان کرنا، نظم کی قسمیں، مثنوی، غزل، رباعی، مخمس، مسدس وغیرہ۔

نظم دادن:ترتیب دینا، ترتیب میں رکھنا۔

نظم در آوردن:شعروں میں کیفیت حال بیان کرنا۔

بی نظمی:بد نظمی۔

نظماً:نظم و ترتیب کے لحاظ سے۔

نظمیہ:(ع)پولیس، دفتر شہربانی، ادارہ شہربانی۔

نظیر:(ع)مثال، مانند، برابر، مثل، نمونہ، حوالہ۔

نظیر این تصویر ہرگز ندیدہ بودم:اس تصویر کی مثال میں نے کبھی نہیں دیکھی تھی۔

نظیرالسمت:(ع)شبیہ، مانند، مثال، نمونہ۔

نظیرہ:(ع)مثال، نمونہ، مثل، نظائر جمع۔

نظیف:(ع)صاف، پاک، پاکیزہ۔

نظیفہ:(ع)نظیف کی تانیث، پاک، پاکیزہ۔

نعاج:(ع)نعجہ کی جمع، بکریاں، بھیڑیں۔

نعاس:کاہلی، سستی، نیند کی ابتدا۔

نعال:(ع)نعل کی جمع، جوتے، نیز سب سے نیچے، مجلس کے آخر میں۔

صف نعال:سب سے پچھلی صف جس کے قریب جوتے رکھے جاتی ہیں۔

نعامہ:(ع)(۱)شتر مرغ (۲)نفس (۳)تاریکی (۴)فرحت، سرور، اکرام۔

نعت:(ع)تعریف و توصیف، حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی تعریف و توصیف میں کی گئی نظم کو نعت کہتے ہیں۔

نعجہ:(ع)بھیڑ، بکری۔

نعرہ:()ع)بلند آواز میں کوئی مخصوص بات کہنا للکارنا۔

نعرہ زدن:شور و غل کرنا، نعرے لگانا۔

نعرہ زنان:بلند آواز میں نعرہ بازی کرتے ہوئے۔

نعش:میت، جسد بے روح۔

نعش کش:میت لے جانے والے۔

نعل:(ع)(۱)جوتا (۲)گھوڑے کے سم پر لگایا جانے والا آہنی حلقہ، کھری۔

اسپ را نعل کردند:گھوڑے کے سموں کو انہوں نے آہنی حلقے لگوائے، کھریاں لگوائیں۔

نعلبکی:چینی وغیرہ کی پلیٹ جو پیالیوں یا گلاسوں کے نیچے رکھی جاتی ہے۔

نعل بندی:گھوڑوں کے سموں کو آہنی حلقے لگوانا۔

نعل زدہ:جس گھوڑے کے سموں کو آہنی حلقے لگائے گئے ہوں۔

نعلکی:بوٹ یا جوتی کی ایڑ۔

نعلی:نعل کی طرح۔

نعلین:نعل کی جمع، سلیپر، جوتے وغیرہ۔

نعم:(ع)جی ہاں، مثال:

بُرہان ثبوتیم زما نفی نیاید

از ما نعم آموز کہ لا رانشناسم

ہم خود کسی حقیقت کے ثبوت کی دلیل ہیں، ہم سے جی ہاں، سیکھو، "لا" یعنی نہیں کو ہم نہیں جانتے۔

نِعَم:(ع)نعمت کی جمع۔

نِعْم:(ع)کیاہی اچھا، بہت خوب۔

نِعمَ البدل: اچھا عوض۔

نعم المطلوب: ایسی نعمت جس کی تمنا تھی۔

نَعما: (ع) نعمت، احسان، نیکی، مروت، موہبت۔

نِعمات: (ع) نعمت کی جمع۔

نُعمان: (ع) (۱) حیرہ کے فرماں رواؤں میں سے ہر ایک کا لقب۔

شقائق النعمان: گل لالہ، سرخ پھول۔

نِعمَت: (ع) مال و دولت، آسائش کی چیزیں، عطاو بخشش۔

نِعمَت اللّٰہ: (ع) اللہ تعالی کی عطا و بخشش۔

نِعمت گُستَر: :فیاض، سخی۔

نَعناع: (ع) پودینہ۔

نَعُوذ: (ع) ہم پناہ مانگتے ہیں۔

نَعوذ باللّٰہ: ہم اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔

نَعُوظ: (ع) کھڑا ہونا، سیدھا کھڑا ہونا۔

نَعوظی: (ع) کھڑا ہونے کے قابل۔

نَعِیب: (ع) غار غار، قار قار کی سی آواز، کوے کی آواز۔

نَعِیم: (ع) خوشی، مسرت، نعمت بخشنے والا۔

نَعِیق: (ع) کوے کی کائیں کائیں (۲) گڈریے کا بھیڑ بکریوں کو آواز دینا۔

نَغز: بہت عمدہ، اعلی، پر لطف، مثال:

بشاھنامہ فردوسی نغز گوی

کہ از پیش گویندگان بُردگوی

بلند پایہ پر لطف شعر کہنے والا فردوسی شاہنامہ لکھ کر سابقہ شعرا سے بازی لے گیا۔

اشعار نغز: پر لطف اشعار۔

نغز گفتار: فصیح وبلیغ، خوش گفتار۔

نَغزی: شستگی، لطافت، عمدگی، زیبائی۔

نَغل: کوہ و صحرا میں بھیڑوں بکریوں کے رہنے کی جگہ۔

نَغمات: : (ع) نغمہ جی جمع۔

نَغمۂ: (ع) گیت، راگ، ترانہ، سریلی صدا، آہنگ دلربا۔

نغمہ پرداز: گیت گانے والا، مطرب، مغنی، گوّیا۔

نغمہ سرا: گانیوالا ،مطرب۔

نغمہ سرائی: گانا۔

نَغنَع: (ع) غلہ ناپنے کا پیمانہ۔

نَغُوشا-نغوشاک: گبر، آتش پرست، پارسی۔

نَغُولہ: زلف، گیسو۔

نَغِیل: (ع) فاسد، حرامزادہ۔

نَفّاث: (ع) ساحر، جادوگر، افسون گر۔

نَفّاخ: (ع) نفخ ہونا، ہوا سے پیٹ پھولنا، نفخ پیدا کرنے والا۔

نفاذ: (ع) وقت ختم ہونا، آخر تک پہنچنا، ختم ہو جانا ،نیست نابود ہو جانا۔

نفاذ: (ع) نافذ ہونا۔

نفار: (ع) چلے جانا، کہیں دور ہو جانا۔

نِفاس: (ع) خون جو بچہ ہونے کے ساتھ عورتوں کو آتا ہے۔

نَفاسَت: (ع) عمدگی، لطافت۔

نِفاسی: نفاس سے متعلق۔

نَفّاط: (ع) معدن سے مٹی کا تیل (نفت) استخراج کرنے والا۔

نفاغ: (ع) جام، قدح۔

نفاق: (ع) پھوٹ، تعلقات کا بگاڑ۔

نفاق انداختن: پھوٹ ڈالنا۔

اهل نفاق: منافق لوگ۔

نَغام: (ع) گرد آلود، سیاہ فام، برا، زشت۔

نفایَت: (ع) کوئی چیز جسے کسی دوسرے چیز سے گھٹیا سمجھ کر چھوڑ دیتے ہیں۔

نَفت: نفط، مٹی کا تیل، پٹرول۔

شرکتِ نفتِ انگلیسی و ایران: انگریزی، ایرانی تیل کمپنی جو تیل کے استخراج پر شروع میں قائم ہوئی تھی۔

نفت مَعدنی: معدنی مٹی کا تیل پٹرولیم۔

نَفت کش: بڑی ویگن یا کشتی جس میں مٹی کا تیل یا سڑین بھر کر لے جاتے ہیں۔

نَفتی: نفطی، مٹی کے تیل کا بنا ہوا۔

چراغِ نفتی: مٹی کا تیل سے جلنے والا چراغ۔

موادِ نفتی: مٹی کے تیل سے بنی ہوئی چیزیں۔

نَفج: (ع) کاغذ جس پر لکھا جاتا ہے۔

نَفح: (ع) باد نسیم کا چلنا۔

نفحات: نفح کی جمع۔

نَفحَت: (ع) ہوا کے ساتھ پھولوں کی مہک پھیلنا۔

نَفخ: (ع) (۱) پیٹ کا پھولنا (۲) فخر و تکبر۔

نفخ زدن: پھونک مارنا۔

نَفخِ شکم: ریح سے پیٹ پھولنا، پیٹ میں ہوا بھرنا۔

نفخِ صُور: (ع) حضرت اسرائیل کا صور پھونکنا۔

نفخَہ: (ع) پھونکنا، بگل بجانا۔

نَفر: (ع) شخص، آدمی۔

دو نفر این جا آمدند: دو شخص یہاں آئے۔

یوم النَّفر: (ع) ۱۲ ذی الحجہ جب حجاج منی سے مکہ معظمہ کی طرف آتے ہیں اسے یوم النفور بھی کہتے ہیں۔

نَفرَت: (ع) حقارت، بیزاری، کراہت، ناپسندیدگی۔

نفرت کردن: نفرت کرنا، کسی سے کراہت ہونا، بیزار ہونا۔

بوی نفرت: کراہت خیز بدبو۔

نفرت انگیز: جس سے نفرت پیدا ہو۔

نَفرَت آور: بیزاری پیدا کرنے والا۔

نَفرِیدن: نفریں کرنا، لعنت بھیجھنا۔

نفرِین: نفرت ہونا، لعنت بھیجنا۔

نفریں کردن: بہت لعنت ملامت کرنا۔

نفرین کردہ: جسے لعنت ملامت کی گئی ہو۔

نَفَس: (ع) سانس، سانس لینا، لحظہ بر۔

نفسِ خود را حبس کرد: اس نے اپنا سانس روک لیا انفاس جمع۔

نفس کشیدن: سانس لینا۔

نفسِ واپسین: دم واپسیں، آخردم۔

نفسی بمن مہلت دھید: لمحہ بھر کے لیے مجھے مہلت دیجیے۔

حالامی خواھم یک نفسی راحتی بکنم: اب میں چاہتا ہوں کہ کچھ آرام کر لوں۔

نَفس: (ع) جان، روح، قلب، ذات۔

نفسِ امّارہ: نفسانی خواہش جو بری باتوں کی طرف مائل کرے۔

نفسُ الأمر: (ع) واقعی بات، اصل مدعا در حقیقت۔

نفسِ لوّامه: ملامت کرنے والا نفس

نفسِ مطمئِنّه: (ع) دل کی مطمئن حالت جو بری خواہشوں پر غلبہ پانے سے حاصل ہوتی ہے

نفسِ ناطِقه: (ع) نفس انسانی

فی نفسه: نفس کے اعتبار سے، ذاتی طور پر

سلیمِ النّفس: (ع) نیک فطرت، پاک سرشت

ضعیفِ النفس: (ع) سست نہاد، جو فطرةً سست ہو

نَفَس: (ع) سانس، تنفس

نفس زدن: ہانپنا

نفساء: (ع) عورت جس کے تازہ بچہ پیدا ہوا ہو، نوافس جمع

نفسانی: ذاتی، انسانی، نفسی

نفسانِیّت: خود غرضی، صرف ذاتی مفاد کا خیال رکھنا، صرف ذاتی خواہش کے مطابق عمل کرنا

نفس پروَر: عیاش، نفسانی خواہشات پر عمل کرنے والا، خواہشات نفس کا بندہ

نفس پَرَسْت: عیاش، خواہشات نفسانی کو مقدم سمجھنے والا

نَفس پرستی: عیاشی، خواہشات نفسانی کی پیروی

نَفس تنگ: تنگی سے سانس کا آنا

نَفسی: نفسانی، ذاتی

نَفط: (ع) نفت، مٹی کا تیل، پٹرولیم،

نفطَة: (ع) چھالا، پھپھولا

نَفع: (ع) فائدہ، سود، منافعہ

نفع بُردن: منافعہ کمانا

نفع خالص: منافعہ جو جائز طریقے سے کمایا جائے

نفع رساندن: کسی کو فائدہ پہنچانا

نفعِ شخصی: ذاتی فائدہ، منفعت

نفعِ غیرخالص: منافعہ جو نا جائز طور سے حاصل کیا جائے

نَفَقَه: (ع) بال بچوں کا خرچ، آل اولاد کا روز مرہ کا خرچ

نفقه دادن: پرورش کرنا، خوراک مہیا کرنا

نَفَل: (ع) وہ عبادت جو واجب نہیں لیکن مسلمان فرائض اور واجبات کے ساتھ نفل ادا کرتے ہیں

نِفلَه: (ع) ضائع شدہ

نفُوذ: (ع) اثر و رسوخ، نافذ ہونا، رائج ہونا

نفوذ کردن: داخل ہونا، اثر کرنا، گھس جانا

آب در دیوار نفوذ کرد: پانی دیوار میں داخل ہو گیا

اعمال نفوذ کردن: اپنا اثر و رسوخ استعمال کرنا

نفُور: (ع) نفرت کرنا، دور رہنا، متنفر، گریزاں

بواسطه اخلاق بدش مردمان از او نفوراند: اس کے برے اخلاق کی وجہ سے لوگ اس سے دور رہتے ہیں

نُفُوس: (ع) نفس کی جمع، لوگ

پاکستان چه قدر نفوس دارد؟: پاکستان کی آبادی کتنی ہے؟

نفی: (ع) نہیں، انکار، امتناع، روک اخراج، شہر بدر، تفریق

نفی بلد: شہر سے اخراج، شہر بدر

نفی کردن: منہا کرنا، تفریق کرنا

او را برای دو سال نفی کردند: اسے دو سال کے لیے شہر بدر کیا گیا

نَفِیر: (ع) فرار اختیار کرنا، جنگ سے فرار کرنا

نَفِیر: (ع)(۱)موسیقی کا ساز، بگل وغیرہ، بگل کی آواز (۲)خراٹا

نفیر کشیدن: رات کو خراٹے لینا

او در وقت خواب نفیر می کشد: وہ سوتے وقت خراٹے لیتا ہے

نفیرزن: بگل بجانے والا

نَفِیس: (ع) عمدہ، اچھا

پول بگیرید و اشیای نفیس بخرید: یہ رقم لیجیے اور عمدہ چیزیں خریدیے۔ نفیس کی جمع نفائس، عمدہ چیزیں

نِقا: (ع) نقی کی جمع، پاک، برگزیدہ

نِقاب: (ع) پردہ، روپوش

نِقاب برداشتن: نقاب اٹھا لینا

نِقاب زدن: نقاب اوڑھنا، پردہ کرنا

نَقّاب: (ع) امور میں کُنج کاوی کرنے والا، بہت دیکھ بھال کرنے والا، با اثر شخص

نقابت: قیادت، پیشوائی، رہنمائی

نِقابی: روپوش، پردے میں، نقاب لیے ہوئے، نقاب دار

نَقّاد: تنقید کرنے والا، رائے زن، نکتہ چین، جانچنے پرکھنے والا، خوبی اور برائی پر نظر ڈالنے والا

نقّادی: تنقید، جانچ پرکھ تنقیدی رائے زنی سے متعلق

نقادی کردن: تنقید کرنا جانچ پرکھ کرنا

نِقار: (ع) دشمنی، لڑائی، جھگڑا، عناد، بغض، کینہ، نزاع، جدال

نَقّار: (ع) امور میں بہت دیکھ بھال کرنے والا، کنج کاوی کرنیوالا

نَقّارچی: نقارہ بجانے والا

نَقّارخانہ: جہاں نقارے رکھے جاتے ہیں

نَقّارہ: (ع) طبل، دہل، کُوس جسے بجا کر اعلان کیا جائے

نقّارہ زن: نقارہ بجانے والا

نَقّاش: (ع) مصور، نقش و نگار کرنے والا، بیل بوٹے بنانے والا

نقّاش خانہ: نقاشوں کے بیٹھنے کی جگہ

نَقّاشی: مصوری، نقش و نگار کرنے کا کام، تصویریں بنانا

نقّاشی کردن: نقش و نگار سے آراستہ کرنا، تصویر بنانا

نِقاض: (ع) خلاف بات کرنے والا، وہ شخص جو اپنی ہی کہی ہوئی بات سے مختلف بات کرے

نِقاط: (ع) نقطہ کی جمع

نَقّال: (ع) نقل کرنے والا، بیان کرنے والا، روایت کرنے والا

نقّالہ: وہ آلہ جس سے زاویے کی پیمائش کی جاتی ہے

نقّالی: نقل کرنا، روایت بیان کرنا، قصہ خوانی

نَقاوَت: (ع) پاکی، صفائی، پاکدامنی

نَقاہَت: (ع) کمزوری، لاچاری، خستگی

نقائص: (ع) نقص کی جمع، عیوب، کمزوریاں، کمیاں

نقائض: (ع) مخالفین، بر خلاف، متضاد

نَقب: (ع) دیوار کا سوراخ، سرنگ، دیوار میں سوراخ بنانا، پہاڑ کھودنا

نقب زدن: کھودنا، سوراخ کرنا

دُزدان از زیر زمین نقب زدند: چوروں نے نیچے سے زمین کھودی

نُقَبا: (ع) نقیب کی جمع، قائد، رئیس

نقب زن: چوری کی غرض سے دیوار میں سوراخ کرنے والا

نَقد: (ع) وہ رقم جس کا لین دین ہاتھوں ہاتھ ہو جائے، چاندی سونے کی مالیت، مال (نقود جمع)

او جنس خود را نقدمی فروشد: وہ اپنی چیز کو مال لے کر فروخت کرتا ہے

نَقداً:(ع) رقم کی صورت میں، نقدی کی صورت میں

آنہا نقداً معاملہ می کنند: وہ روپے پیسے سے معاملہ طے کرتے ہیں

نَقدی: مال و زر، نقد روپیہ پیسہ

نَقدِینہ: روپیہ پیسہ، مال و زر، زر نقد

نَقر:(ع) پتھر یا لکڑی پر کندہ کاری یا نقاشی کرنا

نِقرِس:(ع) ایک بیماری جو ہاتھ اور پاؤں کو لاحق ہو جاتی ہے جس سے ورم ہو جاتا ہے اور درد ہونے لگتا ہے ایک قسم کا گنٹھیا

نِقرِسِ پا: پاؤں کا گنٹھیا

نقرس دست: ہاتھ کا گنٹھیا

نقرس زانو: گھٹنے کا گنٹھیا

نُقرہ:(ع) چاندی، سیم

نقرہ آلات: چاندی کے برتن، چاندی کے آلات

نقرہ ای: چاندی کا بنا ہوا، سیمیں

نقرہ کار، نقرہ گر: چاندی کا کام کرنے والا، چاندی کے زیور بنانے والا

نَقش:(ع) صورت، تصویر، عکس، پھول پتی کا کام کھدا ہوا، عکس، خیال یا جذبے کو صورت دینا (نقوش جمع)

نقش بردیوار: دیوار پر بنی ہوئی تصویر

نقش بستن: خاکہ بنانا

نقشِ پا: پاؤں کا نشان

نقش ونگار: زیب و زینت کا کام، پھول پتی کا کام

نقش بَند:(۱)نقاش (۲)صوفیہ کا سلسلہ جو شیخ بہا الدین نقش بند سے منسوب ہے، نقش بندیہ

نقش بندی: نقاشی

نقش ساز، نقش گر: نقاش، تصویر بنانے والا، مصور

نقشہ:(ع) مفصل خاکہ، تصویر، بناوٹ، صورت، طرز و انداز، قالب، ڈھانچا، صفحہ یا تختہ جس پر کسی عمارت یا ملک کی تصویر کھینچی ہو

نقشہ جغرافی: مفصل خاکہ کسی علاقے یا ملک کا

نقشہ دریائی: بحری نقشہ جس میں ساحل، چٹان وغیرہ دکھائے گئے ہوں، دریا یا سمندر کی خاص حالت دکھانے والا نقشہ

نقشہ مقطعی: چپٹا خاکہ، یک رخی تصویر، ایک رخی نقشہ

نقشہ بَردار: جغرافیائی مطالعہ کرنے والا، نقشہ ساز

نقشہ برداری: نقشہ سازی، جغرافیائی مطالعہ

نقشہ کش: عمارتوں وغیرہ کا نقشہ بنانے والا

نقشہ کشی: عمارتوں وغیرہ کا نقشہ بنانے کا کام نقشہ نگاری

لوازم نقشہ کشی: نقشہ کشی کا ضروری سازوسامان

نَقص:(ع) کمی، کوتاہی، کسر، عیب

نقص درعکس جمالش نبود: اس کے حسن و جمال کی تصویر میں کسی قسم کی کوتاہی نہ تھی

نُقصان:(ع) گھاٹا، خسارہ، کمی، کوتاہی، ضرر

نُقصان پذیر: جس میں خسارہ ہونے کا امکان ہو

نَقض:(ع) توڑ پھوڑ، ٹوٹنا، توڑنا، مثال:

تا عہد تو در بستم عہد ہمہ بشکستم
بعد از تو روا باشد نقض ہمہ پیمانہا

جب سے میں نے تم سے عہد کیا ہے دوسرے سب عہد و

پیمان میں نے توڑدیے ہیں، تیرے ساتھ عہد کرنے کے بعد سب عہد و پیمان کو توڑ دینا ہی مناسب ہے

نقض کردن: توڑنا، خلاف ورزی کرنا

پیمان خود رانقض کرد: اس نے اپنے عہد کو توڑ دیا

قرار داد را نقض کرد: اس نے قرار داد کی خلاف ورزی کی

نُقطه: (ع) حرف کے اوپر صفر کا نشان

حرف "م" نقطه ندارد ولیحرف "ن" نقطه دارد: حرف میم پر نقطہ نہیں لیکن حرف ن پر نقطہ ہے

نُقطه اِتّصال: (ع) جہاں کوئی خط یا چیز آ کر ملے

نُقطه انجماد: وہ درجہ جس پر کوئی سیال چیز جم جاتی ہے

نَقطه تَقاطُع: (ع) وہ نقطہ جہاں کوئی خط کسی خط کو قطع کرتا ہے

نقطه تماس: (ع) جہاں دو خط ایک دوسرے کو چھوتے ہیں

نقطه دائره: دائرے کا مرکز

نقطه غلیان: وہ درجہ جس پر کوئی سیال چیز ابلنے لگتی ہے

نقطه گذاری، نقطه گذاشتن: حرف پر نقطہ ڈالنا

نقطه مقابل: مخالفانہ بات یا صفت

نقطه نظر: مرکزی خیال، نقطہ خیال

رذالت نقطه مقابل شرافت است: رذالت شرافت کی مخالفانہ صفت ہے

نَقل: (ع) پہنچانا، لے جانا، ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا، کاپی، مثنی، نمونہ، روایت، حکایت، بیان

نقلِ قول: کسی کا قول بیان کرنا

نقل کردن: بیان کرنا، کسی چیز کی کیفیت بتانا، اصل کے مطابق مثنی تیار کرنا، کسی چیز کو دوسری جگہ لے جانا، ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا، نقل مکانی کرنا

نقل مکان کردن: مکان تبدیل کرنا

این آدم خیلي نقل دارد: اس شخص کے متعلق بہت کچھ بتانا مقصود ہے

نُقل: (ع) تبدیلی ذائقہ کے لیے جو کچھ کھایا جائے مثلاً بادام، کشمش، پستہ وغیرہ

نقلِ بادام: منھائی جس میں بادام ڈالے گئے ہوں

نقلِ مجلس: (۱) منھائی جو اہل مجلس میں تقسیم کی جاتی ہے (۲) مجلس کا کوئی بذلہ سنج رکن، محفل کو اپنی ظرافت سے پر رونق بنانے والا، خوش طبع لطیفہ گو

نَقلاً: (ع) روایۃً، روایاتی

نُقل دان: تبدیلی ذائقہ کی چیزوں کا ڈبا

نَقلی: روایاتی

نَقلیات: روایات، روایاتی علم

نَقلیَّہ: (ع) سازو سامان کو ادھرادھر لے جانے کے وسائل اخراجات جو حمل و نقل کے سلسلے میں ہوں

نقلیهَ بَطی السَّیر: (ع) آہستہ آہستہ بار کشی کرنے کے وسائل

نقلیه سَریع السَّیر: (ع) تیزی سے بارکشی کرنے کے وسائل

نَقُود: (ع) نقد کی جمع

نَقُوش: (ع) نقش کی جمع

نَقُوع: (ع) ڈالنا، انڈیلنا، بھر دینا، پھونکنا

نَقُوعی: (ع) نچوڑ، عرق

نَقُول: (ع) نقل کی جمع

نَقی: (ع) پاک، صاف، خالص

نَقِیب: (ع) قبیلے کا سردار، پیشوا، رئیس (نقبا جمع)

نَقِیبُ الأشراف: (ع) شرفا کا سردار

نقیبُ السّادات: (ع) سیدوں کا سردار

نَقِیر: (ع)(۱)نشیب یا نالی جو کھجور کی گٹھلی میں ہوتی ہے (۲)آواز (۳)پتھر یا لکڑی میں کندہ کاری (۳) اصل، نسب، نژاد، خاندان

نَقِیص: (ع) ناقص، عیب دار

نَقِیصَہ: (ع) عیب، کوتاہی، کمی، نقص، برائی، داغ دھبہ، بد خوی

نَقِیض: (ع) مخالف، برعکس، ایک شے کی ضد

ضد و نقیض گفتن: بر خلاف کہنا، مخالفانہ خیال ظاہر کرنا

نَقِیضَہ: (ع) مخالفت، عداوت

نَقِیع: (ع)(۱)شراب جو انگوروں سے تیار کی جاتی ہے (۲)ٹھنڈا پانی

نَقِیہ: (ع) جسے بیماری میں افاقہ ہوا ہو، رو بصحت

نَک: اینک کا مخفف، یہ کہ

نُک: نوک

نِکاپ: چمڑے کا دستانہ جو باز رکھنے والے ہاتھ پر ڈال لیتے ہیں

نِکات: نکتہ کی جمع، تہ کی باتیں جو ظاہر نہ ہوں، باریک باتیں، معنی خیز باتیں

نِکاح: (ع)عقد، بیاہ شادی، عروسی، ازدواجی زندگی کے آغاز کی رسم

عقدِ نکاح در آوردن: شادی کی رسم نکاح ادا کرنا

نکاحی: ازدواجی

نُکاف: (ع) درد ناک ورم جو اونٹ کے کان کی پشت پر یا حلق وغیرہ میں ہو جاتا ہے

نکال: (ع) عذاب، سزا، عقوبت، فضیحت و رسوائی

نِکایت: (ع) تکلیف پہنچانا، کسی کے متعلق بد اندیشی کرنا، مار ڈالنا یا مجروح کرنا

نَکبا: (ع) کشتی وغیرہ کے لیے مخالف ہوا

نکبات: نکبا کی جمع

نکبَت: (ع) بد نصیبی، بیچارگی

نکبت زدہ: بد نصیبی کا مارا ہوا، گردش زدہ، بے بس، پریشان حال

نُکت: (ع) جمع نکتہ

نُکتہ: (ع) معنی خیز بات، تہ کی بات جو ظاہر نہ ہو

چند نکتہ را باید اہمیت داد: چند باتوں کو اہمیت دینی چاہیے

نُکتہ بین: نکتہ چین، عیب پر نظر رکھنے والا، عیب ڈھونڈنے والا، مین میکھ نکالنے والا

نُکتہ بینی: عیب پر نظر رکھنا

نُکتہ پَرداز: نکتہ پرور، معنی خیز باتیں سرے والا مطلب کو خوب اور واضح طور سے بیان کرنے والا

نکتہ دان: باریک بین، تہ کی بات کو سمجھنے والا

نکتہ دانی: باریک بینی

نکتہ سَنج: نکتہ دان، بات کی تہ کو پہنچنے والا، سخن شناس، جچی تلی بات کہنے والا

نکتہ شِناس: نکتہ دان، تیز فہم، ذہین، دانا، عقل مند

نُکتہ گو: ظریف الطبع شخص

نکتہ گیر: نکتہ چیں، عیب جو

نکتہ نواز: لطیف بات کی تحسین کرنے والا

نکتہ نوازی: لطیف بات پر نوازش کرنا

نُکث: (ع) شکست، ٹوٹنا، عہد و پیمان کا ٹوٹنا

نُکر: (ع) انکاری بات، زشت و بد، دشوار کام

نُکراء: (ع) شدت، سختی، بری اور نا پسند بات

نکرہ: (ع)(۱) اسم نکرہ، اسم عام (۲) نا شناسائی

نَکس: (ع) واپس آنا، برگشت، غور کرنا، کسی چیز کو خوار سمجھتے ہوئے لوٹا دینا، سرنگوں کرنا، نیچے پھینک دینا

نِکس: (ع) غریب کمزور، شخص، تہی دست، مفلس

نِکو: نیکو کا مخفف اچھا، خوب

نکوخواہ: نیکو خواہ، کسی کی نیکی چاہنے والا، نیک خواہ

نُکول: (ع) ڈرنا، دشمن سے پیٹھ پھیر لینا، کسی چیز سے منہ پھیر لینا، رد کرنا، قبول نہ کرنا

از قول خود نکول کرد: اپنی بات کو خود اس نے رد کر دیا

نُکولی: رد، استرداد، نا قبولی

نکولی نوشتن: تحریری صورت میں رد کرنا

نِکونام: نیک نام، جس کی نیکیوں کی وجہ سے شہرت ہے

نِکّوہ: (ع) سرزنش کرنا

نِکوہش: ملامت، سرزنش

نِکوہش کردن: ملامت کرنا، سرزنش کرنا

نِکوہیدَن: ملامت کرنا

نِکو ہیدہ: جسے ملامت کی گئی ہو

نِکوئی: نیکی

نَکہَت: (ع) سانس، نفس، خوشبو، مہک، پھولوں کی خوشبو، نسیم

نَکِیر: (ع) انکار، سخت اور دشوار، ایک فرشتے کا نام جو ایک اور فرشتے (منکر) سے مل کر قبر میں مرنے والے سے سوال و جواب کرتے ہیں

نِکیرَین: (ع) منکر اور نکیر، قبر میں مرنے والے سے سوال و جواب کرنے والے، ایک کا نام منکر اور دوسرے کا نام نکیر

نِگار: تصویر، پینٹنگ، مجازاً محبوب، رنگ (بالخصوص حنا کا) زیبائش، آرائش، وہ نقش جو لڑکیاں مہندی سے ہاتھوں پر بناتی ہیں، مثال:

مرا چو آرزوی روی آن نگار آید
چو بلبلم ہوس نالہ ہای زار آید

سعدی علیہ الرحمہ کہتے ہیں کہ جب محبوب کے چہرے کو دیکھنے کی تمنا پیدا ہوتی ہے تو بلبل کی طرح حسرت انگیز نغمہ سرائی کا بھی خیال آتا ہے

نقش و نگار: زیب و زینت کے نقش

نِگار: نگار یدن=لکھنا سے فعل امر، لکھو

نگار خانہ: تصویروں کی گیلری

نگارِستان: نگار خانہ، جہاں نمائش کے لیے تصویریں لٹکائی جاتی ہیں

نِگارش: (۱) لکھنا، تحریر، انداز تحریر (۲) تصویر سازی

نگارِش کردن: لکھنا، تصویر بنانا

نِگارگر: نقاش، مصور

نِگارَندہ: لکھنے والا، تحریر کرنے والا

نگارندہ داستان: افسانہ نویس

نگارہ: صورت، بنی ہوئی تصویر

نِگاری: جالی دار جھلی

نِگارِیدَن: لکھنا، نقش و نگار بنانا، مثال:

بر او برنگارید جمشید را
پرستندہ ماہ و خورشید را

اس کے اوپر اس نے جمشید کی تصویر بنائی جو چاند اور سورج کی پرستش کرنے والا ہے (شاہنامہ فردوسی)

نِگارین:(۱)رنگین، نقش و نگار کیا ہوا، جس پر پھول پتیوں کے نقش نمایاں ہوں (۲)حسین و جمیل محبوب

نگارین کردن:نقش و نگار بنانا، زینت دینا، آراستہ کرنا

نِگاشتن:لکھنا، نقش کرنا، تصویر بنانا

نِگاشتہ:لکھا ہوا، نقش کیا ہوا، جس پر تصویریں بنائی گئی ہوں

نِگاہ:نظر، توجہ، دیکھ بھال، نگہداشت، حسن و قبح دریافت کرنے کی حس باصرہ

نگاہِ خشم آلود: غصے سے بھری ہوئی آنکھ

نگاہ داشتن:نگرانی کرنا، سنبھالنا

نگاہ دُزدیدن:آنکھیں چراکر دیکھنا، دزیدہ نظر سے دیکھنا

نگاہ دُوختن:نظر جما کر دیکھنا

نگاہ کردن:دیکھنا، جائزہ لینا

نگاہ کن:میری طرف دیکھو، محتاط رہو

او را در حبس نگاہ داشتند:زندان میں اس کی نگرانی کی گئی

چراغ از بہر تاریکی نگہ دار:اندھیرے کے لیے چراغ رکھو

عزیزان خود را باید نگہ می داریم:ہمیں چاہیے کہ اپنے عزیزوں کی نگہداشت کریں

نِگاہبان:نگہبان، محافظ، پاسبان

نِگاہبانی:نگہداری، پاسبانی، محافظت

نِگاہدار:نگہدار، محافظ

نِگاہدارندہ:حفاظت کرنے والا

نِگاہداری:نگہبانی، حفاظت، پاسبانی، دیکھ بھال

نگاہداری کردن:حفاظت کرنا، نگہبانی کرنا

نِگاہداشت:نگہداشت، محافظت، نگرانی، نگہداری

نِگاہداشتن:نظر رکھنا، حفاظت کرنا، نگہداشت کرنا

نِگرَ:نگریستن= دیکھنا سے فعل امر، دیکھو

نِگران:دیکھنے والا، محافظ، نگہبان، چشم براہ، منتظر

نِگران:فکر مند

خیلی نگران بودم کہ پسرش کتابی نداشت:میں بہت فکر مند تھا کہ اس کے بیٹے کے پاس کتاب نہ تھی

نگران بودن:فکر مند ہونا، چشم براہ ہونا، منتظر ہونا

نِگرانی:پریشانی، فکر مندی، انتظار

ہیچ ازین بابت نگرانی نداشتہ باشید:اس معاملے میں آپ کو کسی قسم کی فکر مندی نہیں ہونی چاہیے

نِگرِستن:نگریستن، دیکھنا

نِگرَش:نگاہ ڈالنا، دیکھنا

نِگرَندہ:دیکھنے والا، نگرانی کرنے والا

نَگوُدَہ:جام، قدح، کوزہ، ساغر

نِگون:اوندھا، ٹیرھا، خمیدہ، واژگوں

نِگون کردن:اوندھا کرنا

بخت نگون:بد نصیبی

نگوں تَشت:کنایہ ہے آسمان کا

نِگونسار:خمیدہ، واژگوں، اوندھا، مثال:

یکی نیزہ انداخت بر پشت او
نگونسار شد خنجر از دست او (شاہنامہ)

ایک نیزے کا وار اس نے دشمن کی پیٹھ پر کیا تو دشمن کے ہاتھ سے خنجر اوندھا ہو گیا

نِگون سار: ایک قسم کا پودا جس کے پھول بہت خوبصورت ہوتے ہیں اسے لوگ باغوں میں لگاتے ہیں

نِگون طالع: بد نصیب

نِگہَ: نگاہ

نِگہَبان: محافظ، نظر رکھنے والا، پہرہ دار، سنتری

نِگہبانی: حفاظت، محافظت، نگرانی

نگہبانی کردن: حفاظت کرنا

نِگہَدار: محافظ، نگہبان

نگہدار اثاثیہ یک ملازم مخلصِ من است: گھر کے سازوسامان کا محافظ میرا ایک مخلص ملازم ہے

خدا نگہدارست: خدا محافظ ہے

نِگہَداری: محافظت، دیکھ بھال

نِگین: نگینہ، قیمتی پتھر یا گوہر گراں بہا جو انگشتری میں لگایا جاتا ہے

زیرِ نگین: ماتحت، زیر اثر

نِگین دان: انگشتری کے دونوں اطراف جن کے وسط میں نگینہ نصب ہوتا ہے

نِلک: ترش الوچہ

نَلَم: خوبصورت، زیبا، رعنا

نَم: تری، رطوبت، شبنم

لباس مرا ہنوز نم دارد: میرا لباس ابھی گیلا ہے

نم سنج: نمی جانچنے کا آلہ، میزان الرطوبت

نم شدن: گیلا ہو جانا

نُما: کسی چیز کی ظاہری صورت، پہلو، حالت کیفیت، دیکھنے کا پہلو یا رخ

نُما، نمودن= دکھانا سے فعل امر، دکھاؤ

نما بطور لاحقہ بھی استعمال ہوتا ہے مثلاً

خوشنما: اچھا نظر آنے والا، خوش منظر،

رہنُما: راستہ دکھانے والا

نُما: نشو و نما مثال:

از جمادی مردم و نامی شدم
از نما مردم بحیوان سرزدم

میں جمادات تھا، جمادی زندگی ختم ہونے پر نباتات کی صورت میں میری نشو و نما ہوئی، زندگی کا یہ دور بھی ختم ہوا تو مجھے حیوان یعنی جاندار کی زندگی ملی... (مثنوی معنوی)

نَمار: (ع) اشارہ، اشارہ چشم و ابرو

نَماز: (ع) اللہ تعالی کی مقررہ عبادت، دن رات کی پانچ وقت کی عبادت

نماز آیات: وہ نماز جو کسی حادثے یا زلزلے کے بعد ادا کی جاتی ہے

نماز بامداد: نماز فجر، صبح کی نماز

نماز پیشین: نماز ظہر

نماز عصر: نماز دیگر

نماز شام: شام کی نماز

نماز عِشا: رات کی نماز

نَماز خانہ: مسجد، عبادت کی جگہ

نَماز خواں: نماز ادا کرنےوالا

نمازگاہ: مسجد جہاں مسلمان ادائیگی نماز کے لیے جمع ہوتے ہیں

نماز گذار: جو نماز ادا کرتا ہے

نَمازی: نمازیں ادا کرنے والا

نُماسازی: عمارت بناتے ہوئے اس میں نقش و نگار کرنا

نَماک: نمک، ملاحت، زیبائی، رعنائی، رواج و رونق

نمال: (ع) نمل کی جمع، چیونٹیاں

نمام: (ع) ادھر کی بات ادھر لگانے والا، چغل خور، غماز، سخن چین، بد دل شخص

نَمّامی: (ع) سخن چینی، ادھر کی بات ادھر لے جانا، غمازی

نمانِہ: (ع) نمونہ

نُمای: نما

نُمایاں: واضح، ظاہر، نمودار، آشکار

نمایان شدن: ظاہر ہونا، آشکار ہونا

نمایان کردن: ظاہر کرنا

علائِمِ مسرت در صورتش نمایان است: خوشی کے آثار اس کے چہرے سے ظاہر ہیں

نُمایاندَن: ظاہر کرنا، واضح کرنا، آشکار کرنا

نُمایش: ظہور، نموداری، جلوہ و منظر، تخلیقات کو مجلس میں دکھانا، کوئی عجیب و غریب چیز اجتماع میں دکھانا

نمایش دادن: تخلیقات کو دکھانے کے لیے پیش کرنا، ڈراما کرنا

اہل دیہہ جانوران را نمایش دادند: گاؤں کے لوگوں نے جانوروں کو میلے میں نمائش کی غرض سے پیش کیا

نمایش کار: کرتب دکھانے والا، اپنی مصنوعات پیش کرنے والا، اپنی تخلیقات معائنے کے لیے پیش کرنے والا فنکار، ایکٹر

نمایش کارانِہ: فن دکھانے کے سور پر

نمایشگاہ: نمائش کی جگہ، تھیئٹر، مجلس جس میں عجیب یا جدید چیزیں دکھانے کے لیے رکھی جاتی ہیں

نمایَندگی: کسی دوسرے کی طرف سے کوئی مسئلہ بیان کرنا، کسی کے نمایندے کی صورت میں کوئی کام انجام دینا

نمایندگی کردن: کسی دوسرے کی طرف سے کسی چیز میں حصہ لینا

نمایَندِہ: کارپرداز، جسے کسی نے کوئی خاص فریضہ سپرد کیا ہو (نمایندگان جمع)

نَمچ: رطوبت، سیل، نمی، نم

نَمَد: موٹا کپڑا جو اون سے بنایا جاتا ہے، فرش، دری، نمدہ

کلاہ نمِد: جانور کی کھال سے بنی ہوئی ٹوپی، نمدے کی بنی ہوئی ٹوپی

نَمَد پارہ: نمدے کا ٹکڑا

نَمد پُوش: کمبل پوش، گلیم پوش، درویش

نمدِ زین: زین کے نیچے گھوڑے کی پشت پر ڈالنے والا نمدہ

نَمد مال: نمدے کا کام کرنے والا

نمد مالی: نمدے کا کام

نَمدی: نمدے کا بنا ہوا

نمدِیدِہ: گیلا، سیلا، نمدار

نمدین: نمدی

نمِر: (ع) چیتا (نمار اور نمور جمع)

نَمرُود: بابل کا ایک مشہور کافر بادشاہ جس نے خدائی کا دعوی کیا اور حضرت ابراہیم(ع) کو آگ میں ڈالا اور آگ خدا کے حکم سے گلزار بن گئی

نُمرِہ: شمارہ، نمبر

نمرہ گذاشتن: نمبر لگانا

اطاق نمرہ شش: چھ نمبر کا کمرہ

مراسلہ را نمرہ گذاشت: مکتوب پر اس نے

نمبر لگایا

نمرہ دار: جس پر نمبر لگا ہو

نمرہ زنی: نمبر لگانا

ماشین نمرہ زنی: نمبر لگانے والی مشین

نمرہ گذاری: درجہ بندی، نمبر لگانا

نَم زدہ: جس میں نمی ہو، سیلا

نَمس: نیولا، راسو

نَمسار: نمدار، نمناک، مرطوب

نم سَنج: میزان الرطوبت

نمش: (ع) دغا، فریب، دھوکا، حیلہ، جھوٹ کہنا، سخن چینی کرنا، عیب چینی کرنا

نَمِشتہ: یقین، عقیدہ، اعتقاد، مسلک

نَمشک: دودھ کی بالائی، قیماق، مکھن

نمط: (ع) طرز، انداز، روش، ڈھنگ،

بدین نمط: اس طرح سے

بیک نمط: یکسانیت کے ساتھ

نمک: لون، ملح، ملاحت

نمک خوردن و نمکدان شکستن: جس کا کھانا اس سے نمک حرامی کرنا

نمک طعام: کھانے کا نمک

نمک میوہ: (انگ) فروٹ سالٹ

بزخم کسی نمک پاشیدن: کسی کے زخم پر نمک چھڑکنا، کسی کی تکلیف میں اضافہ کرنا

حق نمک: خیر خواہی، شکر گزاری، کسی کے احسانات کا حق ادا کرنا

نَمک آب: نمکین پانی

نم پاش: نمک چھڑکنے والا، اذیت دینے والا

نَمک حرام: ناشکرگزار، ناسپاس گزار، احسان کو فراموش کر دینے والا، بے وفا

نَمَک حَلال: شکر گزار، سپاس گزار، احسانات کو ہمیشہ یاد رکھنے والا، نمک شناس، باوفا، وفادار

نمک خَوار: کسی کا احسان مند، کسی کی نوازشات سے جس کا وقت گزرا ہو، کسی کا نمک جس نے کھایا ہو

نمک خوارگی: کسی دوسرے کا نمک کھانا، کسی دوسرے کی عنایات سےوقت گزارنا

نَمَک دان: نمک کا ڈبا

